فتاویٰ محمودیہ

فقیہ الامت حضرت مولانا مفتی محمود حسن گنگوہی نوراللہ مرقدہٗ

تبویب، تخریج اور تعلیق

زیر سرپرستی

شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب زید مجدہم

زیر نگرانی

دار الافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی

Made searchable using ScribeTools.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرست عنوانات

نمبر شمار	مضمون	صفحہ نمبر
	باب الفرق	
	مایتعلق بالروافض	
	(شیعوں کے عقائد کا بیان)	
۱	شیعہ کے عقائد وافعال اوران سے متعلق شرعی فیصلہ	۲۲
۲	شیعوں کے انیس سوالات اوران کے جوابات	۲۵
۳	شیعوں کے بعض اعتراضات کے جوابات	۳۱
۴	کیا شیعہ فرقہ ناجیہ ہے؟	۳۳
۵	فرقہ شیعہ امامیہ	۳۵
۶	بوہرہ کی اصل	۳۸
۷	شیعہ بوہرہ کے پیشوا کے ہاتھوں مفید الاسلام کی عمارت کا افتتاح	۳۹
۸	ایک گمراہ فرقہ کے عقائد	۳۹

۹	کیا شیعہ حافظِ قرآن ہوسکتا ہے؟	۴۲
۱۰	تعزیہ وعلَم	۴۳
۱۱	تعزیہ کی شرکت	۴۴
۱۲	تعزیہ کے سامنے لاٹھی چلانے کی مشق اور اس کا وظیفہ	۴۴
۱۳	تعزیہ کے سامنے گتکا کھیلنا	۴۵
۱۴	تعزیہ اور ماتمِ شیعہ	۴۵
۱۵	تعزیہ، مسجد اور کعبہ میں فرق	۴۹
۱۶	مجلسِ حسینی میں شرکت	۵۰
۱۷	پنجتن پاک کا مصداق	۵۱
۱۸	کیا شیعہ لوگ سنیوں کو نجاست کھلاتے ہیں؟	۵۲
۱۹	شیعہ کے گھر کا کھانا	۵۲
۲۰	مذہبِ شیعہ اختیار کرنے والے کے ساتھ کیا برتاؤ کیا جائے؟	۵۲
۲۱	شیعہ کا رد فتاویٰ عالمگیری میں	۵۳
۲۲	جناب نبی اکرم ﷺ کا وصیت لکھنے کے لئے مرض الوفات میں قلم، دوات طلب فرمانا	۵۴
۲۳	صحابہ پر طعن وتشنیع	۵۵
۲۴	باغِ فدک کے مطالبہ پر ناراضگی	۵۶
۲۵	باغِ فدک	۵۸
۲۶	حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ناراضگی	۵۹
۲۷	حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے جنازہ میں صحابہ کرام کی شرکت	۵۹
۲۸	حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاتھ پر حضرت علی رضی اللہ عنہ کی بیعت	۶۰
۲۹	حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دخترِ علی رضی اللہ عنہ سے نکاح	۶۱
۳۰	تطہیرِ اہل بیت	۶۱
۳۱	بارہ امام	۶۲

Made searchable using ScribeTools.com

۳۲	ایضاً	۶۵
۳۳	حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شان میں ایک شعر	۶۶
۳۴	حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا مقام	۶۷
۳۵	حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر اشکالات	۶۹
۳۶	کسی شیعہ کا حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ کو زک پہونچانا	۷۲

مایتعلق بمشاجرات الصحابة

(صحابہ کرام کے آپس کے اختلافات)

۳۷	مقابلۂ علی ومعاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما	۷۳
۳۸	محاربۂ علی وعائشہ رضی اللہ عنہما	۷۵

(حضرتِ حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور یزید کے اختلافات)

۳۹	محاربۂ حسین رضی اللہ عنہ ویزیدؒ	۷۷
۴۰	حضرت حسین رضی اللہ عنہ اور یزید کی جنگ کا محمل	۷۷
۴۱	حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور یزید کا معاملہ	۷۸
۴۲	کیا حضرت حسین رضی اللہ عنہ باغی تھے؟	۷۹
۴۳	کیا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ ظالم تھے؟ (نعوذ باللہ)	۸۰
۴۴	واقعۂ کربلا جہاد ہے یا لڑائی؟	۸۰
۴۵	کیا کربلا کا واقعہ اسلامی جہاد تھا؟	۸۱
۴۶	کربلا میں کام آنے والے کیا دین کی حفاظت کے لئے لڑے ہیں؟	۸۱
۴۷	کربلا میں کون حق پر تھا؟	۸۲
۴۸	حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کیا شہید ہوئے؟	۸۲
۴۹	کیا حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نعش کو روندا گیا؟	۸۲
۵۰	کیا حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا انتقام محمد بن الحنفیہ نے لیا؟	۸۲

۵۱	حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت پر عیسائی کا اشکال	۸۳
۵۲	کیا حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت سے اسلام کی تکمیل ہوئی؟	۸۴
۵۳	حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت اللہ تعالیٰ کے لئے ہوئی یا امت کے لئے؟	۸۶
۵۴	اگر حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت نہ ہوتی، تو کیا اسلام مٹ جاتا؟	۸۶
۵۵	ایضاً	۸۷
۵۶	حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فضیلت یزید پر	۸۷
۵۷	یزید کی ولی عہدی	۸۸
۵۸	ایضاً	۸۸
۵۹	خلافتِ یزید	۸۹
۶۰	جوابات پر چند اعتراض	۱۰۰
۶۱	یزید کو امیر المومنین اور خلیفہ المسلمین کہنا	۱۱۲
۶۲	یزید کو ظالم کہنا	۱۱۲
۶۳	کیا یزید واجب التعظیم ہے؟	۱۱۲
۶۴	یزید کو ایصالِ ثواب	۱۱۲
۶۵	کیا یزید جنتی ہے؟	۱۱۳

مایتعلق بالقادیانیة

(قادیانی فرقے کا بیان)

۶۶	جھوٹا مدعیٔ نبوت اور اس کی تصدیق کرنے والے کا حکم	۱۱۴
۶۷	قادیانی وغیرہ کلمہ گو کیا مسلمان ہیں؟	۱۱۵
۶۸	قادیانی کا حکم	۱۱۵
۶۹	قادیانی ہو جانے کا حکم	۱۱۷
۷۰	قادیانی جماعت کے متعلق تفصیلی احکام	۱۱۸

Made Searchable using ScribeTools.com

۷۱	قادیانی اوراس کی کتابیں	۱۲۵
۷۲	قادیانیوں سے تعلق	۱۲۷
۷۳	قادیانی کامسجد میں نماز کے لئے آنا	۱۳۱
۷۴	بیمار قادیانی کی تیمارداری	۱۳۱
۷۵	قادیانیوں کامرتب کردہ قاعدہ ''یسرنا القرآن''	۱۳۲
۷۶	مرزا کے ایک قول کا حوالہ	۱۳۴

مایتعلق بالشیوعیة والاشتراکیة

(کمیونزم اورسوشلزم)

۷۷	کمیونزم	۱۳۵
۷۸	کمیونزم کیسی جماعت ہے؟	۱۳۷
۷۹	کانگریس اورکمیونزم کی تفصیل	۱۳۷
۸۰	کمیونزم اورسوشلزم	۱۳۹
۸۱	اسلامی سوشلزم	۱۴۰

مایتعلق بالمودودیة

(مودودیوں کے عقائد کا بیان)

۸۲	جماعت اسلامی کے عقائد	۱۴۲
۸۳	سید ابوالأعلی مودودی کی جماعت اوران کے عقیدہ کا حکم	۱۴۴
۸۴	عصمت انبیاء علیہم السلام کے متعلق مودودی کا مسلک	۱۴۵
۸۵	جماعت اسلامی کا مسلک	۱۴۷
۸۶	جماعتِ اسلامی شریعت کی روشنی میں	۱۴۸
۸۷	کیا جماعتِ اسلامی گمراہ جماعت ہے؟	۱۵۰

۸۸	تبلیغی جماعت، جمعیۃ العلماء اور جماعت اسلامی کا تعارف	۱۵۵
۸۹	مودودی صاحب اور جماعتِ اسلامی	۱۵۷
۹۰	مولانا مودودی نے کس مدرسہ میں تعلیم پائی؟	۱۵۹
۹۱	مودودی صاحب کا ایک فتویٰ	۱۶۳
۹۲	تفہیم القرآن کا حکم	۱۶۵
۹۳	تحریکِ جماعت اسلامی کا خلاصہ	۱۷۰
۹۴	ایضاً	۱۷۶
۹۵	جماعت اسلامی کا تفصیلی جائزہ ایک خط کے جواب میں	۱۷۸
۹۶	جماعتِ اسلامی پر غور کرنے کے لئے بنیادی امور	۱۸۰
۹۷	کیا صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے گناہ کا صدور ہوسکتا ہے؟	۱۸۷
۹۸	کیا اقوالِ صحابہ فرقہ بندی کا سبب بنے؟	۱۹۰
۹۹	صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم پر مودودی کا طرزِ تنقید	۱۹۳
۱۰۰	جنگِ جمل اور جنگِ صفین کو عوام کے سامنے بیان کرنا	۱۹۳
۱۰۱	حضرت عثمان اور حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما پر تنقید مع جواب	۱۹۴
۱۰۲	مسئلۂ یزید اور مودودیت	۱۹۹
۱۰۳	معیارِ حق کی تشریح	۲۰۳

(رسالہ)

۱۰۴	جماعتِ اسلامی اور تنقید	۲۰۵
۱۰۵	مجرب حربہ	۲۰۷
۱۰۶	کرامت اور شرافت کا معیار	۲۰۹
۱۰۷	آزمائش کا وقت آگیا ہے	۲۱۰
۱۰۸	حق کی تشخیص	۲۱۰

Made searchable using ScribeTools.com

۱۰۹	حق سے الگ ہونے پر شکریہ	۲۱۱
۱۱۰	جماعتِ اسلامی تخریبی تنقید پر مجبور ہے	۲۱۴
۱۱۱	امیر جماعت کے صفات	۲۱۵
۱۱۲	جماعت اسلامی کا کام	۲۱۶
۱۱۳	جماعت اسلامی کا پروگرام	۲۱۶
۱۱۴	ایک شبہ کا ازالہ	۲۱۸
۱۱۵	تبلیغ کرنے والوں پر تنقید	۲۱۹
۱۱۶	طریق کار	۲۲۰
۱۱۷	چھ اصول	۲۲۲
۱۱۸	(۱) کلمہ کی تصحیح وتبلیغ	۲۲۳
۱۱۹	(۲) نماز کی تصحیح وترقی	۲۲۳
۱۲۰	(۳) تحصیلِ علم	۲۲۳
۱۲۱	(۴) تفریغِ وقت	۲۲۴
۱۲۲	(۵) خُلق	۲۲۵
۱۲۳	(۶) تصحیحِ نیت	۲۲۵
۱۲۴	تنقید کا اثر	۲۲۷
۱۲۵	وفاتِ پیغمبر کی تصویر	۲۲۷
۱۲۶	حدیث پرکھنے کا طریقہ	۲۳۱
۱۲۷	احادیث مفیدِ یقین نہیں	۲۳۲
۱۲۸	کیا ہر صحیح حدیث کو حدیثِ رسول مان لیا جائے؟	۲۳۳
۱۲۹	مودودی صاحب کا موقف	۲۳۳
۱۳۰	مودودی صاحب کا موقف فقہ اور کلام میں	۲۳۶
۱۳۱	اسوہ، سنت، بدعت میں بھی سب سے الگ	۲۳۶

۱۳۲	تفسیر وحدیث کے پرانے ذخیروں سے قرآن وسنت کی تعلیم نہ دی جائے	۲۳۷
۱۳۳	ترکی علماء ومناخ پر تنقید	۲۳۸
۱۳۴	قرآن کے لئے تفسیر کی حاجت نہیں	۲۳۹
۱۳۵	قرآن فہمی کا نیا طریقہ	۲۴۰
۱۳۶	دین کا مفہوم	۲۴۱
۱۳۷	علمِ کلام	۲۴۲
۱۳۸	متکلمین پر تنقید	۲۴۳
۱۳۹	فقہی اور کلامی تصنیفات کا مقصد	۲۴۶
۱۴۰	علماء کی بے پرواہی	۲۴۷
۱۴۱	جماعتِ اسلامی کا خاص کمال	۲۴۸
۱۴۲	دنیاداروں کی نفسیات	۲۴۹
۱۴۳	علماء کی نفسیات	۲۴۹
۱۴۴	ایک نیا دین	۲۵۰
۱۴۵	جماعتِ اسلامی سے نکلنا ارتداد ہے	۵۰
۱۴۶	تصوف اور سلوک	۲۵۱
۱۴۷	یوگ، تصوف، کوکین، افیون	۲۵۷
۱۴۸	امام غزالی کے نقائص	۲۵۸
۱۴۹	حکومتِ الٰہیہ کا قیام	۲۵۹
۱۵۰	ایضاً	۲۶۲
۱۵۱	اسلامی حکومت کہیں نہیں، اس کی وجہ	۲۶۵
۱۵۲	مسلک علمائے دیوبند	۲۶۷
۱۵۳	مودودی صاحب کی ایک کتاب سے متعلق مشورہ	۲۶۸
۱۵۴	دیوبند کے ایک فتوے پر اعتراض اور اس کا جواب	۲۶۹

Made searchable using ScribeTools.com

۱۵۵	علماء ومشایخ کی آڑ	۲۷۴
۱۵۶	تبلیغی جماعت پر اعتراض اور اس کا جواب	۲۷۶
۱۵۷	جماعتِ اسلامی۔ سے متعلق قاری محمد طیب صاحب کی ایک تحریر اور اس کی وضاحت	۲۷۸
۱۵۸	مسئلۂ تقلید اور جماعتِ اسلامی	۲۸۱
۱۵۹	مودودی صاحب کا مسلک	۲۸۲
۱۶۰	پوری جماعت اپنے مسلک میں آزاد ہے	۲۸۲
۱۶۱	مودودی صاحب کی آزادیٔ مسلک عطا کرنے کی حقیقت	۲۸۳
۱۶۲	تقلید اہلِ علم کے لئے درست نہیں	۲۸۳
۱۶۳	اہلِ حدیث بھی مقلد ہیں	۲۸۴
۱۶۴	تقلید کا مفہوم اور عدمِ تقلید کا اثر	۲۸۵
۱۶۵	اہل حدیث حضرات کس جرم میں مقلد قرار پائے؟	۲۸۵
۱۶۶	تقلید کرنا گناہ، بلکہ اس سے بھی شدید تر چیز ہے	۲۸۵
۱۶۷	مودودی صاحب کا مبلغِ علم	۲۸۶
۱۶۸	دوسرا رخ	۲۸۷
۱۶۹	جماعت میں رہنے والوں کو امیر کی اطاعت لازم اور نافرمانی گناہ ہے	۲۸۷
۱۷۰	امارت کا منصب لیڈرشپ کا منصب ہے	۲۸۹
۱۷۱	جماعت سے علیحدگی اور امیرِ جماعت سے انحراف کا مطلب	۲۹۱
۱۷۲	عجیب تضاد	۲۹۲
۱۷۳	فتاویٰ کی حیثیت مودودی صاحب کی نظر میں	۲۹۴

متفرقات الفِرق

۱۷۴	دیوبندیت اور بریلویت	۲۹۷
۱۷۵	بریلوی فتنہ کا علاج	۲۹۷

Made Searchable by ScribeTools.com

۱۷۶	فرقۂ ذگریان	۲۹۸
۱۷۷	فرقہ مہدویہ کے عقائد	۳۰۰
۱۷۸	فرقہ مہدویہ اور احمدیہ	۳۰۱
۱۷۹	خاکساری فتنہ کا حکم	۳۰۱
۱۸۰	دینِ بہائی	۳۰۳
۱۸۱	مودودیت اور رضا خانیت میں کون زیادہ مضر ہے؟	۳۰۴
۱۸۲	چند بشیشور اور صدیق دیندار کے عقائد	۳۰۴
۱۸۳	تہتر فرقے	۳۰۵
۱۸۴	تہتر فرقے والی حدیث پر اشکال	۳۰۶
۱۸۵	کیا حنفی مسلک قبولِ اسلام سے مانع ہے؟	۳۱۰
۱۸۶	کیا حضرت عیسیٰ اور دیگر پیغمبروں کی امتوں کو ''مسلمان'' کہا جاتا ہے؟	۳۱۰
۱۸۷	ہندو، یہود و نصاریٰ، جنات کس کی امت میں ہیں؟	۳۱۱
۱۸۸	یہود و نصاریٰ اہلِ کتاب ہیں یا نہیں؟ ان کی عورتوں سے نکاح اور ان کا ذبیحہ	۳۱۲

باب الکفریات

(کفریات کا بیان)

۱۸۹	کفر کی تعریف	۳۱۵
۱۹۰	منافق کی تعریف	۳۱۶
۱۹۱	علاماتِ نفاق	۳۱۷
۱۹۲	فاسق و زندیق کی تعریف	۳۱۸
۱۹۳	التزامِ کفر اور لزومِ کفر کی تعریف، کفرِ ابی جہل اور کفرِ منافقین میں فرق	۳۱۹
۱۹۴	موجباتِ کفر اور تجدیدِ ایمان	۳۲۱
۱۹۵	کفری عقائد و اعمال	۳۲۴

Made searchable using ScribeTools.com

۱۹۶	احیائے موتی معجزۂ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہے، اس کا انکار کفر ہے	۳۲۶
۱۹۷	دعا قبول نہ ہونے سے خدا کے وجود کے انکار کا حکم	۳۲۶
۱۹۸	جماعتِ منکرینِ خدا ورسول کا ممبر بننا	۳۲۷
۱۹۹	سجدہ کرنے سے ابلیس کا انکار	۳۲۹
۲۰۰	مخالفِ اجماع کا حکم	۳۳۱
۲۰۱	دین کو ماننے سے انکار	۳۳۱
۲۰۲	انکارِ مذہب	۳۳۲
۲۰۳	حکمِ شرع کا انکار	۳۳۴
۲۰۴	سنیتِ مسواک کا منکر	۳۳۵
۲۰۵	انکارِ نماز	۳۳۵
۲۰۶	منکرِ نماز کا حکم	۳۳۶
۲۰۷	نماز کے انکار سے کیا نکاح ٹوٹ جاتا ہے؟	۳۳۷
۲۰۸	روزہ کے منکر کا حکم	۳۳۸
۲۰۹	قرآن وحدیث کے انکار کے ساتھ ایمان سلامت نہیں رہتا	۳۴۰
۲۱۰	فاضل بریلوی کا ایک ملفوظ، اور ایک آیت کا انکار	۳۴۷
۲۱۱	لاعلمی کی وجہ سے آیتِ قرآن کا انکار کرنا	۳۴۹
۲۱۲	ایک مشہور آدمی کے تفسیر کے نمونے، تحریفِ قرآن، انکارِ ملائکہ	۳۵۰
۲۱۳	قرآنِ پاک میں تحریف کرنے کا اقرار	۳۵۱
۲۱۴	بدری صحابی کو وہابی اور منافق کہنا	۳۵۱
۲۱۵	اپنے مسلمان ہونے کا انکار	۳۵۳
۲۱۶	خود کو غیر مسلم کہہ کر غیر مسلم لڑکی سے بطریقۂ غیر مسلم نکاح کرنا	۳۵۴
۲۱۷	جو شخص ہندو ہونے کا اقرار کرے، اس کا حکم	۳۵۵
۲۱۸	نکاحِ بیوہ کا منکر	۳۵۶

۲۱۹	تبلیغِ اسلام کا منکر	۳۵۷
۲۲۰	حالتِ حمل میں نکاح کا منکر	۳۵۷
۲۲۱	حلالہ کے منکر کا حکم	۳۵۹
۲۲۲	غیبت کے غیبت ہونے سے انکار	۳۶۰
۲۲۳	جان بچانے کے لئے کفر کا اقرار	۳۶۱
۲۲۴	کسی غرض کے لئے ظاہراً کفر اختیار کرنا	۳۶۲
۲۲۵	تارک صلوۃ کا حکم	۳۶۳
۲۲۶	ایضاً	۳۶۴
۲۲۷	ایضاً	۳۶۵
۲۲۸	نماز کے عبادت ہونے سے انکار کا حکم	۳۶۶
۲۲۹	کیا نماز دل ہی دل میں اللہ کو یاد کرنا ہے؟	۳۶۷
۲۳۰	جو شخص نماز کے لئے اٹھنے سے انکار کرے، اس کا حکم	۳۶۹
۲۳۱	سید ہونے کی وجہ سے حرام کو حلال سمجھنا	۳۷۰
۲۳۲	حرام کو حلال سمجھنا	۳۷۱
۲۳۳	ایضاً	۳۷۲
۲۳۴	حلال کو حرام سمجھنا	۳۷۳
۲۳۵	محرمات میں آپس میں فرق	۳۷۴
۲۳۶	حرام مال سے دعوت اور اس پر بسم اللہ	۳۷۶
۲۳۷	حلال اور حرام مخلوط مال پر بسم اللہ	۳۷۸
۲۳۸	خدائی کا دعویٰ	۳۷۹
۲۳۹	پیر صاحب کا دعوائے الوھیت	۳۸۰
۲۴۰	کیا حضرت تھانویؒ نے اپنا کلمہ پڑھوایا تھا؟	۳۸۱
۲۴۱	ایک خواب جس میں "لا إله إلا الله ، فلاں رسول الله" پڑھا	۳۸۲

Made searchable using ScribeTools.com

۲۴۲	عورتوں کی تعزیہ میں شرکت سے کیا نکاح فسخ ہوجاتا ہے؟	۳۸۴
۲۴۳	کیا تعزیہ نہ بنانے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار لازم آتا ہے؟	۳۸۵
۲۴۴	ارتداد کے بعد دوبارہ اسلام قبول کرنے سے روکنا	۳۸۶
۲۴۵	تین طلاقوں کے بعد بھی شوہر کے نہ چھوڑنے کی وجہ سے کفریہ کلمات زبان سے ادا کرنا	۳۸۷
۲۴۶	جدائی کے لئے عورت کو مرتد ہونے کا مشورہ دینا	۳۹۰
۲۴۷	قانونِ شرع کو چھوڑ کر رسم ورواج کا پابند ہونا	۳۹۲
۲۴۸	حکمِ عدالت کو حکمِ شرع پر ترجیح دینا	۳۹۳
۲۴۹	مجبوراً خنزیر کا گوشت کھانے سے ایمان نہیں جاتا	۳۹۵
۲۵۰	غیر مذہب کی کتابیں دیکھنا اور اپنے کفر کا اقرار کرنا	۳۹۵
۲۵۱	عیسائی کتابیں فروخت کرنا کیا کفر ہے؟	۳۹۷
۲۵۲	تناسخ کے قائل کا حکم	۳۹۹
۲۵۳	چیچک میں ہندوؤں کی مائی کو چندہ دینا	۴۰۰
۲۵۴	دکان کے افتتاح پر ''ست نارائن'' کی پوجا	۴۰۰
۲۵۵	''ایمانداری کوئی چیز نہیں'' کا مفہوم اور حکم	۴۰۱
۲۵۶	یہ کہنا کہ ''رزق ہم دیں گے''	۴۰۳
۲۵۷	قانونِ شریعت کو نہ ماننے والے کا حکم	۴۰۳
۲۵۸	رسم ورواج کی وجہ سے حکمِ شریعت کو نہ ماننا	۴۰۴

مایتعلق بألفاظ الکفر

(الفاظِ کفر کا بیان)

۲۵۹	دعوۃ الحق کو دعوۃ الکفر کہنا	۴۰۵
۲۶۰	''مجرم کو اللہ تعالیٰ نہیں چھڑا سکتا، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چھڑا سکتے ہیں'' کہنا	۴۰۶
۲۶۱	خدا کو بے انصاف اور خود کو کافر کہنا	۴۰۶

۲۶۲	''اللہ تعالیٰ بے انصاف ہے'' کہنا	۴۰۸
۲۶۳	خدائے پاک کو بے انصاف کہنا	۴۰۹
۲۶۴	کیا خدا ظالم ہے؟ (نعوذ باللہ)	۴۱۰
۲۶۵	اللہ میاں کا اپنی تعریف کرنا	۴۱۱
۲۶۶	''میں اللہ اور رسول کو نہیں جانتا'' کہنے کا حکم	۴۱۲
۲۶۷	نماز قضاء ہونے پر یہ کہنا کہ ''نماز تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بھی قضاء ہوئی''	۴۱۳
۲۶۸	''اگر نبی اس زمانے میں ہوتا، تو وہ بھی ٹیری کاٹ پہنتا'' کہنا	۴۱۳
۲۶۹	مصلحۃً کذب کی نسبت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کرنا	۴۱۵
۲۷۰	رام کرشن کو برا بھلا کہنا	۴۱۶
۲۷۱	جو شخص قرآن وحدیث کو غلط بتائے، اس کا حکم	۴۱۶
۲۷۲	جو شخص قرآن وحدیث کو نا قابلِ عمل بتائے اس کا حکم	۴۱۷
۲۷۳	حفظِ قرآن کو مکروہ کہنا	۴۱۸
۲۷۴	''آنتیں (قل ھو اللہ) پڑھتی ہیں'' کہنا	۴۱۹
۲۷۵	(کلا سوف تعلمون) کا مطلب	۴۱۹
۲۷۶	مسجد کے متعلق سخت لفظ	۴۱۹
۲۷۷	''اگر فلاں کام کروں، تو امت سے خارج'' کہنا	۴۲۰
۲۷۸	''اگر میں نے فلاں کام کیا تو مرتے وقت کلمہ نصیب نہ ہو'' کہنا	۴۲۲
۲۷۹	یہ دعویٰ کہ ''میں جب چاہوں، بارش کرادوں''	۴۲۲
۲۸۰	''شریعت کا برادری کے معاملات سے کوئی تعلق نہیں'' کہنے والوں کا حکم	۴۲۴
۲۸۱	استنجے کے لئے کلوخ لینا، اور اس کو سینما فلم کہنا	۴۲۵
۲۸۲	یہ لفظ کہنا کہ ''ہم نہیں جانتے، مسئلہ کیا ہے؟''	۴۲۵
۲۸۳	بت خانہ کی قسم کھانا	۴۲۶
۲۸۴	نو مسلم کو طعنہ دینا	۴۲۷

Made searchable using ScribeTools.com

۲۸۵	حضرت پیرانِ پیر کے ایک مصرع کا مطلب	۴۲۸
۲۸۶	مرثیۂ شیخ الہند کے ایک شعر کا مفہوم	۴۲۹
۲۸۷	مثنوی کے چند اشعار	۴۳۰
۲۸۸	حضرت نانوتوی رحمہ اللہ تعالیٰ کا ایک شعر	۴۳۲
۲۸۹	اقبال کے اشعار پر اعتراض اور اس کا جواب	۴۳۴
۲۹۰	غالب کا ایک شعر	۴۴۰
۲۹۱	شیخ سعدیؒ کے ایک شعر میں لفظ ''بنیاد'' اور ''نااہل'' کا مطلب	۴۴۲
۲۹۲	اَلم کے شعر میں حریف کی تحقیق	۴۴۲
۲۹۳	فاضل بریلوی سے متعلق چند اشعار	۴۴۴
۲۹۴	منکر ونکیر کے سوال کے جواب میں اعلیٰ حضرت کا حوالہ	۴۴۴
۲۹۵	شاعر امام کے بعض اشعار	۴۴۸
۲۹۶	ریاکاری کی نماز کو گالی دینا	۴۴۹
۲۹۷	دینی کتب کے مترجمین کو برا کہنا	۴۵۴
۲۹۸	ڈاکٹر فضل الرحمٰن پاکستان کے اقتباسات ضلالت آمیز	۴۵۵
۲۹۹	''مجھ کو جہنم کا سب سے نچلا طبقہ منظور ہے، اللہ تعالیٰ کی ایسی کی تیسی'' کہنا (نعوذ باللہ)	۴۵۹
۳۰۰	نیند کو نماز سے بہتر کہنے پر کیا حکم ہے؟	۴۶۰
۳۰۱	مناظرہ سکھانے کے لئے کفریات بولنا کیسا ہے؟	۴۶۱
۳۰۲	''آستین بروکشیدہ: ہمچو مکار آمدی'' کا پڑھنا	۴۶۲
۳۰۳	عورت کا شوہر کو یہ جواب کہ ''توبہ نہیں کروں گی'' کیا تجدید ایمان وتجدید نکاح ضروری ہے؟	۴۶۳

مایتعلق بتکفیر المسلم

(تکفیر مسلم کا بیان)

۳۰۴	علمائے دیوبند کو کافر کہنے والے کا حکم	۴۶۴

۳۰۵	دیوبندی علماء کو کافر کہنا	۴۶۵
۳۰۶	مسلمان کو کافر کہنے والے کا حکم	۴۶۶
۳۰۷	مسلم کو مشرک کہنا	۴۶۸
۳۰۸	کلمہ گو کو کافر کہنا	۴۶۸
۳۰۹	اپنے سواسب کو کافر کہنا	۴۷۰
۳۱۰	کسی متبعِ سنت عالم پر کفر کا فتویٰ لگانا	۴۷۱
۳۱۱	کسی مسلمان کو کافر کہنا	۴۷۳
۳۱۲	مسلمان کو کافر کہنا	۴۷۵
۳۱۳	شاگرد کو کافر کہنے والے کا حکم	۴۷۶
۳۱۴	کسی مسلمان کو سردار جی کہنا	۴۷۷
۳۱۵	کسی کو یہ کہنا کہ ”اس کے دل میں کفر بھرا ہوا ہے“	۴۷۸
۳۱۶	کسی بات کا یقین نہ کرنے والے کو کافر کہنا	۴۷۹

مایتعلق بالاستخفاف باللہ تعالیٰ وشعائرہ

(اللہ تعالیٰ کی شان میں گستاخی اور شعائر کی توہین)

۳۱۷	اللہ تعالیٰ کی شان میں گستاخی	۴۸۱
۳۱۸	شانِ خداوندی میں گستاخی کرنے والے کے ساتھ سلوک	۴۸۲
۳۱۹	اللہ تعالیٰ کو گالی دینا، اور رمضان کے روزے کی توہین کرنا	۴۸۲
۳۲۰	اللہ پاک کو گالی دینا	۴۸۴
۳۲۱	اللہ تعالیٰ کی شان میں بے ادبی	۴۸۶
۳۲۲	خدا اور رسول کے متعلق ایک امام کی گمراہ کن باتیں	۴۸۶
۳۲۳	حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کے الفاظ کہنا	۴۸۸
۳۲۴	ذات وصفاتِ رسول پر تنقید	۴۸۹

Made searchable using ScribeTools.com

۳۲۵	شانِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم میں گستاخی	۴۹۱
۳۲۶	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو گالی دینے والے کا حکم	۴۹۳
۳۲۷،۴۹۵	''اُمّی'' کا معنی جاہل، ان پڑھ اور جاہل مطلق سے کرنے کا حکم	۴۹۵
۳۲۸	حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو برا سمجھنے والے کا حکم	۴۹۸
۳۲۹	حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو سخت کلمہ کہنا	۵۰۰
۳۳۰	حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی توہین کے بعد توبہ	۵۰۲
۳۳۱	یزید ابن معاویہ پر طعن	۵۰۴
۳۳۲	اخوانِ یوسف علیہ السلام پر طعن	۵۰۵
۳۳۳	قرآن پاک کی شان میں گستاخی کرنے کا حکم	۵۰۶
۳۳۴	قرآن کی شان میں گستاخی	۵۰۷
۳۳۵	باہمی لڑائی میں قرآن پاک کو پیروں سے روندنا	۵۰۸
۳۳۶	کیا حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پیر قرآن کریم پر رکھا تھا؟	۵۱۰
۳۳۷	قرآنِ کریم میں مخلوق کا ذکر ہونے کے باوجود اس کا احترام کرنا	۵۱۲
۳۳۸	مسجد کا مذاق اڑانا	۵۱۲
۳۳۹	اذان پر ہنسنا	۵۱۳
۳۴۰	نماز وغیرہ کا استہزاء	۵۱۴
۳۴۱	نماز کے لئے تحقیر کا لفظ بولنا	۴۱۶
۳۴۲	نمازی کو گالی دینا	۴۱۶
۳۴۳	ماں کو گالی دینا اور اس کی قبر پر پیشاب	۴۱۸
۳۴۴	علمِ دین کا مقام، علمائے دین کی توہین	۵۱۹
۳۴۵	اہانتِ علماء	۵۲۰
۳۴۶	کیا استاذ کی توہین کفر ہے؟	۵۲۱
۳۴۷	استاذ کی گستاخی اور توہین	۵۲۲

۳۴۸	امام اور استاذ کو خنزیر و منافق کہنا	۵۲۴
۳۴۹	استخفافِ علماء	۴۲۵
۳۵۰	علمائے دین کو گالی دینا	۵۲۶
۳۵۱	عالم سے بغض رکھنا	۵۲۶
۳۵۲	علماء کو برا کہنا	۵۲۹
۳۵۳	مقرر عالم کی توہین	۵۲۹
۳۵۴	امام کو برا کہہ کر نکال دینا	۵۳۰
۳۵۵	طالب علم کو گالی دینا	۵۳۲
۳۵۶	تعویذ کی توہین	۵۳۳
۳۵۷	مسئلۂ شرعیہ کی توہین	۵۳۴
۳۵۸	فتویٰ کی توہین	۵۳۵
۳۵۹	داڑھی کی توہین	۵۳۷
۳۶۰	''داڑھی کے بال اکھاڑ کر پیشاب کروں گی'' کہنے والی عورت کا حکم اور سزا	۵۳۸
۳۶۱	پگڑی کی اہانت	۵۳۹

مایتعلق بأحکام المرتدین

(مرتد کے احکام کا بیان)

۳۶۲	مرتد کے احکام	۵۴۲
۳۶۳	مرتد کس طرح تجدید ایمان کرے؟	۵۴۲
۳۶۴	مرتد سے موالات	۵۴۳
۳۶۵	مرتد سے سمجھوتہ	۵۴۴
۳۶۶	کلماتِ کفریہ سے نکاح ختم	۵۴۵
۳۶۷	کلماتِ کفریہ سے نکاح کا حکم	۵۴۵

Made searchable using ScribeTools.com

۳۶۸	کلمۂ کفر کی وجہ سے تجدید نکاح	۵۴۶
۳۶۹	کفریہ کلمات کی ادائیگی کے بعد تجدیدِ ایمان ونکاح کا حکم	۵۴۷
۳۷۰	کفریہ افعال سے کیا نکاح ختم ہوجاتا ہے؟	۵۴۹
۳۷۱	تجدیدِ ایمان اور تجدیدِ نکاح کی ضرورت کب ہوتی ہے؟	۵۵۰
۳۷۲	ارتدادِ شوہر سے فسخِ نکاح	۵۵۲
۳۷۳	ارتداد کے بعد تجدیدِ نکاح	۵۵۲
۳۷۴	جو شخص قادیانی ہوجائے، اس کا نکاح برقرار نہیں رہتا	۵۵۴
۳۷۵	شوہر کے قادیانی ہونے سے فسخِ نکاح	۵۵۵
۳۷۶	جو مسلمان عیسائی ہوجائے، اس کا نکاح	۵۵۷
۳۷۷	نکاح اور بچہ پیدا ہونے کے بعد شوہر نے کہا ''میں تو عیسائی ہوں''	۵۵۸
۳۷۸	شوہر شیعہ ہوجائے تو اس کے نکاح کا حکم	۵۵۹
۳۷۹	ایضاً	۵۶۱
۳۸۰	جس عورت کا شوہر شیعہ ہوجائے، اس کا حکم	۵۶۲
۳۸۱	کیا بت کی پوجا سے نکاح ختم ہوگیا؟	۵۶۴
۳۸۲	مرتد کا نکاح فسخ ہوگیا	۵۶۵
۳۸۳	نکاحِ مرتدہ	۵۶۶
۳۸۴	ارتدادِ زوجہ سے فسخِ نکاح	۵۶۷
۳۸۵	عورت کے مرتد ہونے سے نکاح فسخ نہیں ہوتا	۵۶۸
۳۸۶	غیر مسلم کے ساتھ چلے جانے پر نکاح کا حکم	۵۶۹
۳۸۷	غیر مسلم کے ساتھ بھاگ جانے سے نکاح پر اثر	۵۷۰
۳۸۸	کیا تعزیہ بنانے سے نکاح فسخ ہوجاتا ہے؟	۵۷۱
۳۸۹	لاپتہ شوہر کی بیوی مرتد ہوگئی	۵۷۲
۳۹۰	کیا مرتد کی تجدیدِ نکاح میں مہرِ جدید وغیرہ ضروری ہے	۵۷۴

Made Searchable by ScribeTools.com

۳۹۱	عورت کے مرتد ہونے سے مہر ساقط نہیں ہوتا	۵۷۶
۳۹۲	کیا ارتداد سے اعمال حبط ہوجاتے ہیں؟	۵۷۷
۳۹۳	مرتد ہونے سے کفارہ ساقط نہیں ہوتا	۵۸۰
۳۹۴	جنازۂ مرتد پر نماز اور مسلم قبرستان میں دفن	۵۸۱
۳۹۵	کیا ارتداد سے یمین ساقط ہوجاتی ہے؟	۵۸۱
۳۹۶	ردت کے بعد کلما کی قسم کا حال	۵۸۳
۳۹۷	مرتد کی تجہیز وتکفین	۵۸۵
۳۹۸	منکرِ نماز کا جنازہ	۵۸۶

متفرقات الکفر

۳۹۹	بے عمل لوگوں کا یہ کہنا کہ فلاں فلاں کہیں گے تو عمل کریں گے	۵۸۹
۴۰۰	اپنی بیوی کو بغیر پردہ کے نچوانا کیا کفر ہے؟	۵۹۱
۴۰۱	بے دین فقیروں کا حال اور دعویٰ	۵۹۲

باب التقلید

(تقلید کا بیان)

۴۰۲	تقلید کی شرعی حیثیت	۵۹۵
۴۰۳	تقلید کا ثبوت حدیث سے	۶۰۸
۴۰۴	تقلیدِ شخصی کا ثبوت	۶۱۳
۴۰۵	امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ مجتہد تھے	۶۱۳
۴۰۶	بعض مسائل میں دوسرے امام کے مسائل پر عمل کرنا، شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ کیا مقلد تھے؟	۶۱۶
۴۰۷	کیا حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ بھی مقلد تھے؟	۶۲۰
۴۰۸	امام کے قول کے خلاف اگر حدیث موجود ہو تو مقلد کیا کرے؟	۶۲۲
۴۰۹	عالم محقق کے لئے تقلید اور ایک مذہب سے دوسرے مذہب کی طرف انتقال	۶۲۴

Made searchable using ScribeTools.com

۴۱۰	حنفی کے لئے کسی اَور کے قول پر عمل کرنا کیا تقلید کے خلاف ہے؟	۶۲۶
۴۱۱	مذاہبِ اربعہ کا ماَخذ	۶۲۸
۴۱۲	عامل بالحدیث کا حکم	۶۲۹
۴۱۳	اہلِ حدیث کا حکم	۶۲۹
۴۱۴	مسائلِ اختلافیہ پر غور وفکر کرنے کے لئے چند اصولِ موضوعہ	۶۳۱
۴۱۵	اختلافی مسائل میں کیا مقلد کو ترجیح کا حق ہے؟	۶۳۴
۴۱۶	اختلافِ ائمہ	۶۳۵
۴۱۷	تقلیدِ شخصی سے ہٹ کر مختلف ائمہ کی تقلید	۶۳۶
۴۱۸	دیوبندی کس امام کے پیرو ہیں؟	۶۳۶
۴۱۹	دیوبند اور جلال آباد کے علماء کا مسلک	۶۳۸
۴۲۰	غیر مقلد کی حیثیت اور اس سے شادی بیاہ	۶۳۸
۴۲۱	کیا کسی دیوبندی کو حق ہے کہ اپنی اہلِ حدیث بیوی کو تبدیلِ عقیدہ پر مجبور کرے؟	۶۴۲

☆.....☆.....☆

باب الفرق

ما یتعلق بالروافض

(شیعوں کے عقائد کا بیان)

شیعوں کے عقائد وافعال اوران کا شرعی حکم

سوال[۴۰۹]: ۱..... اہل سنت والجماعت ہونے کے لئے کیا شرط ہے؟ کیا وہ آدمی بھی سنی ہوسکتا ہے جو یہ کہے کہ میری والدہ سنی تھیں اور میرے باپ شیعہ، اور شخص مذکور نے جس عورت سے نکاح کیا ہے وہ کٹر قسم کی شیعہ ہے اور حتی کہ ان صاحب نے اپنی لڑکی کا نکاح شیعہ مجتہد کے لڑکے سے کیا ہے، یہ صاحب شیعوں کے ماتمی جلسوں میں باقاعدگی سے شریک ہوتے ہیں اور سنی ہونے کا بھی دم بھرتے ہیں، موجودہ امام صاحب سے پہلے امام مسجد کا فیصلہ تھا کہ یہ شخص شیعہ ہے اور اگر یہ اپنے آپ کو سنی کہتا ہے تو اس کا نکاح شیعہ عورت کے ساتھ نہیں ہوسکتا۔ اور موجودہ امام مسجد صاحب کا بھی یہی فتوی ہے کہ یہ غالی قسم کا شیعہ ہے اور تقیہ باز ہے اور اس کی بات ناقابل اعتماد ہے۔ کیا شیعہ سنی کا نکاح آپس میں ہوسکتا ہے یا نہیں؟

۲.....ایک شخص جو خود ساختہ سنی ہونے کا دعویدار ہے حالانکہ یہ ثابت ہو چکا ہے کہ یہ شخص شیعہ ہے اور امام صاحب شیعوں اور رافضیوں کو دائرہ اسلام سے خارج تصور کرتے ہیں اور امام صاحب نے مسلمانوں کی کثیر جماعت کی موجودگی میں جمعۃ المبارک کے دن اعلان کیا کہ میں کسی شیعہ کی نماز جنازہ نہیں پڑھاؤں گا اور نہ کسی سنی کو جنازہ شیعہ ورافضی میں کھڑا ہونے دوں گا، ورنہ وہ سنی اسلام سے خارج ہوجائے گا اور تجدید اسلام اور قبول نکاح دوبارہ کرنا ہوگا، کیا سنی مسلمان شیعہ رافضی کی نماز جنازہ پڑھ سکتا ہے کہ نہیں؟ اور ایسا کرنے والوں کے لئے شرعی حکم کیا ہے؟

۳.....کوئی سنی ہونے کا دعویدار کسی ذاتی مخالفت کی بناء پر شیعہ سنی مسئلہ پر کسی امام مسجد کے بارے میں یہ کہے کہ میں نے فلاں مسلمان کے جنازہ کی نماز امام مسجد کے پیچھے نہیں، شیعان کی اقتداء میں پڑھی ہے تو ایک

Made searchable using ScribeTools.com

دوسرے مسلمان نے سوال کیا کہ سوچ سمجھ کر کہہ رہے ہو؟ تو اس نے کہا ہاں، بلکہ فرض عین کی اقتداء بھی شیعان کے پیچھے کی ہے اور میں نماز فرض اور دیگر نمازیں اس امام کی بجائے شیعان کی اقتداء میں پڑھتا ہوں، اس فعل سے تین توہین کے پہلو نکلے: ا۔فرض نماز، ۲۔نماز جنازہ، ۳۔میت کی توہین۔امام مسجد جس کے پیچھے خلق کثیر نماز پڑھتی ہے ایسے شخص کے لئے شرعی حکم کیا ہے؟ مسلمانان ورکنگ نے تو اس کو اپنی جماعت سے خارج کر دیا ہے اور میل جول ختم کر دیا ہے، شرعی طور پر اس کا حل فرمایا جاوے۔

۴.....کیا شیعہ کے پیچھے نماز جنازہ، شیعہ میت کی ہوسکتی ہے کہ نہیں؟ اگر سنی اہل سنت کے امام کے انکار کی وجہ سے دوستی ہونے کے سبب شیعہ کی نماز جنازہ میں شریک ہو جائیں تو ان کے لئے شرعی حکم کیا ہے؟

۵.....شیعہ کا ذبح کیا ہوا جانور حلال ہے یا نہیں؟ اور ان سے لین دین کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ جب کہ ایک سنی مسلمان کی دوکان موجود ہو تو کون سی بہتر ہے؟

۶.....کیا یہ ثابت ہے کہ شیعہ سنی کو چائے پانی وغیرہ میں تھوک کر کے پینے کو دیتے ہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جو عقائد، اعمال و اخلاق تعلیم فرمائے ان کو اختیار کرنے والے حضرات اہل سنت کہلاتے ہیں، اولاً صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے ان کو اختیار کیا پھر اس کے بعد دوسروں نے اس کی پیروی کی (هم ما أنا عليه وأصحابی)(۱)۔ مذہب شیعہ کا بانی ابن سبا (یہودی) تھا، اس نے انتہائی تلبیس سے اس کا پرچار کیا، اپنے آپ کو مسلمان ظاہر کر کے مسلمانوں میں گھسا اور اعتقادی و عملی بد دینی پھیلائی، شیعوں کی کتاب اصول میں لکھا ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تین صحابہ اسلام پر باقی رہے تھے، اَور (بقیہ) سب مرتد ہو گئے تھے (نعوذ باللہ) (۲) نیز قرآن کریم کو یہ لوگ محرف مانتے ہیں ''فصل الخطاب'' میں

---

(۱) (مشكوٰة المصابيح، كتاب الإيمان، باب الاعتصام بالكتاب والسنة، ص: ۳۰، قديمی)

(۲) "مسلمان می گوید: علی (عليه السلام) فرمود: همه مردم بعد از پیامبرؐ از دین بر گشتند بجز چهار نفر، (اسرار آل محمد صلی الله علیه وسلم، ترجمه اولین کتاب شیعه درزمان امیر المؤمنین) حدیث ارتداد اصحاب جز چهار نفر، ..... عیاش نے بسند امام محمد باقر سے روایت کی ہے کہ جب جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا سے رحلت فرمائی، چار اشخاص: علی ابن ابی طالب، مقداد، سلمان اور ابوذر رضی اللہ عنہم کے سوا سب مرتد ہو گئے، راوی نے پوچھا عمارؓ کے بارے میں کیا ارشاد ہے؟ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر ان کو پوچھتے ہو جن کے دلوں میں مطلق شک داخل نہ ہوا ہو تو وہ یہی تین اشخاص تھے"۔ (حیات القلوب، اردو ترجمہ جلد دوئم، مؤلف علامہ باقر مجلسی، ص: ۹۲۳، اٹھارواں باب، بعض اکابر =

تصریح ہے(۱) ان کا عقیدہ ہے کہ جو قرآن اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا تھا اس کو لے کر امام مہدی غار سرمن رائ میں روپوش ہوگئے، اس کے بعد جو قرآن کریم کے نام سے موجود ہے وہ بیاضِ عثمانی (حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نوٹ بک) ہے(۲)۔ نیز حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر زنا کی تہمت لگانا ان لوگوں میں عام طور پر واضح ہے، ان کے بنیادی مسلک میں ہے۔ جہاں تک ہو سکے اہل سنت والجماعت کو اذیت پہنچاؤ، نجاست میں ملوث کرو، نجاست کھلاؤ پلاؤ، ان کی نمازیں خراب کرو وغیرہ وغیرہ۔

ایک شیعہ مسجد میں سنی بن کر نماز کے لئے آتا تھا، صف اول میں کھڑا ہوتا اور اقامت کی حالت میں اپنی داڑھی کو ہاتھ سے حرکت دیتا تھا جو بھیگی ہوئی رہتی تھی، اس میں سے قطرات داہنے اور بائیں نمازیوں پر اور مسجد کی صف پر پڑتے تھے وہ قطرات پانی کے نہیں تھے، بلکہ داڑھی کو پیشاب میں بھگو کر لاتا تھا، تحقیق ہونے پر اس کی مرمت کی گئی، یہ شیعہ اسلام سے بالکل خارج ہیں(۳) ان کا نکاح کسی بھی سنی مرد وعورت سے

=صحابہ کے فضائل، امامیہ کتب خانہ لاہور)

(۱) "عن أبی جعفر علیه السلام قال: نزل جبرئیل بهذه الآیة علی محمد صلی الله علیه وسلم (هکذا فبدل الذین ظلموا ال محمد حقهم قولاً غیر الذی قیل لهم، فأنزلنا علی الذین ظلموا آل محمد حقهم) ..... سئلت ماهکذا الخ". (فصل الخطاب فی تحریف کتاب رب الأرباب، ص: ۲۵۳، ۲۵۶)

حضرت امام باقر سے روایت کی ہے کہ خدا نے زمین میں تین محترم چیزیں قرار دی ہیں: قرآن، میری عزت اور خانہ خدا ہے، لیکن قرآن میں لوگوں نے تحریف کی اور تغیر کر دیا"۔ (ترجمہ حیات القلوب، جلد سوئم، باب: ۱، فصل حدیث ثقلین اور اس کے مثل حدیثیں، ص: ۸۷، امامیہ کتب خانہ)

(۲)" الخامس أنه قداستفاض فی الأخبار أن القرآن کما أنزل لم یؤلّفه إلا أمیر المؤمنین علیه السلام بوصیة فی النبی صلی الله علیه وسلم ..... فلما جمعه کما أنزل أتی به إلی المتخلفین ..... فقال لهم: هذا کتاب الله کما أنزل، فقال له عمر بن الخطاب: لاحاجة بنا إلیک ولا إلی قرآنک، عندنا قرآن کتبه عثمان، فقال علی علیه السلام: لم تره بعد هذا الیوم ولا یراه أحد حتی یظهر ولدی المهدی علیه السلام". (الأنوار النعمانیة: ۲/۳۶۰، نور فی الصلوٰة، مؤسسة الأعلمی، بیروت)

(۳) "ان الرافضی إن کان ممن یعتقد الألوهیة فی علي رضی الله تعالیٰ عنه، أو أن جبرئیل غلط فی الوحي، أو کان ینکر صحبة الصدیق، أو یقذف السیدة الصدیقة فهو کافر". (رد المحتار، کتاب الجهاد، مطلب مهم فی سب الشیخین: ۴/۲۳۷، سعید) ..... =

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

جائز نہیں (۱) یہ مرجائیں تو ان کے جنازہ کی نماز بھی نہیں (۲) ایسے شخص کو امام بنانا بھی اپنی نماز کو برباد کرنا ہے (۳)۔

ان کے مذہب میں تقیہ ایسی چیز ہے کہ جب چاہیں اپنے آپ کو کافر کہدیں، جب چاہیں مسلمان، اپنے آپ کو شیطان بھی کہہ سکتے ہیں اور ایسے ہی صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کو بھی شیطان سے تعبیر کرتے ہیں جن کے ایمان پر حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پورا اطمینان ظاہر فرمایا، ایسے لوگوں کا ذبیحہ بھی درست نہیں (۴)۔ امید ہے کہ آپ کے سب سوالات کا جواب آ گیا ہوگا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۸/۹/۹۹ھ۔

شیعوں کے انیس سوالات اور ان کے جوابات

سوال: [۴۱۰] ۱.....معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا جنم دیوس کب ہوا؟ ان کے باپ کا کیا نام ہے؟ کیا معاویہ صحابیٔ رسول تھا؟ معاویہ کے معنی کیا ہیں؟

۲.....ام المومنین جناب عائشہ رضی اللہ عنہا کی زوجیت سے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کیا فائدہ پہنچا؟ جناب عائشہ کا مزار کہاں ہے؟

۳.....اجماع آپ لوگ تسلیم کرتے ہیں، ذرا معرکۂ کربلا میں بتائیں کہ اجماع کدھر ہے؟

= "وهؤلاء القوم خارجون عن ملة الإسلام، و أحكامهم أحكام المرتدين". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، الباب التاسع فى أحكام المرتدين: ۲/۲۶۴، رشيديه)

(۱) "و لا يصلح أن ينكح مرتد أومرتدة أحداً من الناس مطلقاً". (الدر المختار، كتاب النكاح، باب نكاح الكافر: ۳/۲۰۰، سعيد كراچى)

(۲) "وسببها (أى مسبب صلاة الجنازة) الميت المسلم، فإنها وجبت قضاءً لحقه". (فتح القدير، كتاب الجنائز: ۲/۱۰۳، مصطفى البابى الحلبى)

(۳) "وإن أنكر بعض ماعلم من الدين ضرورةً كفر بها، فلا يصح الإقتداء به أصلاً". (ردالمحتار، باب الإمامة: ۱/۵۶۱، سعيد)

(۴) "و شرط كون الذابح مسلماً حلالاً خارج الحرم إن كان صيداً". (الدرالمختار، كتاب الذبائح: ۶/۲۹۷، سعيد)

۴.....کیا تینوں خلفاء کو حالاتِ زندگی کے دستور سے صاف ستھرا ثابت کر سکتے ہیں؟

۵.....مسلمانوں نے جمہوریت کے نام پر سقیفہ کانفرنس کو کامیاب بنا کر لفظِ جمہوریت بدنام کر کے ابو بکر، عمر، عثمان کو خلیفہ بنایا، کیوں؟ جمہوریت کا بنیادی اصول کیا ہے؟

۶.....وفات رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد درِ بنتِ رسول پر آگ اور لکڑیاں جلانے کے لئے کیوں اور کس نے جمع کیا؟ نیز پہلوئے بنت رسول کا دروازہ کس نے گرایا؟

۷.....جنگِ جمل میں عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا لڑنے کے لئے کیوں آئیں؟

۸.....اہل سنت کا وجود کب سے ہوا؟ قرآن وحدیث سے ثابت کریں۔

۹.....رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد ابو بکر، عمر، عثمان (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) خلیفہ ہوئے، اس کو قرآن وحدیث سے ثابت کریں۔

۱۰.....آپ کے عقائد سے علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) چوتھے خلیفہ تھے، کیا اس کی بشارت پیغمبر (علیہ الصلوۃ والسلام) دے گئے تھے؟

۱۱.....کیا ابو بکر، عمر، عثمان (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) کے خلیفہ ہونے کی بشارت رسول اپنی زندگی میں دے گئے تھے؟

۱۲.....جب زمانۂ رسول ہی میں ﴿أليوم أكملت لكم﴾ کی آیت آ چکی تھی یعنی اسلام مکمل ہو گیا تھا، بعد رسول جب خلافت کا دور آیا تو خلفاء نے اپنی طرف سے منطق کی اینٹ کیوں جوڑ دی؟ اسلام میں ترمیم کیوں کی، کچھ بڑھایا کچھ گھٹایا؟

۱۳.....رسول کو معصوم مانتے ہیں یا نہیں؟ ان کو علم غیب تھا یا نہیں؟

۱۴..... جناب جبرئیل علیہ السلام رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں آیت وسورت لے کر نازل ہوتے تھے، اسی طرح قرآن اکٹھا کیا گیا، مگر قرآن کو تیس پاروں میں کب اور کس نے منقسم کیا؟

۱۵..... یزید کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے، کیا خدا اس کے گناہوں کو معاف کر سکتا ہے اور اس کی قسمت میں جنت ہے یا نہیں؟

۱۶.....غالباً رسول کی بیماری سے نجات پانے کی وجہ سے آپ لوگ آخری چہار شنبہ مناتے ہیں، شاید

Made searchable using ScribeTools.com

اس دن رسول کو بیماری سے چھٹکارا ملا۔ حضور رسول اپنی زندگی میں کتنی مرتبہ بیماری سے تندرستی کے ساحل پر پہنچے، آپ کو ہر موقعہ پر ان کی صحت یابی پر یادگار منانی اور نیاز دلوانی چاہئے۔

۱۷..... بارہ وفات کے کیا معنیٰ ہیں؟ یومِ ولادتِ رسول کو بارہ وفات کیوں مناتے ہیں؟ اگر رسول کی ولادت اور وفات ایک ہی تاریخ کو ہوئی، اس موقعہ پر آپ کو خوشی اور غم دونوں کرنا چاہئے بلکہ آپ لوگ اس روز عید مناتے ہیں، کیوں؟

۱۸..... کفن میں عطر لگانے کی رسم کب سے شروع ہوئی؟

۱۹..... مسلمانوں کے چار امام (چار مصلے ہیں)، چاروں کے خیالات متفرق کیوں تھے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

۱..... اہل سنت والجماعت کا مسلک قرآن وحدیث سے ثابت ہے۔ امور مندرجہ سوال میں بعض چیزیں بالکل غلط اور بے بنیاد ہیں، بعض امور کا مسلک کے حق یا ناحق ہونے سے کوئی تعلق نہیں۔

اگر واقعۃً کوئی صاحب تحقیق چاہتے ہیں اور ان کا مقصود شبہات کو دور کرنا ہے، مناظرہ ومکابرہ مقصود نہیں تو بنیادی امور میں جس چیز پر شبہ ہو اول اس کو دریافت کریں، پھر فروعی امور کا نمبر ہے، بنیاد کو تسلیم نہ کرتے ہوئے فروع سے بحث کرنا لاحاصل ہے، مثلاً سوال نمبر:۱ سے مسلک کے حق یا ناحق ہونے کا کیا تعلق ہے۔

سوال نمبر:۲ بھی بنیادی حیثیت نہیں رکھتا، تاہم ان کے فضائل میں احادیثِ صحیحہ صریحہ موجود ہیں (۱)، قرآن کریم میں ان کی برأت وپاکدامنی کے لئے سورہ نور میں آیات نازل ہوئی ہیں (۲)۔

---

(۱) "عن أبی موسی قال: ما أشكل علينا أصحاب رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم حديث قط، فسألنا عائشة رضى الله عنها إلا وجدنا عندها منه علماً." رواه الترمذي".

"و عن موسى بن طلحة قال: ما رأيت أحداً أفصح من عائشة رضى الله عنها". رواه الترمذي"

(مشكوة المصابيح، باب مناقب أزواج النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : ۲/۵۷۴، قديمى)

"و عن أنس بن مالك قال: سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : يقول: "فضل عائشة –رضى الله عنها– على النساء كفضل الثريد على سائر الطعام". (الصحيح لمسلم ، باب فضائل عائشة أم المؤمنين : ۲/۵۸۲، قديمى)

(۲) (سورة النور: آيت: ۱۱ - ۲۰)

سوال نمبر:۳ کے متعلق عرض ہے کہ معرکۂ کربلا میں کس نے اجماع کا دعویٰ کیا ہے؟

۴.....بالکل ثابت کر سکتے ہیں، احادیث صحیحہ موجود ہیں (۱)۔

۵.....جمہوریت کا نام کس نے بدنام کیا؟ سقیفہ بنی ساعدہ میں کونسی بات جمہوری اصول کے خلاف پیش آئی، کیا حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت بھی سقیفہ بنی ساعدہ میں تجویز ہوئی؟

۶.....ایسا کسی نے نہیں کیا، کسی مستند روایت سے ثابت نہیں، یہ تو شیعوں کے کذبات وہفوات ہیں۔

۷.....وہ لڑنے نہیں آئی تھیں، بلکہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ان کا یہ مطالبہ تھا کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قصاص لیا جائے، خوارج کی فتنہ پردازی نے جنگ کی صورت اختیار کر لی (۲)۔

۸.....''حضرت رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ''میری امت کے تہتر فرقے ہوں گے، ایک کے سوا سب جہنم میں جائیں گے''، صحابہ کرام نے عرض کیا کہ وہ نجات پانے والا فرقہ کون ہے؟ تو فرمایا کہ ''جو فرقہ میرے اور میرے اصحاب کے طریقہ پر ہوگا وہ نجات پائے گا''، یہ حدیث مشکوۃ شریف، ص:۳۰ میں ہے (۳)، یہی فرقہ اہل سنت کا ہے جو کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وقت سے موجود ہے

---

(۱) (الصحيح لمسلم ، كتاب الفضائل ، باب فضائل أبى بكر ، عمر ،عثمان : ۲/۲۷۲- ۲۷۸، قديمى)
(صحيح البخارى ، كتاب المناقب ، باب مناقب أبى بكر ، عمر ، عثمان : ۱/۵۱۶- ۵۲۵، قديمى)

(۲) "قال ابن سعد : بويع علي بالخلافة الغد من قتل عثمان بالمدينة، فبايعه جميع من كان بها من الصحابة رضى الله تعالىٰ عنهم ، و يقال: إن طلحة والزبير بايعا كارهين و غيرطائعين، ثم خرجا إلى مكة و عائشة رضى الله تعالىٰ عنها بها، فأخذاها و خرجا بها إلى البصرة يطالبون بدم عثمان". (تاريخ الخلفاء للسيوطى ، فصل فى مبايعة علىّ رضى الله تعالىٰ عنه بالخلافة و ما نشأ عن ذلک ، ص:۱۴۴، مؤسسة الكتب الثقافية)

(۳) "و عن عبد الله بن عمرو رضى الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ليأتين على أمتي كماأتى على بنى إسرائيل حَذوَ النعل بالنعل ، حتى إن كان منهم من أتى أمه علانيةً لكان فى أمتي من يصنع ذلک، و إن بني إسرائيل تفرقت ثنتين و سبعين ملةً ، وتفترق أمتي على ثلاث و سبعين ملةً كلهم فى النار إلا ملةً واحدةً "، قالوا: من هى يا رسول الله! ؟ قال: "ما أنا عليه و أصحابى ". رواه الترمذي".
(مشكوة المصابيح ، كتاب الإيمان ، باب الإعتصام بالكتاب والسنة ، الفصل الثانى: ۱/۳۰، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

اوراپنی سنت اورخلفائے راشدین کی سنت پرعمل کی حضرت (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے تاکید بھی فرمائی ہے اور قرآن کریم میں ''خیرامت'' جس کوفرمایا گیا ہے اس کے طرز پر چلنے والا فرقہ اہل سنت ہے۔

۹.....ان حضرات کا خلیفہ ہونا واقعاتی چیز ہے جو کہ دنیا میں ثابت ومسلّم ہے، نیز قرآن وحدیث سے ان حضرات کا مستحق ہونا نیز حدیث سے ترتیب وتعیین ثابت ہے، ایسی احادیث پیش کی جاسکتی ہیں۔ کیا شیعہ تسلیم کریں گے؟ حضرت شاہ ولی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کی کتاب ''ازالۃ الخفاء'' اسی موضوع پر ہے، بڑی تفصیل سے احادیث اس میں مذکور ہیں (۱)۔

۱۰.....واقعہ اسی طرح پیش آیا اور خلفاء راشدین کی ترتیب اسی طرح ہے (۲) احادیث میں اشارات بھی ہیں۔

۱۱.....جی ہاں، بشارتیں موجود ہیں، کیا شیعہ تسلیم کریں گے؟

۱۲.....منطق کی اینٹ بالکل نہیں جوڑی، اسلام کی بنیاد جن امور پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تجویز فرمائی تھی بالکل اسی طرح یہ حضرات اس پر قائم رہے اور دوسروں کو قائم کیا۔

۱۳.....رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو معصوم مانتے ہیں (۳) بہت سی ایسی باتوں کا آپ کو علم دیا گیا جو کہ دوسروں کو نہیں ملا، جب جب اللہ تعالیٰ چاہتے علم عطا فرمادیتے (۴)۔

---

(۱) ''مسلک سوم: اجماع امت است بر افضلیتِ مشایخ ثلثه بترتیبِ خلافت، و اجماع است را بدو وجه تقریر نمائیم ..... و اما وجه اول دو مرتبه است: مرتبه اولی نقل صریح اجماع از حدیث عبد الله بن عمررضی الله تعالیٰ عنهما قال : ''کنا نخیر بین الناس فی زمان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، فنخیر أبا بکر ثم عمر ثم عثمان بن عفان رضی الله عنهم'' أخرجه البخاری ..... الخ''. (إزالة الخفاء عن خلافة الخلفاء، مسلک سوم اجماع امت بر افضلیت خلفاء ثلاثه بترتیب خلافت : ۱/۳۱۱، سهیل اکیڈمی لاهور)

(۲) (راجع رقم الحاشیة : ۱)

(۳) ''والأنبیاء علیهم الصلاة والسلام کلهم منزهون عن الصغائر والکبائر و الکفر والقبائح''. (الفقه الأکبر للإمام أبی حنیفة رحمه الله تعالیٰ ،ص : ۶، قدیمی)

(۴) ''قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : ''أعطیت خمساً لم یعطهن أحد قبلی ..... الخ''. (مشکوة المصابیح ، باب فضائل سید المرسلین صلوات الله و سلامه علیه : ۲/۵۱۲، قدیمی)

Made Searchable by ScribeTools.com

۱۴..... یہ تیس پاروں میں پاروں کے ثلث، ربع، نصف کی تقسیم بھی بنیادی چیزیں نہیں ہیں، بنیادی چیز یہ ہے کہ تمام قرآن پاک حق ہے، اللہ پاک کا نازل فرمودہ ہے، اس میں کسی قسم کی تحریف نہیں ہوئی (۱)۔

۱۵..... معاف فرمانا، قدرت سے خارج ہرگز نہیں (۲)، اللہ تعالیٰ چاہے تو اس کو یا اس سے بھی بڑے گنہگار کو جنت میں داخل فرمادے۔ جس شخص کا خاتمہ ایمان پر ہوا ہو وہ جنت میں جائے گا خواہ ابتداءً ہی جائے خواہ سزا بھگت کر جائے (۳)۔

۱۶..... ہم لوگ آخری چہار شنبہ کو کوئی اہمیت نہیں دیتے، جیسے اَور دن ویسا ہی آخری چہار شنبہ، لہذا یہ سوال ہم پر عائد نہیں ہوتا۔

۱۷..... مشہور یہ ہے کہ ۱۲/ ربیع الاول کو وفات شریف ہوئی تھی (۴) اس لئے عوام اس کو بارہ وفات کہتے ہیں۔ ہم لوگ اس دن اگر ہو سکے تو روزہ رکھ لیتے ہیں، نہ عید مناتے ہیں نہ غم۔

۱۸..... حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وقت سے ہی یہ سنت جاری ہے۔

۱۹..... خیالات سے مراد اگر عقائد ہیں تو چاروں اماموں: ابوحنیفہ، مالک، شافعی، احمد رحمہم اللہ کے عقائد مختلف نہیں تھے، بلکہ متفق تھے اور سب اہل حق تھے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿إنا نحن نزلنا الذكر و إنا له لحافظون﴾. (الحجر : ۹)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿ألم تعلم أن الله له ملك السموات والأرض يعذب من يشآء و يغفر لمن يشآء والله على كل شيء قدير﴾ (المائدة : ۴۰)

(۳) ﴿و يغفر ما دون ذلك لمن يشآء﴾ فيه إيماء إلى أنه سبحانه يعفو عن أرباب الذنوب ..... و إذا عذبه فإنه لا يؤبده كما تدل عليه الأحاديث : منها : "من قال لا إله إلا الله دخل الجنة، و إن زنى و إن سرق"، و هو قول أكثر الصحابه والتابعين و أهل السنة والجماعة". (شرح الفقه الأكبر : ۱۵۶، قديمى)

(۴) " قال: توفي رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لا ثنتى عشرة ليلةً مضت من شهر ربيع الأول، اليوم الذي قدم فيه المدينة مهاجراً". (دلائل النبوة للبيهقى ، باب ما جاء فى الوقت واليوم والشهر والسنة التى توفي فيها رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و فى مدة مرضه: ۲۳۵/۷، دار الكتب العلمية)

Made searchable using ScribeTools.com

شیعوں کے بعض اعتراضات کے جوابات

سوال[۴۱۱]: آج کل ایک بلا مسلط ہے، یہاں کے تھانہ انچارج آج کل ایک شیعہ اقتدار حسین جعفری ہیں، اپنے مذہب کے سلسلہ میں بحث ومباحثہ بہت کرتے ہیں، بندہ کو بہت مجبور کیا تو جواب دینا پڑا۔ بحث کے دو دور ہو چکے ہیں، پہلے دور میں طے ہوا کہ کتابوں کے حوالے صرف قرآن پاک، بخاری ومسلم اور تاریخ کے سلسلہ میں تاریخ الخلفاء، اس کے علاوہ کسی کتاب کا اعتبار نہیں۔ دوسری دفعہ امور ذیل پر بحث ہوئی، انہوں نے بیان کیا:

۱.....حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلیفہ بلافصل تھے، حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ مستحق خلافت نہ تھے، ان کے ہاتھ پر صرف ۱۸/نفر بیعت کرنے والے تھے، وجہ یہ تھی کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ چچا کے لڑکے بچپن سے ہی مسلمان، کبھی کفر کا دور نہیں آیا، باقی لوگوں نے کفر کا بھی زمانہ دیکھا، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تو قتل کے ارادہ سے ہی آئے تھے، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لئے ارشاد ہے: "علی منی وأنا منه" یہ داماد رسول تھے، ان کے علاوہ کوئی دوسرا داماد بھی نہیں تھا۔

۲.....فدک حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو نہ دے کر حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قرابت کا بھی خیال نہ کیا اور باپ کی جائیداد سے محروم رکھا، اس وجہ سے حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا چھ مہینے تک حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نہ بولیں۔

۳.....اگر کسی سے کوئی غلطی ہوئی ہے وہ اگرچہ صحابی رسول ہی کیوں نہ ہو اس کو بُرا کیوں نہ کہا جائے۔

۴.....حضرت عائشہ ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہیں اور زوجۂ رسول مگر خلیفہ کے مقابلہ پر آئیں، جنگ کرنا ان کی شان سے بعید تھا۔

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے جنگ ہی نہیں کی، نہ ساتھ کے لوگ جنگ کے لئے آئے تھے، کیونکہ کھانا ایک طرف کھاتے اور نماز دوسرے کے پیچھے پڑھتے تھے، دوسرے خون عثمان کے سلسلہ میں ایک مطالبہ لے کر آنا ہوا، رات کو یہ سن کر قاتلوں نے کہ صبح قتل کر دیئے جائیں گے حملہ کر دیا اور دونوں فوجیں بھڑ گئیں، اس غلط فہمی میں کہ دوسرے نے بدعہدی کی، معاملہ صاف ہوا تو کچھ بھی نہیں تھا۔ خون عثمان کا مطالبہ ہر مسلمان کا حق تھا، خواہ وہ مسلمان مرد ہو یا عورت۔

اس سلسلہ میں ضروری ہدایات وتوجہ کی درخواست ہے، نیز شیعہ مذہب کے کچھ مسائل جو صحیحین کی رو سے خلاف ہے چند نقل کر کے ارشاد فرمائیں۔ ظہیر الاسلام بنی گنج۔ ہردوئی۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

اگر آپ کے حریف نے قرآن کریم، بخاری ومسلم، تاریخ الخلفاء کے حوالہ کو تسلیم کرنے کا اقرار کرلیا تو بہتر ہے، معاملہ بہت سہل ہے۔

۱..... "عن الحسن رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه قال: قال علیّ: لما قبض رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم، نظرنا فی أمرنا فوجدنا النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم قد قدّم أبابکر فی الصلوة، فرضینا لدنیانا عمن رضی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم عنه لدیننا، فقدمنا أبابکر"۔ فصل فی بیان کونه صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم لم یتخلف ذلك (تاریخ الخلفاء، ص: ۵۰) (۱) ۔

یہی تفصیل، ص: ۱۲٤، فصل فی نبذ من أخبار علی و قضایاه و کلماته میں ہے(۲)۔

۲..... بخاری شریف، ص: ۹۹۵، کتاب الفرائض، باب قول النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: "لا نورث، ما ترکناہ صدقة" اسی میں ہے "قال: فهجرته فاطمة فلم تکلمه حتی ماتت" یعنی حدیثِ پاک سن کر حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنا مطالبہ میراث ترک کردیا اور اخیر وقت تک اس کو زبان پر نہیں لائیں (۳) یہ حدیث "لا نورث ما ترکناہ صدقة" شیعہ کی سب سے معتبر کتاب "کافی" میں بھی

---

(۱) (تاریخ الخلفاء للسیوطی، فصل فی بیان کونه ﷺ لم یستحلف و سر ذلک، ص: ۱۴، مؤسسة الکتب الثقافیة)

(۲) (تاریخ الخلفاء للسیوطی، فصل فی نبذ من أخبار علیّ و قضایاه و کلماته رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه، ص: ۱۴۶. ۱۴۷، موسسة الکتب الثقافیة)

(۳) "عن عائشة – رضی اللّٰہ تعالیٰ عنها – أن فاطمة والعباس أتیا أبا بکر یلتمسان میراثهما من رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم و هما حینئذ یطلبان أرضیهما من فدک و سهمهما من خیبر. فقال لهما أبو بکر: سمعت رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم یقول: "لا نورث، ما ترکنا صدقة، إنما یأکل آل محمد من هذا المال". قال أبو بکر: واللّٰہ لا أدع أمراً رأیت رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم یصنعه فیه إلا صنعته، قال: فهجرته فاطمة، فلم تکلمه حتی ماتت". (صحیح البخاری، کتاب الفرائض، باب=

Made searchable using ScribeTools.com

ہے، نیز "محجاج السالکین" میں ہے: کہ "حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جب واپس تشریف لے گئیں، تو حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کی خدمت میں گئے کہ میں آپ سے معافی مانگنے اور راضی کرنے کے لئے آیا ہوں، اس پر انہوں نے فرمایا کہ میں راضی ہوں (۱)۔ (حدیث کو سن کر کر ناراض ہونے کا کیا محل ہے)۔

۳..... جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمادیا کہ "میرے صحابہ کو بُرا مت کہو" (۲) تو پھر کسی کا کیا منہ ہے؟

۴..... حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا مطالبۂ قصاصِ عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لئے آئی تھیں، تفصیل تاریخ الخلفاء میں ہے (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۸/۱۱/۹۵ھ۔

کیا شیعہ فرقہ ناجیہ ہے؟

انجم رومانی دفتر روزنامہ اردو ٹائمز، مولانا آزاد روڈ، بمبئی ۱۵/ اگست

سوال[۴۱۲]: حضور سرور کائنات (صلی اللہ علیہ وسلم) کا قول ہے کہ "میری وفات کے بعد میری

= قول النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : لا نورث، ما ترکنا صدقة : ۲/۹۹۵، ۹۹۶، قدیمی)

(۱) محجاج السالکین بحوالہ تحفہ اثنا عشریہ (اردو) باب خلفاء ثلاثہ وکبار صحابہ پر مطاعن اوران کے جواب، ص: ۵۴۵، دارالاشاعت کراچی)

(وکذا فی تالیفات رشیدیه ، هدیة الشیعه : ۵۶۵ ، اداره اسلامیات لاهور)

(۲) "عن أبی سیعد الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم :"لا تسبوا أصحابی فلو أن أحدکم أنفق مثل أحد ذهباً، ما بلغ مد أحدهم و لانصیفه". متفق علیه ". (مشکوة المصابیح، باب مناقب الصحابة : ۲/۵۵۳، قدیمی)

(۳) "قال ابن سعد :بویع علیّ بالخلافة الغد من قتل عثمان بالمدینة ، فبایعه جمیع من کان بها من الصحابة رضی اللہ تعالیٰ عنهم ، و یقال : إن طلحة والزبیر بایعا کارهین و غیر طائعین ، ثم خرجا إلی مکة و عائشة رضی اللہ تعالیٰ عنها بها ، فأخذاها و خرجا بها إلی البصرة یطالبون بدم عثمان ..... الخ". (تاریخ الخلفاء للسیوطی، فصل فی مبایعة علیّ رضی اللہ تعالیٰ عنه بالخلافة و ما نشأ عن ذلک، ص : ۱۴۴، مؤسسة الکتب الثقافیة)

امت کے تہتر فرقے ہونگے، ایک فرقہ ناجی ہوگا اور بہتّر ناری ہوں گے'' اس حضور کے قول پر تمام برادران اسلام متفق ہیں اور عام طور پر مسلمانوں میں صرف دو کلمہ چل رہے ہیں: ایک تو وہ ہے جو شیعہ فرقہ پڑھتا ہے اور دوسرا کلمہ وہ ہے جو ہم بہتر فرقے کے لوگ پڑھتے ہیں۔ حضور کے قول کی روشنی میں شیعہ فرقہ ناجی ہو جاتا ہے اور ہم بہتر فرقے والے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قول کی روشنی میں نجات سے دور ہوئے جاتے ہیں۔ اس سلسلہ میں کیا فرماتے ہیں مفتی شرع؟ جلد سے جلد اس مسئلہ کا جواب اوپر لکھے ہوئے پتہ پر ارسال فرمادیں۔ فقط انجم رومانی۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

جو فرقہ ناجی ہے اس کے متعلق سرور کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا۔ ''من ھی''؟ وہ فرقہ کون ہے تو ارشاد فرمایا: ''ما أنا علیه و أصحابی''(۱) جس پر میں اور میرے اصحاب ہیں، یعنی جو فرقہ حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے طریقے وسنت پر ہے وہ ناجی ہے۔ جس وقت یہ ارشاد فرمایا شیعہ تو اس وقت موجود ہی نہیں تھے، نہ ان کا کلمہ تھا اور نہ وہ اب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے طریقہ وسنت پر ہیں، نہ حضرات صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے طریقہ وسنت پر ہیں تو وہ اس حدیث پاک کی رو سے ناجی کیسے ہوسکتے ہیں؟ وہ فرقہ اگر حدیث کی روشنی میں اپنا مقام سمجھنا چاہے تو اس کو چاہئے کہ: ''کل محدثة بدعةً'' اور ''کل بدعة ضلالةً'' اور ''کل ضلالة فی النار''(۲) میں غور کرے، نیز اس حدیث میں غور کرے:

''عن عبد اللّٰه بن مغفل رضی اللّٰه تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم: ''اللّٰه اللّٰه فی أصحابی، لا تتخذوهم من بعدی غرضاً، فمن أحبهم فبحبی أحبهم، ومن أبغضهم فببغضی أبغضهم، و من اٰذاهم فقد اٰذانی، و من اٰذانی فقد اٰذی اللّٰه، و من اٰذی اللّٰه فیوشك أن یأخذه''۔

---

(۱) (مشکوٰة المصابیح، کتاب الإیمان، باب الاعتصام بالکتاب والسنة، ص: ۳۰، قدیمی)

(۲) (سنن النسائی، کتاب صلاة العیدین، باب کیف الخطبة: ۱/۲۳۴، قدیمی)

Made Searchable using ScribeTools.com

نیز اس حدیث میں غور کرے:

"عن ابن عمر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنهما قال: قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم: "إذا رأیتم الذین یسبون أصحابی، فقولوا: لعنة اللّٰہ علی شرکم اهـ"۔

یہ دونوں حدیثیں مشکوۃ شریف، ص: ۵۵۴ میں مذکور ہیں (۱)، اَور بھی ایسی احادیث موجود ہیں، ان میں غور کرنے سے اس فرقہ کو اپنا مقام معلوم ہو جائے گا۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

فرقہ شیعہ امامیہ

[۴۱۳] بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

الحمد للّٰہ رب العالمین والصلوة والسلام علی سید الأنبیاء والمرسلین وعلی اله الطاهرین وأصحابه الطیبین أجمعین إلی یوم الدین، أما بعد :

جب سے فرقہ شیعہ امامیہ اثنا عشریہ نے جنم لیا اسی وقت سے علمائے حق نے اس کی تردید کی، اس کے زیغ وضلال کو واضح کیا، کسی نے اس پر مختصر لکھا، کسی نے تفصیل سے بیان کیا، شیخ الاسلام ابن تیمیہ نے ''منہاج السنۃ'' میں اس پر بسط سے کلام کیا۔

بادشاہ ہمایوں کے دور میں یہ فرقہ منظّم شکل میں جماعتی حیثیت سے ہندوستان آیا اور اپنے مخصوص نظریات (بغض صحابہ اور ان پر لعن وطعن) کی اشاعت کرنے لگا، ہمایوں نے علامہ ابن حجر مکی کو خط لکھا جس پر "تطهیر اللسان والجنان" تصنیف کی گئی، نیز دوسری کتاب "الصواعق المحرقة" تصنیف فرمائی۔

اس کے بعد اکبر کا دور آیا تو یہ فرقہ ترقی کرنے لگا، یہاں تک کہ جو دین حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر نازل ہوا اس کے مقابلہ میں دوسرا دین مستقل بنایا گیا۔

اسی زمانہ میں شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی رحمہ اللہ تعالیٰ تھے، ان کو قتل کرنے کی تجویز کی گئی مگر وہ تجویز

---

(۱) (مشکوة المصابیح، باب مناقب الصحابة : ۵۵۴/۲، قدیمی)

(والترمذی، أبواب المناقب، باب فی من یسب أصحاب النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم : ۲۲۵/۲، ایچ ایم سعید)

کامیاب نہیں ہوئی، یہاں تک کہ اکبر کا انتقال ہوگیا۔

پھر جہانگیر تخت نشین ہوا تو اس نے حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ تعالیٰ کو اجین ریاست گوالیار میں قید کروادیا اور برسوں قید میں رکھا۔ پھر ایک خواب کی بنا پر متنبہ ہوکر اپنی غلطی کا اقرار کیا اور ان کو جیل سے نکال کر معافی مانگی۔

حضرت مجدد صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرق ضالہ میں اس فرقہ کو سب سے زیادہ خطرناک بتایا ہے، تحریر فرمایا ہے کہ ''قرآنی اسلام کے مقابلہ میں اس فرقہ نے دوسرا اسلام تیار کیا ہے''، اس کے عقائد کو شمار کرایا ہے کہ یہ عقائد قرآن کریم اور احادیثِ متواترہ اور اجماع امت کے خلاف ہیں، جن اکابر نے اس پر کفر کا حکم نہیں لگایا انہوں نے اس احتیاط کی بنا پر کف اللسان والقلم کیا ہے کہ ممکن ہے مرنے سے پہلے توبہ نصیب ہوجائے بغیر توبہ کے مرنے پر یہ احتیاطی پہلو بھی ختم ہوگیا۔ ''فتاویٰ عالمگیری'' میں ہے، جس کو پانچ سو علماء کی جماعت کے ذریعہ اورنگ زیب عالمگیر نے تصنیف کرائی۔

"الرافضی إذا کان یسب الشیخین، و یلعنهما والعیاذ باللّٰه فهو کافر، ولو قذف عائشة رضی اللّٰه تعالیٰ عنها بالزنا کفر باللّٰه، و من أنکر إمامة أبی بکر الصدیق رضی اللّٰه تعالیٰ عنه فهو کافر، و علی قول بعضهم هو مبتدع و لیس بکافر، والصحیح أنه کافر، وکذلك من أنکر خلافة عمر رضی اللّٰه تعالیٰ عنه فی أصح الأقوال، کذا فی الظهیریة۔ و یجب إکفارهم بإکفار عثمان و علي و طلحة و زبیر و عائشة رضی اللّٰه تعالیٰ عنهم، و یجب إکفار الزیدیة کلهم فی قولهم بانتظار نبی من العجم ینسخ دین نبینا و سیدنا محمد صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم کذا فی الوجیز للکردری، و یجب إکفار الروافض فی قولهم برجعة الأموات إلی الدنیا و بتناسخ الأرواح، و بانتقال روح الإلٰه إلی الأئمة، و بقولهم فی خروج إمام باطن، و بتعطیلهم الأمر والنهی إلی أن یخرج الإمام الباطن وبقولهم: إن جبرئیل علیه السلام غلط فی الوحی إلی محمد صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم دون علی بن أبی طالب رضی اللّٰه تعالیٰ عنه، و هؤلاء القوم خارجون عن ملة الإسلام، و أحکامهم أحکام المرتدین، کذا فی الظهیریة". فتاوی عالمگیری

Made searchable using ScribeTools.com

مختصراً: ۲/۲۸۳ (۱)۔

مشہور مفسر ومحدث حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ تعالیٰ نے سورۂ فتح کی آیت ﴿ لیغیظ بھم الکفار ﴾ کی تفسیر میں نقل کیا ہے کہ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت کو روافض کے کفر کی ایک قرآنی دلیل قرار دیا ہے (۲) تفسیر خازن (۳) اور معالم التنزیل (۴) میں بھی امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کے استدلال کی طرف اجمالی اشارہ موجود ہے۔

حضرت شاہ ولی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ''ازالۃ الخفاء'' میں صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے مناقب اور دینی کارنامے تفصیل سے بیان فرمائے ہیں اور اس فرقہ امامیہ پر شد و مد سے رد فرمایا ہے۔ حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ''تحفۂ اثنا عشریہ'' میں اس فرقہ باطلہ کے عقائد شنیعہ لکھ کر ان کو خوب رد فرمایا ہے۔ حضرت مولانا رشید احمد محدث گنگوہی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس فرقہ کی تردید میں ''ہدیۃ الشیعہ'' تصنیف فرمائی۔

حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے "ھدیۃ الشیعہ" میں بڑے دلائل سے اس فرقہ کے معتقدات کا رد کیا ہے۔

حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری رحمہ اللہ تعالیٰ نے ''ہدایۃ الرشید'' میں تفصیل سے اس فرقہ کا رد فرمایا ہے۔

---

(۱) (الفتاوی العالمکیریة ، کتاب السیر ، الباب التاسع فی أحکام المرتدین : ۲/۲۶۴ ، رشیدیه)

(۲) "و من هذه الآیة انتزع الإمام مالک رحمه الله تعالیٰ ، في روایة عنه ، بتکفیر الروافض الذین یبغضون الصحابة رضی الله تعالیٰ عنهم، قال: لأنهم یغیظونهم، و من غاظ الصحابة رضی الله تعالیٰ عنهم فهو کافر لهذه الآیة، و وافقه طائفة من العلماء رضی الله تعالیٰ عنهم علی ذلک، والأحادیث فی فضل الصحابة رضی الله تعالیٰ عنهم، والنهی عن التعرض لهم بمساءة کثیرة". (تفسیر ابن کثیر (الفتح: ۲۹): ۴/۲۶۱ ، مکتبه دار الفیحاء)

(۳) "قال مالک بن أنس: من أصبح و في قلبه غیظ علی أصحاب رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقد أصابته هذه الآیة". (تفسیر الخازن (الفتح : ۲۹): ۴/۱۷۳ ، حافظ کتب خانه کوئٹه)

(۴) (معالم التنزیل للبغوی (الفتح : ۲۹): ۴/۲۰۷ ، اداره تالیفات اشرفیه)

علامہ ابن عابدین شامی رحمہ اللہ تعالیٰ نے لکھا ہے:

"نعم لا شك فی تكفير من قذف السيدة عائشة رضی اللّٰه تعالیٰ عنها، أو أنكر صحبة الصديق رضی اللّٰه تعالیٰ عنه، أو اعتقد الألوهية في علي، أو أن جبرئيل غلط فی الوحي، أو نحو ذلك من الكفر الصريح المخالف للقرآن"۔ شامی:۳/۲۹٤ (۱)۔

الغرض اپنے اپنے دور میں اہل سنت والجماعت (هم ما أنا عليه وأصحابی) اس فرقے پر رد کرتے چلے آئے ہیں، اس فرقہ کی کتابیں کمیاب یا نایاب تھیں، مگر اب چھپ چکی ہیں، جو شخص ان کا مطالعہ کرے گا وہ خود بھی دیکھ لے گا کہ وہ کس قدر کفریات پر مشتمل ہیں، مثلاً: كافی ، منهج الصادقين ، البرهان فی تفسير القرآن ، فصل الخطاب فی إثبات تحريف كتاب رب الأرباب ، حيات القلوب ، كشف الأسرار" وغیرہ وغیرہ۔ فقط واللّٰه الهادی إلى صراط مستقيم ۔ املاہ العبد محمود غفرلہ۔

بوہرہ کی اصل

سوال[۴۱۴]: بواہیر کون لوگ ہیں؟ ان کی بنیاد کس نے ڈالی اور کہاں ڈالی؟ ان کے بنیادی عقائد مختصراً بیان فرمائیں۔

الجواب حامداً و مصلياً:

بواہیر عربی قاعدہ سے بوہرہ کی جمع بنالی گئی ہے جو کہ بہوار سے ہے، جس کے معنیٰ "تاجر" ہے، یہ تو لغت کے اعتبار سے ہے، جیسا کہ صاحب مجمع البحار کے تذکرہ میں ہے (۲)، لیکن یہ مستقل خاندان یا قوم ہے، کچھ سنی ہیں اکثر شیعہ ہیں، غالباً یہ سنی بھی پہلے شیعہ تھے پھر سنی ہو گئے، ان کی نسل بوہرہ سنی ہے، بوہرہ کے عقائد کی تفصیلات ان سے ہی دریافت کیجئے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱/۶/۹۱ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲/۶/۹۱ھ۔

---

(۱) (ردالمحتار، باب المرتد ، مطلب مهم فی حكم سب الشيخين: ۴/۲۳۷، سعيد)

(۲) "البوهرة وهی مشتقة من "بيوهار" فی لغة أهل الهند معناه التجارة". (مجمع البحار، ترجمة المصنف: ۱/۲۰، دارالإيمان المدينة المنورة)

Made searchable using ScribeTools.com

شیعہ بوہرہ کے پیشوا کے ہاتھوں مفید الاسلام کی عمارت کا افتتاح

سوال[۴۱۵]: ایک رفاہ عام ادارہ ہے، جس کے ماتحت ایک تعلیم گاہ ہے، جس میں مسلم بچیوں کے لئے پردہ کے ساتھ پرائمری سے ہائر سیکنڈری تک تعلیم کا انتظام ہے اور دو ہزار بچیاں تعلیم حاصل کر رہی ہیں، اس کے ساتھ ساتھ دینی تعلیم بھی ہے اور اس اسکول کو اس سال کالج بنا دیا گیا ہے، شبینہ مدرسہ بھی ہے، دوسرا شعبہ لا وارث لاش کا روزانہ پانچ سے دس تک تجہیز و تکفین کرتا ہے، اس کے لئے ۱۳/ ایمبولینس گاڑیاں ہیں، دو غسال دو غسالہ ہیں، مساکین جو بالکل بے سہارا ہیں، ماہانہ وظیفہ دیا جاتا ہے۔

اس ادارہ کے اخراجات بہت ہیں، بوہرہ کے پیشوا سیدنا برہان الدین کلکتہ سے تشریف لاتے ہیں، انجمن مفید الاسلام کی عمارت کی نئی تعمیر ہوئی ہے، سیدنا سے اس عمارت کا افتتاح کرایا جائے اور خواص کو جمع کیا جائے اور اس طرح ہمارے مدرسہ ندائے اسلام کا معائنہ کرایا جائے اور اس طریقہ پر اعزاز و احترام کیا جائے یا ان کی معاونت کو لیا جائے، آیا شرعی قباحت تو نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

آپ ہرگز اس کا ارادہ نہ کریں، مفید الاسلام کی عمارت کا افتتاح مضر الاسلام سے کرانا سخت ممنوع ہے، حق تعالیٰ آپ کی اعانت فرمائے (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۵/۱۲/۳۰ھ۔

ایک گمراہ فرقہ کے عقائد

سوال[۴۱۶]: ا.....ایک جماعت قرآن پاک کے متعلق یہ اعتقاد رکھتی ہے کہ قرآن پاک کے چالیس پارے ہیں، تیس پاروں کا تو علم سب پر ظاہر ہے اور دس پاروں کا علم صرف ہماری جماعت کو ہے اور کو نہیں کیا اس قسم کا اعتقاد رکھنے والا فرقہ مسلمان ہے؟

---

(۱) "تبجيل الكافر كفر". (الدر المختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل فى البيع: ۴۱۳/۶، سعيد)

"و فى البحر: (و يرد السلام على الذمى و لا يزده على قوله: وعليك ..... و لا يبدأه بالسلام؛ لأن فيه تعظيماً له". (البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل فى البيع: ۳۷۴/۸، رشيديه)

Made Searchable by ScribeTools.com

۲.....یہی فرقہ کہتا ہے کہ ہررات اللہ تعالیٰ کا دیدار کرتے ہیں، ایسے فرقہ کے متعلق شرع میں کیا حکم ہے؟

۳.....یہی فرقہ پانچ وقت کی نمازوں کوفرض اورضروری نہیں کہتا ہے، بلکہ صرف رات میں نماز پڑھنے کوضروری سمجھتا ہے، بلکہ اگرنماز کوکہا جاتا ہے کہ بھائی تم نماز کیوں نہیں پڑھتے ؟ تو کہتا ہے اللہ تعالیٰ کیا مرگیا ہے جوہم اللہ تعالیٰ کی نماز پڑھیں؟ العیاذ باللہ۔ اوربعض مرتبہ کہتے ہیں کہ ہم کیا دکھا کرنماز پڑھتے ہیں، ہم تو صرف رات میں نماز پڑھتے ہیں بلکہ مراقبہ نماز کو کہتے ہیں کہ نماز تو ذکر کا نام ہے وہ دل سے کرتے ہیں۔ ان تمام صورتوں کا کیا حکم ہے؟ کیا رات میں نماز پڑھنا ضروری ہے اور پانچوں وقت نماز پڑھنا ضروری نہیں ہے؟ اور ایسے کہنا کہ اللہ تعالیٰ کیا مرگیا جواس کی نماز پڑھیں گے، کہتے ہیں کہ ہم دکھا کرنماز نہیں پڑھتے ،نماز اللہ تعالیٰ کو یاد کرنا ہے، اللہ کا ذکر کرنا ہے وہ دکھا کرنہیں کرنا چاہئے ،صرف دل سے کرلینا کافی ہے، اللہ کوئی بہرہ تھوڑا ہی ہے۔ نعوذ باللہ۔

۴.....قبر یا مزار پر سجدہ تعظیمی معیوب نہیں، بلکہ ضروری تصور کرتے ہیں اورایسا نہ کرنے والوں کواچھا خیال نہیں کرتے ، ایسے ہی زندہ پیروں کے قدموں پرسر رکھنا ضروری سمجھتے ہیں خاص طور سے عورتوں کے لئے ،ان دونوں صورتوں میں شرع کا کیا حکم ہے؟ نیزان سے اپنی رشتہ داری کے تعلقات رکھنا روا ہے یا نہیں؟

۵..... ہر ہفتہ مزار پر اپنے اپنے کھانے لے جاتے ہیں اورسال بھر میں ۶/ ربیع الثانی کوسالانہ عرس کرتے ہیں، چڑھاوے چڑھاتے ہیں اورخصوصی طور پر کھانے تیار کرتے ہیں اوروہی کھاتے پیتے ہیں، ان کا ایسا کرنا کہاں تک درست ہے؟

ہرایک مسئلہ کا الگ الگ حکم تحریر فرمائیں، نیز یہ بھی تحریر فرمائیں کہ کون سی صورت میں رشتہ داری یا تعلقاتِ شرعی ان کے ساتھ جائز ہوسکتے ہیں؟ تسلی بخش جواب تحریر فرمائیں۔ محمد اسلام الدین ابن سلیم الدین مقام وپوسٹ پور بالیان مظفرنگر

الجواب حامداً و مصلیاً :

۱..... جوقرآن شریف حضوراکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وقت سے امت میں برابر شائع ہے، تلاوت کیا جاتا ہے، مصاحف میں لکھا ہوا ہے وہ سب متواتر اورقطعی ہے، اس کے متعلق یہ اعتقاد رکھنا کہ اس میں سے دس پارے غائب ہیں، ان کا کسی کوعلم نہیں، وہ صرف نیا ایک فرقہ پیدا ہونے والے کے پاس ہے، یہ

Made searchable using ScribeTools.com

عقیدہ غلط ہے(۱) اس کے ماننے والے لوگ تواتر قطعی کے منکر اور اسلام سے خارج ہیں، ان سے مناکحت اہل اسلام کے لئے حرام ہے(۲)۔

۲.....اس فرقہ کی بنیاد ہی غلط ہے، خلاف اسلام ہے تو اس کی ہر ہر بات کو دریافت کرنا بیکار ہے، یہ فرقہ اگر بیداری کی حالت میں اپنے چہرے کی آنکھوں سے اللہ تعالیٰ کو دیکھنے کا دعویٰ کرتا ہے تو یہ دعویٰ باطل ہے، حضرت موسیٰ علیہ السلام نہیں دیکھ سکے تو اس فرقے کی مجال کیا ہے(۳)۔

۳..... پانچ وقت کی نماز فرض عین ہے، اس کا انکار کفر ہے، حضرت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اخیر حیات تک اس کی پابندی کی اور امت کو پابندی کی ہدایت فرمائی(۴)۔ اللہ تعالیٰ کے متعلق ایسا لفظ کہنا انتہائی

---

(۱) ایسا عقیدہ رکھنا قرآن کی آیت سے متصادم ہے، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ﴿إنا نحن نزلنا الذكر وإنا له لحافظون﴾. (الحجر: ۹)

قال الحافظ ابن كثير رحمه الله تعالىٰ :" ثم قرّر تعالىٰ أنه هو الذي أنزل عليه الذكر وهو القرآن، وهو الحافظ له من التغيير والتبديل". (تفسير ابن كثير ،(الحجر : ۹): ۲/۲۲۷، دار الفيحاء)

(وكذا فى روح المعانى (سورة الحجر : ۹): ۱۴/۱۶ ، دار إحياء التراث العربى بيروت)

(۲) قال فى الدر المختار: "(من ارتد عرض) الحاكم (عليه الإسلام استحباباً) على المذهب، لبلوغه الدعوة (وتكشف شبهته) بيان لثمرة العرض (و يحبس ثلاثة أيام فإن أسلم، و إلا قتل) لحديث: "(من بدل دينه فاقتلوه)". (كتاب الجهاد، باب المرتد : ۴/۲۲۵، ۲۲۶، سعيد كراچى)

(۳) "واتفقت الأمة على أنه لا يراه (أى لايرى الله تعالىٰ) أحد في الدنيا بعينه". (شرح العقيدة الطحاوية لابن أبى العز، ص: ۱۹۶ ، قديمى)

وقال الحافظ ابن كثير : "ولهذا كانت أم المؤمنين عائشة رضى الله تعالىٰ عنها تُثبت الرؤية في الدار الآخرة وتنفيها في الدنيا، و تحتج بهذه الأية: "﴿لا تدركه الأبصار و هو يدرك الأبصار﴾. (تفسير ابن كثير ،(سورة الانعام : ۱۰۳): ۲/۲۱۸، دار الفيحاء)

(۴)" ومنها أن استحلال المعصية صغيرةً أو كبيرةً كفر، إذا ثبت كونها معصيةً بدلالة قطعية ..... و كذا مخالفة ما أجمع عليه، و إنكاره بعد العلم به: يعنى من أمور الدين". (شرح الفقه الأكبر ، استحلال المعصية و لو صغيرةً كفر، ص: ۱۵۲ ، قديمى)

(وكذا فى رسائل الكاشميرى رحمه الله تعالىٰ ، إكفار الملحدين ، ص: ۲، ادارة القرآن كراچى)

(وكذا فى رد المحتار على الدر المختار ، كتاب الصلوة : ۱/۲۵۲، سعيد)

بددینی ہے، اللہ تعالیٰ تو موت کا خالق ہے، قدیم ہے، اس پر موت طاری نہیں ہوسکتی (۱)۔

۴.....قبروں کو سجدہ تعظیمی کرنا حرام ہے، زندہ پیر کو بھی سجدہ تعظیمی کرنا حرام ہے، عورتوں کو پیروں کے قدموں پر سر رکھنا دوہرا گناہ ہے، بیعت ہونے سے پیر محرم نہیں بن جاتا، ایسے فرقے سے پورا پرہیز لازم ہے (۲)۔

۵.....ان کا ایسا کرنا جہالت ہے، ضلالت ہے، ہرگز ان کا ساتھ نہ دیا جائے (۳)، اہل علم اور متبع سنت حضرات کے ذریعہ ان کو فہمائش کی جائے، حق تعالیٰ ہدایت دے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۷/ ۵/ ۱۴۰۱ھ۔

کیا شیعہ حافظ قرآن ہوسکتا ہے؟

سوال[۴۱۷]: کیا شیعہ حافظ قرآن ہوسکتا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

شیعوں کا قرآن کریم پر ایمان نہیں، وہ تحریف کے قائل ہیں (۴)، نیز صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم جو

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿كل شيء هالك إلا وجهه﴾. (سورة القصص: ۸۸)

(۲) "عن أبي هريرة رضي الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم: "لو كنت آمر أحداً أن يسجد لأحد، لأمرت المرأة أن تسجد لزوجها". (مشكاة المصابيح، كتاب النكاح، باب عشرة النساء و ما لكل واحد من الحقوق: ۲/ ۲۸۱، قديمی)

وقال القاری: "فإن السجدة لا تحل لغير الله". (مرقاة المفاتيح، كتاب النكاح، باب عشرة النساء و ما لكل واحدة من الحقوق: ۶/ ۴۰۲، رشيديه)

(۳) قال الله تعالیٰ: ﴿و تعاونوا على البر والتقوى ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾. (المائدة: ۲)

قال الحافظ: "يأمر تعالیٰ عباده المؤمنين بالمعاونة على فعل الخيرات وهو البر، وترك المنكرات وهو التقوى، و ينهاهم عن التنا صر على الباطل والتعاون على المآثم والمحارم". (تفسير ابن كثير، (المائدة: ۲): ۲/ ۱۰، دار الفيحاء)

(۴) "كيد سيزدهم: آنست كه گويند: عثمان بن عفان رضي الله تعالیٰ عنه بلكه ابو بكر و عمر رضي الله تعالیٰ عنهما، نيز قرآن را تحريف كردند، و آيات وسور بسيار را كه در احكام و فضائل اهل بيت =

Made searchable using ScribeTools.com

کہ ابتداءً حضرت رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے قرآن پاک کو سیکھنے اور لینے والے ہیں، شیعہ ان کو مومن نہیں مانتے، بلکہ ناحق کی تہمت ان پر لگاتے ہیں (۱) اس وجہ سے وہ حافظ قرآن نہیں ہوتے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹/۶/۹۶ھ۔

تعزیہ وعلم

سوال[۴۱۸]: ماہ محرم میں تعزیہ مع علم کے نکالنا، اور اس کے ساتھ مرثیہ پڑھنا، نیز جلوس کے ساتھ شریک ہونا اور نذر حسین کی سبیل نکالنا، اس کا پینا اور پلانا اور اس کو ثواب سمجھنا، یہ سب افعال جائز ہیں، یا ناجائز ہیں؟ جواب حوالہ کتاب وسنت سے تحریر فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ جملہ امور بدعت وناجائز ہیں (۲) اور روافض کا شعار ہیں، ان میں شرکت ناجائز ہے (۳) البتہ

= نزول یافته بود اسقاط نمودند ..... الخ". (تحفه اثنا عشریه، باب دوم در مکائد شیعه و طریق اضلال و تلبیس و اغوا و مردم را بمذهب خود مائل کردن، ص: ۳۸، سهیل اکیڈمی لاهور)

(۱) "اول احکام ایشان حکم است بتکفیر صحابه و خلفائے ثلاثه و چندے از امهات المؤمنین که احب ازواج بسوئے پیغمبر بودند بالاجماع، ومخالفت این حکم بما انزل الله بر ظاهر و روشن است". (تحفهٔ اثنا عشریه، باب نهم در احکام فقهیه، ص: ۲۴۶، سهیل اکیڈمی لاهور)

(۲) "تعزیه داری در عشرهٔ محرم، وساختن ضرائح، وصورت وغیره درست نیست، زیرا که تعزیه داری عبارت ازین است که ترک لذائذ وترک زینت کند، وصورت محزون وغمگین نماید، یعنی مانند صورت زنان سوگ دارنده بنشیند، ومرد را هیچ جااین قسم در شرح ثابت نمیشود ..... این هم بدعت است ..... بلکه بدعت سیّئه است، وحال بدعت سیئه این ست که در حدیث وارد ست: "شر الأمور محدثاتها، وکل بدعة ضلالة". رواه مسلم". (فتاوی عزیزی (فارسی)، مسئله تعزیه داری محرم وصورت: ۱/۷۵، کتب خانه رحیمیه دیوبند)

(۳) سیأتی تخریجه تحت عنوان: "تعزیہ کی شرکت")

ایصال ثواب بلاتقییداتِ مخترعہ کے درست ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

تعزیہ کی شرکت

سوال[۴۱۹]: تعزیہ کے جلوس میں شامل ہوکر باجہ سننا، چڑھاوا چڑھانا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

بالکل ناجائز ہے، شرک کے قریب ہے(۲)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۰/۳/۲۳ھ۔

تعزیہ کے سامنے لاٹھی چلانے کی مشق اور اس کا وظیفہ

سوال[۴۲۰]: محرم منانے اور پنجہ بٹھانے والے (پانچ اہل بیت کے نام پر کپڑے اوڑھانا، مزین کرنا)، بارہ امام ماننے والے کو شاہی زمانے سے لے کر اب تک وظیفہ ملتا رہا ہے یا زمین ملی ہوتی ہے، اگر چھوڑا جاتا ہے تو زمین اور وظیفہ چھن جائے گا جس سے بہت سے مسلمان پل رہے ہیں، اس لئے عالم صاحب کا کہنا ہے کہ کچھ خرافات مثلاً ڈھول بجانا، پنجہ وغیرہ چھوڑ کر اعتقاد درست کر کے صرف لاٹھی تلوار چلانا سیکھو اور عود بتی

---

(۱) "والأصل فيه أن الإنسان له أن يجعل ثواب عمله لغيره صلوٰةً أو صوماً أو صدقةً أو قراءة قرآن أو ذكراً أو طوافاً أو حجاً أو عمرةً أو غير ذلك عند أصحابنا للكتاب والسنة". (البحر الرائق: ۱۰۵/۳، كتاب الحج، باب الحج عن الغير، رشيديه)

(۲) "تعزيه داری در عشرۂ محرم یا غیرِ آں، وساختنِ ضرائح وصورتِ قبور، وعلم تیار کردن وغیر ذلک ایں ہمہ امور بدعت است، نہ در قرنِ اول بود، نہ در قرن ثانی، نہ د ر قرن ثالث". (مجموعة الفتاوى على هامش خلاصة الفتاوى، كتاب الكراهية، باب ما يحل استعماله وما لايحل: ۳۴۴/۴. امجد اكيڈمی لاهور)

"تعزیہ داری کی رسم سرتاسر ناجائز ہے، اس میں بعض چیزیں حرام اور بعض افعال شرک اور بعض بدعات محدثہ ہیں، یہ رسم واجب الترک ہے۔" (كفايت المفتی، كتاب العقائد، نواں باب: بدعات اور اقسام شرک: ۲۴۰/۱، دار الاشاعت)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com ools.com

جلاؤ، تاکہ حکومت سے وظیفہ بھی ملتا رہے اور خرافات ختم ہو جائیں۔ کیا اس کی شریعت مطہرہ اجازت دیتی ہے کہ عالم صاحب ایسا مشورہ دیں، نیز اگر خرافات کرتے رہیں تو یہ وظیفہ لینا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

وظیفہ کی خاطر عقائد و اعمال کو تباہ کرنے کی کب گنجائش ہو سکتی ہے، ہاں اگر مستقلاً تمام سال تلوار چلانے اور لاٹھی چلانے کی مشق کی جائے اور اس فن میں مہارت پیدا کرلیں اور جہاد کی نیت رہے تو ٹھیک ہے، خرافات کو بہر حال ختم کرنا چاہئے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح، بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

تعزیہ کے سامنے گتگا کھیلنا

سوال[۴۲۱]: محرم کے مہینے میں گتگا فری سے کھیل کھیلتے ہیں، یہ جائز ہے یا ناجائز، اس کی کیا اصلیت ہے؟ سنا جاتا ہے کہ یہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے جاری کیا ہے جان کی حفاظت کے لئے۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

محرم میں تعزیہ کے سامنے جو کھیلتے ہیں، شرعاً یہ بے اصل اور ناجائز ہے، یہ روافض کا طریقہ ہے، حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے ہرگز ثابت نہیں (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۳/۱/۵۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔

صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۶/محرم/۵۷ھ

تعزیہ اور ماتم شیعہ

سوال[۴۲۲]: ۱..... ہمارے بزرگوں نے منت مانی تھی کہ ہم تعزیہ بنایا کریں گے، اس وقت تک

---

(۱) "تعزیه داری در عشرهٔ محرم یا غیر آن و ساختن ضرائح ..... این همه امور بدعت است" الخ
(مجموعة الفتاوی علی هامش خلاصة الفتاوی: ۴/۳۴۴، امجد اکیڈمی لاهور)

اس پر عمل ہوتا چلا آ رہا ہے، ہم اور ہمارے بزرگ سنی اور حنفی ہیں، اب بعض لوگ منع کرتے ہیں کہ تعزیہ بنانا منع ہے اور اہل سنت یہ یقین رکھتے ہیں کہ اگر اپنے بزرگوں کی رسم کو چھوڑیں گے تو ضرر ضرور پہونچے گا، سائل ملتمس ہے کہ شرع شریف تعزیہ بنانے کا کیا حکم دیتی ہے؟

۲.....تعزیہ بنا کر رکھنا اور اس کی پرستش کرنا، ملیدہ (۱) وغیرہ چڑھانا، بخورات جلانا وغیرہ کا کیا حکم ہے؟

۳.....خالی مقام پر مصنوعی قبر جیسے تعزیہ مدار چلہ بڑے پیر صاحب کا روضہ وغیرہ بنا کر فاتحہ پڑھنا کیسا ہے؟

۴.....ایام محرم میں مجالس منعقد کرنا، اماموں کے نام کا کھچڑا پکانا، شربت پلانا، اپنی اولاد کو اماموں کا فقیر وغیرہ بنانا زندگی کی خاطر کیسا ہے اور ایسے شخص کا شرع میں کیا حکم ہے؟ اور بانی تعزیہ کا یہ عقیدہ رکھنا کہ تعزیہ نہ بنائیں گے تو کوئی نقصان جانی مالی پہنچ جائے گا، تو ایسا شخص از روئے قرآن پاک وحدیث رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیسا ہے؟

۵.....کیا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وصحابہ وتابعین وتبع تابعین دیگر سلف صالحین سے کہیں منقول ہے یا نہیں؟ اگر بنانا جائز ہے تو کس طریقہ سے بنایا جائے؟

۶.....کیونکہ ہم لوگ اپنے گاؤں کے مولویوں سے پوچھتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ اس حیلہ سے جو کچھ صدقہ خیرات کرتے ہیں اس کو بھی بند کر دیں گے، ویسے کون کرتا ہے؟

۷.....پھر یہ طریقہ ہندوستان میں از روئے تاریخ کس زمانے سے رائج ہے اور علماء نے اس وقت کیوں نہیں منع کیا؟ بینوا وتوجروا۔ سہرت خان، تراب علی صاحب، موضع جوندھروا ضلع گرزہ۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

۱.....تعزیہ کی منت درست نہیں ہوتی، جن بڑوں نے اس کی منت مان کر بنانا شروع کیا وہ غلطی پر تھے اور اس فعل کی وجہ سے گنہگار ہوئے اور آپ کو اس فعل میں ان کا اتباع کرنا جائز نہیں، تعزیہ وغیرہ ہرگز نہ بنایئے، قطعاً ترک کر دیجئے، ہرگز کوئی ضرر نہیں ہوگا۔ تعزیہ بنانا اور اس پر نذر ونیاز چڑھانا، اس سے منت مانگنا حرام و

---

(۱) ''روٹی کو ریزہ ریزہ کر کے اس میں گھی اور شکر ملا لیتے ہیں''۔ (فیروزہ اللغات، ص: ۱۲۸۵، فیروزہ سنز لاہور)

Made searchable using ScribeTools.com

شرک ہے(۱)۔

۲.....حرام وشرک ہے(۲)۔

۳.....یہ بھی سخت گناہ ہے اور شرک ہے(۳)۔

۴..... یہ جملہ افعال تعلیم اسلام کے خلاف اور اللہ پاک اور اس کے سچے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ناراضی کا سبب ہیں، سب سے توبہ لازم ہے(۴) ایسی چیزوں سے ایمان سالم نہیں رہتا، کچھ کھانا غرباء کو کھلا

---

(۱) "واعلم أن النذر الذی یقع للأموات من أکثر العوام، و ما یؤخذ من الدراهم و الشمع والزیت و نحوها إلی ضرائح الأولیاء الکرام تقرباً إلیهم، فهو بالإجماع باطل و حرام مالم یقصد وا صرفها لفقرآء الأنام، و قد ابتلی الناس بذلک.

قوله: (باطل و حرام) بوجوه : منهاأنه نذر لمخلوق ،والنذ للمخلوق لا یجوز ؛ لأنه عبادة ،والعبادة لا تکون لمخلوق ،و منها أن المنذور له میت ،والمیت لا یملک،و منها أنه إن ظن أن المیت یتصرف فی الأمور دون الله تعالیٰ ،و اعتقاده ذلک کفر". (الدر المختار مع رد المحتار،باب ما یفسد الصوم و ما لا یفسد، مطلب فی النذر الذی یقع للأموات: ۲/ ۴۳۹، سعید کراچی)

(۲) اکثر اقوام کے مشرکین کا عمل یہ رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو ماننے کے باوجود وہ بت پرستی کر کے بتوں کو بعض امور میں متصرف مانتے تھے اور بت پرستی کی ابتداء بھی اسی طرح ہوتی تھی کہ اپنے بزرگوں کی صورتوں کو رکھ کر پہلے تبرک سمجھتے تھے اور بعد میں اس کی پرستش شروع کی جاتی تھی۔ قال الله تعالیٰ:﴿ و لا تجعلوا لله أنداداً وأنتم تعلمون﴾. (البقرة : ۲۲)

"قیل: الند المشارک فی الجوهریة .....(أنداداً) والحال أنهم مازعموا أنها تماثله فی ذاته تعالیٰ وصفاته ،و لا تخالفه فی أفعاله ،و إنما عبدوها لتقربهم إلیه سبحانه زلفی ..... فإن المشرکین جعلوا الأصنام بحسب أفعالهم و أحوالهم مماثلةً له تعالیٰ فی العبادة ،و هی خطة شنعآء و صفة حمقآء، فی ذکر ها ما یستلزم تحمیقهم والتهکم بهم". (روح المعانی : ۱/ ۱۹۰، دار إحیاء التراث العربی)

(۳) قوم نوح علیہ السلام کے مشرکین کا عمل ہے.....قال الله تعالیٰ:﴿ و قالوا : لا تذرنّ وداً و لا سواعاً و لایغوث ویعوق و نسراً ، و قد أضلوا کثیراً﴾. الآیة (النوح: ۲۳)

"قال: کانوا قوماً صالحین من بنی آدم، و کان لهم أتباع یقتدون بهم، فلما ماتوا ، قال أصحابهم الذین کانوا یقتدون بهم: لو صوّرناهم کان أشوق لنا إلی العبادة إذا ذکرناهم ، فصوّروهم ، فلما ماتوا و جاء آخرون، دبّ إلیهم إبلیس ، فقال : إنما کانوا یعبدونهم ،و بهم یسقون المطر، =

کر یا نقد دے کر یا قرآن پاک پڑھ کر یا کوئی عبادت کر کے مردوں کو ثواب پہونچانا بغیر کسی تاریخ و ہیئت کے التزام کے شرعاً درست ہے(۱)۔

۵.....تعزیہ بنانا حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور صحابہ اور تابعین میں کسی سے ثابت نہیں۔

۶.....صدقہ خیرات جو کچھ کرنا ہو شریعت کے موافق محض خدا کے لئے کر دیا جائے، تعزیہ پر چڑھانے اور اس سے منت ماننے اور غیر اللہ کے نام پر کھانا کھلانے سے وہ کھانا بھی ناجائز ہو جاتا ہے، اس کا ثواب نہیں ہوتا بلکہ اس سے گناہ ہوتا ہے(۲)۔

۷..... ''**سوال**: زیارت تابوت تعزیہ وفاتحہ خواندن بر آں، ومرثیہ خواندن، وگفتن وشنیدن آں، وفریاد ونوحہ کردن، وسینہ کوبی نمودن، وجرح خوردن بماتم امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ، چہ حکم دارد؟

جواب: ایں چیزہا، نارواست، درکتاب السراج بروایۃ خطیب آوردہ: ''لعن اللّٰہ من زار بلا مزار، ولعن اللّٰہ من زار شبحاً بلا روح ''ومرثیہ گفتن وخواندن وشنیدن آں بشرطیکہ متضمن تحقیر واہانت اہل بیت یا نسبت بجناب الٰہی نباشد بخانۂ خود باکے ندارد، (الی قولہ): وفریاد ونوحہ کردن، وسینہ کوبی نمودن، وجرح

= فعبدوهم''. (تفسير ابن جرير الطبرى (النوح): ۲۲/۲۹، دار المعرفة بيروت، ودار إحياء التراث العربى، بيروت)

(وكذا فى روح المعانى : ۷۷/۲۹، داراحياء التراث العربى، بيروت)

(۴) ''لفظ غلامی بدو معنی استعمال میکنند .....دوم: بمعنی خادم نسبت کردن .....وبمعنی دم میتوان گفت، لیکن چوں لفظ موہم باشد، اہل اسلام رااین قسم الفاظ استعمال کردن نشاید، زیرا کہ شرک چنانچہ درعبادت وقدرت میشود، ہمیں قسم شرک درتسمیہ ہم میشود، وایں قسم نام نہادن شرک درتسمیہ است، ازیں ہم احتراز لازم ست، چنانچہ درترجمہ قرآن مسمی بفتح الرحمٰن درتحت آیت: ﴿فلما آتاهم صالحاً الخ﴾..... مذکور است کہ: درینجا دانستہ شد کہ شرک در تسمیہ نوعیست از شرک الخ''. (فتاوى عزيزى ،اقرار غلامى بزرگان كه نه بزر خريدن : ۵۰/۱، كتب خانه رحيمه ديوبند)

(۱) ''والأصل فيه أن الإنسان له أن يجعل ثواب عمله لغيره صلوةً أوصوماً أو صدقةً أوقرآءة قرآن أو ذكراً أو طوافاً أوحجاً أو عمرةً أو غير ذلك عند أصحابنا للكتاب والسنة''. (البحر الرائق ، باب الحج عن الغير : ۱۰۵/۳ ،رشيديه)

(۲) (راجع، ص: ۴۷، رقم الحاشية : ۱)

Made searchable using ScribeTools.com

خوردن ہمہ حرام است ودرحدیث است:"لیس منا من حلق و سلق و خرق"۔ ترجمہ:یعنی نیست از ما شخصے کہ جرح خوردوگریہ بآ وازنوحہ کندوگریباں درد، ونیز درحدیث است:" لیس منا من ضرب الخدود وشق الجیوب، و دعا بدعوی الجاهلیة" ایں ہردوحدیث درمشکوۃ المصابیح است(۱) فقط اھ"۔فتاویٰ عزیزی(۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۹/۱۲/۶۰ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، یکم/محرم/۶۱ھ۔

صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲/محرم/۶۱ھ۔

تعزیہ، مسجد، کعبہ میں فرق

سوال[۴۲۳]: ۱.....ایک شخص نے کہا ہے جوتعزیہ بناتے ہیں وہ لکڑیاں اور کاغذ ہے، اس میں کوئی ثواب نہیں یعنی فضول ہے، اس کے جواب میں دوسرے شخص نے کہا جیسے تعزیہ بدعت ہے اور لکڑی اور کاغذ کا بنا ہوا ہے، ایسے ہی مسجد مٹی کی اور کعبہ شریف پتھر کا بنا ہوا ہے وہ بھی بدعت ہے، اس کے متعلق شرعاً کیا حکم ہے؟

۲.....جوشخص تعزیہ بہ نیتِ ثواب اور تعظیم بنائے اور اہل السنّت والجماعت سے ہو، اس کے لئے شرعاً کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

۱،۲.....جوشخص مسجد اور کعبہ شریف کو بدعت کہتا ہے وہ بدعت کے معنی نہیں سمجھتا، وہ جاہل ہے، جس کام کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے ثواب سمجھ کر کیا ہو، قرآن شریف اور حدیث شریف میں اس کی فضیلت ہو وہ ہرگز بدعت نہیں ہوسکتا وہ عین ثواب ہے، بدعت وہ ہے جوان اکابر نے

---

(۱) (مشکوٰۃ المصابیح فی الحدیث الأول: بلفظ: أنا بری ممن خلق الخ، ص: ۱۵۰، باب البکاء علی المیت الفصل الاول، کتاب الجنائز، قدیمی)

(۲) (فتاوی عزیزی، زیارت قبر فرضی و تابوتِ تعزیه و نوحه و جرح خوردن: ۱/۱۴۴، کتب خانه رحیمه دیوبند)

Made Searchable by ScribeTools.com

نہ کیا ہو، نہ اس کے کرنے کا حکم دیا ہو، نہ شریعت نے اس کے کرنے کو ثواب کہا ہو(۱) چنانچہ تعزیہ ایسا ہی ہے، بلکہ اس کی ممانعت کتب فقہ میں مصرح ہے(۲) لہذا تعزیہ بنانا گناہ اور روافض کا شعار ہے اس سے ہر مسلم کو اجتناب ضروری ہے اور اس کو ثواب سمجھنا تو بہت بڑا گناہ ہے(۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۷/۱/۵۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، ۲۰/محرم/۵۷ھ۔

مجلس حسینی میں شرکت

سوال[۴۲۴]: ۱..... یادگار حسینی میں اہل سنت کی شرکت کا شرعاً کیا حکم ہے؟

۲..... جب کہ شیعہ اس کو بین الاقوامی جلسہ کہتے ہیں تو شرعاً اس کی تکذیب وتردید کرنے کا کیا حکم ہے؟

۳..... جو اہل سنت مقررین اس میں شریک ہوتے ہیں، ان کے متعلق عام مسلمانوں کو شرعاً کیا حکم ہے؟

۴..... اگر شرعاً یادگار حسینی کی شرکت جائز نہ ہو تو اس کے خلاف تبلیغ وسعی کرنے کا شرعاً کیا حکم ہے؟

۵..... جو سنی فتویٰ کے شائع ہوجانے کے بعد فتویٰ کے مطابق نہ کرے تو مسلمانوں کو اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟

المستفتی ناظر حسین۔

---

(۱) ''تعريف الشمنى لها (أى البدعة) بأنها ما أحدث على خلاف الحق الملتقى عن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من علم أو عمل أو حال بنوع شبهة واستحسان وجعل ديناً قويماً وصراطاً''. (رد المحتار، كتاب الصلاة، مطلب البدعة خمسة أقسام: ۱/۵۶۰، سعيد كراچى)

(۲) ''تعزیہ داری در عشرہ محرم، وساختن ضرائح، وصورت وغیرہ درست نیست، این ہمہ بدعت است بلکہ بدعت سیئہ است''۔ (فتاوی عزیزی، مسئلہ تعزیہ داری محرم وصورت: ۱/۷۵، کتب خانہ رحیمیہ دیوبند)

''تعزیہ داری در عشرہ محرم وغیرہ آن وساختن وصورت قبور..... وغیرہ ذلک این ہمہ بدعت است، نہ در قرن اول بود، نہ در قرن ثانی، نہ در قرن ثالث''۔ (مجموعة الفتاوى على هامش خلاصة الفتاوى، كتاب الكراهية: ۴/۳۴۴، امجد اكيڈمى)

(۳) تفصیل کے لے ملاحظہ ہو ''بدعات محرم اور تعزیہ داری'' تالیف مولانا محمد یامین صاحب قاسمی۔

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً:

اس تحریک کا لٹریچر ہم نے خود بھی پڑھا ہے اور کچھ ان کی تقریرات ورسائل کے اقتباسات جناب حکیم ریاض احمد صاحب ناظم مجلس حسینی گونڈہ کے مذکورہ بالا استفتاء کے ساتھ پہنچے تھے، ان کے لٹریچر سے ہم کو یہ بات واضح ہوگئی کہ یہ تحریک سنی مسلمانوں کو شیعیت کا شکار کرنے کے لئے جاری کی گئی ہے اور اس کا مقصد بجز روافض کی تبلیغ کے کچھ نہیں ہے، حکیم صاحب موصوف کا یہ استفتاء تقریباً دو ماہ ہوئے دارالافتاء مظاہر علوم سہارنپور میں آیا تھا، ہم اسی وقت تفصیل سے ان سوالات کے جوابات لکھ چکے ہیں اور ان میں ہی خیالات کا اظہار کر چکے ہیں جو حضرت علامہ مولانا عبدالشکور صاحب مدظلہ نے اس تحریک کے متعلق اظہار فرمائے ہیں، اس لئے ہم مولانا ممدوح کی تائید ونصرت کرتے ہیں اور اہل سنت سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اس تحریک سے خود بھی اجتناب کریں اور دوسروں کو بھی اس کے مفاسد سے بچائیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود حسن گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور

الجواب صحیح: عبداللطیف۔

الجواب صحیح: بندہ ظہورالحق مدرسہ مظاہر علوم

پنجتن پاک کا مصداق

سوال[۴۲۵]: حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت علی، فاطمہ، حسن، حسین رضی اللہ عنہم کو شامل کر کے پنجتن پاک کہنا صحیح ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

پنجتن کا مطلب اگر یہ ہے کہ ان سب کا مقام ودرجہ متحد ہے تو یہ غلط ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

---

(۱) "و منها: أن الولي لا يبلغ درجة النبي؛ لأن الأنبياء عليهم السلام معصومون مأمونون عن خوف الخاتمة، مكرمون بالوحي حتى في المنام و بمشاهدة الملائكة الكرام، مأمورون بتبليغ الأحكام و إرشاد الأنام بعد الاتصاف بكمالات الأولياء العظام، فما نقل عن بعض الكرامية من جواز كون الولي أفضل من النبي كفر وضلالة و إلحاد و جهالة". (شرح الفقه الأكبر للملا على القارى، ص: ۱۲۱، قديمى كتب خانه)

کیا شیعہ لوگ سنیوں کو نجاست کھلاتے ہیں؟

سوال[۴۲۶]: میں نے اکثر سنا ہے کہ شیعہ لوگ کھانے کی چیزیں تھوک کر اہل سنت والجماعت کو کھلاتے ہیں، کیا ان کے گھر کا کھانا کھا سکتے ہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

شیعہ لوگ عامۂ اہل سنت والجماعت کو نجاست کھانے میں ملا کر کھلانے کے عادی ہوتے ہیں، اگر موقع نہ ملے تو اس میں تھوک دیتے ہیں، اس لئے ان کے کھانے سے پرہیز کرنا چاہئے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۵/۶/۹۵ھ۔

شیعہ کے گھر کا کھانا

سوال[۴۲۷]: اہل تشیع کے گھر کا کھانا اور اس سے برتاؤ کیسا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اہل تشیع کے اکثر واقعات سنے ہیں کہ وہ اہل سنت والجماعت کو نجاست کھلا دیتے ہیں اس لئے ان کے گھر کا کھانا خلاف احتیاط ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۷/۱/۵۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، ۲۰/محرم/۵۷ھ۔

مذہب شیعہ اختیار کرنے والے کے ساتھ کیا برتاؤ کیا جائے؟

سوال[۴۲۸]: ۱..... ایک شخص سنی مذہب کا ہے اس نے مذہب شیعہ کا اختیار کیا ہے اور کسی سنی مذہب والے نے اس کے تمام کاروبار آمد و رفت برادرانہ کو قطع نہیں کیا اور ایسی حالت میں دوسرے سنی مذہب والے کو کیا کرنا چاہئے اور اس شیعہ ہو جانے والے کے ساتھ کیا برتاؤ برادرانہ کرنا چاہئے؟

۲.....شادی، ختنہ، عقیقہ وغیرہ تقریبات میں اس شیعہ ہونے والے کو بلا سکتے ہیں، یا نہیں نیز اس کے یہاں تقریبات میں شامل ہونا چاہئے یا نہیں؟

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً :

۱،۲.....شیعہ کے مختلف فرقے ہیں: جوفرقہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر تہمت زنا لگاتا ہے، یا حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے صحابی ہونے کا منکر ہے، یا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں اللہ تعالیٰ کا حلول مانتا ہے، یا ان کو نبی آخرالزماں اعتقاد کر کے حضرت جبرئیل علیہ السلام کے متعلق وحی پہنچانے میں غلطی کا معتقد ہے، یا قرآن کریم میں تحریف مانتا ہے وہ کافر ہے، اس سے تعلقات رکھنا، اس کے یہاں کھانا، پینا، آنا، جانا قطعاً ناجائز ہے۔

جوشخص ایسے فرقہ شیعہ سے تعلق رکھتا ہے اولاً اس کو نرمی سے مسئلہ سمجھا دیا جائے، اگر وہ نرمی سے نہ مانے تو اس سے قطع تعلق بھی کر دیا جائے تاکہ وہ تنگ آ کر باز آ جائے:

"لا شك فی تكفير من قذف السيدة عائشة رضی اللّٰه تعالیٰ عنها، أو أنكر صحبة الصديق رضی اللّٰه تعالیٰ عنه، أواعتقد الألوهية فی علي رضی اللّٰه تعالیٰ عنه، أو أن جبريل عليه السلام غلط فی الوحی ، أو نحو ذلك من الكفر الصريح المخالف للقرآن اهـ". شامی: ۴۵۳/۳ (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، ۹/شعبان/ ۵۵ھ۔

شیعہ کا رد فتاوی عالمگیری میں

سوال[۴۲۹]: کیا اورنگ زیب رحمہ اللہ تعالیٰ کے دور میں تعزیہ داری ہوتی تھی، اگر ہوتی تھی تو انہوں نے اس کو بند کیوں نہیں کیا؟ اور تعزیہ داری کہاں سے شروع ہوئی اور اس کی ایجاد کس نے کی؟ فقط۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

اورنگ زیب عالمگیر رحمہ اللہ تعالیٰ نے فتاویٰ عالمگیری تصنیف کرائی اور اس کے لئے پانچ سو علماء کو منتخب کیا، اور حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ کے والد بزرگوار حضرت شاہ عبدالرحیم صاحب رحمہ اللہ

(۱) (رد المحتار ، باب المرتد ، مطلب مهم فی حكم سب الشيخين : ۲۳۷/۴ ، سعيد)
(وكذا فی الفتاوى العالمكيرية ، كتاب السير ، الباب التاسع فی أحكام المرتدين: ۲۶۴/۲ ، رشيديه)

تعالیٰ کونگراں مقرر کیا، اس کتاب میں روافض کی شدید تردید کی گئی ہے اوران پر سخت حکم لگایا ہے، جیسا کہ اسی کتاب میں موجود ہے(۱)۔

جہاں تک یاد پڑتا ہے ساتویں صدی ہجری میں بعض شیعہ بادشاہوں سے تعزیہ داری شروع ہوئی ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۸/۱/۸۹ھ۔

جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصیت لکھنے کے لئے مرض الوفات میں قلم دوات طلب فرمانا

سوال[۴۳۰]: یہاں پر لوگوں میں یہ بات مشہور ہے کہ جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وصال کا وقت تھا اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جانکنی کا عالم تھا، آپ نے قلم دوات منگایا، اس پر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ہزیان بحران ہوگیا ہے۔ کیا یہ روایت بخاری شریف

---

(۱) "الرافضی إذا کان یسب الشیخین و یلعنهما -والعیاذ باللہ- فهو کافر، وإن کان یفضل علیاً کرم اللہ تعالیٰ وجهه علی أبی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنه لا یکون کافراً، إلا أنه مبتدع ..... و لو قذف عائشة رضی اللہ تعالیٰ عنها بالزنا کفر باللہ، و لو قذف سائر نسوة النبی ﷺ لا یکفر و یستحق اللعنة، و لو قال: عمر و عثمان و علی رضی اللہ عنهم لم یکونوا أصحاباً، لا یکفر و یستحق اللعنة ، کذا فی خزانة الفقه. و من أنکر إمامة أبی بکر الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنه فهو کافر، وعلی قول بعضهم: هو مبتدع و لیس بکافر، والصحیح أنه کافر، و کذلک من أنکر خلافة عمر رضی اللہ تعالیٰ عنه فی أصح الأقوال کذا فی الظهیریة. و یجب إکفارهم بإکفار عثمان و علي و طلحة و زبیر و عائشة رضی اللہ تعالیٰ عنهم، و یجب إکفار الزیدیة کلهم فی قولهم بانتظار نبی من العجم ینسخ دین نبینا و سیدنا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم، کذا فی الوجیز للکردری. و یجب إکفار الروافض فی قولهم برجعة الأموات إلی الدنیا و بتناسخ الأرواح و بانتقال روح الإله إلی الأئمة، و بقولهم فی خروج إمام باطن، و بتعطیلهم الأمر والنهی إلی أن یخرج الإمام الباطن، وبقولهم: إن جبرئیل علیه السلام غلط فی الوحی إلی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم دون علی بن أبی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنه، و هؤلاء القوم خارجون عن ملة الإسلام، و أحکامهم أحکام المرتدین کذا فی الظهیریة". (الفتاوی العالمکیریة ، کتاب السیر ، الباب التاسع فی أحکام المرتدین : ۲/۲۶۴، رشیدیه)

Made Searchable by ScribeTools.com
Made searchable using ScribeTools.com

وغیرہ میں ملتی ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

"حدثنا قتيبة قال: حدثنا سفيان عن سليمان الأحول عن سعيد بن جبير قال: قال ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما: يوم الخميس و ما يوم الخميس؟ اشتد برسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وجعه فقال: "ائتونى أكتب لكم كتاباً لن تضلوا بعده أبداً". فتنازعوا و لا ينبغى تنازع، فقالوا: ما شانه أهجر استفهموه، فذهبوا يردّون عنه، فقال: دعونى أنا فيه خير مما تدعوننى إليه" وأوصاهم بثلاث: قال: "أخرجوا المشركين من جزيرة العرب، و أجيزوا الوفد بنحو ما كنت أجيزهم". و سكت عن الثالثة أو قال: فنسيتها اهـ"۔ بخاری شریف: ۶۳۸/۲، پارہ:۱۸(۱)۔

بخاری شریف کی حدیث نقل کردی گئی، اس میں غور کرلیا جائے کہ کیا مطلب ہے؟ اور جو کچھ لوگوں میں مشہور ہے اس کی حقیقت واصلیت کیا ہے؟ اگر اس کے بعد بھی کوئی بات دریافت طلب ہو تو اس کو خط بھیج کر دریافت کرلیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۲/۱۰/۸۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۲/۱۰/۸۵ھ۔

صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم پر طعن و تشنیع

سوال[۴۳۱]: جو شخص صحابہ میں سے کسی صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کافر، مردود، ملعون یا دوزخی (نعوذ باللہ) بتلائے وہ کافر ہے یا مسلمان؟ اور کیا وہ شخص اہل سنت والجماعت سے خارج ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

وہ شخص اہل سنت والجماعت سے خارج ہے، جس کا ایمان نصوص قطعیہ سے ثابت ہو(۲) اس کو کافر

---

(۱) (صحيح البخارى، كتاب المغازى، باب مرض النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وقول الله تعالىٰ: ﴿إنك ميت و إنهم ميتون﴾: ۶۳۸/۲، قديمى)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿ والسابقون الأولون من المهاجرين والأنصار والذين اتبعوهم بإحسان، رضي الله عنهم =

کہنے سے خود اس کا ایمان باقی نہ رہے گا(۱) شرح فقہ اکبر میں اس کی مفصل بحث مذکور ہے(۲)۔صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کے متعلق کوئی کلمہ ادب کے خلاف ہرگز نہ کہا جائے (۳)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/ ۷/ ۸۷ھ۔

باغ فدک کے مطالبہ پر ناراضگی

سوال[۴۳۲]: حضرت بی بی فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے باغ فدک کی آمدنی نہ ملنے سے ناراض ہوجانا اور رحلت سے قبل حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے گفتگو و میل ملاپ ہوا یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

تحفہ اثناعشریہ(۴) اور فتاویٰ عزیزی(۵) میں شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے

= ورضوا عنه، و أعدلهم جنات تجرى تحتها الأنهر، خالدين فيها أبداً، ذلک الفوز العظيم﴾ (التوبة: ۱۰۰)

و قال تعالىٰ: ﴿لقد رضي الله عن المؤمنين إذ يبايعونک تحت الشجرة، فعلم ما في قلوبهم، فأنزل السكينة عليهم و أثابهم فتحاً قريباً﴾ (الفتح: ۱۸)

(۱) "عن أبى ذر رضى الله تعالىٰ عنه أنه سمع النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول:" لا يرمى رجل رجلاً بالفسوق، و لا يرميه بالكفر، إلا ارتدت عليه إن لم يكن صاحبه كذلک". (صحيح البخارى، كتاب الأدب، باب ما ينهى عن السباب واللعن: ۸۹۳/۲، قديمى)

(۲)(شرح الفقه الأكبر للملا على القاري، ص: ۷۰، قديمى)

(۳) "ويكف عن ذكر الصحابة رضى الله تعالىٰ عنهم إلا بخير لما ورد من الأحاديث الصحيحة فى مناقبهم، ووجوب الكف عن الطعن فيهم كقوله عليه السلام :"لا تسبوا أصحابي، فلو أن أحدكم إن أنفق مثل أحد ذهباً ما بلغ مد أحدهم و لا نصيفه". و كقوله عليه السلام : "أكرموا أصحابى، فإنهم خياركم". الحديث (شرح العقائد النسفية للتفتازانى، ص: ۱۱۶، المطبع اليوسفى)

(وكذا فى شرح الفقه الأكبر للملا علي القارى، ص: ۷۱، قديمى)

(۴) (تحفہ اثنا عشریہ (اردو) باب خلفاء ثلاثہ وکبار صحابہ پر مطاعن اور ان کے جواب، ص: ۵۴۴، ۵۴۵، دار الاشاعت)

(۵) "شیخ عبدالحق رحمہ اللہ تعالیٰ نے لکھا ہے کہ اس واقعہ کے بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا =

Made searchable using ScribeTools.com

تحریر فرمایا ہے کہ ''پھر آپس کی صفائی ہوگئی تھی اور بی بی فاطمہ نے فرمادیا تھا کہ میں اب (اس حدیث کو سن کر جس میں ہے کہ انبیاء کے ترکہ میں میراث جاری نہیں ہوتی، بلکہ وہ صدقہ ہوتا ہے) آپ سے ناراض نہیں ہوں''۔

اہل تشیع کی معتبر کتاب "محجاج السالکین" میں یہ موجود ہے(۱)۔

بخاری شریف وغیرہ میں جو مذکور ہے کہ پھر کلام نہیں کیا یہاں تک کہ وفات ہوگئی، اس کے علماء نے دو مطلب بیان کئے ہیں: ایک یہ کہ اس معاملہ میں کلام نہیں کیا، دوسرا یہ کہ حضرت ابوبکر ان کے محرم نہیں ہیں، نیز مکان بھی متصل نہیں تھا (کیونکہ حضرت ابوبکر عوالی میں رہتے تھے) پھر نامحرم اور غیر پڑوسی سے کلام کرنے کی کیا ضرورت تھی، تو کلام نہ کرنا اصل ہوا، صرف ایک مرتبہ بضرورت کلام کیا تھا، پھر کبھی کلام کی نوبت نہیں آئی (۲)۔

فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

= کے گھر تشریف لے گئے، دھوپ میں دروازہ پر کھڑے ہوئے عذر خواہی کی اور حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے خوش ہوگئیں''۔(فتاوی عزیزی (اردو)، ص: ۶۶، سعید)

(۱) "إن أبا بكر رضي الله تعالىٰ عنه لما رأى أن فاطمة انقبضت عنه و هجرته و لم يتكلم بعد ذلك في أمر فدك، كبر ذلك عنده، فأراد استرضائها، فأتاها فقال لها: صدقت يا ابنة رسول الله فيما ادعيت و لكني رأيت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقسمها فيعطى الفقرآء والمساكين وابن السبيل بعد أن يؤتى منها قوتكم والصانعين بها، فقالت: افعل فيها كما كان أبِي رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يفعل فيها، فقال: ولك الله عليّ أن أفعل فيها ما كان يفعل أبوك، فقالت: والله لتفعلن، فقال: والله لأفعلن، فقالت: أللهم اشهد، فرضيت بذلك و أخذت العهد عليه، وكان أبو بكر يعطيهم منها قوتهم و يقسم الباقي فيعطى الفقرآء و المساكين وابن السبيل". (محجاج السالكين بحوالہ تحفہ اثناعشریہ (اردو) باب نمبر ۱۰، ''خلفاء ثلاثہ وکبار صحابہ پر مطاعن اور ان کے جواب، ص: ۵۴۵، دار الاشاعت کراچی)

(و كذا في تاليفات رشيديه، هداية الشيعة، ص: ۵۶۵، اداره اسلاميات)

(۲) "أن معنى قول فاطمة رضى الله تعالىٰ عنها لأبى بكر و عمر: لا أكلمكما: أى فى هذا الميراث". (فتح البارى، كتاب الجهاد، باب فرض الخمس: ۲۴۸/۶، قديمى)

"قال المهلب: إنما كان هجرها انقباضاً عن لقائه و ترك مواصلته، و ليس هذا من الهجران المحرم، و أما المحرم من ذلك أن يلتقيا فلا يسلم أحدهما على صاحبه، و لم يرو أحد أنهما التقيا و امتنعا عن التسليم، ولو فعلا ذلك لم يكونا متهاجرين إلا أن تكون النفوس مظهرةً للعداوة والهجران، و =

باغ فدک

سوال[۴۳۳]: باغ فدک کیا تھا؟اس پر کس کا حق تھا؟اس کو کس نے غصب کیا؟ذرا انصاف سے بتایئے۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

باغ فدک کا لفظ ہی بتا رہا ہے کہ یہ باغ تھا، حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اہل بیت اور ازواج مطہرات کے نفقات اس سے پورے کئے جاتے تھے، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس کے متولی ہوئے اور حضرت رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نائب اور خلیفہ برحق ہونے کی حیثیت سے آپ کی ہی طرح اس کی آمدنی خرچ کرتے تھے، پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی یہی عمل کیا، البتہ حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو منتظم تجویز فرمادیا تھا(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح، بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

= إنما لازمت بيتها فعبر الراوي عن ذلک بالهجران". (عمدة القاری ، كتاب الجهاد ، باب فرض الخمس : ۱۵/ ۲۰، إدارة الطباعة المنيرية دمشق)

"فغضبت فاطمة بنت رسول الله صلى الله عليه وسلم فهجرت أبابكر فلم تزل مهاجرته حتى توفيت". (صحيح البخاری، كتاب الجهاد، باب فرض الخمس: ۱/۴۳۵، قديمی)

(۱) صحیح بخاری میں ایک طویل حدیث کے آخر میں یہ الفاظ ہیں:

"قال عمر:ثم توفى الله نبيه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ، فقال أبو بكر : أنا ولى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقبضها أبو بكر، فعمل فيها بما عمل رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، والله يعلم إنه فيها لصادق بارٌّ راشد تابع للحق، ثم توفى الله أبا بكر فكنت أنا ولى أبى بكر فقبضتها سنتين من إمارتى، أعمل فيها بما عمل رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و بما عمل فيها أبو بكر، والله يعلم إنى فيها لصادق بار راشد تابع للحق. ثم جئتمانى تكلمانى و كلمتكما واحدةً و أمرُكما واحد، جئتنى يا عباس! تسألنى نصيبک من ابن أخيک و جاء نى هذا "يريد علياً"، يريد نصيب امرأته من أبيها، فقلت لكما : إن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "لا نورث ما تركنا صدقةً". فلما بدالى أن أدفعه إليكما ، قلت: إن شئتما دفعتها إليكما على أن عليكما عهد الله و ميثاقه، لتعملان فيها بما عمل فيها =

Made searchable using ScribeTools.com

حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ناراضگی

سوال[۴۳۴]: صحیح بخاری "باب فضیلة فاطمة" میں ہے کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کی منکر تھیں، جب تک زندہ رہیں ان سے باتیں نہیں کیں، اس لئے کہ ان لوگوں نے مجھے بہت اذیت دی ہے، وفات کے قریب حضرت سیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ یہ لوگ میرے جنازہ پر نہ آئیں، بلکہ حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا جنازہ رات کی تاریکی میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جنت البقیع میں دفن کیا۔ اس حدیث کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

صحیح بخاری شریف میں اس طرح نہیں ہے، جس نے یہ کہا اس نے بہتان باندھا، ورنہ وہ صحیح بخاری شریف کی اصل عبارت پیش کرے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح، بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے جنازہ میں صحابہ کرامؓ کی شرکت

سوال[۴۳۵]: رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی تجہیز و تکفین میں بجز امیر المومنین علی و عباس کے کوئی شریک نہ تھا، کیا یہ صحیح ہے؟ اگر صحیح ہے تو اس کی کیا وجہ ہے۔

چوں صحابہ حب دنیا داشتند مصطفیٰ را بے کفن انداختند

کیا سیدہ خاتون جنت رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور علی مرتضی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرات شیخین سے ہمیشہ کبیدہ

= رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و بما عمل فيها أبو بكر و بما عملت فيها منذ وليتها، فقلتما: ادفعها إلينا، فبذلک دفعتها إليكما ، فأنشدكم بالله هل دفعتها إليهما بذلک؟ قال الرهط : نعم ، ثم أقبل على علىّ و عباس ، فقال : أنشد كما بالله هل دفعتها إليكما بذلک؟ قالا : نعم ..... اهـ". (صحيح البخارى ، كتاب الجهاد ، باب فرض الخمس : ۱/۴۳۵، ۴۳۶، قديمى)

(۱) "بل الحديث على غير هذا المعنى، و ليست تلک الواقعة بمذكورة فى مناقب فاطمة رضى الله تعالىٰ عنها، بل ذكر الواقعة البخارىؒ فى كتاب الجهاد ، كما مر تحت عنوان : باغ فدک"۔

Made Searchable by ScribeTools.com

خاطر رہتے تھے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

تجہیز وتکفین سب کی عادۃً اہل خاندان ہی کیا کرتے ہیں، البتہ جنازہ لے جانے، نماز پڑھنے، دفن کرنے میں اَور سب بھی شریک ہوتے ہیں، اس کو کینہ پر محمول کرنا کینہ پَرور لوگوں کا کام ہے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ تو حضرات شیخین کے بے حد معتقد تھے، وہاں کینہ کا کیا کام ہے؟ (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/۳/۸۸ھ۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاتھ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیعت

سوال[۴۳۶]: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کچھ عرصہ بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مسجد میں بیعت کی تھی اور فرمایا تھا کہ خلیفہ اول بننے کے مستحق آپ ہیں اور تصدیق کی کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ حق پر تھے، جو فدک کی آمدنی مجھ کو نہ دی اور وراثت میں، مجھ میں حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کوئی رنج نہ تھا۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

یہ کچھ عرصہ بعد جو مسجد میں بیعت کی تھی، یہ دوبارہ علی الاعلان بیعت کی تھی تاکہ کسی کو یہ شبہ نہ رہے کہ انہوں نے بیعت نہیں کی، ورنہ اولاً اس سے عرصہ پہلے سے بیعت کر چکے تھے (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

---

(۱) "عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال: إنی لواقف في قوم فدعَوُا اللہ لعُمَرَ و قد وُضِع علی سریرہ، إذا رجل من خلفی قد وضع مرفقه علی منکبی، یقول: یرحمک اللہ إنی لأرجو أن یجعلک مع صاحبیک؛ لأنی کثیراً ما کنت أسمع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یقول: "کنت و أبوبکر و عمر، وفعلت وأبوبکر وعمر، وانطلقت و أبو بکر و عمر، و دخلت و أبو بکر و عمر، و خرجت و أبو بکر و عمر". فالتفتُّ فإذا علی ابن أبی طالب". (مشکاۃ المصابیح، کتاب المناقب، باب مناقب أبی بکر و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما: ۲/۵۵۹، قدیمی)

(۲) ایک روایت میں تصریح ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سعد بن عبادۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھر میں بیعت کر چکے تھے۔

"عن أبی سعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قبض رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم و اجتمع الناس فی دار سعد بن عبادة رضی اللہ تعالیٰ عنه و فیهم أبو بکر و عمر ..... ثم نظر فی وجوہ =

Made searchable using ScribeTools.com

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دختر علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نکاح

سوال[۴۳۷]: ایک اہل تشیع نے کہا تھا کہ حضرت سیدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پانچ سال کی لڑکی سے نکاح کیا تھا، کہاں تک درست ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

وہ لڑکی کون تھی اور صرف نکاح کیا تھا یا ہمبستری بھی جب ہی کر لی تھی تو ثبوت دیا جائے۔ اگر ہمبستری جب نہیں کی تھی، بلکہ بعد بلوغ کی تھی تو یہ کونسا جرم ہے؟ جب کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کیا تو اس وقت ان کی عمر چھ سال کی تھی، مگر ہمبستری اس وقت نہیں کی بلکہ بعد بلوغ کی ہے(۱) اگر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر اعتراض ہے تو یہ لوگ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے متعلق کیا کہیں گے؟ نیز جس لڑکی سے نکاح کیا تھا وہ خود تو اپنا عقد شرعاً (نابالغہ ہونے کی وجہ سے) کر نہیں سکتی تھی، لامحالہ اس کے ولی نے کیا ہوگا تو یہ اعتراض ولی پر ہوگا۔

اس اہل تشیع سے دریافت کیجئے کہ اس لڑکی کا ولی کون تھا؟ تب اس کو معلوم ہوگا کہ اعتراض کہاں تک پہونچتا ہے؟ اور اس ولی پر اعتراض کرنے کو تیار ہے یا نہیں؟ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

تطہیر اہل بیت

سوال[۴۳۸]: آیت تطہیر کے مصداق ومخاطب حضرت علی، فاطمہ، حسن، حسین ہیں یا نہیں؟ صرف ازواج پاک کو اہل بیت قرآنی کہنا اور ان حضرات کو اہل بیت قرآنی نہ کہنا صحیح ہے یا نہیں؟

= القوم فلم یر علیاً رضی اللہ تعالیٰ عنہ، فدعا به فجاء، فقال: قلت: ابن عم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم و ختنه علی ابنته، أردت أن تشق عصا المسلمین! فقال: لا تثریب یا خلیفة رسول اللہ! فبایعه". (تاریخ الخلفاء، فصل فی مبایعته رضی اللہ تعالیٰ عنه، ص: ۶۰، مؤسسة الکتب الثقافیة)

(۱) "عن عائشة رضی اللہ تعالیٰ عنها أن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم تزوجها و هي بنت ست سنین، و بنی بها و هي بنت تسع سنین". (صحیح البخاری، کتاب النکاح، باب تزویج الأب ابنته من الإمام: ۲/ ۷۷۱، قدیمی)

الجواب حامداً و مصلیاً:

آیت تطہیر:﴿ إنما یرید اللّٰہ لیذھب عنکم الرجس أھل البیت و یطھر کم تطھیراً﴾(۱) میں اہل بیت کا مصداق ازواج النبی ہیں جیسا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: "نزلت فی نساء النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم خاصةً اھـ". در منثور" (۲) البتہ حدیث سے ان دیگر حضرات کا بھی اہل بیت ہونا ثابت ہے: " أللھم ھؤلاء أھل بیتی، فاذھب عنھم الرجس و طھرھم تطھیراً"۔ الحدیث (۳) فقط واللہ سبحانہ اعلم۔

بارہ امام

سوال[۴۳۹]: ازروئے مذہب اہل سنت والجماعت کیا یہ حدیث صحیح ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ

---

(۱) (الأحزاب : ۳۳)

(۲) (الدر المنثور (الأحزاب : ۳۳): ۱۶۸/۵، مؤسسة الرسالة)

(۳) (الد المنثور المصدر السابق)

"عن ابن عباس رضی اللّٰہ تعالیٰ عنھما فی قولہ تعالیٰ :﴿ إنما یرید اللّٰہ لیذھب عنکم الرجس أھل البیت﴾. قال: نزلت فی نساء النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم خاصةً".

"عن أم سلمة رضی اللّٰہ تعالیٰ عنھا قالت: جاء ت فاطمة رضی اللّٰہ تعالیٰ عنھا إلی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم ببرمة لھا قد صنعت فیھا عصیدةً ، تحملھا علی طبق، فوضعتھا بین یدیہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال: "أین ابن عمک وابناک ؟" فقالت رضی اللّٰہ تعالیٰ عنھا: فی البیت ، فقال صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم : "ادعیھم" فجاء ت إلی علي رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ فقالت: أجب رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم أنت و ابناک ، قالت أم سلمة رضی اللّٰہ تعالیٰ عنھا : فلما رآھم مقبلین مدّ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم یدہ إلی کساء کان علی المنامة، فمدہ و بسطہ و أجلسھم علیہ، ثم أخذ بأطراف الکساء الأربعة بشمالہ ، فضمہ فوق رؤوسھم ، و أ ومأ بیدہ الیمنی إلی ربہ فقال: "أللھم ھؤلاء أھل بیتی ، فاذھب عنھم الرجس و طھرھم تطھیراً". (تفسیر ابن کثیر (الأحزاب : ۳۳): ۳/ ۶۳۸، ۶۳۹، مکتبہ دار الفیحاء بیروت)

(وکذا فی روح المعانی (الأحزاب : ۳۳): ۱۳/۲۲، ۱۴، دار الفیحاء بیروت)

Made searchable using ScribeTools.com

تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ بعد میرے بارہ خلیفہ ہوں گے؟ اگر یہ حدیث صحیح ہے تو ان کے نام تحریر فرمائیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

یہ حدیث صحیح ہے(۱)، بارہ خلفاء کے نام حدیث شریف میں مذکور ہیں(۲)، اس حدیث کے مطلب میں مختلف اقوال ہیں: ایک قول یہ ہے کہ جمیع مدت اسلام میں بارہ خلفاء ہوں گے اور قیامت سے پہلے پہلے پورے ہوجائیں گے، یہ ضروری نہیں کہ وہ مسلسل ہوں، یہ بھی ضروری نہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد ہی متصل ہوں۔ ایک قول یہ ہے کہ بارہ کے بارہ ایک وقت میں خلافت کے مدعی ہوں گے۔ ایک یہ ہے کہ بارہ امام مہدی کے بعد ہوں گے اور ان کے بعد گویا قیامت شروع ہوجائے گی۔ ایک یہ ہے کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ

---

(۱) "عن جابر بن سمرة رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یقول: "لایزال الإسلام عزیزاً إلی اثنی عشر خلیفةً کلهم من قریش، و فی روایة: لا یزال أمر الناس ماضیاً ما ولیهم اثنا عشر رجلاً کلهم من قریش، وفی روایة: "لا یزال الدین قائماً حتی تقوم الساعة أو یکون علیهم اثنا عشر خلیفةً، کلهم من قریش". متفق علیه". (مشکوة المصابیح، باب مناقب قریش و ذکر القبائل، ص: ۵۵۰، قدیمی)

(۲) بارہ خلفاء کے نام حدیث شریف میں تو نہیں ملے البتہ دوسری کتب میں موجود ہیں۔

"والذی وقع أن الناس اجتمعوا علی أبي بکر ثم عمر ثم عثمان ثم علیّ إلی أن وقع أمر الحکمین فی صفین، فسمي معاویة یومئذ بالخلافة، ثم اجتمع الناس علی معاویة عند صلح الحسن، ثم اجتمعوا علی ولده یزید، و لم ینتظم للحسین أمر بل قتل قبل ذلک، ثم لما مات یزید وقع الاختلاف إلی أن اجتمعوا علی عبد الملک بن مروان بعد قتل ابن الزبیر، ثم اجتمعوا علی أولاده الأربعة: الولید ثم سلیمان ثم یزید ثم هشام، وتخلل بین سلیمان و یزید عمر بن عبد العزیز، فهؤلاء سبعة بعد الخلفاء الراشدین، والثاني عشر هو الولید بن یزید بن عبد الملک اجتمع الناس علیه لما مات عمه هشام". (فتح الباری، کتاب الأحکام، باب بعد باب الاستخلاف: ۱۳/۲۶۴، ۲۶۵، قدیمی کتب خانه)

(و کذا فی تاریخ الخلفاء للسیوطی، فصل فی مدة الخلافة فی الإسلام، ص: ۱۶، مؤسسة الکتب الثقافیة)

(و کذا فی النبراس، ص: ۳۰۸، امدادیه ملتان)

تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد متصلاً ان کا سلسلہ شروع ہوجائے گا(۱)۔خلفاء بارہ ہوں گے، چنانچہ وہ بارہ خلیفہ مسلسل گزر چکے ہیں جن کوسب جانتے ہیں .....عربی، فارسی، اردوسب تاریخوں میں سلسلہ واران کے نام موجود ہیں، جن میں یزیدابن معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی داخل ہیں اوراس صورت میں اس حدیث سے ان بارہ خلفاء کی کچھ فضیلت مقصودنہیں کہ وہ سب سے افضل ہوں گے، بلکہ مطلب یہ ہے کہ ان کوتسلط تام ہوگا اور یہ ایک پیشینگوئی ہے(۲)۔

روافض کی رائے ہے کہ وہ ائمہ معصومین ہیں(۳) اَوربھی اقوال ہیں۔بذل المجہود شرح ابوداودشریف ۱۰۰/۵، فتح الباری شرح بخاری ۱۸۴/۱۳، تاریخ الخلفاء، ص:۱۲ میں اس حدیث کی شرح تفصیل سے مذکور ہے(۴) یزید کے متعلق امام اعظم ابوحنیفہ فرماتے ہیں کہ سکوت اورتوقف کرنا چاہئے، نہ اس کوکافر کہا جائے نہ

---

(۱) "فقوم قالوا: يكونون بتوالي إماراتهم ،و قوم قالوا: يكونون في زمن واحد، كلهم يدعي الإمارة ..... ويحتمل أن يكون المراد أن يكون "اثنا عشر" في مدة عزة الخلافة و قوة الإسلام واستقامة أموره والاجتماع على من يقوم بالخلافة .... فقال أبو الحسين بن المنادى فى الجزء الذى جمعه في المهدي: يحتمل في معنى حديث "يكون اثنا عشر خليفةً" أن يكون هذا بعد المهدي الذي يخرج فى آخر الزمان ..... أن المراد وجود اثني عشر خليفةً في جميع مدة الإسلام إلى يوم القيامة يعملون بالحق و إن لم تتوالي أيامهم".
(فتح البارى ، كتاب الأحكام ، باب بعد باب الاستخلاف :۱۳/۲۶۲، ۲۶۴، قديمى)

(۲) "قال القاضي عياض: لعل المراد بالإثنى عشر فى هذه الأحاديث و ما شابهها أنهم يكونون فى مدة عزة الخلافة و قوة الإسلام و استقامة أموره والاجتماع على من يقوم بالخلافة ، و قد وجد هذا فيمن اجتمع عليه الناس إلى اضطراب أمر بني أمية، و وقعت بينهم الفتنة زمن الوليد بن يزيد". (تاريخ الخلفاء للسيوطى، فصل فى مدة الخلافة فى الإسلام ، ص:۱۶ ، مؤسسة الكتب الثقافية)
(وكذا فى فتح البارى ، كتاب الأحكام ، باب بعد باب الاستخلاف :۱۳/۲۶۳، قديمى)

(۳) "وشیعہ، خصوصاً امامیہ و اسماعیلیہ گویند کہ عصمت از خطا در علم و از گناہ در عمل بمعنی امتناع صدور کہ خاصہ ٔانبیاء ست شرط امامت است". (تحفہ ٔاثنا عشریہ ، باب ہفتم در امامت ، ص:۱۷۸ ، سہیل اکیڈمی لاہور)

(۴) (بذل المجهود شرح أبي داؤد ، أول كتاب المهدى : ۶/۱۰۰، ۱۰۱ ، قاسميه ملتان)
(وفتح البارى ، كتاب الأحكام ، باب بعد باب الاستخلاف : ۱۳/۲۶۱، قديمى)
(وتاريخ الخلفاء للسيوطى، فصل فى مدة الخلافة فى الإسلام ، ص:۱۶ ، مؤسسة الكتب الثقافية)

Made searchable using ScribeTools.com

اس پر لعنت کی جائے، بلکہ اس کے امر کو خداوند تعالیٰ کے حوالہ کر دینا چاہئے (۱)۔

جن علماء کو تحقیق سے ثابت ہے کہ یزید بن معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں کفریہ افعال موجود ہیں وہ لعن یزید اور تکفیر کو جائز قرار دیتے ہیں، پس حنفی کو اس بارے میں توقف کرنا چاہئے اور تکفیر منع ہے، تاہم اگر لعنت اور تکفیر کرے گا تب بھی دائرہ اسلام سے خارج نہ ہوگا، کیونکہ امام احمد بن حنبل، علامہ کیا ہراسی شافعی سے تکفیر منقول ہے (۲)، لیکن امام غزالیؒ اور دوسرے علماء شافعیہ اور اکثر احناف نے تصریح کی ہے کہ اس کی تکفیر اور اس پر لعنت کرنا منع ہے، پس سکوت چاہئے، واجب کسی نے نہیں کہا (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۲/ رجب/ ۵۷ھ۔

بارہ امام

سوال [۴۴۰]: علماء تشیع کا بیان ہے کہ بارہ امام خدا کے مقرر کردہ ہیں اور دوسروں کے امام ہیں، جن کا نام امام بندوں نے انتخاب کیا ہے، لیکن صرف تین سے کام نہ چل سکنے کی بنا پر ایک اَور کو شامل کر لیا، اس طرح اماموں کی تعداد چار ہوگئی۔ ہر زمانہ میں امام کا انتخاب عمل میں آتا ہے، اس لئے تین کو رضوان اللہ علیہم اجمعین کہتے ہیں، اور چوتھے کو کرم اللہ وجہہ کہتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ بارہ امام جن کا انتخاب خدا نے کیا ہے وہ صحیح ہیں اور دوسرے غلط ہیں، من گڑھت ہیں۔

---

(۱) "و قیل: لا (یکون کافراً) إذا لم یثبت لنا عنه تلک الأسباب الموجبة: أي لکفره، و حقیقة الأمر التوقف فیه، و مرجع أمره إلی الله سبحانه". (شرح الفقه الأکبر للملا علي القاري، ص: ۷۳، قدیمی)

(۲) "و اختلف فی إکفار یزید، قیل: نعم، یعنی لما ورد عنه ما یدل علی إکفاره من تحلیل الخمر، ومن تفوهه بعد قتل الحسین و أصحابه: إنی جازیتهم بما فعلوا بأشیاخ قریش وصنادیدهم فی بدر و أمثال ذلک، و لعل وجه ما قال الإمام أحمد رحمه الله تعالیٰ بتکفیره بما ثبت عنده من نقل تقریره". (شرح الفقه الأکبر للملا علی القاري، ص: ۷۳، قدیمی)

(۳) "فإن قیل: هل یجوز لعن یزید؛ لأنه قاتل الحسین أو آمر به؟ قلنا: هذا لم یثبت أصلاً، فلا یجوز أن یقال: إنه قتله أو أمر به مالم یثبت، فضلاً عن اللعنة". (إحیاء علوم الدین، کتاب آفات اللسان، الآفة الثامنة اللعن: ۳/ ۱۵۱، حقانیه پشاور)

کربلا کی جنگ کی اصل وجہ بھی یہی ہے کہ یزید نے حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مطالبہ کیا تھا کہ آپ اپنی فہرست سے ۱۲ میں ایک کم کر کے میرا نام درج کرلیں، بعد شہادت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سکینہ سے بھی یہی مطالبہ کیا گیا ہے۔ دریافت طلب امر یہ ہے کہ مندرجہ بالا بیان کیا واقعی صداقت پر مبنی ہے؟ اگر نہیں تو قرآن و حدیث سے مطلع فرمائیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

ان علمائے تشیع سے پوچھ کر قرآن پاک کی وہ آیت لکھیں جس میں بارہ اماموں کو نام بنام متعین کیا گیا ہو۔ اگر حدیث شریف میں ان کے نام حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمائے ہوں تو وہ حدیث ان سے دریافت کر کے الفاظ حدیث مع تعیین کتاب وسندِ حدیث تحریر کریں۔ وہ علماء نہ نص قرآنی پیش کرسکیں گے، نہ حدیث مستند ﴿فإن لم تفعلوا و لن تفعلوا فاتقوا النار﴾ (۱)۔ اگر ہم کوئی دعویٰ کریں تو دلیل کا مطالبہ ہم سے کیا جاوے، اگر شیعہ دعویٰ کریں تو ان سے دلیل کا مطالبہ کیا جاوے۔ آپ کا تحریر کردہ دعویٰ شیعہ کی طرف سے ہے، اس کی دلیل کا مطالبہ ان سے کیا جائے گا، جب وہ دلیل پیش کریں گے تو آگے پھر کسی دوسری بات کا نمبر ہوگا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۴/۹۰ھ۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شان میں ایک شعر

سوال[۴۴۱]: وعلی الغالب کل الغالب أمیر المؤمنین علی ابن أبی طالب

یہ عبارت کیسی ہے؟ اس کا مصنف اور پڑھنے والے کے لئے کیا فتویٰ ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اس عبارت میں تاویل کر کے مطلب بنالینا اگرچہ ممکن ہے، لیکن ظاہری لفظ کے اعتبار سے اس میں ایک فرقہ ضالہ باطلہ کے ساتھ تشبہ ہے اور اس کے عقیدہ فاسدہ کی اس سے تائید ہوتی ہے (۲) لہٰذا اس سے پرہیز لازم ہے، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تعریفیں حدیث شریف میں موجود ہیں جو کہ واقعی اور صحیح ہیں، ان کو

---

(۱) (البقرة: ۲۴)

(۲) ''وہ فرقہ ضالہ مذہب شعیہ ہے، ان کا عقیدہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد خلافت کے مستحق حضرت علی کرم اللہ وجہہ تھے اور ان کا یہ خیال باطل ہے''۔ ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

بیان کیا جائے (۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند،۱۰/۱/۸۹ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند،۱۰/۱/۸۹ھ۔

حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مقام

سوال[۴۴۲]: جو شخص حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو صحابی نہ مانے اور ان کی برائی کرے، وہ شخص کیسا ہے اور ایسے شخص کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ اور حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ صحابی تھے یا نہیں اور اگر صحابی تھے تو کس مرتبہ پر تھے اور ان کے صحابی ہونے کی کیا دلیل ہے؟

محبّ اللہ گیاوی امام مسجد شاہ جی کی سرائے۔

= كما قال القاری رحمه الله تعالیٰ تحت قوله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لعلی رضی الله تعالیٰ عنه:"(أنت منی بمنزلة هارون من موسی)". الحدیث: "و فی شرح مسلم : قال القاضی عیاض : هذا مما تعلقت به الروافض وسائر فرق الشیعة أن الخلافة كانت حقاً لعلی رضی الله تعالیٰ عنه أنه وصی له بها، فكفّرت الروافض سائر الصحابة بتقدیمهم غیره ،و زاد بعضهم : فكفر علیاً ؛ لأنه لم یقم فی طلب حقه ..... و لا شك فی تكفیر هؤلاء ؛ لأن من كفر الأمة كلها والصدر الأول خصوصاً، فقد أبطل الشریعة و هدم الإسلام ،و لا حجة فی الحدیث لأحد منهم ،..... و لیس فیه دلالة علی استخلافه بعده ؛ لأن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم إنما قال هذا حین استخلفه علی المدینة فی غزوة تبوك ، و یؤید هذا أن هارون المشبه به لم یكن خلیفةً بعد موسی ؛ لأنه توفی قبل وفاة موسی بنحو أربعین سنةً، و إنما استخلفه حین ذهب لمیقات ربه للمناجات".(المرقاة شرح المشكاة ،كتاب المناقب ، باب مناقب علی بن أبی طالب رضی الله تعالیٰ عنه ، الفصل الأول: ۱۰/۴۵۵، مكتبه حقانیه پشاور)

(۱) من جملہ فضائل میں سے یہ ہے:

"وعن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنه قال: آخی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بین أصحابه ، فجآء علیّ تدمع عیناه ، فقال : آخیت بین أصحابك ، ولم تؤاخ بینی و بین أحد، فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : "أنت أخی فی الدنیا والآخرة". رواه الترمذی". (مرقاة المفاتیح، باب مناقب علي رضی الله تعالیٰ عنه ،الفصل الثانی : ۱۰/۴۶۵، رشیدیه)

الجواب حامداً و مصلیاً :

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ صحابی ابن صحابی ہیں، صحیح مسلم شریف میں روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ''جاؤ میرے پاس معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بلا کر لاؤ'' (۱)، ترمذی شریف میں روایت ہے:

"أن النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم قال لمعاویة: " أللھم اجعله ھادیاً مھدیاً واھدبه "(۲)۔

اس سے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا صحابی ہونا اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ان کے لئے دعا کرنا، نیز ان کا مرتبہ بھی ثابت ہوگیا۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جب حضرت عمیر بن اسد کو حمص سے معزول کیا تو حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو والی بنایا، بعض لوگوں میں ان کا تذکرہ ہوا، حضرت عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: "لا تذکروا معاویة إلا بخیر، فإنی سمعت النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم قال: "أللھم اھد به "(۳) یعنی حضرت امیر معاویہ کا جب تذکرہ کرو، خیر کے ساتھ کرو، برائی کے ساتھ ہرگز مت کرو، کیونکہ میں نے خود سنا ہے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کو دعا دی ہے۔ یہ سب روایات جمع الفوائد: ۲/۲۲۷، میں مذکور ہیں (۴)۔ جو شخص حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو برا کہتا ہے وہ سخت وعید کا مستحق ہے:

---

(۱) "عن ابن عباس رضی اللہ عنھما قال: کنت ألعب مع الصبیان فجاء رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم فتواریت خلف باب، قال: فجاء فحطا فی مطأة وقال: "اذھب أدع لی معاویة" قال: فجئت فقلت: ھو یأکل، قال: ثم قال لی: "اذھب فادع لی معاویة": قال فجئت فقلت: ھو یأکل فقال: "لا أشبع اللہ بطنه". الحدیث. (الصحیح لمسلم: ۲/۳۲۵، باب من لعنه النبی صلی اللہ علیه وسلم أو سبه أو دعا علیه، ولیس ھو أھلاً لذلک کان له زکوةً وأجراً ورحمةً، کتاب البر والصلة، قدیمی)

(۲) (جامع الترمذی أبواب المناقب، باب مناقب معاویة رضی اللہ تعالیٰ عنه : ۲/۲۲۴، سعید)

(۳) "عن أبی إدریس الخولانی قال: لما عزل عمر بن الخطاب عمیر بن سعد عن حمص، ولی معاویة، فقال الناس: عزل عمیراً و ولی معاویة، فقال عمیر: لا تذکروا معاویة إلا بخیر، فإنی سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یقول :"أللھم اھد به ". (جامع الترمذی، أبواب المناقب، باب مناقب معاویة رضی اللہ تعالیٰ عنه : ۲/۲۲۴، سعید)

(۴) (جمع الفوائد من جامع الأصول و مجمع الزوائد ، مناقب حارثة ابن سراقة ..... و أبی سفیان وابنه =

Made searchable using ScribeTools.com

"إذا رأيتم الذين يسبون أصحابي، فقولوا: لعنة الله على شركم اهـ". ترمذی شریف(۱)۔

"لم ينقل عن السلف المجتهدين والعلماء الصالحين جواز اللعن على معاوية رضى الله تعالىٰ عنه وأحزابه اهـ". شرح عقائد، ص: ۱۱٦(۲)۔

شخص مذکور فی السوال کی امامت مکروہ ہے(۳)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۵/۲/۵۷ھ۔

صحیح: عبداللطیف، الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر اشکالات اور ان کے جوابات

سوال[۴۴۳]: ۱.....کیا حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے زمانۂ خلافت میں یزید کو خلیفہ مقرر کئے جانے کی کوشش کی اور کس حد تک؟

۲.....کیا حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے زر کثیر خرچ کر کے بہت آدمیوں کو یزید سے بیعت کے لئے آمادہ کیا؟

۳.....کیا امیر موصوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کسی موقعہ پر حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے ساتھیوں کے سروں پر دو ننگی تلوار رکھوادیں اور حکم دیا کہ دوران تقریر جو شخص کلمہ تصدیق وتکذیب نکالے گا اس کا

= معاوية: ۲/۳۹۳، ۳۹۴، المكتبة الاسلامية باكستان)

(۱) (جامع الترمذی، أبواب المناقب، باب فی من يسب أصحاب النبی صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ۲/۲۲۵، سعيد كراچی)

(۲) (شرح العقائد، ص: ۱۱٦، المطبع اليوسفی)

(۳) "ويكره إمامة عبد و أعرابی و فاسق و أعمى". (الدر المختار، كتاب الصلاة، باب الإمامة: ۱/۵۵۹، ۵٦۰، قديمی)

(وكذا فی مجمع الأنهر، كتاب الصلاة، فصل الجماعة سنة مؤكدة: ۱/۱۰۸، دار إحياء التراث العربی، بيروت)

Made Searchable by ScribeTools.com

سر قلم کر دیا جائے گا، اور اس پر حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یزید کی خلافت کا اعلان کیا؟

۴.....کیا حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اپنے بعد حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خلافت دینے کا وعدہ نہیں کیا تھا، اگر کیا تو اس وقت حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خلافت دینے میں کون سا امر مانع تھا؟

۵.....کیا حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کسی وقت حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو گالیاں دیں اور باوجود منع کرنے کے وہ باز نہ آئے اور ہمیشہ موجودگی وعدم موجودگی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں ایسا کرتے تھے؟

۶.....اگر حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے ہمراہیوں کو ایسا کہا تو ان کا یہ فعل کس حد تک درست سمجھا جاتا ہے؟ (حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جنگ کے متعلق کچھ استفسار نہیں ہے)۔

محمد احمد کہار پار۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

۱.....نہیں۔ ۲.....نہیں۔ ۳.....نہیں۔ ۴.....نہیں

۵.....فحش گالیاں نہیں دیں، سخت کلامی ہوئی ہے (۱)۔

۶.....خطا اجتہادی تھی، خواہش نفسانی نہ تھی (۲)۔

---

(۱) "فقول معاوية هذا ليس فيه تصريح بأنه أمر سعداً بسببه، وإنما سأله عن السبب المانع له من السب كأنه يقول : "بل امتنعت منه تورعاً" أو غير ذلك، فإن كان تورعاً و إجلالاً له عن السب فأنت مصيب محسن، وإن كان غير ذلك فله جواب آخر ..... و يحتمل تاويلان آخران معناه: ما منعك أن تخطيه في رأيه واجتهاده و تظهر للناس حسن رأينا و اجتهادنا وأنه خطأ". (النووى على الصحيح لمسلم، كتاب المناقب، باب فضائل على بن أبى طالب : ۲۷۸/۲، قديمى)

(۲) "و أما ما وقع من امتناع جماعة من الصحابة عن نصرة على رضى الله تعالىٰ عنه والخروج معه إلى المحاربة ومن محاربة طائفة منهم له كما فى حرب الجمل و صفين ..... إذ لم يكن ذلك عن نزاع فى حقية إمارته، بل كان عن خطاء، فى اجتهادهم اهـ". (شرح الفقه الأكبر، ص: ۲۵، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جلیل القدر صحابی ہیں، ان کی شان میں کوئی گستاخی کا کلمہ کہنا جائز نہیں، اسی طرح کوئی برا گمان جوان کی شان کے خلاف ہو دل میں رکھنا درست نہیں، حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے لئے دعا فرمائی ہے:

"عن عبد الرحمن بن أبی عمیرة عن النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم أنه قال لمعاویة رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه: "أللهم اجعله هادیاً و مهدیاً و اهد به"۔ رواه الترمذی" مشکوة شریف، ص: ۵۷۹ (۱)۔

قال فی الهامش بعد تحقیق ألفاظ الروایة: "و لا ارتیاب أن دعائه صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم مستجاب، فمن کان هذا حاله کیف یرتاب فی حقه الخ"(۲)۔

وقال القاری فی شرح الفقه الأکبر، ص: ۸۲: "فقال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم: "لا تسبوا أحداً من أصحابی، فلو أن أحدکم أنفق مثل أحد ذهباً ما أدرك مد أحدهم و لا نصیفه"(۳)۔

اور صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں جو مناقشات تھے ان کے متعلق جہاں تک ہو سکے محمل حسن نکالنا چاہئے، اگر کوئی محمل حسن سمجھ میں نہ آئے تو پھر اس میں گفتگو کرنے اور ایک کو حق اور دوسرے کو ناحق کہنے کی ضرورت نہیں (۴) کہ دار و مدار نجات کا اس پر نہیں ہے، نہ اس کے ساتھ کچھ عمل کا تعلق ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ہاں ان کا فیصلہ ہوگا وہ ہر ایک کی پوری حقیقت سے خوب واقف ہیں، آپ سے اس کے متعلق سوال نہ ہوگا کہ ان میں سے کون حق پر تھا اور کون ناحق پر (۵)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی، ۲۵/۱/۵۴ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، ۲۶/محرم/۵۴ھ۔

---

(۱) (جامع الترمذی، أبواب المناقب، باب مناقب معاویة رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه: ۲/۲۲۴، سعید کراچی)

(۲) (هامش جامع الترمذی المصدر السابق آنفاً)

(۳) (شرح الفقه الأکبر، ص: ۶۸، قدیمی)

(و کذا فی شرح العقائد، ص: ۱۱۶، المطبع الیوسفی)

(۴) "و یکف عن ذکر الصحابة رضی اللّٰہ تعالیٰ عنهم إلا بخیر، لما ورد عن الأحادیث الصحیحة فی مناقبهم". (شرح العقائد، ص: ۱۱۶، المطبع الیوسفی)

(۵) "قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿تلک أمة قد خلت لها ما کسبت و لکم ما کسبتم، و لا تسئلون عما کانوا =

کسی شیعہ کا حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ کو زک پہونچانا

سوال[۴۴۴]: کیا کسی شیعہ نے حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ محدث دہلوی کو کوئی زک پہونچائی ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

شیعوں نے حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کو اذیت پہونچائی ہے جیسا کہ ان کے تذکرۂ سوانح میں موجود ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند ۹/۶/۹۶ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

= یعملون﴾ (البقرة: ۱۳۴، ۱۴۱)

(۱) (تذکرہ حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ: ۲۹۰، نفیس اکیڈمی حیدر آباد دکن)

Made searchable using ScribeTools.com

ما یتعلق بمشاجرات الصحابة

(صحابہ کرام کے آپس کے اختلافات)

مقابلۂ علی ومعاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما

سوال[۴۴۵]: کس وجہ سے حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے جنگ ہوئی تھی اور کون حق پر تھا؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات کے بعد اکابر صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور ارباب حل وعقد نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاتھ پر بیعت کر کے ان کو خلیفہ تسلیم کر لیا تھا، حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس وقت ملک شام پر گورنر تھے، ان کے کان میں یہ بات ڈالی گئی کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سازش سے حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کا واقعہ پیش آیا، انہوں نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مطالبہ کیا کہ آپ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قاتلوں سے قصاص لیجئے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فی الحال اس میں تأمل کیا، دو وجہ سے: اول یہ کہ قاتل کا صحیح علم نہیں، جب شہادتِ شرعیہ سے ثبوت نہ ہو تو قصاص نہیں لیا جاسکتا۔ دوسرا یہ کہ اگر تمام خوارج اور باغیوں کو سزا دیجائے تو چونکہ یہ جماعت بہت بڑی ہے، ان سب کو فی الحال سزا دینا دشوار ہے جب تک کہ اسلامی فوجیں جو کہ باہر گئی ہوئی تھیں واپس نہ آجائیں، ورنہ عام بدامنی پیدا ہو کر سخت فتنہ پیدا ہونے کا قوی اندیشہ ہے جس کا سنبھالنا سخت مشکل بلکہ قابو سے باہر ہوگا۔

اس جواب سے امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ سمجھے کہ یہ ٹال رہے ہیں اور قصاص لینا نہیں چاہتے، شکایت کرنے والوں نے بھی یہی کہا تھا کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قصاص بھی نہیں لیتے، امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اصل شکایت اور اس جواب پر شبہ قوی ہو گیا اور فرمایا کہ جب آپ میں اتنی قوت ہی نہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قصاص لے سکیں اور ظالم کو سزا دے سکیں تو آپ ملک اور خلافت کے دیگر انتظامات

کیسے کریں گے، لہذا آپ خلافت کے مستحق نہیں، آپ دست بردار ہو جائیں، میں خلیفہ بنتا ہوں، قصاص بھی لوں گا اور انتظامات بھی کروں گا، اس پر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جب میرے ہاتھ پر بیعت ہوگئی اور مجھ کو خلیفہ تسلیم کرلیا گیا تو آپ خلیفہ نہیں بن سکتے، حدیث شریف میں ہے:

"إذا بويع لخليفتين، فاقتلوا الأخر منهما"۔ رواه مسلم (۱)۔

"من أتاكم و أمركم جميعاً على رجل واحد، و يريد أن يشق عصاكم أو يفرق جماعتكم فاقتلوه"۔ رواه مسلم (۲)۔

یعنی جب ایک خلیفہ کے ہاتھ پر بیعت کرلی جائے اور پھر دوسرا شخص خلافت کا دعویدار بنے تو دوسرے کو قتل کردیں۔ اس بنا پر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ لڑائی کے لئے آمادہ ہوگئے اور بات بڑھ گئی، حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی مقابلہ کیا، تاریخ ابن جریر، تاریخ الخمیس (۳)، روضۃ الصفا وغیرہ کے بغور مطالعہ سے یہ خلاصہ حاصل ہوا، اس کے علاوہ جو اور بعض باتیں تاریخی کتب غیر معتبرہ میں فریقین کے متعلق درج ہیں، نہ وہ قابل ذکر ہیں نہ قابل اعتماد۔

اس مضمون سے یہ بھی ظاہر ہے کہ نیت ہر دو فریق کی صحیح تھی فاسد نہ تھی اور فی الجملہ حق و ناحق ہونا بھی معلوم ہوسکتا ہے اس سے زیادہ لکھنا خلاف ادب ہے (۴)۔

---

(۱) (الصحيح لمسلم، كتاب الإمارة، باب إذا بويع لخليفتين: ۱۲۸/۲، قديمی)

(۲) (الصحيح لمسلم، كتاب الإمارة، باب حكم من فرق أمر المسلمين و هو مجتمع: ۱۲۸/۲، قديمی)

(۳) "(وفی هذه السنة) وجّه على رضی الله تعالیٰ عنه عند منصرفه من البصرة إلى الكوفة و فراغه من الجمل جريرَ بنَ عبد الله البجلی إلى معاوية رضی الله تعالیٰ عنه يدعوه إلى بيعته ..... الخ". (تاريخ الطبری لابن جرير الطبری، توجيه على بن ابی طالب رضی الله تعالیٰ عنه ..... إلى معاوية رضی الله تعالیٰ عنه و خروج على بن أبی طالب رضی الله تعالیٰ عنه إلى صفين: ۵۶۰/۳، ۵۶۹، مؤسسة الأعلمی بيروت)

(و كذا فی تاريخ الخميس فی أحوال أنفس نفيس، ذكر خلافة على رضی الله تعالیٰ عنه: ۲۷۶/۲، مؤسسة شعبان للنشر، بيروت)

(۴) "أجمع أهل السنة و الجماعة على وجوب السكوت عن الخوض فی الفتن التی جرت بين الصحابة رضی الله تعالیٰ عنهم بعد قتل عثمان رضی الله تعالیٰ عنه، و الاسترجاع على تلك المصائب التی =

Made Searchable using ScribeTools.com

امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ سے یہ مسئلہ دریافت کیا گیا تھا تو جواب میں فرمایا کہ ''اللہ پاک نے ہمارے ہاتھوں کو ان اکابر کے خون سے محفوظ رکھا (اس شکریہ میں) ہم زبانوں کو بھی ملوث نہیں کرتے'' (۱) اس مختصر سوال میں آپ نے بڑی لمبی تاریخ پوچھی، خیر، خدا نے مجھے بھی آسانی فرمائی کہ مختصر جواب بتلا دیا۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ۔

محاربۂ علی رضی اللہ عنہ وعائشہ رضی اللہ عنہا

سوال[۴۴۶]: کیا وجہ ہے کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ میں جب جنگ ہوئی تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا ساتھ دیا تھا اور ان کے گروہ میں شامل تھیں اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ساتھ نہ دیا، اگر دونوں حق پر تھے تو صلح کرا دینی تھی یا کسی کا ساتھ نہ دیتیں یا برابر دونوں کو سمجھاتیں، برخلاف اس کے ایسا نہیں کیا، کیوں؟

= أصيبت بها هذه الأمة ، والاستغفار للقتلى ..... و أما الحروب التى جرت فكان لكل طائفة شبهة اعتقدت تصويب نفسها بسببها ،و كلهم عدول و متأولون فى حروبهم و غيرها، و لم يخرج شىء من ذلك أحداً منهم عن العدالة؛ لأنهم مجتهدون اختلفوا فى مسائل من محل الاجتهاد كما يختلف المجتهدون بعدهم فى مسائل من الدماء و غيرها ، و لا يلزم من ذلك نقص أحدهم" .(معارج القبول : ۵۹۹/۲- ۶۰۱، الرياض)

(وكذا فى شرح مسلم للنووى رحمه الله تعالىٰ، كتاب الفتن و أشراط الساعة : ۳۹۶/۲، قديمى)

(وكذا فى شرح الفقه الاكبر ،ص: ۱۷۱، قديمى)

(۱) یہ مقولہ امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کا نہیں، بلکہ حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ تعالیٰ کا ہے، چنانچہ ''مرقاۃ شرح مشکاۃ'' میں ہے:" قال عمر بن عبد العزيز : تلك دماءٌ طهر الله أيدينا منها، فلا نلوّث ألسنتنا بها". (المرقاة شرح المشكاة ، كتاب الفتن، الفصل الثانى : ۲۸۳/۹، رشيديه)

(وكذا فى شرح مشكوة للطيبى ، كتاب الفتن ، فتنة الاستنظاف : ۶۵/۱۰، إدارةالمعارف كراچى)

(وكذا فى حاشية جامع الترمذى ، كتاب الفتن ، باب ما جاء فى الرجل يكون فى الفتنة : ۴۱/۲، سعيد)

الجواب حامداًومصلیاً:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا ساتھ نہیں دیا، بلکہ اصل واقعہ یہ ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے وقت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا مکہ مکرمہ میں تھیں، وہاں جا کر لوگوں نے کہا کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو شہید کر دیا گیا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر بیعت کر لی گئی اور وہ باوجود خلیفہ ہو نے کے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا قصاص نہیں لیتے اور خدا جانے کیا کیا کہا، بجائے مدینہ طیبہ کی واپسی کے لوگ ان کو بصرہ لے گئے، پھر وہاں سے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے قصاص کے مطالبہ کرنے کیلئے تجویز ہوئی، ساتھ ایک بڑی جماعت تھی، ادہر سے حضرت علی رضی اللہ عنہ آگے بڑھے تاکہ ان کی غرض معلوم کریں اور ان کے مطالبات پر غور کریں ورنہ کہیں ایسا نہ ہو کہ ان کا لشکر ایک دم حملہ نہ کر دے، جس سے فتنہ پیدا ہو جائے، ملاقات پر مطالبات معلوم کئے اور قرار پایا کہ کل تمام باغیوں کو سزا اور جو قتل میں شریک تھے ان کو سزا قتل دی جائے، اس پر ان باغیوں نے کمیٹی کی کہ کل ہمارا وہ حال ہوگا جو مذبح میں بکروں کا ہوتا ہے اس لئے رات میں سب نے مل کر حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے لشکر پر جا کر حملہ کر دیا، پھر ان کے لشکر نے مدافعانہ حملہ کیا تو یہ باغی بھاگ کر حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لشکر میں آ گئے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا لشکر بھی تعاقب کرتا ہوا آیا، جس وقت زبردست جنگ ہوئی، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے لشکر نے اعتراض کیا کہ رات میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لشکر نے ہم پر حملہ کیا، حالانکہ دن میں ہم سے وعدہ کیا تھا کہ باغیوں کو سزا دیں گے، حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یہ شکایت ہوئی کہ جب ہم نے باغیوں کو سزا دینے کا وعدہ کر لیا تھا تو رات میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے لشکر نے ہم پر کیوں حملہ کیا؟ پس باغیوں کی اس حرکت سے دونوں کو غلط فہمی لاحق ہوئی (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہٗ العبد محمود غفرلہٗ۔

---

(۱) دیکھئے: (الکامل فی التاریخ، ذکر مسیر علیؓ إلی البصرة والوقعة: ۳/ ۱۲۱، ۱۲۳، دارلکتب العربی بیروت) (وتاریخ الطبری، خروج علی إلی الربذة یرید البصرة: ۳/ ۴۷۳، ۵۴۵، مؤسسة الاعلمی للمطبوعات، بیروت)

(و تاریخ الخلفاء، فصل فی مبایعة علی رضی الله عنه بالخلافة، ومانشأ عن ذلک: ص: ۱۴۴، مؤسسة الکتب الثقافیه، بیروت)

Made searchable using ScribeTools.com

(حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور یزید کے اختلافات کا بیان)

محاربہ حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ و یزید

سوال[۴۴۷]: حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یزید کی بیعت سے انکار کیا اس میں حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قرآن وحدیث کی انحرافی ہوتی ہے یا نہیں؟ آیت: ﴿یا أیها الذین امنوا أطیعوا اللّٰه وأطیعوا الرسول وأولی الأمر منکم﴾(۱)۔

بیعت کے معنیٰ ہیں کہ حاکم وقت کی حکومت تسلیم کی جائے یا کچھ اَور، حاکم وقت خواہ اسی قوم ومذہب کا ہو اور اس کے افعال جس طرح کے ہوں؟ فقط۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نزدیک وہ مستحق خلافت نہیں تھا اور اس کی حکومت مستقر نہیں ہوئی تھی، اسی وجہ سے اس کے ہاتھ پر بیعت نہیں کی تھی، اگر ان کے نزدیک اس کی خلافت مستقر ہوجاتی اور بیعت کر کے پھر خلاف کرتے تو آیت کی مخالفت ہوتی (۲)۔

استقرار خلافت اور اہلیت خلافت کی شرائط میں تفصیل ہے، نہ آپ نے دریافت کی، نہ مجھے لکھنے کی ضرورت، اسی طرح اطاعت اولی الامر کا مسئلہ بھی بہت مبسوط ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ۔

حضرت حسین اور یزید کی جنگ کا محمل

سوال[۴۴۸]: یزید اور شریکان قتل امام حسین فاسق وفاجر ہیں یا نہیں، کربلا کی جنگ کو حق وباطل کی

---

(۱) (سورة النساء : ۵۹)

(۲) "فقال عبد اللّٰه بن الزبیر للحسین رضی اللّٰه تعالیٰ عنه: ظن فیما تراه ، بعث إلینا فی هذه الساعة التی لم یکن یجلس فیها، فقال حسین : قد ظننت أری طاغیتهم قد هلک ، فبعث إلینا لیأخذنا بالبیعة قبل أن یفشو فی الناس الخبر ، فقال: و أنا ما أظن غیره اهـ". (تاریخ الطبری لابن جریر، خلافة یزید بن معاویة : ۲۵۱/۴ ، مؤسسة الأعلمی للمطبوعات)

جنگ کہہ سکتے ہیں یانہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

فاسق ہونے کی تشریح شرح عقائد وغیرہ میں ہے (۱) ظالم کے تسلط سے مخلوق کو بچانے کے لئے حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جنگ کی ہے، جیسا کہ فتاویٰ عزیزی (۲) اور تحفہ اثناعشریہ میں ہے (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور یزید کا معاملہ

سوال [۴۴۹] : یزید کے اشارہ سے امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ معرکہ کربلا پیش آیا، اس کے بارے میں اہل سنت کا خیال کیا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اس معاملہ میں یزید کی رَوش حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ اہل سنت والجماعت کے نزدیک ان کی شان کے خلاف اور توہین آمیز رہی (۴)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۱/۸۸ھ۔

---

(۱) "ولاینعزل الإمام بالفسق: أی الخروج عن طاعة الله تعالیٰ الجور: أی الظلم علی عباد الله تعالیٰ؛ لأنه قد ظهر الفسق، وانتشر الجور من الأئمة والأمراء بعد الخلفاء الراشدین، والسلف کانوا ینقادون لهم و یقیمون الجُمُع والأعیاد بإذنهم اهـ". (شرح العقائد النسفیة، ص: ۱۱۴، المطبع الیوسفی)

(۲) خروج حضرت اِمام حسین رضی اللہ عنہ بنا بر دعوی خلافتِ راشدہ پیغامبر کہ بمرورِ سی سال منقضی گشت نبود، بلکہ بنا بر تخلیص رعایا از دست ظالم بود "و إعانة المظلوم علی الظالم من الواجبات". (فتاوی عزیزی (فارسی)، کیفیت خروج امام حسین براعانۃ اہل کوفہ: ۱/۳۴، کتب خانہ رحیمیہ دیوبند)

(۳) "تامشقت ایذائے ایشاں بردارد، و چرا مخالفت میکند با ائمہ ماضیین خصوصاً با اِمام صابر کہ آنہا را ظلمہ و فجرہ بیش از حد ترسانیدند، بلکہ نوبت بقتل وخون رسانیدند، وآنہا نہ ترسیدند امر بالمعروف ونہی عن المنکر بجا آوردند، حالانکہ آنہا را طول عمر خود معلوم نبود، وتسلط خود نیز معلوم نبود"۔ (تحفہ اثناعشریہ، باب ہفتم در امامت، ص: ۱۷۵، سہیل اکیڈمی لاہور)

(۴) "و بعث أهل العراق إلی الحسین الرسل والکتب، یدعونه إلیهم، فخرج من مکة إلی العراق فی عشر ذي الحجة و معه طائفة من آل بیته رجالاً و نساءً و صبیاناً، فکتب یزید إلی والیه بالعراق عبید الله =

Made searchable using ScribeTools.com

کیا حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ باغی تھے؟

سوال[۴۵۰]: زید کا کہنا ہے کہ جب حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ عربی تھے اور کوفے کے رہنے والے نہیں تھے، محض مہمانی و مسافرت و مدعو کئے ہوئے پہنچے، جب یزید کے حاکم مثلاً کوتوال شہر ابن زیاد دخولی وغیرہ نے یزید کی بیعت کرنے پر مجبور کیا اور فرمان دکھلایا تو اس پر حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ''میں تو مدعو مہمان تھا، مجھ کو اپنے وطن جانے دو'' تو ایسے وقت میں حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حاکم وقت کا حکم ماننا ضروری تھا یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس مسئلہ میں مجتہد تھے، جب وہ یزید کی بیعت کو ناجائز سمجھتے تھے تو ان کا بیعت کرنا درست نہیں تھا، یزید کو حق نہیں تھا کہ وہ ان کو مجبور کرتا کہ اپنے اجتہاد کے خلاف بیعت کریں، بلکہ ایسی حالت میں اس کو چاہئے تھا کہ خلافت سے معزول ہو کر اہل اسلام کو اختیار دیدیتا کہ جس کو چاہیں خلیفہ تسلیم کرلیں، اس میں نہ کوئی فتنہ ہوتا نہ قتل وخونریزی کی نوبت آتی جیسا کہ اس فتنہ اور کشت وخون کے خیال سے حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلافت سے دست بردار ہو گئے تھے(۱) حالانکہ یزید کو ان کے ساتھ فضائل اور مناقب کے لحاظ سے کوئی نسبت ہی نہیں تھی۔

= بن زیاد بقتله ، فوجه إليه جيشاً أربعة آلاف الخ''. (تاريخ الخلفاء، ترجمة يزيد بن معاوية أبو خالد الأموى : ۱۶۹ ، مؤسسة الكتب الثقافية)

(۱) قال العلامة السيوطى رحمه الله تعالىٰ: '' وَلّى الحسن رضى الله تعالىٰ عنه الخلافة بعد قتل أبيه بمبايعته أهلُ الكوفة، فأقام فيها ستة أشهر و أياماً، ثم سار إليه معاوية . والأمر إلى الله، فأرسل إليه الحسن يبذل له تسليم الأمر إليه على أن تكون له الخلافة من بعده ..... فأجابه معاوية إلى ما طلب ، فاصطلحا على ذلك، فظهرت المعجزة النبوية فى قوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ''يصلح الله به فئتين من المسلمين'' و نزل له عن الخلافة ..... ثم ارتحل الحسن عن الكوفة إلى المدينة، فأقام بها''. (تاريخ الخلفاء للسيوطى رحمه الله تعالىٰ ،ص: ۱۵۸ ، الحسن بن على رضى الله تعالىٰ عنه ، مؤسسة الكتب الثقافية)

(وكذا فى تاريخ الطبرى، سنة إحدى و أربعين..... فما كان فيها من ذلك التسليم الحسن بن على رضى الله تعالىٰ عنه الأمر إلى معاوية رضى الله تعالىٰ عنه اهـ: ۱۲۳/۴ ، مؤسسة الأعلمى بيروت)

Made Searchable by ScribeTools.com

حاکم وقت کو حق نہیں ہوتا کہ مجتہد کو خلاف اجتہاد کرنے پر مجبور کرے اور ایسی حالت میں مجتہد کو اطاعت درست نہیں "لا طاعة لمخلوق فی معصية الخالق "الحدیث مشکوۃ،ص:۳۲۱(۱) اس لئے ان کو باغی کہنا بھی درست نہیں۔کذا فی شرح الفقہ الاکبر(۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

کیا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ ظالم تھے؟ نعوذ باللہ

سوال[۴۲۱]: کیا امام حسین علیہ السلام کو ظالم کہہ سکتے ہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

اہل سنت والجماعت کے نزدیک وہ ظالم نہیں تھے، ان کے مناقب وفضائل حدیث پاک میں موجود ہیں، ان کو جنت کے نوجوانوں کا سردار فرمایا گیا ہے(۳)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲/۳/۹۵ھ۔

واقعہ کربلا جہاد ہے یا لڑائی؟

سوال[۴۵۲]: کربلا میں پیش آنے والے واقعہ کو جہاد کہیں گے یا صرف لڑائی؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

عموماً جہاد کا اطلاق وہاں ہوتا ہے جہاں کفر و اسلام کا مقابلہ ہو اور مقصود بھی اعلائے

---

(۱) (مشكاة المصابيح ، كتاب الإمارة والقضاء ،الفصل الثاني : ۲/ ۳۲۱، قديمی)

(۲) "و أما ما تفوه به بعض الجهلة من أن الحسين كان باغياً فباطل عند أهل السنة والجماعة ، و لعل هذا من هذيانات الخوارج عن الجادة".(شرح الفقه الأكبر ، الكبيرة لا تخرج المؤمن عن الإيمان ،ص: ۷۲، قديمی)

(۳) "عن أبی سعيد رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم : "الحسن والحسين سيدا شباب أهل الجنة". رواه الترمذی".

(مشكوة المصابيح ، كتاب المناقب، باب مناقب أهل بيت النبي صلى الله تعالیٰ عليه وسلم و رضي الله عنهم: ۲/ ۵۷۰، قديمی)

Made searchable using ScribeTools.com

کلمۃ اللہ ہو(۱) جہاں یہ چیز نہ ہو وہ محاربہ ہے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲/۳/۹۵ھ۔

کیا کربلا کا واقعہ اسلامی جہاد تھا؟

سوال[۴۵۳]: کربلا میں پیش آنے والے واقعات سیاسی نوعیت کے تھے یا اسلامی حیثیت کے تھے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

حضرت سیدنا حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے لئے سیاسی اقتدار حاصل کرنے کی خاطر کربلا تشریف نہیں لے گئے تھے بلکہ اسلامی نقطۂ نظر سے وہ جانا ضروری سمجھتے تھے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲/۳/۹۵ھ۔

کربلا میں کام آنے والے کیا دین کی حفاظت کے لئے لڑے ہیں؟

سوال[۴۵۴]: کیا کربلا میں گلستانِ نبوت کے نونہالوں کی تمام قربانیاں ہوسِ اقتدار کی خاطر تھیں یا حفاظت دین کے لئے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ، اسلامی نقطہ نظر سے کربلا گئے تھے نہ کہ حصول اقتدار کے لئے، واقعہ کربلا کے متعلق آپ نے کیا نظریہ قائم کر رکھا ہے، مجھے علم نہیں۔ اس تحریر سے آپ کو کچھ مدد مل سکے گی یا نہیں اس کا بھی علم نہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲/۳/۹۵ھ۔

---

(۱) "من قاتل لتكون كلمة الله هى العليا، فهو فى سبيل الله". متفق عليه". (مشكوة المصابيح، كتاب الجهاد: ۲/۳۳۱، قديمى)

(۲) "فيفهم أن من قاتل للدنيا أو للغنيمة أو لإظهار نحو شجاعة أو ذب عن نفس أو مال، فليس فى سبيل الله، ولا ثواب له". (فيض القدير شرح الجامع الصغير: ۱۱/۵۹۳۱، مكتبه نزار مصطفى الباز، رياض)

کربلا میں کون حق پر تھا؟

سوال[۴۵۵]: کربلا میں حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ حق پر تھے یا یزید؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

یہ اجتہادی چیز ہے، اہل سنت والجماعت کے نزدیک حضرت سیدنا حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ حق پر تھے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲/۳/۹۵ھ۔

حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کیا شہید ہوئے؟

سوال[۴۵۶]: کیا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو شہید کہہ سکتے ہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

چونکہ واقعہ کربلا اجتہادی چیز ہے، اور اہل سنت والجماعت کے نزدیک حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ حق پر تھے، لہٰذا وہ شہید تھے، رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

کیا حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نعش کو روندا گیا؟

سوال[۴۵۷]: کیا حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کربلا میں برہنہ کردیا گیا تھا اور آپ کی لاش مبارک کو گھوڑوں سے روندا گیا اور قیمہ کردیا گیا تھا؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کربلا میں برہنہ کر کے آپ کی نعش مبارک کو گھوڑوں سے روندا اور قیمہ بنایا گیا تھا یا نہیں؟ مجھے اس کی تحقیق نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح، بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

کیا حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا انتقام محمد بن حنفیہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے لیا؟

سوال[۴۵۸]: محمد بن حنفیہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے بعد شہادت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے جو انتقام

Made searchable using ScribeTools.com

لیا ہے، آپ بھی اس میں شریک تھے؟ یہ بات صاف طور سے تحریر فرمادیجئے۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

محمد بن حنفیہ رحمہ اللہ تعالیٰ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بیٹے ہیں، ان کی والدہ کا نام خولہ بنت جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہے، جنگ یمامہ میں ان کی والدہ گرفتار کر کے لائی گئی تھیں اور مال غنیمت میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حصہ میں آئی تھیں۔ کذا فی تحفة اثنا عشریه :ص:۴۳ (۱)۔ محمد بن حنفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قتل کے بعد انتقام کے لئے آئے تھے۔ کذا فی روضة الصفاء: ۸۶/۳ (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت پر عیسائی کا اشکال

سوال[۴۵۹] : ایک معترض عیسائی کہتا ہے کہ جب حضرت امام حسین علیہ السلام کی شہادت حضرت اسماعیل علیہ السلام سے لے کر، تا امام مذکور پروردگار عالم نے امانۃً محفوظ رکھ کر بعد میں حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو عطا فرمائی تو اس میں یزید پلید کا کیا قصور ہوا، آخر کار وہ شہادت جو ازل میں امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لئے مخصوص ہو چکی تھی کسی نہ کسی سے وقوع میں ضرور آتی۔ معترض کو آیت: ﴿و من یقتل مؤمناً﴾ (۳) سے اگر جواب دیا گیا تو منظور نہیں کیا، اس کا عقلی ونقلی جواب تحریر فرمائیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

اگر اس عیسائی کے منہ پر کوئی شخص نجاست میں بھرا ہوا جوتہ زور سے مارے تو اس کو غصہ تو نہیں آئے گا اور اس مارنے والے کو تو کچھ برا نہیں کہے گا، کیونکہ تقدیر میں لکھا ہوا تھا کہ منہ پر جوتہ لگے گا، وہ کسی نہ کسی کے ہاتھ سے تو لگتا ہی۔

عیسائی اس بات کے قائل ہیں کہ یہودیوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو سولی دی اور ان پر ظلم کیا، اس

---

(۱) "تحفة اثنا عشرية(اردو)، ص: ۵۰۲، دار الاشاعت کراچی)

(۲) (تحفة اثنا عشریه (اردو) ص: ۳۱، دار الاشاعت کراچی)

(۳) (النسآء : ۹۳)

وجہ سے یہودیوں سے بغض رکھتے ہیں تو وہ لوگ کیوں بغض رکھتے ہیں یہ تو پیش آنا ہی تھا، تقدیر میں لکھا ہوا تھا، تقدیر میں لکھا ہوا ہونے سے اختیار سلب نہیں ہوتا (۱) ورنہ تمام مجرم دنیا اور آخرت میں چھوٹ جائیں کسی کو سزا نہ ملے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

کیا حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت سے اسلام کی تکمیل ہوئی؟

سوال[۴۶۰]: ایک سنی المذہب نے ایک ایسی مجلس میں جس میں شیعوں کے خواص وعوام شریک وسامع تھے، اپنی تقریر کے دوران نہایت شد و مد سے کہا کہ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت سے اسلام کی تکمیل ہوئی ورنہ اسلام غیر مکمل رہتا، اور یہ بھی کہا کہ جو مسلمان واقعۂ شہادت حضرت امام حسین پر نہ روئے وہ شقی ازلی ہے، تقریر کے بعد اس کو سمجھایا تب بھی اس نے یہی کہا کہ میرا عقیدہ یہی ہے۔

اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ اس شخص کا کیا حکم ہے اور اگر وہ علمائے اسلام کے فتویٰ کی پروانہ کرے تو ایسے شخص سے حنفی المذہب اہل سنت والجماعت مسلمانوں کو تعلقات قائم رکھنا جائز ہے یا نہیں؟

راقم: احمد میاں فرخ آباد۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

اہل سنت والجماعت کا عقیدہ یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حیات دنیوی ہی میں دین اسلام کی تکمیل کردی گئی تھی یعنی ایسی دینی بات کوئی باقی نہیں رہی تھی جس کو خود یا اس کی اصل اور بنیاد کو بیان نہ کردیا گیا ہو جیسا کہ نص قرآن ﴿ أليوم أكملت لكم دينكم ﴾ (۲) اس پر شاہد ہے اور احادیث کثیرہ سے

---

(۱) "وإذا عرفت ذلک فللعباد أفعال اختيارية يثابون عليها إن كانت طاعةً، و يعاقبون عليها إن كانت معصيةً، لا كما زعمت الجبرية أن لا فعل للعبد أصلاً كسباً و لا خلقاً". (شرح الفقه الأكبر للملاعلى القاري، ص: ۴۲، قديمى)

(و كذا فى شرح العقائد النسفية للتفتازانى: ص: ۶۴، المطبع اليوسفى)

(و كذا فى روح المعانى (البقرة): ۱/۱۳۳، دار إحياء التراث العربى)

(۲) (المائدة: ۳)

Made Searchable using ScribeTools.com

بھی اس کی تائید ہوتی ہے(۱)لہذا زید کا یہ عقیدہ اہل حق کے سراسر خلاف ہے اور اگر اس شہادت سے اسلام کی تکمیل ہی ہوئی ہے تو پھر اس پر رونے کی کیا ضرورت ہے؟ یہ تو بڑی مسرت کی بات ہے، تمام عالم کو اس پر خوش ہونا چاہئے کیوں کہ اگر شہادت نہ ہوتی تو خدانخواستہ اسلام کی تکمیل نہ ہوتی، غیر مکمل رہ جاتا تو یہ شہادت جملہ اہل اسلام کے لئے باعث رحمت ہے۔

ایسے لوگوں سے تعلقات رکھنا درست نہیں جن کے عقائد اس قدر خطرناک ہوں، اگر اپنے عقائد سے ایسا شخص باز نہ آئے اور توبہ نہ کرے تو اس سے تعلقات قطع کر دیئے جائیں (۲)۔

رونا اختیاری فعل نہیں، اگر قلب میں درد وغم ہے تو رونا آتا ہے ورنہ نہیں اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات رحمت للعالمین ہے، دنیا سے رخصت ہو جائے، اس پر نہ رونا تو شقاوت ازلی نہ ہو اور حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت پر نہ رونا شقاوت ازلی ہو، یہ عجیب بات ہے، خود بخود کسی کو اگر رونا آوے اور آنسو جاری ہو جائیں تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں لیکن بالقصد رونا اور اس طرح کہ گریبان چاک کیا جاوے، سینہ اور منہ کو پیٹا جاوے، مرثیئے پڑھے جائیں، جیسا کہ روافض اور اہل تشیع کا شیوہ ہے ہرگز ہرگز جائز نہیں، سخت گناہ ہے، اس پر وعید بھی آئی ہے(۳)۔

بہرحال ایسے شخص کو توبہ اور تجدید ایمان ونکاح کر لینا چاہئے (۴) کیوں کہ یہ عقائد روافض کے ہیں۔

---

(۱) "کما ثبت فی الصحیح لمسلم عن جابر بن عبد الله أن رسول الله ﷺ قال فی خطبته یومئذ: "أیها الناس! إنکم مسئولون عنی فما أنتم قائلون"؟ قالوا: نشهد أنک قد بلغت و أدیت و نصحت، فجعل یرفع إصبعه إلی السماء و ینکسها إلیهم، و یقول :"أللهم هل بلغت". (تفسیر ابن کثیر: ۲/۷۷، (المائدة:٦٧)سهیل اکیڈمی)

(۲)قال الله تعالیٰ: ﴿ لا تجد قوماً یؤمنون بالله والیوم الآخر یوآدون من حآد الله و رسوله ﴾ الآیة. (المجادلة : ۲۲)

(۳) "عن عبد الله رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : "لیس منا من لطم الخدود و شق الجیوب و دعا بدعوی الجاهلیة". (صحیح البخاری ، کتاب الجنائز ، باب لیس منا من شق الجیوب : ۱/۱۷۲، قدیمی)

(۴) "ما کان فی کونه کفراً اختلاف، فإن قائله یؤمر بتجدید النکاح و بالتوبة والرجوع عن ذلک بطریق الاحتیاط". (الفتاوی العالمکیریة ، کتاب السیر، الباب التاسع فی أحکام المرتدین : ۲/۲۸۳، رشیدیه)

اگر علمائے حق کے فتوی کو نہی مانتا تو یہ گنہ گار ہے اور اس کی تکفیر اور توہین کرتا ہے تو کفر ہے: "رجل عرض عليه خصمه فتوىٰ الأئمة فردها و قال: "**چه بار نامهٔ آورده**، قيل: يكفر؛ لأنه رد حكم الشرع، و كذا لو لم يقل شيئاً لكن ألقى الفتوىٰ على الأرض و قال: **اين چه شرع است، كفر**". عالمگیری: ۲/۸۹۱(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲/۲/۵۳ھ۔

صحیح: عبد اللطیف عفا اللہ عنہ، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲/صفر/۵۳ھ۔

حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت اللہ کے لئے ہوئی یا امت کے لئے؟

سوال[۴۶۱]: حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت امت کے لئے ہوئی یا اللہ کے لئے، لوگ کہتے ہیں کہ آپ نے امت کی خاطر جان دیدی؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت ایک ظالم کے ظلم سے امت کو بچانے کے لئے ہوئی (۲)۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح، بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

اگر حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت نہ ہوتی تو کیا اسلام مٹ جاتا؟

سوال[۴۶۲]: ۱.....پیر صاحب ہی کہتے ہیں کہ حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت نہ ہوتی تو قرآن اور حدیث مٹادی جاتی۔ کیا یہ صحیح ہے؟

---

(۱) (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، الباب التاسع فى أحكام المرتدين: ۲/۲۷۲، رشيديه)

(۲) "خروج حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ بناء بر دعوی خلافتِ راشدہ پیغامبر کہ بمرور سی سال منقضی گشت نبود، بلکہ بنا بر تخلیص رعایا از دست ظالم بود، و إعانة المظلوم على الظالم من الواجبات". (فتاوی عزیزی، کیفیت خروج امام حسین براعانۃ اہل کوفہ: ۱/۳۴، کتب خانہ رحیمیہ دیوبند)

Made searchable using ScribeTools.com

ایضاً

سوال[۴۶۳] : ۲.....کیا یہ بھی صحیح ہے کہ حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت نہ ہوتی تو اسلام ہی مٹ جاتا؟ اسلام کو حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے زندہ کیا، گویا وہ توحید کی بنیاد ہیں، یہ کہاں تک صحیح ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

۱..... یہ غلط ہے کہ ان کی شہادت نہ ہوتی تو قرآن وحدیث مٹ جاتے (۱)۔

۲..... یہ بھی غلط ہے کہ ان کی شہادت نہ ہوتی تو اسلام ہی مٹ جاتا (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فضیلت حضرت یزید پر

سوال[۴۶۴] : ایک شخص حافظ عالم ہونے کے باوجود سیدنا حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مقابلہ میں یزید بن معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ترجیح دیتا ہے۔ ایسے شخص کی اقتداء کیسی ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

کس بات میں ترجیح دیتا ہے، اگر نسب کی فضیلت یا اعمال صالحہ واخلاق فاضلہ میں ترجیح دیتا ہے تو یہ ترجیح غلط ہے۔ حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لئے جنتی بلکہ نوجوان جنتیوں کے سردار ہونے کی فضیلت حدیث شریف میں موجود ہے، خطبہ میں بھی وہ روایت موجود ہے "سیدا شباب أهل الجنة الحسن والحسين"(۳)۔ ایسی فضیلت یزید کے لئے کہیں موجود نہیں اور پھر یزید صحابی نہیں، تمام امت کا اجماع اس پر ہے۔

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿ إنا نحن نزلنا الذكر و إنا له لحافظون ﴾ (الحجر: ۹)

(۲) قال الله تعالیٰ: ﴿ إنا نحن نزلنا الذكر و إنا له لحافظون ﴾ (الحجر: ۹)

(۳) (أخرجه الترمذي في أبواب المناقب ، مناقب أبي محمد الحسن بن علي بن أبي طالب، والحسين بن علي بن أبي طالب رضي الله تعالیٰ عنهم : ۲/۲۱۷، سعيد)

"وقال رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم : "حسين مني و أنا من حسين، أحب الله من أحب حسيناً ، حسين سبط من الأسباط". (مشكاة المصابيح، باب مناقب أهل البيت: ۲/۵۷۱، قديمی)

اگر اس امام حافظ کا مقصد ایسا ہے جو کہ جمہور امت کے خلاف ہے تو اس کو اپنی اصلاح لازم ہے ورنہ وہ مقتدیٰ اور امام بننے کے لائق نہیں ہوگا اور اگر کسی اَور بات میں ترجیح دیتا ہے تو بغیر معلوم ہوئے کیا حکم لکھا جائے، اسی سے تفصیل دریافت کرلی جائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۷/۶/۸۹ھ۔

یزید کی ولی عہدی

سوال[۴۶۵]: کیا وجہ ہے کہ امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی حیات میں اپنے نالائق فرزند یزید پلید کو امام مسند تخت نشین بنایا اور تخت پر بٹھلا کر ولی عہد بنانے کی اطلاع کا ہر ایک شہر میں حکم روانہ کیا تا کہ عوام کو معلوم ہو جائے، جب کہ وہ عیاش، دائم الخمر، بدکردار، ظالم، زانی، شرابی، فاسق، فاجر حرام کار تھا؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

ان کے سامنے یہ افعال نہیں تھے جیسا کہ فتاویٰ رشیدیہ ۲/۱۰ میں ہے(۱) اگر چہ ورع اور زہد کے اعتبار سے دوسرے بہت سے حضرات اس سے بہتر موجود تھے اور بعض منکرات کا وہ مرتکب بھی تھا لیکن زیادہ خراب حالت بعد میں ہوئی، ان کے نزدیک وہ نہایت مدبر اور بہادر تھا، حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے درحقیقت ابتداء اس چیز کا مشورہ دیا ہے کہ یزید کو ولی عہد بنایا جائے، اب صدیوں بعد اس کو گالیاں دینے سے کیا نتیجہ۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

یزید کی ولی عہدی

سوال[۴۶۶]: حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سلطنت میں یزید سے زیادہ کوئی قابل حکمراں موجود نہ تھا جس کو وہ تخت پر بٹھاتے اور حکومت سپرد کرتے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اس سے زیادہ مدبر اور بہادر ان کی نظر میں کوئی نہ تھا۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

---

(۱) (فتاوی رشیدیہ، ص: ۷۶، ۷۷، ۷۸، سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

خلافت یزید

سوال[۴۶۷]: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی امامت کیسے قائم ہوئی؟ نیز آپ کی امامت پر کب اجماع ہوا اور آپ کو کس بنا پر امام کہا گیا؟ جب امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بیعت کر لی تو پھر امامت کہاں باقی رہی؟ نیز حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ و یزید میں خلیفہ برحق کون تھا، اگر امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے تو یزید کو علماء نے خلفائے اثناعشر میں کیوں شمار فرمایا؟ دیکھو شرح فقہ اکبر، ص:۸۴: "الخلفاء الراشدون الأربعة و معاوية وابنه يزيد و عبد الملك بن مروان و أولاده الأربعة و بينهم عمر بن عبد العزيز" (۱)۔ اور ابن حجر خلفائے اثناعشر کو یوں گناتے ہیں: ابوبکر، عمر، عثمان، علی، معاویہ، یزید، عبدالملک، ولید، سلیمان، عمر بن عبد العزیز، یزید ثانی، ہشام۔ (سیرت النبی: ۳/۶۴۱) (۲) ایسا ہی قاضی اور حافظ سیوطی کا قول ہے (تاریخ الخلفاء) (۳)۔

اگر یزید خلیفہ برحق تھا تو امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کیوں مخالفت کی اور اکابرین صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم مثل ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما و ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما وغیرہما نے کیوں بیعت کر لی اور خلع کو ناجائز قرار دیا جیسا کہ بخاری پارہ نمبر:۲۹ کتاب الفتن میں ہے: "و انا قد بايعنا هذا الرجل على بيع الله ورسوله، وأنى لا أعلم غدراً أعظم من أن يبايع رجل على بيع الله و رسوله، ثم ينصب له القتال، و أنى لا أعلم أحداً منكم خلعه، و لا تابع فى هذا الأمر إلا كانت الفيصل بينى و بينه"(٤).

---

(۱) (شرح الفقه الأكبر، ص: ۷۰، قبيل قوله: "غابرين على الحق و مع الحق كما كانوا نتولاهم جميعا" قديمى)

(۲) (سیرۃ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، اخبار غیب یا پیشین گوئی، خلفاء کی بشارت: ۳/۷۰۲، مطبع معارف اعظم گڑھ)

(۳) (تاريخ الخلفاء، فصل فى مدة الخلافة فى الإسلام، ص: ۱۶، ۱۷، مؤسسة الكتب الثقافية)

(۴) (صحيح البخارى، كتاب الفتن، باب إذا قال عند قوم شيئاً ثم خرج فقال بخلافه: ۲/۱۰۵۳، قديمى كتب خانه)

Made Searchable by ScribeTools.com

مولانا اسلم تحریر فرماتے ہیں: ''ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما وابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے جب دیکھا کہ یزید کی خلافت پر اجماع عام ہوگیا تو ان لوگوں نے بیعت کرلی'' (تاریخ الامت، ص:۴۳۱) (۱) علی جلال لکھتے ہیں کہ: ''یزید کی امامت پر کثیر التعداد لوگوں کا اتفاق تھا'' (ترجمۃ الحسین:۲/۹) (۲) حدیث مسلم میں آیا ہے:"من جاء کم و أمر کم جمیع علی رجل واحد یرید أن یفرق جماعتکم، فاقتلوه اھ"۔ ص:۱۲۸ (۳)۔

اگر کہا جائے کہ یزید فاسق تھا اس لئے حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خروج جائز ہوا تو حدیث بخاری پارہ نمبر:۲۹ کتاب الفتن: "من کره من أمیره شیئاً فلیصبر، فإنه من خرج من السلطان شبراً مات میتةً جاهلیةً"، ص:۱۰۴۵ (۴) کی خلاف ورزی ہوگی، نیز رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے متعدد پیشین گوئیاں فرمائی ہیں جن سے یزید کا جنتی مغفور ہونا ثابت ہوتا ہے، ان احادیث وآثار، تاریخی شواہد کا کیا جواب ہوگا جو درج ذیل ہیں؟ ملاحظہ ہوں:

"فحدثتنا أم حرام أنها سمعت النبی صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم یقول: "أول جیش من أمتی یغزون البحر قد أوجبوا". قالت أم حرام: قلت: یا رسول اللّٰه! أنا فیهم؟ قال: "أنت فیهم"

---

(۱) قال ابن جریر: "ثم إن الولید بعث إلی عبد الله بن عمر رضی الله عنها فقال: بایع لیزید، فقال: إذا بایع الناس بایعت، فقال رجل: مایمنعک أن تبایع؟ إنما ترید أن یختلفوا الناس بینهم فیقتتلوا و یتفانوّا، فإذا جهدهم ذلک، قالوا: علیکم بعبد الله بن عمر لم یبق غیره بایعوه، قال عبد الله: ما أحب أن یقتتلوا و لا یختلفوا و لا یتفانوا، ولکن إذا بایع الناس و لم یبق غیر، بایعتُ ..... و أما ابن عمر فقدم فأقام أیاماً فانتظر حتی جاء ت البیعة من البلدان، فتقدم إلی الولید بن عتبة فبایعه، و بایعه ابن عباس". (تاریخ الطبری سنة: ۶۰: ۴/۲۵۴، مؤسسة الأعلمی بیروت)

(۲) (تقدم فی الحاشیة رقمها: ۱)

(۳) (الصحیح لمسلم، کتاب الإمارة، باب حکم من فرق أمر المسلمین و هومجتمع: ۲/۱۲۸، قدیمی، بلفظ: "من أتاکم وأمرکم جمیع علی رجل واحد یرید أن یشق عصاکم أو یفرق جماعتکم فاقتلوه")

(۴) (صحیح البخاری، کتاب الفتن، باب من کره من أمیره شیئاً الخ: ۲/۱۰۴۵، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

قالت: ثم قال النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم: "أول جیش من أمتی یغزون مدینة قیصر مغفور لهم "۔ کتاب الجهاد، پ:۱۱(۱) "قال القسطلانی: کان أول من غزا مدینة قیصر یزید ابن معاویة و معه جماعة من سادات الصحابة۔..... کذا قاله فی الخیر الجاری۔ و فی الفتح: قال المهلب فی هذا الحدیث: منقبة لمعاویة؛ لأنه أول من غزا البحر، و منقبة لولده؛ لأنه أول من غزا مدینة قیصر"۔ حاشیه بخاری ص: ٤١٠ (٢)۔

"قال محمود بن ربیع: فحدثتها قوماً فیهم أبو أیوب الأنصاری صاحب رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم فی غزوته التی توفی فیها، و یزید بن معاویة علیهم بأرض الروم"۔ بخاری ،پ:٥، کتاب التهجد (٣)" أول مارکب المسلمون البحر مع معاویة، فلما انصرفوا من غزوهم قافلین تنزلوا الشام " ۔ بخاری، پ: ۱۱، کتاب الجهاد ص:۱۲۸ (٤) "دخل رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم علی بنت ملحان فاتکأ عندها، ثم ضحك فقالت : لم تضحك یا رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم؟ فقال :"ناس من أمتی یرکبون البحر الأخضر فی سبیل اللّٰہ، مثلهم مثل الملوك علی الأسرة"۔ بخاری ،کتاب الجهاد، پ:۱۱ (٥)۔

علامہ شبلی تحریر فرماتے ہیں کہ ''یہ بشارت سب سے اول امیر معاویہ کے عہد میں پوری ہوئی، دیکھا گیا کہ دمشق کی سرزمین پر اسلام میں سب سے اول تخت شاہی بچھایا جاتا ہے اور دمشق کا شہزادہ یزید سپہ سالاری میں مسلمانوں کا پہلا لشکر لے کر بحر اخضر میں جہازوں کے بیڑے ڈالتا ہے اور دریا کو عبور کر کے قسطنطنیہ کی چہار دیواری پر تلوار مارتا ہے''۔(سیرۃ النبی:۳/ ۶۳۷)(٦)۔

---

(۱) (صحیح البخاری ، کتاب الجهاد، باب ما قیل فی قتال الروم : ۱/ ۴۱۰، قدیمی)

(۲) (صحیح البخاری المصدر السابق، رقم الحاشیة : ۱)

(۳) (صحیح البخاری ، کتاب التهجد ، باب صلوة النوافل جماعة: ۱/ ۱۵۸ ،قدیمی)

(۴) (صحیح البخاری ، کتاب الجهاد ، باب فضل من یصرع فی سبیل اللّٰہ فمات فهو منهم : ۱/ ۳۹۳، قدیمی)

(۵) (صحیح البخاری ، کتاب الجهاد، باب غزوة المرأة فی البحر: ۱/ ۴۰۳، قدیمی)

(٦) (سیرۃ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، اخبار غیب، بحر روم کی لڑائیاں:۳/ ۶۹۷، ۶۹۸، معارف اعظم گڑھ)

''البدایہ والنہایہ'' میں ہے کہ: ''قیصر کے ملک پر سب سے اول یزید بن معاویہ رضی اللہ عنہ کے لشکر نے حملہ کیا''۔ (ترجمۃ الحسین: ۱/۷۶) (۱)۔

ابن کثیر کا بیان ہے کہ ''اول غزوہ قسطنطنیہ کا یزید بن معاویہ نے کیا تھا'' (الحسین ص: ۷۶) (۲)۔

''جب ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت ہوئی تو یزید بن معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پوچھا کوئی وصیت ہو تو ارشاد فرمایئے''۔ (استیعاب: ۲/۶۳۸) بحوالہ سیرت معاویہ ص: ۳۹) (۳)۔ ''یزید بن معاویہ قسطنطنیہ کی ہر دو جنگ میں فوج کا امیر تھا''۔ (الحسین: ۲/۱)۔ ''یزید ایک لشکر جرار لے کر قسطنطنیہ روانہ ہوا جس میں ابن الزبیر، ابن عمر، ابن عباس، ابوایوب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی تھے، موقعہ پر پہنچ کر زبردست لڑائی ہوئی''۔ (ابن خلدون: ۵/۲۴ بحوالہ سیرۃ معاویہ ص: ۴۱) (۴) ''جب یزید قسطنطنیہ پر برائے جہاد حملہ آور ہوا تو ابوایوب

---

(۱) ''فیها (سَنة تسع و أربعین) غزا یزید بن معاویة بلاد الروم حتی بلغ قسطنطنیة، و کان معه جماعة من سادات الصحابة ..... و قد ثبت فی صحیح البخاری أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: ''أول جیش یغزون مدینة قیصر مغفور لهم''. فکان هذا الجیش أول من غزا ها''. (البدایة والنهایة، سنة تسع و أربعین: ۵/۵۱۸، دار الفکر)

(۲) ''و قد کان یزید أول من غزا مدینة قسطنطینة فی سنة تسع و أربعین''. (البدایة والنهایة، ترجمة یزید بن معاویة: ۵/۷۴۲، دار الفکر)

(۳) ''توفی أبو أیوب مجاهداً سنة خمسین ..... و کان فی جیش، و أمیر ذلک الجیش یزید بن معاویة، فمرض أبو أیوب، فعاده یزید فدخل علیه یعوده، فقال: ما حاجتک الخ''. (أسد الغابة، ترجمة خالد بن زید بن کلیب، رقم: ۱۳۶۱، ۲/۱۲۳، دار الکتب)

(۴) مذکورہ غزوہ میں یزید کی شرکت کا حال ملاحظہ فرمائیں:

''ثم بعث معاویة سنة خمسین جیشاً کثیفاً إلی بلاد الروم مع سفیان بن عوف، و ندب یزید ابنه معهم فتثاقل فترکه، ثم بلغ الناس أن الغزاة أصابهم الجوع و مرض، و بلغ معاویة أن یزید أنشد فی ذلک:

ما إن أبالی بما لاقت جموعهم ... بالفدفد البید من حمیً و من شوم

إذا تطأت علی الأنماط مرتفقاً ... بدیر مرّان عندی أم کلثوم

وهی امرأته بنت عبد الله بن عامر، فحلف لیلحقن بهم، فسار فی جمع کثیر، جمعهم إلیه معاویة، فیهم ابن عباس و ابن عامر و ابن الزبیر و أبو أیوب الأنصاری، فأغلوا فی بلاد الروم و بلغوا =

Made searchable using ScribeTools.com

بھی مجاہدین کے ساتھ تھے''۔(تذکرۃ الانصار ص:۲۱۴)(۱)''امیر معاویہ نے یزید کو دوبار امیر حج مقرر کیا، ایک بار صالقہ فوج کا سردار لشکر بنا کر رومیوں کے مقابلہ کے لئے روانہ کیا، قسطنطنیہ پر جو لشکر بھیجا گیا اس میں یہ بھی شامل تھا''۔(تاریخ الامت:۲/۴۳۰)(۲)۔

''امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک دستہ فوج کا امیر بنایا، چونکہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تھا:'' أول جیش الخ'' اس موعودہ مغفرت کو حاصل کرنے کے لئے مدینہ سے اکثر صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اس لشکر میں جا کر شریک ہوئے''۔(تاریخ الامت:۳/۴۱۸)۔

''امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یزید کو جو کہ صالقہ کے فوج کا افسر تھا ایک حصہ فوج کا سپہ سالار بنا کر قسطنطنیہ روانہ کیا''۔(تاریخ الاسلام اکبر خان:۲/۱۳)(۳)۔

''چونکہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تھا:''أول جیش الخ'' اس موعودہ مغفرت حاصل کرنے کے لئے بیشمار لڑائیاں ہوئیں جس میں ابوایوب رضی اللہ تعالیٰ عنہ شہید ہوئے، یہ فوج کشی امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد میں ہوئی''۔(حالات قسطنطنیہ، ص:۱،۲)(۴)''جو فوج قسطنطنیہ روانہ کی گئی تھی اس میں

= القسطنطنية، و قاتلوا الروم عليها، فاستشهد أبو أيوب الأنصارى الخ''. (تاريخ ابن خلدون ، طوائف الشام:۳/۹، ۱۰، مؤسسة الأعلمى بيروت)

(وكذا فى البداية والنهاية :۵/۵۱۸، سنة تسع و أربعين ، دار الفكر)

(۱) (راجع ، ص: ۹۲، رقم الحاشية :۴)

(۲) غزوہ قسطنطنیہ میں یزید کی شرکت تصریحات، ص:۹۲، حاشیہ:۱،۲،۴ میں گزر چکی ہیں۔

ایک مرتبہ ۵۱ھ میں تو یزید کے امیر حج ہونے کی تصریح موجود ہے: "و حج بالناس فى هذه السنة (سنة إحدى و خمسين) يزيد بن معاوية ، حدثنى بذلك أحمد بن ثابت عمن ذكره عن إسحاق بن عيسى عن أبى معشر، وكذلك قال الواقدى". (تاريخ الطبرى ، سنة : ۵۱، ۴/۲۱۳، موسسة الأعلمى بيروت)

اس سے قبل سنہ ۵۰ھ میں امیر حج کے متعلق دو قول ہیں: "واختلف فيمن حج بالناس فى هذه السنة ، فقال بعضهم : حج بهم معاوية ، و قال بعضهم : بل حج بهم ابنه يزيد". (تاريخ الطبرى سنة : ۵۰هـ، ۴/۱۷۹)

(۳)(تاریخ اسلام، قسطنطنیہ پر حملہ:۱/۴۶۴، دارالاشاعت کراچی)

(۴)(راجع، ص: ۹۲، رقم الحاشية: ۳)

بڑے بڑے صحابہ شامل تھے، ابوایوب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی تھے''۔(مختصر تاریخ اسلامی:۳/۹)(۱)''اور جس میں حضرت ابوایوب رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے، ان کا سپہ سالار یزید بن معاویہ تھا''۔ دیکھو بخاری، پ:۵، بحوالہ بالا(۲)۔

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:''کیا اچھا وہ امیر ہوگا، کیا اچھی وہ فوج ہوگی جو قسطنطنیہ پر حملہ کرے گی''۔(سیرۃ معاویہ ص:۳۸)"تفتحن القسطنطنية، و نعم الأمير أميرها، و نعم الجيش جيشها". (حالات قسطنطنیہ ص:۱،۲)

پس ان تصریحات جلیلہ و بشارات نبویہ کے بناء پر یزید کو خلیفہ برحق ومغفور جنتی کہہ سکتے ہیں یا نہیں؟ علماء کرام مدلل مفصل جواب باصواب سے مستفیض فرمائیں۔فقط بینوا توجروا۔

المستفتی: کبیر الدین، اوری پورہ بنارس، ۱۰/ ربیع الاول/ ۶۰ھ۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

آپ کے سوال کا مختصر حاصل جہاں تک میں سمجھا ہوں یہ امور ہیں:

۱.....امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی امامت ثابت ہے یا نہیں؟

۲..... یزید خلیفہ برحق تھا یا نہیں، اگر تھا تو حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خروج کیوں کیا؟ اگر نہیں تھا تو اس کو خلفاء اثناعشر میں شمار کیوں کیا گیا؟

۳.....اخبار مذکورہ فی السوال کی بنا پر یزید مغفور ہوسکتا ہے یا نہیں؟

خدا جانے آپ کا مقصود بھی یہی ہے یا کچھ اَور، تاہم اپنی فہم کے مطابق اسی ترتیب سے جواب تحریر کرتا ہوں۔

۱.....اگر آپ کی مراد امامت سے خلافت ہے جیسا کہ سوال کی دوسری سطر سے معلوم ہوتا ہے:''حسین اور یزید میں خلیفہ برحق کون تھا'' تب تو اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خلافت کا دعویٰ نہیں فرمایا، نہ کسی نے آپ کے ہاتھ پر اس نیت سے بیعت کی۔اور اگر امامت سے خلافت کے علاوہ کچھ اَور مراد ہے تو اس کو واضح کیجئے، لفظ''امام'' کا کسی پر اطلاق کرنے کے لئے نہ بیعت کی شرط ہے، نہ اجماع کی۔

---

(۱) (راجع، ص: ۹۲، رقم الحاشية: ۴)

(۲) (راجع، ص: ۹۲، رقم الحاشية: ۳)

Made searchable using ScribeTools.com

ائمہ اربعہ: امام ابوحنیفہ، امام مالک، شافعی، احمد رحمہم اللہ، پھر امام ابو یوسف، امام محمد، امام زفر رحمہم اللہ وغیرہم کے ہاتھ پر کس نے خلافت کی بیعت کی، کب اجماع ہوا؟ مگر ان حضرات پر لفظ امام کا اطلاق ہوتا ہے، اسی طرح امام بخاری، امام مسلم رحمہما اللہ وغیرہما اور امام نافع، عاصم وغیرہما سب پر امام کا اطلاق ہوتا ہے۔

۲..... یزید نے خلافت کا دعویٰ کیا، بلکہ امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی زندگی میں یزید کو اپنا ولی عہد بنادیا تھا(۱) مگر حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نزدیک نہ وہ مستحق تھا خلافت کا اور نہ اس کی خلافت مستقر ہوئی (استقرار خلافت کے طرق ازالۃ الخفاء کے ص: ۵ پر درج ہیں) (۲) اس بناء پر مخلوق کو ظالم کے پنجہ سے بچانے کے لئے انہوں نے سعی فرمائی کہ اعانت مظلوم حتی الوسع واجب ہے (۳) پھر بعد میں یزید کو تسلط تام حاصل ہوگیا تھا اور خلافت مستقر ہوگئی تھی۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما وغیرہ کی بیعت جن روایات میں مذکور ہے وہ مابعد پر محمول ہے،

---

(۱) "وفيها (سنة ست و خمسين) ودعا معاوية الناس إلى بيعة ابنه يزيد من بعده، و جعله ولي العهد". (تاريخ الطبرى، سنة ست و خمسين: ۲۲۴/۴، مؤسسة الأعلمى بيروت)

"و لم يكن ليزيد همة حين ولى إلا بيعة النفر الذين أبوا على معاوية الإجابة إلى بيعة يزيد حين دعا الناس إلى بيعته ..... فكتب: إلى الوليد (بسم الله الرحمن الرحيم، من يزيد أمير المؤمنين إلى الوليد بن عتبة الخ". (تاريخ الطبرى، خلافة معاوية: ۲۵۰/۴)

(۲) "انعقاد خلافت بچہار طریق واقع شود: طریق اول: بیعت اہل حل وعقد است از علماء وقضاۃ وامراء ووجوہ ناس کہ حضور ایشاں متیسر شود..... طریق دوم: استخلافِ خلیفہ ستِ مستجمع شروط را یعنی خلیفہ عادل بمقتضائے نصح مسلمین شخصی را از بیان مستجمعین شروط خلافت اختیار کند، وجمع نماید مردمانرا، ونص کند باستخلاف وے، ووصیت نماید باتباع وے..... طریق سوم: شوریٰ ست، و آن است کہ خلیفہ شائع گرداند خلافت را درمیان جمعی از مستجمعین شروط گوید از میان این جماعہ ہر کرا اختیار کنند خلیفہ او باشد ..... وطریق چہارم: استیلا است چوں خلیفہ بمیرد، وشخصی متصدی خلافت گردد وبغیر بیعت واستخلاف، وہمہ را بر خود جمع ساز، و بایتلاف قلوب یا بقہر ونصب قتال خلیفہ شود الخ"۔ (ازالۃ الخفاء، مسئلہ در طرق انعقاد خلافت: ۵/۱، سہیل اکیڈمی)

(۳) "قسم خرجوا غضباً للدين من أجل جور الولاة و ترك عملهم بالسنة النبوية، فهولاء أهل الحق، و منهم الحسين بن على و أهل المدينة فى الحراء". (فتح البارى: ۲۴۰/۱۲، بحوالہ یزید کی شخصیت، مصنفہ مولانا عبدالرشید نعمانی، ص: ۱۵۳، ۱۵۴، مجلس نشریات اسلام)

اولاً ان سے انکار ثابت ہے، صرح بہ الحافظ فی فتح الباری (۱)۔

حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ کے فتاویٰ سے ایک سوال مع جواب نقل کرتا ہوں جس سے اس مسئلہ کی کافی وضاحت ہوجائے گی:

سوال:

''باوصف صحت حدیث خلافت "الخلافة بعدی ثلاثون سنةً" وترک خلافت حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ بجہت استماع ہمیں حدیث، پس حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ بکدام دعویٰ از مکہ معظّمہ برآمدہ در کربلا شہید شدند، وعلاوہ حدیث متواتر در مشکوۃ وغیرہ موجود است کہ ''اکثر پادشاہان ظالم خواہند بود، بسیار ظلم خواہند کرد''، صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم عرض نمودند کہ دراں وقت مسلمانان تعرض از بادشاہان نخواہند کرد؟ حضرت علیہ السلام فرمود کہ ''مسلمانا را نمی رسد کہ از بادشاہ وقت کہ بہ تسلط سلطنت گرفتہ باشد، تعرض نماید، ورنہ آن مسلمانان خود ظالم و باغی خواہند''. گردید پس حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ چرا مقابلہ کردند، وسلطنت یزید از روئے سلطنت ظاہر وثابت است''؟

جواب:

''خروج حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ بناء بر خلافت راشدہ پیغامبر علیہ التحیۃ والسلام کہ برسی سال منقضی گشت نبود، بلکہ بنابر تخلیص رعایا از دست ظالم بود" وإعانة المظلوم عن الظالم من الواجبات" وآنچہ در مشکوۃ ثابت است کہ حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم از بغی وخروج بر بادشاہ وقت اگرچہ ظالم باشد منع فرمودند، پس دراں وقت است کہ

---

(۱) قال: "عن نافع أن معاوية أراد ابن عمر على أن يبايع ليزيد، فأبى و قال: لا أبايع لأميرين الخ". (فتح الباری، كتاب الفتن، باب إذا قال عند قوم شيئاً الخ: ۱۳/۸۷، قديمی)

"و امتنع من بيعته الحسين بن على و عبد الله بن عمر و عبد الله بن الزبير رضى الله تعالىٰ عنهم..... و أما ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما فقال: إذا اجتمع الناس بايعت الخ". (لسان الميزان: ۲۹۳/۶، بحوالہ یزید کی شخصیت، ص: ۱۱۶، نشریات اسلام)

Made searchable using ScribeTools.com

آن بادشاہ ظالم بلا تنازع ومزاحم تسلط تام پیدا کردہ باشد، وہنوز اہل مدینہ واہل مکہ واہل کوفہ بتسلط یزید پلید راضی نشدہ بودند: مثل حضرت امام حسین وعبداللہ بن عباس وعبداللہ بن عمرو عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہم بیعت نکردہ بودند، بالجملہ خروج حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ برائے دفع تسلط او بود، نہ برائے رفع تسلط، وآنچہ درحدیث ممنوع است آن خروج است کہ برائے رفع تسلط سلطان جائر باشد، و الفرق بین الدفع والرفع ظاهر مشهور فی المسائل الفقهية اهـ". فتاویٰ عزیزیہ: ۱/۲۱، ۲۲(۱)۔

یہ تو خروج کا حال ہوا، یزید کو بعض علماء نے خلفائے اثناعشر میں شمار کیا ہے، بعض نے نہیں کیا، چنانچہ علامہ سیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ نے تاریخ الخلفاء میں ایک دوسرا قول نقل کیا ہے، اس میں یزید کا نام نہیں ہے(۲)۔

ملا علی قاری نے شرح فقہ اکبر میں تو وہ لکھا ہے جس کو آپ نے نقل کیا ہے، لیکن مرقاۃ شرح مشکوۃ میں حدیث: "هلكة أمتي على يدي غلمة من قريش" (رواہ البخاری) کے تحت میں یزید کو بھی انہیں غلمہ میں گنایا ہے جن کے ہاتھ پر امت کی ہلاکت بتلائی گئی ہے(۳)۔

---

(۱) (فتاوی عزیزی (فارسی)، کیفیت خروج امام حسین برائے اعانت اهل کوفه، ص: ۳۴، ۳۵، کتب خانه رحیمیه دیوبند)

(۲) قال: "و قيل : إن المراد وجود اثنى عشر خليفةً فى جميع مدة الإسلام إلى يوم القيامة يعملون بالحق و إن لم تتوال أيامهم، و يؤيد هذا ما أخرجه مسدد فى مسنده الكبير عن أبى خلد أنه قال: "لا تهلك هذه الأمة حتى يكون منها اثنا عشر خليفةً ، كلهم يعمل بالهدى و دين الحق، منهم رجلان من أهل بيت محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ". ..... قلت: وعلى هذا فقد وجد من الإثنى عشر خليفةً الخلفاء الأربعة ، والحسن ، و معاوية وابن الزبير وعمر بن عبد العزيز ، هؤلاء ثمانية. و يحتمل أن يضم إليهم المهتدى من العباسيين؛ لأنه فيهم كعمر بن عبد العزيز فى بنى أمية ، وكذلك الطاهر لما أتاه من العدل ، و بقى الإثنان المنتظران: أحدهما: المهدى ؛لأنه من آل بيت محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم". (تاريخ الخلفاء، فصل فى مدة الخلافة فى الإسلام، ص: ۱۷، مؤسسة الكتب الثقافية)

(۳) قال: "و قال المظهر :لعله أريد بهم الذين كانوا بعد الخلفاء الراشدين مثل يزيد و عبد الملك بن مروان وغيرهما". (مرقاة المفاتيح، كتاب الفتن ، الفصل الأول : ۹/۲۶۶، رقم الحديث :۵۳۸۸، رشيديه) =

اصل یہ ہے کہ جس حدیث شریف میں بارہ خلفاء کا ذکر آیا ہے اس کے طرق اور الفاظ کو جمع کر کے غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں معانی متعددہ کا احتمال ہے، اسی لئے اس سے متعدد فرقوں نے مختلف مقاصد پر استدلال کیا ہے، چنانچہ امامیہ کہتے ہیں کہ بارہ امام جو معصوم ہیں وہ مراد ہیں، قاضی عیاض مالکی اور حافظ ابن حجر شافعی کے نزدیک راجح وہی ہے جو آپ نے نقل کیا۔

تورپشتی رحمہ اللہ تعالیٰ کی رائے یہ ہے کہ بارہ اماموں کا مسلسل ہونا ضروری نہیں، بلکہ قیامت سے پہلے ہونا ضروری ہے۔ بعض علماء کی رائے ہے کہ بارہ خلفاء حضرت امام مہدی رحمہ اللہ تعالیٰ کے بعد ہوں گے۔ بعض فرماتے ہیں کہ ان بارہ کا ایک عصر میں ہونا ضروری ہے۔ دیکھو فتح الباری: ۱۳/۱۸۱ (۱) اور اشعۃ اللمعات: ۴/۶۸۶ (۲)۔

= قال الحافظ: "وفی هذا إشارة إلی أن أول الأغيلمة كان فی سنة ستين و هو كذلک، فإن يزيد بن معاوية استخلف فيها ..... و أن أولهم (أی الغلمان المذكورين) يزيد كما دل عليه قول أبی هريرةؓ: رأس الستين و إمارة الصبيان". (فتح الباری، كتاب الفتن، باب قول النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: "هلاک أمتی علی يدی أغيلمة سفهاء": ۱۳/۱۲، ۱۳، قديمی)

(۱) قال الحافظ عن ابن بطال عن المهلب: "فقوم قالوا: يكونون بتوالی إمارتهم ..... (نقل عن القاضی) فيحتمل أن يكون المراد من يستحق الخلافة من أئمة العدل، و قد مضی منهم الخلفاء الأربعة، و لا بد من تمام العدة قبل قيام الساعة، و قد قيل: إنهم يكونون فی زمن واحد يفترق الناس عليهم ..... و يحتمل أن يكون المراد أن يكون "الإثنا عشر" فی مدة عزة الخلافة و قوة الإسلام ..... (نقل عن ابن الجوزی عن الحسين بن المنادی) يحتمل فی معنی حديث "يكون إثنا عشر خليفةً" أن يكون هذا بعد المهدی الذی يخرج فی آخر الزمان ..... قال: إبن الجوزی: والوجه الثالث أن المراد وجود إثنی عشر خليفةً فی جميع مدة الإسلام إلی يوم القيامة، يعملون بالحق و إن لم تتوالی أيامهم". (فتح الباری، كتاب الأحكام، باب بلا ترجمة قبل باب إخراج الخصوم الخ: ۱۳/۲۶۲-۲۶۴، قديمی)

(۲) "ثانی آنکہ مراد خلفائے عادل وامرائے صلاح اند کہ مستحق خلافت اند بتحقیقت، ولیکن لازم نیست کہ بعد ازان حضرت در پے ہم متصل باشند، شاید کہ این عدد تمام شود تا زمانے اگرچہ تا قریب قیام ساعت ست باشد، تورپشتی گفتہ کہ راہ راست درین حدیث و ہر چہ درین معنی وردد یافتہ ہمیں ست، ثالث آں کہ مراد وجود ایشاں ست بعد از موت مہدی ..... رابع آنکہ مراد وجود این عدد ست و در عصر واحد الخ"۔ (اشعۃ اللمعات، کتاب الفتن، باب فی مناقب قریش، الفصل الأول: ۴/۴۲۰، ۴۲۱، نوریہ رضویہ سکھر)

Made searchable using ScribeTools.com

۳.....آپ نے جو حاشیہ بخاری شریف ص:۴۱۰ کی عبارت نقل کی ہے، اس کا یہ حاشیہ پورا دیکھ لیجئے کہ ابن التین اور ابن المنیر نے کس طرح تعقب کیا ہے، یہ حاشیہ فتح الباری:۶/۴۷ سے ماخوذ ہے(۱)، نیز یزید کے مغفرت وعدم مغفرت کا مسئلہ اس کے اسلام وکفر کی فرع ہے، جن کے نزدیک اس کے احوال: استحلال خمر وزنا واہانت اہل بیت واہانت مسجد نبوی وغیرہ (جنکی تفصیل جذب القلوب الی دیار المحبوب وغیرہ میں ہے) محقق ہوگئے وہ لعنت وغیرہ کی بھی اس پر اجازت دیتے ہیں جیسا کہ علامہ ابوالحسن ثانی غزالی رحمہ اللہ تعالیٰ اور امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ تعالیٰ کا قول علامہ دمیری نے حیوٰۃ الحیوان:۳/۲۲۶ میں نقل کیا ہے، ایسا ہی فتاویٰ عزیزیہ:۱/۱۰۵ میں ہے(۲) اور علامہ تفتازانی نے لکھا ہے: "والحق أن رضا يزيد بقتل الحسين و استبشاره بذلك و إهانة أهل بيت النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم مما تواتر معناه وإن كان تفاصيله أحاد، فنحن لا نتوقف فى شانه بل فى إيمانه لعنة الله عليه و على أنصاره و أعوانه اهـ"۔ شرح العقائد النسفيه، ص:۱۱۷(۳)۔

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا مسلک اس میں تعارض روایات کی بنا پر توقف ہے(۴)، آپ کے سوال کا جواب نہایت مختصر جواب کی جگہ اور محصول کی رعایت کرتے ہوئے تحریر کیا ہے، بسط وتفصیل کی نہ کاغذ میں گنجائش ہے، نہ محصول میں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم بالصواب وعلمہ اتم واحکم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۷/۳/۶۰ھ۔

---

(۱) قال: "و تعقبه ابن التين وابن المنير بما حاصله : أنه لا يلزم من دخوله فى ذلك العموم أن لا يخرج بدليل خاص إذ لا يختلف أهل العلم أن قوله ﷺ : "مغفور لهم" مشروط بأن يكونوا من أهل المغفرة حتى لو ارتد واحد ممن نزاها بعدذلك لم يدخل فى ذلك العموم اتفاقاً،فدل على أن المراد مغفور لهم لمن وجد شرط المغفرة فيه متهم الخ". (فتح البارى ،كتاب الجهاد ، باب ما قيل فى قتال الروم :۶/۱۲۸ ، قديمى)

(۲) (فتاوى عزيزى (فارسى) وجه تكفير از سب شيخين و عدم تكفير از سب ختنين، ص:۱۰۰ ، ۱۰۱ ، رحيمه ديوبند)

(۳) (شرح العقائد تحت قوله: "ويكف عن ذكر الصحابة" ص:۱۱۷ ، مطبعه يوسفيه لكهنو)

(۴) "و جماعتے از علماء کہ نزد آنہا ہر دو روایت متعارض شدند ترجیح یکطرف بر دیگر حاصل نشد، بنا بر احتیاط توقف نمودند، ہمیں است واجب بر علماء عند التعارض وہو قول ابی حنیفۃ"۔ (فتاوی عزیزی (فارسی)، وجہ تکفیر از سب شیخین، ص:۱۰۱، رحیمیہ دیوبند)

Made Searchable by ScribeTools.com

صحیح ہے: سعید احمد غفرلہ مفتی مدرسہ عالیہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۲/ ربیع الاول/ ۶۰ھ۔
صحیح: عبداللطیف مدرسہ عالیہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۳/ ربیع الاول/ ۶۰ھ۔

جوابات پر چند اعتراض

جواب: ۱، ۲، ۳: جب یزید نے دعوی خلافت کیا اور حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی زندگی میں اس کو ولی عہد بنایا اور اکثریت نے اس کو تسلیم کیا اور بیعت کی تو پھر کیا وجہ تھی جو امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نزدیک وہ مستحق خلافت نہ تھا، حالانکہ اس کی خلافت مستقر ہو چکی تھی، اس کو تسلط حاصل تھا، بادشاہت مل چکی تھی؟ دیکھو: سر الشہادتین: "لما تملك يزيد و تسلطن و ذلك فی رجب سنة ستين بدمشق" دیکھو "سر الشہادتین ص: ۵۰: "مالک و بادشاہ شد و یزید تسلط یافت بر مملکت و آن در ماہ رجب سال شصتم از ہجرت بشہر دمشق"۔

علامہ ابواسحاق اسفرائنی نور العین میں لکھتے ہیں کہ یزید دمشق میں اپنے والد کی جگہ خلیفہ تھا، سب عرب اس کی اطاعت کرتے تھے، تمام بادشاہ اس کو تحائف بھیجتے تھے، سب خلقت اس کی مطیع تھی۔ حافظ اسلم تحریر فرماتے ہیں کہ: "ابن عباس، ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے جب دیکھا کہ یزید کی خلافت پر اجماع عام ہو گیا تو ان لوگوں نے بیعت کر لی"۔ تاریخ الامت ص: ۱۴۳۱۔ "امامت بطریق ثلاثہ منعقد میشود: یکے بیعت اہل حل و عقد۔ ودوم: استخلافِ خلیفہ سابق۔ سوم: تسلط: میگویم در یزید این ہر سہ طریق محقق بودند۔ اول بیعت کردند بدست یزید ابن عمر و ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم وغیرہما کہ ہمہ از اہل حل وعقد بودند، اما ثانی کہ ثابت است کہ حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ یزید را خلیفہ کرد۔ سوم تسلط غلبہ ثابت است"۔ آپ فرماتے ہیں کہ:

"امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ مظلوم کو ظالم کے پنجے سے بچانے گئے تھے" مگر واقعات بتلاتے ہیں کہ آپ خلافت کے لئے گئے تھے، جب امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے صلح کی تو آپ راضی نہ تھے، یہ پہلی دلیل ہے۔ کوفیوں نے خط لکھا تھا کہ آپ آیئے خلافت آپ کا حق ہے، خلافت کیجئے، ہم آپ کے شیعہ ہیں، آپ کی بیعت کرنے کے لئے تیار ہیں، آپ یزید سے جنگ کیجئے، ہم آپ کے ساتھ ہیں، یہ دوسری دلیل ہے۔ اور امام مسلم کے ہاتھ پر چالیس ہزار جنگی کا بیعت ہونا تیسری دلیل ہے، دیکھو تاریخ اسلام، واقعات کربلا، عامہ کتب۔ ان واقعات سے کیا ظاہر ہوتا ہے تو ایسی حالت میں جو مخالفت کرے گا وہ باغی سمجھا جائے گا یا نہیں اور

Made searchable using ScribeTools.com

اس کا قتل واجب ہے یا نہیں؟ ملاحظہ ہو:

"و قال علیه السلام: "إذا بویع لخلیفتین فاقتلوا الآخر منهما" کذا فی شرح فقه اکبر ص:۱۷۹(۱)،"من أتاکم وأمرکم جمیع علی رجل واحد یرید أن یشق عصاکم أو یفرق جماعتکم فاقتلوا"۔ رواه مسلم (۲) "وستکون خلفاء فتکثروا قالوا: فما تأمرنا؟ قال: "فوافوا بیعة الأول"۔ مسلم :۱۲۶/۲(۳) وقال:" من مات و لیس فی عنقه بیعة مات میتةً جاهلیةً" رواه مسلم(٤)۔

"و لا یجوز نصب الإمامین فی عصر واحد". شرح فقه اکبر، ص:۱۷۹(۵)، "فالإمام من انعقدت له البیعة من أکثر الخلق، والمخالف باغ". شرح فقه اکبر ص:۱۷۹(٦) "ان طاعته کانت واجبةً علی الحسین رضی اللّٰه تعالیٰ عنه". ابو شکور سالمی "ان یزید کان إماماً مطاعاً والحسین باغیاً، فقتل بسیف جده صواعق"، ص:۲٦ و قال ابن عربی: ما قتل الحسین إلا بسیف جده: أی لأنه الخلیفة، والحسین باغ علیه، وأول خارج فی الإسلام حسین بن علی". شرح قصیده همزیه"۔

آپ لکھتے ہیں کہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما وغیرہ کی بیعت مابعد پر محمول ہے، اگر یہ صحیح ہے تو کیا مابعد میں یزید فرشتہ ہوگیا تھا اور ماقبل میں شیطان تھا، کیا جب اہل مدینہ نے خلع بیعت کیا تو ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اپنے حشم کو جمع کر کے یہ نہیں کہا کہ جو خلع کرے گا وہ غدار ہوگا، میں نے اللہ و رسول کی بیعت سمجھ کر کی ہے۔ دیکھو بخاری، پ:۲۹۔ اب آپ بتلایئے کہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیعت کر کے اور امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیعت نہ کر کے کیا ہوئے؟

---

(۱) (شرح الفقه الأکبر للقاری و منها: مسئلة نصب الإمام ص:۱۴٦، قدیمی)

(۲) (الصحیح لمسلم، کتاب الإمارة، باب حکم من فرق أمر المسلمین و هو مجتمع:۱۲۸/۲، قدیمی)

(۳) (الصحیح لمسلم، کتاب الإمارة، باب وجوب الوفاء ببیعة الخلیفة الأول فالأول:۱۲٦/۲، قدیمی)

(۴) (الصحیح لمسلم، کتاب الإمارة، باب وجوب ملازمة جماعة المسلمین عند ظهور الفتن: ۱۲۸/۲، قدیمی)

(۵) (شرح الفقه الأکبر للقاری، ومنها: مسئلة نصب الإمام، ص:۱۴٦، قدیمی)

(٦) (شرح الفقه الأکبر للقاری، ومنها: مسئلة نصب الإمام، ص:۱۴۷، قدیمی)

آپ لکھتے ہیں..... کہ بارہ خلفاء میں اختلاف ہے، میں کہتا ہوں بہر حال اختلاف صحیح، مگر کسی نے آج تک امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پانچواں خلیفہ لکھا؟ اگر لکھا اور اکثریت نے تو صرف یزید کو لکھا تو پھر جھگڑا کیسا؟ مطلع صاف ہے، جب امام حسین کو کوئی پانچواں خلیفہ لکھتا، کوئی یزید کو، تب اختلاف ہوتا یہاں تو خدا کے فضل سے صاف ہے۔

آپ نے حدیث : "هلكة أمتي على يدي غلمة من قريش " میں یزید کو خلاف جمہور شمار کیا اور اس حدیث کو نظر انداز کر دیا ہے جس سے جمہور کے نزدیک یزید کا مغفور و جنتی ہونا ثابت ہو رہا ہے، حدیث اول : "جيش من أمتي يغزون مدينة قيصر مغفور لهم "اس پر آپ لکھتے ہیں کہ ابن التین وابن منیر نے تعقب کیا ہے:"حتى لو ارتد واحد ممن غزاه بعد ذلك لم يدخل في ذلك العموم اتفاقاً" میں کہتا ہوں کہ یہ تعقب باطل ہے، اس لئے کہ یزید کا ارتداد ثابت نہیں، بلکہ ایمان ثابت ہے : "ان إيمان يزيد محقق، و لا يثبت كفره" شرح فقہ اکبر ص:۸۸۔ اور وہی قول صحیح ہے جو حاشیہ بخاری ص:۴۱۰ میں ہے:"كان أول من غزا مدينة قيصر يزيد ابن معاوية، و قال المهلب في هذا الحديث: منقبة لولده؛ لأنه من غزا مدينة قيصر" اور بخاری، پ:۵ سے جس کی تائید ہوتی ہے : "في غزوته التي توفي فيها و يزيد بن معاوية عليهم بأرض الروم " ۔ بخاری کتاب التہجد اور علامہ تفتازانی کا جواب ملا علی قاری نے شرح فقہ اکبر، ص:۸۷ میں دے دیا ہے یعنی یزید قتل پر راضی نہ تھا : "انه لا يثبت أصلاً" شرح فقہ اکبر، ص:۸۷(۱) اگر قتل پر راضی تھا تو یہ کفر نہیں:"إن الرضا بقتل الحسين ليس بكفر " شرح فقہ اکبر، ص:۸۷(۲) اور یزید نے قتل کا حکم بھی نہیں دیا : "وقلنا: هذا مما لم يثبت أصلاً " شرح فقہ اکبر، ص:۸۶(۳) اگر حکم قتل دیا بھی تو کفر نہیں:"لأن الأمر بقتل الحسين لا يوجب الكفر " شرح فقہ اکبر ص:۸۷(۴)۔

جب امام اعظم کا مذہب سکوت ہے تو "فاسق، فاجر، ملعون، مردود یزید پلید" کیوں کہا جاتا ہے اور جواز

---

(۱) (شرح الفقه الأكبر ، ص: ۷۳، قديمی)

(۲) (شرح الفقه الأكبر ،ص: ۷۳، قديمی)

(۳) (شرح الفقه الأكبر ،ص: ۷۲، قديمی)

(۴) (شرح الفقه الأكبر ،ص: ۷۲، قديمی)

Made searchable using ScribeTools.com

لعن تک کا فتوی دیا جاتا ہے، کیا امام اعظم کا مسلک صحیح نہیں اور اس بارہ میں امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کے واضح ارشادات کیوں نہیں نقل کئے جاتے ہیں؟ فقط والسلام۔

مدلل مفصل ہر شق پر اعتراض، ہر دلیل، ہر عبارت، ہر حدیث کا جواب باصواب مرحمت فرماویں۔

المستفتی کبیر الدین اوری پورہ بنارس۔

بسط وتفصیل کے ساتھ جواب دیجئے اور اس مسئلہ پر کافی غور کیجئے، لکیر کے فقیر کی ضرورت نہیں، تحقیق کی ضرورت ہے، اگر یہ پرچہ ناکافی ہو تو جواب دیگر پرچہ پر دیجئے۔

غور فرمایئے کیا یزید پر طرح طرح کے الزامات لگا کر ان بشاراتِ نبویہ کو رد کر دیا جائے گا جس طرح رافضی تمام بشارات نبوی کو رد کر دیتے ہیں صحابہ کرام کو الزامات لگا کر، اگر وہ الزامات نہ لگائیں تو صحابہ کرام کو ''فاسق، فاجر، غاصب، ظالم'' کیسے کہیں گے، جیسے آج ہمارے علماء یزید پر الزامات عائد کرتے ہیں، حالانکہ احادیث صحیحہ نبویہ کے مقابل چند غیر معتبر حکایات کی کوئی حقیقت نہیں، البتہ وہ راوی وہ حدیث جھوٹی کہی جاسکتی ہے، مگر پیشین گوئی رسول جھوٹی نہیں ہوسکتی، سمجھ کر جواب دیجئے۔ فقط والسلام۔

المستفتی کبیر الدین اودی پورہ بنارس، المرقوم، ۳۱/مئی، ۴۲ھ۔

جناب مولانا محترم.....السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

استفتاء روانہ کر رہا ہوں اس کو دوسرے پرچے پر نقل کروا کر بسط وتفصیل سے جواب لکھ کر روانہ فرمایئے، محصول کے لئے ٹکٹ ۱۰۲ کا رکھ دیا ہے۔ برائے جواب، برائے مہربانی واپس نہ فرمایئے گا مسئلہ یزید پر بسط وتفصیل کی سخت ضرورت ہے آپ کا پہلا فتویٰ آیا میں بیمار تھا اور کچھ پریشانیوں کی وجہ سے بہت عرصہ ہوگیا خیر جواب مرحمت فرمایئے اور کامل جواب دیجئے واپس نہ فرمایئے۔ ﴿وأما السائل فلا تنهر﴾۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

۱.....فتاویٰ ناواقف اور جاہل کے لئے ہوتے ہیں، اہل علم جن کے سامنے ہر نوع کی نصوص موجود ہوں ان کو کسی سے دریافت کرنے اور پھر جواب پر اعتراض کرنے کی کیا ضرورت ہے؟

آپ کی تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ بہت بڑا پہلوان اکھاڑے میں کھڑا ہوکر "هل من مبارز" کی صدا بلند کر رہا ہے، طرز تحریر نہ سائلانہ ہے، نہ مستفتیانہ ہے، بلکہ مناظرانہ اور مکابرانہ ہے، ہم لوگ نہ اس کے لئے تیار

ہیں نہ ہمارے پاس اتناوقت ہے،تقریباً سو کتابیں حدیث،عقائد،تاریخ کی دیکھی اور جواب تحریر کیا ہے،مگر آپ کی خشونت مزاجی و درشتی لہجہ اور آزاد طبعی سے اندازہ ہوتا ہے کہ آپ ہرگز تسلیم نہیں کریں گے،اس لئے اس جواب کو بھیجنا اضاعت علم اور "وضع العلم فی غیر أهله"تصور کر کے مختصر جواب پر اکتفا کیا جاتا ہے۔

۲.....جواب نمبر:۱،اور جواب نمبر:۲، کے متعلق کچھ گوہر افشانی نہیں فرمائی،کیا بات ہے؟

۳.....اس کو پہلے ہی سے ولی عہد بنادیا گیا تھا۔

۴.....اس لئے کہ وہ فاسق تھا جیسا کہ حضرت عائشہ اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہم وغیرہ نے بھی فرمایا تھا۔

۵.....یہ کس کی تصنیف ہے،ایک تو اس نام کی کتاب حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب نے تصنیف فرمائی ہے جس میں حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کو بہت سی احادیث سے ثابت فرمایا ہے۔

۶.....کیا ابواسحٰق اسفرائنی نے اردو میں اس نام کی کوئی کتاب تصنیف کی ہے؟

۷.....شروع ہی سے مطیع ہوگئی تھی یا اخیر میں،اگر شروع سے سب خلقت مطیع ہوگئی تھی تو چالیس ہزار جنگی نے امام مسلم کے ہاتھ پر بیعت کیوں کی تھی اور اہل مدینہ نے خلع بیعت کیوں کیا؟ کیا یہ واقعات غلط ہیں، حالانکہ یہ آپ نے خود بھی لکھے ہیں؟

۸.....حافظ اسلم یہ وہی ہیں نا! جن کا مضمون کچھ عرصہ ہوا حدیث کی مخالفت میں شائع ہوا تھا کہ حدیث قابل اعتبار نہیں،تاریخ کے مقابلہ میں حدیث کی کوئی حیثیت نہیں، جب ان کے خلاف احتجاج کیا گیا تو معافی طلب کی،مگر اب بھی دوسروں کے نام سے ان کے مضامین شائع ہوتے رہتے ہیں اور یہ جامعہ ملیہ دہلی میں ملازم ہیں،کیا آپ نے ان کی تاریخ امت پوری دیکھی اور اس کے مضامین حدیث کے مطابق ہیں؟

۹.....اس سے معلوم ہوا کہ اولاً بیعت نہیں کی، بلکہ ان کی بیعت مابعد پر محمول ہے یعنی جب موافقت کی قوت اپنے اندر نہ دیکھی۔ میں نے یہی چیز لکھ دی تھی تو آپ ناراض ہوگئے۔

۱۰.....ان کی بیعت مابعد میں ہوئی جیسا کہ آپ کے حافظ اسلم نے لکھا اور آپ نے تسلیم کیا،اگر چہ میرے لکھے ہوئے کو رد کر دیا۔

۱۱.....تمام اہل حل وعقد کا بیعت کرنا ابتداءً ثابت نہیں۔

Made searchable using ScribeTools.com

۱۲.....مگر حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سامنے بھی بعض حضرات نے صاف انکار کر دیا جیسے کہ عبدالرحمٰن بن ابی بکر نے، ابن جریر کو دیکھئے کہ اخیر وقت میں امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یزید کو مخالفین کی فہرست بتائی اور ان سے حفاظت کی ترکیب سمجھائی، تب معلوم ہوگا کہ تمام اہل حل وعقد نے بیعت کی تھی یا نہیں اور جن سے بیعت لی گئی اس کی تفصیل ''فتح الباری وروضۃ الصفاء'' میں دیکھئے کہ بعض کو اسّی ہزار دینار پیش کر کے بیعت کی درخواست کی گئی، نیز امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اخیر وقت میں ولی عہد بنانے پر اپنی غلطی کا اعتراف اور ندامت کا اظہار فرما کر استغفار بھی کیا۔ کذا فی روضۃ الصفاء۔

۱۳.....کیا اس کی تائید میں امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بھی کوئی مقولہ پیش کر سکتے ہیں؟

۱۴.....یہ دلیل کی کونسی قسم ہے؟

۱۵.....اس خط کے جواب میں تحریراً یا تقریراً امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کیا فرمایا؟

۱۶.....اور یہ کونسی قسم ہوئی دلیل کی؟

۱۷.....یہ قسم کونسی ہے؟ افسوس آپ نے کسی کی بھی تعیین نہ کی۔

۱۸..... یہ یزید کی خلافت پر اجماع کی بھی دلیل ہوگی اور غالباً چوتھی دلیل ہوگی، اس کا بھی عدد بتلا دیتے تو اچھا تھا۔

۱۹.....امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاتھ پر تو بیعت نہیں کی گئی، اس لئے وہ مستحق قتل نہیں ہوئے۔

۲۰..... یہاں نہ امر شخص واحد پر مجتمع تھا، کیونکہ چالیس ہزار جنگی نے امام مسلم کے ہاتھ پر بیعت کی تھی جیسا کہ آپ نے لکھا اور ارباب حل وعقد میں سے عبداللہ بن عمر وعبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے بیعت نہیں کی تھی، بلکہ بعد انعقاد اجماع کی ہے جیسا کہ حافظ اسلم سے آپ نے نقل کیا اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے تو انکار فرما ہی دیا تھا اور ایک فہرست جس میں عبداللہ بن زبیر، امام حسین، عبدالرحمٰن بن ابی بکر وغیرہم ہیں امیر معاویہ نے بتلائی تھی جیسا کہ تاریخ ابن جریر طبری میں ہے، نیز جو لوگ بیعت کر چکے تھے امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کے پاس تشریف نہیں لے گئے تا کہ ان میں تفریق ڈالیں، بلکہ ایسے لوگوں کے پاس گئے جنہوں نے بیعت نہیں کی تھی، لہذا وہ مستحق قتل نہیں تھے۔

۲۱..... جو لوگ امام حسین کے ساتھ تھے انہوں نے یزید کے ہاتھ پر بیعت نہیں کی، نیز امام حسین رضی

اللہ تعالیٰ عنہ نے دعویٰ خلافت نہیں کیا جو کثرت خلفاء صادق آ سکے۔

۲۲.....اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جب خلیفہ موجود ہو۔ اور جب کہ امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نزدیک وہ خلیفہ ہی نہیں تھا تو اس کی بیعت واجب نہیں تھی، لہذا ان کے حق میں ایسی حدیث پیش کرنا اعلیٰ درجہ کی جہالت ہے۔

۲۳..... یہاں دو امام بنائے ہی نہیں گئے۔

۲۴..... یہ کوئی قرآن کریم کی آیت ہے یا حدیث شریف جس پر عمل کرنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ذمہ فرض تھا؟

۲۵.....کیا ابوشکور سالمی کی اتنی حیثیت ہے کہ اس کا قول امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر حجت ہو؟

۲۶..... یہ کوئی خدائی کتاب ہے یا حدیث شریف ہے جس سے امام حسین پر الزام قائم کیا جا سکے؟

۲۷.....شاید ابن عربی کی آپ نے پوری کتاب نہیں دیکھی، ورنہ صرف اتنا فقرہ نقل کرنے کی جرأت نہ فرماتے۔

۲۸.....شارح قصیدہ ہمزیہ کا مجموعہ فتاوی حدیثیہ دیکھئے کہ یزید کے متعلق کیا کچھ لکھا ہے تب آنکھیں کھلیں گی، کہیں ایسا نہ ہو کہ اس میں سراسر آپ کے خلاف ہی خلاف ہو۔

۲۹.....میرا کہنا گرانی خاطر کا باعث ہو تو حافظ اسلم کے کہنے سے مان لیجئے، مرد باید کہ گیرد اندر گوش ورنبشت است پند بر دیوار۔

۳۰.....فرشتہ تو نہیں بلکہ بذریعہ جبر وتشدد غالب وحاوی ہو گیا تھا۔

۳۱.....میں نے تو شیطان نہیں کہا۔

۳۲.....کیا تسلط تام، کامل بادشاہت، اجماع عام کے بعد ہی خلع بیعت کی نوبت آئی؟ سخت حیرت ہے۔

۳۳.....حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے کسی قول یا فعل سے امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر حجت قائم نہیں کی جا سکتی جب کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے یزید کا تسلط اور اپنا ضعف محسوس کر لیا تو بیعت کر لی، یہ ان کا اجتہاد تھا اور بیعت کے بعد خلع کرنا غدر ہے، امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے شروع سے

Made searchable using ScribeTools.com

ہی بیعت نہیں کی، ان پر غدر کا الزام عائد نہیں ہوسکتا، اگر بیعت کر کے توڑتے تو ہوتا۔

۳۴.....دونوں ماجور ہوئے۔

۳۵.....میں نے تو اس کا دعویٰ نہیں کیا۔

۳۶.....میں تو خود ہی جھگڑا پسند نہیں کرتا: لقوله تعالیٰ ﴿و لا تنازعوا﴾ الاية(۱)۔

۳۷.....میرا بھی یہی خیال ہے کہ خدا کے فضل سے مطلع آپ کا صاف ہے، اگر خدا کے فضل کا ابر سایہ فگن ہوتا تو جس کو خدا کے رسول نے ''سيد شباب أهل الجنة''(۲) فرمایا ہے اس کو واجب القتل، خارجی، جاہلیت کی موت مرنے والا نہ لکھتے: ﴿كبرت كلمة تخرج من أفواههم﴾ الاية(۳)۔

۳۸.....میں خلاف جمہور کیوں شمار کرتا، میں نے تو فتح الباری (۴) سے نقل کیا ہے، دیکھئے اس میں کس قدر دلیلیں اس کی مذکور ہیں۔

۳۹.....میں نے ان کو نظر انداز نہیں کیا اور ان کو بھی نظر انداز نہیں کیا جن سے یزید پر لعنت کا استدلال کیا جاتا ہے، دونوں قسم کی روایتیں سامنے ہیں، تیسری قسم کی وہ روایات بھی سامنے ہیں جن میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر سب وشتم کی ممانعت اور ان کے فضائل بالخصوص حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فضائل اور شہادت کے درجات مذکور ہیں۔

۴۰.....کیا میں نے جھوٹ لکھا، کیا ان دونوں نے تعقب نہیں کیا؟ (۵)

---

(۱) (الأنفال: ۴۶)

(۲) " عن أبی سعيد رضی الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : " الحسن والحسين سيدا شباب أهل الجنة" رواه الترمذی". (مشكوٰة المصابيح، ص: ۵۷۰، كتاب المناقب، باب مناقب أهل بيت النبی صلى الله عليه وسلم ، قديمی)

(۳) (الكهف: ۵)

(۴) (فتح الباری: ۱۳/ ۹- ۱۱، كتاب الفتن، باب قول النبی صلى الله عليه وسلم: " هلاك أمتی على يدی أغيلمة سفهاء، دارالمعرفة، بيروت)

(۵) "وتعقبه ابن التين وابن المنير بما حاصله اهـ". (صحيح الباری: ۶/ ۱۰۲، كتاب الجهاد، باب ماقيل فی قتال الروم، رقم الحديث: ۲۹۲۴، دارالمعرفة، بيروت)

۴۱.....نہ میں نے اس کو مرتد لکھا، نہ ابن التین اور ابن المنیر نے۔ اگر آپ یہ مطلب سمجھے تو بریں فہم و دانش بباید گریست۔

۴۲.....میں نے اس کا انکار نہیں کیا جو اثبات کی ضرورت ہو۔

۴۳..... مجھے اس پر اصرار نہیں کہ یہی صحیح ہے، بلکہ میں نے قول نقل کیا تھا کہ اس میں اس طرح اختلاف ہے، اس قول کو راجح نہیں کہا تھا۔

۴۴.....میں نے اپنی طرف سے کوئی لفظ نہیں کہا، نہ ایسا کہنے کو ترجیح دی۔

۴۵..... میں نے اس کا فتویٰ نہیں دیا، صرف آپ کے غلو کو دیکھ کر نقل کیا تھا تاکہ آپ اعتدال پر آجائیں، صرف تصویر کا ایک ہی رخ سامنے نہ رکھیں۔

۴۶.....بالکل صحیح ہے، یہ ہی ہم کو بھی بلا چون و چرا تسلیم ہے۔

۴۷.....ہم نے تو صاف صاف ان کا ارشاد نقل کر دیا کہ ان کا مسلک توقف اور سکوت ہے۔

۴۸.....آپ کی ہر چیز لاجواب ہے۔

۴۹.....بسط و تفصیل کے ساتھ ضرور لکھتا، مگر کیا کروں آپ کی تحریر دیکھ کر توقع نہیں رہی کہ آپ حق کو قبول کریں گے، دوسرے آپ ناواقف ہوتے یا آپ کی طبیعت میں کوئی تردد ہوتا تو لکھنا مفید بھی ہوتا، جب آپ کا مذہب ہی یہ ہے تو اس کا بدلنا مشکل ہے جیسا کہ خوارج کا اپنے مذہب کو چھوڑنا مشکل ہے۔

۵۰.....ضرور ایسا ہی کرتا مگر ڈر یہ ہے کہ آئندہ آپ اس سے زیادہ گالیاں امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو سنائیں گے۔

۵۱.....تقریباً سو کتابیں اس مسئلہ کے متعلق مطالعہ کرنے کے بعد بھی میں تو اسی اعتقاد پر ہوں کہ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ جنتی ہیں، حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کو جنت کی بشارت دی ہے اور وہ شہید ہوئے ہیں اور یزید کے حق میں لعنت وغیرہ سے سکوت چاہئے، ہم تو ایسے لکیر کے فقیر ہیں کہ اب سے ساڑھے تیرہ سو سال قبل کی باتیں اپنا عقیدہ اور راہ عمل بنائے ہوئے ہیں۔

۵۲.....اللہ پاک ایسی تحقیق سے محفوظ رکھے جس میں صحابہ اور اہل بیت پر سب و شتم ہو اور حدیث کی مخالفت ہو مجھے بھی اور آپ کو بھی اور جملہ اہل اسلام کو۔

Made searchable using ScribeTools.com

۵۳.....دوسرا پرچہ کونسا، آپ نے تو کوئی سادہ پرچہ بھیجا نہیں؟

۵۴.....میں نے کوئی الزام نہیں لگایا، امام احمد بن حنبل (۱) جو کہ بہت بڑے محدث ہیں وہ کچھ فرماتے ہیں، نیز شیخ عبدالحق (۲)، ابن جریر (۳) حافظ ابن حجر صاحب خمیس وغیرہم نے کچھ کچھ لکھا ہے۔ واللہ اعلم کہاں تک صحیح ہے، اتنا خیال ضرور ہے کہ ان حضرات کی دیانت کا تقاضا نہیں کہ از خود کسی پر الزام لگائیں، ان حضرات کو متدین تصور کرتے ہوئے بھی میں یزید پر لعنت نہیں کرتا، اس لئے کہ فائدہ کچھ نہیں، نہ مجھ سے قیامت میں اس کا

---

(۱) "قیل للإمام أحمد : أتكتب الحديث عن يزيد ؟ فقال: لا، و لا كرامة، أوليس هو الذى فعل بأهل الحرة مافعل ؟!و قيل له: أى فى ما يقولون ، أما تحب يزيد ؟ فقال: و هل يحب يزيدَ أحدٌ يؤمن بالله واليوم الآخر؛ فقيل: فلماذا لا تلعنه؟ فقال: و متى رأيت أباك يلعن أحداً". (مجموعة الفتاوى لشيخ الإسلام ، كتاب الفقه الزيادة ، فصل فى التدليل على أن مشهد الحسين ليس فيه رأسه :۲۷/۲۵۲، منكتبه العبيكان)

(۲) "و بالجملة وی مبغوض ترین مردم است نزد ما، وکارہا کہ این بدبخت بی سعادت درین امت کردہ، ہیچکس نکردہ الخ"۔ (تکمیل الإیمان، ذکر یزید، ص:۱۷۳، الرحیم اکیڈمی)

(۳) قال ابن جرير: "و بعث (عثمان بن محمد بن أبى سفيان) إلى يزيد وفداً من أهل المدينة فيهم عبد الله بن حنظلة الغسيل الأنصارى، و عبد الله بن أبى عمر و ابن حفص بن المغيرة المخزومى، والمنذر بن الزبير، و رجالاً كثيراً من أشراف أهل المدينة. فقدموا على يزيد بن معاوية فأكرمهم و أحسن إليهم و أعطى جوائزهم ..... فلما قدم أولئك النفر الوفد المدينة ، قاموا فيهم فأظهروا شتم يزيد و عتبه،و قالوا: إنا قدمنا من عند رجل ليس له دين، يشرب الخمر، و يعزف بالطنابير، و يضرب عنده القيان، ويلعب بالكلاب، و يسامر الخراب والفتيان، و إنا نشهدكم إنا قد خلعناه فتابعهم الناس ..... فأتى (منذر بن الزبير) أهل المدينة فكان فيمن يحرض الناس على يزيد، و كان من قوله يومئذ : إن يزيد و الله أجازنى بمائة ألف درهم و إنه لا يمنعنى ماصنع إلى أن أخبركم خبره و أصدقكم عنه، والله ! إنه يشرب الخمر و إنه يسكر حتى يدع الصلاة ، عابه بمثل ماعابه به أصحابه الذين كانوا معه ..... قال(مغيرة): كتب يزيد إلى ابن مرجانة (عبيد الله بن زياد من خواص أمراء دولته) أن أغز ابن الزبير، فقال: لا أجمعها للفاسق أبداً الخ". (تاريخ الطبرى، سنة: ۶۳هـ، مقدم وفد أهل المدينة :۴/۳۶۸، ۳۶۹، ۳۷۱، مؤسسة الأعلمى بيروت)

Made Searchable by ScribeTools.com

سوال ہوگا، اس کے اعمال اس کے ساتھ، میرے اعمال میرے ساتھ۔

۵۵.....اگر وہ مستحق ہیں تو کون رد کرسکتا ہے۔

۵۶..... رافضی اکابر اہل اللہ پر الزامات لگاتے ہیں خود قیامت میں مزہ چکھیں گے اور ان کے رد کرنے سے بشارت رد نہیں ہوتیں۔

۵۷..... ہمارا خیال تو یہ نہیں کہ جن اکابر محدثین نے یزید کے مظالم کو تحریر و نقل کیا ہے انہوں نے محض ظالم و غاصب کہنے کی نیت سے اس پر ان مظالم کا اپنی طرف سے الزام لگایا ہے۔

۵۸..... آج تو الزامات نہیں لگائے جاتے، پرانے واقعات بیان کئے جاتے ہیں، تاہم جو الزام لگائے وہ یقیناً گنہ گار ہے خواہ وہ آج لگائے خواہ پہلے لگائے ہوں۔

۵۹.....امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے متعلق ایسے الفاظ استعمال کرنے والا کن درجات کا مستحق ہے، جیسے آپ نے لکھے ہیں، کبھی اس کے متعلق بھی غور کی نوبت آئی ہے یا نہیں؟

۶۰.....جن احادیث میں نام لے کر امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جنتی اور شہید فرمایا گیا ہے، کیا آپ کے نزدیک وہ سب قابل رد ہیں؟

۶۱..... غیر معتبر تو ہر حال میں غیر معتبر ہے خواہ وہ یزید کے متعلق ہو، خواہ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے متعلق ہو، خواہ کسی اَور کے متعلق ہو۔

۶۲.....کونسا راوی جس نے یزید کے مظالم کی روایت ذکر کی یا وہ حدیثیں روایت کی ہیں جن سے یزید کا مستحق لعنت ہونا معلوم ہوتا ہے یا کوئی ا؟ وررراوی مراد ہے؟ جھوٹے راوی کی روایت یقیناً قابل رد ہے۔

۶۳.....کونسی حدیث جھوٹی ہوسکتی ہے، کس طرف اشارہ ہے؟

۶۴.....حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیشین گوئی کیا حدیث کے علاوہ بھی کہیں پائی جاسکتی ہے، جو پیشین گوئی ہوگی وہ حدیث ضرور ہوگی، پھر اس کا کیا مطلب ہے کہ حدیث جھوٹی ہوسکتی ہے، پیشین گوئی جھوٹی نہیں ہوسکتی؟

۶۵..... ''سمجھ کر'' کا کیا مطلب ہے کہ آپ کی ڈانٹ ڈپٹ اور ترش کلامی سے مرعوب ہوکر یا اس ڈر سے کہ آپ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شان میں گستاخی، دریدہ دہنی، بدزبانی سے کام لیں گے، آپ کی ہاں میں ہاں ملادوں؟ آپ کے پرچہ میں جگہ نہیں رہی: دوسرے۔

Made searchable using ScribeTools.com

گفتگو آئینِ درویشی نبود ورنہ با تو ما جرا ہا داشتیم اھ۔

فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، نزیل مدرسہ انواریہ شاہی مسجد کمیٹی باغ لودھیانہ۔

محترمی! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کا استفتاء نہیں بلکہ نامۂ عتاب پہونچا آپ کے طرز تحریر اور مناظرانہ پہلو اور اکابر کی شان میں ناشائستہ الفاظ کے استعمال کی بناء پر احقر کے اکابر کی رائے ہرگز نہیں تھی کہ جواب تحریر کیا جائے، مگر ہمرشتہ چوانگشت۔ پرچہ پر اخیر میں آیت بھی آپ نے لکھی تھی ﴿واما السائل فلا تنھر﴾ محض اس کلام الٰہی کے پیش نظر جواب ارسال ہے۔

(گزارش) اگر کسی مسئلہ یا بحث کے متعلق کوئی شبہ ہو تو اس کے دریافت کرنے میں مضائقہ نہیں مگر برائے خدا بہ نیت مناظرہ ومکابرہ آئندہ کوئی خط آپ تحریر نہ فرماویں کہ یہ ہم لوگوں کے مسلک کے خلاف ہے اس لئے کہ مناظرہ کے حدود کی آج کل رعایت نہیں کی جاتی اور یہ صورت کچھ نتائج بہتر پیدا نہیں کرتی نہ دنیا میں نہ آخرت میں، جو سخت کلمات جواب میں تحریر کئے گئے ہیں ان میں کوئی وزن نہیں بہ نسبت ان کلمات کے جو کہ آپ نے حضرت امام حسینؓ کی شان میں تحریر فرمائے۔ تاہم میں آپ سے معافی چاہتا ہوں، میرے سامنے ان صحیح احادیث کا ذخیرہ موجود تھا جن میں صحابہؓ پر سب وشتم کرنے والے کو لعنت کی گئی ہے اور امام حسینؓ کی فضیلت وبشارت جنت مذکور ہے، اگر آپ میری ذات خاص کو سخت سست کہیں تو اس پر اتنا رنج وصدمہ نہ ہو جتنا کہ اکابر کی شان میں سن کر ہوتا ہے۔ یہاں لدھیانہ میں ایک مدرسہ میں اس کے مدرس چلے گئے جس کی وجہ سے مدرسہ کے ویران ہونے کا اندیشہ تھا۔ یہاں کے مدرسہ والوں نے اربابِ مظاہر علوم سے درخواست کی اس بناء پر کچھ مدت کے لئے احقر کو لدھیانہ بھیج دیا گیا۔ اطلاعاً تحریر ہے تاکہ اگر دوبارہ مراجعت کی نوبت آئے تو خط صحیح طریق پر پہونچ سکے۔ (فقط والسلام)

محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ

یزید کو امیر المومنین اور خلیفۃ المسلمین کہنا

سوال[۴۷۹]: کیا یزید کو امیر المومنین وخلیفۃ المسلمین کہہ سکتے ہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

امیر بمعنی حاکم ظالم بھی ہوتا ہے، عادل بھی ہوتا ہے۔ خلیفہ کا مقام بلند ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲/۳/۹۵ھ۔

یزید کو ظالم کہنا

سوال[۴۷۰]: کیا یزید کو برا کہنا شرعاً جرم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اگر اس کا کوئی غلط اور خلاف شرع کام مثلاً اہل بیت رضی اللہ عنہم پر ظلم وغیرہ صحیح روایات سے ثابت ہو تو بوقتِ ضرورت اس کو بیان کر دینا اور ظلم سے بیزاری ونفرت کا اظہار کر دینا شرعاً درست ہے، مشغلۂ مجلس نہ بنایا جائے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲/۳/۹۵ھ۔

کیا یزید واجب التعظیم ہے؟

سوال[۴۷۱]: کیا یزید واجب التعظیم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

غلط کام کی وجہ سے کوئی واجب التعظیم نہیں ہوتا۔ علم، عمل، اخلاق، احسان کی وجہ سے واجب التعظیم ہوتا ہے۔ اسی ضابطہ پر یزید کا حال ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲/۳/۹۵ھ۔

یزید کو ایصال ثواب

سوال[۴۷۲]: کیا یزید کی روح کو ایصال ثواب درست ہے؟

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً:

ہر مسلمان کی روح کو ایصال ثواب درست ہے(۱) گنہگار زیادہ محتاج ثواب ہے۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم وعلمہ أتم وأحکم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند،۲/۳/۹۵ھ۔

کیا یزید جنتی ہے؟

سوال[۴۷۳]: کیا یزید بزبان رسالت جنتی ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

یزید کا نام لے کر اس کو جنتی فرمانا کسی حدیث شریف میں آنا میرے علم میں نہیں۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند،۲/۳/۹۵ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱)"فللإنسان أن يجعل ثواب عمله لغيره عند أهل السنة والجماعة صلوةً كان أو صوماً أو حجاً أو صدقةً أو قراءةً للقرآن أو الأذكارأو غير ذلک من أنواع البر، و يصل ذلک إلى الميت، و ينفعه".

(مراقى الفلاح، كتاب الصلوة ، فصل فى زيارة القبور:ص: ۶۲۱، ۶۲۲، قديمى)

(وكذا فى البحرالرائق ، كتاب الحج ، باب الحج عن الغير : ۱۰۵/۳ ، رشيديه)

(وكذا فى الهداية ، كتاب الحج ، باب الحج عن الغير : ۲۹۶/۱، مكتبه شركة علمية ملتان)

(وكذا فى الدر المختار: ۵۹۵/۲، ۵۹۶، كتاب الحج، باب الحج عن الغير، سعيد)

ما یتعلق بالقادیانیة

(قادیانی فرقے کا بیان)

جھوٹا مدعیٔ نبوت اوراس کی تصدیق کرنے والے کا حکم

سوال[۴۷۴]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین بیچ اس مسئلۂ استفتاء کے کہ

کیا حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آخری نبی ہیں، آپ کے بعد نبوت کا دعویٰ کرنے والا اوراس دعوی کی تصدیق کرنے والا مومن ہے یا کافر؟

نوٹ: جواب قرآنی دلائل سے دیا جائے۔

حکیم سید عبدالمجید دہلوی مالک شاہی مطب، منڈی پھدوان، شاہ پور، صوبہ پنجاب، پاکستان۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خاتم النبیین ہونا قرآن کریم میں مذکور ہے: ﴿ما كان محمد أبا أحد من رجالكم و لكن رسول الله و خاتم النبين﴾ الآية (۱) لہذا جو شخص آپ کے بعد نبوت کا دعوی کرے وہ شخص نص قرآنی کا منکر ہے اور قرآن شریف کی کسی ایک آیت کا انکار بھی کفر ہے (۲) یہی حال اس شخص کا ہے جو ایسے مدعی نبوت پر ایمان لائے اوراس کی تصدیق کرے (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ گنگوہی معین مفتی مظاہر علوم سہارنپور، ۳/ جمادی الاولی/ ۷۱ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ مفتی مظاہر علوم سہارنپور، ۴/ جمادی الاولی/ ۷۱ھ۔

---

(۱) (الأحزاب: ۴۰)

(۲) "ودعوى النبوة بعد نبينا صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كفر بالإجماع". (شرح الفقه الأكبر للملاعلى القاري: ۱۶۴، قديمى)

"ومن جحد القرآن: أى كله أو سورةً منه أو آيةً، قلت: وكذا كلمةً أوقرأةً متواترةً، أو زعم أنها ليست من كلام الله تعالىٰ كفر". (شرح الفقه الأكبر لملاعلى القاري، فصل فى القرآء ة، ص: ۱۶۷، قديمى)

(۳) "إذا رأى منكراً معلوماً من الدين بالضرورة فلم ينكره و لم يكرهه و رضي به واستحسنه، كان =

Made Se... Made searchable using ScribeTools.com ...pols.com

کیا قادیانی وغیرہ کلمہ گومسلمان ہیں؟

سوال[۴۷۵]: ایک شخص کہتا ہے کہ مسلمانوں میں جتنے بھی فرقے ہیں، قادیانی ہوں یا شیعہ سب کلمہ گو ہیں اور سب قبلہ والے ہیں، سب مسلمان ہیں۔ کیا یہ بات درست ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

عقائد، فقہ اور نصوص قطعیہ کے خلاف فرقے اسلام سے خارج ہیں، محض کلمہ گو ہونے یا نماز پڑھنے سے وہ اہل قبلہ ہوکر مسلمان نہیں ہونگے۔ کذا فی إکفار الملحدین(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/ ۷/ ۸۷ھ۔

قادیانی کا حکم

سوال[۴۷۶]: ایک شخص جو پہلے سے پختہ مسلمان تھا وہ اب قادیانی ہوگیا ہے اور اپنی بہن کو زبردستی کرکے قادیانی بنالیا اور اپنی والدہ کو بھی قادیانی ہوجانے پر مجبور کررہا ہے اور بیوی کو بھی قادیانی کرلیا ہے، صرف ایک چھوٹا بھائی قادیانی نہیں ہے، گزارش ہے کہ قادیانی کے متعلق کیا حکم ہے؟ کیا وہ مرتد ہوجاتا ہے اور اس کا نکاح باقی رہتا ہے یا نہیں؟

اگر کوئی قادیانی ہوجانے کے بعد توبہ کرلے تو اس کا دوبارہ نکاح ہوسکتا ہے یا نہیں؟ قادیانی کے ساتھ

= کافراً". (مرقاة المصابیح، کتاب الآداب، باب الأمر بالمعروف: ۸/ ۸۶۱، رشیدیه)

"و لا ینجو من الکفر إلا من أکفر ذلک الملحد (أی غلام أحمد القادیانی) بلا تلعثم و تردد". (مجموعه رسائل الکشمیری، ج: ۳، رساله: إکفار الملحدین، ص: ۱۰، إدارة القرآن)

(۱) "لا خلاف فی کفر المخالف فی ضروریات الإسلام و إن کان من أهل القبلة المواظب طول عمره علی الطاعات کما فی "شرح التحریر". (مجموعة رسائل الکشمیری، ج: ۳، إکفار الملحدین، ص: ۱۷، إدارة القرآن کراچی)

"إذ لا خلاف فی کفر المخالف فی ضروریات الإسلام من حدوث العالم و حشر الأجساد و نفی العلم بالجزئیات و إن کان أهل القبلة المواظب طول عمره علی الطاعات کما فی شرح التحریر". (رد المحتار، باب الإمامة، مطلب البدعة خمسة أقسام: ۱/ ۵۶۱، سعید)

بیع وشراءاور کھانا پینا جائز ہے یانہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

مرزاغلام احمد قادیانی نے عقائد کفریہ اختیار کئے جس کی وجہ سے وہ اسلام سے خارج اور مرتد ہوگیا (۱) جو شخص بھی اس کے کفریہ عقائد کی تصدیق کرے گا اس کا بھی حکم یہی ہوگا (۲)، اگر کوئی شخص مرتد ہوجائے تو اس کا نکاح فسخ ہوجاتا ہے، بیوی نکاح سے خارج ہوجاتی ہے (۳) ایسے شخص سے سلام وکلام، بیع وشراءسب ختم کردینالازم ہے، اس کو مسجد میں آنے سے بھی روک دیا جائے (۴)، اس سے وہ شخص بات کرے جو اس کے غلط عقائد کی تردید کرسکتا ہو، اگر وہ توبہ کرکے اسلام میں دوبارہ داخل ہوچکا ہے تو نکاح دوبارہ کیا جائے (۵)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ دارالعلوم دیوبند ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۹/۱/۸۸ھ۔

---

(۱) "و قد أخبر الله تبارک و تعالیٰ فی کتابه ورسوله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی السنة المتواترة عنه أنه لا نبی بعده، لیعلموا أن کل من ادعی هذا المقام بعده، فهو کذاب و أفاک دجال ضال مضل".
(تفسیر ابن کثیر (الأحزاب: ۴۰): ۳/۶۵۲، مکتبه دار الفیحاء بیروت)

"ودعوی النبوة بعد نبینا صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کفر بالإجماع". (شرح الفقه الأکبر لملاعلی القاري: ۱۶۴، قدیمی)

(۲) "إذا رأی منکراً معلوماً من الدین بالضرورة، فلم ینکره و لم یکرهه و رضي به واستحسنه، کان کافراً". (مرقاة المصابیح، کتاب الآداب، باب الأمر بالمعروف: ۸/۸۶۱، رشیدیه)

(۳) "وارتداد أحدهما) أی الزوجین فسخ(عاجل) بلا قضاء". (الدر المختار، باب نکاح الکافر: ۳/۱۹۳، سعید)

"وإذا ارتد أحد الزوجین عن الإسلام وقعت الفرقة بغیر طلاق". (الهدایة، کتاب النکاح، باب نکاح أهل الشرک: ۲/۳۴۸، مکتبه شرکة علمیة)

"ارتد أحد الزوجین عن الإسلام وقعت الفرقة بغیر طلاق فی الحال قبل الدخول و بعده".
(الفتاوی العالمکیریة، کتاب النکاح، الباب العاشر فی نکاح الکفار: ۱/۳۳۹، رشیدیه)

(۴) "فإن هجرة أهل الأهواء والبدع واجبة علی مر الأوقات ما لم یظهر منه التوبة والرجوع إلی الحق".
(مرقاة المفاتیح، کتاب الآداب، باب ما ینهی عنه من التهاجر والتقاطع ..... الخ: ۸/۷۵۹، رشیدیه)

(۵) "ماکان فی کونه کفراً اختلاف، فإن قائله یؤمر بتجدید النکاح و بالتوبة والرجوع عن ذلک بطریق =

Made searchable using ScribeTools.com

قادیانی ہوجانے کا حکم

سوال[۴۷۷]: میری لڑکی شادی شدہ ہے، حاملہ ہے مگر بدقسمتی سے میرے داماد اور اس کے سب گھر والے قادیانی ہوگئے ہیں تو اب شرعاً لڑکی کا نکاح باقی ہے یا فسخ ہوگیا، اب ہماری لڑکی کے لئے کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

مرزا غلام احمد قادیانی پر علمائے اسلام کی طرف سے کفر کا فتوی ہے، اس لئے کہ اس کے عقائد قرآن و حدیث کے خلاف تھے، وہ ختم نبوت کا منکر تھا، اس لئے انبیاء علیہم السلام کی شان میں سخت قسم کی گستاخیاں کی ہیں، وہ اپنے لئے نبوت کا مدعی تھا(۱)، اس کے عقائد کو تفصیل سے لکھ کر اس پر کفر کا فتویٰ دیا گیا ہے کہ ایسا شخص مرتد اور اسلام سے خارج ہے، جو شخص اس پر ایمان لاتا ہے اور اس کو اپنا مقتدیٰ تسلیم کرتا ہے اس کا بھی یہی حکم ہے(۲)۔ قادیانی مذہب اختیار کرتے ہی نکاح فسخ ہوگیا، ہرگز ہرگز اس کے یہاں اپنی لڑکی کو نہ بھیجیں، تین حیض گزرنے پر اس کی شادی دوسری جگہ کردیں(۳)۔

"ارتداد أحدهما فسخ فی الحال" (کنز)(٤)۔

= الاحتیاط". (الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، الباب التاسع فی أحکام المرتدین، قبیل الباب العاشر فی البغاة: ۲/۲۸۳، رشیدیه)

(۱) "و قال القاضی عضد الدین فی المواقف: و لا یکفر أحد من أهل القبلة إلا فیما فیه نفي الصانع القادر العلیم أو شرک أو إنکار للنبوة، أو ماعلم مجیئه بالضرورة، أو المجمع علیه کاستحلال المحرمات". (شرح الفقه الأکبر لملا علی القاري، ص: ۱۶۲، قدیمی)

"ودعوی النبوة بعد نبینا صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کفر بالإجماع". (شرح الفقه الأکبر لملاعلی القاري، ص: ۱۶۴، قدیمی)

(۲) "إذا رأی منکراً معلوماً من الدین بالضرورة، فلم ینکره و لم یکرهه و رضي به واستحسنه، کان کافراً". (مرقاة المفاتیح، کتاب الآداب، باب الأمر بالمعروف: ۸/۸۶۱، رشیدیه)

(۳) تین حیض عدت اس وقت ہوگی جب وہ حاملہ نہ ہو، اگر حاملہ ہوگی تو اس کی عدت وضع حمل ہوگی، چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿و أولات الأحمال أجلهن أن یضعن حملهن﴾ (سورة الطلاق:۴)

(۴) (کنز الدقائق، کتاب النکاح، باب نکاح الکافر، ص: ۱۱۱، رشیدیه)..... =

"قال فی الجامع الصغیر: و تعتد بثلاث حیض"۔ ۳/۲۱۵"(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۸/۱/۸۸ھ۔

قادیانی جماعت کے متعلق تفصیلی احکام

سوال[۴۷۸]: ۱..... قادیانی مذہب کی لاہوری، محمودی دونوں جماعتیں کافر ہیں یا کوئی ایک؟

۲.....مرزا صاحب کی جماعت کیوں کافر ہوئی حالانکہ وہ ایمان مفصل کی تمام باتوں پر اعتقاد رکھتے ہیں؟

۳.....قادیانی کو لڑکی دینا لینا، ان کو اپنی قوم میں داخل وشامل رکھنا، ان کی غمی وشادی میں خود شریک ہونا یا اپنی شادی وغیرہ میں ان کو برادری کی طرف سے شرکت کی دعوت دینا، ان کے اموات اپنے قبرستان میں داخل کرنا جائز ہے یا نہیں؟

۴.....ایک مسلمان کا اگر قادیانی سے کچھ نسبتی رشتہ ہو تو اس کو برقرار رکھنا اور رشتہ داری کے حقوق اپنے اوپر عائد جان کر ادا کرنا جائز ہے یا نہیں؟

۵.....قادیانی سے اپنے تمام نسبتی تعلقات اور برادری وقومیت کے علاقے منقطع کرنا جب تک کہ وہ تائب نہ ہو، از روئے شرع شریف ہر مسلمان کو ضروری ہے یا نہیں؟ مدلل تحریر ہو۔ محمد ولی اللہ غفرلہ۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

اتنا تو آپ بھی جانتے ہیں کہ مرزا غلام احمد قادیانی کی تکفیر کی گئی ہے اور یہ تکفیر اہل حق متدین علماء نے کی ہے، یہ بھی آپ کو معلوم ہے کہ فی الحال قادیانیوں کی دو پارٹیاں ہیں، ایک مرزا غلام احمد کو نبی اعتقاد کرتی ہے، دوسری مجدد اور بہت بڑے درجہ کا ولی مانتی ہے۔

یہ بھی آپ پر شاید مخفی نہیں کہ اسباب تکفیر کیا ہیں: جگہ جگہ نبوت کا دعوی (۲) اپنے اوپر وحی کا

= (الدر المختار، باب نکاح الکافر: ۳/۱۹۳، سعید)

(والفتاوی العالمکیریة، کتاب النکاح، الباب العاشر فی نکاح الکفار: ۱/۳۳۹، رشیدیه)

(۱)"قال فی جامع الفصولین: و تعتد بثلاث حیض". (البحر الرائق کتاب النکاح، باب نکاح الکافر: ۳/۳۷۵، رشیدیه)

(۲) "و قد أخبر الله تبارک و تعالیٰ في کتابه، و رسوله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی السنة المتواترة=

Made searchable using ScribeTools.com

نزول (۱) کتب سابقہ سماویہ میں اپنی نبوت کی بشارت، حضرت نوح علیہ السلام کے معجزات پر اپنے معجزات کی زیادتی اور فوقیت، انبیاء سابقین علیہم السلام کی توہین وتحقیر، حضرت عیسی علیہ السلام کی تکذیب وسب وشتم اور آپ کے خاندان پر زنا کا افتراء (۲)، اللہ پاک سے ہمبستری وغیرہ وغیرہ جیسا کہ اعجاز احمدی ''ازالۃ الاوہام، حقیقۃ الوحی، ضمیمہ انجام آتھم، دافع البلاء، حاشیہ کشتی نوحؑ'' وغیرہ کتب کے مطالعہ سے ظاہر ہے۔ اگر ان اشیاء میں سے کوئی شی فی الحال آپ کے علم میں نہ ہو تو کتب بالا کے مطالعہ سے استحضار ہوسکتا ہے۔

آپ کے استفتاء سے معلوم ہوتا ہے کہ بظاہر منشاء شبہ دو چیزیں ہیں: اول یہ کہ ایمان مفصل کا قائل ہوکر آدمی کیسے کافر ہوسکتا ہے؟ دوم یہ کہ جو پارٹی مرزا غلام احمد کو نبی نہیں مانتی وہ کس بنا پر کافر ہے؟ سو امر اول کے متعلق عبارات ذیل ملاحظہ فرمائیے:

۱- "من أنكر شيئاً من شرائع الإسلام، فقد أبطل قول "لا إله إلا الله"۔ السير الكبير: ٤/٣٦٥ (٣)۔

۲- "إذا لم يعرف الرجل أن محمداً صلى الله تعالىٰ عليه وسلم آخر الأنبياء عليهم و على نبينا السلام، فليس بمسلم كذا في اليتيمية اهـ. قال أبو حفص الكبير: كل من أراد بقلبه بغض نبي كفر، و كذا لو قال: أنا رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، أو قال بالفارسية، **من پیغام برم**" يريد: "**من پیغام می برم**" يكفر، و لو أنه حين قال هذه المقالة، طلب غيره منه

= عنه أنه لا نبي بعده، ليعلموا أن كل من ادعى هذا المقام بعده، فهو كذاب و أفاك دجال ضال مضل". (تفسير ابن كثير (الاحزاب: ۴۰) ۳/۶۵۲، مكتبه دار الفيحاء بيروت)

(۱) "قال الطيبي: أغلِق باب الوحي و قُطع طريق الرسالة وسُدّ". (مرقاة المفاتيح، كتاب الفضائل، باب فضائل سيد المرسلين صلوات الله و سلامه عليه: ۱۰/۱۴، رشيديه)

(۲) "و لو عاب نبياً كفر". (الفتاوىٰ البزازية، أحكام المرتدين، الثالث في الأنبياء: ۶/۳۲۷، رشيديه)

"أجمع العلماء على أن شاتم النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم والمنتقص له كافر". (مجموعة رسائل ابن عابدين، تنبيه الولاة والحكام على أحكام شاتم خير الأنام: ۱/۳۱۶، سهيل اكيڈمی لاهور)

(۳) (شرح كتاب السير الكبير، بدون لفظ "قول": ۵/۳۶۸، باب ۲۱۳، مايكون الرجل به مسلماً يدرأ عنه القتل و السبي، عباس احمد الباز)

Made Searchable by ScribeTools.com

المعجزة قيل: يكفر الطالب، والمتأخرون من المشايخ قالوا: إن كان غرض الطالب تعجيزه وافتضاحه لايكفر"۔ فتاوى عالمگيرى، ج:۲(۱)۔

۳- "و فى البزازية: يجب الإيمان بالأنبياء بعد معرفة معنى النبى وهو المخبر عن الله تعالىٰ بأوامره و نواهيه وتصديقه بكل ما أخبر عن الله تعالىٰ ، و أما الإيمان بسيدنا محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فيجب بأنه رسولنا فى الحال و خاتم الأنبياء والرسل، فإذا امن بأنه رسول و لم يؤمن بأنه خاتم الأنبياء لا يكون مؤمناً. و فى فصول العمادى: من لم يقر ببعض الأنبياء بشىء أو لم يرض بسنة من سنن المرسلين عليهم السلام، فقد كفر"۔ مجمع الأنهر:۱/۶۹۹(۲)۔

٤- "و لوعاب نبياً كفر"۔ أوجز :۳/۳۲۷(۳)۔

٥- "دعوى النبوة بعد نبيناصلى الله تعالىٰ عليه وسلم كفر بالإجماع"۔شرح فقه اكبر، ص:۲۰۲(٤)۔"ثم لانزاع فى أن من المعاصى ما جعله الشارع أمارة التكذيب، و علم كونه كذلك بالأدلة الشرعية كالسجود للصنم و إلقاء المصحف فى القاذورات والتلفظ بكلمة الكفر و نحو ذلك مما ثبت بالأدلة أنه كفر، و بهذا يندفع ما يقال: إن الإيمان إذا كان عبارةً عن التصديق والإقرار فينبغى أن لا يصير المقر باللسان المصدق بالجنان كافر بشى من أفعال الكفر و ألفاظه مالم يتحقق منه التكذيب أو الشك اهـ". شرح فقه أكبر، ص: ۹۳"(٥)۔

دیکھئے اس میں کتنی صورتیں ہیں کہ باوجود ایمان مفصل کی تمام باتوں پر ظاہراً اعتقاد رکھتے ہوئے فقہاء نے اجماعاً تکفیر فرمائی ہے۔اگر محض آمنت بالله الخ کا اعتراف زبان سے کافی ہوتا اور یہ کفر کے منافی ہوتو فقہاء قاطبۃً کیوں تکفیر فرماتے ہیں۔

---

(۱) (الفتاوى العالمكيرية ، كتاب السير ، الباب التاسع فى أحكام المرتدين : ۲/۲۶۳ ، رشيديه)

(۲) (مجمع الأنهر ، باب المرتد ، ثم إن ألفاظ الكفر أنواع : ۱/ ۶۹۱ ، دار احياء التراث العربى)

(۳)"ولو عاب نبياً كفر". (الفتاوىٰ البزازية: ۶/۳۲۷، كتاب ألفاظ تكون إسلاما أو كفراً أو خطأً، مايتعلق بالانبياء، رشيديه)

(۴) (شرح الفقه الأكبر، ص:۱۶۴ ، قديمى)

(۵) (شرح الفقه الأكبر، ص:۷۷، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

اگر دعوی نبوت منافی ایمان نہیں تو مسیلمہ کذاب کی تکفیر بھی بے محل ہوگی اور پھر اس کا قتل جوا کابر صحابہ کے ارشاد سے قرون اولیٰ میں ہوا ہے محتاج تأمل ہوگا حالانکہ وہ اجماعی ہے، اس نے چند آیات بنائی تھیں، مرزا غلام احمد نے بھی قصیدہ اعجازیہ پیش کیا ہے۔ حضرت عیسی علیہ السلام کا رفع جسمانی اور بغیر باپ کے پیدا ہونا قطعی اور اجماعی ہے، مرزا غلام احمد نے اپنی تصانیف میں متعدد مقامات پر ہر دو کا انکار کیا ہے۔ ملائکہ کے متعلق بھی مرزا غلام احمد کی بہت سی تحریرات میں خلافِ تصریحاتِ اسلام خرافات موجود ہیں۔ اگر چہ بعض شرائع کو تسلیم بھی کیا ہے اور بعض کا انکار کیا ہے یہ بالکل وہی شان ہے:

﴿ يقولون نؤمن ببعض و نكفر ببعض، و يريدون أن يتخذوا بين ذلك سبيلاً، أولئك هم الكافرون حقاً، واعتدنا للكافرين عذاباً مهيناً﴾ الاية(۱)۔

جو شخص ملائکہ اور رسل کو سب وشتم کرے اور ان سے عداوت رکھے اس کے متعلق کلام پاک میں ارشاد ہے: ﴿من كان عدواً لله و ملائكته و رسله و جبريل و ميكئل، فإن الله عدو للكفرين ﴾ الآية(۲)۔

امید ہے کہ اب دل میں کوئی شبہ نہیں رہا ہوگا، اگر اب بھی کوئی شبہ ہو تو ''شرح شفاء''(۳)،

---

(۱)(النساء : ۱۵۰)

(۲) (البقرة : ۹۸)

(۳) (وحكم من سبّ سائر أنبياء الله تعالىٰ وملائكة): أى جميعهم (واستخفّ بهم أو كذبهم فيما أتوابه) من وحيهم وفعلهم (أو أنكرهم): أى وجودهم (وجحدهم): أى نزولهم ..... (حكم نبيّنا صلى الله عليه وسلم على مساق ماقد مناه): أى نهجه وسبيله فى وجوب قتله كفراً إن لم يتب، وحدّاً إن تاب ..... (وقال أبو حنيفة وأصحابه المعتمد عندهم وجمهور أهل العلم (من كذب بأحد من الأنبياء أو تنقص أحداً منهم أو برى منه): أى تبرأ من أحد منهم (فهو مرتد) يقتل ، إن لم يتب ..... (وهذا كله فمن تكلم فيهم): أى فى الأنبياء والملائكة (بما قلناه على جملة الملائكة والنبيين): أى عموماً أو إجمالاً بأن شتم نبيًّا أو ملكاً غير معيّن (أو على معين ممن حققنا كونه من الملائكة و النبيين ممن نصّ الله تعالىٰ عليه فى كتابه الخ". (شرح الشفاء للقاضى عياض، شرحه الملا على القارى: ۲/ ۵۴۱، ۵۴۲، الباب الثالث، القسم الرابع، فصل و حكم من سب سائر أنبياء الله تعالىٰ وملائكته الخ، دارلكتب العلمية)

خفاجی (۱)، الصارم المسلول (۲)، ردالمحتار (۳) شرح مقاصد (۴) کو تفصیل سے دیکھئے کہ کن اشیاء سے ارتداد کا حکم ہوجاتا ہے۔ اور خصوصیت سے مرزا غلام احمد قادیانی کے متعلق "إكفار الملحدين" (۵) اور "فیصلہ مقدمہ بہاولپور" (۶) میں کافی تفصیل موجود ہے۔ جو جماعت مرزا کی ہم عقیدہ ہے اور اس کو نبی مانتی ہے اس کا حکم عبارات مذکورہ سے ظاہر ہوگیا۔

---

(۱) ﴿من كان عدواً لله، وملائكته ورسله وجبريل وميكٰل فإن الله عدو للكفرين﴾ (البقرة: ۹۸) أراد بعد اوة الله مخالفة عناداً أو معاداة المقربين من عباده ..... وضع الظاهر موضع المضمر للدلالة على أنه تعالىٰ عاداهم لكفرهم وأن عداوة الملائكة والرسل كفر". (حاشية الشهاب، المسماة بعناية الخفاجى وكفاية الراضى، للقاضى شهاب الدين بن احمد الخفاجى: ۳۴۳/۲، (سورة البقرة: ۹۹)، دارالكتب العلمية، بيروت)

(۲) "أجمعت الأمة على قتل متنقصه (أى متنقص النبى) من المسلمين وسابه وكذا لك حكى عن غير واحد الإجماع على قتله وتكفيره ..... أجمع المسلمون على أن من سب الله أو سب رسوله صلى الله عليه وسلم أو دفع شيئاً مما أنزل الله عزوجل أو قتل نبياً ..... أنه كافر بذلك ..... وقال محمد بن سحنون: أجمع العلماء على أن شاتم النبى صلى الله عليه وسلم والمتنقّص له كافر ..... أنه من شتم النبى صلى الله عليه وسلم فهو مرتد عن الإسلام.....وأما الآيات الدالات على كفر الشاتم وقتله ..... منها قوله تعالىٰ: ﴿ومنهم الذين يؤذون النبى﴾ الاية الخ". (الصارم المسلول على شاتم الرسول من مجموعة رسائل عابدين، ص: ۱، إلى آخره، المسئلة الأولى، دارالكتب العربى، بيروت)

(۳) (ردالمحتار: ۲۲۲/۴، باب المرتد، كتاب الجهاد، سعيد)

(۴) "فإن قيل: من استخف بالشرع أو الشارع أو ألقى المصحف فى القاذورات أو شد الزنار بالإختيار كافرٌإجماعاً ..... قلنا ..... يجوز أن يجعل الشارع بعض محظورات الشرع علامة التكذيب فيحكم بكفر من ارتكبه وبوجود التكذيب فيه وانتفاء التصديق عنه كالا ستخفاف بالشرع وشد الزنار". (شرح المقاصد: ۴۵۸/۳، المقصد السادس، فصل فى الأسماء والأحكام، المبحث السادس فى تعريف الكفر، دارالكتب العلمية، بيروت)

(۵) (رسائل الكشميرى، ج:۳، رساله إكفار الملحدين، ص: ۱۰، ۱۱، إدارة القرآن)

(۶) (ملفوظات انور شاه كشميرى، مقدمة بهاولپور، ص: ۴۸-۵۱، إداره تاليفات اشرفيه)

Made searchable using ScribeTools.com

امر دوم : جس شخص کی تکفیر کے متعلق نصوص بالا ناطق ہوں اس کو مجدد، ولی اعتقاد کرنا بھی کفر ہے۔ خود خیال کیجئے کہ اللہ تعالیٰ جس کے عدوّ ہوں اس سے محبت اور اعتقاد صراحۃً اللہ تعالیٰ کی مخالفت ہے یا نہیں، مرزا غلام احمد کی حیثیت صرف کافر اصلی کی نہیں بلکہ مرتد کی تھی اور ارتداد بھی وہ جو کہ زندیق میں ہوتا ہے، آج بھی جو شخص مرزا کے عقائد کو اختیار کرے گا اس پر بھی شریعت مرتد کا حکم لگائے گی، زندیق اور مرتد کے احکام ردالمحتار، ص: ٤٥٧ (١) میں دیکھئے۔ اجمالی طور پر آپ کے جملہ سوالات کا جواب ظاہر ہوگیا۔ تاہم تفصیل سے نمبروار سنئے۔

۱..... ہر دو کا حکم ایک ہے۔

۲..... قطعیات اور اجماعیات کے انکار کی وجہ سے۔

۳..... یہ جملہ امور شرعاً ناجائز ہیں: "و لا الوثنيات و هو بالإجماع والنص، و يدخل فى عبدة الأوثان عبدة الشمس والنجوم والصور التى استحسنوا، والمعطلة، والزنادقة، والباطنية، والإباحية. و فى شرح الوجيز: و كل مذهب يكفر به معتقده اهـ" فتح القدير: ٣٧٣/٢ (٢)۔

"و لا يجوز للمرتد أن يتزوج مرتدةً و لا مسلمةً و لا كافرةً أصليةً، وكذلك لا يجوز نكاح المرتدة مع أحد، كذا فى المبسوط اهـ" هنديه، ص: ٢٨٢ (٣)۔

" موتى المسلمين إذا اختلطوا بموتى الكفار، أو قتلى المسلمين بقتلى الكفار، إن كان للمسلمين علامة يعرفون بها يميز بينهم، و إن لم تكن علامة إن كانت الغلبة للمشركين فإنه لا يصلى على الكل، و لكن يغسلون و يكفنون و يدفنون فى مقابر المشركين اهـ" عالمگيرى: ١٠٩/١، مختصراً (٤)۔

---

(۱) (رد المحتار، كتاب الجهاد، باب المرتد: ۲۲۱/۴، سعيد)

(۲) (فتح القدير، كتاب النكاح، فصل فى بيان المحرمات: ۲۳۱/۳، مصطفى البابى الحلبى مصر)
(وكذا فى رد المحتار، كتاب النكاح، فصل فى المحرمات: ۴۵/۳، سعيد)

(۳) (الفتاوى العالمكيرية، الباب الثالث فى بيان المحرمات، القسم السابع المحرمات بالشرك: ۲۸۲/۲، رشيديه)

(۴) (الفتاوى العالمكيرية، الباب الحادى والعشرون فى الجنائز، الفصل الثانى فى الغسل: ۱۵۹/۱، رشيديه)

"أما المرتد فيلقى فى حفرة كا لكلب اهـ" در مختار، ص:۹۳(۱)۔

۴.....مرتد کا رشتہ تو باقی رہتا ہے مگر حقوق رشتہ داری منقطع ہوجاتے ہیں حتی کہ اگر کسی کا کوئی رشتہ دار نعوذ باللہ قادیانی ہوتو اس کا نفقہ واجب نہیں ہوگا:

"و لا نفقة مع الاختلاف ديناً إلا للزوجة والأصول والفروع الذميين اهـ" تنوير۔

"قوله: مع الاختلاف ديناً :أى كالكفر والإسلام فلا يجب على أحدهما الإنفاق على الاخر، و فيه إشعار بأن نفقة السنى على الموسر الشيعى كما أشير إليه فى التكميل قهستانى، والمراد الشيعى المفضل، بخلاف الساب القاذف فإنه مرتد يقتل إن ثبت عليه ذلك، فإن لم يقتل تساهلاً فى إقامة الحدود فالظاهر عدم الوجوب؛ لأن مدار نفقة الرحم المحرم على أهلية الإرث و لا توارث بين مسلم و مرتد، نعم لو كان يجحد ذلك و لا بيّنة يعامل بالظاهر وإن اشتهر حاله بخلافه، والله اعلم"۔ رد المحتار: ۲/۱۵۷(۲)۔

۵.....اگر تعلقات باقی رکھنے سے ان کی اصلاح اور ہدایت کی توقع ہوتو تعلقات کو برقرار رکھنا مناسب ہے اور ایسی حالت میں نرمی وتلطف سے ان کے عقائد کی خرابی کو آہستہ آہستہ ان پر ظاہر کرتے رہنا چاہئے، اگر تعلقات رکھنے سے اپنے اوپر خراب اثر پڑنے کا اندیشہ ہو یا ان کی اصلاح کی توقع نہ ہو یا دوسرے لوگوں کی بدگمانی کا خطرہ ہو یا ترک تعلق سے ان کی توبہ اور اصلاح کی توقع ہوتو تعلق منقطع کردیا جائے، یہ چیز ایسی ہے کہ ہر شخص کے لئے یکساں نہیں بلکہ ماحول کے اختلاف سے مختلف ہوتی رہتی ہے۔ جس صورت میں اخروی نفع کی توقع ہو اس کو اختیار کرنا چاہئے اور دنیاوی نفع کو اخروی نفع پر ترجیح دینا درست نہیں۔ البتہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے دشمن سے قلبی محبت رکھنا حرام ہے:

قال الله تبارك و تعالىٰ: ﴿ يا أيها الذين امنوا لا تتخذوا عدوى و عدوكم أولياء تلقون

---

(۱) (الدر المختار ، باب صلاة الجنازة: ۲/۲۳۰، سعيد)

"وأما المرتد فلا يغسل و لا يكفن، و إنما يلقى في حفرة كالكلب". (البحر الرائق ، كتاب الجنائز ، فصل: السلطان أحق بصلاته : ۲/۳۳۴، رشيديه)

(۲) (الدر المختار مع رد المحتار ، باب النفقة : ۳/۶۳۱، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

إليهم بالمودة ﴾ الآية۔

"روى أنها فى حاطب بن أبى بلتعة رضى الله تعالىٰ عنه حين كتب إلى كفار قريش ينصح لهم، فاطلع الله نبيه على ذلك فدعاه النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فقال: "أنت كتبت هذا الكتاب"؟ قال: نعم ، قال: "وما حملك على ذلك"؟ قال: أما والله! ماارتبت فى الله منذ أسلمت، ولكنى كنت امرأً غريباً فى قريش، و كان لى بمكة مال و بنون، فأردت أن أدافع بذلك عنهم، فقال عمر رضى الله تعالىٰ عنه: ائذن لى يا رسول الله! فأضرب عنقه ، فقال النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "مهلاً يا ابن الخطاب! إنه قد شهد بدراً، و ما يدريك لعل الله قد اطلع على أهل بدر فقال: ﴿اعملوا ما شئتم﴾ فإنى غافر لكم الخ". أحكام القرآن للجصاص: ۵۳۳/۳، (۱)۔

"وفيه دليل على أن الكبيرة لا تسلب إسم الإيمان الخ". تفسير مدارك التنزيل: ۱۸۶/٤ (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، ۲۴/۲/۶۱ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۸/صفر/۶۱ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم

قادیانی اور اس کی کتابیں

سوال[۴۷۹]: میں تبلیغی جماعت کا ایک خادم ہوں، ایک سفر میں میری ملاقات ایک قادیانی سے ہوگئی، میں نے اس سے دریافت کیا کہ علمائے دیوبند تم لوگوں کو کافر کہتے ہیں، اس نے کہا کہ ان لوگوں نے ہماری کتابوں کا مطلب غلط سمجھا، حالانکہ ان حضرات کو ہم سے مطلب معلوم کرنا چاہئے تھا اور کافر نہیں کہنا چاہئے تھا۔ میں نے کہا کہ ان کتابوں کے نام کیا ہیں؟ انہوں نے ان کتابوں کے نام بتائے "ایک غلطی کا ازالہ، انجام آتھم، حقیقت وحی، ازالۃ الاوہام"۔ سوال یہ ہے کہ یہ کتابیں کیسی ہیں اور اس پر عمل کرنا کیسا ہے، اس شخص کا کہنا درست ہے یا غلط؟ فقط۔

---

(۱) (أحكام القرآن للجصاص (الممتحنة : ۱): ۳/ ۶۵۱، قديمى)

(۲) تفسير المدارک (الممتحنة : ۱): ۲/ ۶۷۲، قديمى)

الجواب حامداً و مصلیاً:

مرزا غلام احمد قادیانی نے دعوائے نبوت کیا اور ختمِ نبوت کا انکار کیا ہے، حالانکہ حضرت رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سب سے آخری نبی ہیں اور آپ کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا اور یہ مسئلہ قرآن پاک اور احادیثِ مشہورہ اور اجماع سے ثابت ہے(۱)، اس دعویٰ کی وجہ سے مرزا کافر ہے اور جو شخص اس کے اس دعویٰ کی تصدیق کرتا ہے وہ بھی اس کے حکم میں ہے(۲)۔

مرزا کی زندگی میں اس سے مناظرہ کیا گیا اور اس کے ہر غلط دعویٰ کی تردید قرآن پاک اور احادیث کے ذریعہ سے کی گئی اور اس پر کفر کا فتویٰ لگایا گیا، وہ خود اپنی عبارات اور کتابوں کا کوئی صحیح مطلب نہیں بیان کرسکا تو آج اس کے ماننے والے کس شمار میں ہیں، اگر وہ کوئی ایسا مطلب بیان بھی کریں جس کے خلاف صراحۃً مرزا نے اپنی کتابوں میں لکھا ہے تو وہ خود انکا مطلب ہے مرزا کا مطلب نہیں ہوگا۔ اس کی تردید کے لئے ''هدية المفترى، إكفار الملحدين ، دفع الأوهام، عقيدة الإسلام فى حيوٰة عيسىٰ عليه السلام ، ختم نبوة ، عشرۂ كامله'' وغیرہ بہت سی کتابیں تصنیف ہوکر عرصہ ہوا شائع ہوچکی ہیں، جن میں ان کی کفریات ایک دو نہیں بلکہ بڑی مقدار میں پوری تفصیل کے ساتھ درج ہیں، اس لئے اس کی کتابوں کا مطالعہ عوام ہرگز نہ

---

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿ما كان محمد أبا أحد من رجالكم و لكن رسول الله و خاتم النبيين﴾ (الأحزاب: ۴۰)

''عن جابر رضى الله عنه أن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: ''أنا قائد المرسلين و لا فخر، و أنا خاتم النبيين و لا فخر ..... الخ''. (مشكوة المصابيح، باب فضائل سيد المرسلين صلوات الله و سلامه عليه: ۲/۵۱۴، قديمى)

''و أن محمداً عبده المصطفى، و نبيه المجتبى، و رسوله المرتضى، خاتم الأنبياء و إمام الأتقياء''. (العقيدة الطحاوية: ۶، قديمى)

''و لا ينجو من الكفر إلا من أكفر ذلك الملحد (أى غلام أحمد القادياني) بلا تلعثم و تردد''. (مجموعه رسائل الكشميرى، إكفار الملحدين: ۱۰، إدارة القرآن)

(۲) ''إذا رأى منكراً معلوماً من الدين بالضرورة، فلم ينكره و لم يكرهه، و رضي به و استحسنه، كان كافراً''. (مرقاة المفاتيح، كتاب الآداب ،باب الأمر بالمعروف :۸/۸۶۱، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

کریں۔اہل علم حضرات تردید کے لئے ان کی کتابوں کا مطالعہ کر کے اس کی اَور کفریات کو ظاہر کرتے ہیں۔مرزا غلام احمد نے ایک شعر کہا ہے۔

ابن مریم کے ذکر کو چھوڑو اس سے بہتر غلام احمد ہے

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق لکھا ہے کہ انہوں نے اپنے باپ یوسف کے ساتھ سترہ سال کی عمر تک نجاری (بڑھئی) کا کام سیکھا اور خود ان کی قبر کشمیر میں ہے اور ان کی تین دادیاں اور تین نانیاں زانیہ تھیں حالانکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بغیر باپ کے پیدا ہوئے (۱) اور زندہ آسمان پر اٹھائے گئے (۲) اور ان کی والدہ اور ان کی نانی کا تذکرہ قرآن شریف میں احترام کے ساتھ کیا گیا (۳) اور فرمایا گیا ہے ﴿وأمه صديقة﴾ (٤) غرض مرزا غلام احمد قادیانی نے کفریات لکھنے میں کچھ کمی نہیں کی اس لئے وہ تمام علماء کے نزدیک کافر ہے۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/ ۸/ ۸۷ھ۔

الجواب صحیح، بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/ ۸/ ۸۷ھ۔

قادیانیوں سے تعلق

سوال[۴۸۰]: بدقسمتی سے ہمارے قصبہ کے دو تین شخص مرتد ہو کر مرزائی فرقہ ضالہ میں شریک ہو گئے اور ہندوستان کے دیگر علاقوں کی طرح ہمارے قصبہ میں بھی ابتداء اس فرقہ کے استیصال کی طرف توجہ نہ کی گئی اور مرتدین کے ساتھ خلط ملط اور اکل وشرب وغیرہ کا سلسلہ بدستور جاری رہا، تقریباً دس سال ہوئے مولانا مولوی محمد ایوب صاحب بیگ فاضل دیوبند نے اہل قصبہ کو اس فرقہ کے دجل سے آگاہ کرتے ہوئے اہل قصبہ کو ان سے انقطاع تعلقات کی تلقین فرمائی، بحمد للہ تعالیٰ اس مرد حق کی پند ونصیحت کا اچھا اثر ہوا اور اہل قصبہ نے مرتدین سے

---

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿قالت أنّى يكون لى غلام، ولم يمسسنى بشر، و لم أك بغياً، قال كذلك قال ربك هو علي هين﴾ (مريم: ۲۰، ۲۱)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿ و ما قتلوه يقينا بل رفعه الله ﴾ (النسآء: ۱۵۷، ۱۵۸)

(۳) قال الله تعالىٰ: ﴿ يا أخت هٰرون ما كان أبوك امرأ سوء وما كانت أمك بغياً﴾ (مريم: ۳۸)

(۴) قال الله تعالىٰ: ﴿ وأمه صديقة ﴾ (المائدة: ۷۵)

یہاں تک مقاطعہ کیا کہ قصبہ میں ان کے لئے رہنا دشوار ہوگیا اور کچھ عرصہ کے لئے قصبہ چھوڑ کر مرتدین کے چلے جانے سے قصبہ پاک ہوگیا، عوام ان کے دامِ تزویر سے بچ گئے اور آج تک قصبہ میں مرتدین کو کسی نے رشتہ وغیرہ نہیں دیا۔

اب کچھ عرصہ سے مرتدین کے رشتہ دار اور دیگر ضعیف الایمان لوگ چھپ چھپ کر مرتدین سے ملتے ہیں اور سوائے تعلقات مناکحت کے جو آشکارا کئے بغیر نہیں ہوسکتے، دیگر ہر قسم کے تعلقات رکھتے ہیں، بظاہر مقاطعہ کئے ہوئے ہیں، چند خدام دین جو یہ چاہتے ہیں کہ یہ دجل وضلالت کا پودا اس قصبہ میں نشوونما نہ پائے بلکہ ہر ممکن کوشش سے قصبہ کو اس فتنہ سے پاک کیا جائے، عوام کو مرتدین سے مقاطعہ کرنے کی تلقین کرتے ہیں، نہ صرف یہ بلکہ جو لوگ مرتدین سے براہِ راست تعلق رکھتے ہیں ان سے بھی مقاطعہ کرنے کو کہتے ہیں۔ براہ نوازش اپنا قیمتی وقت اس کارِ خیر میں صرف فرما کر تمام مضمون کو بغور ملاحظہ فرماویں اور مندرجہ ذیل مسائل کا مفصل جواب حوالہ جات کے ساتھ فرما کر عنداللہ ماجور وعندالناس مشکور ہوں۔

۱..... وہ لوگ جو مرتدین سے تعلقات اکل وشرب اور ہر قسم کے تعلقات رکھتے ہیں آیا وہ بھی مرتد ہوجاتے ہیں یا صرف گنہگار؟ اگر گنہگار ہوتے ہیں تو کس درجہ میں؟ آیا عام فاسق وفاجر یا بے نمازیوں اور ان لوگوں میں کچھ فرق ہے یا سب یکساں گنہگار ہیں؟ ایسے لوگوں سے جو مرتدین سے میل جول اور اکل وشرب وغیرہ تعلقات رکھتے ہیں، قصبہ کے عام مسلمان میل ملاپ رکھیں یا اس غرض سے تعلقات منقطع کردیں کہ وہ مرتدین سے میل جول چھوڑنے پر مجبور ہوجائیں؟

۲..... وہ لوگ جو مرتدین سے تعلقات اکل وشرب ومناکحت وغیرہ تو نہیں رکھتے، لیکن نشست وبرخاست گفت وشنید اور خلط ملط رکھتے ہیں وہ کس درجہ میں گنہگار ہیں، عام گنہگاروں اور ان میں کیا فرق ہے اور ان کے ساتھ قصبہ کے دیگر مسلمان تعلق رکھیں یا نہیں؟

۳..... ایک شخص جس کا داماد مرزائی ہے، برادری کے انقطاعِ تعلقات کی وجہ سے متعدد بار توبہ کرچکا ہے اور قسم کھاچکا ہے کہ میں اپنی بیٹی اور داماد سے آئندہ کوئی تعلق نہ رکھوں گا، لیکن ہر توبہ کے بعد یہ ہوتا ہے کہ داماد اور بیٹی کے پاس آتا جاتا ہے اور ان سے ہر قسم کے تعلقات رکھتا ہے، ایسے شخص کی توبہ پر کب تک اعتماد کیا جائے؟

Made searchable using ScribeTools.com

۴.....ایک لڑکی جس کا خاوند مرتد ہوگیا وہ برادری کے شور وغوغا کی وجہ سے اپنے والد اور تایا سے کہتی ہے کہ اگر میرے نان ونفقہ کا انتظام کردو تو میں اپنے خاوند کو جو مرتد ہونے کی وجہ سے خاوند بھی شرعاً نہیں رہا چھوڑ دوں گی لیکن اس کا باپ اور تایا باوجود قدرت رکھنے کے اس کے نان ونفقہ کی کفالت سے انکار کرتے ہیں، یہ دونوں کس درجہ کے گنہگار ہیں اور ان سے قصبہ کے عام مسلمان تعلقات رکھیں یا منقطع کردیں اور اگر رکھیں تو کس قسم کے تعلقات رکھ سکتے ہیں؟ احقر یار محمد عفی عنہ۔

برائے نوازش بغور مطالعہ فرمانے کے بعد تمام سوالات کا مفصل جواب علیحدہ علیحدہ تحریر فرمادیں، قرآن وحدیث کا حوالہ حتی الامکان دیا جائے۔ مسلم جنرل ٹریڈنگ کمپنی پوسٹ نمبر ا کراچی۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

قال الله تعالىٰ: ﴿ و لا تركنوا إلى الذين ظلموا فتمسكم النار﴾ الآية. والركون إلى الشيء هو السكون إليه بالأنس والمحبة، فاقتضى ذلك النهي عن مجالسة الظالمين و مؤانستهم والإنصات إليهم و هو مثل قوله تعالىٰ : ﴿ فلا تقعد بعد الذكرى مع القوم الظالمين﴾ اهـ". أحكام القرآن: ۲۰۵/۳(۱) -

وقال تعالىٰ: ﴿ يأأيها الذين امنوا لا تتخذوا الذين اتخذوا دينكم هزواً و لعباً ﴾ (۲).

وقال تعالىٰ: ﴿ فأعرض عمن تولى عن ذكرنا و لم يرد إلا الحيوة الدنيا، ذلك مبلغهم من العلم، إن ربك هو أعلم بمن ضل عن سبيله و هو أعلم بمن اهتدى﴾(۳) -

مرزائی لوگ بفتویٰ علمائے حق کافر ومرتد ہیں، ان کے ساتھ رشتۂ مناکحت قطعاً ناجائز ہے(۴) اور ایسا

---

(۱)(احکام القرآن للجصاص، (هود:۱۱۳): ۲۴۳/۳، قديمی)

(۲) (المائدة : ۵۷)

(۳)(النجم : ۲۹، ۳۰)

(۴) "(ولا) يصلح (أن ينكح مرتد أو مرتدة أحداً) من الناس مطلقاً". (الدر المختار، باب نكاح الكافر : ۲۰۰/۳، سعيد)

"و لا ينكح مرتد أو مرتدة أحداً". (كنز الدقائق ، باب نكاح الكافر ،ص: ۱۱۰، رشيديه)

(وكذا فی الاختيار، كتاب النكاح:۱۲۶/۳، دارالكتب العلمية، بيروت)

Made Searchable by ScribeTools.com

نکاح منعقد نہیں ہوتا بلکہ وہ زنا کے حکم میں ہے، جتنے لوگ ایسے نکاح میں شریک ہوں یا باوجود قدرت کے ایسے نکاح کو نہ روکیں وہ سب حسبِ حیثیت گنہگار رہوں گے(۱)۔

مرتد کے ساتھ اکل وشرب ومجالست وغیرہ بھی ناجائز ہے قلبی محبت بھی قطعاً ممنوع ہے(۲) جو مسلم عورت کسی مرزائی کے نکاح میں ہے تمام اہل قدرت پر حسب قدرت اس کو چھڑانا واجب ہے خاص کر جب کہ وہ خود بھی اس سے علیحدہ ہونے کی خواہشمند ہو، جو شخص جس قدر صاحبِ اختیار ہے اور اس کے چھڑانے میں کوتاہی کرے اسی قدر وہ گنہگار ہے۔ اگر کوئی مرتد صدق دل سے توبہ کرے اور تجدید ایمان کرے تو اس کی توبہ قبول ہوجائے گی (۳) اگر ترک تعلقات کے ذریعہ سے اس کی توقع ہے کہ کوئی مسلمان کسی مرزائی سے تعلق نہیں رکھے گا تو ضرور ایسے شخص سے ترک تعلق کردیا جائے۔ اگر یہ خیال ہے کہ نرمی سے سمجھانے اور اخلاق کے ساتھ پیش آنے پر اپنی حرکت سے باز آجائے گا اور ترک تعلق سے اس کی ضد اور زیادہ ہوگی تو اس سے نرمی کا معاملہ کیا جائے۔

الغرض مرتد خدا کے دشمن ہیں ان سے جس قدر کوئی محبت کا تعلق رکھے گا اسی قدر وہ خدا کی رحمت سے دور ہوگا۔ "المرء مع من أحب"(٤) کے ماتحت اسی جماعت میں اس کا حشر ہوگا، اور دنیا وآخرت میں خدا کے دشمنوں کا شریک ورفیق سمجھا جائے گا اور یہ گناہ ان گناہوں سے بڑھ کر ہے جن کا تعلق محض اپنے نفس سے ہے کیونکہ ایسا شخص خدائی باغیوں کا ہم پلہ ہے والعیاذ باللہ۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۹/ ۸/ ۶۴ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

---

(۱) "ما من قوم يعمل فيهم بالمعاصي ثم يقدرون على أن يغيروا، ثم لا يغيرون إلا يوشك أن يعمهم الله بعقاب". (مشكوة المصابيح، باب الأمر بالمعروف : ۲/ ۴۳۶، ۴۳۷، قديمی)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿لا تجد قوماً يؤمنون بالله واليوم الآخر يوآدون من حاد الله و رسوله﴾. (المجادلة : ۲۲)

(۳) "وكل مسلم ارتد فتوبته مقبولة". (الدرالمختار، باب المرتد : ۴/ ۲۳۱، سعيد)

(۴) (فيض القدير : ۱۲/ ۶۱۱۳، ۶۱۱۴، رقم الحديث: ۹۱۹۰، ۹۱۹۱، مكتبه نزار مصطفىٰ الباز)

(ومشكوة المصابيح، ص: ۴۲۶، باب الحب فى الله، الفصل الأول، قديمی)

(وجامع الترمذی: ۲/ ۶۴، أبواب الزهد، باب المرء مع من أحب، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

قادیانی کا مسجد میں نماز کے لئے آنا

سوال[۴۸۱]: قادیانی مذہب کے اشخاص بروقت ہونے جماعت مسجد سنت والجماعت علیحدہ کھڑے ہوکر نماز خود ادا کرتے ہیں اور وضو بھی آفتابہ مسجد و پانی مسجد سے کرتے ہیں، بوجہ فتویٰ کفر ہونے کے قادیانی فرقہ کے لوگ نماز مسجد سنت والجماعت میں ادا کرسکتے ہیں یا نہیں؟ اور ادا کرسکتے ہیں تو اہل سنت والجماعت پر تو کوئی مؤاخذہ نہیں ہے؟ ریاض الحق کلیانوی از تھانہ بھون

الجواب هوالموفق للصواب:

قادیانی جب مسلمان نہیں تو ان کی نماز نہیں، ان کو مسجد میں آکر نماز ادا کرنے سے روک دینا چاہئے اگر اندیشہ فساد نہ ہو۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ، ۲۳/۳/۵۳ھ۔

صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف عفا اللہ عنہ، ۲۶/ ربیع الاول/۵۳ھ۔

بیمار قادیانی کی تیمارداری

سوال[۴۸۲]: مرزائی مفلوج الجسم اور مفلس، تنگ دست رشتہ دار کی خدمت جسمانی یا امداد مالی مثلاً ماموں ہے، کرنا اور کوئی اس کا رشتہ دار خدمت کرنے والا نہ ہو، محض مخلوق خدا کافر اور پلید سمجھ کر جیسے کتے وغیرہ کی خدمت ہے جائز ہے یا نہیں؟ سائل: صوفی علی محمد مسجد نور جالندھر شہر، ۳۱/ مارچ/ ۴۵ء۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

مرزائی صرف کافر ہی نہیں بلکہ مرتد ہیں، جو معاملہ دیگر کفار کے ساتھ کیا جاتا ہے، مرتد کے ساتھ شرعاً نہیں کیا جاتا اس لئے مرتد کے ساتھ کوئی ہمدردی نہیں چاہئے، البتہ اگر یہ توقع ہو کہ وہ خوش اخلاقی اور تیمارداری سے متأثر ہوکر ارتداد سے تائب ہوجائے گا اور اسلام قبول کرلے گا تو پھر یہ تیمارداری مستقل تبلیغ کا حکم رکھتی ہے، بشرطیکہ نیت یہی ہو(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

---

(۱) "قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم :" إنما الأعمال بالنيات وإنما لامرىء مانوى". (صحيح البخاري، باب كيف كان بدء الوحي إلى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : ۱/۲، قديمى)

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۴/ ربیع الثانی ۶۴ھ۔

صحیح عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

قادیانیوں کا مرتب کردہ قاعدہ ''یسر نا القرآن''

سوال[۴۸۳]: قاعدہ ''یسر نا القرآن'' جو قادیانیوں کا بنایا ہوا ہے جس میں کوئی عقیدہ قادیانی کی بات نہیں کہ جس سے فساد عقیدہ اور فساد عمل شرعی ہوتا ہو، بلکہ اس کی ترکیب وترتیب اور ہدایات بابت طریقہ تعلیم ایسی ہے جس کے باعث بچہ بسہولت پانچ چھ ماہ میں بلکہ اس سے کم مدت میں ناظرہ ختم کر لیتا ہے، چنانچہ راقم کا خود تجربہ ہے کہ بہت سے بچوں کو تین تین چار چار ماہ میں ختم کرایا ہوں۔ تو دریافت طلب امر یہ ہے کہ کیا اس قاعدہ کا پڑھنا جائز ہے، اور کیا کفار کی بنائی ہوئی چیز کو اس کے کمال اور کسی خوبی اور عمدگی کی وجہ سے عمدہ اور اچھا کہنا جائز ہے یا نہیں مثلاً یوں کہنا کہ متھرا کا پیڑا اور بھگوان پور کا پیڑا بہت اچھا ہے اس لئے کہ اچھا مشہور ہے تو اچھا کہنا کیسا ہے کیونکہ اس کے بنانے والے کافر ہیں یا یوں کہنا کہ امریکن لالٹین یا جرمنی کوئی چیز اچھی ہے تو اس کو اچھا کہنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

امریکن لالٹین اور قاعدہ یسر نا القرآن میں بہت فرق ہے، اول خالص دنیاوی چیز ہے اور ثانی تعلیم قرآن اور دینیات کی ابتداء واجراء ہے، اول کی تعریف سے کفار کے دین کی تعریف نہیں ہوتی ہے اور ثانی کی تعریف سے دل میں یہ بات بیٹھ جاتی ہے کہ جن لوگوں نے بچوں کی تعلیم وتربیت کے لئے اتنا بہترین انتظام کیا ہے جس سے بچہ بہت جلد ناظرہ رواں اور حفظ پڑھنے پر قادر ہو جاتا ہے اور اس کا وقت ضائع ہونے سے محفوظ رہتا ہے، وقت جیسی قیمتی چیز کی حفاظت کرنا اور اس کو ضائع ہونے سے بچانا یہ لوگ خوب جانتے ہیں، لامحالہ دینی اصول وفروع میں بھی یہ لوگ ماہر ہونگے اور ان کا طریقہ تعلیم بہت اچھا ہے، لہٰذا ان کو اپنے مدارس میں ملازم رکھنا چاہئے یا ان کے مدارس میں اپنے بچوں کو داخل کرنا چاہئے۔

علی ہذا القیاس بچہ جو کہ عقائد قادیانی سے بالکل بے خبر ہے جب وہ ان کا بنایا ہوا قاعدہ پڑھے گا پھر آئندہ وہ دوسرے قواعد یا کتب میں وہ سہولت نہ پائے گا اور بعد میں معلوم کرے گا کہ وہ پہلا قاعدہ قادیانی کا

Made searchable using ScribeTools.com

تصنیف کردہ ہے تو لامحالہ اس کی طبیعت میں قادیانی کی نہ صرف تعریف بلکہ قدر پیدا ہوگی اور یہ خواہش کرے گا کہ میں ان کی دوسری تصانیف بھی پڑھوں، وہ بھی اسی طرح سہل اور دل نشین طریق پر ہونگی اور ان کی کتابیں پڑھنے سے جو نتیجہ ہوگا وہ ظاہر ہے۔

پھر اگر خراب نتیجے سے والدین منع بھی کریں اور قادیانی کی بُرائی بھی سمجھادیں تب بھی بچہ کہے گا کہ یہ کسی عداوت نفسانی کی وجہ سے منع کررہے ہیں ورنہ واقعتاً اگر قادیانی خراب ہوتا تو اس کا بنایا ہوا قاعدہ کیوں پڑھاتے؟ اور جب اس قاعدے سے اس قدر نفع ہوا جس کا میں تجربہ کرچکا ہوں اور اس کی تعریف اپنے ابتدائی استاذ صاحب قاری خدابخش سے سن چکا ہوں تو لامحالہ دوسری کتابیں بھی ایسی ہی ہونگی، تلبیس کی بناپر روحانی اور معنوی غیر محسوس طریقہ پر جو اثر پڑتا ہے وہ غلط ہے، اس لئے اہل تقوی کفار کی دوکانوں سے اشیاء خریدنے سے احتراز کرتے ہیں اور اہل اسلام کی دوکانوں سے خریدتے ہیں (۱)۔

پھر جب آپ اس قاعدہ "یسرنا القرآن" کو رواج دے کر سب جگہ شائع کردیں گے تو اس سے قادیانیت کی بہت بڑی تبلیغ ہوگی اس لئے کہ یہ قاعدہ رجسٹرڈ ہے، کوئی دوسرا اس کو نہیں چھپوا سکتا اور لامحالہ قادیانیوں سے خریدنا ہوگا اور وہ روپیہ مبلغین کو دیا جائے گا کہ اہل اسلام کی تردید کرکے قادیانی مذہب کو پھیلایا جائے اور مسلمانوں سے مجمع عام میں مناظرہ کیا جائے اور اہل اسلام کے خلاف کتابیں چھپوا کر شائع کی جائیں۔ نیز بغدادی قاعدہ اور نورانی قاعدہ جن کو مخلص دینداروں نے تصنیف کیا ہے، وہ بیکار اور موقوف ہوجائیں گے۔ آج آپ کو یہ قاعدہ پسند آیا اس کے نتائج یہ ہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

---

(۱) "عن عامر قال: سمعت النعمان بن بشير رضى الله تعالىٰ عنه يقول: سمعت رسول الله يقول: "الحلال بيّن و الحرام بيّن و بينهما مشتبهات، لا يعلمها كثير من الناس فمن اتقى المشبهات استبرأ لدينه و عرضه". (الصحيح للبخارى: ۱/۱۳، كتاب الإيمان، باب فضل من إستبرأ لدينه، قديمى)

قال الملا على القارى: "و فى شرح السنة : هذا الحديث أصل فى الورع، وهو أن ما اشتبه أمره فى التحليل والتحريم، و لا يعرف له أصل متقدم، فالورع أن يتركه و يجتنبه، فإنه إذا لم يتركه و استمر عليه و اعتاده جر ذلك إلى الوقوع فى الحرام ..... و يدخل فى هذا الباب معاملة من فى ماله شبهة أو خالطه ربا ، فالأولى أن يحترز عنها و يتركها ..... عن ابن شهاب قال: "كنت ليلةً مع سفيان الثورى ، فرأى ناراً من بعيد فقال: ما هذا ؟ فقلت: نار صاحب الشرطة، فقال: اذهب بنا فى طريق آخر ؛ لأنه =

مرزا کے قول کا حوالہ

سوال[۴۸۴]: ایک دفعہ جناب والا نے قادیانی ملعون کا تذکرہ فرماتے ہوئے اس کا ایک الہام ذکر فرمایا تھا کہ ''آج رات خدا نے میرے سے قوتِ رجولیت کا اظہار کیا (ہمبستری کی) جس کے نتیجہ میں مجھے حمل قرار پا گیا'' یہ الہام کس کتاب میں ہے؟ جناب والا کو یاد ہو تو تحریر فرمادیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

صفحہ تو محفوظ نہیں لیکن مرزا کی کتابوں سے عشرۂ کاملہ میں بھی نقل کیا ہے(۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/۱۱/۸۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۶/۱۱/۸۵ھ۔

الجواب صحیح: سید احمد علی سعید نائب مفتی دارالعلوم دیوبند، ۶/۱۱/۸۵ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

= یستضیء بنارهم. قلت: و ما أنسب قوله تعالیٰ: ﴿و لا ترکنوا إلی الذین ظلموا فتمسکم النار﴾. (مرقاة المفاتیح، کتاب البیوع، باب الکسب وطلب الحلال، رقم الحدیث: ۲۷۶۲، ۶/۱۵، رشیدیه)

(۱) عشره کامله فی إبطال الفتنة المرزائیه. مصنفہ: مولانا یعقوب صاحب پٹیالوی رحمۃ اللہ علیہ، ص: ۳۱، ۳۲ میں ہے:

''خدا کی بیوی اور اس کے لوازمات۔ الہاماتِ ذیل پر غور کریں:

(الف) مرزا کا حیض اور بچہ - یریدون أن یرواطمثک. اس الہام کی تشریح مرزا صاحب یوں بیان کرتے ہیں: ''بابوالٰہی بخش چاہتا ہے کہ تیرا حیض دیکھے یا کسی پلیدی اور ناپاکی پر اطلاع پائے، مگر اللہ تعالیٰ تجھے اپنے انعامات دکھلائے گا، جو متواتر ہوں گیا اور تجھ میں حیض نہیں بلکہ وہ بچہ ہو گیا ہے جو بمنزلۂ اطفال اللہ کے ہے۔ (تتمة حقیقت الوحی، ص: ۱۴۳)

(ب) اللہ تعالیٰ کا نطفہ- أنت من ماء وهم من فشل: یعنی اے مرزا تو ہمارے پانی (نطفہ) سے ہے اور دوسرے لوگ خشکی سے (اربعین: ۳/۳۴)

(ج) اللہ تعالیٰ سے ہمبستری (نعوذ باللہ): زناشوئی کے فعل کا وقوع۔ مرزا صاحب! کے ایک خاص مرید یار محمد صاحب بی۔او۔ایل۔ پلیڈر اپنے سٹریکٹ نمبر: ۳۴، موسوم بہ اسلامی قربانی مطبوعہ ریاض ہند پریس امرتسر میں لکھتے ہیں کہ ''جیسا کہ حضرت مسیح موعود (مرزا) نے ایک موقعہ پر اپنی حالت یہ ظاہر فرمائی ہے کہ کشف کی حالت آپ پر اس طرح طاری ہوئی کہ گویا آپ عورت ہیں اور اللہ تعالیٰ نے رجولیت (مردانہ) طاقت کا اظہار فرمایا، سمجھنے والے کے لئے اشارہ کافی ہے''۔ (اسلامی قربانی)

(د) استقرار حمل: مرزا صاحب کشتی نوح کے، ص: ۴۷ پر لکھتے ہیں کہ ''مریم کی طرح عیسیٰ کی روح مجھ میں نفخ کی گئی اور استعارہ کے رنگ میں مجھے حاملہ ٹھہرایا گیا اور کئی ماہ بعد جو دس ماہ سے زیادہ نہیں بذریعہ الہام مجھے مریم سے عیسیٰ بنایا گیا''۔ (عشرہ کاملہ، مطبوعہ مطبعہ اسلامیہ، لاہور، ماہ ذی الحجہ/۱۳۴۲ھ)

Made Searchable using ScribeTools.com

ما یتعلق بالشیوعیة والاشتراکیة

(کمیونزم وسوشلزم)

کمیونزم

سوال[۴۸۵]: ہم لوگ کمیونسٹ پارٹی ہیں، جو چین اور روس میں ہے اور جس کا موجد ''لینن'' اور ''مارکس'' ہیں اس کے موجدین کے کیا کیا اصول وضوابط ہیں؟ کس مذہب کے ماننے والے ہیں؟ اس پارٹی میں قرآنی حکم اور حدیث کی عظمت یا وقار باقی رہ سکتی ہے یا نہیں؟ اور ہم مسلمانوں کو کمیونسٹ پارٹی کو تسلیم کر کے اس میں شرکت جائز ہے یا نہیں؟ غرض اس کے متعلق اسلامی نقطۂ نظر سے اس میں فتویٰ عنایت فرمائیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

کمیونزم کی بنیاد ہی اس پر ہے کہ انسان کو مذہب سے لڑایا جائے، چنانچہ ''واٹ کمیونزم از دیب'' میں ہے ص:۸۱۲ کہ ''کمیونزم کا ممبر اس شخص کے علاوہ کوئی نہیں بن سکتا جو صدق دل سے صاف صاف اس کا اعلان نہ کرے کہ وہ دہریہ ہے یعنی منکر خدا ہے''۔

''اینجلز'' لکھتا ہے کہ:

''ہماری پارٹی طبقہ وار شعور رکھتی ہے اور مزدوروں کی آزادی کے لئے جدوجہد کرتی ہے، ایسی پارٹی مذہبی اعتقادات سے پیدا کردہ جہالت سے غفلت نہیں برت سکتی ہیں، ہمارا بنیادی مقصد ہے کہ مذہبی فریب خوردگی کو دور کیا جائے''۔ (اینجلز، ص:۱۵)

مارکس نے مذہب کے انفرادی معاملہ پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ:

''ہمیں قدم آگے بڑھا کر انسانیت کو مذہب کے اقتدار سے آزاد کرنا ہے، مذہب پر تنقید علم تنقید کا مبدأ ہے''۔ (مارکس سوشلزم، ص:۱۹۲)

''مذہب عوام کے حق میں افیون کا اثر رکھتا ہے'' (بحوالۂ سابق) ''مذہب آواز قدیم کی نظامی غلامی کی بازگشت ہے''۔ (کمیونسٹ مینوفیسٹو کی تشریح، دفعہ نمبر: ۵۵، از

ریزنیوف) بحوالہ الحق، ص:۹،۱۰/ جمادی الاولیٰ/ ۸۹ھ۔

کمیونزم پر بحث کرتے ہوئے: "حکم الإسلام فی الاشتراکیة" کے مصنف لکھتے ہیں:

" إن العقیدة الأساسیة للنظام الاشتراکی هی العقیدة المادیة التی تقول: إن المادة هی أصل الأشیاء، و لا شیء لغیر المادة، و هذا یعنی إنکار وجود الخالق العظیم سبحانه وتعالیٰ، وبالتالی إنکار کل دین سماوی و اعتبارها الإیمان بذلك أفیوناً یخدر الشعوب کما یعتقد بذلك المارکسیون والتیتویون وأمثالهم"(۱)۔

یعنی کمیونزم کی بنیاد یہی عقیدہ مادیہ ہے جو کہتا ہے کہ مادہ ہی اصل چیز ہے اور مادہ کے علاوہ کوئی چیز نہیں اور یہ یعنی باری تعالیٰ کا انکار اور انجام کار ہر دین سماوی کا انکار اور ایمان کے حق میں نشہ آور افیون سمجھنا ہے جیسا کہ مارکس اور ٹیٹو کے ماننے والے سمجھتے ہیں (حکم الإسلام فی الاشتراکیة ص: ۱۱۹) ۔اور کمیونزم بھی ایک تحریک ہی نہیں بلکہ ایک جدید مذہب ہے جس کے بانی ''مارکس'' و''لینن'' وغیرہ یہودی تھے، چنانچہ علامہ طنطاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی تفسیر میں لکھا ہے۔

ان مختصر جوابات سے آپ نے اندازہ لگالیا ہوگا کہ کمیونزم صرف ایک معاشی تحریک نہیں، بلکہ ایک جدید مذہب ہے جو تمام ادیانِ سابقہ اور الٰہی تعلیمات اور اخلاقی اقدار اور دین حق یعنی ذات خداوندی کے خلاف ہے اور کامریڈوں کی درندگی کی راہ میں سے ہر رکاوٹ کو دور کرنا اس دینِ جدید یا دین یہود کا مسلک و مقصد ہے۔ دینِ سوشلزم جو دشمنِ انسانیت ہے، اس کے بانی شیونن ہار، مارکس، ولینن جو یہودی تھے اور جن کا قول تھا کہ ''ہم نے بے زبان حیوانات پر تو سواری کی اب ہم نے اس زمانے میں انسانوں کو سواری بنادیا جن کو جانوروں کی طرح استعمال کریں گے''۔ (جواہر: ۲/ ۱۲۸، بحوالہ الحق)

یہ کمیونزم کا اجمالی خاکہ ہے جس سے بخوبی واضح ہوگیا کہ اعتقاد کے اعتبار سے بھی وہ صراحۃً اسلام کے خلاف ہے، سیاسی حیثیت سے اس میں شرکت وقتی طور اگر مفید بھی نظر آتی ہو پھر بھی دینی حیثیت سے اس کا ضرر واضح ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

---

(۱) (حکم الإسلام فی الاشتراکیة، اختلاف العقائد بین الإسلام والاشتراکیة، ص: ۱۱۹، المکتبة العلمیة، المدینة المنورة)

Made searchable using ScribeTools.com

کمیونزم کیسی جماعت ہے؟

سوال[۴۸۶]: ہندوستان میں کمیونزم جماعت آپ کے اسلامی نقطۂ نظر سے کیسی جماعت ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

ابتداءتو اس کی خدااوردین سے بغاوت پر ہے مگراس کے اصول میں ترمیم بھی ہوتی رہتی ہے، اگرکوئی شخص اصول اسلام کا پابندرہ کراس میں شرکت کرے تو اس کواسلام سے خارج نہیں قرار دیا جائے گا، جماعت کے تمام افراد پرایک حکم نہیں لگایا جائے گا اوراس جماعت کواسلامی جماعت بھی نہیں کہا جائے گا۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبدمحمودعفی عنہ، دارالعلوم دیوبند،۲۴/۴/۹۰ھ۔

کانگریس اورکمیونزم کی تفصیل

سوال[۴۸۷]: زیدایک مسلمان معتقدخداورسول اور پابندصوم وصلوۃ ہے،لیکن وہ سیاسی حیثیت سے کمیونسٹ پارٹی کو پسندکرتا ہے، اس کا ممبراوراس پارٹی کوووٹ دینا چاہتا ہے، ایک مولوی صاحب فرماتے ہیں کہ زیدگنہگار ہے کیونکہ کمیونزم کااصل الاصول انکارخداومذہب ہے۔کیامولوی صاحب مذکورکافتویٰ صحیح ہے؟

۲.....عمرایک عالم دین ہے موجودہ دورمیں فرقہ پرستی کی بلائے عظیم کا مشاہدہ کرکے اورکانگریسی حکومت کوجن سنگھ سے مغلوب وبےحس سمجھ کراورکانگریس کی اصلاح سے مایوس ہوکرکہتا ہے کہ کمیونسٹ پارٹی میں شامل ہوکرفرقہ پرستی کوختم کرنا چاہئے اورشرعی نقطہ نظر سے کمیونسٹ پارٹی میں شامل ہوجانا چاہئے، کیونکہ گاندھی کے گاندھی ازم کے باوجودسیاسی حدتک علماءکرام کانگریس میں شامل ہوئے۔کیاعمرکا خیال صحیح ہے؟

۳.....بکربھی ایک عالم دین ہے اس کا کہنا ہے کہ کانگریس کے اصول میں گاندھی جی کے فلسفہ کولازم نہیں قرار دیا گیا ہے اوراسی طرح خداپرستی یادہریت کوبھی لازم نہیں کیا گیا ہے لیکن کمیونسٹ پارٹی میں انکارخداو مذہب کولازم ٹھہرایا گیا ہے، کیونکہ کمیونزم کااصل الاصول انکارخداومذہب ہے اس لئے کمیونسٹ پارٹی میں شامل ہونا ناجائزوحرام ہےاورکانگریس میں شامل ہونا جائزومباح ہے۔کیابکرکا یہ خیال صحیح ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

۱.....کمیونزم کی بنیاد خدا اور مذہب کے انکار پر ہے، اعتقاداً اس کے مسلک کو تسلیم کرنا دین اسلام سے خروج کے مرادف ہے، مگر بعض مسلمان جن کو اس حقیقت اور بنیاد کی خبر بھی نہیں وہ محض ایک سیاسی پارٹی کی حیثیت سے شریک ہوجاتے ہیں، ان کو اصل حقیقت سے باخبر کر کے روکنا بہت ضروری ہے ورنہ انجام کار ممکن ہے کہ رفتہ رفتہ اعتقاداً بھی وہ اس مسلک کو اختیار کرلیں جیسا کہ عامۂ ہر شخص پارٹی کے اثرات سے متاثر ہو ہی جاتا ہے الا نادراً اور جو شخص صوم وصلوۃ کا پابند پکا مسلمان ہے اس کی شرکت سے دوسروں پر نہایت خطرناک اثر پڑتا ہے وہ سمجھتے ہیں کہ اگر پارٹی میں خرابی ہوتی تو فلاں پکا دیندار آدمی اس میں کیوں شریک ہوتا اس لئے پوری کوشش کر کے روکا جائے مگر کفر کا فتوی لگانے میں جلدی نہ کی جائے کہ اس میں انتہائی احتیاط ضروری ہے(۱)۔

۲.....گاندھی اور نہرو مذہبی نقطۂ نظر سے جو بھی حیثیت رکھتے ہوں مگر کانگریس کی بنیاد خدا اور مذہب کے انکار پر نہیں، اس وجہ سے کہ اس میں شریک ہونے والے ہر مکتب فکر کے لوگ ہیں، وہ بھی ہیں جو خدا کے منکر ہے وہ بھی ہیں جو خدا کو تسلیم کرتے ہیں۔ اشخاص کے اثرات سے کچھ لوگ متاثر ہوئے ان کے تاثر کو دیکھ کر ایک طبقہ بالکل کانگریس سے علیحدہ رہا، کچھ لوگ اتنے پختہ تھے کہ شرکت کے باوجود متاثر نہیں ہوئے انہوں نے متاثر ہونے والے کے تاثر کو خود ان کی کمزوری قرار دیا کہ علیحدہ رہ کر بھی کچھ پختہ نہیں تھے، اس لئے کمیونزم کو کانگریس پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے۔

۳.....یہ تفریق وتقسیم اصولاً صحیح ہے مگر اتنا اضافہ ضروری ہے کہ ضروریاتِ دین کی تعلیم کو مقدم کرنا اور دینی استحکام کا انتظام کرنا ضروری ہے تب شرکت کی اجازت دی جائے، ورنہ اکثریت کے ساتھ مل کر بالکل ان کے افکار وخیالات منضم ہوجائیں گے جس کی نظیریں کچھ کم نہیں۔ واللہ یھدی من یشاء إلی صراط مستقیم۔

---

(۱) "وإعلم أنه (لايفتى بكفر مسلم أمكن حمل كلامه على محمل حسن أو كان في كفره خلاف و لو) كان ذلك (روايةً ضعيفةً) كما حرره فى البحر و عزاه فى الأشباه إلى الصغرىٰ".

"و فى الدرر وغيرها : إذا كان في المسألة وجوه :توجب الكفر وواحد يمنعه، فعلى المفتي الميل لما يمنعه". (الدرالمختار: ۴/ ۲۲۹، ۲۳۰، باب المرتد، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب: نمبر۲نوٹ: سائل کو جواب ارسال کیا گیا پہلے جواب کی نوعیت مشورہ کی ہے، اسلام کے بنیادی اصول تو جیسے بذریعہ وحی نازل کئے گئے تھے ویسے ہی بدستور قائم ہیں اور ہمیشہ قائم رہیں گے ان میں ترمیم کا کسی کو حق نہیں جو شخص ان میں ترمیم کرے گا وہ خود ہی اسلام سے بعید ہو جائے گا۔ دوسری پارٹیوں کے اصول خود ان کے ذہن کی پیداوار ہیں، ان میں آئے دن ترمیم ہوتی رہتی ہے جیسا کہ مشاہدہ ہے۔ کانگریس اور کمیونسٹ کے موجودہ اصول جن پر ایمان لانا ضروری ہے اور فارم کے دفعات کی تفاصیل جن پر پابندی سے عمل کرنا ضروری ہے ہمارے پاس ارسال کیجئے ان سب کو بغور دیکھ کر جواب تحریر کیا جائے گا کہ ان کے تسلیم کرنے سے اسلام روکتا ہے یا نہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۱/ ۸/ ۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۱۳/ ۸/ ۸۸ھ۔

کمیونزم اور سوشلزم

سوال[۴۸۸]: ۱.....کمیونزم اور اس کی دوسری شاخ سوشلزم کفر ہے یا نہیں؟

۲.....سوشلزم جو کہ ایک یہودی کا خودساختہ عزم ہے، ایک مستقل ضابطۂ جماعت ہے یا محض اقتصادی نظام ہے؟

۳.....کمیونزم اور سوشلزم پسند جماعتوں سے اشتراک کرنا کیسا ہے؟

۴.....کمیونزم اور سوشلزم پسند جماعتوں سے اگر چند علماء اشتراک وتعاون کریں اور تقریری وتحریری طور پر ان کی حمایت کریں تو وہ علماء شرعاً کس حکم میں ہیں اور ان کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

کمیونزم کی جب ابتداء ہوئی اس کا حال جو کچھ تھا (خدا اور مذہب سے بغاوت) وہ حال بعد میں باقی نہیں رہا، دفعوں میں رفتہ رفتہ ترمیم کی گئی حتی کہ مذہب کے اعتبار سے بالکل پابندی ہٹا کر ہر ایک کو عام آزادی دیدی گئی کہ ہر مذہب کا آدمی اپنے دینی نظریات کو برقرار رکھتے ہوئے اس میں شرکت کرسکتا ہے، اس لئے کمیونزم اور سوشلزم کے موجودہ نظریات جن کی پابندی لازم ہے ان کی تشریح اور تفصیل معلوم ہونی ضروری ہے، اس کے جو اصول اسلام سے ٹکرائیں گے ان کو تسلیم کرنے کی اجازت نہیں ہوگی، اگر اسلام کے بنیادی عقائد پر

Made Searchable by ScribeTools.com

ضرب لگے گی تو اسلام کا باقی رہنا مشکل ہو جائے گا، اگر بنیادی عقائد برقرار رہیں گے تو اسلام باقی رہے گا، پھر جو امور شرعاً ناجائز ہوں گے شرعاً ان کی اعانت ناجائز ہوگی۔

کفر کا فتویٰ بغیر پوری تفصیل معلوم ہوئے دینا دشوار ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند

اسلامی سوشلزم

سوال[۴۸۹]: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل میں:

زید ایک ایسی جماعت سے تعلق رکھتا ہے جو کہ اسلامی سوشلزم یعنی اسلامی مساوات چاہتا ہے، مساوات سے مراد یہ ہے کہ غریب انسان اور عوام کو روٹی وغیرہ اور اپنا اپنا حق اسلام کی روشنی میں ملے، اور جماعت کا ہر فرد اور زید بھی خدا، رسول، یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے، نماز، روزہ، زکوۃ ادا کرتا ہے، علماء کرام میں سے کچھ علماء دین نے اسلامی سوشلزم یعنی اسلامی مساوات کو اسلام کی روشنی میں چاہنے والوں کو کافر، مرتد قرار دیا ہے، کچھ علماء دین نے اسلامی سوشلزم یعنی اسلامی مساوات کو جائز قرار دیا ہے اور کچھ علماء دین نے اس اسلامی مساوات کی مخالفت کی ہے۔ ان دونوں علماء دین میں سے کون حق پر ہیں، میں کس کی بات تسلیم کروں؟ ان دونوں علماء دین کی باتوں سے میرا ایمان کمزور ہو گیا ہے۔ برائے کرم صحیح بات کی وضاحت فرما کر میرے ایمان کو تقویت بخشیں، میں کس کی بات پر عمل کروں؟ مظفر علی۔ گجرانوالہ

الجواب حامداً و مصلیاً:

کسی مسلم فرد یا مسلم جماعت کو کافر یا مرتد قرار دینا بڑی ذمہ داری کی بات ہے، جب تک نصوص قطعیہ سے اس کا کفر ثابت نہ ہو اس پر اقدام نہیں کیا جا سکتا (۱) بلا قطعی دلائل کے اگر ایسا کیا جائے تو اندیشہ قوی ہے کہ یہ

---

(۱) "قد ذكروا أن المسئلة المتعلقة بالكفر إذا كان لها تسع و تسعون احتمالاً للكفر واحتمال واحد فى نفيه ، فالأولى للمفتى والقاضى أن يعمل بالاحتمال النافى". (شرح الفقه الأكبر للملا علي القاري، ص: ۱۶۲، قديمى)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية ، كتاب السير ، الباب التاسع فى أحكام المرتدين: ۲/۲۸۳، رشيديه)

(وكذا فى البحر الرائق ، كتاب السير، باب أحكام المرتدين : ۵/۲۱۰، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

کفر اقدام کرنے والے پر عود کر آئے (۱)۔

جو علماء حدود شرع سے واقف ہیں اور کفر و اسلام کی سرحد کو پہچانتے ہیں وہ کبھی ایسا اقدام نہیں کریں گے، اگر کسی غلط بیانی سے یا فریب دے کر ان سے کوئی تحریر حاصل کر لی جائے اور اس طرح تحریر پر دستخط لے لئے جائیں اور پھر تشہیر کر دی جائے کہ کفر کا فتویٰ فلاں عالم یا فلاں فلاں علماء نے دیدیا ہے تو یہ نہایت مکروہ، اور مذموم طریقہ ہے۔

آپ نے دریافت کیا ہے کہ ان دونوں علماء دین میں سے کون حق پر ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ آپ دونوں علماء دین کی وہ مکمل تحریرات یہاں بھیجیں ان کو دیکھ کر معلوم ہو سکے گا کہ کس کے دلائل کس درجہ کے ہیں؟ اس قسم کے شدید اختلافات میں یقیناً عوام کا ایمان کمزور ہو جاتا ہے اور یہ ان کے لئے زبردست فتنہ ہے، سیاسی مقاصد کے تحت کسی کو بلا دلیل کافر بنا دینے والوں کے حق میں یہ فتنہ اس سے بھی زیادہ خطرناک ہے جس قدر عوام کے حق میں ہے، کیونکہ اس کا ایمان بالکل ہی رخصت ہو کر اس جگہ پر کفر قبضہ کر لیتا ہے (العیاذ باللہ)۔

وہاں کے ایسے سیاسی پیچیدہ مسائل کو بہتر یہ ہے کہ وہیں حل کر لیا جائے، ہم لوگ وہاں کی سیاست پر بصیرت نہیں رکھتے کیونکہ ہم کو وہاں کا مشاہدہ حاصل نہیں، یہاں کے ایڈیٹر صاحبان جو کچھ لکھتے ہیں وہ بھی کسی خاص نظریہ سے متأثر ہو کر کسی نظریہ کی تردید یا تائید کرتے ہیں، محض اسلامی نقطۂ نظر سے نہیں کرتے، اس لئے ان پر کوئی فقہی رائے قائم نہیں کی جا سکتی، وہاں کے اخبارات و رسائل کی آمد یہاں بند ہے، وہاں کی موجودہ جماعتوں کا موجودہ دستور اور نصب العین بھی ہمارے پاس نہیں۔ امید کہ ہم کو معذور قرار دیا جائے گا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) "عن أبی ذر رضی اللہ تعالیٰ عنه أنه سمع النبي صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یقول: "لا یرمی رجل رجلاً بالفسوق و لا یرمیه بالکفر، إلا ارتدت علیه إن لم یکن صاحبه کذلک". (صحیح البخاری، کتاب الأدب، باب ما ینهی عن السباب واللعن: ۸۹۳/۲، قدیمی)

ما یتعلق بالمودودیة

(مودودیوں کے عقائد کا بیان)

جماعت اسلامی کے عقائد

باسمه تعالیٰ حامداًومصلیاً:

[۴۹۰] کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین حسب ذیل امور میں؟

۱.....کیا جماعت اسلامی کے بنیادی عقائد اہل سنت والجماعت کے مطابق ہیں یا اس کے خلاف؟ مع دلائل تحریر کریں۔

۲.....کیا جماعت اسلامی فرقہ ضالہ میں ہے یا فرقہ ہدی میں ہے؟ مع دلائل تحریر کریں۔

۳.....کیا جماعت اسلامی کے ارکان ومتعلقین کی امامت ان کے پیچھے نماز صحیح طور پر ادا ہوگی یا نہیں یعنی کسی کا امام ہوسکتا ہے یا نہیں؟ تو کیونکر مع الدلائل تحریر کریں۔

۴.....کیا جماعت اسلامی کے جلسہ میں شرکت اوران کے ارکان ومتعلقین کی تقریر سننا یا انکی تحریر کا مطالعہ کرنا یا ان لوگوں کی صحبت اختیار کرنا مناسب ہے؟ مع دلائل تحریر کریں۔

المستفتی: محمد مطہر الحسن مبارک پوری مورخہ، ۲۸/ جمادی الاولی/ ۸۸ھ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....جماعت اسلامی کے بانی اوراونچے ذمہ داروں کی کتابوں میں ایسی چیزیں بھی کثیر تعداد میں موجود ہیں جو اہل السنّت والجماعت کے مسلک کے خلاف ہیں، وہ اپنی اصطلاحات مستقل رکھتے ہیں سنت، اسوہ، بدعت کے جو مفہومات اب تک امت میں شائع ہیں، یہ لوگ ان کو غلط اوردین میں تحریف کا موجب قرار دیتے ہیں، ایمان، اسلام، توحید، رسالت کا شائع شدہ مفہوم بھی ان کے نزدیک قابل تسلیم نہیں۔ انہوں نے دین کو ماضی اورحال کی شخصیتوں سے نہیں سمجھا بلکہ براہ راست کتاب وسنت سے سمجھا ہے اور کتاب اللہ کی تعلیم کیلئے سخت تاکید

Made searchable using ScribeTools.com

ہے کہ حدیث وتفسیر کے پُرانے ذخیرہ سے نہ دی جائے، محدثین جس حدیث کوخوب پرکھ کرصحیح قرار دیں ان لوگوں کے نزدیک اس حدیث کوقول رسول کہنا جائزنہیں جب تک وہ اس کواپنے معیار پرخودنہ جانچ لیں۔

ان کے نزدیک نئے اور پُرانے متکلمین قرآن پاک سے محروم تھے، ان کا مذاق فاسد تھا، وہ دین آباء کی حیثیت سے اسلام کو مانتے تھے، انہوں نے اسلام کی غلط وکالت کر کے اسلام کواتنا سخت نقصان پہنچایا کہ اسلام کے مخالفین نے بھی نہیں پہنچایا، ان کے نزدیک خلفائے راشدین اور دیگران صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین پر بھی جاہلیت کے اور غیر اسلامی جذبے حملہ کرتے تھے جن کے جنتی ہونے کی بشارت حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دی ہے(۱)۔

غرض ان کی کتابوں کا خلاصہ یہ ہے کہ پورے اسلام کوکسی نے بھی نہیں سمجھا، نہ موجودہ وقت میں کوئی سمجھتا ہے، نہ اب سے چندصدی پیشتر کسی نے سمجھا، محدثین، فقہاء، صوفیاء، مفسرین، متکلمین، تابعین، صحابہ کوئی شخص بھی ان کے نزدیک ایسا نہیں جس نے پورے اسلام کواور پورے دین کوسمجھا ہو۔ ترجمان القرآن جلد: ۲۶ کے چارشمارے ایک ساتھ شائع ہوئے اس میں یہ اکثر چیزیں موجود ہیں، ''رسائل ومسائل''، ''معرکۂ اسلام وجاہلیت''، ''تنقیدات تفہیمات'' اور ''ترجمان'' کے دوسرے شماروں میں بھی یہ چیزیں پھیلی ہوئی ہیں۔ ''خلافت وملوکیت'' کے نام سے جوکتاب شائع ہوئی ہے، اس میں بہت تفصیل سے ثابت کیا گیا ہے کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلافت کے اہل نہیں تھے، ان امور میں سے جن میں آپ کوشبہ ہومحولہ کتب میں مطالعہ کرلیں، اگر مطالعہ کے باوجود کوئی چیز نظر سے اوجھل رہ جائے تو لکھیں، یہاں سے انشاء اللہ تعالیٰ صفحہ کا حوالہ بھی دیدیا جائے گا، عبارتیں ان کی بہت طویل ہوتی ہیں، اس لئے کتابوں کے نام پر اکتفا کیا گیا، تاہم بوقت ضرورت نقل

---

(۱) ''عن عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنه أن النبی صلی اللہ علیه وسلم قال: ''أبوبکر فی الجنة، وعمر فی الجنة، وعثمان فی الجنة، وعلی فی الجنة و طلحة فی الجنة و زبیر فی الجنة، وعبد الرحمٰن بن عوف فی الجنة، وسعد بن أبی وقاص فی الجنة، وسعید بن زید فی الجنة، وأبو عبیدة بن الجراح فی الجنة ''رواه الترمذی''. (مشکوٰة المصابیح، کتاب المناقب، باب مناقب العشرة رضی اللہ تعالیٰ عنهم، الفصل الثانی، ص: ۵۶۲، قدیمی)

(ورواه الترمذی فی جامعه فی أبواب المناقب، مناقب عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنه: ۲/۲۱۵، سعید)

بھی کی جاسکتی ہیں۔امید ہے کہ اب نمبروار ہرسوال کے جواب کی حاجت نہیں رہے گی، آپ خود ہی اپنے ہر سوال کا جواب پالیں گے۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۹/۹/۸۸ھ۔

مولانا سید ابوالأعلیٰ مودودی کی جماعت اوران کے عقیدہ کا حکم

سوال[۴۹۱]: کیافرماتے ہیں علمائے دین اس باب میں کہ ابوالأعلیٰ مودودی کی جماعت اوران کے عقیدہ کے متعلق شرعاً کیاحکم ہے؟ جوشخص ان کی جماعت میں شریک ہوں، ان کے مسلک پرعمل کریں تو ایسے شخص کے پیچھے نماز صحیح ودرست ہوگی یانہیں؟ جواب بالتشریح وبحوالہ کتب عنایت فرمایاجائے۔

مرسلہ:عبدالمجید کمال مظفرپوری۔

الجواب حامداًومصلیاً:

مولانا ابوالاعلیٰ مودودی اوران کی جماعت کے لٹریچر میں بہت سی باتیں ایسی ہیں جو اہل سنت والجماعت کے خلاف ہیں، کچھ باتیں معتزلہ کی ہیں، کچھ خوارج کی ہیں، کچھ روافض کی ہیں، کچھ غیرمقلدین کی ہیں، کچھ منکرین حدیث کی ہیں۔دین، اسلام، ایمان، توحید، رسالت، تقویٰ، عبادت، سنت، اسوہ، بدعت، وغیرہ کی تشریح وہ سب سے الگ کرتے ہیں اوراب تک انکا جو کچھ مفہوم امت میں شائع ہے اس کو غلط اوردین میں تحریف قراردیتے ہیں، حاصل یہ ہے کہ ان کا پیش کردہ دین اسلام گویاایک جدید قسم کا دین اسلام ہے اوروہ اس پراپنے اجتہاد کے ذریعہ استدلال بھی کرتے ہیں، استدلال میں بھی کسی مجتہد ومحدث وغیرہ کے پابندنہیں، جس دلیل کو چاہیں ردکریں جس کو چاہیں اختیارکرلیں۔اس سلسلہ میں بہت کتابیں تصنیف کی گئی ہیں، اوراس جماعت میں پرانے کام کرنیوالے بڑے بڑے ذمہ دارآہستہ آہستہ جماعت سے الگ ہوچکے ہیں، پھربعض نے خاموشی سے علیحدگی اختیارکرلی، بعض نے علیحدگی کے اسباب پربھی روشنی ڈالی، بعض نے مستقل کتابیں تردید میں لکھی ہیں، ''الفرقان''، ''المنبر''(۱)''المیثاق''(۲) وغیرہ رسائل واخبارات میں دیرتک بیانات آئے۔

---

(۱)(المنبر :تالیف الحکیم عبد الرحیم اشرف)

(۲) (المیثاق :تالیف مولا نا امین صا حب اصلا حی)

Made searchable using ScribeTools.com

''تعبیر کی غلطی'' (۱) میں نہایت مفصل بیان موجود ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

عصمت انبیاء علیہم السلام کے متعلق مودودی کا مسلک

سوال[۴۹۲]: عصمت انبیاء کے بارے میں اہل سنت والجماعت کا کیا عقیدہ ہے؟ عبارتوں اور نص حدیث سے مدلل فرمائیں، مودودی صاحب کس کتاب میں کس عبارت سے عصمت انبیاء کے خلاف ہیں؟ جواب تفصیلی مرحمت فرمائیں، کرم ہوگا۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

عصمت انبیاء علیہم السلام کا مسئلہ کتبِ عقائد وتفسیر میں مفصل موجود ہے، شرح فقہ اکبر میں چار پانچ صفحات میں اس کو بیان کیا ہے (۲) اسی طرح شرح عقائد نسفی (۳) اور اس کے حواشی کافی

---

(۱) (تعبیر کی غلطی: تالیف: وحید الدین خان)

(۲) "والأنبیاء علیهم الصلوة والسلام کلهم منزّهون من الصغائر والکبائر، والکفر والقبائح، وقد کانت منهم زلات وخطیئات". (الفقه الأکبر للإمام الأعظم رحمة الله تعالی علیه

وفی شرحه للقاری: "(منزهون): أی معصومون (عن الصغائر والکبائر) من جمیع المعاصی (والکفر) خص؛ لأنه أکبر الکبائر..... (القبائح)..... والمراد بها القتل، والزنا، واللواطة، والسرقه، وقذف المحصنة، والسحر، والفرار من الزحف..... ثم هذه العصمة ثابتة للأنبیاء قبل النبوة وبعدها علی الأصح ..... (وقد کانت منهم): أی من بعض الأنبیاء قبل ظهور مراتب النبوة أو بعد ثبوت مناقب الرسالة (زلات): أی تقصیرات (أو خطیئات): أی عثرات بالنسبة إلی مالهم من أعلی المقامات وأسنی الحالات. اهـ.

وفی شرح العقائد: إن الأنبیاء علیهم الصلاة والسلام معصومون من الکذب، خصوصاً فیما یتعلق بأمر الشرع، وتبلیغ الأحکام، وإرشاد الأمة، أما عمداً فبالإجماع، وأما سهواً فعند الأکثرین، وفی عصمتهم عن سائر الذنوب تفصیل، وهو أنهم معصومون عن الکفر قبل الوحی وبعده بالإجماع، وکذا عن نعمد الکبائر عند الجمهور خلافاً للحشویة". (شرح الفقه الأکبر، ص: ۵۶، ۵۷، ۵۹، قدیمی)

(۳) (شرح العقائد النسفیة، ص: ۱۰۲؛ قبیل قول الماتن: "والملائکة عباد الله تعالی عاملون بأمره" سعید)

ونبراس (۱) وغیرہ میں نیز شرح مقاصد (۲)، الیواقیت والجواہر (۳)، تفسیر کبیر (۴) بیضاوی (۵) اوراس کے حواشی شیخ زادہ (۶) وغیرہ میں ہے، فرقہ باطلہ حشویہ منکر عصمت ہے، اس کے اوہام کو بیضاوی میں لکھ کر

---

(۱) (النبراس ، ص: ۲۸۳، مکتبه امدادیه ملتان)

(۲) "الأنبیاء معصومون عما ینا فی مقتضی المعجزة کالکذب فی التبلیغ ..... وعن الکفر ..... وعن الصغائر المنفردة، وکذا تعمد غیر المنفردة ..... والمختار عن سهو الکبیرة أیضاً الخ". (شرح المقاصد،ص: ۳۰۸-۳۳۴، المقصد السادس، المبحث السادس، فصل فی النبوة، دارالکتب العلمیه، بیروت)

(۳) "قال أئمة الأصول: الأنبیاء کلهم معصومون، لایصدر عنهم ذنب ولو صغیرةً سهواً، ولا یجوز علیهم الخطاء فی دین الله قطعاً ..... ویشترط فی حق الرسول العصمة ..... یجب تنزیه الأنبیاء علیهم الصلوٰة والسلام عن کل مایتبادر إلی أفهامنا من ذکر خطایا هم الخ". (الیواقیت والجواهر: ۲/۳۰۵- ۳۳۴، المبحث الحادی والثلاثون: فی بیان عصمة الأنبیاء علیهم الصلوٰة والسلام، دارإحیاء التراث العربی، بیروت)

(۴) (التفسیر الکبیر للرازی رحمه الله تعالیٰ: ۳/۷، ۱۴، تحت آیة (سورة البقرة رقم: ۳۶)، المسئلة الثانیة، دار الکتب العلمیة بیروت)

(۵) "وقد تمسکت الحشویة بهذه القصة علی عدم عصمة الأنبیاء علیهم الصلوٰة والسلام لوجوه: الأول أن آدم صلوات الله علیه کأنبیاء ارتکب المنهی عنه، والمرتکب له عاص، والثانی أنه جعل بارتکابه من الظالمین، والظالم ملعون لقوله تعالیٰ: ﴿ألا لعنة الله علی الظٰلمین﴾ الخ ..... والجواب عن وجوه: الأول أنه لم یکن نبیّاً حنیئذٍ، والمدعی مطالب بالبیان، والثانی أن النهی للتنزیه الخ". (تفسیر البیضاوی، ص: ۷۱، (البقرة: ۳۹) سعید)

(وأیضاً تفسیر البیضاوی ، ص: ۷۱، ۷۲، تحت آیة سورة البقرة رقم: ۳۹، سعید)

(۶) قال الشیخ زاده فی حاشیته: "(قوله: وقد تمسکت الحشویة) وهم طائفة یجوّزون علی الأنبیاء الکبائر علی جهة العمد، (قوله: فسیأتی الجواب عنه فی موضعه): أی فی "سورة طه" فی تفسیر قوله تعالیٰ: ﴿وعصی آدم ربّه فغوی﴾ ..... ثم قال: وفی النعی علیه بالعصیان والغوایة مع صغر زلته تعظیم للغرلة أورجز بلیغ لأولاده عنها، انتهی کلامه، فکانه قیل لهم: انظر واعتبر واکیف یکتب علی النبی المعصوم حبیب الله لایجوز علیه اقتراف الصغیرة المنفرة زلة بهذه الغلطة، وفی هذا اللفظ الشنیع دلالة علی قبح ما یفرط منکم من السیئات والصغائر فضلاً عن أن یتجاسروا علی التورط فی الکبائر". (حاشیة محی الدین شیخ زاده علی تفسیر القاضی البیضاوی: ۱/۲۷۷، (سورة البقرة: ۳۹)، المکتبة الإسلامیة)

Made searchable using ScribeTools.com

خوب رد کیا ہے، جو حصہ بیضاوی کا موقوف علیہ میں داخل درس ہے اس میں موجود ہے، اہل علم فاضل دارالعلوم کیلئے حوالہ کافی ہے۔

مودودی صاحب نے متعدد انبیاء علیہم السلام پر اپنی کتابوں میں اس طرح کلام کیا ہے جو کہ اہل سنت والجماعت کے مسلک کے خلاف ہے، حضرت آدم علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت یونس علیہ السلام پر ان کا تبصرہ ایسا ہی ہے، دیکھئے: ''تفہیم القرآن (۱) تفہیمات، ترجمان القرآن''۔

آپ قاسمی ہیں اجنبی نہیں، اس لئے عرض کروں گا کہ اپنی دینی کتب میں مطالعہ کر کے اہل سنت والجماعت کے مسلک کی خوب تحقیق کرلیں، بے خبر نہ رہیں، پھر دیکھیں کہ مودودی صاحب نے کیا لکھا ہے۔ مجمل ومختصر بات آپ کیلئے کافی نہیں، ایک دو عبارات نقل کر دینا بھی آپ کے لئے کافی نہیں، اگر وقت مل جائے اور یہاں تشریف لاسکیں تو یہاں آکر کتب خانہ میں مطالعہ کرلیں، امید ہے کہ اس مطالعہ کی ترغیب پر ناخوش نہیں ہوں گے۔ فقط والسلام۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۷/۴/۹۵ھ۔

جماعت اسلامی کا مسلک

سوال[۴۹۳]: جماعت اسلامی والے ایک مسجد میں اپنا ہفتہ واری اجتماع کیا کرتے تھے، اجتماع میں یہ لوگ ''تفہیم القرآن'' اس کے بعد احادیث پھر مودودی صاحب کے خطبات کا مطالعہ کیا کرتے تھے، تبلیغی جماعت سے تعلق رکھنے والوں نے مسجد ہی میں ہنگامہ کر کے جماعت اسلامی والوں کا یہ اجتماع یہ کہہ کر بند کرادیا کہ یہ لوگ اسلام سے ہٹے ہوئے گمراہ ہیں، کافر ہیں، فاسق ہیں وغیرہ وغیرہ، ان کا یہ کہنا کہاں تک درست ہے؟

---

(۱) حضرت آدم علیہ الصلوۃ والسلام کے متعلق لکھا ہے: ''یہاں اس بشری کمزوری کی حقیقت کو سمجھ لینا چاہئے جو آدم علیہ السلام سے ظہور میں آئی..... جب شیطان نے ان کو ناصح، مشفق اور خیر خواہ دوست کے بھیس میں آکر ایک بہتر حالت..... کا لالچ دیدیا، تو اس کی تحریص کے مقابلہ میں نہ جم سکے اور پھسل گئے..... پس ایک فوری جذبے نے..... ان پر ذہول طاری کر دیا اور ضبط نفس کی گرفت ڈھیلی ہوتے ہی وہ طاعت کے مقام بلند سے معصیت کی پستی میں جا گرے اھ''۔ (تفهيم القرآن :۳/۱۷۳، تحت آية سورة طٰهٰ، رقم : ۱۲۱، رقم الحاشية: ۱۰۲، مكتبه تعمير انسانيت لاهور)

الجواب حامداًومصلیاً:

مودودی صاحب کی جماعت اسلامی کے متعلق ساتھ والے (آئندہ) فتوی میں تحریر کردیا گیا اس کو دیکھ لیں، اس جماعت کو کافر نہیں کہنا چاہئے، کفر کا فتوی نہیں دیا گیا، تبلیغی جماعت کو کافر کہنے سے پورا پرہیز کرنا لازم ہے، اس کا یہ کام ہرگز نہیں کہ کفر کا فتوی دے(۱) وہ نہ جماعت اسلامی کو کافر کہے(۲) نہ ان سے بحث ومباحثہ کرے(۳)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱/۴/۹۵ھ۔

جماعت اسلامی شریعت کی روشنی میں

سوال[۴۹۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین وشرع متین ان مسائل ذیل میں کہ آجکل ایک گروہ یا جماعت مودودی جس کو ابوالاعلی مودودی صاحب نے جاری کیا ہے، یہ جماعت کیسی ہے؟ شریعت مطہرہ کی روشنی میں قرآن کریم کا حکم اور حدیث وفقہ سے مشرح ومدلل اس کا جواب جلدی عنایت فرما کر دینی احسان فرمائیں۔

اس مذہب یا جماعت کے ماننے والے اور اتباع کرنے والے صحیح مسلمان بھی ہیں یا نہیں؟ ہم اہل

---

(۱) "قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من أفتى بغير علم كان إثمه على من أفتاه". (سنن أبى داؤد: ۱۵۸/۲، كتاب العلم، باب التوقي في الفتيا، امداديه)

قال العلامة السهارنفورى: "(من أفتى) بصيغة المجهول (بغير علم): أى من أفتاه رجل جاهل (بغير علم كان إثمه على من أفتاه) أى إن عمل على فتوى الجاهل فليس الإثم على العامى الذى استفتى من الجاهل الذي كان بصورة العلماء، و لكن الإثم فيه على المفتى". (بذل المجهود، كتاب العلم، باب التوقي فى الفتيا: ۳۲۶/۵، امداديه)

(۲) "عن أبى ذر أنه سمع النبى صلى الله عليه وسلم يقول: "لايرمى رجل رجلاً بالفسوق، ولايرميه بالكفر، إلا ارتدت عليه إن لم يكن صاحبه كذالك". (صحيح البخارى، كتاب الأدب، باب ماينهى عن السباب واللعن: ۸۹۳/۲، قديمى)

(۳) "عن المغيرة رضى الله تعالىٰ عنه، عن النبى صلى الله عليه وسلم قال: "إن الله حرم عليكم عقوق الأمهات، ومنعاً وهات، ووأدالبنات، وكره لكم قيل وقال وكثرة السوال وإضاعة المال". (صحيح البخارى، كتاب الأدب، باب حقوق الوالدين من الكبائر: ۸۸۴/۲۷، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

سنت والجماعت ہیں، ہم اپنی لڑکی کا نکاح مودودی جماعت کے عقیدہ رکھنے والے فرقہ کے ساتھ کرسکتے ہیں یا نہیں؟ ایسے نکاح میں اہل سنت والجماعت کی اتباع کرنے والا مودودی جماعت کے لڑکے کے نکاح میں شرکت کرنے پر شریعت کا کوئی الزام تو نہیں آتا ہے، اگر شرکت کرلی تو اس پر شرعی کیا جرم کا ارتکاب ہوا؟ اس مسئلہ کا خلاصہ شرح وبسط کے ساتھ مدلل ثبوت پیش فرما کر جواب عنایت فرمایئے۔ فقط والسلام۔

خادم اللہ دیا، منصوری نگینہ قصبہ جیور محلّہ جوہان چولاہان ضلع نینی تال۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

سید ابوالاعلیٰ مودودی نے نئے طرز میں اسلام کی جو تشریحات کی ہیں وہ عامۂ اہل سنت والجماعت کے مسلک سے ہٹی ہوئی ہیں، چنانچہ ان کی ایک چھوٹی سی کتاب ہے جس کا نام ہے ''قرآن کی چار بنیادی اصطلاحیں'' اس کو سامنے رکھ کر وحیدالدین خان صاحب نے اعتراضات اور شبہات پیش کیے، ہندوستانی جماعت اسلامی کے سربرآوردہ حضرات کو خطوط لکھے، مگر کسی نے جواب دیکر تشفی نہیں کی، بلکہ ان کے اعتراضات سے سخت ناراضگی کا اظہار کیا، پھر سید ابوالاعلیٰ مودودی صاحب کی خدمت میں وہ اعتراضات بھیجے اور وعدہ کیا کہ میں سمجھنے کیلئے ان کے جوابات چاہتا ہوں، سمجھ میں آجانے پر ضرور قبول کروں گا، اور خدا کا واسطہ دیکر جوابات لکھنے کی درخواست کی، مگر مودودی صاحب نے اس کو مشورہ دیا کہ آپ جماعت سے علیحدہ ہوجائیں، حالانکہ یہ چودہ برس جماعت کی طرف سے نشر واشاعت کے ذمہ دار اور بہت سرگرم کارکن تھے۔ سب طرف سے مایوس ہو کر وہ جماعت سے علیحدہ ہوگئے اور انہوں نے ''تعبیر کی غلطی'' کتاب شائع کردی، پانچ سو سے زائد صفحات پر ہے، اس میں وہ سب خط وکتابت بھی ہے جو کہ جماعت کے ذمہ داروں سے اس سلسلہ میں کی ہے، اور اس میں بتلایا ہے ''اسلام'' کی جو تشریح مودودی صاحب نے کی ہے، وہ قرآن کے بالکل خلاف ہے۔

اسی طرح سے ''رب'' کا جو مفہوم مودودی صاحب نے بتلایا ہے وہ بھی اس کے خلاف ہے جو کہ قرآن کریم سے ثابت ہے۔

وحیدالدین خان صاحب سے پہلے وہ حضرات جنہوں نے جماعت اسلامی کی تشکیل کی اور دستور بنایا تھا، آہستہ آہستہ علیحدہ ہوچکے۔ مولانا امین احسن صاحب اصلاحی نے لکھا ہے کہ ''میں سولہ برس تک اس راہ گم کردہ قافلہ (جماعت اسلامی) کا ساتھ دے کر علیحدہ ہوا ہوں، پرانے سنگ بنیاد رکھنے والوں میں شاید ایک دو

Made Searchable by ScribeTools.com

آدمی موجود ہوں، ورنہ سب علیحدہ ہو چکے ہیں۔ پھر میثاق (۱) اورالمنبر (۲) وغیرہ میں ان علیحدہ ہونیوالے حضرات نے بہت تفصیل سے بتایا ہے کہ یہ جماعت اپنے دستور و بنیاد کی حیثیت سے کتاب وسنت اوراہل سنت والجماعت سے کتنی ہٹی ہوئی ہے۔

جوشخص ان کی پوری باتوں کوتسلیم کرتا ہے، وہ امام بنانے کے لائق نہیں (۳) ایسے شخص سے اپنی لڑکی کی شادی کردی جائے گی تو وہ بھی اس سے متأثر ہوگی اور غلط قسم کے خیالات کی اشاعت ہوگی جس سے گمراہی پھیلے گی، خاص کر صحابہ کرام اور سلف صالحین کے بارے میں تنقید وتخریب کا مرض پیدا ہوگا، جس سے نجات دشوار ہوجائے گی۔

تفصیلات خط میں نہیں آسکتی، ان کیلئے کتابیں لکھی گئی ہیں، ان کا مطالعہ کیجئے۔ ''کشف حقیقت''، ''مودودی دستور''، ''مودودی مذہب''، ''جماعت اسلامی کا دینی رخ''، ''مولانا مودودی کی تحریک اسلامی'' ''تعبیر کی غلطی'' وغیرہ۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، ۶/ ۷/ ۹۰ھ۔

کیا جماعت اسلامی گمراہ جماعت ہے؟

سوال[۴۹۵]: ۱.....کیا جماعت اسلامی گمراہ جماعت ہے؟

۲.....اہل حدیث کے پیچھے نماز ہوگی یا نہیں اوراہل سنت والجماعت میں شامل ہے یا نہیں؟

---

(۱) ملاحظہ فرمائیں ''المیثاق''، تالیف حضرت محمد امین صاحب اصلاحی۔

(۲) ''المنبر'' تالیف حکیم عبدالرحیم صاحب اشرف۔

(۳) "و یکره إمامة عبد ..... و فاسق الخ": (قوله: وفاسق) من الفسق: وهو الخروج عن الإستقامة، ولعل المراد به من یرتکب الکبائر الخ". (ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب الإمامة: ۱/ ۵۵۹، ۵۶۰، سعید)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلاة، الفصل الثالث فی بیان من یصلح إماماً لغیره، ۱/ ۸۵، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

سید ابوالاعلیٰ مودودی صاحب کی جماعت اسلامی کی تشکیل ۱۹۴۱ء میں ہوئی اور بہت سے اہل قلم واہل فہم بھی اس کے ساتھ شریک ہو گئے تھے، دستور، دعوی، دعوت، طریق کار، نصب العین میں دیر تک تعاون کرتے رہے، اوران حضرات کی شرکت ومعاونت کوامیر جماعت سید صاحب نے اپنے اوراپنی جماعت کے برحق ہونے کی دلیل وسند کے طور پر پیش کیا تھا کہ ''اگر میں غلطی پر ہوتا تو یہ حضرات میرا ساتھ نہ دیتے، میرے ساتھ تعاون نہ کرتے، اور میرے ساتھ ایسے ایسے اہل علم اوراہل قلم موجود ہیں، جو کسی طرح غلط بات میں ساتھ نہیں دے سکتے، اور آئندہ بھی اگر میرا کوئی قدم غلط رہے گا تو مجھے فوراً روک دیں گے، یہ کھلی دلیل ہے کہ میں جو کچھ کررہا ہوں اور جس چیز کی دعوت دے رہا ہوں وہ حق ہے''۔

جن حضرات کے نام گنوائے تھے اورانہوں نے سر جوڑ کر دستور بنایا اور جماعت کی تشکیل کی تھی اور مودودی صاحب کے نزدیک وہ پہلے ہی سے حق کے جویاں تھے اورحق سامنے آتے ہی بغیر کسی تربص کے فوراً ابوبکر اور خدیجہ الکبری رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی طرح حق کو قبول کرلیا اور یہ سوسائٹی کے مکھن کی حیثیت رکھتے تھے، ان حضرات نے بہت نزدیک سے سید ابوالاعلی صاحب کو دیکھا اور پرکھا، ایک ایک چیز کی جانچ کی، غلطیوں پر سید صاحب کو متنبہ کیا، بار بار مراسلت ومکاتبت کی مگر مودودی صاحب اپنی جگہ پختہ رہے، اوران کے اشکالات کا تشفی بخش جواب دینے کے بجائے ان کو جماعت سے علیحدہ ہوجانے کا مشورہ دیا کہ آپ کا ہمارے ساتھ نباہ نہیں ہوسکتا۔

مولانا امین صاحب اصلاحی سے کسی نے معلوم کیا:

سوال: ''جو اصحاب ۱۹۴۱ء میں آپ کے ہمراہ جماعت اسلامی سے منسلک ہوئے ان میں سے اب کتنے جماعت اسلامی میں رہ گئے؟

جواب: جہاں تک میرا خیال ہے ممکن ہے کہ ان میں سے دو ایک اصحاب بطور تبرک ابھی جماعت اسلامی سے منسلک ہوں، باقی سارے دیرینہ کارکن یکے بعد دیگرے علیحدہ ہو چکے ہیں۔

سوال: آپ کا آئندہ پروگرام کیا ہے؟

جواب: میں نے سولہ سال بعد ایک گم کردہ راہ قافلہ کا ساتھ چھوڑ دیا

ہے الخ''۔

مولانا اصلاحی پر سید صاحب امیر جماعت کو بہت اعتماد تھا، ان کو اپنا نائب بھی تجویز فرمایا کرتے تھے، ان کو صحیح العلم اور صحیح الفہم بھی فرمایا کرتے تھے، ان کی رائے غالباً سید صاحب اور ان کی جماعت کے متعلق زیادہ وزنی ہوگی، انہوں نے سولہ سال تک ذمہ دارانہ کام کرنے کے بعد اسی جماعت کو ''گم کردہ راہ'' بتایا ہے اور جماعت کے اغلاط اور کتاب وسنت سے انحراف پر ''میثاق'' میں دیر تک مدلل وموثق طریق سے بہت سے امور کی نشان دہی کی ہے۔

اسی طرح حکیم عبدالرحیم صاحب اشرف نے مدت تک جماعت میں رہنے اور پورا تعاون کرنے کے بعد علیحدگی اختیار کی، اور ''المنبر'' میں ایک ایک چیز کو واشگاف کیا۔ وحیدالدین خان صاحب نے بڑی ذمہ داری کے ساتھ جماعت میں رہ کر نشر واشاعت کی خدمت انجام دی، اشکالات پیدا ہوئے، ان کو حل کرنے کیلئے اکابر جماعت مولانا صدرالدین اصلاحی، مولانا جلیل احسن صاحب ندوی، مولانا ابواللیث صاحب امیر جماعت اسلامی ہند سے خط وکتابت کی اور ہر ایک کو اشکالات سے رنج ہوا، چنانچہ مولانا جلیل احسن صاحب ندوی نے فرمایا کہ ''اس تحریر کو پڑھ کر میں سخت کبیدہ خاطر ہوا''۔ ایک تحریر کے جواب میں لکھا:

''جس آدمی کو اطمینان نہ رہے جماعتی فکر پر تو اس کیلئے اچھی راہ یہ ہے کہ اس سے خاموشی کیساتھ الگ ہو جائے اور اپنے پسندیدہ طریق پر دین کا کام کرے۔ رہی یہ صورت کہ وہ اس کی اشاعت کیلئے قلم سنبھالے قلم کو تیر ونشتر بنائے اور میثاق نکالے یہ راہ اچھی نہیں''۔

وحیدالدین خان صاحب نے سید ابوالاعلیٰ مودودی کی خدمت میں جو خط لکھا تھا، اس میں تحریر ہے:

''اکتوبر ۵۶ء میں مجھے یہاں کی جماعت کے شعبہ تصنیف وتالیف میں معاونت کی غرض سے رام پور بلا لیا گیا، یہاں آنے کے بعد جو مجھے تحریری کام کرنا تھا اس کیلئے ضروری ہوا کہ میں قرآن کا باقاعدہ مطالعہ کروں، جس کا موقع اس سے پہلے کی زندگی میں مجھے بہت کم ملا تھا، میں نے قرآن کو از سر نو پڑھنا شروع کیا تو میں نے دیکھا کہ میں ایک نئے احساس سے دوچار ہو رہا ہوں، میں نے محسوس کیا کہ قرآن کریم میرے موجودہ

Made searchable using ScribeTools.com

خیالات کی تصدیق نہیں کررہا ہے، قرآن میں مجھے اسلام کی تصویر اس سے مختلف نظر آئی جو میں نے جماعت اسلامی کے لٹریچر میں اب تک دیکھی تھی، اس چیز نے مجھے ایک طویل ذہنی کشمکش میں مبتلا کردیا، جس کا ہر اگلا دن میری اس کیفیت کو شدید تر کرتا رہا''۔

سید ابوالاعلیٰ مودودی نے جواب سے معذوری ان الفاظ میں دی:

''میں نے محسوس کیا کہ مسئلہ چند اعتراضات کا نہیں ہے، بلکہ آپ کا مطالعہ آپ کو بالکل ہی اس سمت کے خلاف سمت میں لے گیا ہے جس سمت میں میرا آج تک کا مطالعہ مجھے لے گیا ہے، اس حالت میں یہ بات کچھ فضول ہی محسوس ہوتی ہے کہ میں اور آپ کسی بحث میں الجھیں، میں اپنا نقطۂ نظر پوری وضاحت کے ساتھ اپنی کتابوں اور اپنے مضامین میں بیان کرچکا ہوں، ان کو پڑھ کر اگر آپ اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ میں نے دین کو سرے سے ٹھیک سمجھا ہی نہیں، اس نقطہ نظر سے برأت کا اعلان کردیجئے اور جو کچھ آپ سمجھتے ہیں اس کی تبلیغ مثبت طور پر شروع کردیجئے، تاہم اگر آپ میری ''تعبیر کی غلطیاں'' ہی واضح کرنا ضروری سمجھتے ہوں تو میں اس سے بھی آپ کو روکتا نہیں ہوں، آپ اپنی یہ کتاب شائع کرسکتے ہیں''۔

اس کے بعد خان صاحب نے سید صاحب کی خدمت میں خدا کا واسطہ دے کر اور آخرت کی جواب دہی کا احساس دلا کر لکھا کہ:

''اگر آپ کے نزدیک میں ناحق پر ہوں اور آپ حق پر ہیں تو حق ایک امانت ہے اور اس کا مستحق وہ ہے، جو اس سے محروم ہے، اور آپ کے نزدیک میرے پاس حق نہیں ہے اور میں اس کو آپ سے مانگ رہا ہوں، آپ کے ذمہ لازم ہے کہ مجھے حق عنایت فرمائیں، میں وعدہ کرتا ہوں کہ اس پر سنجیدگی سے غور کروں گا اور سمجھ میں آجانے پر اس کے قبول کرنے سے کوئی چیز رکاوٹ نہیں ہوگی''۔

مگر سید صاحب نے وہ حق عنایت نہیں فرمایا اور جواب میں عتاب کا اظہار فرما کر اعتراضات کو حل کرنے سے انکار فرمادیا جس پر خان صاحب نے ان اعتراضات کو شائع کردیا، جس کا نام ہے ''تعبیر کی غلطی''

اس میں یہ سب مراسلت بھی مذکور ہے، پانچ سو سے زائد صفحات پر مشتمل ہے۔ سید صاحب کی کتاب ''قرآن کی چار بنیادی اصطلاحیں'' پر پورا تبصرہ اور اس کا رد ہے، اس میں بتلایا گیا ہے کہ:

''سید صاحب نے اپنی تمام تحریک کی بنیاد اس بات کو قرار دیا کہ ہے کہ ''الہ، رب، عبادت، دین'' یہ چار بنیادیں ہیں''، جن کا مفہوم عرب تو قرآن کے نزول کے وقت سمجھتے تھے، لیکن کچھ روز کے بعد اکثر امت سے ان کا مفہوم اوجھل ہو گیا، تین چوتھائی امت کے ذہن سے صحیح مفہوم رخصت ہو کر محدود اور غیر واقعی مفہوم ذہنوں میں سما گیا، پھر ان چاروں کا مفہوم سید صاحب نے بیان فرمایا تو گویا تیرہ صدی تک امت اصل مفہوم سے ناآشنا رہی اور اب مودودی صاحب نے اصل مفہوم سے آشنا کیا اور اس پر خان صاحب نے بتایا ہے کہ ''سید صاحب نے جو کچھ ان چاروں اصطلاحات کی تشریح کی ہے وہ خود ہی غلط ہے اور قرآن کی رو سے غلط ہے، نہ ''الہ'' کا صحیح مفہوم بتایا، نہ ''رب'' کا، نہ ''عبادت'' کا، نہ ''دین'' کا''۔

یعنی مودودی صاحب جس چیز کو ''الہ'' کہتے ہیں وہ قرآن کی روشنی میں الہ نہیں، جس کو ''رب'' کہتے ہیں وہ رب نہیں، جس کو ''عبادت'' کہتے ہیں وہ عبادت نہیں، جس کو ''دین'' کہتے ہیں وہ دین نہیں۔ امید ہے کہ اس کتاب سے کافی بصیرت حاصل ہوگی۔

۲.....اہل حدیث اگر ائمہ مجتہدین پر سب وشتم نہ کریں اور فرائض وواجبات میں حنفی مسلک کی رعایت کر کے نماز پڑھائیں تو ان کے پیچھے نماز درست ہو جائے گی (۱)۔

ایسے اہل حدیث بھی اہل سنت والجماعت سے الگ نہیں جو کہ دیانت داری سے حدیث پر عمل کرتے

---

(۱) "وأما الاقتداء بالمخالف فی الفروع کا لشافعی، فیجو ز مالم یعلم منه ما یفسد الصلا ة علی إعتقاد المقتدی، علیه الإجما ع. إنما إختلف فی الکراهة .....ذهب عامة مشا یخنا إلی الجو از إذا کا ن یحتاط فی مو ضع الخلاف وإلا فلا، والمعنی أنه یجوز فی المراعی بلا کراهة و في غیره معها". (رد المحتار، کتاب الصلاة، باب الإمامة، مطلب فی الا قتدا ء بشا فعی ونحو ه هل یکره أم لا: ۱/۵۶۳، سعید)

(و کذا فی البحرالرا ئق، کتا ب الصلا ة، باب الو تر والنوا فل: ۲/۸۱، ۸۲، رشیدیة)

Made searchable using ScribeTools.com

ہیں اور فقہاء سے بغض نہیں رکھتے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

تبلیغی جماعت، جمعیۃ العلماء اور جماعت اسلامی کا تعارف

سوال[۴۹۶]: بندہ اپنے نزدیک جماعت اسلامی اور تبلیغی جماعت و جمعیۃ العلماء ہر سہ کو مسلم جماعتیں سمجھتا ہے اور دل سے قدر کرتا ہے اور عملاً حصہ بھی لیتا ہے، ان میں سے کسی کو بے دین و گمراہ جماعت نہیں سمجھتا، ہمارے یہاں بعض لوگ تبلیغی جماعت کو مسلم لیگی اور اس کے چلہ کو بدعت کہتے ہیں اور جماعت اسلامی کو گمراہ اور بے دین جماعت بتلاتے ہیں۔ میں اپنے بارے میں دریافت کرتا ہوں کہ میرا فیصلہ از روئے شرع کیسا ہے؟ بعض لوگ میرے اس فیصلہ سے برہم ہیں اور کہتے ہیں کہ مودودی اور جمعیۃ العلماء سب جماعتیں قابل ترک ہیں اور جو ان جماعتوں کو مسلم جماعت سمجھتا ہے وہ گمراہ ہے۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

تبلیغی جماعت تو مروجہ طریقہ پر کوئی باقاعدہ جماعت نہیں ہے، نہ اس کا کوئی ممبر سازی کا فارم ہے، نہ فیس ہے، نہ سکریڑی، نہ رجسٹر میں اندراج، بلکہ اپنے دین کی پختگی اور مشق کیلئے چھ باتوں پر عمل کرتے ہیں، ان کو یاد کرنے، ان کو پھیلانے اور اپنی عملی زندگی میں جاری کرنے کیلئے حسب توفیق وقت لگا کر باہر جاتے ہیں، تین دن، ایک ہفتہ، دس دن، ایک چلہ، دو چلہ، تین چلہ، سات چلہ حتی کہ بعض آدمیوں نے اپنی پوری زندگی اسی کام میں لگا دی ہے، دوسری کسی جماعت سے لڑائی اکھاڑ پچھاڑ سے بچتے ہیں۔ جو چھ باتیں ان لوگوں نے اختیار کی ہیں وہ سب قرآن پاک اور حدیث شریف سے ثابت ہیں(۱)، ان میں کسی کا اختلاف ہی نہیں، اگر کوئی

---

(۱) "عن أنس رضی اللہ تعالیٰ عنه قال :قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم. "دخلت الجنّة فرأیت فی عارضتی الجنّة مکتوباً ثلاثة أسطر بالذهب: السطر الأول: لا إله إلا اللہ محمد رسول اللہ اهـ". (فیض القدیر ۳۲۳۲/۶، رقم الحدیث: ۴۱۸۶، مصطفی الباز مکة)

قال اللہ تعالیٰ: ﴿أقیمو الصلوة وأتوا الزکوة واركعوا مع الراکعین﴾. (سورة البقرة: ۴۳)

و قال تعالیٰ: ﴿یرفع اللہ الذین آمنوا منکم والذین أوتوا العلم درجات﴾ (سورة المجادلة: ۱۱)

و قال تعالیٰ :﴿یاأیهاالذین آمنوا اذکرو اللہ ذکراً کثیراً﴾ (سورة الأحزاب: ۴۱) ..... =

شخص کم علمی اور ناتجربہ کاری کی بناپر کوئی غلطی کرتا ہے تو وہ اس کی ذاتی غلطی ہے، اس کو اصول نہیں قرار دیا جاسکتا ہے، ایسے شخص کو دوسرے لوگ تنبیہ کرتے ہیں اور بتاتے ہیں کہ یہ بات غلط ہے، آئندہ ایسا نہ کیا جائے۔

جمعیۃ العلماء ایک مستقل جماعت ہے، صدر، سیکریڑی، دفتر، رجسٹر ممبر سب کچھ موجود ہے، جگہ جگہ اس کی شاخیں ہیں، اس کا اپنا اخبار ہے، ممبری فارم مطبوعہ ہے، دستور چھپا ہوا ہے، وقتاً فوقتاً انتخاب بھی ہوتا ہے، اس جماعت نے سیاسی کام بھی کیا ہے اور اب بھی کرتی رہتی ہے۔ دوسری جماعتوں سے مقابلہ بھی آئے دن ہوتا رہتا ہے، اس کا کام زیادہ تر ملک اور قوم کی خدمت ہے، اس میں ہر قسم کے مسلمان شامل ہیں۔

جماعت اسلامی موجودہ جماعتوں میں سب سے زیادہ منظّم اور باوضع ہے، اس کی رکنیت کی شرطیں بھی سخت ہیں، یہ جماعت الیکشنوں میں حصہ باضابطہ نہیں لیتی، حکومت کی ہر قسم کی ملازمت کو ناجائز کہتی اور ہر قسم کی آمدنی کو حرام کہتی ہے، موجودہ وقت میں جب تک حکومت حاصل نہ کرے، اس کے نزدیک کوئی عبادت بھی کار آمد نہیں، اس کا مقصد سارے عالم کی اصلاح کرنا ہے، اس کے نزدیک ایمان، اسلام، توحید، رسالت، اسوہ، سنت، بدعت کا مفہوم سب سے جداگانہ ہے۔ اس کا دعوی ہے کہ کسی نے بھی اسلام کو صحیح نہیں سمجھا، نہ اب، نہ گذشتہ زمانوں میں، حتی کہ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں عامۃً اور خلفاء راشدین میں خاصۃً غیر اسلامی اور غیر دینی

= "عن جابر بن عبد الله رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "إن من موجبات المغفرة إطعام المسلم الشغبان". (شعب الإیمان للبیهقی: ۳/۲۱۷)

"عن عبد الله عمر رضی الله تعالیٰ عنهما أن رجلاً سأل النبی صلی الله علیه وسلم: أیّ الإسلام خیر؟ فقال: "تطعم الطعام، و تقرأ السلام علی من عرفت ومن لم تعرف". (صحیح البخاری: ۱/۶، کتاب الإیمان، باب إطعام الطعام من الإسلام، قدیمی)

قال الله تعالیٰ: ﴿وادعوه مخلصین له الدین﴾. (سورة الأعراف: ۲۹)

و قال تعالیٰ: ﴿لن ینال الله لحومها ولا دماؤها ولکن ینا له التقوی منکم﴾. (سورة الحج: ۳۷)

وقال الله تعالیٰ: ﴿ادع إلی سبیل ربک بالحکمة والموعظة الحسنة﴾ (سورة النحل: ۱۲۵)

وقال الله تعالیٰ: ﴿کنتم خیر أمة أخرجت للناس تأمرون بالمعروف وتنهون عن المنکر وتؤمنون بالله﴾. (آل عمران ۱۱۰)

Made searchable using ScribeTools.com

چیزیں موجود تھیں اوران پر بار بار جاہلیت کے حملے ہوتے تھے جس کی وجہ سے وہ ناکردنی حرکات کرجاتے تھے۔ اس کے نزدیک قرآن پاک کا مطلب سمجھانے کیلئے تفسیر وحدیث کا ذخیرہ کارآمد نہیں اورضروری نہیں، وہ ایسی حکومت قائم کرنا چاہتی ہے جس کے تصور سے دنیا ہمیشہ نا آشنا رہی ہے اورآج تک نا آشنا ہے۔

امید ہے کہ اس مختصر سے تعارف کے بعد ہر سہ کے مقاصد اورنظریات کے متعلق رائے قائم کرنے میں سہولت ہوگی اورسب کا فرق بھی سمجھ میں آئے گا، طویل بحث کو آپ خود بھی پسند نہیں کرتے اور کچھ اس کی ضرورت بھی نہیں۔فقط واللہ یھدی من یشاء الی صراط مستیقم۔واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۲۸/۵/۸۸ھ۔

مودودی صاحب اور جماعت اسلامی

سوال[۴۹۷]: ۱.....کیا جماعت اسلامی کے بنیادی عقائد اہل سنت والجماعت کے مطابق ہیں یا اس کے خلاف؟ مع دلائل تحریر فرمائیں۔

۲.....کیا جماعت اسلامی فرق ضالہ میں سے ہے یا فرق ھدی میں سے یعنی ہدایت یافتہ میں سے ہے؟ مع دلائل تحریر فرمائیں۔

۳.....جماعت اسلامی کے ارکان ومتعلقین کی امامت میں ان کے پیچھے نماز صحیح طور پر اداہوگی یا نہیں؟ یعنی کسی مسجد وغیرہ کا امام ہوسکتا ہے یانہیں؟ اگرنہیں ہوسکتا تو کیونکر؟ مع دلائل تحریر فرمائیں۔

۴..... جماعت اسلامی کے جلسہ میں شرکت اوران کے ارکان ومتعلقین کی تقریریں سننا، یاان کی تحریر کا مطالعہ کرنا، ان لوگوں کی صحبت اختیار کرنا کیسا ہے؟ المستفتی انعام الحق۔

الجواب حامداًومصلیاً:

شعبان ۱۳۶۰ھ میں جماعت اسلامی کی تشکیل ہوئی، اسی وقت تحریک امارت پیش ہوکر سید ابوالاعلی مودودی صاحب امیر جماعت تجویز ہوئے، اس سے قبل مودودی صاحب کے مضامین ''ترجمان القرآن'' میں شائع ہوتے رہے اور ذہنوں کو اس کیلئے ہموار کیا جاتا رہا، حیدرآباد دکن میں دیر تک ترجمان کا دفتر رہا، پھر پٹھان کوٹ میں منتقل ہوا۔ اس سے بھی پہلے دہلی سے طلوع اسلام ''پرویز'' سے مودودی صاحب کو کافی ربط تھا، حدیث کو ناقابل اعتماد قرار دینے کیلئے دونوں کی متحدہ کوشش رہی، پھر ایک موڑ پر اختلاف ہوا، کچھ مدت فریقین میں

خاموشی رہی، اس کے بعد جب فتنہ انکار حدیث نے زور پکڑا اور ہر طرف سے اس کی تردید شروع ہوئی تو مودودی صاحب اور ان کی جماعت کی طرف سے بھی تردیدی مضامین آئے، حتی کہ دونوں میں کافی مراسلت اور مقابلہ کی صورت رہی، منکرین حدیث اپنی تائید میں جگہ جگہ مودودی صاحب کی عبارات پیش کرتے تھے کہ ہم نے جو کچھ کہا ہے وہ آپ ہی کے خیالات ہیں۔

مودودی صاحب اور انکی جماعت کے ذمہ دار حضرات کی کتابوں میں ایسی چیزیں بھی موجود ہیں، جو اہل سنت والجماعت کے مسلک کے مطابق ہیں اور بالکل حق ہیں، اور ایسی چیزیں بھی ہیں جو اسلام کا نام لینے والے گمراہ فرقوں خوارج، نواصب، روافض، منکرین حدیث، قادیانی وغیرہ کے مسلک کے مطابق ہیں، جو شخص ان کی ان تمام باتوں کو تسلیم کرتا ہے اور اس پر ایمان رکھتا ہے ظاہر ہے کہ وہ خالص اہل سنت والجماعت میں سے نہیں ہے (۱)۔ ایسے شخص کو جس نے باقاعدہ دین کو حاصل کیا ہو، اسی طرح سے اللہ پاک نے دین کو نازل و مکمل فرمایا اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو سمجھایا اور عمل کرایا، صحابہ رضی اللہ عنہم نے بعد کے لوگوں کو سمجھایا، پھر اسی طرح جو مابعد طبقہ نے ماقبل طبقہ سے سیکھا اور یہ توارث وتواتر قائم رہا، ایسا ہی شخص حق وناحق میں تمیز کر سکے گا، ورنہ وہ خود مبتلا ہو جائے گا۔

مودودی صاحب فرماتے ہیں کہ:

---

(۱) "وعن عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: "لیأتین علی أمتی کما أتی علی بنی اسرئیل حَذوَ النعل بالنعل حتی إن کان منهم من أتی أمه علانیة لکان فی أمتی من یصنع ذلک، وإن بنی إسرائیل تفرقت علی ثنتین وسبعین ملةً وتفترق أمتی علی ثلث وسبعین ملة کلهم فی النار إلاملةً واحدةً". قالوا: من هی یارسول اللہ؟ قال: "ما أنا علیه وأصحابی". (مشکوٰة المصابیح، کتاب الإیمان، باب الاعتصام بالکتاب والسنة: ۱/۳۰، قدیمی)

"فکذا هنا المراد: هم المهتدون المتمسکون بسنتی وسنة الخلفاء الراشدین من بعدی، فلا شک ولا ریب أنهم هم أهل السنة والجماعة، وقیل: التقدیر أهلها من کان علی ما أنا علیه وأصحابی من الإعتقاد والقول والفعل، فإن ذلک یعرف بالإجماع فما أجمع علیه علماء الإسلام فهو حق، وما عداه باطل". (مرقاة المفاتیح، کتاب الإیمان، باب الاعتصام بالکتاب والسنة، تحت حدیث عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنه، رقم الحدیث: ۱۷۱، ۱/۴۱۹، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

''فقہ وکلام کے مسائل میں میرا ایک خاص مسلک ہے، جو میں نے اپنی ذاتی تحقیق کی بناء پر حاصل کیا ہے''۔

نیز فرماتے ہیں کہ:

''میں نے دین کو حال یا ماضی کے اشخاص سے سمجھنے کے بجائے ہمیشہ قرآن وسنت ہی سے سمجھنے کی کوشش کی ہے، اس لئے میں نے کبھی یہ معلوم کرنے کیلئے کہ خدا کا دین مجھ سے اور ہر مؤمن سے کیا چاہتا ہے، یہ دیکھنے کی کوشش نہیں کی کہ فلاں اور فلاں بزرگ کیا کہتے ہیں بلکہ خود یہ دیکھنے کی کوشش کرتا ہوں کہ قرآن کیا کہتا ہے اور رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کیا کہا، اسی ذریعہ معلومات کی طرف میں آپ لوگوں کو توجہ دلاتا ہوں''۔

آپ ہی غور کریں کہ جس نے نہ باقاعدہ اساتذہ سے قرآن وسنت کی تعلیم حاصل کی ہو نہ ماضی وحال کے اشخاص سے دین کو سیکھا ہو، محض کالج میں ۱۶، ۱۷/ سال کی عمر تک پڑھ کر براہ راست کتاب وسنت کا مطالعہ عربی زبان پر عبور حاصل کر کے دین کو سیکھا ہو اور پونے چودہ سو سال کے تمام اکابر پر بے لاگ تحقیقی وتنقیدی نگاہ ڈال کر تخریبی تنقید کر ڈالی ہو، محض اسکے فہم پر اعتماد کر کے آدمی کہاں پہونچے گا، تازہ شاہکار ''خلافت وملوکیت'' بھی ملاحظہ ہو۔ اس مختصر سے خط میں مزید تفصیل کی گنجائش نہیں، حق تعالیٰ ہوائے نفس سے بچائے اور آخرت کی جواب دہی کے تصور کو مستحکم فرمائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

احقر محمود عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۲۲/ محرم/ ۸۸ھ۔

مولانا مودودی نے کس مدرسہ میں تعلیم پائی؟

سوال[۴۹۸]: ۱..... بہت سارے علماء کا کہنا ہے کہ مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی فاسق ہیں، اور انکی ''جماعت اسلامی'' بھی فاسق ہے، وہ جماعت والے اگر ڈاڑھی نہیں رکھتے تو نماز روزہ کے بھی پابند نہیں ہیں، اس جماعت میں زیادہ تر سیاسی لوگ ہیں جن کا کردار اچھا نہیں ہے، اس لئے اس جماعت کی کتابوں کا مطالعہ نہ کرنا چاہئیے اور مولانا ابوالأعلیٰ مودودی کا اور علمائے دیوبند کا نظریہ الگ ہے، اس لئے مولانا مودودی کی کتاب نہ پڑھنا چاہئے اور نہ اپنے پاس رکھے اور نہ لائبریری میں منگائی جائے، یہ بات کہاں تک سچ ہے؟

۲..... مولانا محمود الحسن مدنی اور مولانا ابوالاعلیٰ مودودی میں کس بات پر نااتفاقی تھی اور مولانا مودووی

Made Searchable by ScribeTools.com

نے کس مدرسہ میں تعلیم پائی اوران کے استادکون تھے؟لوگوں کا کہنا ہے کہ مولانا محمودالحسن مدنی اورسید ابوالاعلی مودودی ایک مدرسہ میں ایک ہی استاد کے متعلم ہیں،لیکن دونوں کانظریہ مختلف اورالگ الگ ہے،اورمولانا محمودالحسن اورمولانا مودودی صاحب اس بات پرجھڑپے ہیں کہ مولانا مودودی صاحب کہتے ہیں کہ امام مہدی جو ظہورہونگے توپینٹ،کوٹ،سوٹ،کیساتھ ہونگے،جبہ کے ساتھ نہ ہوں گے،یعنی انگریزی لباس میں ظاہرہوں گے۔اور کہتے ہیں کہ ڈاڑھی ایک مشت رکھنا ثابت نہیں،جتنا چاہے رکھے خواہ ایک مشت ہو یااس سے کم،قلعی ڈاڑھی رکھے سب جائز ہیں۔اور کہتے ہیں کہ شہیدلوگ زندہ نہیں رہتے،بلکہ لوگ جنگ میں جائیں گے نہیں، بول کے خدانے شوق دلانے کیلئے وعدہ کیا کہ شہیدلوگ مرتے نہیں،زندہ رہتے ہیں،اصل میں وہ زندہ نہیں بلکہ خدااان کو بہت بڑااجردے گااورانکامرتبہ بلندکرے گا،''شہیدلوگ مرگئے ہیں'' کہنے سے لوگوں کادل چھوٹا ہوگا اور پست ہمت ہوجائیں گے،بول کے خدانے ان کا حوصلہ بلندکرنے کیلئے ان سے وعدہ کیا کہ شہیدلوگ زندہ رہیں گے،یہ کہاں تک سچ ہے۔

مولانا محمودالحسن اورمودودی صاحب کی نااتفاقی کی وجہ سے مولانا محمودالحسن نے جمعیۃ العلماء ہند کی پارٹی بنائی اورمولانا مودودی نے جماعت اسلامی کی پارٹی بنائی۔مولانا محمودالحسن ہندوستان کے حامی اور کانگریس کے بانی تھے،مولانا مودودی پاکستان کے حامی اورمسلم لیگ کے طرفدارتھے،یہ بات کہاں تک سچ ہے؟

۳.....دونوں عالموں کی سوانح حیات مختصر سے لکھنا،والدکانام،کہاں پیداہوئے،کس مدرسہ میں تعلیم پائی ان کے استادکون تھے،دونوں کانظریہ کیساہے؟

۴.....مولانا مودودی جوبات کہتے ہیں وہ کام آج بھی مسلمان کرسکتے ہیں یانہیں،ان کا کہنا غلط ہے یاصحیح؟مودودی حق پر ہے یانہیں یاغلط رائے پر،جماعت اسلامی غلط رائے پر ہے یاصحیح؟مولانا مودودی ہی پاکستان کے بڑے عالم ہیں یاان سے بھی بڑاکوئی عالم پاکستان میں ہے،مولانا مودودی بھی زمانہ کے بڑے عالم ہیں یانہیں،دنیاکے بڑے عالموں میں ان کاشمارہوتاہے یانہیں؟

۵.....جماعت اسلامی والوں کے پیچھے نمازہوگی یانہیں؟یہاں کے ایک عالم مجھے منع کرتے ہیں،کہتے ہیں کہ جس طرح بدعتیوں کے پیچھے نمازدرست نہیں،اسی طرح جماعت اسلامی کے علماء کے پیچھے جماعت درست

Made searchable using ScribeTools.com

نہیں ہوگی، میرے تمام ساتھی جماعت اسلامی والے ہیں، نماز ان کے پیچھے پڑھنا پڑتی ہے، ان کے پیچھے نماز پڑھوں یا نہیں؟ اور اسی جماعت کی کتابوں کا مطالعہ کروں یا نہیں؟ مولانا مودودی کا مسئلہ اور دیوبندی عالم کا مسئلہ بہت سارا دیکھ چکا ہوں سب ایک ہیں، بدعت، شرک، کے بارے میں ایک بیان ہے، دوسرے کے بارے میں نہیں جانتا ہوں، اور میرے ساتھی جماعت اسلامی کا ممبر بننے کو کہتے ہیں، میں ممبر بنوں یا نہیں، اسلئے کہ بچپن سے میں دیوبندی عقیدہ کا ہوں، اس لئے ممبر بننے سے میرے عقیدے پر تو کوئی اثر نہیں پڑے گا؟

۶.....مولانا ابواللیث جو ہندوستان کی جماعت اسلامی کے عالم ہیں، ان کو لوگ فاسق کہتے ہیں، وہ فاسق ہیں یا نہیں؟ فقط۔

شیخ کفیل الدین بالباہ، صالح پور، کٹک، اڑیسہ۔

الجواب حامداًومصلیاً:

۱.....سید ابوالاعلی مودودی نے جو کتابیں لکھ کر شائع کردی ہیں ان میں بہت سی چیزیں اہلسنت والجماعت کے مسلک کے خلاف ہیں، وہ کلام اور فقہ میں ایک خاص مسلک رکھتے ہیں، وہ ائمہ سلف میں سے کسی کے متبع اور پابند نہیں ہیں، بعض جگہ معتزلہ اور خوارج کی باتیں ان کی کتابوں میں ملتی ہیں، اس لئے انکی کتابوں کا مطالعہ دینی اعتبار سے مضر ہے، عبارتیں بہت شستہ اور دلفریب انداز میں ہوتی ہیں، لیکن ان کے اثرات یہ ہیں کہ آدمی کے مزاج میں آزادی پیدا ہوجاتی ہے جس کی وجہ سے وہ براہ راست قرآن وحدیث سے مسائل استنباط کرنا شروع کردیتا ہے اور اس میں اپنی سمجھ پر اعتماد کرتا ہے، نہ یہ دیکھتا ہے کہ مفسرین اور محدثین وفقہاء ومجتہدین اور اکابر اہل اللہ نے اس کا مطلب یہی سمجھا ہے یا کچھ اَور سمجھا ہے۔

اس کو نہ مفسرین پر اعتماد رہتا ہے، نہ محدثین پر، نہ فقہاء پر، نہ مجتہدین پر، بلکہ بسا اوقات صحابہ کرام کے علم وفہم پر بھی اعتماد نہیں رہتا، اور سب پر نہایت غلط قسم کی تنقید کرگذرتا ہے۔ جس حدیث کو اس کا دل قبول کرتا ہے اس کو معتبر سمجھتا ہے، جس کو اس کا دل قبول نہ کرے اس کو یہ کہہ کر رد کردیتا ہے کہ یہ مزاج نبوت اور مزاج اسلام کے خلاف ہے، یہ ذہنیت اور مزاجی کیفیت (کہ سب سلف صالحین سے اعتماد ختم ہوجائے) بہت خطرناک، دین کیلئے مضر بلکہ مہلک ہے اور سراسر گمراہی کا دروازہ ہے، اس لئے ان کی کتابوں کے مطالعہ سے عامۃً روکا جاتا ہے، جب ایسی کتابیں لائبریری میں ہوں گی تو وہ مطالعہ میں آئیں گی، نہیں ہوں گی تو مطالعہ میں بھی نہیں آئیں گی۔

۲.....مولانا محمود الحسن مدنی سے میں واقف نہیں، اس سے پہلے کبھی یہ نام بھی نہیں سنا۔ سید ابوالاعلی سے

کسی نے دریافت کیا تھا کہ آپ نے کس استاد سے اور کس مدرسہ میں تعلیم پائی ہے؟ تو انہوں نے نہ استاد کا نام بتا یا نہ مدرسہ کا بلکہ یہ کہا کہ ''مجھ سے مت پوچھو بلکہ میرا کام دیکھو'' حوالہ نمبر:۴ میں آرہا ہے، کام وہ ہے جو نمبر:۱ میں مذکور ہے اور کچھ آپ نے نقل کیا ہے، امام مہدی کے متعلق انہوں نے ''رسائل ومسائل'' اور ''تجدید احیاء دین'' میں وہ باتیں بھی لکھی ہیں جو حدیث میں مذکور ہیں اور جو کچھ حدیث میں ہے اس کا انکار بھی کیا ہے بلکہ حدیثوں ہی کو ناقابل اعتبار قرار دیدیا ہے۔

۳.....سید ابوالاعلی مودودی صاحب ایک ایڈیٹر اور مضمون نگار ہیں، باقاعدہ کسی مستند استاد سے انہوں نے علم دین حاصل نہیں کیا، ہاں از خود مطالعہ کیا ہے، وہ خود ہی لکھتے ہیں کہ:

''مجھے گروہ علماء میں شامل ہونے کا شرف حاصل نہیں، میں ایک بیچ کی راس کا آدمی ہوں، جس نے جدید اور قدیم دونوں طریقہائے تعلیم سے کچھ کچھ حصہ پایا ہے، دونوں کو چوں کو خوب چل پھر کر دیکھا ہے، اپنی بصیرت کی بناء پر نہ تو میں قدیم گروہ کو سراپا خیر سمجھتا ہوں اور نہ جدید گروہ کو، دونوں کی خامیوں پر میں نے آزادی کے ساتھ تنقید کی ہے''۔

(ترجمان القران، ج:۱۴، عدد:۳، ص:۲۲۷)(۱)۔

۴.....مودودی صاحب سے ان کے ہی آدمی نے دریافت کیا تھا کہ اگر آپ نے کسی عالم سے فیض حاصل کیا ہو تو ان کا نام بھی تحریر فرمائیں اس کے جواب میں مودودی صاحب نے لکھا ہے کہ:

''یہ ایک لاحاصل سوال ہے کہ میں نے کس عالم سے فیض حاصل کیا ہے، یہ سوال تو ان سے کرنا چاہئے جس نے کوئی علمی کام نہ کیا ہو اور جس کے علمی مرتبہ ومقام کو ماننے کیلئے مدرسہ کی سند اور استادوں کے ناموں کے سوا اور کوئی ذریعہ نہ ہو، میں نے کام کیا ہے اور میرا کام کوئی چُھپا ہوا نہیں ہے، بلکہ چَھپا ہوا ہے، سب کے سامنے موجود ہے، اس کو دیکھ کر ہر شخص معلوم کرسکتا ہے کہ میں نے کیا کچھ پڑھا ہے اور جو کچھ پڑھا ہے اسے کتنا ہضم کیا ہے''۔(رسائل ومسائل:۲/۴۹۹(۲)۔

---

(۱)(ترجمان القرآن، ج:۱۴، عدد:۳، ص:۲۲۷)

(۲)(رسائل ومسائل:۲/۴۹۹)

Made searchable using ScribeTools.com

۵.....ان کا بڑا مقصد یہ ہی ہے کہ لوگوں کو یقین دلا دیں کہ اب موجودہ وقت میں دین کو پوری طرح کوئی نہیں سمجھا، نہ اب سے دو چار صدی پہلے کسی نے سمجھا ہے، نہ آٹھ دس صدی پہلے کسی نے سمجھا ہے، نہ بارہ تیرہ صدی پہلے کسی کی پوری زندگی اسلامی زندگی تھی، حتی کہ مودودی صاحب اوران کے متاثر اہل قلم نے صحابہ کرام پر بھی سخت قسم کی تنقید کی ہے، جن صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو زندگی ہی میں نام لیکر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمادیا تھا کہ ''یہ اہل جنت ہیں'' (۱) ان کو بھی نہیں بخشا، نمونہ دیکھنا ہوتو ''خلافت وملوکیت'' اور ''معرکۂ اسلام و جاہلیت'' کو دیکھنا بھی کافی ہوگا، ان امور کے بعد آپ کے ہر سوال کا جواب خود بخود واضح ہے۔

۶.....مولانا ابواللیث صاحب ہندوستان کی جماعت اسلامی کے امیر ہیں، جس طرح کہ مودودی صاحب پاکستان کی جماعت اسلامی کے امیر ہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

مودودی صاحب کا ایک فتوی

سوال[۴۹۹]: مولانا مودودی صاحب سے ایک مسئلہ یہ پوچھا گیا کہ کان میں دوا ڈالنے سے روزہ ٹوٹے گا یا نہیں؟ جواب دیا: نہیں ٹوٹے گا، سائل نے پھر پوچھا انجکشن لگوانے سے؟ جواب دیا انجکشن لگوانے سے روزہ ٹوٹ جائے گا، سائل نے پھر پوچھا کہ اگر روزہ دار کے بھڑ ڈنک مار دے اور ڈنک کے مارنے سے سیال مادہ اس کے جسم میں پہونچادے (انجکشن کی طرح) تو کیا حکم ہے؟ جواب دیا کہ میرے خیال میں روزہ نہیں ٹوٹے گا، کیونکہ یہ ایسا ہے جیسے کسی نے بھولے سے کھا پی لیا۔ کیا مسائل بالا میں جو حکم مودودی صاحب نے بتایا از روئے شرع درست ہے اور آخری مسئلہ میں جو قیاس کیا ہے وہ صحیح ہے؟ حافظ محمد کلیم، علی آبادی۔

---

(۱) ''عن عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنه أن النبی صلی اللہ علیه وسلم قال : ''أبو بکر فی الجنة ، وعمر فی الجنة، وعثمان فی الجنة، وعلیّ فی الجنة، وطلحة فی الجنة، والزبیر فی الجنة، وعبد الرحمٰن بن عوف فی الجنة، وسعد بن أبی وقاص فی الجنه، وسعید بن زید فی الجنة، وأبو عبیدة بن الجراح فی الجنة''. (جامع الترمذی، أبوا ب المناقب، مناقب عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنه: ۲/۲۱۵، سعید)

(ومشکوٰة المصابیح، کتاب المناقب، باب مناقب العشرة رضی اللہ تعالیٰ عنهم، الفصل الثانی: ۲/۵۶۲، قدیمی)

الجواب حامداًومصلیاً :

مودودی صاحب سے کسی نے فتوی دریافت کیا تو انہوں نے جواب دیا کہ ''فتوی کسی مفتی سے پوچھو، ہاں دین کی بات میں بتاتا ہوں'' اوران سے کسی نے کہا تھا کہ آپ نے فلاں چیز کا فتوی دیا ہے تو جواب میں کہا کہ ''فتوی دینے کی غلطی میں نے کبھی نہیں کی'' انہوں نے ایک جگہ لکھا ہے کہ:

''مجھے گروہ علماء میں شامل ہونے کا شرف حاصل نہیں، میں نے جدید وقدیم دونوں قسم کے علوم کا کچھ کچھ حصہ حاصل کیا ہے، جس کی بناء پر میں نہ جدید گروہ کو پورے طور پر صحیح سمجھتا ہوں اور نہ قدیم کو، میں نے دونوں پر پوری تنقید کی ہے''۔

مودووی صاحب کا اصلی کام یہی ہے کہ سب پر تنقید کر کے ان کو نا قابل اعتماد قرار دیدیں اور اپنی رائے کی فوقیت سب پر جتادیں، اور اپنے ذہن سے اس کی ترجیح بھی ظاہر کردیں، ان حالات میں ان کے بیان کئے ہوئے مسائل شرعی فتوی کی حیثیت میں نہیں بلکہ مضمون نگاری کی حیثیت میں ہیں۔

مسئلہ یہ ہے کہ کان میں سیال دواڈالنے سے روزہ فاسد ہو جائے گا، آنکھوں میں ڈالنے سے فاسد نہ ہوگا۔ یہ دونوں مسئلے کتب فقہ، شامی (۱) کنز (۲) فتاوی عالمگیری (۳) وغیرہ میں مذکور ہیں، مگر مودودی صاحب کے نزدیک ان کتابوں کے مسائل پر عمل کرنے والے جہنم میں ڈالے جائیں گے تو اس وقت ان کتابوں کے مصنفوں کو لعنت بھیجیں گے اور دعاء کریں گے کہ یا اللہ! ان کو دہرا عذاب دے، انہوں نے ہم کو گمراہ کیا، ہم انکی اطاعت کیوجہ سے صحیح راستہ پر نہیں چلے بلکہ بھٹک گئے۔ (حقوق الزوجین)

بھڑ وغیرہ کے کاٹنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا، منفذ سے کوئی چیز اندر نہیں پہنچتی، انجکشن سے بھی روزہ نہیں ٹوٹتا، اس میں بھی منفذ سے کوئی چیز نہیں پہنچتی، الا یہ کہ جوفِ معدہ میں منفذ سے کوئی چیز پہنچائی جائے تو مفسد

---

(۱) ''أو أقطر فی أذنه دهناً أو داوی جائفةً أو آمةً، فوصل الدواء حقیقةً إلی جوفه ودماغه''. (قوله: دهناً) قید به؛ لأنه لا خلاف فی فساد الصوم به الخ''. (الدر المختار مع ردالمحتار، کتاب الصوم. مطلب فی حکم الاستمناء با لکف: ۲/ ۴۰۲، سعید)

(۲) (کنز الدقائق مع البحر الرائق، کتاب الصوم. باب ما یفسد الصوم و مالا یفسده: ۳/ ۴۸۶، سعید)

(۳) (الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصوم، الباب الرابع فیما یفسد ومالا یفسد: ۱/ ۲۰۴، رشیدیه)

Made Searchable using ScribeTools.com

صوم ہے(۱) اصل وجہ منفذ سے جوف میں کسی چیز کا نہ پہونچنا ہے، اس کو بھول سے کھانے پر قیاس کرنا غلط ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

تفہیم القرآن کا حکم

محترمی جناب صدر المفتی صاحب، زیدت معالیکم! دارالعلوم دیوبند۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عرض خدمت عالیہ میں یہ ہے کہ کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان عظام مندرجہ ذیل مسئلہ میں کہ براہین ودلائل شرعیہ فقہ حنفی کے مطابق تحریر فرما کر مشکور وممنون فرمایا جائے، عین کرم ہوگا۔

سوال[۵۰۰]: ﴿ولا تصل على أحد منهم مات أبداً ولا تقم على قبره﴾(۲) سورة التوبه، اس آیت کی تفسیر میں سید ابوالاعلی مودودی صاحب نے اپنی تفسیر ''تفہیم القرآن'' میں لکھا ہے کہ اس سے یہ مسئلہ نکلا کہ فساق وفجار اور مشہور بالفسق کی جنازے کی نماز نہیں پڑھی جائے گی، یہ عبارت بعینہ تفہیم القرآن کی تو نہیں ہے لیکن اس کا مفہوم یہی ہے، اس تفسیر کو لیکر کچھ لوگوں نے ہماری بستی میں یہ اعلان کیا کہ جو شخص نماز نہیں پڑھے گا، اس کے جنازے کی نماز نہیں پڑھی جائیگی اور قبر کھودنے والوں پر یہ پابندی عائد کی گئی کہ جو قبر کھودے گا اس پر پندرہ روپے جرمانہ ہوگا۔

ہماری بستی میں ایک عالم صاحب ہیں، یہ سب باتیں ان کی عدم موجودگی میں ہوئیں، کچھ دنوں کے بعد وہ گھر پر آئے تو انہیں ایک نئی بات معلوم ہوئی انہوں نے مودودی صاحب کی تفسیر کو دیکھا اور اپنی تقریر میں

---

(۱) "أو أدهن أو إكتحل أو إحتجم وإن وجد طعمه فی حلقه". قال الشامی: "لأن الموجود فی حلقه أثر داخل من المسام الذی هو خلل البدن، والمفطر إنما هو داخل من المنافذ للاتفاق من اغتسل فی ماء فوجد برده فی باطنه انه لا يفطر". (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الصوم مايفسد الصوم ومالا يفسد: ۲/۳۹۵، ۳۹۶، سعيد)

(وكذا فی الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصوم، الباب الرابع فيما يفسد وفيما لا يفسد: ۱/۲۰۳، رشيديه)

(وكذا فی النهر الفائق، كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم و ما لا يفسده: ۲/۱۷، مكتبه امداديه ملتان)

(۲) (سورة التوبة: ۱۰، رقم الآية: ۸۴)

بیان کیا کہ یہ مودودی صاحب کی زیادتی ہے، یہ آیت کفار اور منافقین کے بارے میں نازل ہوئی ہے نہ کہ فساق وفجار کے بارے میں، مودودی صاحب نے تفسیر بالرأی کی ہے جو سراسر ناجائز وحرام ہے، نیز انہوں نے کہا کہ ان کی تفسیر کے مطابق خود مودودی صاحب اس لائق نہیں ہیں کہ ان کے جنازہ کی نماز پڑھی جائے، کیونکہ فاسق گناہ کبیرہ کے مرتکب کو کہتے ہیں تو مودودی صاحب اتنے گناہ کبیرہ کے ارتکاب کرتے ہوں گے کہ ان کو خود بھی پتہ نہیں ہوگا، نیز مودودی صاحب کی ڈاڑھی حدود شرعیہ سے کم ہے اور وہ کھلم کھلا ڈاڑھی کٹاتے ہیں لہذا گناہ کبیرہ کا ارتکاب کرتے ہیں اور مشہور بالفسق ہیں لہذا ان کی جنازہ کی نماز نہ پڑھی جائے۔

عالم صاحب نے اپنی تقریر میں بیان کیا کہ بے نمازی کے جنازے کی نماز نہ پڑھنا اگرچہ پوری زندگی میں کبھی نماز نہ پڑھی ہو بالکل حرام ہے اگر کسی نے نہیں پڑھی اور بلا جنازہ کی نماز کے دفن کر دیا گیا، سارے لوگ بستی کے گناہگار ہوں گے، لہذا ایسی زیادتی سے آپ لوگ باز آئیں۔ کچھ دنوں تک بات رک گئی پھر عالم صاحب اپنے مدرسہ میں چلے گئے، جب وہ آئے تو بستی کے لوگوں نے جب دیکھا کہ بات تو معقول ہے، اب کونسی ترکیب نکالی جائے تو لوگوں نے بہانہ شروع کر دیا کہ ہم لوگوں نے صرف لوگوں کو دھمکانے کیلئے ایسا کیا تھا، اس پر عالم صاحب کھڑے ہوئے اور کہا کہ اس نیت سے ایسا کرنا بھی ناجائز ہے کیونکہ آپ لوگ ایسی بستی سے تعلق رکھتے ہیں جس کا ہر معاملہ میں دوسری بستیاں اقتداء کرتی ہیں، اس لئے ایسا نہ ہو کہ دوسرے لوگ اس کو حقیقت پر محمول کر کے بلا نماز جنازہ کے کسی مسلمان کو دفن کر دیں جو بالکل ناجائز اور حرام ہے، اس پر لوگوں نے پوچھا کہ اچھا کونسی شکل تبلیغ کیلئے اختیار کیجائے؟

مولانا نے کہا کہ ہر اولاد والے اپنی اولاد پر کنٹرول کریں، اولاد بالغ اگر نماز نہیں پڑھتی ہے تو اس پر سختی کریں۔

دوسری صورت یہ ہے کہ تبلیغی اصول کے مطابق گشت کریں اب اگر لوگ نماز نہیں پڑھتے تو آپ کا قصور نہیں ہوگا۔ تیسری صورت یہ ہے کہ سوشل بائیکاٹ کر دیں۔

اب حل طلب یہ ہے کہ:

۱..... بے نمازی انسان کے جنازے کی نماز پڑھی جائے یا نہیں؟

Made searchable using ScribeTools.com

۲.....آیت بالا کن لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی؟

۳.....مودودی صاحب کی تفسیر صحیح ہے یا نہیں؟

۴.....ڈرانے یا دھمکانے کی غرض سے جب کہ اندیشہ بھی ہو کہ دوسرے لوگ ہوسکتا ہے کہ حقیقت پر محمول کر کے بالکل جنازہ کی نماز نہ پڑھیں، اعلان کرنا کہ جو نماز نہ پڑھے گا اس کے جنازے کی نماز نہیں پڑھی جائے گی، ایسا کرنا جائز ہے یا نہیں؟

۵.....ڈاڑھی کی حد شرعی کیا ہے؟

۶.....لوگوں کو نمازی بنانے کیلئے شریعت کی رو سے کونسا طریقہ اختیار کیا جائے؟ کرم فرما کر مذکورہ بالا باتوں کا جواب عنایت فرمایا جائے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ آنجناب کو جزائے خیر دیگا۔

والسلام خادم: محمد بدرالحسن مدرسہ اسلامیہ جامع العلوم، چاندواڑہ، ضلع مظفر پور، بہار۔

الجواب حامد أومصلیاً:

۱.....نماز فرض عین ہے(۱)، بے نمازی سخت گناہ گار ہے (۲)، نماز جنازہ اس کی بھی ضروری ہے:

"الصلاة عليه فرض كفاية بالإجماع، فيكفر منكرها لإنكاره الإجماع، كذا في البدائع والقنية، وقوله تعالى: ﴿وصل عليهم﴾ وقوله صلى الله عليه وسلم :"صلوا على كل برو فاجر"۔ طحطاوی، ص: ۳۵۰ (۳)۔

۲.....﴿ولا تصل على أحدمنهم مات أبداً﴾ منافقین کے متعلق ہے، عبداللہ بن ابی ابن سلول

---

(۱)"هي (أي الصلوٰة) فرض عين على كل مكلف بالإجماع". (الدرالمختار مع ردالمحتار: ۱/۳۵۱، كتاب الصلاة، سعيد)

(۲) "عن عبد الله بن شقيق قال : كان أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يرون شيئاً من الأعمال تركه كفر غير الصلوة". (مشكوٰة المصابيح، ص: ۵۹، كتاب الصلوة، الفصل الثالث، قديمی كتب خانه)

(۳) (حاشية الطحطاوی على مراقی الفلاح، ص: ۵۸۰، باب أحكام الجنائز، فصل الصلوة عليه، قديمی كتب خانه)

رئیس المنافقین کا واقعہ کتب حدیث (۱) وتفسیر (۲) میں بہت مشہور ومعروف ہے کہ اس کے انتقال پر حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے جنازہ کی نماز پڑھائی تب یہ آیت شریفہ نازل ہوئی، پھر کسی منافق کے جنازہ کی نماز نہیں پڑھائی۔

۳.....مودودی صاحب کی تفسیر ''تفہیم القرآن'' (۳) میں بہت سی چیزیں جمہور اہل سنت والجماعت کے

---

(۱) ''عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما أنه قال: لما توفی عبد اللہ ابن أبیّ، جاء ابنه عبد اللہ بن عبداللہ إلی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم فأعطاه قمیصه، وأمره أن یکفنه فیه ثم یصلی علیه، فأخذ عمر بن الخطاب بثوبه فقال: تصلی علیه وهو منافق، وقد نهاک اللہ أن تستغفر لهم؟ قال: "إنما خیرنی اللہ أو أخبرنی اللہ فقال: (إستغفر لهم أو لا تستغفر لهم، إن تستغفر لهم سبعین مرةً فلن یغفر اللہ لهم). فقال: "سا زید ه علی سبعین" قال: فصلی علیه رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم وصلینا معه، ثم أ نزل علیه :﴿ولا تصل علی أحدمنهم مات أبداً ولا تقم علی قبره﴾. (صحیح البخار ی: ۲/۶۷۴، کتاب التفسیر، سورة التوبة، قدیمی)

(۲) ''عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال: سمعت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنه یقول :لما توفی عبد اللہ بن أبیّ دعی رسو ل اللہ صلی اللہ علیه وسلم للصلو ة علیه، فقام فلما وقف علیه یرید الصلاة ، ثم صلی علیه ومشی معه وقام علی قبره حتی فرغ منه قال: فعجبت من جرأتی علی رسو ل اللہ صلی اللہ علیه وسلم، قال: فواللہ ماکان إلا یسیراً حتی نزلت هاتان الآیتان: ﴿ولا تصل علی أحد منهم مات أبداً﴾ فما صلی رسو ل اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم بعده علی منا فق، ولا قام علی قبره حتی قبضه اللہ عز وجل''. (تفسیر ابن کثیر: ۲/۴۹۹، سورة التو بة اٰیت نمبر: ۸۴)

(۳) چنانچہ مودودی صاحب نے لکھا ہے کہ: ''حضرت نوح علیہ الصلاۃ والسلام اپنی بشری کمزوریوں سے مغلوب اور جاہلیت کے جذبے کے شکار ہوگئے''۔ (تفہیم القرآن: ۲/۳۴۴، سورہ ھود، آیت: ۴۶، مکتبہ تعمیر انسانیت موچی دروازہ لاہور، طبع چہارم ۱۹۶۷ء،)اور حضرت یونس علیہ الصلاۃ والسلام کے بارے میں لکھا ہے: ''حضرت یونس علیہ الصلاۃ والسلام سے فریضۂ رسالت کی ادائیگی میں کچھ کوتاہیاں ہوگئیں تھیں''۔ (تفہیم القرآن: ۶/۲۱۲، ۲۱۳، سورۃ یونس)

اور حضرت داود علیہ الصلاۃ والسلام کے بارے میں لکھا ہے کہ: ''داود علیہ الصلاۃ والسلام کے فعل میں خواہش نفس کا کچھ دخل تھا، اس کا حاکمانہ اقتدار کے نامناسب استعمال سے بھی کوئی تعلق تھا اور وہ کوئی ایسا فعل تھا جو حق کے ساتھ حکومت کرنے والے کسی فرمانروا کو زیب نہیں دیتا تھا''۔ (تفہیم القرآن: ۴/۳۲۷، سورۃ ص، آیت: ۲۶، مکتبہ تعمیر انسانیت موچی دروازہ لاہور، طبع چہارم ۱۹۶۷ء)

Made searchable using ScribeTools.com

مسلک کے خلاف ہیں، عامۃ المسلمین کا اس کو پڑھنا یا سننا اعتقادی اور عملی گمراہی وغلطی کا موجب بن سکتا ہے، اس لئے اس سے پرہیز لازم ہے، ہاں جو حضرات اہل علم ہیں، کتاب وسنت کا علم باقاعدہ معتمد اساتذہ سے حاصل کر کے اس پر استحکام رکھتے ہیں اور صحیح وغلط میں تمیز کرنے کا ان کو ملکہ راسخہ حاصل ہے، ان کیلئے مضر نہیں، مگر مودودی صاحب نے آیت مسئولہ کے متعلق یہ نہیں لکھا جو ان کے معتقدین نے عمل شروع کر دیا، یہ عمل سراسر غلط اور فتنہ ہے، اس کو مودودی صاحب کی طرف منسوب کرنا بھی غلط ہے، جو معتقدین اپنے اعتقاد میں حد غلو تک پہنچ جاتے ہیں وہ اس قسم کی غلطیوں میں اکثر مبتلا ہوتے ہیں پھر جو لوگ نعمت فہم سے محروم ہیں انکا تو پوچھنا ہی کیا ہے، وہ بے سمجھے ہی تقلید کرتے ہیں۔

مودودی صاحب نے اس آیت سے جو مسئلہ استنباط کر کے لکھا ہے وہ یہ ہے کہ:

''اس سے یہ مسئلہ نکلا ہے کہ فساق وفجار اور مشہور بفسق لوگوں کی نماز جنازہ مسلمانوں کے امام اور سربرآوردہ لوگوں کو نہ پڑھانی چاہئے اور نہ پڑھنی چاہئے'' تفہیم القرآن، ص:۲۲۱(۱)۔

مودودی صاحب کا ایسا کلیہ استنباط کرنا بھی غلط اور نصوص کے خلاف ہے اور ان کے معتقدین کا ایسا سمجھنا کہ بالکل نماز جنازہ ہی نہ پڑھی جائے اور بلا نماز ہی ان کو دفن کر دیا جائے، نہ سربرآوردہ پڑھے اور نہ کوئی اَور پڑھے، یہ بھی غلط اور اس کو مودودی صاحب کی طرف منسوب کرنا بھی غلط ہے۔

۴.....جب کہ یہ مسئلہ ہی غلط ہے تو اس کی دھمکی بھی غلط ہے اور جہاں اس غلطی میں مبتلا ہو کر بے نماز ہی جنازہ دفن کر دینے کا احتمال اور مظنہ ہو اور لوگ اقتداء میں ایسا کرنے پر آمادہ ہوں اور قبر کھودنے والے پر جرمانہ تجویز کیا جائے جس سے یہ بھی احتمال ہو کہ مردہ دفن ہی نہ کیا جائے، ویسے ہی پڑا ہوا سڑتا رہے جیسے مرا ہوا کتا، گدھا پڑا رہتا ہے تو ہرگز ایسی دھمکی اور اعلان کی بھی اجازت نہیں ہے۔

۵.....ڈاڑھی کی حد شرعی ایک قبضہ ہے، امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ نے کتاب الآثار (۲) میں سند کے

---

(۱) (تفہیم القرآن:۲/۲۲۱، سورۃ التوبۃ، آیت:۸۴، مکتبہ تعمیر انسانیت موچی دروازہ لاہور طبع چہارم ۱۹۶۷ء)

(۲) "عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما أنه كان يقبض على لحيته، ثم يقص ما تحت القبضة". (كتاب الآثار، ص: ۱۹۸، إدارة القرآن)

Made Searchable by ScribeTools.com

ساتھ اس کو نقل کیا ہے اور فتح القدیر (۱) اور درمختار (۲) وغیرہ کتب فقہ میں لکھا ہے کہ ''ایک مشت تک پہنچنے سے پہلے کاٹنا یا کاٹ کر ایک مشت سے کم کرالینا کسی کے نزدیک بھی مباح نہیں''۔ کسی نے اس کو مباح قرار نہیں دیا، یہ اجماع کے درجہ میں ہے۔

۶.....عالم صاحب نے جو تدبیریں بتائی ہیں وہ اختیار کی جائیں اور اہل اللہ کی صحبت اختیار کیجائے، ہر مکان اور مسجد میں اہل اللہ کی کتابیں سنانے کا انتظام کیا جائے، اکابر اہل اللہ کی خدمت میں جا جا کر کچھ وقت اپنی تربیت کیلئے گذارا جائے، اپنے احوال کی ان کو اطلاع کر کے ہدایات حاصل کرنے اور ان پر عمل کرنے کی فکر کیجائے، انشاء اللہ صحیح ماحول بنے گا، دین کا عام چرچا ہوگا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

تحریک جماعت اسلامی کا خلاصہ

سوال[۵۰۱]: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان دین وشریعت جماعت اسلامی کا کیا حکم ہے؟ کیا ان کی کتابوں کی خرید وفروخت درست ہے یا نہیں، نیز ان کی کتب کا مطالعہ کیسا ہے؟ بینوا توجروا۔

افضل وابراہیم افریقی۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

سید ابوالاعلیٰ مودودی صاحب بانی جماعت اسلامی نے ایک انٹرویو کے دوران ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ:

''میری عمر سولہ سال کی تھی جب میں نے کالج چھوڑا، پھر آوارہ خوانی شروع کی کہ جو کچھ سامنے آیا پڑھ ڈالا، اس کا بہت برا اثر میرے دل ودماغ پر پڑا (کہ خدا پر سے

---

(۱) "وأما الأخذ منها وهي دون ذلك كما يفعله بعض المغاربة ومخنثة الرجال، فلم يبحه أحد". (فتح القدير: ۳۴۸/۲، كتاب الصوم، باب مايوجب القضاء والكفارة، مصر)

(۲) "وأما الأخذ منها وهي دون ذلك كما يفعله بعض المغاربة ومخنثة الرجال، فلم يبحه أحد وأخذ كلها فعل يهود الهند ومجوس الأعاجم". (ردالمحتار: ۴۱۷/۲، كتاب الصوم، باب مايفسد الصوم وما لايفسد، مطلب الأخذ من اللحية، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

یقین ہٹ گیا، عقائد بے معنی نظر آتے تھے) وغیرہ وغیرہ۔

چونکہ عربی زبان پر عبور کافی تھا اس لئے براہ راست کتاب وسنت کا مطالعہ کیا، تشکک اور ارتیاب کے پردے چاک ہوتے گئے اور یقین مستحکم ہوگیا'' وغیرہ وغیرہ۔

مودووی صاحب سے کسی نے دریافت کیا کہ آپ نے کہاں اور کس سے علم حاصل کیا؟ اس کا جواب دیا کہ:

''یہ بات مجھ سے دریافت کرنے کی نہیں، یہ بات تو ان حضرات سے پوچھنے کی ہوتی ہے جن کے علم کیلئے چند ناموں کا گنا دینا کافی ہے (جیسے حدثنا فلان عن فلان عن فلان) آپ مجھ سے یہ نہ پوچھئے بلکہ میرا کام دیکھئے، میرا کام چھپا ہوا ہے چُھپا ہوا نہیں، اس کو دیکھ کر ہر شخص اندازہ کرسکتا ہے کہ میں نے کتنا علم حاصل کیا ہے، اس کو کتنا ہضم کرسکا ہوں''۔

کسی نے مودودی صاحب سے دریافت کیا تھا کہ آپ نے جو کچھ بیان کیا ہے، صدیاں گذر گئی ہیں کسی نے وہ بیان نہیں کیا اور بڑے علماء ومشائخ نے آپ کے بیان کے بعد بھی اس کو قبول نہیں کیا، یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ سب اکابر دین غلطی پر ہیں یا اس بات کی دلیل ہے کہ آپ حق کے نام پر کوئی غلط چیز پیش کررہے ہیں؟

مودودی صاحب نے اس کا جواب دیا کہ ''میں نے دین کو حال یا ماضی کے اشخاص سے سمجھنے کے بجائے ہمیشہ قرآن وسنت ہی سے سمجھنے کی کوشش کی ہے، اس لیے میں کبھی یہ معلوم کرنے کیلئے کہ خدا کا دین مجھ سے اور ہر مؤمن سے کیا چاہتا ہے، یہ دیکھنے کی کوشش نہیں کرتا کہ فلاں اور فلاں بزرگ کیا کہتے ہیں اور کیا کرتے ہیں، بلکہ صرف یہ دیکھنے کی کوشش کرتا ہوں کہ قرآن کیا کہتا ہے اور رسول نے کیا کہا''۔ ترجمان القرآن (۱)۔

اس سے معلوم ہوا کہ مودودی صاحب نے خدا کے دین کو نہ زمانہ حال کے کسی شخص یعنی استاذ سے سمجھا، نہ زمانہ ماضی چودہ سو سال میں کوئی شخصیت ایسی گذری جس سے وہ خدا کے دین کو سمجھ سکتے، قرآن کریم کا مطالعہ بھی خود ہی بغیر استاد کے کیا ہے اور سنت کا بھی، ان کے نزدیک قرآن کریم کا مطلب سمجھنے کیلئے نہ حدیث کی ضرورت ہے نہ تفسیر کی، چنانچہ لکھتے ہیں:

---

(۱) (تنقیحات بحوالہ روئیداد جماعت اسلامی، حصہ سوم، ص: ۳۷)

''قرآن اور سنت رسول کی تعلیم سب پر مقدم ہے، مگر تفسیر وحدیث کے پُرانے ذخیروں سے نہیں، ان کے پڑھانے والے ایسے ہونے چاہئیں، جو قرآن وسنت کے مغز کو پاچکے ہوں'' (تنقیحات)(۱)۔

بغیر تفسیر وحدیث کے قرآن کریم کو جو سمجھنے کا طریقہ مودودی صاحب نے تلقین کیا ہے وہ یہ ہے:

''قرآن کو پوری طرح سمجھنے کی بہترین صورت صرف یہ ہوسکتی ہے کہ اس کا خواہشمند پہلے تو یہ سمجھے کہ الہام اسی پر نازل ہورہا ہے، اور پھر وہ یہ سمجھ کر پڑھے کہ خود اس الہام کو نازل کررہا ہے'' (۲)۔

چنانچہ اس کا اثر یہ ہے کہ جماعت اسلامی سے وابستہ ایک صاحب اپنے لڑکے کو فہم دین کی دعوت اس طرح دیتے ہیں:

''بیٹا کہنا یہ تھا کہ جب قرآن پڑھو تو یہ سمجھو کہ یہ قرآن تم پر اتر رہا ہے یعنی اللہ تعالیٰ خود تم سے ہم کلام ہے''۔ (دعوت، دہلی)

الحاصل: مودودی صاحب اور ان کی قائم کردہ جماعت اسلامی کے نزدیک خدا کا دین سمجھنے کیلئے نہ حال وماضی کے کسی شخص کی ضرورت ہے، نہ حدیث وتفسیر کی حاجت ہے اور نہ فقہ وکلام کی ضروت ہے، بلکہ دنیا میں اسلام، ایمان، دینداری، توحید، رسالت، اسوہ، سنت، بدعت، کا جو مفہوم پھیلا ہوا ہے، مودودی صاحب کے نزدیک سب غلط ہے، جیسا کہ ترجمان جلد:۲۶(۳) میں ہے:

''کوئی شخص ان امور کی اصل حقیقت سے واقف نہیں، اور فقہاء ومتکلمین نے جو غلط مفہوم عوام کے ذہن میں راسخ کرنے کیلئے فقہ وکلام کی کتابیں تصنیف کی ہیں اور دین میں تحریف کرکے بے دینی کو دین بتایا ہے''۔

---

(۱) (تنقیحات، ہمارے نظام تعلیم کا بنیادی نقص، ص:۱۱۴، مکتبہ جماعت اسلامی، دار السلام، پٹھانکوٹ، پنجاب)

(۲)(نوائے پاکستان، ص: ۴: کالم: ۶، ۴/ستمبر ۱۹۵۵ء)

(۳)(ترجمان القرآن: جلد: ۲۶)

Made searchable using ScribeTools.com

جیسا کہ ترجمان جلد۲۶(۱) میں ہے:

''اسی لئے ان کے نزدیک جماعت اسلامی میں داخل ہونے کے لئے تجدید ایمان ضروری ہے اور کوئی بڑے سے بڑا عالم اور شیخ طریقت بھی اس سے مستثنیٰ نہیں''۔

اسی لئے جو شخص ان کی جماعت میں داخل ہونے کے بعد جماعت سے نکل جائے اس پر یہ لوگ ارتداد کا حکم لگاتے ہیں، چنانچہ لکھتے ہیں:

''یہ وہ راستہ نہیں ہے جس میں آگے بڑھنا اور پیچھے ہٹنا دونوں یکساں ہو، نہیں یہاں پیچھے ہٹنے کے معنی ارتداد کے ہیں، خدا کی طرف سے پیٹھ موڑنے کے ہیں''۔ (جماعت اسلامی کا پہلا اجتماع)۔

جماعت ہند کے ایک اہم ذمہ دار کی کتاب ''تنقیدات'' میں ہے:

''یہاں تبلیغ اسی مشنری ڈھنگ کی ہے، جیسے عیسائیوں، ہندوؤں اور سکھوں کی طرف سے آئے دن ہوتی رہتی ہے، پس مذاہب چند بے جان عقائد، بے معنی منتر اور بے مقصد حرکات کی معجون سی بنے ہوئے ہیں، پنڈت، پادری، یا گرنتھی اور مولوی اپنے اپنے کارخانوں کی ذہنی معجونیں لئے پھرتے ہیں، ڈگڈگی بجائی، لوگوں کو جمع کیا اور اپنی معجون کے حق میں گا گا کر اور تھرک تھرک کر ایک رنگین تقریر کر ڈالی''۔

نیز ایک صاحب نے مودودی صاحب کی خدمت میں رہ کے ایک کتاب تصنیف کی جس کو مودودی صاحب نے بہت پسند کیا ہے اس کا نام ''معرکہ اسلام و جاہلیت'' ہے، اس میں چن چن کر ایسے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ عنہم کے متعلق لکھا ہے جن کے افضل اور جنتی ہونے اور مستحق خلافت ہونے کی بشارتیں صحیح احادیث میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دی ہیں، کہ ان پر بار بار جاہلیت کے حملے ہوتے تھے جس کی وجہ سے غیر دینی جذبات بھڑکتے اور وہ ناکردنی، غلط، خلاف اسلام حرکت کر گذرتے تھے۔

مودودی صاحب نے ایک مستقل قاعدہ کلیہ کے طور پر ''ترجمان القرآن'' میں لکھا ہے کہ:

---

(۱)(ترجمان القرآن، حوالہ مذکورہ)

''حقیقت یہ ہے کہ: اسلام و جاہلیت کے درمیان کوئی بیچ کی راہ نہیں ہے''۔

اب پڑھنے والا سوچتا ہے کہ جن اکابر صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود براہ راست دین کی تعلیم دی، ایک ایک چیز کو سکھایا اور ان پر اعتماد کر کے دین کی پوری امانت ان کے سپرد فرمائی اور تبلیغ دین کا ان کو ذمہ دار ٹھہرایا اور آئندہ آنے والوں کیلئے ان کو مقتدا بنایا، جماعت اسلامی کے نزدیک ان کے پاس بھی پورا صحیح دین نہیں تھا، بلکہ ان پر جاہلیت کے حملے ہوتے تھے اور جاہلیت تو بالکل اسلام کی ضد ہے، تو پھر انہوں نے امت کو اسلام پہونچایا، یا اسلام کی ضد پہونچائی، انہیں کے پہونچانے سے امت کے پاس اسلام پہنچا، مگر مودودی صاحب اور ان کی جماعت کے نزدیک کسی کے پاس بھی صحیح دین اسلام نہیں پہونچا۔ تقریباً چودہ صدی اس گہری گمراہی، بے دینی اور ضلالت میں بیت گئیں کہ لوگ بے دینی کو دین سمجھتے رہے، اور اسلام کی ضد کو اسلام سمجھتے رہے، اب مودودی صاحب نے اسلام کو صحیح طور پر پیش کیا ہے تو ظاہر ہے کہ ایسے بانی جماعت اور ایسی جماعت کو اہل سنت والجماعت سے کیا تعلق ہے؟ ایسی کتابیں جن میں یہ سب کچھ بھرا ہوا ہو خریدنا اور فروخت کرنا کب درست ہوسکتا ہے؟ (۱) اور ایسے لوگوں سے دینی تعلق کیسے رکھا جاسکتا ہے؟

مودودی صاحب کی کتاب ''خلافت وملوکیت'' کو دیکھئے کہ کس کس طرح صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو نشانۂ ملامت بنا رکھا ہے، پھر صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے بعد کسی اَور کی کیا حیثیت باقی رہ جاتی ہے، مسلمانوں نے جس جس جماعت، جس جس فرد کیساتھ دینی عقیدت قائم کر کے ان کو اپنا رہنما تسلیم کیا ان پر مودودی صاحب نے ایسی تخریبی تنقیدیں کی ہیں کہ جس سے ساری عقیدت ختم ہو کر طبیعتوں میں نفرت بیٹھ جائے، جو شخص اپنے زمانہ کا عام طرز خیال بدلنا چاہتا ہو اور لوگوں کی روش میں اصولی تغیر پیدا کرنیکا خواہشمند ہو وہ مجبور ہے کہ ابتداء میں تعمیری افکار کو آہستہ آہستہ بتدریج اور باقساط پیش کرے، تخریبی تنقید کے بغیر وہ الفت وشیفتگی دور نہیں کی

---

(۱) قال تعالیٰ: ﴿ومن الناس من یشتری لهو الحدیث لیضل عن سبیل الله﴾. ''وفی أسباب النزول للواحدی عن الکلبی ومقاتل أنه کان یخرج تاجراً إلی فارس، فیشتری أخبار الأعاجم. وفی بعض الروایات: کتب الأعاجم، فیرویها و یحدث بها قریشاً ویقول لهم: إن محمداً علیه الصلاة والسلام یحدثکم بحدیث عاد وثمود، وأنا أحدثکم بحدیث رستم، واسفندیار وأخبار الأکاسرة، فیستملحون حدیثه ویترکون استماع القرآن فنزلت''. (روح المعانی: ۲۱/۶۷، سوره لقمان، آیت: ۶، دار إحیاء التراث بیروت)

Made searchable using ScribeTools.com

جاسکتی، جولوگوں کورائج الوقت تخیلات اورطریقہائے عمل سے طبعی طور پر ہوا کرتی ہے اور جب تک یہ الفت دور نہ ہوان کے دماغ کسی نئی بنیاد پر تعمیری نقشہ سوچنے اور سمجھنے کیلئے تیار نہیں ہو سکتے، لہذا تخریب کے بغیر یا ناکافی تخریب کے ساتھ نئی تعمیر کا نقشہ پیش کردینا سراسر نادانی ہے۔ (ترجمان القرآن ،جلد: ۱۴،عدد:۲، ص:۱۳۴)(۱)۔

اس اصول کی بناء پر دستور میں تجویز کیا گیا ہے کہ رسولِ خدا کے سوا کسی کو تنقید سے بالاتر نہ سمجھے، یہ بنیادی عقیدہ ہے اس کے پیش نظر کسی کو بخشا نہیں جائے گا۔ اسی وجہ سے ''صحیح بخاری شریف'' پر بھی تنقید کرتے ہوئے ایک حدیث کے متعلق لکھ دیا ہے ''یہ جھوٹ ہے، مہمل افسانہ ہے''۔ (رسائل و مسائل، ج:۲، نمبر:۲)(۲)۔

اور ''تفہیم القرآن'' میں حضرت یونس علیہ الصلاۃ والسلام پر بھی سخت تخریبی تنقید کی ہے(۳)۔ مودودی صاحب تخریبی تنقید کے زور میں وہ چیزیں بھی اپنا لیتے ہیں، جن کو اہل باطل نے اختیار کیا ہے۔

کبھی ان کی تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ خوارج کی محفل میں ہیں اور ان کی تائید کر رہے ہیں اور جو آیات کفار کے حق میں نازل ہوئی تھیں ان کو مسلمانوں پر اور ان کے مقتداؤں پر چسپاں کر رہے ہیں، کبھی خیال آتا ہے کہ روافض کی مجلس میں ہیں اور خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی ذوات مقدسہ میں کیڑے ڈال رہے ہیں، کہیں تصور ہوتا ہے کہ مرزائیوں کے دربار میں ہیں اور حضرت عیسی علیہ السلام کے رفع جسمانی کو عقیدہ تثلیث سے مربوط کر رہے ہیں، کہیں معلوم ہوتا ہے کہ وہ معتزلہ کی ہنگامہ آرائیوں میں گناہ گار مسلمانوں کو ایمان سے خارج ہونیکا نوٹس دے رہے ہیں۔ اور جہاں جس مقصد کے لئے مناسب سمجھتے ہیں، اپنی فہم کے مطابق کسی آیت یا کسی حدیث یا کسی قول کا بھی سہارا لے لیتے ہیں تاکہ دیکھنے والا سمجھے کہ

---

(۱)(ترجمان القرآن، جلد: ۱۴، عدد: ۲، ص: ۱۳۴)

(۲)(رسائل و مسائل، ج: ۲، ص: ۲۶، طبع سوم)

(۳)''حضرت یونس علی نبینا وعلیہ السلام سے فریضہ رسالت کی ادائیگی میں کچھ کوتاہیاں ہوگئی تھیں اور غالبًا انہوں نے بے صبر ہوکر قبل از وقت اپنا مستقر بھی چھوڑ دیا تھا''۔ (تفہیم القرآن، ج:۲،ص:۳۲۱،سورہ یونس،آیت:۹۸ پارہ۱۱)

نوٹ: تفہیم القرآن کے طبع سوم میں یہی الفاظ بعینہ موجود ہیں، بعد کے ایڈیشنوں میں اس عبارت کو تبدیل کیا گیا ہے۔ تفصیل کیلئے ملاحظہ فرمائیں (معارف القرآن:۴/۵۷۰، مکتبہ ادارۃ المعارف کراچی)

ان کوتو حدیث سے بھی تعلق ہے اور کسی قول سے بھی استدلال کر لیتے ہیں۔ خدائے پاک ان کو ہدایت دے اور ان کی گمراہیوں کو ان پر واضح فرما کر توبہ کرنے اور صراط مستقیم پر چلنے کی توفیق دے اور جتنی گمراہی ان کے ذریعہ سے پھیلی ہے اس کی اصلاح کی بھی توفیق دے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

ایضاً

سوال[۵۰۲]: جماعت اسلامی کے بارے میں کچھ لوگ کہتے ہیں کہ بڑی اچھی جماعت ہے، دین کی صحیح سمجھ اس جماعت میں حاصل ہوتی ہے، مگر میرے بعض دوست کہتے ہیں کہ یہ جماعت اچھی نہیں ہے اس سے دور رہنا چاہئے، حالانکہ میں نے انکی کئی کتابیں پڑھی ہیں بظاہر کوئی قابل اعتراض بات نظر نہیں آئی، آپ سے گذارش ہے کہ حکم اس جماعت کے متعلق ارشاد فرمائیں تاکہ یہاں کے لوگ ہدایت پائیں۔ عزیز الرحمٰن وانمباڑی۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

سید ابوالاعلیٰ مودودی صاحب بانی جماعت اسلامی نے باقاعدہ معتبر اساتذہ سے قرآن وحدیث کی تعلیم حاصل نہیں کی، زیادہ تر ان کی معلومات اپنے مطالعہ سے ہیں، وہ اپنی رائے کے مقابلہ میں کسی کو معتبر نہیں سمجھتے، بلکہ اپنی رائے کے ذریعہ موجودہ علماء اور گذشتہ فقہاء ومحدثین، اولیائے کرام، حتی کہ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی ذوات مقدسہ پر بھی رکیک حملے کرتے ہیں، اور فہم دین میں ان کو ناقص تصور کرتے ہیں۔

بسا اوقات وہ اہل سنت والجماعت کے متفقہ مسلک سے ہٹ کر معتزلہ، خوارج، روافض، غیر مقلد، منکرین، مرزائیوں کی باتوں کو ترجیح دے کر اختیار کر لیتے ہیں، جس سے سخت گمراہی پھیلتی ہے اور ان سے متاثر لوگوں کے ذہن میں آہستہ آہستہ یہ بات قائم ہو جاتی ہے کہ چودہ صدی میں دین کو صحیح سمجھنے والا اور پورے دین کو اختیار کرنے والا کوئی شخص نہیں پیدا ہوا صرف مودودی صاحب نے پورے دین کو صحیح سمجھا ہے اور سب لوگوں کی غلطیوں کا پردہ چاک کیا ہے، کیونکہ سب لوگ اپنی ناسمجھی، خودغرضی یا خداپرستی کی بناء پر دین کو غلط اور بے دینی کو دین سمجھے ہوئے تھے، یہ تصور اتنا خطرناک ہے جس کی حد نہیں، ساری امت کو اور اس کے دین کو ناقص اور غلط سمجھنا حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کی خدمات کو ختم کرنا اور ان سے اعتماد کو ختم کر دینا ہے۔ استغفر اللہ۔

Made searchable using ScribeTools.com

معلوم نہیں کہ آپ نے مودودی صاحب کی کیا کتابیں دیکھی ہیں اور آپ کے پاس قرآن کریم، حدیث شریف، تفسیر، اصول فقہ کے علوم کس قدر ہیں جن کے ذریعہ حق کو باطل سے پرکھا جاسکتا ہے۔

کیا ''خلافت وملوکیت'' کا آپ نے مطالعہ نہیں کیا؟ جس میں اونچے اونچے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم پر کس قدر تخریبی تنقیدیں کی ہیں، حالانکہ حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی تعریف فرمائی، ان کو جنتی قرار دیا ہے(۱) ان پر اعتماد کرنے کیلئے حکم فرمایا(۲) ایسے حضرات مودودی صاحب کے نزدیک قابل اعتماد نہیں۔

ان کی دوسری کتابیں: ''تنقیحات، تجدید واحیاء دین، تفہیمات، رسائل ومسائل'' میں بھی اس قسم کے مضامین بھرے ہوئے ہیں مگر ان کو مضمون نگاری میں مہارت ہے، عبارت آرائی میں عام طور پر لوگ بہک جاتے ہیں، ان کے رد میں بھی بہت سی کتابیں لکھی گئی ہیں، مثلاً ''کشف حقیقت''، ''تعبیر کی غلطی''، ''مودودی مذہب''، ''مودودی صاحب کے غلط نظریات''، ''کھلی چھٹی''۔ خدا جانے ایسی بھی کوئی کتاب آپ نے دیکھی ہے یا نہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

---

(۱) "عن عبد الرحمٰن بن عوف رضی الله عنه أن النبی صلی الله علیه وسلم قال: "أبوبکر فی الجنة، و عمر فی الجنة، وعثمان فی الجنة، وعلی فی الجنة، وطلحة فی الجنة، والزبیر فی الجنة، و عبد الرحمٰن بن عوف فی الجنة، و سعد بن أبی وقا ص فی الجنة، وسعید بن زید فی الجنة، وأبو عبیدة بن الجراح فی الجنة". (جامع الترمذی: أبواب المناقب، مناقب عبدالرحمن بن عوف رضی الله تعالیٰ عنه: ۲/۲۱۵، سعید)

(وکذا فی مشکوٰة المصابیح، کتاب المناقب، باب مناقب العشرة، الفصل الثانی، ص: ۵۶۶، قدیمی)

(۲) "عن أبی بردة -رضی الله تعالیٰ عنه- عن أبیه قال: صلینا المغرب مع رسول الله صلی الله علیه وسلم: (وساق الحدیث إلی أن قال) قال: فرفع رأسه إلی السماء وکان کثیراً مما یرفع رأسه إلی السماء فقال: "النجوم أمنة للسماء فإذا ذهبت النجوم أتی السماء ما توعد، وأنا أمنة لأصحابی فإذا ذهبت أنا أتی أصحابی ما یوعدون، و أصحابی أمنة لأمتی، فإذا ذهب أصحابی أتی أمتی ما یوعدون". (الصحیح لمسلم، کتاب الفضائل، باب بیان أن بقاء النبی صلی الله علیه وسلم أمان لأصحابه: ۲/۳۰۸، قدیمی)

(ومسند الإمام أحمد بن حنبل، مسند أبی موسی الأشعری رضی الله تعالیٰ عنه: ۵/۵۴۳، رقم الحدیث: ۱۹۷۲، دارإحیاء التراث بیروت)

جماعت اسلامی کا تفصیلی جائزہ ایک خط کے جواب میں

محترمی زیداحترامہ.....السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

[۵۰۳] جماعت اسلامی تقریباً ۲۵/ سال سے تشکیل یافتہ صورت میں کام کررہی ہے اس کے پمفلٹ، اخبار، رسالے، کتابچے، کثیر تعداد میں شائع ہو چکے ہیں اور شائع ہوتے رہتے ہیں، اس کا دستور بڑی اہمیت کے ساتھ مرتب کیا گیا، نصب العین اور طریق کار بھی تجویز کیا گیا، جو حضرات مفکر اور اہل قلم اس میں شریک ہوئے انہوں نے بڑی جدوجہد سے اس کی حمایت کی، دوسرے حضرات اہل علم نے اس کو قبول نہیں فرمایا، کچھ نے اپنی نجی مجلسوں میں اس پر نکیر کی، سوالات پیدا ہوئے، بات زیادہ بڑھی تو جلسوں تک نوبت آئی، اور بڑے بڑے عام جلسوں میں تقریریں کی گئیں اور جماعت کی جو چیزیں کتاب اور سنت سے ٹکراتی تھیں ان کو پیش کیا گیا۔

پھر سوالات تحریری شکل میں آنے شروع ہوئے، ان کے جوابات دیئے گئے، مستقل رسالے رد میں لکھے گئے، ان رسائل و جوابات کا بھی اچھا خاصہ ذخیرہ ہو گیا مگر نہ اتنا کہ جماعت اسلامی کے لٹریچر کے ہم پلہ ہو سکے، جماعتی لٹریچر کے مقابلہ میں یہ رد نہ ہونے کے برابر ہے، دیوبند، سہارنپور، تھانہ بھون، رام پور، علی گڑھ، اعظم گڑھ، مونگیر وغیرہ مقامات سے بھی جماعت کا رد لکھا گیا، اور دلائل قویہ پیش کئے گئے، دونوں طرف کے حضرات کو بار بار غور وخوض کا موقعہ ملا، بعض مقامات پر تبادلہ خیال کی بھی نوبت آئی۔

امیر جماعت سید ابوالاعلیٰ مودودی صاحب نے مخالفت کرنیوالے حضرات کی کسی تحریر وتقریر کو حق اور نیک نیتی پر محمول نہیں کیا، کبھی فرمایا کہ یہ لوگ الیکشن کی وجہ سے ہماری مخالفت کرتے ہیں، کبھی لکھا کہ یہ جماعتی تعصب میں مبتلا ہیں، کبھی کہا کہ یہ قرآن وحدیث کو نہیں سمجھتے، ان کا ایمان محض تقلیدی ایمان ہے، انہوں نے اپنا ایمان اکابر کے سپرد کر رکھا ہے خدا کے سپرد نہیں کیا، ان کے دلوں میں خوف خدا نہیں، یہ جو کچھ اعتراض کرتے ہیں وہ جھوٹ ہے افتراء ہے، بددیانتی ہے، یہ لوگ نفس پرستی میں مبتلا ہیں، اپنی غلطیوں کو دین وتقوی بنا کر پرستش کرتے اور کراتے رہتے ہیں، اس کو چھوڑ کر نیا دین قبول کرنا ان کیلئے آسان کام نہیں ہے یہی تو وہ جہاد اکبر ہے جس کے اہل بہت کم ملتے ہیں۔

ان لوگوں کے لئے آزمائش کا وقت آ گیا ہے، جو حق پرست ہیں وہ ہمارے ساتھ رہیں گے اور جو اشخاص پرست ہیں وہ ہم سے الگ ہو جائیں گے، میں تو سمجھتا ہوں کہ خدا نے یہ فیصلہ کرلیا ہے کہ ان کو دین کی

Made searchable using ScribeTools.com

خدمت کی توفیق ہی نہیں دے گا، بلکہ جن فتنوں کی خدمت کر رہے ہیں انہیں میں مشغول رہیں گے، وغیرہ وغیرہ۔غرض کسی کے اختلاف کو حق پر محمول نہیں کیا،لیکن جماعت کے اونچے حضرات نے بہر حال غور کیا، کچھ پر اپنی غلطی منکشف ہوگئی وہ جماعت سے علیحدہ ہوگئے، کچھ کو دیر لگی اور وہ پندرہ بیس سال تک جماعت میں عہدوں پر فائز رہے اور پوری ذمہ داری کے ساتھ نیک نیتی سے خدمات انجام دیتے رہے،اس کے بعد ان پر اپنی غلطی منکشف ہوئی اور وہ جماعت سے علیحدہ ہوگئے۔علیحدہ ہونے والوں کو جماعت نے جن خطابات سے نوازا آپ سے مخفی نہیں ہوں گے:''یہ دین سے ہٹ گئے''،''خدا سے منہ موڑ لیا''،''مرتد ہوگئے''(نعوذ باللہ) جماعت سے علیحدہ ہونے والوں کی تفصیلی فہرست بھی آپ کے علم میں ہوگی، وہ ایسے بلند پایہ لوگ ہیں جن کے متعلق نام بنام سید ابوالاعلی مودودی صاحب نے تحریر فرمایا تھا: کہ''میرے ساتھ ایسے ایسے اہل علم واہل قلم ہیں کہ اگر میری کوئی بات بھی غلط ہوتی تو یہ لوگ مجھے فوراً روک دیتے اور آئندہ بھی میرا کوئی غلط قدم اٹھے گا تو مجھے فوراً روک دیں گے، یہ کھلی علامت ہے اس بات کی کہ جو کچھ میں نے کہا اور اختیار کیا وہ حق ہے''۔

اب تلاش کر کے دیکھئے کہ اس دستور بنانے والوں اور تشکیل کرنیوالوں اور جماعت کا سنگ بنیاد رکھنے والوں میں سے مودودی صاحب کے ساتھ کتنے آدمی باقی رہ گئے،مولانا امین احسن صاحب نے لکھا ہے کہ''شاید ایک دو تبرک کے طور پر باقی ہوں ورنہ سب الگ ہوگئے کسی نے خاموشی اختیار کی، کسی نے جماعت کی خامیوں اور گہری غلطیوں اور گمراہیوں کو تفصیل سے بیان کیا''۔ الفرقان لکھنو کے وہ فائل دیکھئے جس میں مولانا منظور احمد صاحب نعمانی نے اپنی علیحدگی کے اسباب کو بیان کیا ہے اور کس طرح توبہ کی، معلوم ہوتا ہے کہ سخت ترین گمراہی وضلالت میں دیر تک پھنسے رہے، جس سے خدا کے سامنے عہدہ برآ ہونے کی صورت نہیں تھی، مولانا امین احسن صاحب کا''میثاق'' ملاحظہ کیجئے وہ لکھتے ہیں:''میں سولہ سال تک ایک راہ گم کردہ قافلہ کا ساتھ چھوڑ کر آرہا ہوں''۔مولانا عبدالغفار صاحب، حکیم شمس الحسن بھی علیحدہ ہوئے،اور اسباب علیحدگی بیان کئے۔

مولانا مدنی رحمہ اللہ تعالیٰ نے دستورِ مودودی صاحب کے سلسلہ میں جو کچھ لکھا ہے،اس کی تردید بہت زوردار طور پر کی گئی اور جماعت اسلامی کے بہت سے اہل قلم نے کی ہے، نیز دستور کا وہ چھوٹا سا ٹکڑا لے کر بہت سے علما سے دریافت کیا گیا ہے اور فتوے حاصل کئے گئے ہیں جن میں سے بعض کے حوالے آپ نے بھی دیئے ہیں حتی کہ اس کی تردید میں حکیم عبدالرحیم اشرف صاحب نے مستقل ایک کتاب تصنیف فرمائی ہے جس کا نام ہے

Made Searchable by ScribeTools.com

''کیا جماعت اسلامی حق پر ہے؟'' مگر خدا کی قدرت کہ جیسے ہی وہ کتاب شائع کی ویسے ہی اپنی غلطی ان پر منکشف ہوئی، جماعت اسلامی سے علیحدہ ہو گئے اور اپنے لکھے ہوئے گذشتہ مضامین کے کفارہ میں اب تک مسلسل مشغول ومنہمک ہیں ملاحظہ کیجئے ''المنبر'' لائل پور۔ جماعت کی گمراہی صرف دستور کی دفعہ نمبر ۶ کی وجہ تھی جس کو مولانا مدنی رحمہ اللہ تعالیٰ نے واضح فرمایا تھا اور اس کی تردید حکیم عبدالرحیم اشرف صاحب نے ''کیا جماعت اسلامی حق پر ہے؟'' کے ذریعہ کردی تھی اور جماعت کی گمراہی ختم ہوکر حقانیت ثابت ہوچکی تھی تو حکیم عبدالرحیم اشرف کی توبہ اور تحریر سے اس تردید کی تردید ہوکر وہ گمراہی پھر لوٹ آئی۔

غور طلب ہے کہ مولانا مدنی رحمہ اللہ تعالیٰ نے دستور کی دفعہ نمبر:۶ کی تردید کے لئے حق صریح (آیت قرانیہ واحادیث نبویہ کو پیش کیا ہے) اور آپ اس کی مخالفت میں اقوال اشخاص کو پیش کرتے ہیں جس کا حاصل یہ ہے کہ آپ نے معیار حق اشخاص کو قرار دیا ہے، حق سے اشخاص کو نہیں پرکھا۔

بات دراصل یہ ہے کہ تنقید سے جو کچھ جماعت اسلامی کا مقصد ہے اور لٹریچر میں پھیلا ہوا ہے کہ کس بری طرح تخریبی تنقید وتنقیص، تجہیل، تحمیق کرتی ہے، اس کی روشنی میں دفعہ نمبر:۶ کا سوال کیا جائے تو ہرگز ہرگز وہ جواب نہ ملے جو آپ نے نقل کیا ہے اور جماعت نے اپنی تائید میں شائع کیا ہے، بلکہ صاف اور صریح جواب ہر ذی علم سے یہی ملے گا جو کہ مولانا مدنی رحمہ اللہ تعالیٰ نے تحریر فرمایا ہے۔ آپ دونوں طرف کی کتابیں دیکھیں، جن کی شرکت کو مودودی صاحب نے معیار حق قرار دیا تھا، دیکھئے وہ کیسے قوی دلائل سے اس تحریک کو زیغ وضلال لکھ رہے ہیں، وحیدالدین خان صاحب اعظم گڑھ نے سوا پانچ سو صفحات کی کتاب ''تعبیر کی غلطی'' لکھی ہے جس میں ثابت کیا ہے کہ قرآن کی چار بنیادی اصطلاحیں: ''رب، الہ، دین، عبادت''، کی تعبیر مودودی صاحب نے غلط کی ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ۔

جماعت اسلامی پر غور کرنے کیلئے بنیادی امور

سوال[۵۰۴]:۱..... جماعت اسلامی برسرحق ہے یا گمراہ ہے اور اس کے بنیادی عقیدہ کے بارے آپ کی کیا رائے ہے؟

۲..... جماعت کے افراد کے پیچھے نماز ہو جاتی ہے یا نہیں؟

Made searchable using ScribeTools.com

۳.....اس جماعت کی مخالفت کرنا ہمارے لیے درست ہے یا غلط؟

۴.....مدارس دینیہ میں اس جماعت کے افراد کی خدمت قبول کی جاسکتی یا نہیں؟

۵.....اس جماعت کے اجتماعات میں شرکت کرنا اور اس کا لٹریچر پڑھنا کیسا ہے؟

الجواب حامد أومصلیاً :

چند اُمور عرض ہیں ان پر غور فرمائیں:

۱-صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اَجمعین امت کا سب سے پہلا طبقہ ہے جن کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دین اسلام کی تعلیم دی، ان کے قلوب میں اس کا یقین راسخ فرمایا اور ان سے عمل کرا کے ان کی زندگی میں راسخ کیا، تمام امت کیلئے ان پر نقل دین میں اعتماد لازم ہے، کسی صحابہ نے کوئی بات حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف غلط اور جھوٹ منسوب نہیں کی، تمام صحابہ کرام کا دامن اس سے پاک صاف ہے(۱)۔

۲-صحابہ کرام میں نفس صحابیت میں شرکت کے باوجود فرق مراتب بھی ہے، ان میں سے بعضے باپ ہیں ان میں سے بعضے بیٹے، بعضے دادا ہیں بعضے پوتے، بعضے استاذ ہیں بعض شاگرد، بعض بڑے ہیں بعض چھوٹے ہیں، بعض زیادہ حاضر باش ہیں بعض کم، بعض کی زندگی اسلام میں زیادہ گزری بعض کی کم، بعض کو فہم نصوص زیادہ حاصل ہوا بعض کو کم۔ پس اگر کسی استنباط اور اجتہاد میں اختلاف ہو وہاں استاذ کے قول کو شاگرد کے قول پر ترجیح دی جائے تو اس میں مضائقہ نہیں، یہ چیز نہ احترام صحابہ کے خلاف ہے، نہ اس پر کوئی اعتراض ہے، لیکن محض اپنی رائے سے بغیر دلیل شرعی کے صحابہ کرام کے قول کو رد کرنے کا کسی کو اختیار نہیں (۲)۔

---

(۱) "عن إبرهيم بن عبد الرحمٰن العذری قال :قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "يحمل هذا العلم من كل خلف عدوله، ينفون عنه تحريف الغالين وانتحال المبطلين وتاويل الجاهلين". (مشكوة المصابيح، ص: ۳۶، كتاب العلم، الفصل الثانی، قديمی)

"قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "أصحابی كالنجوم، فبأيهم اقتديتم اهتديتم". (مشكوة المصابيح، ص: ۵۵۴، باب مناقب الصحابه، قديمی)

(۲) "لقد يقع التعارض بين الحج، وحكمها (أی المعارضة) بين الآيتين المصير إلى السنة ..... و بين السنَّتين المصير إلى أقوال الصحابةالخ" (نور الأنوار، ص: ۱۹۳، ۱۹۴، سعيد)

"تقليد الصحابی واجب يترک به القياس: أی قياس التابعين ومن بعدهم". (نورالأنوار، ص: ۲۱۶، سعيد)

۳- یہ بھی ممکن ہے کہ کسی وقت کسی باپ نے اپنے بیٹے کو یا استاذ نے اپنے شاگرد کو کوئی سخت کلمہ کہد یا ہو یا چپت بھی ماردیا ہو تو آج اس کی حرص کرتے ہوئے کسی کو اس کا حق نہیں پہونچتا کہ ان صحابہ کی شان میں وہ بھی سخت کلمہ استعمال کرے اور استدلال کرے کہ ان کے باپ اور ان کے استاذ نے بھی تو یہ لفظ کہا تھا، میں نے کہد یا تو کیا قصور کیا؟ جیسے کہ کسی شخص کے والد کو اس کے دادا نے کبھی سخت کلمہ کہا ہو بلکہ کبھی چپت بھی ماردیا ہو تو اب یہ پوتا اپنے باپ کیساتھ وہی معاملہ کرنا چاہے جو اس کے دادا نے کیا تھا تو کوئی ادنی عقل والا بھی اس کی اجازت نہیں دے گا اور اس کو پسند نہیں کریگا۔

۴- صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے مناقب اور فضائل قرآن کریم (۱) اور مستند احادیث میں موجود ہیں (۲)، تاریخ کی رطب ویابس روایات پر بھروسہ کرتے ہوئے ان فضائل ومناقب سے صرف نظر کرنا ہرگز درست نہیں، خاص کر جب کہ یہ بھی معلوم ہو کہ ان تاریخوں کے لکھنے والے اس حیثیت کے آدمی نہیں جس حیثیت کے حضرات محدثین ہیں۔

۵- حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ ''میرے صحابہ سے اگر کوئی لغزش ہو جائے تو اس کو درگذر کرو اور اس کا ذکر مت کرو'' (۳) حق تعالیٰ کی بارگاہ میں ان کے کارنامے اتنے بلند ہیں کہ امید ہے کہ وہاں پکڑ نہیں ہوگی، پھر تنقید صحابہ کو مستقل مشغلہ بنانا اور اس میں کتابیں تصنیف کر کے ان کی پاکیزہ

---

(۱) قال الله تعالى: ﴿كنتم خير أمة اخرجت للناس﴾. الآية. قيل: اتفق المفسرون على أنه وارد في أصحاب رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم. وقال تعالى: ﴿وكذلك جعلناكم أمةً وسطاً لتكونوا شهداء على الناس﴾. وهذا خطاب مع الموجودين حينئذ. وقال سبحانه وتعالى: ﴿محمد رسول الله والذين معه أشداء على الكفار﴾. (مقدمة ابن الصلاح، ص: ۱۴۷، النوع التاسع والثلاثون)

(۲) "عن أبي سعيد الخدري قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "لا تسبوا أصحابي، فلوا أن أحدكم أنفق مثل أحد ذهباً، ما بلغ مد أحدهم ولا نصيفه". (مشكوة المصابيح، ص: ۵۵۳، مناقب الصحابه رضى الله تعالىٰ عنه، قديمى)

(وأيضاً مقدمة ابن الصلاح، المصدر السابق آنفاً)

(۳) قوله عليه الصلاة والسلام: " اقبلوا من محسنهم وتجاوزوا عن مسيئهم". (كنز العمال: ۱۲، ج: ۹، رقم الحديث: ۳۳۷۲۳، المكتبة التراث العربي)

Made searchable using ScribeTools.com

زندگیوں میں سے عیوب تلاش کر کے لکھنا ''ان میں یہ عیب تھا، ان سے یہ گناہ صادر ہوا، ان سے یہ کوتاہی ہوئی، ان سے یہ چوک ہوئی، آخر تھے تو وہ بشر ہی، بشری کمزوریوں سے خالی نہیں تھے، ان پر غیر دینی جاہلیت کے رہ رہ کے حملے ہوتے تھے جس کی بنا پر وہ ناکردنی حرکات کر گذرتے تھے، دین کی روح تڑپ اٹھتی تھی، انہوں نے باہمی جنگ وجدل میں جاہلیت میں جان دی''، وغیرہ وغیرہ۔ اس تنقید کی کہاں اجازت ہے (۱) جس سے ان کی ساری زندگی ہی عامیانہ زندگی اور مخدوش زندگی بن جاتی ہے جس کی بنا پر ان کا نقل کردہ دین ہی ناقابل اعتماد بن جاتا ہے، مودودی صاحب اور جماعت اسلامی کی کتابوں میں مثلاً ''خلافت وملوکیت'' (۲) ''تفہیمات'' (۳) ''معرکہ اسلام وجاہلیت'' وغیرہ میں یہ مضامین بھرے ہوئے ہیں۔

دور صحابہ کے بعد محدثین کا نمبر آتا ہے، جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات عالیہ مودودی صاحب اور ان کی جماعت کو صحابہ کرام کی ذوات مقدسہ کو نشانہ تنقید بنا کر مجروح کرنے سے نہیں روک سکے تو پھر محدثین کرام کا درجہ تو صحابہ کرام سے کم ہے ان کا کیا خیال کرتے، جو جو نہ کہنا چاہئے وہ وہ ان کو کہا گیا، نتیجہ یہ نکلا کہ فہم دین میں صرف اپنے دماغ وفہم پر اصالۃً اعتماد ہو گیا، جو چیز صحابہ کرام اور محدثین وغیرہ حضرات سے اپنے فہم ودماغ کے مطابق مل جاتی وہ علی الرأس والعین ہے اور جو چیز خلاف ہو وہ ردی کی ٹوکری میں ڈال دینے کے قابل ہے اور استدلال یہی کہ ہر ایک کی تنقید درست ہے (۴) حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ وغیرہ سے جو کچھ آپ نے نقل کیا ہے انصاف کے ساتھ غور کریں کیا واقعی ان کا مقصد صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو اس

---

(۱) ''عن عبداللہ بن مغفل قال :قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:'' اللہ اللہ فی أصحابی، لا تتخذوهم غرضاًمن بعدی''. الحدیث (مشکوٰة المصابیح ، ص: ۵۵۴ ،باب مناقب الصحابه، قدیمی)

(۲) حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے متعلق لکھا ہے کہ: ''ایک اور نہایت مکروہ بدعت حضرت معاویہ کے عہد میں یہ شروع ہوئی کہ وہ خود اور ان کے حکم سے تمام گورنر خطبوں میں برسر منبر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر سب وشتم کی بوچھاڑ کرتے تھے حتی کہ مسجد نبوی میں منبر رسول پر عین روضہ نبوی کے سامنے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے محبوب ترین عزیز کو گالیاں دی جاتی تھیں''۔ (خلافت وملوکیت، ص:۱۶۲، طبع سوم)

(۳) ''بسا اوقات صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم پر بھی بشری کمزوریوں کا غلبہ ہو جاتا ہے''۔ (تفہیمات، ص: ۳۵۸، مسلک اعتدال، حصہ اول، اسلامی پبلیکیشنز لاہور)

(۴) ''رسول خدا کے سوا کسی انسان کو معیار حق نہ بنائے کسی کو تنقید سے بالاتر نہ سمجھے''۔ (دستور جماعت اسلامی پاکستان، ص:۲۴)

طرح مجروح کرنا اور نشانۂ ملامت بنانا ہے؟

۶-حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ پر جو تنقید کی گئی ہے اس کو بھی شاید آپ نے مودودی صاحب وغیرہ کی کتابوں میں ملاحظہ کیا ہوگا جہاں انہوں نے لکھا ہے کہ ''امت کو بت پرستی سے تو بچایا ہے مگر پیر پرستی میں مبتلا کر دیا کہ مرید ہوتے ہی پیر کو رب سمجھا جانے لگا'' کس قسم کی تنقیدیں ہیں کہ روا نہیں رکھی گئی اور مسلمانوں کو اس مہلک مرض میں مبتلا کر دیا، جس شخص کا یہ حال ہو صحابہ پر تنقید کرتے ہیں، اس کے قول سے استدلال کرتے ہیں، تجدید و احیاء دین وغیرہ آپ کی نظر سے گذری ہوگی۔

۷-قرآن کریم کی آیات اور مستند احادیث صحابہ کرام کے حق میں ذرا ملاحظہ کیجئے: ﴿السابقون الأولون من المهاجرين والأنصار والذين اتبعو هم بإحسان رضى الله عنهم ورضوا عنه، وأعد لهم جنات تجرى تحتهاالأنهار، خالدين فيها أبداً، ذلك الفو ز العظيم﴾(۱)

"أصحابى كا لنجوم، فبأيهم اقتديتم، اهتديتم"، (۲)﴿رجال صدقوا ما عاهدوا الله عليه، فمنهم من قضى نحبه، ومنهم من ينتظر، وما بدلوا تبديلا﴾(۳) ﴿ولكن الله حبب إليكم الإيمان وزينه فى قلوبكم، وكره إليكم الكفر والفسوق والعصيان﴾(٤)۔

"عن أبى سعيد الخدرى رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى عليه وسلم: "لا تسبوا أصحابى، فلو أن أحدكم ينفق مثل أحد ذهباً، مابلغ مد أحدهم ولانصيفه"(٥)۔ (وقال النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم): "من سب أصحابى، فعليه لعنة الله والملا ئكة والناس

---

(۱)(سورة التوبة: پ، ۱۱، آیت ۱۰۰)

(۲) (مشکوٰة المصابیح، ص: ۵۵۴، باب مناقب الصحابة، الفصل الثالث، قدیمی)

(۳) (سورة الأحزاب: پ، ۲۱، آیت: ۲۳)

(۴)(سورہ الحجرات: پ، ۲۶، آیت: ۷)

قال الله تعالىٰ: ﴿محمد رسو ل الله والذين معه أشداء على الكفار، رحماء بينهم، تراهم ركعاً سجداً يبتغون فضلاً من الله ورضواناً﴾. (سورہ الفتح، پ: ۲۶، آیت: ۲۹)

(۵)(مشکوٰة المصابیح، ص: ۵۵۳، باب مناقب الصحابة، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

أجمعين، لا يقبل منه صرفاً ولاعدلاً"(۱)۔ "إن اللّٰه اختار أصحابی علی جمیع العالمین سوی النبیین والمرسلین، واختار لی منهم أربعة: أبابکر، وعمر، وعثمان، وعلیاً، فجعلهم خیر أصحابی، و فی أصحابی کلهم خیر"(۲)۔

"أیها الناس! إن اللّٰه غفرلأهل بدر والحدیبیه، احفظوا فی أصحابی وأصهاری وأختانی، لا یطالبنکم أحد منهم بمظلمة، فإنها مظلمة لاتوهب فی القیا مة غداً" (۳)۔

اَور چند احادیث کا خلاصہ عرض ہے:

۱-''جس نے میرے صحابہ میں میری رعایت کی اللہ اس کی دنیا وآخرت میں حفاظت فرمائے گا اور جس نے ان میں میری رعایت نہ کی اللہ تعالیٰ اس سے بری ہے اور جس سے اللہ تعالیٰ بری ہے عنقریب اللہ تعالیٰ اس کو پکڑ یگا'' (ہلاک فرمادیگا)(۴)

۲-''جس نے میرے اصحاب میں میرے حق کی حفاظت کی وہ حوض کوثر سے سیراب ہوگا اور جس نے حفاظت نہ کی، حوض کوثر سے سیراب نہ ہوگا (۵) اور نہ مجھے

---

(۱) (مظاهر حق: ۸۴/۴، باب مناقب الصحابة ، مکتب اشاعت دینیات انار کلی لاهور)

"قال صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم:" من سب أصحابی فعلیه لعنة اللّٰه والملا ئکة والناس أجمعین". (فیض القدیر ۵۸۵۳/۱۱،رقم الحدیث ۸۷۳۴)

"عن ابن عمر رضی اللّٰه تعالیٰ عنهما قال :قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم:" إذارأیتم الذین یسبون أصحابی فقولوا: لعنة اللّٰه علی شرکم". (جا مع الترمذی، ۲۲۵/۲،باب من یسب أصحاب النبی صلی اللّٰه علیه وسلم، سعید)

(و مشکوة المصابیح، ص: ۵۵۴،باب منا قب الصحابه، قدیمی)

(۲) (جمع الجوامع للعلامة السیوطی ، ص:۴۶۲۴، بیروت)

(۳) کنزل العمال، بلفظ : " یاایها الناس! احفظونی فی أختانی وأصهاری، لایطلبنکم اللّٰه بمظلمة أحدٍ منهم فإنها لیست مما توهب". (۵۴۱/۱۱، رقم الحدیث: ۳۲۵۳۶، مکتبه التراث الإسلامی، حلب)

(۴) (حکایات صحابه، ص:۲۰۰، کتب خانه فیضی لاهور)

(۵) (حکایاتِ صحابه، ص: ۲۰۰، کتب خانه فیضی، لاهور)

دیکھے گا مگر دور سے''۔

اب کچھ اکابر کے اقوال بھی سنئے:

حضرت عبداللہ بن مبارک رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ: ''جس میں دو خصلتیں ہوں گی وہ نجات پا جائے گا: حق تعالیٰ اور مخلوق کے ساتھ سچائی، اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کے ساتھ محبت''۔

حضرت ایوب سختیانی رحمہ اللہ تعالیٰ کا قول ہے: ''جس نے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے محبت کی اس نے دین کو قائم کیا اور جس نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے محبت کی، اللہ کے راستہ کو واضح کیا، اور جس نے حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ محبت کی وہ اللہ کے نور کے ساتھ مستفیض ہوا، اور جس نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے محبت کی اس نے مضبوط حلقہ پکڑ لیا، جس نے تمام صحابہ کی تعریف کی وہ نفاق سے بری ہو گیا، جس نے ان میں سے کسی ایک سے بھی بغض رکھا وہ مبتدع ہے اور سنت وسلف صالحین کی مخالفت کرنیوالا ہے، مجھے اندیشہ ہے کہ اس کا کوئی عمل آسمان کی طرف نہیں چڑھ سکتا جب تک وہ ان تمام سے محبت نہ کرے اور اس کا دل ان کیلئے بغض وکینہ سے صاف نہ ہو''۔

حضرت سہل بن عبداللہ تستری کا ارشاد ہے کہ: ''جو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کی تعظیم نہ کرے اور ان کے اوامر کا احترام نہ کرے، اس کا ایمان ہی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر نہیں ہے''۔ شروح بخاری، مسلم شریف، مشکوۃ شریف، طبرانی وغیرہ کتب میں یہ سب چیزیں موجود ہیں۔

۸- مودودی صاحب اور ان کی جماعت کے اونچے ذمہ داروں کی تحریرات میں کچھ باتیں معتزلہ کی ہیں (۱) اور کچھ باتیں روافض کی ہیں (۲) کچھ خوارج کی ہیں، کچھ غیر مقلدین کی ہیں، (۳) کچھ منکرین حدیث کی ہیں، کچھ قادیانیوں کی ہیں، جو شخص یا جو فرقہ ان تمام کو تسلیم کرتا ہے ظاہر ہے کہ وہ اہل سنت والجماعت (ما أنا

---

(۱) ''کیونکہ مودودی صاحب نے مرزائیوں کی لاہوری جماعت کو کفر اور اسلام کے درمیان معلق قرار دیا ہے جو معتزلہ کا مذہب ہے''۔ (احسن الفتاوی: ۱/ ۳۲۵، سعید)

(۲) ''اسلئے کہ مودودی صاحب کی عبارت سے عقیدہ تحریف قرآن معنوی صراحۃً اور تحریف لفظی لزوماً ثابت ہوتا ہے''۔ (احسن الفتاوی ۱/ ۳۲۳)

(۳) ''چنانچہ مودودی صاحب کے نزدیک تقلید ناجائز اور گناہ ہے بلکہ اس سے شدید تر چیز ہے''۔ (رسائل ومسائل ۱/ ۲۴۴)

Made searchable using ScribeTools.com

علیه وأصحابی) (۱) سے نہیں۔

۹-مودودی صاحب کے نزدیک ''الہ، رب، عبادت، دین، اسلام، ایمان، توحید، رسالت، تقوی، سنت، اسوہ، بدعت''، وغیرہ اصطلاحات کے مفہومات جو امت میں شائع ہیں وہ غلط ہیں، پس ان کے نزدیک نہ کسی کا ایمان ایمان ہے، نہ کسی کا اسلام اسلام ہے، نہ کسی کی عبادت عبادت ہے، نہ کسی کا دین دین ہے، الغرض ہزار سال سے زیادہ مدت گذر چکی کہ ساری امت اس ضلالت اور گمراہی میں مبتلا ہے۔ مودودی صاحب نے ان تمام اصطلاحات کی وہ تشریح کی ہے جس کو اکابرِ سلف کی تشریح سے کوئی ربط نہیں، سب سے جداگانہ ہے۔'' قرآن کی چار بنیادی اصطلاحیں'' دیکھئے تو بات خوب واضح ہو جائے گی، اس وجہ سے اسکے رد میں ''تعبیر کی غلطی''، ''دورِ حاضر میں دین کی تفہیم وتشریح'' وغیرہ کتابیں ایسے لوگوں کے قلم سے نکلی ہیں، جو مدتِ دراز تک زور شور کے ساتھ مودودی صاحب کی حمایت کرتے رہے ہیں اور صدہا صفحات بلکہ ہزاروں کی تعداد میں پہلے لکھ چکے تھے، امید ہے کہ ان امور معدودہ سے آپ کے پنجگانہ سوالات کا جواب خود بخود آپ پر واضح ہو گیا ہوگا، مزید توضیح وتشریح کی حاجت نہیں رہی ہوگی۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲/ ۷/ ۱۴۰۱ھ۔

کیا صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے گناہ کا صدور ہوسکتا ہے؟

سوال[۵۰۵]: صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے گناہ کا ارتکاب ہوسکتا ہے یا نہیں؟ مودودی صاحب کیا کہتے ہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

حضرات صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا امت پر بہت بڑا احسان ہے کہ انہوں نے دین کو حضرت رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے حاصل کیا اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان پر اعتماد فرما کر دین ان کو سکھلا دیا اور اس کی تبلیغ کا ذریعہ بنا دیا، پھر انہوں نے عمر بھر اس کی اشاعت کی، جہاں جہاں تک پہونچ

---

(۱) (مشکوٰة المصابیح، باب الاعصام بالکتاب والسنة، الفصل الثانی، ص: ۳۰، قدیمی)

سکتے تھے وہاں جا کر دین کو پہنچایا۔ جن مقدس ہستیوں کو رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے امین قرار دیا(۱) آج ان کے متعلق یہ بحث کرنا کہ ان سے گناہ صادر ہوئے تھے اور انہوں نے فلاں فلاں گناہ کئے ہیں جیسا کہ جماعت اسلامی اور مودودی صاحب کی کتابوں میں بے لاگ تنقید کی جاتی ہے، درحقیقت ان کی امانت وذمہ داری کو مجروح کر کے ان سے بے اعتمادی پیدا کرنا ہے، جس کی زد حضرت رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جا کر پڑتی ہے کہ معاذ اللہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نااہلوں پر اعتماد فرمایا اور اتنی بڑی امانت کی ذمہ داری ان کے سر ڈالی جس کے وہ اہل نہیں تھے، اور اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ سارا دین مخدوش اور ناقابل اعتماد ہو جائے گا، اس لئے کہ جب صحابہ کرام پر اعتماد نہیں ہوگا تو تابعین، محدثین، فقہاء، مفسرین، اولیاء کاملین، متکلمین کسی پر بھی اعتماد نہیں رہے گا، کیونکہ ان سب کو جو کچھ دین پہونچا ہے وہ حضرات صحابہ کرام سے ہی پہونچا ہے، اول طبقہ کو بلاواسطہ، بعد والوں کو بالواسطہ۔

لہٰذا اخیر میں صحیح دین وہ شمار ہوگا جس کو مودودی صاحب بیان فرمائیں، کیونکہ بغیر ان کے واسطہ کے فرمائیں گے، جیسا کہ انہوں نے لکھا ہے: ''میں نے دین کو حال یا ماضی کے اشخاص سے سمجھنے کے بجائے ہمیشہ

---

(۱) ''عن أبی بردة عن أبیه –رضی اللہ تعالیٰ عنه– قال: ''صلینا المغرب مع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم (و ساق الحدیث إلی أن قال): قال: فرفع رأسه إلی السماء و کان کثیراً مما یرفع رأسه إلی السماء، فقال: ''النجوم أمنة للسماء، فإذا ذهبت النجوم، أتی السماء ما توعد، و أنا أمنة لأصحابی، فإذا ذهبت أنا، أتی أصحابی ما یوعدون، وأصحابی أمنة لأمتی فإذا ذهب أصحابی أتی أمتی ما یوعدون''. (الصحیح لمسلم، کتاب الفضائل، باب بیان أن بقاء النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم أمان لأصحابه اهـ: ۳۰۸/۲، قدیمی)

(مسند الإمام أحمد بن حنبل، مسند أبی موسی الأشعری رضی اللہ تعالیٰ عنه: ۵۴۳/۵، رقم الحدیث: ۱۹۰۷۲، ط، دارإحیاء التراث بیروت)

قال القاریؒ فی المرقاة: ''أی أمن، وقیل: أمان و مرحمة. و قیل: حفظة جمع أمین، و هو الحافظ''. (کتاب المناقب، باب مناقب الصحابة رضی اللہ تعالیٰ عنهم أجمعین، الفصل الأول: ۳۵۷/۱۰، رقم الحدیث: ۶۰۰۸، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

قرآن وسنت ہی سے سمجھنے کی کوشش کی'' (ترجمان القرآن)(۱)۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو جو شخص بُرا کہے ان کے عیوب شمار کرے، حدیث شریف میں ایسے لوگوں پر لعنت آئی ہے، حدیث شریف میں صاف صاف فرمایا گیا ہے کہ: ''میرے صحابہ کو گالی مت دو، برا مت کہو'' لیکن ایک مستقل جماعت ہے جو اسی کام میں لگی ہوئی ہے، اللہ پاک ہدایت دے۔

"عن ابن عمر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنهما قال:قال رسو ل اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم: "إذا رأیتم الذین یسبو ن أصحا بی فقولوا :لعنة اللّٰہ علی شر کم"۔ رواه الترمذی (۲)۔

"عن أبی سعید الخدری رضی اللّٰہ تعالی عنه قال:قال النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم: "لا تسبوا أصحابی، فلو أن أحد کم أنفق مثل أحد ذهباً، ما بلغ مد أحدهم ولا نصیفه"۔متفق علیه"(۳)۔

"عن عمر بن الخطاب رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه قال :"سمعت رسو ل اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم یقول: "سألت ربی عن اختلاف أصحابی من بعد ی، فأوحی إلیّ یا محمد! إن أصحا بك عندی

---

(۱) ''میں نے دین کو حال یا ماضی کے اشخاص سے سمجھنے کے بجائے ہمیشہ قرآن وسنت ہی سے سمجھنے کی کوشش کی ہے، اس لئے میں کبھی یہ معلوم کرنے کے لئے کہ خدا کا دین مجھ سے اور ہر مومن سے کیا چاہتا ہے یہ دیکھنے کی کوشش نہیں کرتا کہ فلاں اور فلاں بزرگ کیا کہتے ہیں، بلکہ صرف یہ دیکھنے کی کوشش کرتا ہوں کہ قرآن کیا کہتا ہے اور رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کیا کہا''۔ (روئیداد جماعت اسلامی، حصہ سوم، ص:۳۷)

مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: (اختلاف امت اور صراط مستقیم تالیف: حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی رحمہ اللہ، مسئلہ نمبر:۵، سید ابوالاعلیٰ مودودی)

(۲) (جا مع الترمذی: ۲۲۵/۲، أبواب المناقب فی باب من یسب أصحاب النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم، سعید)

(۳) (صحیح البخاری، کتاب المناقب، باب بلا ترجمة بعد مناقب أبی بکر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه: ۵۱۸/۱، قدیمی)

(الصحیح لمسلم، کتاب المناقب، باب تحریم سب الصحابة رضی اللّٰہ تعالیٰ عنهم : ۳۱۰/۲، قدیمی)

(وجامع الترمذی المصدر السابق)

Made Searchable by ScribeTools.com

بمنزلة النجوم فی السماء بعضها أقوی من بعض، ولکل نور، فمن أخذ بشیء مماهم علیه من اختلافهم فهو عندی علی هدی"۔ قال: و قال:رسو ل اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم:" أصحابی کالنجوم فبأیهم اقتد یتم اهتدیتم"۔ رواه رزین، مشکوة شریف، ص: ۲/۵۵٤(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

کیا اقوال صحابہ فرقہ بندی کا سبب؟

سوال[۵۰۶] : آپ کا مختصر سا جواب مجھ جیسے کم علم انسان کی ہدایت کیلئے نا کافی ہے، خاص طور سے وہ حدیث جو جناب نے وضاحت کے طور پر تحریر فرمائی ہے، یعنی ''جس طریقہ پر (اعتقادی، عملی، اخلاقی حیثیت سے) میں ہوں اور میرے صحابہ ہیں جو فرقہ اس طریقہ پر رہے گا نجات پائے گا''۔ جہاں تک مجھ کمترین کا علم ہے کہ فرق اسلام میں کوئی بھی فرقہ ایسا نہیں ہے جو اس کا مدعی نہیں کہ ہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقہ پر قائم ہیں، اور صرف ایک فرقہ کو چھوڑ کر جتنے فرقہ اپنے کو مسلمان کہتے ہیں خواہ حقیقۃً مسلمان نہ ہوں، یہاں تک کہ قادیانی بھی کہتے ہیں کہ ہم صحابہ کے عقائد پر قائم ہیں۔

سوال یہ ہے کہ کیسے سمجھا جائے کہ ان میں سے کون سا فرقہ واقعی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کے طریقہ پر قائم ہے اور باقی نہیں ہیں، جبکہ اکثر فرقوں کی بنیاد صحاح ستہ کی احادیث اور کلام پاک کی تفسیریں ہیں، مزید برآں یہ بات بھی سمجھ میں نہیں آتی کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے طریقہ کیساتھ صحابہ کے طریقوں کی شرط کیوں لگائی؟ کیا صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے طریقہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقہ میں فرق تھا اور اگر نہیں تھا تو اس قید کی کیا ضرورت تھی؟ صحابہ کے اعمال واقوال میں نمایاں تضاد کتب احادیث میں قدم قدم نظر آتا ہے، اور کوئی مسئلہ خواہ اعتقادی ہو عملی یا اخلاقی مابین فرقہائے مسلمین ایسا نظر نہیں آتا جس میں کوئی بھی فرقہ تمام صحابہ کو ہم خیال سمجھتا ہو اور ہر مسئلہ کیلئے بالکل مخالف سمت میں لے جانے والے صحابہ کے قول کتبِ احادیث میں ملتے ہیں اور سب کی نہیں تو زیادہ تر کی نسبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کی گئی ہے۔

اور یہی اختلاف اقوال مسلمانوں میں فرقہ بندی کا سبب بنا ہے، اس لئے یہ بات بالکل سمجھ میں نہیں آتی کہ وہ ہستیاں جن کے اقوال اور اعمال مسلمانوں میں فرقہ بندی کا سبب ہیں، انہیں کے طریقہ پر عمل درآمد

---

(۱)(مشکوة المصابیح، ص: ۵۵۴،باب مناقب الصحابة رضی اللہ عنهم ، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

نجات کا باعث ہوسکتا ہے، جبکہ مذکورہ اور مصدقہ حدیث شریف میں بہتّر کی ہلاکت اور صرف ایک کی نجات کی خبر دی گئی ہے۔ جواب سے ممنون فرمائیں۔ تجمل حسین برکی گونڈہ

الجواب حامداًومصلیاً:

آپ کے سوال کا حاصل یہ ہے کہ ''اقوال صحابہ میں تضاد ہے، یہ تضاد ہی امت میں فرقہ بندی کا سبب بنا ہے حتی کہ امت کے تہتر فرقہ ہوگئے، صرف ایک فرقہ ناجی ہے، بہتّر فرقے جہنمی ہیں، ان میں سب کی نہیں تو زیادہ تر کی نسبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کی گئی ہے، لہذا فرقہ ناجیہ تو وہ ہوگا جو کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقہ پر ہوگا نہ کہ وہ جو کہ صحابہ کرام کے طریقہ پر ہوگا، بہرحال حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کیوں ارشاد فرمایا جس طریقہ پر میں ہوں اور میرے صحابہ کرام ہیں اس طریق کی پیروی کرنیوالا فرقہ ناجی ہے(۱) یعنی اپنے ساتھ صحابہ کرام کو کیوں شامل کیا؟ جبکہ وہ خود ہی اپنے اختلاف کے ذریعہ بہتّر فرقوں کو دوزخی بنارہے ہیں، ان کے اتباع سے تو آدمی دوزخی بنے گا نجات نہیں پاسکتا''۔ اگر واقعی آپ کے سوال کا حاصل یہی ہے تو جذبات سے یکسو ہوکر ذرا غور کریں کہ اس سوال کی بنیاد کیا ہے اور اس کا نتیجہ کیا ہے؟

صحابہ کرام علیہم الرضوان کے جو اقوال کتب حدیث میں بسند منقول ہیں جن کی وجہ سے امت کے اتنے فرقے بن گئے اور ان اقوال کی نسبت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کی گئی ہے دو حال سے خالی نہیں: یہ نسبت صحیح کی گئی ہے یا غلط کی گئی؟ اگر صحیح کی گئی تو اس میں صحابہ کرام کا کیا قصور ہے؟ انہوں نے تو جو کچھ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا یا عمل کرتے دیکھا اس کو نقل کردیا، کیونکہ وہ اس کے مامور تھے(۲)۔ اس لحاظ سے

---

(۱) ''وعن عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ''لیأتین علی أمتی کما أتی علی بنی اسرائیل حذو النعل بالنعل''. فذکر الحدیث، وفیہ: ''وأن بنی اسرائیل تفرقت علی ثنتین وسبعین ملةً، وتفترق أمتی علی ثلاث سبعین ملةً، کلھم فی النار إلاملةً واحدة''. قالوا: من ھی یارسول! ؟قال: ''ما أنا علیہ وأصحابی'' رواہ الترمذی''. (مشکوة المصابیح، کتاب الإیمان، باب الاعتصام بالکتاب والسنة، الفصل الثانی، ص: ۳۰، قدیمی)

(۲) ''عن أبی بکرة ذکر النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال: ''فإن دماء کم وأموالکم''. قال محمد: وأحسبہ قال: ''و أعراضکم علیکم حرام کحرمة یو مکم ھذا فی شھر کم ھذا، ألا لیبلغ الشاھد منکم الغائب''. (صحیح البخاری، کتاب العلم، باب لیبلغ الشاھد الغائب: ۱/ ۲۱، قدیمی)

ان کواس میں نقل کے سوا کچھ بھی دخل نہیں، اور نقل صحیح ہے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ حضرت رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خود ہی تہتّر قسم کی متضاد باتیں ارشاد فرمائیں، جن میں سے بہتّر کو اختیار کرنے والوں کے لئے جہنم کا ٹکٹ تجویز فرما کر دوزخی ہونے کی سند دی اور صرف ایک کو اختیار کرنے والوں کے لئے جنت کی بشارت مرحمت فرمائی۔

اگر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے، ایسے متضاد قولوں کی نسبت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف غلط اور جھوٹ کی ہے (معاذ اللہ) تو پھر خود بھی اعتماد کے قابل نہیں رہتے۔ لہٰذا جو چیز بھی وہ نقل فرمائیں کوئی بھی قابل اعتماد نہیں ہوگی، پس قرآن کریم، حدیث، توحید، رسالت، ایمان، اسلام، اسوہ، سنت، عبادت، معاملات، اخلاق، واحکام یہ سب چیزیں جو کہ حضرات صحابہ ہی کے نفوس قدسیہ کے ذریعہ بعد والوں کے پاس پہونچی ہیں، ان پر کیسے اعتماد کیا جائے گا، جبکہ ان پاکیزہ ہستیوں ہی کو نقل میں کاذب تصور کرلیا جائے گا، استغفر اللہ العظیم، پھر اس حدیث مسئولہ ہی پر کب اعتماد ہوگا۔

خلاصہ یہ کہ ایک صورت میں تو حضرت سید الرسل صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس سے اعتماد ختم ہو جاتا ہے اس حیثیت سے کہ وہ تو ۷۳/ متضاد باتیں فرما کر ۷۲/ کے تسلیم کرنے والوں کو خود ہی جہنم میں بھیج رہے ہیں، حالانکہ اللہ پاک نے ان کی بعثت کا مقصد یہ فرمایا ہے کہ وہ جہنم سے بچا کر جنت کی طرف لائیں، تو جس آدمی کو اپنے پر اعتماد نہ رہے خود ہی غور کرلیا جائے کہ اس کا مقام رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک کہاں ہے؟ اور اللہ پاک کے نزدیک کہاں ہے؟ دوسری صورت میں صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم پر اعتماد نہ کر کے سارے دین ہی کو ناقابل اعتماد قرار دیا جاتا ہے۔

غرض دونوں صورتوں میں سے جو صورت بھی کسی سینہ میں ہوگی اس سینہ میں نہ ایمان ہوگا، نہ توحید ورسالت، نہ قرآن وحدیث، نہ حضرت رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اخلاق فاضلہ، یہ سب چیزیں رخصت ہو کر اس سینہ میں شیطان کا گھونسلہ ہوگا اور اس کے لوازمات۔

اس لئے کوئی مؤمن تو اپنے سینے میں اس سوال کو جگہ دے ہی نہیں سکتا، ہاں کوئی غیر مؤمن اس کو جگہ دے کر مؤمنوں کے دل میں وسوسہ اندازی کرے تو یہ ممکن ہے، اس کے جواب کی صورت اس کے مسلمان معلوم ہونے پر پیش کی جاسکتی ہے کہ آیا وہ قرآن وحدیث سے آزاد ہو کر صرف اپنی عقل کی روشنی میں جواب کا طالب

Made searchable using ScribeTools.com

ہے یا کوئی اَور صورت ہے، اور جن اصول کے پیش نظر وہ جواب کا خواہشمند ہے وہ اصول خود بھی صحیح ہیں یا مجروح ہیں۔ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آں محترم نے بھی یہ سوال کسی ایسے ہی شخص سے سنا ہے، خود آپ کے قلب میں پیدا نہیں ہوا ہے اور خدا کرے پیدا بھی نہ ہوں، اگر بطور وسوسہ آئے بھی تو اس کی تباہ کن خطرناکی کے تصویر سے (جن کی تفصیل احقر نے عرض کی ہے) فوراً ختم ہو جائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱/۴/۹۱ھ۔

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم پر مودودی صاحب کا طرز تنقید

سوال[۵۰۷]: ۱ ..... ابوالاعلیٰ مودودی کے خودساختہ اصول پر عمل کرنا اور بزرگان ملت وصحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے اوپر تنقید کرنا کیسا ہے؟

جنگ جمل اور جنگ صفین کو عوام کے سامنے بیان کرنا!

سوال[۵۰۸]: ۲ ..... حضرت عائشہ صدیقہ وحضرت علی وحضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم ان کے باہمی نزاع واختلاف کو لوگوں میں بیان کرنا اور اس پر تنقید کرنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم خصوصاً اکابر مہاجرین وانصار سے خوشنودیٔ حق تعالیٰ، نصوص میں مذکور ہے، ان کے اتباع کا حکم ہے (۱)، جو شخص ان اکابر کی شان میں ناشائستہ کلمات کہے، اس پر حدیث شریف میں لعنت آئی ہے (۲) اور بعد والے جو اکابر واسلاف ان کے طریق پر چلے اور ان کا اتباع کیا وہ بھی سب قابل

---

(۱) قال اللہ عز وجل: ﴿والسابقون الأولون من المهاجرين والأنصار والذين اتبعوهم بإحسان رضي الله عنهم ورضوا عنه، وأعد لهم جنٰت تجرى تحتها الأنهٰر، خلدين فيها أبداً، ذلك الفوز العظيم﴾. (التوبة: ۱۰۰)

" قال العلامه الآلوسي تحتها: "(قال محمد بن كعب القرظي): وشرط على التابعين شرطاً، قلت: وما ذلك الشرط؟ قال: شرط عليهم أن يتبعوهم بإحسان وهو أن يقتدوا بهم في أعمالهم الحسنة، ولا يقتدوا بهم في غير ذلك". (روح المعاني: ۱۱/۷، دار إحياء التراث بيروت)

(۲) "عن ابن عمر رضي الله عنهما قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "إذا رأيتم الذين يسبون أصحابي، فقولوا: لعنة الله على شركم". (جامع الترمذي، أبواب المناقب، باب فيمن سب أصحاب =

احترام ہیں، اگران حضرات پر تنقید کر کے ان کو مجروح کر دیا جائے تو پھر صحیح طور پر دین کے ہم تک پہونچنے اور آگے چلنے کی کوئی صورت نہیں رہے گی، کیونکہ ابتداءً دین برحق کو حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ان حضرات نے سیکھا اور حاصل کیا ہے، اگران پر اعتماد نہ رہے تو دین برحق کی کوئی صورت اور کوئی چیز قابل اعتماد نہیں رہے گی۔ جس تحریک اور جن کتابوں کا نتیجہ یہ ہو نہ اس تحریک میں شرکت درست ہے، نہ ایسی کتابوں کے مطالعہ کی اجازت ہے، اِلا یہ کہ کوئی اس کی تردید کی صلاحیت رکھتا ہو اور اس مقصد سے مطالعہ کرے۔

۲.....ان کے معاملات کیلئے محمل حسن تجویز کرنا لازم ہے(۱)۔

اس کیلئے حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کی کتاب ''ازالۃ الخفاء'' وغیرہ بہت مفید ہیں، ہرگز ان کی شان میں بے ادبی اور گستاخی نہ کی جائے کہ ایمان کیلئے خطرناک ہے، ایسے واقعات کو عوام کے سامنے بیان نہ کیا جائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/۴/۸۹ھ۔

حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر تنقید مع جواب

سوال[۵۰۹]: گرامی القدر جناب مفتی صاحب مدرسہ دارالعلوم دیوبند!

= النبی صلی اللہ علیہ وسلم، ۲/۲۲۵، سعید)

(۱) "ولا نذكر أحداً من أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم إلا بخير، يعنى وإن صدر من بعضهم بعض ما هو فى الصورة شر، فإنه إما كان عن اجتهاد، ولم يكن على وجه فساد من إصرار وعناد، بل كان رجوعهم عنه إلى خير ميعاد بناءً على حسن الظن بهم، ولقوله عليه الصلاة السلام: "خير القرون قرنى". الحديث..... ولذلك ذهب جمهور العلماء إلى أن الصحابة رضى الله تعالىٰ عنهم كلهم عدول قبل فتنة عثمان وعلىّ وكذا بعدها، وما نقل فيما شجر بينهم، واختلفوا فيه، فمنه ماهو باطل وكذب فلا يلتفت إليه، وما كان صحيحاً، أوّلناه تاويلاً حسناً؛ لأن الثناء عليهم من الله تعالىٰ سابق، وما نقل من الكلام اللاحق محتمل للتأويل، والمشكوك والموهوم لا يبطل المحقق والمعلوم هذا. وقال الشافعى: تلك دماء طهر الله أيدينا منها، فلا نلوث ألسنتنا". (شرح الفقه الأكبر للقارى، قبيل قول المانن ولا نكفر مسلماً بذنب، ص: ۱۷۱، قديمى)

Made Se[illegible]ools.com Made searchable using ScribeTools.com

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

گذارش یہ ہے کہ مولانا ابوالاعلیٰ مودودی صاحب کی کتاب ''خلافت وملوکیت'' چھٹا ایڈیشن، ص:۱۰۶: ''لیکن ان کے بعد حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ جانشین ہوئے، رفتہ رفتہ وہ اس پالیسی سے ہٹتے گئے، انہوں نے رشتہ داروں کو پے در پے بڑے بڑے اہم عہدے عطا کئے اور ان کے ساتھ دوسری ایسی رعایات کیں جو عام طور پر لوگوں میں ہدف اعتراضات بن کر رہیں الخ''۔

''مثال کے طور پر انہوں نے فلاں جگہ کا مال غنیمت کا پورا خمس لاکھ دینار مروان کو بخش دیا، جب ملوکیت کا دور آیا تو مختصر یہ کہ ان بادشاہوں کی سیاست دین کے تابع نہ تھی، اس کے تقاضے ہر جائز وناجائز طریقے سے پورے کرتے تھے، اس معاملہ مین حلال وحرام کی تمیز روا نہ رکھتے تھے''۔ (ص:۱۷۳)

خلافت وملوکیت، ص:۳۴۳: ''اجتہادی غلطی کیا ہے اور کیا نہیں، اوپر میں نے جو کچھ عرض کیا اس سے یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ جن حضرات نے بھی قاتلین عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بدلہ لینے کے لئے خلیفہ وقت کے خلاف تلوار اٹھائی ان کا یہ فعل شرعی حیثیت سے بھی درست نہ تھا اور تدبیر کے اعتبار سے بھی غلط تھا، مجھے یہ تسلیم کرنے میں ذرہ برابر بھی تامل نہیں ہے کہ انہوں نے یہ غلطی نیک نیتی کے ساتھ اپنے آپ کو حق بجانب سمجھتے ہوئے کی تھی، مگر میں اسے محض غلطی سمجھتا ہوں، اس کو اجتہادی غلطی ماننے میں مجھے سخت تأمل ہے''۔ (ص:۱۷۳)

خلافت وملوکیت: ''حضرت معاویہ نے اپنے زمانہ حکومت میں مسلمان کو کافر کا وارث قرار دیا اور کافر کو مسلمان کا وارث قرار نہ دیا، حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے آکر اس بدعت کو موقوف کیا'' (۱)۔

ص:۱۷۴: ''مال غنیمت کی تقسیم کے معاملہ میں حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کتاب اللہ، سنت رسول اللہ کے صریح احکام کی خلاف ورزی کی تھی'' (۲)۔

۱.....کیا مندرجہ بالا عقائد رکھنے والے مولوی کی اقتداء میں نماز پڑھنا جائز ہوگا یا نہیں؟

۲.....کیا اس عقیدہ رکھنے والی جماعت کو چندہ دینا جائز ہوگا یا نہیں؟

---

(۱) (خلافت وملوکیت، ص:۱۷۳، مکتبہ اسلامک پبلیکشنز لاہور)

(۲) (خلافت وملوکیت، ص:۱۷۴، مکتبہ اسلامک پبلیکشنز لاہور)

۳.....اس قسم کے عقیدت مندوں کی مخالفت جائز ہوگی یا نہیں؟

بمہربانی ہمارے سوالات کا جواب ہمارے کاغذوں کی پشت پر لکھیں اور جلد ہمیں بذریعہ ڈاک واپس بھیج دیں۔

نوٹ: جوابی پرچہ پر قاری محمد طیب صاحب کے دستخط اور مہر دارالعلوم دیوبند کا چسپاں ہونا نہایت ضروری ہے۔ فقط والسلام۔

المستفتی مولوی محمد عظیم صاحب دوکاندار۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

حضرت عثمان اور حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو اس کتاب میں خاص طور سے ہدفِ تنقید اور تختۂ مشق بنایا گیا ہے، حالانکہ یہ دونوں بالیقین صحابی ہیں دونوں کے مناقب میں احادیث موجود ہیں (۱)، حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے متعلق فرمایا گیا ہے کہ ''اس وقت یہ (حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ) ہدایت پر

---

(۱) ''حضرت عثمان ومعاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی منقبتوں سے کتب احادیث بھری پڑی ہیں، جن کا احصاء واستقصاء موضع ومقام کی حیثیت سے ناممکن ہے، البتہ بطور نمونہ ایک دو حدیثیں نقل کی جاتی ہیں:

''عن أبی موسی أن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم دخل حائطاً، و أمرنی بحفظ باب الحائط، فجاء رجل یستأذن، فقال: ''ائذن له، وبشره بالجنة'' فإذا أبو بکر، ثم جاء آخر یستأذن، فقال: ''ائذن له، و بشره بالجنة'' فإذا عمر. ثم جآء آخر یستأذن، فسکت هنیئةً، ثم قال: ''ائذن له، و بشره بالجنة علی بلویً ستصیبه''. فإذا عثمان بن عفان. قال حماد ..... عن أبی موسی بنحوه و زاد فیه عاصم، أن النبی صلّی اللہ تعالیٰ علیه وسلم کان قاعداً فی مکان فیه ماء، قد انکشف عن رکبتیه أو رکبته، فلما دخل عثمان غطّاها''. (صحیح البخاری، کتاب المناقب، مناقب عثمان بن عفان: ۱/۵۲۲، قدیمی)

حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا طرز عمل یہ تھا:

''عن أبی إدریس الخولانی قال: لماعزل عمر بن الخطاب عمیر بن سعد عن حمص، و ولّی معاویة، فقال الناس: عزل عمیراً و ولی معاویة، فقال عمیر: لاتذکروا معاویة إلا بخیر، فإنی سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یقول: ''اللهم اهدبه''. (جامع الترمذی، أبواب المناقب، مناقب معاویة رضی اللہ تعالیٰ عنه: ۲/۲۲۴، سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

ہوں گے'' (۱) لیکن افسوس کہ اس وثیقہ نبویہ کے بعد بھی آج کل کے اہل قلم ان کو جاہلیت کا شکار قرار دے رہے ہیں، حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لئے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعا فرمائی ہے کہ ''یا اللہ! ان کو ہدایت کرنے والا بنا، ہدایت یافتہ بنا، ان کے ذریعہ ہدایت پھیلا'' (۲) مگر آج ان کو غیر ہدایت یافتہ کہا جاتا ہے، غرض صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی مبارک زندگیوں میں سے عیوب تلاش کئے جاتے ہیں اور ان کو منظر عام پر لاکر فخر کیا جاتا ہے۔

حضرت رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ ''میرے اصحاب کو برا مت کہو، اگر احد پہاڑ کے برابر سونا اللہ کے راستہ میں خرچ کیا جائے، تو اس کا اللہ کے یہاں وہ درجہ نہیں جو سیر آدھ سیر جَو یا گندم کا درجہ ہے جو کہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے خرچ کیا ہے'' (۳)۔

ایک حدیث میں ارشاد ہے کہ ''میرے صحابہ کے بارے میں اللہ سے ڈرو، ان کو نشانہ ملامت نہ بناؤ،

---

(۱) "عن أبی الأشعث الصنعانی أن خطبآء قامت بالشام، و فیهم رجال من أصحاب النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، فقام آخرهم رجل یقال له:مرة بن کعب، فقال: لو لا حدیث سمعته من رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ما قمت، و ذکر الفتن فقربها، فمرّ رجل مقنع فی ثوب، فقال: "هذا یومئذ علی الهدی". فقمت إلیه، فإذا هو عثمان بن عفان، فأقبلت إلیه بوجهه فقلت : هذا؟ قال: "نعم". هذا حدیث حسن صحیح"'. (جامع الترمذی أبواب المناقب، مناقب عثمان بن عفان رضی الله تعالیٰ عنه : ۲/۲۱۱، سعید)

(۲) " عن عبد الرحمن بن أبی عمیرة ..... عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم أنه قال لمعاویة: "أللهم اجعله هادیاً مهدیاً، واهد به". (جامع الترمذی، مناقب معاویةرضی الله تعالیٰ عنه: ۲/۲۲۴، ایچ ایم، سعید)

(۳) " "عن أبی سعید الخدری رضی الله تعالی عنه قال :قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: "لا تسبوا أصحابی، فلو أن أحد کم أنفق مثل أحد ذهباً، ما بلغ مد أحدهم ولا نصیفه". (صحیح البخاری، کتاب المناقب، باب بلا ترجمة بعد مناقب أبی بکر رضی الله تعالیٰ عنه : ۱/۵۱۸، قدیمی)

(والصحیح لمسلم، کتاب الفضائل، باب تحریم سب الصحابة رضی الله تعالیٰ عنهم : ۲/۳۱۰، قدیمی کتب خانه)

ان سے محبت کرنا مجھ سے محبت کرنا ہے، ان سے بغض رکھنا مجھ سے بغض رکھنا ہے، جس نے ان کو اذیت پہنچائی اس نے مجھ کو اذیت پہنچائی اور جس نے مجھے اذیت پہنچائی اس نے اللہ کو اذیت پہنچائی اور جس نے اللہ کو اذیت دی، قریب ہے کہ اللہ پاک اس کو پکڑے گا'' (۱)۔

ایک حدیث میں ہے کہ ''جب ایسے لوگوں کو دیکھو جو میرے صحابہ کو برا کہتے ہیں تو تم کہو اللہ پاک کی لعنت تمہارے شر پر'' (۲) یہ حدیثیں مشکوۃ شریف میں موجود ہیں (۳)۔

رطب و یابس روایاتِ تاریخ کی بناء پر ان مقدس ہستیوں کو برا کہنا اپنے لئے ایسی راہ تیار کرنا ہے جس کی آخری منزل نہایت خطرناک ہے (۴)۔ اس کتاب ''خلافت وملوکیت'' پر تفصیلی رد بھی شائع ہو چکا ہے جس کا

---

(۱) ''عن عبد الله بن مغفل رضی الله عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم :'' ألله ألله فی أصحابی لا تتخذوهم غرضاً من بعدی، فمن أحبهم فبحبی أحبهم، و من أبغضهم فببغضی أبغضهم، و من آذاهم فقد آذانی، و من آذانی فقد آذی الله، و من آذی الله، یوشک أن یأخذه''. (جا مع الترمذی: ۲/۲۲۵، باب فی من سب أصحاب النبی صلی الله علیه وسلم، أبواب المناقب، سعید)

(۲) ''عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسو ل الله صلی الله علیه وسلم:'' إذا رأیتم الذین یسبون أصحابی فقولوا :لعنة الله علی شرکم''. (جا مع الترمذی، ۲/۲۲۵، باب فی من سب أصحاب النبی صلی الله علیه وسلم، سعید)

(۳) (مشکو ة المصابیح، کتاب المناقب، باب مناقب الصحابة، و باب مناقب عثمان بن عفان رضی الله تعالیٰ عنهم أجمعین. ص: ۵۵۴، قدیمی)

(۴) وہ منظر ملا علی قاری کی نظر میں دیکھیں:

''و فی شرح مسلم : إعلم أن سبّ الصحابة حرام من أکبر الفواحش، و مذهبنا و مذهب الجمهور أنه یعزّر، و قال بعض المالکیة : یقتل، وقال القاضی عیاض : سب أحدهم من الکبائر ..... لکن یعلم نهی سب غیر الصحابی للصحابی من باب الأولی ؛ لأن المقصود هو الزجر عن سب أحد ممن سبقه فی الإسلام و الفضل، إذ الواجب تعظیمهم و تکریمهم حیث قال الله تعالیٰ: ﴿والذین جاء وا من بعدهم یقولون : ربنا اغفر لنا ولإخواننا الذین سبقونا بالإیمان﴾ الآیة ..... و أخرج الخطیب البغدادی =

Made searchable using ScribeTools.com

نام ہے ''تجدید سبائیت''۔

گذارش بالا کے بعد آپ کے ہر سوال کا جواب ظاہر ہے۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند،۳/۴/۹۰ھ۔

مسئلہ یزید اور مودودیت

طلعت محمود شیخ ،محلّہ امام باڑہ، پی ۱۶۸،راولپنڈی

جناب مقام استاذ علماء حضرت قاری محمد طیب صاحب!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

چند ایک مسائل ہیں جن کو اگر آپ حل کر دیں تو میرے لئے بہت بڑی سعادت مندی ہوگی اور آج کل یہاں یہ بھی مسائل بڑے زور وشور سے دینی پرچوں کا موضوع بنے ہوئے ہیں، ''ترجمان القرآن، البلاغ، بینات، ترجمان اسلام، خدام الدین'' وغیرہ۔ وہ مسائل مندرجہ ذیل ہیں:

۱.....فقہی اعتبار سے یزید کافر ہے یا مؤمن فاسق؟

۲.....اگر وہ کافر نہیں اور اس کو فاسق کہا جائے تو اس پر لعنت کرنا اور سب وشتم کرنا جائز ہوگا یا نہیں؟

۳.....اور اگر وہ مؤمن فاسق تھا تو حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کو کس بنیاد پر خلافت عنایت فرمائی؟

۴.....حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت میں یزید کا دخل ہے کہ نہیں، وہ ایسا چاہتا تھا کہ نہیں؟

۵.....اگر اس سلسلہ میں حضرت امام اعظمؒ کا فتویٰ یا روایات کتب فقہ وغیرہ میں مرقوم ہوں تو مستفید فرمائیں۔

۶.....کیا صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے گناہ کا ارتکاب ہوسکتا ہے یا کہ نہیں؟

مودودی کی کتاب ''خلافت وملوکیت'' پر آپ کی کیا رائے ہے؟ کیا جن کتب کا مودودی نے حوالہ دیا ہے ص:۳، پر وہ واقعی علمائے دیوبند کی نظر میں قابل قبول کتابیں ہیں؟ والسلام: طلعت محمود شیخ راولپنڈی۔

= فی الجامع وغیرہ : أنه صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم قال: ''إذا ظهرت الفتن ..... و سبّ أصحابی، فلیظهر العالم علمه، فمن لم یفعل ذٰلک فعلیه لعنة اللہ والملائکة والناس أجمعین، و لا یقبل اللہ له صرفاً و لا عدلاً''. (مرقاة المفاتیح، کتاب المناقب، باب مناقب الصحابة، الفصل الأول :۱۰/۳۵۵، ۳۵۶، ۳۵۷، رشیدیه)

Made Searchable by ScribeTools.com

محترمی زِیداحترامہ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الجواب حامداً و مصلیاً :

یزید کے کفرواسلام سے بحث کرنا نہ تو اعتقادی مسئلہ ہے کہ بغیر اس کے ایمان ہی معتبر نہ ہو، نہ ہی عملی مسئلہ ہے کہ اعمالِ شرعیہ اس پر موقوف ہوں، اس بحث میں پڑنا اپنے وقت عزیز کو ضائع کرنا ہے، وقت خدائے پاک کی طرف سے ایک بیش بہا خزانہ ہے اس کی قدر لازمی ہے، ناقدری سے اس کو ضائع کردینا اور لایعنی میں صرف کردینا انتہائی ناقدری ہے جس کا کوئی بدل نہیں، اس ''اضاعت'' کا وبال بہت سخت ہے تاہم آپ کو اصرار ہے تو جواب عرض ہے۔

۱.....حنفیہ نے یزید کی تکفیر نہیں کی (۱)، اس کے حالات سے فسق ظاہر ہوتا ہے جیسا کہ کتب تواریخ میں ہے، امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ (۲) اور علامہ کیاہراسی شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے اس کی تکفیر منقول ہے (۳)۔

۲.....امام غزالیؒ نے احیاء العلوم میں اس پر بلکہ شیطان پر بھی لعنت کرنے سے روکا ہے کہ اس میں کیا فائدہ ہے، سبحان اللہ، الحمد اللہ پڑھنے میں تو فائدہ بھی ہے، لعنت کرنے میں کوئی فائدہ نہیں (۴)۔

---

(۱) "قال القاریؒ :" فقد علم مما (أی من التفصیل الذی) تقدم أنه (أی یزید) کان مسلماً، و لم یثبت عنه ما یخرجه عن کونه مومناً " (شرح الفقه الأکبر ، ص: ۷۳، تحت قول الفقه الأکبر: "و لا نکفر مسلماً بذنب اهـ" قدیمی)

(۲) "قال الإمام أحمدؒ بتکفیره بما ثبت عنده من نقل تقریره، لا لما وقع عنه من الإجتراء علی الذریة الطاهرة کالأمر بقتل الحسین و ما جری". (شرح الفقه الأکبر للقاری ، ص: ۷۳، قدیمی)

(۳) "قال ابن تیمیة رضی الله تعالیٰ عنه: "وأما الذین لعنوه من العلماء کأبی الفرج بن الجوزی والکیاهراسی وغیرهما، فلِمَا صدر عنه من الأفعال التی تبیح لعنته ". (مجموعة الفتاوی لابن تیمیة، فصل فی افتراق الناس فی یزید علی ثلاث فرق : ۲۹۶/۴، مکتبه العبیکان)

(۴) "وعلی الجملة ففی لعن الأشخاص خطر فلیجتنب، ولا خطر فی السکوت عن لعن إبلیس مثلاً، فضلاً عن غیره، فإن قیل: هل یجوز لعن یزید ؛ لأنه قاتل أو أمر به؟ قلنا: هذا لم یثبت أصلاً، فلا یجوز أن یقال : إنه قتله أو أمر به ما لم یثبت، فضلاً عن اللعنة ؛ لأنه لا یجوز نسبة مسلم إلی کبیرة من غیر تحقیق ..... فالإشتغال بذکر الله تعالیٰ أولی، فإن لم یکن ففی السکوت سلامة". (إحیاء العلوم، کتاب آفات اللسان، الآفة الثامنة اللعن: ۱۵۱/۳، ۱۵۲، مکتبه حقانیه پشاور)

(وکذا فی النبراس علی شرح العقائد ، ص: ۳۳۰، ۳۳۱، مکتبه امدادیه ملتان)

(وکذا فی شرح الفقه الأکبر للقاری، ص: ۷۲، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

شرح عقائد نسفی (۱) میں اس پر لعنت کی اجازت دی ہے، لیکن لعنت نہ کرنے پر کوئی گناہ نہیں۔

۳.....حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جس وقت ولی عہد بنایا ہے اس وقت حالات خراب نہیں تھے، بعد میں خراب ہوئے، لہذا حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر الزام نہیں، کمافی روضۃ الصفاء (۲)۔

۴.....مستند روایات سے یزید کا حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قتل کا حکم ثابت نہیں (۳) اس کا مقصود ان پر قابو پانا تھا، لیکن ان کو شہید کر دیا گیا، رضی اللہ تعالیٰ عنہ، انا للہ وانا الیہ راجعون۔

۵.....''حقیقت یزید''، مفتی مہدی حسن صاحب نے تصنیف کی ہے اس کا مطالعہ مفید ہوگا۔

۶.....حضرات صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا امت پر بہت بڑا احسان ہے کہ انہوں نے دین کو حضرت رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے حاصل کیا اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان پر اعتماد فرما کر دین ان کو سکھلایا اور اس کی تبلیغ کا ان کو ذمہ دار بنایا (۴)، پھر انہوں نے عمر بھر اس کی اشاعت کی، جہاں جہاں تک

---

(۱) ''وبعضهم أطلق اللعن عليه، لما أنه كفر حين أمر بقتل الحسين اهـ''. (شرح العقائد، ص: ۱۱۳، تحت قوله: و يكف عن ذكر الصحابة إلا بخير، سعيد)

(۲) ''و أما الذين سوّغوا محبته أو أحبوه كالغزالي والدستي، فلهم مأخذان : أحدهما : أنه مسلم و لي أمر الأمة على عهد الصحابة و تابعه بقاياهم، و كانت فيه خصال محمودة، و كان متأولاً فيما ينكر عليه من أمر الحرة وغيره، فيقولون : هو مجتهد مخطى، و يقولون: إن أهل الحرة هم نقضوا بيعته أولاً''. (مجموعة الفتاوى، فصل فى افتراق الناس فى يزيد على ثلاث فرق: ۲۹۷/۴، مكتبة العبيكان)

(۳) ''بل الذى تولى قتاله هو أمير الكوفة عبيد الله بن زياد، و كان يزيد على مسافة شهر ذهاباً و رجوعاً، فلايمكن أن يأتى أمره فى ذلك الزمن القليل، و روى أن يزيد أنكر على ابن زياد، و قال: زرعتَ لى العداوة فى قلب كل بر و فاجر، وقال: رحمك الله يا حسين! -رضى الله تعالىٰ عنه- لقد قتلك رجل لم يعرف حق الرحم''. (النبراس، ص: ۳۳۱، تحت قوله: والحق أن رضا يزيد بقتل الحسين رضى الله تعالىٰ عنه اهـ، مكتبه امداديه ملتان)

(وكذا فى مجموعة الفتاوىٰ لابن تيمية رحمه الله تعالىٰ، فصل فى افتراق الناس فى يزيد بن معاوية على ثلاث فرق: ۳۰۸/۴، مكتبة العبيكان سعودى)

(۴) '' و عن ابن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال لى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : ''تعلموا العلم وعلموه الناس، تعلموا الفرائض و علموها الناس، تعلموا القرآن و علموه الناس، فإنى امرء =

پہنچ سکتے تھے وہاں جا کر دین کو پہنچایا۔

جن مقدس ہستیوں کو رسول پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے امین قرار دیا (۱) آج ان کے متعلق یہ بحث کرنا کہ ان سے گناہ صادر ہوتے تھے اور انہوں نے فلاں فلاں گناہ کئے ہیں، جیسا کہ جماعت اسلامی مودودی کی کتابوں میں بے لاگ تنقید کی جاتی ہے، درحقیقت ان کی امانت و ذمہ داری کو مجروح کر کے ان سے بے اعتمادی پیدا کرنا ہے جس کی زد حضرت رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جا کر پڑتی ہے کہ معاذ اللہ آپ نے نااہلوں پر اعتماد فرمایا اور اتنی بڑی امانت کی ذمہ داری ان کے سر ڈالی جس کے وہ اہل نہیں تھے، اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ سارا دین مخدوش اور ناقابل اعتماد ہو جائے گا، اس لئے کہ جب صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم پر اعتماد نہیں ہوگا تو تابعین، محدثین، فقہاء، مفسرین، اولیاء کاملین، متکلمین کسی پر بھی اعتماد نہیں رہے گا کیونکہ ان سب کو جو دین پہونچا ہے وہ حضرات صحابہ سے ہی پہونچا ہے، اول طبقہ کو بلا واسطہ بعد والوں کو بواسطہ۔

لہذا اخیر میں صحیح دین وہ شمار ہوگا جس کو مودودی صاحب بیان فرمائیں کیونکہ بغیر ان کے واسطے کے فرمائیں گے جیسا کہ انہوں نے لکھا ہے کہ: ''میں نے دین کو حال یا ماضی کے اشخاص سے سمجھنے کے بجائے ہمیشہ قرآن وسنت ہی سے سمجھنے کی کوشش کی ہے'' (ترجمان القرآن ۶۴ھ ج ۲۶، عدد ۳، ۵۰۴:۶/ ۱۴۱) (۲)۔

صحابہ کرام کو جو شخص برا کہے، ان کے عیوب شمار کرے، حدیث شریف میں ایسے کام پر لعنت آئی ہے، حدیث شریف میں صاف صاف فرمایا گیا ہے کہ ''میرے صحابہ کو گالی مت دو، برا مت کہو'' لیکن ایک مستقل جماعت ہے جو اسی کام میں لگی ہوئی ہے، اللہ پاک ہدایت دے۔

= مقبوض، والعلم سینقبض''. الحدیث رواه الدارمی والدار قطنی''. (مشکوة المصابیح، کتاب العلم، قبیل کتاب الطهارة، ص: ۳۸، قدیمی)

(۱) ''و عن أبی بردة فی حدیث..... قال: فرفع رأسه إلی السماء و کان کثیراً مما یرفع رأسه إلی السماء، فقال: ''النجوم أمنة للسماء، فإذا ذهبت النجوم، أتی السماء ما توعد، و أنا أمنة لأصحابی، فإذا ذهبت أنا أتی أصحابی ما یوعدون، و أصحابی أمنة لأمتی، فإذا ذهب أصحابی أتی أمتی ما یوعدون''. (الصحیح لمسلم، کتاب الفضائل، باب بیان أن بقاء النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم أمان لأصحابه اهـ: ۳۰۸/۲، قدیمی)

(۲) (ترجمان القرآن ج ۲۶، عدد: ۳، ۵۰۴، ۱۴۱/۶)

Made searchable using ScribeTools.com

"عن ابن عمر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنهما قال:قال رسو ل اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم: "إذارأیتم الذین یسبو ن أصحا بی، فقولوا :لعنة اللّٰہ علی شر کم"۔ رواه الترمذی (۱)۔

"عن أبی سعید الخدری رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه قال:قال النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم: "لا تسبوا أصحابی، فلو أن أحد کم أنفق مثل أحد ذهباً، ما بلغ مد أحدهم ولا نصیفه"۔متفق علیه". (۲)۔

"عن عمر بن الخطاب رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه قال :"سمعت رسو ل اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم یقول: "سألت ربی عن اختلاف أصحابی من بعد ی، فأوحی إلیّ یا محمد! إن أصحابك عندی بمنزلة النجو م فی السماء بعضها أقوی من بعض ولکل نور، فمن أخذ بشئی مماهم علیه من اختلافهم، فهو عندی علی هدی"۔

قال، وقال رسو ل اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم:" أصحابی کالنجوم فبأیهم اقتد یتم اهتدیتم". رواه رزین". مشکوة شریف(۳)۔

''خلافت وملوکیت'' کی تردید کے لئے متعدد کتب شائع ہوچکی ہیں جن میں اس کی روایات اور حوالجات پر تفصیلی کلام موجود ہے ''تجدید سبائیت،شواہد تقدس'' وغیرہ۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

معیارحق کی تشریح

سوال[۵۱۱]: بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم معیارحق نہیں ہیں اور نہ کوئی پیغمبر

---

(۱) (جا مع الترمذی: ۲/۲۲۵، أبواب المناقب، باب من سبّ أصحاب النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم، سعید)

(۲) (صحیح البخاری، کتاب المناقب، باب بلا ترجمة : ۱/۵۱۸، قدیمی)

(والصحیح لمسلم، کتاب الفضائل، باب تحریم سب الصحابة: ۲/۳۱۰، قدیمی)

(۳)(مشکو ة المصابیح، ص: ۵۵۴، کتاب المناقب والفضائل، الفصل الثالث، باب منا قب الصحابه،قدیمی)

سوائے رسول للہ صلی اللہ علیہ وسلم کے، پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی معیار حق ہیں۔اس کا مفصل جواب تحریر فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

ہر ہر پیغمبر نے اللہ کے دین کو صحیح پہونچایا ہے،اس میں ذرہ برابر تصرف نہیں کیا،کمی،زیادتی نہیں کی،کوئی حکم نہیں چھپایا،کوئی اپنی طرف سے اضافہ نہیں کیا،کوئی حکم نہیں بدلا،کوئی بات اللہ پاک کی طرف غلط منسوب نہیں کی (۱)،تمام انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام بالکل معیار حق ہیں۔

صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے جس قدر دین برحق سیکھا وہ دوسروں کو اسی طرح پہنچایا،اس میں اپنی طرف سے اضافہ نہیں کیا،کوئی حکم نہیں بدلا،کوئی بات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف غلط منسوب نہیں کی،جس بات کو صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے یہ فرمایا ہے کہ یہ حضرت رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے، وہ بالکل صحیح ہے اس کو صحیح ماننا لازم ہے،صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم پر اگر اعتماد نہ ہو اور ان کے نقل دین کو حق تسلیم نہ کیا جائے،تو پھر سارے دین سے اعتماد ختم ہو جائے گا اور صحیح

---

(۱)قال اللہ تعالی :﴿وإذا تتلی علیهم آیا تنا بینا ت،قال الذین لا یر جو ن لقا ئنا ائت بقرآن غیر هذا أو بد له،قل مایکون لی أن أبد له من تلقائی نفسی،إن أتبع إلا ما یوحی إلیّ إنی أخا ف إن عصیت ربی عذاب یو م عظیم﴾. (یو نس :۱۵)

حضرت عیسی علیہ السلام کے بارے میں اللہ تعالی کا ارشاد ہے:﴿وإذ قا ل اللہ یا عیسی ابن مریم ءَ أنت قلت للناس: اتخذونی وأمی إلهین من دون اللہ ؟قال : سبحانک مایکون لی أن أقول مالیس لی بحق. إن کنت قلته فقد علمته، تعلم ما فی نفسی ولا أعلم ما فی نفسک، إنک أنت علا م الغیو ب،ما قلت لهم إلا ما أمر تنی به أن اعبدوا اللہ ربی وربکم،وکنت علیهم شهیداً ما دمت فیهم،فلما تو فیتنی کنت أنت الرقیب علیهم، وأنت علی کل شئی شهید﴾. (المائد ۃ:۱۱۶،۱۱۷)

وقال تعالی :﴿ولا مبد ل لکلمٰت اللہ،ولقد جاء ک من نبأالمرسلین﴾. (الأنعام: ۳۴)

وقال العلا مه الآلو سی رحمه اللہ تعالیٰ تحتها :"وظا هر الآ یة أن أحداً غیر ه تعالی لا یستطیع أن یبد ل کلما ت اللہ عز و جل بمعنی أن یفعل خلاف مادلت علیه،ویحول بین اللہ عز اسمه، و بین تحقیق ذلک". (روح المعانی: ۱۳۷/۷،دار إحیاء التراث بیروت)

Made Searchable using ScribeTools.com

دین دوسروں تک پہنچنے کی کوئی صورت نہیں رہے گی، جیسا کہ روافض نے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم پر اعتماد نہیں کیا تو ان کے نزدیک نہ احادیث قابل اعتماد ہیں اور نہ قرآن پر ان کو اعتماد ہے، ان کے پاس دین برحق پہنچنے کی کوئی صورت نہیں ہے، وہ اس نعمت الٰہی اور ذریعہ نجات سے محروم ہیں، لہذا نقل دین میں صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم معیار حق ہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

(رسالہ)

جماعت اسلامی اور تنقید

سوال[۲ : ۵] : جناب مفتی صاحب! سلام مسنون نہایت صفائی کے ساتھ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جس طرح رضا خانی جماعت نے علمائے دیوبند کے خلاف ایک محاذ قائم کیا اور علماء دیوبند پر افتراء پردازی کر کے انہیں بدنام کیا اور ان کی کتابوں میں کتر بیونت کر کے سیاق وسباق سے صَرف نظر کر کے کفریہ عبارت تیار کر لی، ٹھیک وہی طریقہ علمائے دیوبند جماعت اسلامی کے ساتھ برت رہے ہیں، اس وقت مثال کے طور پر آپ کی تحریر پیش کرنا چاہتا ہوں جو آپ نے ماہنامہ ''نظام'' کانپور جلد: ۱، نمبر: ۸، صفحہ: ۲۰ و ۲۱ میں ''تبلیغی جماعت پر اعتراض'' کے جواب میں تحریر کیا ہے کہ:

''جماعت اسلامی اپنے تجویز کردہ اصول کے مطابق (جن کی قربانی اس کیلئے غالباً ناممکن ہے) دوسری جماعتوں اور افراد پر تخریبی تنقید کرتی ہے اور وہ اپنے نزدیک اس پر مجبور ہے اور یہ تنقید بسا اوقات اس حد تک پہونچ جاتی ہے کہ پڑھنے والوں کے ذہن میں ان جماعتوں اور افراد کے متعلق یہ تصور قائم ہو جاتا ہے کہ انہوں نے اصل دین کو سمجھا ہی نہیں، بلکہ اصل دین کو تحریف کر کے خواہشات نفسانی کے مطابق ڈھال کر عوام کے سامنے پیش کیا ہے، جس سے انتہائی گمراہی پھیلی ہے اور لوگوں نے بددینی کو دین سمجھا ہے جس کو حقیقی اسلام سے کوئی تعلق نہیں، جماعت اسلامی کی اس قسم کی تنقیدات سے موجودہ تبلیغی جماعتیں تو کیا بچتیں، گذشتہ صدیوں کے اکابر اور مقتداء بھی نہیں بچے''۔

خط کشیدہ عبارت کوغور سے پڑھئے، اس تحریر میں آپ نے جماعت اسلامی پر تین الزام لگائے:

۱..... جماعت اسلامی تخریبی تنقید کرتی ہے۔

۲.....اور یہ اس کے اہم اصول میں داخل ہے۔

۳..... جماعت اسلامی کی تنقید سے گذشتہ صدیوں کے اکابر اور مقتدا بھی نہیں بچے۔

آپ کے بلا دلیل یہ الزامات افتراء نہیں تو اَور کیا ہیں؟ کیا صراحت کے ساتھ ذمہ دارانِ جماعت اسلامی کی کسی تحریر یا تقریر سے اپنی باتوں کا ثبوت پیش کر سکتے ہیں؟ واضح رہے کہ عبارت میں کتر بیونت کرنا یا سیاق وسباق سے صرف نظر کر لینا یا کسی عبارت کو مصنف کے مقصد کے خلاف معنی پر محمول کرنا ایک عام مؤمن کے بھی شایان شان نہیں ہے۔ محمد یحییٰ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محترمی زید احترامہ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ برکاتہ

محبت نامہ باعث یاد آوری ہوا ''نظام'' مئی ۶۰ء میں ''تبلیغی جماعت پر اعتراض اور اس کا جواب'' شائع ہوا تھا، اس کے متعلق آپ نے جس بے تکلفی سے اپنے جذبات اور تأثرات کا اظہار کیا اس سے مسرت ہوئی کیونکہ یہ احساس زندہ ہونے کی دلیل ہے، ورنہ جن افراد یا جماعتوں کے احساسات مر چکے ہوں، ان کو کب خیال آتا ہے کہ وہ اس قسم کی تردید کریں، ان کا تو حال یہ ہوتا ہے کہ کہنے والے کچھ کہتے رہیں اور لکھنے والے کچھ لکھتے رہیں، وہ سب طرف سے کان اور آنکھ بند کر کے اپنے مقصد کی تحصیل میں شب وروز منہمک رہتے ہیں، یہ شان تو با مقصد، منظّم، تنقیدی جماعت کی ہے کہ وہ ہر طرف سے چوکنا رہتی ہے، جہاں کسی نے اس کے نصب العین، مقصد، طریقہ کار کے متعلق زبان ہلائی یا قلم اٹھایا کہ فلاں چیز کتاب اللہ کے خلاف ہے، سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف ہے، فقہ وکلام کی رو سے غلط ہے بس پھر کیا تھا اس کی تردید کیلئے آناً فاناً اخبار، رسالے، پمفلٹ منظر عام پر آ گئے، اور بانی جماعت کی ساختہ پرداختہ ذہنیت سے نکال نکال کر جوابات دینے شروع کر دیئے۔

آپ ٹھنڈے دل سے ''ترجمان القرآن'': ۳، عدد: ۵ میں سائل کا پیش کردہ حوالہ دیکھ لیتے، اگر وہ

Made searchable using ScribeTools.com

حوالہ صحیح ہوتا تو اس عتاب نامہ کی زحمت نہ کرتے، اگر غلط ہوتا تو تحریر فرماتے اور آپ کا یہ طریقہ حکیمانہ طریقہ ہوتا، لیکن آپ حضرات کو تو شروع سے تعلیم ہی یہ دی گئی ہے کہ ہم پر جو اعتراض کیا گیا ہے وہ افتراء ہے، الزام ہے، کتر بیونت ہے، سیاق وسباق سے صرف نظر ہے، مقصدِ مصنف کے خلاف معنی پر حمل کرنا ہے جس طرح رضا خانیت کے علمبرداروں نے علمائے حق کی عبارتوں کو مسخ کر کے بدنام کیا ہے، اسی طرح جماعت اسلامی کو بدنام کیا جارہا ہے۔

کانپور میں ہمارے ایک رفیقِ تبلیغ ہیں جن کو جماعت اسلامی کے ساتھ خاص وابستگی تھی، جب ان کے سامنے ایک کتاب آئی جس میں جماعت اسلامی کی بعض عبارات نقل کر کے بتایا گیا تھا کہ یہ فلاں فلاں روایات کے خلاف ہیں، تو اس کو دیکھ کر یکدم مشتعل ہو گئے کہ یہ تو وہی کتر بیونت ہے جو رضا خانی کرتے ہیں، نہایت غلط طریقہ ہے، مجھے اس سے سخت تکلیف پہونچی، پھر کچھ مدت بعد ان کے سامنے ایک اَور مسئلہ کا تذکرہ آیا کہ ''ترجمان القرآن'' میں ایسا ایسا لکھا ہے، اس پر وہ پھر چیں بجبیں بلکہ بہت برہم ہوئے کہ بالکل غلط ہے، اس میں ایسا نہیں ہوسکتا اس لئے کہ یہ تو نص قطعی کے خلاف ہے، میں ہرگز تسلیم نہیں کرسکتا، جب تک بچشم خود نہ دیکھ لوں، چنانچہ ان کو وہ رسالہ دیدیا گیا بہت گہرے مطالعہ کے بعد (کہ کہیں سیاق وسباق سے صرف نظر تو نہیں) انہوں نے مجھ سے خود فرمایا کہ اللہ اکبر! ہمارے علماء بھی کس قدر محتاط ہیں کہ اس جماعت کی تکفیر نہیں کرتے، حالانکہ اس میں صاف صاف نصوص قطعیہ کا انکار ہے۔

مجرب حربہ

بریلوی طبقے نے اکابرِ علمائے حق حضرت مولانا اسماعیل شہید رحمہ اللہ تعالیٰ وغیرہ کی عبارتوں کو توڑ مروڑ کر مسخ کیا، ان سے ایسے مطالب نکالے جو ان اکابر کے حاشیہ خیال میں بھی نہ ہوں گے جس سے فتنۂ عظیم پھیلا، بہت بڑی جماعت بدعقیدہ ہوگئی، علمائے دیوبند نے اس فتنہ کا سدباب اس طرح کیا کہ اصل عبارتیں قوم کے سامنے پیش کیں، ان کے اصلی مطالب کو بیان کیا، ان پر دلائل قائم کئے جو کتر بیونت کی گئی تھی، ایک ایک چیز کو کھول کر رکھدیا۔

اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ یہ بریلوی طبقہ سنجیدہ انصاف پسند مسلمانوں کی نظروں میں اس قابل نہیں رہا کہ اس کی تحریر یا تقریر کی طرف توجہ کی جائے، یہی مجرب حربہ اب جماعت اسلامی نے شروع کردیا اور جو لوگ مودودی

صاحب کی آواز کو حق کی آواز قرار دیتے ہیں، انہوں نے اشخاص پرستی سے انتہائی بیزاری، ناقدانہ بالغ نظری، خالص حق پرستی کے بلند آہنگ دعوؤں کے باوجود اس آواز کی پیروی شروع کردی اور ذرا اس کی زحمت گوارنہ کی کہ اصل کو تو دیکھ لیا جاتا۔

لیکن دنیا میں بسنے والے سب ہی تو بے وقوف، جذبات سے مغلوب، دین کی قتل گاہوں کے سند یافتہ، کتاب وسنت سے ناآشنا (اور) جہل مرکب میں مبتلا نہیں، (بلکہ) ایسے نفوس بھی موجود ہیں جو محض مودودی صاحب کی آواز پر ایمان نہیں لاتے، بلکہ اکابر کے فتاوی کو دیکھ کر نقل کردہ عبارات کو بھی اصل کتابوں سے ملاتے ہیں، اور جب دیکھتے ہیں کہ واقعۃً جماعت کی اصل کتابوں میں وہ عبارتیں موجود ہیں جو فتاویٰ میں نقل کی گئی ہیں اور ان کا مطلب بھی وہی ہے جو فتاوی میں بتایا گیا ہے، سیاق وسباق پڑھ کر بھی دوسرا مطلب نہیں بنتا، اور یہ بھی دیکھتے ہیں کہ جماعت اسلامی کی طرف سے ان فتاوی کے جواب میں ڈنکے کی چوٹ کہا جارہا ہے کہ یہ ہم پر افتراء ہے، دناءۃ ہے، بددیانتی ہے، جھوٹ ہے، بہتان ہے، ہم نے کہیں ایسا نہیں لکھا، تو وہ انتہائی حیرت واستعجاب سے سوچتے ہیں کہ یا اللہ! یہی ہے جماعت اسلامی کا موقف؟ اور اسی کا نام ہے دیانت، راست بازی، خداترسی، آخرت کی جواب دہی کا احساس جس کا اس جماعت کو قدم قدم پر دعوی ہے؟ پھر اس کی جو زد جماعت کے امیر اور دیگر اہل قلم پر فطری طور پر پڑنی چاہیئے، وہ پڑتی ہے اور اس سے کسی طرح گریز ممکن نہیں۔

اے کاش! اہل شعور اس کو سمجھیں اور اپنی غلطیوں کی طرف متوجہ ہوں، جب یہ حضرات چودہ سو سال تک کے بزرگانِ دین اور اسلاف کے کارناموں پر بے لاگ تنقید کرتے، اور ان کی غلطیاں پکڑتے ہیں تو اگر کسی نے ان کے کارنامہ پر تنقید کردی اور وہ تنقید واقعۃً بالکل صحیح اور حق بجانب ہے تو اس پر ناک بھوں کیوں چڑھاتے ہیں، ان کو تو چاہیئے تھا کہ شکریہ کے ساتھ قبول کرکے اصلاح کرلیتے جیسا کہ جگہ جگہ اپنی تحریرات میں اس کا اظہار بھی کرتے ہیں مگر معاملہ بالکل برعکس ہے۔

شعوری یا غیر شعوری طور پر آپ کی یہ تحریر بھی اسی ذہنیت کی آئینہ دار ہے، اپنی اس تحریر کو پھر ایک نظر دیکھئے اور مودودی صاحب کے اس جواب کو ملاحظہ کیجئے جو انہوں نے مفتی کفایت اللہ صاحب دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ، مفتی مہدی حسن صاحب رحمہ اللہ دیوبند، مفتی سعید احمد صاحب سہارنپور، مفتی جمیل احمد صاحب تھانہ بھون، مولانا اعزاز علی صاحب دیوبند کے فتاوی کی تردید میں لکھا ہے وہ لکھتے ہیں:

Made searchable using ScribeTools.com

۱-''جس وقت یہ فتوے لکھے جارہے تھے اس وقت خدا کا خوف اور آخرت کی جواب دہی کا احساس شاید ان کے قریب بھی موجود نہیں تھا، خصوصاً مفتی سعید احمد صاحب (رحمہ اللہ تعالیٰ) کے فتوؤں میں تو صریح بد دیانتی کی بدترین مثالیں پائی جاتی ہیں جنہیں دیکھ کر گھن آتی ہے، حقیقت یہ ہے کہ میں ان حضرات کے ساتھ بڑا حسن ظن رکھتا تھا، مگر اب ان کے یہ فتوے دیکھ کر تو میں ایسا محسوس کرتا ہوں کہ بریلوی طبقہ کے فتوے باز و کافر ساز مولویوں سے ان کا مقام کچھ اونچا نہیں''۔(رسائل ومسائل:۲/۵۱۳)۔

مودودی صاحب کا یہ پورا جواب ''رسائل ومسائل'' میں پڑھ جایئے، کسی ایک لفظ کے متعلق بھی تو متعین طور سے نشاندہی نہیں کر سکے کہ فلاں لفظ غلط لکھا ہے، فلاں حوالہ غلط دیا ہے، فلاں عبارت میں کتر بیونت کی ہے، فلاں عبارت کے سیاق وسباق سے صرف نظر کیا ہے۔ مفتی سعید احمد صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ نے تقریباً دو درجن عبارتیں ان کی کتابوں سے نقل کی ہیں اور ہر ایک کا پورا حوالہ دیا ہے، مگر مودودی صاحب کیسے شریفانہ لہجہ میں فرماتے ہیں:

۲-''یہ لوگ اگر دیانت اور سچائی کا ہتھیار لے کر حملہ آور ہوتے اور مجھ میں یا جماعت اسلامی کی تحریک ونظام میں کوئی ایسی خرابی بتاتے جو فی الواقع ان کے دلائل سے ثابت ہوتی، تو میں یقیناً ان کے آگے جھکتا اور اپنی غلطیوں کا اعتراف کر کے اپنی اصلاح کرتا لیکن انہوں نے ہتھیار جھوٹ کا استعمال کیا ہے، دناءۃ کی راہ اختیار کی ہے اس لئے میں ان کے ساتھ وہی طریقہ اختیار کروں گا جو ایک شریف آدمی کو کرنا چاہئے۔ یعنی "إذا مرو ابااللغو مرو اکراماً"(۱)۔(رسائل ومسائل:۲/۵۱۴)۔

کرامت وشرافت کا معیار

ان اکابر علماء کرام کا مودودی صاحب کی غلطیوں پر متنبہ کرنا اور عامۂ مؤمنین کو فتنوں کی راہ سے بچا کر حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے جادہ مستقیم کی دعوت دینا مودودی صاحب کے نزدیک کیا قرار پایا؟ ''اللغو، اور خوف خدا، اور آخرت کی جواب دہی سے بے حسی، بد دیانتی کی بدترین گھناؤنی

(۱)(سورۃ الفرقان: ۷۲)

Made Searchable by ScribeTools.com

مثالیں، بریلوی طبقہ کی فتوے بازی، کافرسازی، دناءۃ کی راہ، جھوٹ کا ہتھیار، جیسی گالیوں کا استعمال کرنا کیا قرار پایا؟ کرامت وشرافت، واقعی ان حضرات کی کرامت وشرافت کا یہی معیار ہے، مودودی صاحب نے اپنے اسی تحریر میں ایک اَور کرامت کا اظہار فرمایا ہے:

آزمائش کا وقت آگیا ہے

۳-''اس میں شک نہیں کہ دیوبند اور سہارنپور کے ان فتوؤں کا ان لوگوں پر برا اثر پڑے گا جو ان دونوں مراکز علمی سے وابستہ ہیں، لیکن سنت اللہ کے مطابق آزمائش ضروری ہے اور اب اس پورے دیوبندی اور مظاہری گروہ کیلئے آزمائش کا وقت آگیا ہے، دیکھنا ہے کہ ان میں سے کتنے حق پرست ہیں اور کتنے اشخاص پرست ہیں، جو حق پرست ہیں وہ انشاء اللہ ہمارے ساتھ رہیں گے اور آئندہ بھی ہمارے ساتھ آتے رہیں گے، اور جو اشخاص پرست ہیں اور جماعتی عصبیت میں مبتلاء ہیں وہ ہم سے الگ ہو جائیں گے اور آئندہ بھی ہمارے ساتھ نہ چلیں گے، ہمیں صرف پہلے گروہ کی ضروت ہے، دوسرے گروہ سے ہم خدا کی پناہ مانگتے ہیں، وہ ہٹ جائے گا تو ہم خدا کا شکر ادا کریں گے اور آئندہ ہم سے بے تعلق رہے گا تو مزید شکر کریں گے''۔ (رسائل ومسائل: ۲/۵۱۴)۔

اس عبارت میں مودودی صاحب نے آزمائش میں کامیابی کی یہی صورت تجویز کی ہے کہ لوگ ان کی بات مان لیں اور ان کے ساتھ آجائیں، جو لوگ ان کے ارشاد پر عمل نہ کریں اور ان کی جماعت میں داخل نہ ہوں وہ ناکام ہیں۔

حق کی تشخیص

مودودی صاحب نے یہ بھی بتادیا ہے کہ جو لوگ ان کے ساتھ آجائیں گے وہ حق پرست ہیں اور جو لوگ سہارنپور ودیوبند کے فتوے پر عمل کریں گے، وہ اشخاص پرست ہیں، دوسرا شخص خواہ کتنا ہی دیانتداری سے کتاب اللہ وسنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بلائے مگر اس پر عمل کرنیوالے مودودی صاحب کے نزدیک اشخاص پرست ہیں، اور مودودی صاحب کی زبان سے نکلی ہوئی بات کو ماننے والے حق پرست ہیں، یہ دو چیزیں

Made searchable using ScribeTools.com

بالکل مقابل ہوئیں، اشخاص اور حق، اشخاص کون ہیں؟ دیو بند اور سہانپور کے مفتی۔ حق کون ہیں؟ مودودی صاحب۔

یہ ان کا عام طرزِ نگارش ہے کہ وہ صاف صاف ''اَنا الحق'' تو نہیں کہتے (کہ اس کے لئے شیداء دارروحِ منصور درکار ہے) لیکن اپنے مقصد کو ''مقصدِ حق'' اور اپنی دعوت کو ''دعوتِ حق'' اپنے طریق کو ''طریقِ حق'' ضرور کہتے ہیں، اور اس پر اتنا زور دیتے ہیں کہ جب ان کی کسی بات سے کوئی اختلاف کرتا ہے خواہ وہ کتنے ہی قوی اور صریح دلائل حقہ کی روشنی میں کرتا ہو، مگر اس کے حق میں وہ سب روایات وآیات کو لاکر پیش کردیتے ہیں، جو مخالف حق جل جلالہ کے بارے میں وارد اور نازل ہوئی ہیں۔ (خارجیوں کا طریقہ بھی یہی تھا کہ جو آیات کفار کے بارے میں نازل ہوئی ہیں، ان کو مسلمانوں پر چسپاں کرتے تھے) ملاحظہ ہو بخاری شریف: ۲/۱۰۲۴(۱)۔

مودودی صاحب کی جماعت سے الگ ہونے والوں کی تفصیلی فہرست آپ کے علم میں ہے کہ جن حضرات نے جماعت کی تشکیل وتاسیس کی اور نہایت مستحکم دستور حق تیار کیا تھا، وہ ایک ایک کر کے تقریباً سب ہی الگ ہو گئے، سب نے ہی اس خود ساختہ حق سے منہ موڑ لیا، بلکہ جماعت اسلامی تو یہاں تک کہتی ہے کہ انہوں نے ارتداد اختیار کرلیا، إنا للّٰه وإنا اليه راجعون۔

حق سے الگ ہونے پر شکریہ

یہ بھی غور کا مقام ہے کہ جو لوگ حق سے الگ ہو جائیں اور ان کے ساتھ نہ آئیں تو ان کی علیحدگی پر مودودی صاحب شکر ادا کرتے ہیں، حالانکہ "الخلق عيال اللّٰه" (الحدیث) (۲) کا تقاضہ یہ ہے کہ ہر مخلوق کے ساتھ ہمدردی اور خیر خواہی کی جائے اور ہر انسان کی ہدایت کے لئے آخری سانس تک پوری کوشش کی

---

(۱) "وكان ابن عمر يراهم شرار خلق اللّٰه، وقال: إنهم انطلقوا إلى آياتٍ نزلت فى الكفار، فجعلوها على المؤمنين". (صحيح البخارى، كتاب استتابة المعاندين والمرتدين وقتالهم، باب قتال الخوارج والملحدين بعد إقامة الحجة عليهم: ۲/۱۰۲۴، قديمى)

(۲) والحديث بتمامه: "عن أنس و عن عبد اللّٰه رضى اللّٰه عنهما: قالا: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: "الخلق عيال اللّٰه، فأحب الخلق إلى اللّٰه من أحسن إلى عياله". (مشكوة المصابيح، كتاب الآداب، باب الشفقة والرحمة على الخلق، الفصل الثالث: ۲/۴۲۵، قديمى)

جائے، جیسا کہ نبی واکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طرز عمل سے واضح ہے، اللہ پاک کا ارشاد ہے:

﴿فلعلك باخع نفسك على آثار هم إن لم يؤمنو ا بهذا الحديث أسفاً﴾(۱).

(ترجمہ) ''شاید آپ ان کے پیچھے اگر یہ لوگ اس مضمون پر ایمان نہ لائیں، تو غم سے اپنی جان دیدیں گے''۔

کسی کے حق سے کٹنے اور ہٹنے پر شکر ادا کرنا اور خوش ہونا نہیں معلوم کس نص سے ثابت ہے؟ اگر آپ کی نظر سے اس مضمون کی کوئی نص گذری ہو تو براہ کرم مطلع فرمائیں ممنون ہونگا۔

ایک اور مقام پر مودودی صاحب نے بہت ہی مسرت کا اظہار کیا ہے فرماتے ہیں:

۴- ''میں بہت خوش ہوں، اور خدا کا شکر ادا کرتا ہوں کہ یہ فتنہ پسند گروہ قریب آنے کے بجائے دور جارہا ہے''۔ (ترجمان القرآن جلد: ۲۶، عدد: ۳ ص: ۲۷۱)(۲)۔

کجا مودودی صاحب کا یہ اظہار مسرت اور کجا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ غم جس سے جان دینے کا خطرہ لاحق ہو جائے جس کا تذکرہ آیت بالا میں ہے، غور فرمائیے کہ مودودی صاحب کا اپنے طریق کو پیغمبرانہ طریق قرار دینا جس کا متعدد مقامات پر دعوی کیا گیا ہے کہاں تک برمحل ہے؟ حدیث پاک میں ارشاد ہے:

''عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال :قال رسو ل الله صلی الله عليه وسلم: ''مثلی كمثل رجل استوقد ناراً، فلما أضاء ت ما حو لها، جعل الفراش وهذه الدواب التی تقع فی النار يقعن، وجعل يحجزهن و يغلبنه فيتقحمن فيها، فأنا آ خذ بحجز كم عن النار وأنتم تقحمون فيها''. هذ ه رواية البخاری،ولمسلم نحو ها وقال فی اخر ها: قال: ''فذلك مثلی و مثلكم أنا ا خذ بحجز كم عن النار، هلم عن النار هلم عن النار، فتغلبونی تقحمو ن فيها''. متفق عليه''(۳). مشكو ة المصا بيح، ص: ۲۸، باب الاعتصا م بالكتاب والسنته(٤).

---

(۱)(سورة كهف:٦)

(۲) (ترجما ن القر ان، جلد: ۲٦ عدد: ۳ ص: ۳۷۱)

(۳)(صحيح البخاری، كتاب الر قاق،باب الإنهاء عن المعاصی: ۲/ ۹٦۰، قديمی) (وأخرجه مسلم فی صحيحه، كتاب الفضائل، باب شفقته صلی الله عليه وسلم علی أمته : ۲/ ۲۴۸،قديمی)

(۴) (مشكوٰة المصابيح، كتاب الايمان باب الاعتصا م بالكتاب والسنة: ۱/ ۲۸،قديمی)

Made searchable using ScribeTools.com

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''میری مثال اس شخص کے مثل ہے جس نے آگ روشن کی جب اس کے آس پاس روشنی پھیل گئی تو پروانے اور تتلی وغیرہ جانور جو آگ میں گرا کرتے ہیں گرنے لگے، وہ شخص ان کو پکڑ پکڑ کر نکالنے اور روکنے لگا مگر وہ پروانے وغیرہ اس پر غالب آگئے اور آگ میں گر گئے، (یہی حال میرا ہے) کہ تمہاری پشت پکڑ پکڑ کر آگ سے نکال رہا ہوں اور تم ہو کہ آگ میں گھسے جاتے ہو''۔

اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بطور تمثیل فرمایا ہے کہ ایک شخص نے مثلاً آگ جلائی اس کے گرداگرد سے پتنگے اور دوسرے جانور آ آ کر آگ میں گرنے لگے اور وہ شخص انتہائی کوشش سے ان کو آگ سے بچاتا ہے، مگر وہ اس کے قابو سے باہر ہو کر آگ میں گرتے اور ہلاک ہوتے ہیں، اسی طرح میں تم کو آگ سے بچانے اور پکڑنے کی انتہائی کوشش کرتا ہوں، مگر افسوس کہ تم لوگ قابو میں نہیں آتے اور آگ میں گھسے چلے جاتے ہو، جس کا نتیجہ تباہی اور ہلاکت ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم چاہتے تو اظہار مسرت فرما کر سبکدوش ہو جاتے، مگر وہاں تو قلب مبارک میں امت کے درد وغم کی آگ شعلہ زن تھی جس نے مجبور کیا کہ پتھر کھا کر بھی دعاء ہی دیں (۱)، ایک دو واقعہ

---

(۱) ''عن عروة أن عائشة رضی اللہ تعالیٰ عنها زوج النبی صلی اللہ علیه وسلم حدثته أنها قالت للنبی صلی اللہ علیه وسلم: هل أتی علیک یوم کان أشد علیک من یوم أحد؟ قال: ''لقد لقیت من قومک ما لقیت وکان أشد ما لقیت، منهم یوم العقبة إذعرضت نفسی علی ابن عبد،یا لیل بن عبد کلال! فلم یجبنی إلی ماأردت، فانطلقت وأنا مهموم علی وجهی، فلم استفق إلا و أنا بقرن الثعالب، فرفعت رأسی فإذا أنا بسحابة قد أظلتنی، فنظرت فإذا فیها جبرئیل فناد انی فقال: إن اللہ قد سمع قول قومک لک، وما ردوا علیک، وقد بعث اللہ إلیک ملک الجبال لتأمره بما شئت فیهم. فنادانی ملک الجبال، فسلم علیّ، ثم قال: یا محمد! فقال ذلک، فما شئت إن شئت أن أطبق علیهم الأخشبین، قال النبی صلی اللہ علیه وسلم: ''بل أرجو أن یخرج اللہ عز وجل من أصلابهم من یعبد اللہ عزوجل وحده لا یشرک به شیئاً''. (صحیح البخاری، کتاب بدء الخلق، باب إذاقال أحدکم آمین، والملائکة فی السماء آمین الخ: ۱/۴۵۸،قدیمی)

تفصیل کیلئے ملاحظہ فرمائیں: (حیاة الصحابة، باب تحمل الشدائد فی اللہ ما تحمله علیه السلام من الأذی فی الطائف: ۱/۲۷۴. دارالقلم)

نہیں بے شمار واقعات اس کے شاہد ہیں، حق سے الگ رہنے والوں پر رحم وشفقت کی وجہ سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے انتہائی حزن وغم کو دیکھئے اور مودودی صاحب کی مسرت اور خوشی کو دیکھئے۔ پھر مودودی صاحب کے اس بلند آہنگ دعوی کا جائزہ لیجئے، کس جسارت کے ساتھ اپنے طریق کار کو انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے سر تھوپا جارہا ہے:

۵- ''اس دعوت کو عملاً لے کر اٹھنے، اسے اپنے دوسرے بھائیوں تک پہچانے اور اس سے متاثر حضرات کو سمیٹنے اور جذب کرنے کا صحیح اور بہترین طریقہ یقیناً وہی ہوسکتا ہے، جو ابتداء سے آخر تک اس دعوت کے اصل علمبردار یعنی انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام اللہ تعالیٰ کی رہنمائی میں اختیار کرتے رہے، قرآن کریم ہمیں بتاتا ہے کہ وہ طریقہ ایک ہی ہے اور وہ ہی ایک طریقہ بلا استثناء ہر زمانہ میں اختیار کیا جاتا رہا ہے، چنانچہ اسی طریق کار کو ہم نے اختیار کیا ہے، اور ہمارا ایمان ہے کہ اس ایک دعوت اور طریق کار کے علاوہ دوسری تمام دعوتیں اور طریقہ ہائے کار سراسر باطل ہیں''۔ (ترجمان القرآن جلد: ۲۶، عدد: ۳، ص: ۱۱۱)(۱)۔

اب میں آپ کے سامنے وہ تینوں چیزیں پیش کرتا ہوں، جن کو آپ نے بیک جنبش قلم الزام اور افتراء پردازی قرار دے کر اپنے نزدیک جماعت اور امیر جماعت کو بھاری بوجھ سے ہلکا کر کے حق کی بہت بڑی خدمت وحمایت کی ہے، اصل کتابوں سے ملا کر دیکھیں کہ یہ چیزیں الزام ہیں یا واقعہ اور ہر قسم کی عصبیت سے علیحدہ ہوکر غور کریں کہ ان حالات میں آپ کی ذمہ داری کیا ہے؟

جماعت اسلامی تخریبی تنقید پر مجبور ہے

مودودی صاحب لکھتے ہیں:

۶- ''جو شخص اپنے زمانہ کے عام طرز خیال اور طرز عمل کو بدلنا چاہتا ہو اور لوگوں کی روش میں اصولی تغیر پیدا کرنے کا خواہشمند ہو، وہ مجبور ہے کہ ابتداء میں تخریبی تنقید پر زیادہ قوت صرف کرے اور تعمیری افکار کو آہستہ آہستہ بتدریج اور باقساط پیش کرے، تخریبی تنقید

---

(۱) (ترجمان القرآن، ج: ۲۶، عدد: ۳، ص: ۱۱)

Made searchable using ScribeTools.com

کے بغیر وہ الفت اور شیفتگی دور نہیں کی جاسکتی جو لوگوں کو رائج الوقت تخیلات اور طریقہ ہائے عمل سے طبعی طور پر ہوا کرتی ہے، اور جب تک یہ الفت دور نہ ہو، ان کے دماغ کسی نئی بنیاد پر تعمیر کا نقشہ سوچنے اور سمجھنے کیلئے تیار ہی نہیں ہوتے، لہذا تخریب کے بغیر یا ناکافی تخریب کیساتھ نئی تعمیر کا نقشہ پیش کردینا سراسر نادانی ہے اھ''۔ (ذیل ترجمان القرآن، جلد: ۱۴، عدد: ۲، ص: ۱۳۴)(۱)۔

اس عبارت میں مودودی صاحب نے لوگوں کی روش میں اصولی تغیر پیدا کرنے کیلئے تخریبی تنقید کو ضروری اور اس پر زیادہ قوت صرف کرنے کو لازم، اور بغیر تخریب کے تنقید کو، بلکہ ناکافی تخریب کو بھی ناکافی قرار دیا ہے، اور یہ ظاہر ہے کہ کوئی قوم اصولاً عام طور پر اپنے اندر اصولی تغیر پیدا کرنے کیلئے تیار ہی نہیں ہوسکتی جب تک کہ اس کے اختیار کردہ اصول، تخیلات، طریق ہائے عمل کو کافی تخریبی تنقید کے ذریعے سے بیکار، غلط، ناقابل التفات، بلکہ مضر اور مہلک نہ ثابت کردیا جائے، کیونکہ جن اصول کے ساتھ ساری قوم کی معاشی، معاشرتی عدالتی، جنگی، مالی، بین الاقوامی پالیسی کا ہر ہر پہلو وابستہ ہے وہ اصول اس کے قلب و دماغ پر پوری طرح حاوی ہیں، اور ہر چھوٹا بڑا عمل ان ہی اصول کی بنیاد پر برگ و بار کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے، ایسے اصول کو ساری قوم کے دل و دماغ اور قوائے عمل سے نکال کر پھینکنا ہنسی کھیل نہیں ہے، اس کیلئے ایڑی چوٹی کا زور صرف کرنا ہوگا اور یہ کام کسی ایک ایڈیٹر، اخبار، رسالہ کا نہیں، بلکہ اس کیلئے بڑی مضبوط جماعت کی ضرورت ہوگی جو اپنی زبان، اپنے قلم، اپنے کردار، اپنے عزم، اپنے یقین، غرض ہر اعتبار سے ساری قوم میں صالح ترین اور ممتاز ہو کہ اس کے ہر فرد کو دور سے دیکھ کر سمجھ لیا جائے کہ یہ فلاں جماعت کا آدمی ہے۔

امیر جماعت کے صفات

اس جماعت کیلئے امیر بھی ایسا ضروری ہے جو بالکل جدید ترین طرز کا لیڈر ہو، وقت کے تمام علوم جدیدہ پر اس کو مجتہدانہ بصیرت حاصل ہو، زندگی کے سارے مسائل مہمہ کو خوب حل کرسکتا ہو، عقلی و ذہنی ریاست، سیاسی تدبر، اور جنگی مہارت کے اعتبار سے وہ تمام دنیا پر اپنا سکہ جمادے تب عالمگیر انقلاب رونما اور دنیا کا انتظام درست ہوسکتا ہے۔

---

(۱)(ترجمان القران جلد: ۲۶، عدد: ۳، ص: ۱۱۱)

جماعت اسلامی کا کام

مودودی صاحب فرماتے ہیں:

۷-''جو کام ہم نے اپنے ہاتھ میں لیا ہے یعنی اخلاقی اصولوں پر دنیا کی اصلاح کرنا اور دنیا کے نظم کو درست کرنا، اس کا تقاضہ ہے کہ اخلاقی حیثیت سے ہم اپنے آپ کو دنیا کا صالح ترین گروہ ثابت کر دکھائیں''۔ (ترجمان القرآن جلد: ۲۶، عدد: ۳، ص: ۱۰۹)(۱)۔

اس سے جماعت اسلامی کے کام کی تشخیص ہوگئی یعنی دنیا کی اصلاح کرنا اور دنیا کے نظم کو درست کرنا، اور اس کام کا تقاضہ ہے کہ جماعت اسلامی اپنے آپ کو دنیا کا صالح ترین گروہ ثابت کر دکھائے۔ امید تو یہ رکھنی چاہئے کہ یہ جماعت واقعے میں بھی صالح ترین ہونیکی کوشش کرے گی، صرف ثابت کر دکھانے تک اپنی کوشش کو محدود نہیں رکھے گی، آگے چند مثبت ومنفی ہدایات کے بعد فرماتے ہیں: (اگر ان پر عمل نہ ہوا)

۸-''تو دنیا ہم سے اور ہمارے ہاتھوں ہونے والی ''اصلاح'' سے خدا کی پناہ مانگے گی اور یہ محسوس کرے گی کہ اگر کہیں زمین کا انتظام ان لوگوں کے ہاتھ میں آ گیا تو یہ ساری زمین کو ایسا ہی کر کے چھوڑیں گے جیسے یہ خود ہیں''۔ (ترجمان القرآن جلد: ۲۶، عدد: ۳، ص: ۱۰۹)(۲)۔

اس مقصد عظیم کے حاصل کرنے کیلئے پروگرام کیا ہے۔ سنئے:

جماعت اسلامی کا پروگرام

۹-''ہمارا پروگرام یہ ہے کہ ہم پہلے اس نظام فکر کو درہم برہم کر دینا چاہتے ہیں جس پر دنیا کا موجودہ غلط نظام زندگی قائم ہے اور اس کی جگہ اس نظام فکر کو دلوں کے اندر راسخ کرنا چاہتے ہیں جس پر صحیح نظام کی بنیادیں قائم کی جاسکتی ہیں''۔ (ترجمان القرآن

---

(۱)(ترجمان القرآن جلد: ۲۶، عدد: ۳، ص: ۱۰۹)

(۲)(ترجمان القرآن جلد: ۲۶، عدد: ۳، ص: ۱۰۹)

Made searchable using ScribeTools.com

جلد:۳۰،عدد:۵،ص:۲۹۷)(۱)۔

دنیا بھر کے نظام فکر کو درہم برہم کرنے کیلئے ظاہر ہے کہ کس قدر سخت تخریبی تنقید کی ضرورت ہوگی، اسی عالمگیر انقلاب کیلئے یہ جماعت عمل میں آئی اور مودودی صاحب اس کے امیر مقرر ہوئے، اس لئے کہ وہی صفات بالا کے حامل ہونے کی وجہ سے اس مجمع میں سب سے اہل تر اور طریق انقلاب کے ماہر ترین تھے، پھر ایسی زبردست تخریبی تنقید کی مہم شروع کی گئی کہ موجودہ اور گذشتہ سیاسی اور مذہبی، افراد اور جماعتوں، انجمنوں اور اداروں سب ہی کی دھجیاں اڑا کر رکھ دیں۔

مگر مودودی صاحب اور ان کے پیروحضرات کا ایک رخ یہ بھی ہے کہ جب ان کے قلم سے نکلی ہوئی کسی بات پر گرفت کی جاتی ہے اور اس کو دلائل کی روشنی میں غلط ثابت کر کے سب طرف سے راستہ بند کر دیا جائے، اور وہ جواب سے عاجز ہو جاتے ہیں تو اس بات کا رخ بدل دیتے ہیں کہ ہمارا مدعا یہ نہیں، حالانکہ ان کی تاویل کے خلاف خود ان کے کلام میں صراحت موجود ہوتی ہے۔

ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ اپنی غلطی واضح ہونے پر اعتراف کرتے اور اصلاح کر لیتے، جیسا کہ اپنی تحریرات میں بار بار اعلان کیا جا چکا ہے، لیکن وقت آنے پر ہوتا کچھ اور ہے (۲) چنانچہ تخریبی تنقید کے رویہ پر جب گرفت کی گئی اور اس کے جواز کا پہلو نہ مل سکا تو فرماتے ہیں:

۱۰-''درحقیقت مسلم لیگ ہو یا مسلمانوں کی بڑی جماعتوں میں سے کوئی اَور جماعت ہو، اس کے مسلک یا طریق کار پر تنقید کرنے سے میرا مدعا یہ کبھی نہیں رہا کہ ان جماعتوں کی تخریب کروں اھ''۔(ذیل ترجمان، جلد:۱۴،عدد:۲،ص:۱۴۰)(۳)۔

جن لوگوں کو مسلم لیگ سے ''الفت اور شیفتگی'' تھی ان کے تخیلات اور طریق ہائے عمل میں

---

(۱)(ترجمان القرآن جلد: ۳۰، عدد:۵، ص:۲۹۷)

(۲)قال تعالی :﴿ولم یصروا علی ما فعلوا وھم یعلمون﴾.(سورہ آل عمران :۱۳۵): ''أی تابوا من ذنوبھم ورجعوا إلی اللہ عن قریب، ولم یستمروا علی المعصیة، ویصروا علیھا غیر مقلعین عنھا ولو تکرر منھم الذنب تابوا عنه''. (ابن کثیر: ۱/۵۴۱، دارا لفیحاء دمشق)

(۳) (ذیل ترجمان القران جلد :۱۴، عدد: ۲، ص: ۱۴۰)

اصولی تغیر پیدا کرنے کیلئے، ص:۱۳۴(۱) پر تو مودودی صاحب ''تخریبی تنقید'' کو ایسا ضروری سمجھتے تھے کہ اس پر ''زیادہ قوت صرف کرنے پر مجبور تھے، اور ناکافی تخریب کو ناکافی قرار دیتے تھے'' لیکن ص:۱۴۰(۲) پر پہنچ کر رخ بدلا، یہ ابلہ فریبی نہیں تو اَور کیا ہے؟ اس قسم کا تضاد اس جماعت کے لٹریچر میں بکثرت موجود ہے کہ دفع الوقتی کیلئے دوسرا رخ بھی پیش کیا جاسکے۔

ایک شبہ کا ازالہ

مسلم لیگ یا مسلمانوں کی کسی اَور جماعت پر تنقید کو یہ تصور نہ کیا جائے کہ مودودی صاحب کی طرف سے یہ سیاسی تنقید ہے، جو کہ عامۂ سیاسی جماعتوں میں ایک دوسرے پر ہوتی رہتی ہے، نہیں بلکہ یہ خالص اسلام کی روشنی میں ہے، چنانچہ فرماتے ہیں:

> ۱۱-''اس سلسلہ میں یہ بات بھی واضح کردینا چاہتا ہوں کہ میں معاملات کو جماعتوں کے نقطہ نظر سے نہیں دیکھتا بلکہ محض اسلامی نقطہ نظر سے دیکھتا ہوں، اس لئے میں نے اب تک سیاسی مسائل پر جو کچھ لکھا ہے اس میں کسی مسئلہ پر بھی اس حیثیت سے بحث نہیں کی ہے کہ کسی خاص جماعت کی نسبت سے اس مسئلہ کی کیا نوعیت ہے؟ میں صرف یہ دیکھتا ہوں اور یہی دکھانے کی کوشش کرتا ہوں کہ اسلام کی نسبت سے صحیح یا غلط، اور مناسب یا نامناسب، کیا ہے اھ''۔ (ذیل ترجمان:۱۴، عدد:۲، ص:۱۴۰)(۳)۔

اب تک کی نقل کردہ عبارتوں سے سوال کے دونمبروں کا جواب بخوبی روشن ہوگیا کہ نمبر۱: جماعت اسلامی تخریبی تنقید کرتی ہے، نمبر۲: اور یہ اس کے اہم اصول میں داخل ہے اور امیر جماعت اس روش پر بہت خوش ہیں، چنانچہ لکھتے ہیں:

> ۱۲-''میں یہ دیکھ کر اکثر اپنی جگہ خوش ہوتا ہوں کہ ہماری اس جماعت میں شخصیت پرستی اور ذہنی غلامی موجود نہیں ہے بلکہ ہر شخص کے اندر اچھی خاصی نقادانہ نظر

---

(۱)(ذیل ترجمان القرآن جلد:۱۴، عدد:۲، ص:۱۳۴)

(۲)(ذیل ترجمان القرآن جلد:۱۴، عدد:۲، ص:۱۴۰)

(۳)(ذیل ترجمان القرآن جلد:۱۴، عدد:۲، ص:۱۴۰)

Made searchable using ScribeTools.com

موجود ہے''۔(ترجمان، ج:۲۶،عدد:۳،ص:۱۰۹)(۱)۔

اب اپنے سوال کے تیسرے نمبر کو دلائل کی روشنی میں دیکھئے، انشاء اللہ تعالی آپ کا ضمیر خود جواب دے گا کہ ''نظام'' مئی ۶۰ء میں جو کچھ جماعت سے متعلق لکھا گیا ہے وہ افتراء نہیں بلکہ روشن حقیقت ہے، تاہم آپ کی تشفی کیلئے جماعت اسلامی کی تخریبی تنقید کے نمونے پیش کئے جاتے ہیں، جن کی طرف میں نے ''نظام مئی ۶۰ء میں اشارہ کیا ہے۔

تبلیغ کرنیوالوں پر تنقید

۱۳-''یہاں تبلیغ بالکل اسی مشنری ڈھنگ کی ہے جیسی عیسائیوں، ہندوؤں اور سکھوں کی طرف سے آئے دن ہوتی رہتی ہے، پس مذاہب چند بے جان عقائد، بے معنی منتر اور بے مقصد حرکات کی معجون سی بنے ہوئے ہیں۔ پنڈت، پادری یا گرنتھی اور مولوی اپنے اپنے کارخانوں کی ذہنی معجونیں لئے پھرتے ہیں، ڈگڈگی بجائی، لوگوں کو جمع کیا اور اپنی معجون کے حق میں گا گا کر اور تھرک تھرک کر ایک رنگین تقریر کر ڈالی''۔(تنقیدات، ص: ۳۳)(۲)۔

(ترجمان جلد:۳۰،عدد:۵)(۳) میں تبلیغی جماعت کے طریقہ کار کے متعلق بتایا گیا تھا کہ ''یہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے طریقے کی پیروی نہیں، بلکہ شیطان کا ایک بہت بڑا دھوکا ہے''، عبارت منقولہ نمبر:۱۳ میں ارشاد ہوتا ہے کہ ''یہ ہندوؤں، عیسائیوں، سکھوں کا طریقہ ہے''۔

تبلیغ کا کام بفضلہٖ تعالی آج نہ صرف ہندوستان میں بلکہ تمام عالم انسانی میں پھیلا ہوا ہے اور اس کی مساعی کی برکات سے تمام دنیا فیض یاب ہو رہی ہے، کتنی بڑی تعداد اسی کی برکت سے ہر سال صحیح طریق پر ارکان حج ادا کرتی ہے۔ بمبئی، کراچی، جدہ، مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ، منی، عرفات، اور تقریباً ہر جہاز میں اس جماعت کے افراد بے نظیر دینی خدمات انجام دیتے ہیں، کتنے غیر مسلم اس جماعت کے طفیل حلقہ بگوش اسلام ہو چکے اور

---

(۱)(ترجمان القرآن جلد: ۲۶، عدد: ۳، ص: ۱۰۹)

(۲)(تنقیدات، ص: ۳۳)

(۳)(ترجمان القرآن ج: ۳۰، عدد: ۵، ۱۹/۲۷۵)

Made Searchable by ScribeTools.com

ہوتے رہتے ہیں؟اس کی خدمات کی تفصیل بہت طویل ہے،اس کو یہاں بتانا مقصود نہیں،البتہ اس کے طریق کار اوراصول کارکومختصر طور پر پیش کرنا چاہتا ہوں،وہ بھی الفاظ میں نہیں، بلکہ ایسے مفکر،صاحب قلم کے الفاظ میں جس نے مودودی صاحب کو دیر تک بہت قریب سے دیکھا اوران کی جماعت کیلئے دستور تیار کیا اوران کی ہر بے راہی پر چشم پوشی کی اوران کے کام کی ظاہری شکل وصورت کو بھی بہت سراہا،اوران کی خاطر اپنے مربی اکابر کی ہر کبیدگی کو تنگ نظری قرار دے کر بطوع ورغبت برداشت کیا،اس امید پر کہ جماعت اسلامی کے اچھی صلاحیتیں رکھنے والے اہل قلم کے افکار ونظریات کا رخ صحیح ہو جائے اور اسلام اور اہل اسلام کے حق میں ان کی مساعی مثمر خیر ہوں،اور غلط رخ پر چل کر اسلام واہل اسلام کی بربادی اور تباہی کا ذریعہ بننے سے محفوظ ہو جائیں،لیکن یہ خواب شرمندہ تعبیر نہ ہونا تھا،نہ ہوا۔مولانا ابوالحسن علی ندوی ''ایک اہم دینی دعوت''،ص:۱۲میں لکھتے ہیں:

طریق کار

۱-''بس آج یہ امت کی بڑی ضرورت ہے کہ دین کے سیکھنے کا نبوی اور فطری طریقہ دوبارہ زندہ کیا جائے،کتابی نقوش کیساتھ زندہ نفوس سے استفادہ کو(جو کہیں زیادہ آسان اور عمومی طریق تعلیم ہے)ضم کیا جائے،متمکن دینی اداروں اور اسلامی درسگاہوں کے ماتحت کچھ چلتی پھرتی درسگاہیں،جیتی جاگتی خانقاہیں اور بولتے چالتے صحیفے ہوں،جو علوم نبویہ کے ان سمندروں سے(دینی مدارس)مشکیں بھر بھر کر عام زندگی کی کشت زاروں میں تاجروں کی تجارتوں،مزارعین کی زراعتوں اور اہل صنعت کی صنعتوں میں دین کا آبِ حیات پہونچائیں''۔

۲-''دین کیلئے عملی جدوجہد،علم کیلئے نقل وحرکت اور سعی وعمل کو جس کا رواج مدتِ دراز سے جاتا رہا پھر فروغ دیا جائے کہ اسلام کی فطری ساخت اور علم دین کی وضع وفطرت یہی ہے اور اللہ کی سنت اسی طرح جاری ہے''۔

۳-''دین کی تعلیم وتعلم اور دین کی خدمت وسعی کو مسلمانوں کی زندگی کا جزء لاینفک بنانے کی کوشش کیجائے اور اس کی دعوت دی جائے کہ مسلمان اپنے مشاغل وفکر معاش کو اس کے ماتحت کردیں کہ ﴿وما خلقت الجن والإنس إلا

Made searchable using ScribeTools.com

لیعبدون﴾ (۱) کے ارشاد کے مطابق اصل زندگی یہی ہے: ﴿کنتم خیر أمة أخرجت للناس تأمرون بالمعروف وتنهون عن المنکر وتؤمنون بالله﴾ (۲) کی تصریح کے مطابق مسلمان اسی لئے پیدا ہوا ہے، البتہ اس سے جو وقت بچے وہ راحت اور بیکاری کے بجائے حصول معاش میں صرف کیا جائے کہ "ان الله یحب المؤمن المحترف" (۳)۔ اللہ تعالیٰ کمانے والے مؤمن کو دوست رکھتا ہے"۔

۴- "لوگ عموماً اپنے ماحول میں گھرے رہ کر اور اپنے مشاغل ومعمولات میں پھنس کر دین حاصل کرنے کیلئے وقت نہیں نکال سکتے، نہ اس کی طرف پوری توجہ کر سکتے ہیں اور نہ ان کے پورے اثرات قبول کر سکتے ہیں، اس لئے ان کو عارضی مدت کے اور غربت کے اختیار کرنے پر آمادہ کیا جائے، جس میں وہ کچھ مدت کیلئے یک سو اور فارغ البال ہو کر دین حاصل کر سکیں، اور اہل دین کی صحبت وخدمت سے استفادہ کر سکیں، ایک شرعی نظام اور ایک دینی زندگی میں رہنے کی ان کو عادت پڑ سکے، ان کیلئے اور ان کے رفقاء کے ذریعہ ایک بہترین دینی ماحول بنایا جائے جو ان کو اپنے وطن اور مشاغل میں میسر نہیں آ سکتا، ان کا یہ نکلنا خود ان کیلئے اور دوسروں کے لئے مفید ومبارک سبق آموز اور انقلاب انگیز ہو"۔

یہ وہ اصول ومقاصد ہیں جن کے ماتحت مولانا محمد الیاس صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کے ہر طبقہ کو دین کی تعلیم وتعلم کیلئے گھر سے باہر نکلنے، ترک وطن کرنے اور ایک خاص نظام کے ماتحت سفر اور نقل وحرکت کرنے کی دعوت وترغیب دیتے ہیں۔ اپنے ایک گرامی نامہ میں اسی مقصد کی وضاحت فرماتے ہیں:

"ہم نے جماعتیں بنا کر دین کی باتوں کیلئے نکلنا چھوڑ دیا، حالانکہ یہی بنیادی اصل تھی، حضور صلی اللہ علیہ وسلم خود پھرا کرتے تھے اور جس نے ہاتھ میں ہاتھ دیا وہ بھی مجنونانہ

---

(۱) (سورة الذاریات: ۵۶)

(۲) (سورة آل عمران: ۱۱۰)

(۳) (فیض القدیر شرح الجامع الصغیر، رقم الحدیث: ۱۸۷۳، ۴/۱۶۷۴. مکتبه نزار مصطفی الباز مکة المکرمه، ریاض.)

پھرا کرتا تھا، مکہ کے زمانہ میں مسلمین کی تعداد افراد کے درجہ مین تھی تو ہر فرد مسلم ہونے کے بعد بطور فردیت وشخصیت کے منفرداً دوسروں پر حق پیش کرنے کیلئے کوشش کرتا رہا، مدینہ میں اجتماعی اور متمدن زندگی تھی، وہاں پہنچتے ہی آپ نے چہار طرف جماعتیں روانہ کرنی شروع کردیں اور جو بڑھتے گئے، وہ عسکریت کی طرف بڑھتے گئے، سکونی زندگی صرف انہیں کو حاصل تھی، جو پھرنے والوں کیلئے ''فئۃ'' اور پھراتے رہنے کا ذریعہ بن سکیں، غرض پھرنا اور دین کیلئے جدوجہد اور نقل وحرکت میں رہنا اصل تھا، جب یہ چھوٹ گیا جب ہی خلافت ختم ہوگئی''۔

اس نکلنے کی حالت میں کیا ہوگا، کیا دعوت دی جائے گی، اس کا جواب مولانا ہی کے الفاظ میں سنیئے:

''اصل تبلیغ صرف دو امر کی ہے، باقی اس کی صورت گری اور تشکیل ہے، ان دو چیزوں میں ایک مادی ہے اور ایک روحانی: مادی سے مراد جوارح سے تعلق رکھنے والی، سو وہ تو یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی لائی ہوئی باتوں کو پھیلانے کیلئے ملک بہ ملک اور اقلیم بہ اقلیم جماعتیں بنا کر پھرنے کی سنت کو زندہ کر کے فروغ دینا اور پائدار کرنا ہے۔ روحانی سے مراد جذبات کی تبلیغ یعنی حق تعالی کے حکم پر جان دینے کا رواج ڈالنا جس کو اس آیت میں ارشاد فرمایا ہے: ﴿فلا وربك لا يؤمنون حتى يحكموك فيما شجر بينهم، ثم لا يجدوا في أنفسهم حرجاً مما قضيت، ويسلموا تسليمًا﴾ (۱)۔ ﴿وما خلقت الجن والإنس إلا ليعبدون﴾ (۲) یعنی اللہ کی باتوں اور اوامر خداوندی میں جان کا بے قیمت اور نفس کا ذلیل ہونا۔

چھ اصول:

نکلنے کے وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی لائی ہوئی چیزوں میں جو چیز زیادہ سے زیادہ اہم ہے اس میں اس کی حیثیت سے کوشش کرنا چاہیئے:

---

(۱) (سورۃ النساء: ۶۵)

(۲) (سورۃ الذاریات: ۵۶)

Made searchable using ScribeTools.com

۱.....کلمہ کی تصحیح وتبلیغ

اس وقت بدقسمتی سے ہم کلمہ تک سے ناآشنا ہورہے ہیں اس لئے سب سے پہلے اسی کلمہ کی تبلیغ ہے جو کہ خدا کی خدائی کا اقرار نامہ ہے، یعنی اللہ کے حکم پر جان دینے کے علاوہ درحقیقت ہمارا کوئی بھی مشغلہ نہ ہو گا(۱)۔

۲.....نماز کی تصحیح وترقی

کلمہ کے لفظوں کی تصحیح کرنے کے بعد نماز کے اندر کی چیزوں کی تصحیح کرنے اور نمازوں کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم جیسی نماز بنانے کی کوشش میں لگے رہنا(۲)۔

۳.....تحصیل علم وذکر

تین وقتوں کو(صبح وشام اور کچھ حصہ شب کا) اپنی حیثیت کے مناسب علم وذکر میں مشغول رکھنا(۳)۔

---

(۱) (قال تعالی :﴿وما أرسلنا من قبلک من رسول إلا نوحی إلیه أنه لا إله إلا أنا فا عبد ون﴾. (سورة الأنبیاء:۲۵)

"عن أبی هریر ة رضی الله تعالیٰ عنه قال :قال رسو ل الله صلی الله علیه وسلم: "الإیمان بضع وسبعو ن أو بضع و ستون شعبةً، فأ فضلها قول: لا إله إلا الله، وأدنا ها إما طة الأذی عن الطریق، والحیاء شعبة من الإیمان". (الصحیح لمسلم، کتاب الإیمان، باب بیان عدد شعب الإ یمان: ۱/۴۷، قدیمی)

"عن أبی هریر ة رضی الله تعالیٰ عنه قال:قال رسول الله صلی الله علیه وسلم :"جددوا إیمانکم"، قیل: یارسول الله! وکیف نجدد إ یماننا؟قال: "أکثروا من قول: لا إله إلا الله". (مسند الإمام أحمد، رقم الحدیث: ۸۴۹۳، ۳/۴۳،دارإحیاء التراث العر بی،بیروت)

(۲) "وعن مالک بن الحویرث رضی الله عنه قال :قال لنا رسول الله صلی الله علیه وسلم: "صلوا کما رأیتمونی أصلی". متفق علیه". (مشکوة المصابیح،کتاب الصلا ة،باب فیه فصلا ن: ۱/۶۶،قدیمی)

(۳)قال تعالی :﴿کما أرسلنا فیکم رسولاً منکم یتلو ا علیکم ایتنا، ویز کیکم، ویعلمکم الکتاب الحکمة، ویعلمکم مالم تکونوا تعلمون﴾. (سورة البقرة، ۱۵۱)

قال تعالی:﴿ وأنزل الله علیک الکتاب الحکمة وعلمک مالم تکن تعلم، و کان فضل الله علیک عظیماً﴾. (سورة النساء:۱۱۳)..... =

۴.....تفریغ وقت

ان چیزوں کو پھیلانے کیلئے فریضۂ محمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سمجھ کر نکلنا، یعنی ملک بملک رواج دینا(۱)۔

= "عن عقبة بن عامر رضی اللہ عنه قال: خرج رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم ونحن فی الصفة فقال: "أیکم یحب أن یغدو کل یوم إلی بطحان أو إلی العقیق فیأتی منه بنا قتین کوما وین فی غیر إثم ولا قطع رحم"؟ فقلنا: یارسول! نحب ذلک، قال: "أفلا یغدوا أحدکم إلی المسجد فیعلم أو یقرأ ایتین من کتاب اللہ خیرٌ له من ناقتین، و ثلثٌ خیر له من ثلاث، وأربع خیر له من أربع، ومن أعدادهن من الإبل". (الصحیح لمسلم، کتاب فضائل القرآن، باب فضل قراءة القرآن فی الصلوة وتعلمه: ۱/۲۷۰، قدیمی)

عن أنس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: "من خرج فی طلب العلم فهو فی سبیل اللہ حتی یرجع". هذا حدیث حسن غریب". (سنن الترمذی، أبواب العلم عن رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم، باب فضل طلب العلم: ۲/۹۳، سعید)

"عن أبی هریرة رضی اللہ تعالیٰ عنه یقول: سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یقول:" إن الدنیا ملعونة، ملعون ما فیها إلا ذکر اللہ وما والاه، وعالم أو متعلم". هذا حدیث حسن غریب". (سنن الترمذی، أبواب الزهد، باب ماجاء فی هوان الدنیا علی اللہ: ۲/۵۸، سعید)

(۱) قال اللہ تعالی: ﴿ادع إلی سبیل ربک بالحکمة والموعظة الحسنة﴾. (سورة النحل، ۱۲۵)

وقال اللہ تعالی: ﴿لقد جاءکم رسول من أنفسکم عزیز علیه ما عنتم، حریص علیکم، بالمؤمنین رؤف رحیم﴾ (سورة التوبة، ۱۲۸)

وقال اللہ تعالی: ﴿کنتم خیر أمة أخرجت للناس، تأمرون بالمعروف وتنهون عن المنکر، وتؤمنون باللہ﴾. (آل عمران: ۱۱۰)

"عن حذیفة رضی اللہ تعالیٰ عنه أن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم قال: "والذی نفسی بیده! لتأمرنّ بالمعروف، و تنهَوُنّ عن المنکر أو لیوشکن اللہ أن یبعث علیکم عذاباً من عنده، ثم لتدعُنّه ولا یستجاب لکم". رواه الترمذی". (مشکوة المصابیح، کتاب الآداب، باب الأمر بالمعروف: ۲/۴۳۶، قدیمی)

Made Searchable using ScribeTools.com

۵.....خلق

اس پھرنے میں خُلق کی مشق کرنے کی نیت رکھنا، اپنے فرائض کی ادائیگی کی سرگرمی خواہ خالق کے ساتھ متعلق ہوں یا خلائق کے ساتھ، کیونکہ ہر شخص سے اپنے ہی متعلق سوال ہوگا (۱)۔

۶.....تصحیح نیت

ہر عمل کے بارے میں اللہ نے جو وعدے وعید فرمائے ہیں ان کے موافق اس امر کی تعمیل کے ذریعہ اللہ کی رضاء اور موت کے بعد والی زندگی کی درستی کی کوشش کرنا (۲)۔

دین سیکھنے کیلئے اللہ ورسول کی باتیں دوسروں تک پہنچانے اور پھیلانے کیلئے یہ نقل وحرکت، یہ سفر اور عارضی غربت، چند مرغوبات ومألوفات کی یہ عارضی مفارقت، معمولات وعادات کی خفیف سی تبدیلی دین کیلئے جدوجہد قربانی کا ادنی درجہ ہے، جس کے بغیر دین کے برکات وثمرات کا حصول مشکل ہے اور جو اس نعمت عظمی (اسلام) کی شکرگذاری کا سہل ترین طریق ہے۔

''جس مذہب کیلئے ہزار ہا جانوں کا طیبِ خاطر سے پیش کردینا اس کی قیمت کیلئے کافی نہیں ہوسکتا اور جس مذہب کی اصلی قیمت، سوزشِ جگر، اور خونِ دیدہ بہانا تھی اس کیلئے ہمارا یہ برائے نام قدموں کا اٹھانا اور اس قدر ضعیف اور کم مقدار اپنی محنتوں کا وابستہ رکھنا اصل فریضہ سے کچھ نسبت نہیں رکھتا لیکن خدائے پاک کی ذرہ نوازی اور مراحمِ خسروانہ (شاہانہ) اور اخیر زمانہ والوں کیلئے ان کی مساعی پر صحابہ کے پچاس کے برابر اجر وثواب

---

(۱) قال تعالی: ﴿ولا تزر وازرة وزرَ أخرى﴾. (سورة فاطر: ۱۸)

(۲) قال تعالی: ﴿لن ينا ل الله لحومها ولا دماؤها ولكن ينا له التقوى﴾ (سورة الحج: ۳۷)

وقا ل تعالى: ﴿وما آتيتم من زكوة تريدِ و ن وجه الله فأولئک هم المضعفو ن﴾ (سورة الروم: ۳۹)

''عن عمر رضى الله تعالىٰ عنه أن رسو ل الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: ''الأعمال بالنية، ولكل امرئ مانوى، فمن كانت هجرته إلى الله ورسو له فهجر ته إلى الله ورسوله، ومن كا نت هجر ته لدنيا يصيبها أو امرأ ة يتز وجها، فهجرته إلى ما ها جر إليه''. (صحيح البخارى، كتاب الإيمان، باب ماجاء أن الأ عمال بالنية والحسبة: ۱/۱۳، قديمى)

ملنے کی خوشخبریاں اور سچے وعدے اور ﴿لا یکلف اللہ نفساً إلا وسعھا﴾ (۱) کی جیسی بشارتیں ہماری ان مساعی کے بارے میں بڑی امیدیں دلا رہی ہیں''۔

اس عبارت میں تبلیغی کام کا جو مختصر طریقہ پیش کیا گیا ہے اس کو سامنے رکھئے اور غور کیجئے کیا یہ طریق کار انبیاء علیہم السلام کی پیروی نہیں بلکہ شیطان کا زبردست دھوکہ ہے؟ اور کیا اس سے کلمہ اور نماز کی عزت خاک میں ملتی ہے، جیسا کہ ترجمان جلد: ۳۰ عدد: ۵ میں دعویٰ کیا گیا ہے اور کیا یہ ہندوؤں عیسائیوں، سکھوں کا طریقِ تبلیغ ہے؟ جیسا کہ عبارت نمبر ۱۳/ میں کہا گیا ہے۔

نیز تبلیغی مقصد اور چھ اصول کا گہرا مطالعہ کیجئے اور جماعت اسلامی کی طرف سے شائع شدہ تنقیدات کی داد دیجئے کہ کتاب وسنت اور آثار صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی پیروی میں مر مٹنے والوں کو کس جسارت کیساتھ ہندوؤں، عیسائیوں، سکھوں کی صف میں لاکر کھڑا کردیا گیا اور یک قلم سب پر حکم لگا دیا گیا کہ ان سب کے مذاہب بے جان عقائد، بے معنی منتر، بے مقصد حرکات کی معجون سی بنے ہوئے ہیں، اس عبارت میں غور کرنے سے آپ کا ضمیر یہ بھی متعین کردے گا کہ جماعت اسلامی نے بے جان عقائد، بے معنی منتر، بے مقصد حرکات کن امور کو قرار دیا ہے؟ اور اللہ کی کتاب اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت میں ان کا کیا مقام ہے؟

کیا ایسی تنقیدات کو پڑھ کر ذہنوں میں یہ تصور قائم نہیں ہوگا کہ تبلیغی کام کرنے والے علماء نے اصل دین کو تحریف کر کے خواہشاتِ نفسانی کے مطابق ڈھال کر عوام کے سامنے پیش کیا، جس سے انتہائی گمراہی پھیلی ہے اور لوگوں نے بددینی کو دین سمجھا ہے جس کو حقیقی اسلام سے کچھ تعلق نہیں، نہ خدائی سند ان کے پاس ہے، نہ وحی الٰہی سے ان کا کوئی تعلق ہے، نہ کسی پیغمبر کی ہدایت ورہنمائی ان کو حاصل ہے، بلکہ مناسبِ وقت جو کچھ ان کے ذہنوں میں آیا تیار کرلیا، اگر کسی کے پاس وحی الٰہی کی کوئی روشنی تھی بھی تو وہ اب بالکل مفقود ہے اور یہ لوگ سراسر اس سے محروم ہیں؟

آپ مکرر ''نظام'' مئی ۶۰ء کو دیکھئے اور جماعت اسلامی کی تنقیدات کو ملاحظہ کیجئے، نظام کا ایک ایک حرف صحیح پائیں گے۔

---

(۱) (سورۃ البقرۃ: ۲۸۶)

Made searchable using ScribeTools.com

تنقید کا اثر

جماعت اسلامی عموماً حق و باطل کو ایک ہی صف میں پیش کرتی ہے اور تنقید میں حق پر ایسا باطل کا ملمع چڑھاتی ہے کہ دیکھنے والوں کو ان کی تنقید کے آئینہ میں دونوں کی صورت یکساں نظر آتی ہے، اس کا ایک ادنی اثر یہ ہوتا ہے کہ ایک حقیقت ناشناش کے دل میں حق کی کوئی وقعت باقی نہیں رہتی بلکہ حق کی طرف سے انتہائی غیظ پیدا ہو جاتا ہے، جماعت اسلامی کے اس طرز تنقید سے اہل حق مجددین، محدثین، فقہاء، مفسرین، متکلمین، صوفیاء، تابعین، صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور خلفائے راشدین بھی نہیں بچ سکے، جس کے نمونے انشاء اللہ تعالیٰ پیش کروں گا، اور طرفہ یہ ہے کہ یہ سب کچھ حق (اسلام) و باطل (جاہلیت) میں خطِ امتیاز قائم کرنے کے نام پر کیا جاتا ہے۔

جماعت اسلامی کا یہ زور قلم بڑھتے بڑھتے شعوری یا غیر شعوری طور پر بعض دفعہ انبیاء علیہم السلام پر بھی ایسے ناروا حملے کر جاتا ہے کہ دل کانپ اٹھتا ہے اور رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں، اور کمال یہ ہے کہ افراد جماعت کی طرف سے بھی اس پر آفرین اور شاباش کے تحسینی کلمات کہے جاتے ہیں، حق کو باطل کے ساتھ ملا کر پیش کرنے کی سعی کی مثال ملاحظہ کیجئے:

وفات پیغمبر کی تصویر

۱۴- ''جس قانونِ بے اختیاری کے تحت ایک بھکاری مرتا ہے اور زمین و آسمان اس کا ماتم نہیں کرتے، اسی کے مطابق سلطانِ وقت بلکہ پیغمبر (علیہ السلام) بھی مرتا ہے اور نہ زمین اس سے متاثر ہوتی ہے، نہ آسمان آنسو بہاتا ہے، نہ چاند سورج گرہن کا ماتمی لباس پہنتے ہیں اھ''۔ (ترجمان جلد: ۱۲، عدد: ۴، ص: ۴۷/ ۲۸۷)(۱)۔

اس عبارت میں ایک باطل پر کاری ضرب لگائی گئی ہے، اگر معاملہ یہیں تک رہتا تو ٹھیک تھا اور ضرور اس کو خدمتِ حق کہا جاتا لیکن زور تنقید میں بات آگے بڑھی اور اس باطل کے ساتھ ساتھ ایک حق کو بھی پاش پاش کر دیا گیا، اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ: حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو چیزیں ارشاد فرمائیں: ایک

---

(۱) (ترجمان القرآن، ج: ۱۲، عدد: ۴/ ۲۸۷)

منفی، دوسری مثبت، منفی یہ ہے کہ ''چاند سورج کو کسی کی موت سے گرہن نہیں لگتا بلکہ یہ دونوں اللہ پاک کی نشانیاں ہیں، ان کے ذریعہ سے اللہ تعالی بندوں کو گناہوں سے بچانے کیلئے ڈراتے ہیں لہذا جب گرہن دیکھو تو دعاو استغفار میں مشغول ہوکر اللہ کی پناہ حاصل کرو''۔(مشکوٰۃ المصابیح ،ص:۱۳۰)(۱) بحوالہ بخاری (۲) ومسلم (۳) یہ روایت موجود ہے۔

مثبت یہ ہے کہ ''عبادت گذار بندہ جب مرجاتا ہے تو اس پر آسمان کا وہ حصہ آنسو بہاتا ہے جہاں سے اس کا عمل اوپر جاتا ہے اور اس کا رزق اترتا تھا، اسی طرح زمین کا وہ حصہ روتا ہے جس پر وہ عبادت کرتا تھا''۔ دوسری روایت میں ہے کہ ''جب مومن پردیس میں مرتا ہے جہاں اس کے رونے والے موجود نہیں تو اس پر آسمان وزمین روتے ہیں''۔اس مضمون کی متعدد احادیث محدث کبیر حافظ عماد الدین بن کثیر نے سند کے ساتھ نقل کی ہیں، ایک روایت نقل کرتا ہوں، جس میں سند کے بعد لکھا ہے:

"قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم : "إن الإسلام بدأ غریباً و سیعود غریباً کما بدأ، ألا! لا غربة علی مؤمن، ما مات مؤمن فی غربة غابت عنه فیها بَوَاکیه إلا بکت علیه السمآء والأرض"، ثم قرأ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم : ﴿فما بکت علیهم السمآء والأرض﴾ ثم قال: "إنهما لا یبکیان علی الکافراھ"۔ (ابن کثیر :٤/١٤٢) (٤)۔

ترجمہ: ''رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:''اسلام ابتدائی زمانہ میں غریب اور اجنبی تھا اور عنقریب اسی حالتِ غربت کی طرف لوٹ آئے گا جیسا کہ ابتدا میں تھا، اچھی طرح سن لو کہ مؤمن کبھی

---

(۱)" وعن أبی موسی رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه قال: خسفت الشمس، فقام النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم فزعاً یخشی أن تکون الساعة، فأتی المسجد، فصلیٰ بأطول قیام ورکوع وسجود ما رأیته قط یفعله، وقال: "هذه الآیات التی یرسل اللّٰہ لا تکون لموت أحد، ولا لحیوته، ولکن یخوف اللّٰہ بها عباده، فإذا رأیتم شیئًا من ذلک فافزعوا إلی ذکره ودعائه واستغفاره". متفق علیه". (مشکوة المصابیح، کتاب الصلاة، باب صلوة الخسوف: ۱/۱۳۰، قدیمی)

(۲)(أخرجه البخاری فی صحیحه، أبواب الکسوف باب الذکر فی الکسوف: ۱/۱۴۵ قدیمی)

(۳)(وأخرجه مسلم فی صحیحه، کتاب الکسوف: ۱/۲۹۹،قدیمی)

(۴) (ابن کثیر، سورة الدخان، پ: ۲۵، ۴/۱۴۲، سهیل اکیڈمی لاهور)

Made searchable using ScribeTools.com

غریب اور اجنبی نہیں ہوتا، جو مؤمن پردیس کی حالت میں مرتا ہے جہاں اس کے رونے والے نہ ہوں تو آسمان اور زمین اس پر آنسو بہاتے ہیں پھر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ﴿فما بكت عليهم السمآء والأرض﴾ اور فرمایا کہ آسمان اور زمین کافر پر نہیں روتے''۔

اس حدیث شریف میں یہ بھی ارشاد ہے کہ آسمان وزمین کافر پر نہیں روتے، بندہ مؤمن پر آسمان و زمین کا رونا ثابت ہے، مگر تنقیدی زورِ قلم نے اس مثبت کی بھی نفی کردی جو کہ سراسر حق اور شان رسالت کا فرمودہ ہے، اگر مطلقاً بھکاری اور سلطان وقت کے مرنے پر نہ رونے تک بات رہتی تب بھی تاویل بعید کرکے کلام کو صحیح کرنا ممکن ہوتا جیسا کہ اب تک جماعت اسلامی کی عبارات کی بعید سے بعید تاویلات کرکے قرآن وحدیث کی مخالفت سے بچانے کی ہم لوگ کوشش کرتے رہے ہیں، تاویل یہ کرلیتے کہ ''حدیث میں آسمان وزمین کا رونا بندۂ مؤمن پر ثابت ہے اور اس عبارت میں بھکاری اور سلطانِ وقت سے مراد کافر ہیں''، مگر یہاں تو تاویل کا دروازہ بند کرنے کے لئے سیسے کی دیوار قائم کردی گئی اس طرح پر کہ پیغمبر کو بھی اسی صف میں لاکھڑا کردیا گیا جس میں خدا کے باغی سرکش مستحق لعنت دشمن کھڑے ہیں، اور جو آیت شریفہ ان ملعونوں کی انتہائی تحقیر وتذلیل کو بیان کرنے کے لئے نازل ہوئی تھی: ﴿فما بكت عليهم السمآء والأرض﴾ (۱) اسی کا مضمون پیغمبر پر بھی بے دھڑک چسپاں کردیا گیا، حالانکہ پیغمبر کا معزز ومقرب عنداللہ ہونا نصوص قطعیہ سے ثابت ہے (۲) اب تاویل کی کیا گنجائش باقی رہ جاتی ہے۔

حق اور باطل کو اس طرح مخلوط پیش کرنے میں اور دونوں کی تردید کرنے میں کس قدر فتنۂ عظیم ہے کہ جس طرح باطل سے نفرت پیدا ہوتی ہے اور ہونی چاہئے، اسی طرح پڑھنے والوں کے ذہن میں حق سے بھی

---

(۱) (سورة الدخان، پ: ۲۵، آیت: ۲۹)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿و لو طاً آتيناه حكماً و علماً، و نجيناه من القرية التى كانت تعمل الخبائث، إنهم كانوا قوم سوء فاسقين، و أدخلنه فى رحمتنا إنه من الصالحين ..... و إسماعيل و إدريس و ذا الكفل كل من الصابرين، و أدخلنهم فى رحمتنا إنهم من الصالحين ..... فاستجبنا له و وهبنا له يحيى و أصلحنا له زوجه، إنهم كانو يسارعون فى الخيرات و يدعوننا رغباً و رهباً و كانوا لنا خاشعين ..... و ما أرسلنك إلا رحمة للعالمين﴾ (سورة الأنبياء : ۷۴، ۷۵، ۸۵، ۸۶، ۹۰، ۱۰۷)

مزید تفصیل کے لئے: مذکور بالا آیتوں کی تفسیر روح المعانی اور ابن کثیر میں ملاحظہ فرمائیں۔

Made Searchable by ScribeTools.com

نفرت پیدا ہوجاتی ہے، اللہ تعالیٰ ہمارے بھائیوں کو شعور دے کہ وہ مضامین لکھتے وقت قلم کا رخ صحیح رکھیں۔

اب رہی یہ بات کہ اتنی صاف اور واضح حدیث کے خلاف لکھنے کی جرات کیسے ہوئی تو اس کے اسباب تین ہوسکتے ہیں: اول یہ کہ حدیث مطالعہ میں نہ آئی ہو، دوم یہ کہ مطالعہ میں تو آئی ہو مگر مضمون لکھتے وقت ذہول ہوگیا ہو، ان دونوں صورتوں میں تو معاملہ سہل ہے کہ معلوم ہوجانے اور ذہن میں آجانے کے بعد اصلاح کی توقع ہے اور کوئی وجہ نہیں کہ ایک دیندار حق پرست اپنی غلطی کا اعتراف کرنے میں ادنیٰ جھجک بھی محسوس کرے، حدیث شریف میں ہے: "کلکم خطاؤن و خیر الخطائین التوابون"(۱) کیونکہ یہ غلطی کا اقرار نہ کرنا تو جماعت اسلامی کے نزدیک علماء کا حصہ ہے، چنانچہ علماء پر تنقید کرتے ہوئے ارشاد ہوتا ہے:

> ۱۵- ''جس طرح ہمارے عوام کا پندار دینداری ان کو اس بات کی اجازت نہیں دیتا کہ وہ تجدید ایمان کے ننگ کو گوارہ کریں، اسی طرح ہمارے خواص کا غرورِ سیادت ان کو اس بات کی اجازت نہیں دیتا کہ وہ اپنے منہ سے خود اپنی غلط رہبری کا اقرار کریں، وہ ایک غلط سمت میں اتنی دور نکل گئے ہیں کہ ان کے لئے وہاں سے پلٹنا آسان نہیں رہا ھ''۔
> (ترجمان، ج:۲۶، عدد:۳، ص:۸۹/۱۸۵)(۲)۔

جماعت اسلامی کی تو یہ شان ہرگز نہیں ہوگی اور اس کے شواہد بھی موجود ہیں، جماعت اسلامی کے اعلیٰ کارکنوں میں سے جب بھی جس پر اپنی اور جماعت اسلامی کی غلط روی کھلتی گئی، وہ پورے غور وخوض کے بعد جماعت سے علیحدہ ہوتا گیا، مصلحت بینی اور حکمت عملی کا زیادہ دیر تک سہارا نہیں لیا، پھر کسی نے خاموشی سے علیحدگی اختیار کرلی اور اپنے ہم نوا رفقاء کو تاریکی میں چھوڑ دیا، اور کسی نے خوب کھل کر علیحدگی کے اسباب وعلل پر بھی طویل بحث کی، ان کی تفصیل اگر مطلوب ہو تو ''المنبر''، ''المیثاق''، ''نوائے پاکستان''، ''الفرقان'' کے شمارے دیکھیں جن میں اس پر مستقل مقالے تحریر کئے گئے ہیں۔

حکیم شمس الحسن صدیقی نے ''آپ بیتی'' لکھی، حکیم عبدالرؤف اشرف نے بہت دیر تک اس پر بحث کی

---

(۱) لم أجده بهذا اللفظ وقد أخرجه الترمذی فی جامعه بلفظ: "عن أنس رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال: "کل ابن آدم خطاء، و خیر الخطائین التوابون". (أبواب صفة القیٰمة، باب بلا ترجمه: ۶/۷۶، سعید)

(۲) (ترجمان، ج: ۲۶، عدد: ۳، ص: ۸۹/۱۸۵)

Made searchable using ScribeTools.com

اور بہت سے مخفی علل کو واشگاف کیا، مولانا امین احسن اصلاحی کا ''میثاق'' تو گویا جاری ہی اس مقصد کے لئے ہوا، مولانا اصلاحی جس وقت جماعت سے علیحدہ ہوئے، ان سے کچھ سوالات کئے گئے:

سوال: ''جو اصحاب ۴۱ء میں آپ کے ہمراہ جماعت اسلامی سے منسلک ہوئے تھے ان میں اب کتنے جماعت اسلامی میں رہ گئے؟

جواب: جہاں تک میرا خیال ہے ممکن ہے ان میں سے دو ایک اصحاب بطور تبرک ابھی تک جماعت اسلامی سے منسلک ہوں، باقی سارے دیرینہ کارکن یکے بعد دیگرے علیحدہ ہو چکے ہیں۔

سوال: آپ کا آئندہ پروگرام کیا ہے؟

جواب: میں نے سولہ سال کے بعد ایک گم کردہ راہ قافلہ کا ساتھ چھوڑا ہے الخ''۔

یعنی سولہ سال کی طویل مدت تک ایک راہ پر چل کر اس کی غلطی اور گمراہی معلوم ہونے کے بعد بھی علیحدہ ہونے اور اس راہ کی غلطی کا اعتراف واقرار کرنے میں ننگ و عار نہیں تو پھر کیوں نہ یہی توقع کی جائے ایسے صاحب قلم سے جو کہ مدرسۃ الاصلاح سرائے میر کے فارغ التحصیل ہیں اور بانی جماعت سید ابو الاعلیٰ مودودی کی صحبت میں رہ کر ''حقیقت نفاق'' تصنیف فرما چکے اور جن کی زندگی کا شاہکار ''معرکۂ اسلام و جاہلیت'' ہے جس پر جماعت اسلامی کو بڑا فخر حاصل ہے، امید ہے کہ وہاں تو غرور سیادت اپنی غلطی کے اعتراف کرنے سے مانع نہیں ہوگا۔

اس قدر صاف اور صریح حدیث کی مخالفت اور تردید کا تیسرا سبب یہ ہوسکتا ہے کہ فاضل مضمون نگار کو اس حدیث میں ہی کلام ہو، پھر اس کلام کی چند جہات ہیں ایک جہت یہ ہے کہ عقل سلیم کی کسوٹی پر کسنے سے ان کو اس میں کھوٹ نظر آیا ہو جیسا کہ ایک دوسری زباں زد روایت کے متعلق حقِ تحقیق ادا کرنے کے لئے خود ایک جگہ لکھا ہے:

حدیث پرکھنے کا طریقہ

۱۶- ''مادہ پرستی کے ائمہ نے جب مسلمانوں میں وطنیت کے مہلک جراثیم کو

پھیلانا چاہا تو نہایت بے باکی سے "حب الوطن من الإیمان" کی حدیث گھڑلائے، اور اس سنتِ غرب کو سنتِ رسول کی حیثیت سے مسلمانوں میں براڈ کاسٹ کرنے لگے۔ اصول روایت کو چھوڑ یئے کہ اس دور تجدید میں ''اگلے وقتوں کی بکواس'' کون سنتا ہے، عقلِ سلیم اور اصول درایت کی کسوٹی پر کس کر دیکھئے کہ آیا اس چمکتی ہوئی چیز میں سو فیصد کھوٹ کے علاوہ کوئی اَور شئی بھی ہے؟'' (ترجمان، ج:۱۴، عدد:۲، ص:۱۱۱)(۱)۔

محدثین نے بھی سند ''اصولِ روایت'' کے اعتبار سے اس کو ناقابل اعتماد قرار دیا ہے، چنانچہ علامہ سخاوی نے ''مقاصد حسنہ'' میں اور ملا علی قاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے ''موضوعات کبیر'' (۲) میں اس پر تفصیلی بحث کی ہے، اور ''اصول درایت'' کے پیش نظر اس کے بعض معانی کو صحیح بھی قرار دیا ہے۔

مجھے اس وقت ان معانی سے بحث مقصود نہیں، صرف طرز تنقید کا نمونہ پیش کرنا ہے کہ ممکن ہے اسی جہت سے اس حدیث کو بھی عقل سلیم کی کسوٹی پر کس کر دیکھا ہو اور اصول روایت کو ناقابل التفات سمجھا ہو۔

دوسری جہت یہ ہے کہ اصول روایت سند سے بحث کرنے کے باوجود حدیث سے گمان صحت ہی حاصل ہوتا ہو اور علم یقین حاصل نہ ہوتا ہو جیسا کہ بانی جماعت مودودی فرماتے ہیں:

احادیث مفید یقین نہیں

۱۷-''احادیث چند انسانوں سے چند انسانوں تک پہونچتی ہوئی آئی ہیں، جن سے حد سے حد اگر کوئی چیز حاصل ہوتی ہے تو وہ گمان صحت ہے، نہ کہ علم یقین''۔ (ترجمان، ج:۲۶، عدد:۳، ص:۶۴۷)(۳)۔

---

(۱) (ترجمان القرآن، ج:۱۴، عدد:۲، ص:۱۱۱)

(۲) حدیث: "حب الوطن من الإیمان" قال الزرکشی: لم أقف علیه، وقال السید معین الدین الصفوی: لیس بثابت. وقال السخاوی: لم أقف علیه ..... ومعناه صحیح نظراً إلی قوله تعالی حکایةً عن المؤمنین: ﴿وما لنا ألا نقاتل فی سبیل الله وقد أخرجنا من دیارنا﴾ الآیة". (الموضوعات الکبری لملا علی القاری رحمه الله تعالیٰ، رقم الحدیث:۴۱۳، ص:۱۰۹، ۱۱۹، قدیمی)

(۳) (ترجمان، ج:۲۶، عدد:۳، ص:۴۹)

Made searchable using ScribeTools.com

جو چیز مفید یقین نہ ہواس کی طرف توجہ کرنا یا معرض بحث میں لانا غالبًا بے سود سمجھا ہوگا لیکن اس کو رد کرنا تو کسی طرح جائز نہیں ہوسکتا، جب تک اس کے خلاف اس سے قوی دلیل موجود نہ ہو۔

تیسری جہت یہ ہے کہ محدثین کے نزدیک اس کی سند تو صحیح ہو لیکن جماعت اسلامی اپنے اصول کے ماتحت اس کو حدیث رسول قرار دینے کیلئے تیار نہ ہو جیسا کہ بانی جماعت مودودی صاحب نے لکھا ہے:

کیا ہر صحیح حدیث کو حدیث رسول مان لیا جائے؟

۱۸-''اصل واقعہ یہ ہے کہ کوئی روایت جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب ہو اس کی نسبت کا صحیح و معتبر ہونا بجائے خود زیر بحث ہوتا ہے، آپ کے نزدیک ہر اس روایت کو حدیث رسول مان لینا ضروری ہے، جسے محدثین سند کے اعتبار سے صحیح قرار دیں، لیکن ہمارے نزدیک یہ ضروری نہیں، ہم سند کی صحت کو حدیث کے صحیح ہونے کی لازمی دلیل نہیں سمجھتے، ہمارے نزدیک سند کسی حدیث کی صحت معلوم کرنے کا واحد ذریعہ نہیں ہے، بلکہ وہ ان ذرائع میں سے ایک ہے جن سے کسی روایت کے حدیث رسول ہونے کا ظن غالب حاصل ہوتا ہے، اس کے ساتھ ہم یہ بھی ضروری سمجھتے ہیں کہ متن پر غور کیا جائے، قرآن وحدیث کے مجموعی علم سے دین کا جو فہم ہمیں حاصل ہوا ہے اس کا لحاظ بھی کیا جائے اور حدیث کی وہ مخصوص روایت جس معاملہ سے متعلق ہے اس معاملہ میں قوی تر ذرائع سے جو سنتِ ثابتہ ہم کو معلوم ہو، اس پر بھی نظر ڈالی جائے، علاوہ بریں اور بھی متعدد پہلو ہیں جن کا لحاظ کئے بغیر ہم کسی حدیث کی نسبت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کر دینا درست نہیں سمجھتے''۔ (رسائل ومسائل، ج:۱،ص:۲۹۰)(۱)۔

حدیث کی نسبت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف درست ہونے کیلئے جو متعدد پہلو مبہم رہ گئے ہیں ان میں بہت وسعت ہے۔

مودودی صاحب کا موقف

اس عبارت میں مودودی صاحب نے اپنا موقف متعین کرلیا ہے کہ وہ محدثین کے مقابلہ میں اپنی

---

(۱) (رسائل ومسائل، ج:۱،ص:۲۹۰)

ایک مستقل حیثیت رکھتے ہیں کہ جس حدیث کو ان محدثین نے صحیح کہا ہو، جن کو ہر ہر راوی کی جرح وتعدیل کے متعلق پوری تفصیلی معلومات حاصل ہیں اور جنہوں نے اپنی زندگیاں روایات کی چھان بین کیلئے وقف کردی ہیں، ان سب کے مقابلہ کیلئے مودودی صاحب خم ٹھونک کر میدان میں حاضر ہیں، اس حدیث کو صحیح کہنا کیا معنی جب تک اپنے فہم کی میزان میں وزن نہ کرلیں، اس حدیث کی نسبت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کرنا ہی درست نہیں سمجھتے۔

اس کی زد محدثین پر کیا پڑتی ہے اور پڑھنے والے کے ذہن میں ان کی حیثیت کیا قائم ہوتی ہے؟ یا باقی رہتی ہے وہ ظاہر ہے، لیکن شاید زور تنقید میں اس مقام پر مودودی صاحب کو اپنا اصول فراموش ہوگیا، جس کے الفاظ یہ ہیں:

> ۱۹- ''احادیث کی صحت کے باب میں محدثین ہی سند ہو سکتے ہیں نہ کہ غیر محدثین، خواہ وہ بجائے خود کتنی ہی بڑی شخصیت کے بزرگ ہوں''۔ (جماعت اسلامی کا پہلا اجتماع، ص:۲۹)(۱)۔

یہ اصول جماعت کی ابتدائی تشکیل کے وقت شعبان ۶۰ھ میں تجویز فرمایا گیا تھا اور متعدد تصانیف میں اس اصول کے پیش نظر مختلف روایات پر جرح بھی کی ہے، مثلاً روایاتِ ظہور مہدی وغیرہ اور اعتماد بھی کیا ہے مگر اس مقام پر اس کے خلاف زور لگا کر محض محدثین کی تصحیح پر اعتماد کر کے حدیث کو حدیثِ رسول ہی کہنے کیلئے آمادہ نہیں اگر اپنا اصول فراموش نہیں ہوا تو شاید تجربہ سے اپنا اصول ہی غلط ثابت ہوا، اس لئے اس کے خلاف قلم اٹھایا یعنی تجربہ سے معلوم ہوا کہ فن حدیث اور محدثین میں اتنی کمزوریاں ہیں کہ محدثین کی وقعت کے باوجود ان پر پورا اعتماد ہی درست نہیں، چنانچہ لکھتے ہیں:

> ۲۰- ''فن حدیث کی ان کمزوریوں کی بناء پر جن کا میں نے ذکر کیا ہے ہم اس امر کا التزام نہیں کر سکتے کہ محض علم روایت کی بہم پہونچائی ہوئی معلومات پر پورا پورا اعتماد کر کے ہر اس حدیث کو حدیث رسول تسلیم کرلیں جسے اس علم کی رو سے صحیح قرار دیا گیا ہو''۔

---

(۱) (جماعت اسلامی کا پہلا اجتماع، ص:۲۹)

Made Searchable using ScribeTools.com

(رسائل ومسائل، ج:۱،ص:۲۹۲)(۱)۔

جب فن حدیث اور محدثین کی کمزوریوں کا جائزہ لیا گیا تو بڑے سے بڑے محدث کو نہیں بخشا گیا حتی کہ بخاری شریف کی ایک مرفوع متصل صحیح حدیث کے متعلق ارشاد فرمایا کہ:

۲۱- ''یہ جھوٹ ہے، مہمل افسانہ ہے''۔ ملاحظہ ہو (رسائل ومسائل: ۲/۳۵)(۲)۔ حالانکہ بخاری شریف کے متعلق حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ دہلوی نے حجۃ اللہ البالغہ میں تحریر فرمایا ہے:

"أما الصحيحان فقد اتفق المحدثون على أن جميع ما فيها من المتصل المرفوع صحيحٌ بالقطع، وأنهما متواتران إلى مصنفيهما، وأن كل من يهون أمرهما فهو مبتدع متبعٌ غير سبيل المؤمنين". حجة الله البالغه: ۱/ ۱۳۳(۳)۔

یعنی بخاری ومسلم کے متعلق محدثین کا اتفاق ہے کہ ان کی تمام متصل مرفوع حدیثیں صحیح بالیقین ہیں اور ان کی سند ان کے مصنفوں تک متواتر ہے اور جو شخص ان کو کمزور اور ہلکا قرار دے وہ مبتدع اور مسلمانوں کے راستہ کو چھوڑ کر ان کے خلاف راستہ پر چلنے والا ہے۔

جب اصح الکتب بعد کتاب اللہ کا مودودی صاحب کے نزدیک یہ حال ہے کہ اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سندِ متصل کے ساتھ جھوٹ اور مہمل افسانہ منسوب کر دیا گیا ہے تو پھر مودودی صاحب کیسے اس پر کلی اعتماد کر سکتے ہیں، ان حالات میں مودودی صاحب کیوں نہ اپنے لئے ایسا موقف تجویز کر لیں کہ سارے محدثین ایک طرف اور مودودی صاحب ایک طرف، اب جس حدیث کو ان کا فہم صحیح بتائے گا وہ اس کی سند پر اعتماد بھی کر لیں گے اور اس حدیث کو حدیث رسول بھی فرمائیں گے، اور جو حدیث ان کے فہم کی میزان میں پوری نہیں

---

(۱)(رسائل ومسائل:۱،ص:۲۹۲)

(۲)(رسائل ومسائل، ج:۲،ص:۳۵)

(۳)حجة الله البالغه لشاه ولی الله رحمه الله تعالیٰ. باب طبقات كتب الحديث، من كتب الطبقة الأولى، الصحيحان: ۱/ ۳۸۶، ۳۸۷، قديمی)

اترے گی اس کو بے دھڑک رد کردیں گے۔

فن حدیث کی طرح فقہ اور کلام میں بھی ان کا مستقل مسلک ہے وہ کسی کے پابند نہیں، چنانچہ لکھتے ہیں:

مودودی صاحب کا موقف فقہ اور کلام میں

۲۲-''فقہ اور کلام کے مسائل میں میرا ایک خاص مسلک ہے جس کو میں نے اپنی ذاتی تحقیق کی بناء پر اختیار کیا ہے اور پچھلے آٹھ سال کے دوران میں جو اصحاب ترجمان القرآن کا مطالعہ کرتے رہے ہیں، وہ اس کو جانتے ہیں''۔ (جماعت اسلامی کا پہلا اجتماع، ص:۲)(۱)۔

مودودی صاحب کو علم حدیث میں محدثین پر اعتماد نہیں اس لئے اس میں مستقل موقف رکھتے ہیں، علم فقہ میں فقہاء پر اعتماد نہیں اس لئے اس میں مستقل مسلک رکھتے ہیں، علم کلام میں متکلمین پر اعتماد نہیں اس لئے اس میں خاص ذاتی مسلک رکھتے ہیں۔ فقہاء و متکلمین پر اعتماد نہ کرنے کی وجہ انشاء اللہ قریب ہی مذکور ہوگی۔ غرض ان کی ہر چیز جمہور اہل علم وفن سے الگ ہے، خواہ وہ ایمانیات سے متعلق ہو، خواہ فروعی اعمال سے، خواہ نقل حدیث سے، خواہ تفسیرِ قرآن اور فہمِ قرآن سے، کسی چیز میں وہ کسی کے متبع اور پابند نہیں۔ ایک جگہ ارشاد فرماتے ہیں:

اسوہ، سنت، بدعت بھی سب سے الگ

۲۳-''میں اسوہ، سنت، بدعت وغیرہ اصطلاحات کے ان مفہومات کو غلط بلکہ دین میں تحریف کا موجب سمجھتا ہوں، جو بالعموم آپ حضرات کے یہاں رائج ہیں اھ''۔

(ترجمان، ج:۲۶، عدد:۳، ص:۲۷۴)(۲)۔

بات ذرا طویل ہوگئی، میں یہ کہہ رہا تھا کہ صاف اور صریح حدیث پر ہمارے فاضل مضمون نگار کا اعتماد نہ کرنا کس جہت سے ہے۔

چوتھی جہت یہ بھی ہوسکتی ہے، کہ یہ حدیث پرانی کتابوں کے ذخیرہ میں سے ہے، اسلئے قابل التفات نہیں۔

---

(۱)(جماعت اسلامی کا پہلا اجتماع، ص:۲)

(۲)(ترجمان، ج:۲۶، عدد:۳، ص:۲۷۴)

Made searchable using ScribeTools.com

تفسیر وحدیث کے پرانے ذخیروں سے قرآن وسنت کی تعلیم نہ دیجائے

۲۴- ''قرآن وحدیث رسول کی تعلیم سب پر مقدم ہے، مگر تفسیر وسنت کے پرانے ذخیروں سے نہیں، ان کے پڑھانے والے ایسے ہونے چاہئیں جو قرآن وسنت کے مغز کو پا چکے ہوں''۔ (تنقیحات، ص:۱۲۶)(۱)۔

مگر نہیں معلوم کہ حدیث کا پرانا ذخیرہ چھوڑ کر مودودی صاحب اور ان کے متبعین نئی حدیثیں کہاں سے اور کیسے پیدا کریں گے؟ اور ان کو حدیث کہنا کس بناء پر درست ہوگا کیونکہ نئے رسول پیدا ہونے بند ہو گئے (۲) کہ ان کے ارشادات کو حدیث رسول قرار دیا جائے (آج تو ہر حدیث پر تیرہ چودہ صدیاں گذر چکی ہیں)۔ عجیب معمہ ہے قرآن وسنت کی تعلیم تو ضروری مگر تفسیر وحدیث سے سخت بے زاری، محدثین نے کس قدر جانکاہ محنتیں برداشت کر کے ان ذخیروں کو جمع کیا ہے مگر آج وہ مودودی صاحب کے نزدیک اس قابل نہیں کہ تفسیر قرآن اور تشریح سنت میں ان سے مدد لی جاسکے۔

اسی قسم کی تحریرات سے مجبور ہو کر اہلحدیث حضرات کو لکھنا پڑا کہ ''یہ نظریات تمام ائمہ اہلحدیث کے خلاف ہیں اور ان میں آج کے جدید اعتزال وتجہم کے جراثیم مخفی ہیں اھ''۔ (جماعت سلامی کا نظریہ حدیث، ص:۱۱۰)(۳)۔

---

(۱)(تنقیحات، ص: ۱۲۶)

(۲)قال الله تعالى :﴿ما كان محمدٌ أبا أحد من رجالكم ولكن رسول الله وخاتم النبيّن، وكان الله بكل شئى عليماً﴾ (سورة الأحزاب: ۴۰)

"فهذه الآية نص فى أنه لا نبى بعده صلى الله عليه وسلم، وإذا كان لا نبى بعده فلا رسول بالطريق الأولى". (تفسير ابن كثير: ۴۹۳/۳، سهيل اكيڈمى)

"حدثنا أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه قال :قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "إن الرسالة والنبوة قد انقطعت، فلا رسول بعدى، ولا نبى". الحديث. (مسند الإمام احمد بن حنبل ،رقم الحديث: ۱۳۴۱۲، ۱۷۱/۴، دار إحياء التراث، بيروت)

(۳)(جماعت اسلامی کا نظریۂ حدیث، ص:۱۱۰)

مرزا غلام احمد قادیانی نے تو یہ تدبیر کی تھی کہ براہ راست خود نبوت کا دعوی کیا اور اپنے اقوال کو حدیث قرار دیا اس کے متبعین نے حدیث کے پرانے ذخیروں کو پسِ پشت پھینک کر نیا ذخیرہ جمع کرلیا۔

مسٹر عنایت اللہ خان مشرقی نے اتباعِ سنت پر بہت زور دیا مگر اتباع سنت کی تشریح کچھ اس طرح کی کہ:

''علماء نے دنیا کو بہکا رکھا ہے، سنت اور اتباع سنت کا مفہوم لوگوں کے دلوں میں غلط بٹھا کر ان کو گمراہ کر رکھا ہے، اتباع سنت کا یہ مفہوم ہرگز نہیں کہ جو بات تیرہ سو سال پہلے فرمادی گئی بس اسی پر ہمیشہ عمل کیا جاوے بلکہ مطلب یہ ہے کہ حضور صلی اللہ وعلیہ وسلم اپنے زمانہ میں امیر اور ڈکٹیٹر تھے جس طرح آپ کی بات آپ کے زمانہ میں بحیثیت امیر مانی جاتی تھی اسی طرح ہر زمانہ میں اس زمانہ کے امیر کی بات بے چوں وچرا مانی جائے، یہ ہے اتباع سنت کا مفہوم''۔

اسی تشریح کے ماتحت اپنی بات کا وہ وزن قائم کرلیا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کا تھا، نہ صاف لفظوں میں نبوت کا دعوی کیا کہ ختم نبوت کے انکار کی وجہ سے قرآن وسنت سے انحراف ہوکر کفر عائد ہو، نہ سنت کو ناقابل اعتماد کہا کہ منکر سنت کہلائے، نہ اپنے اقوال کو حدیث قرار دیا، غرض اپنے نزدیک ہر قسم کے خرخشوں سے دامن بچا کر اپنے اقوال کی وہ حیثیت ضرور قائم کرلی کہ پرانے ذخیرۂ حدیث کی طرف توجہ کی ضرورت پیش نہ آئے، بلکہ وہ سب کالعدم ہوکر ہر قسم کی روشنی خود مشرقی صاحب کے اقوال سے حاصل کیجائے۔

پانچویں جہت حدیث پر اعتماد نہ کرنے کی یہ ہوسکتی ہے کہ یہ حدیث حافظ ابن کثیر نے نقل کی ہے، تفسیر ابن کثیر اور ابن جریر کے متعلق جماعت اسلامی کی طرف سے سخت تنقید کی گئی کہ الامان الحفیظ، جس کا حاصل یہ ہے کہ انکار حدیث کا جو فتنہ آج ابھر رہا ہے وہ ان کی جمع کردہ احادیث کا لازمی نتیجہ ہے، خود مودودی صاحب کے ارشادات سے اس فتنۂ انکار حدیث کو کس قدر شہ ملتی ہے، فرماتے ہیں:

ترکی علماء ومشائخ پر تنقید

۲۵-''وہ اب بھی اپنے وعظوں میں قرآن کی وہی تفسیریں اور وہی ضعیف حدیثیں سنا رہے تھے جن کو سن کر سو برس پہلے تک کے لوگ تو سر دھنتے تھے مگر آج کل کے

Made searchable using ScribeTools.com

دماغ اس کو سن کر صرف ان مفسرین ومحدثین ہی سے نہیں بلکہ قرآن وحدیث سے بھی منحرف ہوجاتے ہیں''۔(تنقیحات،ص:۷۶)(۱)۔

چھٹی جہت یہ ہوسکتی ہے کہ ان کے نزدیک آیت ﴿فمابكت عليهم السماء والأرض﴾(۲) کا مفہوم بیان کرنے کیلئے،مودودی صاحب کی ہدایت کے مطابق نفسِ تفسیر ہی کی ضرورت نہ ہو پھر اس سے متعلق حدیث کی طرف کیوں التفات کیا جائے فرماتے ہیں:

قرآن کیلئے تفسیر کی حاجت نہیں

۲۶-''قرآن کیلئے تفسیر کی حاجت نہیں،ایک اعلی درجہ کا پروفیسر کافی ہے،جس نے بنظرِ غائر قرآن کا مطالعہ کیا ہو اور جو بہ طرز جدید قرآن پڑھانے اور سمجھانے کی اہلیت رکھتا ہو.اھ''۔(تنقیحات،ص:۲۱۲)(۳)۔

ان پروفیسر صاحب نے اگر قرآن کا مطالعہ حدیث سے علیحدہ ہوکر کیا ہے تو اس کی کیا ضمانت ہے کہ انہوں نے قرآن کا مطلب وہی سمجھا ہے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سمجھا اور صحابہ کرام کو سمجھایا ہے؟ کیونکہ حدیث کی روشنی ان کے پاس نہیں،پھر یہ فہم وتفہیم محض اپنی ذاتی رائے سے ہوگی،حدیث شریف میں ارشاد ہے: "من فسر القرآن برأيه، فليتبوأ مقعده من النار"۔(کنوز الحقائق،ص:۱۵۶،بحوالہ مسند احمد)(۴) جو شخص اپنی رائے سے قرآن کی تفسیر کرے اس کا ٹھکانہ جہنم ہے۔

حدیث وتفسیر سے علیحدہ ہوکر قرآن کو سمجھنے کی کیا صورت ہے؟ حکیم شمس الحسن صاحب صدیقی نے بڑی قوی شہادت کے ساتھ مودودی صاحب سے نقل کیا ہے:

---

(۱)(تنقیحات: ص :۷۶)

(۲)(سورة الدخان،پ:۲۵، آية : ۲۹)

(۳) (.تنقیحات: ص :۲۱۲)

(۴) لم أجده في مسند أحمد، ولكن أخرجه الزبيدي في اتحاف السادة المتقين،رقم الحديث: ۵۲۶۴، ۱/۲۵۷، بيروت)

Made Searchable by ScribeTools.com

قرآن فہمی کا نیا طریقہ

۲۷-''قرآن کو پوری طرح سمجھنے کی بہترین صورت صرف یہ ہوسکتی ہے کہ اس کا خواہشمند پہلے تو یہ سمجھے کہ یہ الہام اس پر نازل ہورہا ہے اور وہ پھر یہ سمجھ کر پڑھے کہ وہ خود اس کلام کو نازل کررہا ہے اور میں نے قرآن کو سمجھنے کیلئے یہی طریقہ اختیار کیا ہے''۔نوائے پاکستان،ص:۴،کالم:۴۶،ستمبر۱۹۵۵ء(۱)۔

اسی طرز قرآن فہمی کی تلقین ترجمان،اخبار دعوت دہلی،ج:۱۱،شمارہ ۱۹۲۵۵،سہ روزہ ایڈیشن میں اقبال کے والد محترم کی طرف سے کی گئی ہے جس کے الفاظ یہ ہیں:

۲۸-''بیٹا کہنا یہ تھا کہ تم قرآن پڑھو تو یہ سمجھو کہ قرآن تم پر اتر رہا ہے،یعنی اللہ تعالی خود تم سے ہم کلام ہوا اھ'' (۲)۔

غرض قرآن پاک سمجھنے کیلئے حدیث وتفسیر سے استغناء تام ہو بلکہ یہاں تو رسول کا واسطہ بھی ختم کردیا گیا،پھر حدیث کی کیا حیثیت رہ جاتی ہے؟جب حدیث کی حیثیت کو اس طرح فنا کردیا گیا تو پھر اگر جماعت اسلامی کسی جگہ اپنے مقاصد کیلئے حدیث نقل کرتی اور دعوت بھی دیتی ہے تو پھر پڑھنے والوں کے اذہان میں اس کا وزن قائم ہونا دشوار ہوگا اور فطری طور پر اذہان یہ سمجھنے پر مجبور ہوں گے کہ محض تحصیل مقصد کیلئے مسلمانوں کو حدیث رسول کا واسطہ دے کر مرعوب کیا جارہا ہے۔

جماعت اسلامی کے اس فکرِ سیال کو شیرِ مادر کی طرح پی کر پرویز صاحب نے پرورش پائی،پروان چڑھے اور حدیث کے مقابلہ میں علم بغاوت لیکر اودھم مچاتے پھر رہے ہیں،حتی کہ جماعت اسلامی کو بھی ان کا سنبھالنا دشوار ہوگیا،اگر آپ کو طلوع اسلام کے اجراء کی کیفیت اور چودھری پرویز صاحب اور سید مودودی صاحب کے روابطِ سابقہ کی تاریخ معلوم ہوگی تو آپ میری اس بات کی پوری تصدیق اور تائید کریں گے۔

اب نوبت یہاں تک پہونچ گئی ہے کہ جب جماعت اسلامی ان کی کسی بات کو ٹوکتی ہے تو وہ فوراً جماعت اسلامی کی عبارت پیش کردیتے ہیں کہ''عالیجاہا! ناراض نہ ہوں ہم جو کچھ حدیث پر اعتماد نہ کرنے کے

---

(۱)(نوائے پاکستان،ص:۴ کالم:۶،۴،ستمبر۱۹۵۵ء)

(۲)(ترجمان اخبار دعوت دھلی،ج:۱۱،شمارہ:۱۹۲۵،سہ روزہ ایڈیشن)

Made searchable using ScribeTools.com

سلسلہ میں کہتے اور لکھتے ہیں وہ سب کچھ آپ کا ہی عطا فرمودہ اور آپ ہی کی تعلیم کا ثمرہ ہے، دیکھئے فلاں کتاب میں آپ نے یہ لکھا ہے، اب اپنے لکھے ہوئے کو کیوں ہضم نہیں کر پاتے، آپ نے تو دوسری جماعتوں کے متعلق ارشاد فرمایا تھا'':

۲۹-''میں مسلمانوں کی موجودہ سیاسی اور مذہبی جماعتوں میں سے کسی میں یہ صلاحیت نہیں دیکھتا کہ وہ ہماری بنائی ہوئی گولیوں کو ہضم کر سکے''۔(ترجمان، ج:۲۶، عدد: ۳، ص:۱۸۷)(۱)۔

کیا ان اپنی بنائی ہوئی گولیوں کو ہضم کی صلاحیت سے آپ حضرات خود بھی محروم ہو گئے؟ جماعت اسلامی اپنی عبارت میں نئی نئی تاویلات کرتی اور نئے نئے مطالب ڈالتی ہے مگر ناکام رہتی ہے اور بات بنائے نہیں بنتی، ان حالات کو دیکھ کر ہمارا دل اندر سے کڑھتا ہے، اے کاش! کھلے دل سے اپنی غلطیوں کا اعتراف کر کے اپنی عبارات اور اپنے خیالات کی اصلاح کر لی جاتی تو نقشہ ہی کچھ اور ہوتا اور جماعت اسلامی صحیح معنی میں حق کی خادم اور اقامت دین کی علمبردار قرار پاتی، مگر جماعت اسلامی کا مزاج ہی کچھ ایسا واقع ہوا ہے اور اس کے اصول ہی کچھ ایسے تجویز ہوئے ہیں کہ اعترافِ تقصیر جماعت کے اندر رہتے ہوئے دشوار معلوم ہوتا ہے، جس کو اعتراف تقصیر کرنا ہو وہ جماعت سے باہر جائے۔

دین کا مفہوم

اللہ وحدہ لاشریک لہ تمام کائنات کا خالق اور مالک ہے، اس نے کوئی گوشۂ حیات اور لمحۂ زندگی اپنے احکام اور ہدایات سے خالی اور آزاد نہیں چھوڑا، ہر مکلّف کو ہر حرکت وسکون کا جواب دینا ہوگا کہ اس کے احکام و ہدایات کی پابندی کی ہے یا نہیں، پھر اس کا فیصلہ ہوگا۔

اسی مقصد عظیم کیلئے خدائے پاک کی دی ہوئی تمام قوتوں کو اور صلاحیتوں کو خرچ کرنے کی لگن ہو جانا دین پر عمل کرنا ہے، دین اپنی تفصیلات اور پھیلاؤ کے اعتبار سے بے شمار امور پر مشتمل ہے، اصولی بنیادی حیثیت سے ان تفصیلات کو پانچ قسموں میں سمویا جا سکتا ہے۔۱:اعتقادات۔۲:آداب۔۳:عبادات۔۴:معاملات۔ ۵:عقوبات۔

---

(۱) (ترجمان، ج:۲۶، عدد: ۳، ص:۱۸۷)

۱=علم کلام

اعتقادات سے جس علم میں بحث کی جاتی ہے اس کو علم الکلام، علم العقائد، علم اصول الدین کہتے ہیں، زمانہ خیر القرون میں قلوب کی سلامتی اور فیضِ نبوت کی بناء پر اس علم کے مدون کرنے کی ضرورت نہیں تھی لیکن بعد میں جس وقت یونانی علوم (فلسفہ، منطق) عربی زبان میں منتقل ہوئے اور حکومت کی پشت پناہی اور تعاون سے ان کو فروغ ہوا تو ان کی زد اسلامی عقائد پر براہ راست پڑی جس سے، ایمان، اسلام، خدا کی ذات وصفات، رسولوں کی رسالت، ملائکہ کی حقیقت، کتب سماویہ کی حیثیت وصداقت، متشابہات کی تاویل وتشریح، حدوث عالم، تقدیر، حیات بعد الموت، سوال وجواب قبر، حشر ونشر، وزن اعمال، جنت، جہنم وغیرہ سے متعلق رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بتائے ہوئے اعتقادات میں گوناگوں شبہات ووساوس پیدا ہونے شروع ہوئے، تجہم، تجسم، تعطل، تشبہ، اعتزال وغیرہ کی بنیادیں پڑنے لگیں۔

اول اول محتاط علماء نے عوام کو ان کے دین کے تحفظ کی خاطر یونانی علوم پڑھنے سے منع کیا جس طرح ہر باطل تحریک، قادیانیت وغیرہ کی کتابیں پڑھنے سے عوام کو آج بھی روکا جاتا ہے، مگر "الإنسان حریص فیما منع" اور حکومت کے "ترقی منصوبہ" کے پیش نظر انکا رواج بڑھتا گیا، جیسے کہ آج بھی باطل تحریکات کا لٹریچر اور جبریہ تعلیم کا نصاب باوجود ہر طرح کی مساعی واحتجاج کے بڑھتا جارہا ہے اور الحاد وزندقہ کا بے پناہ سیلاب اٹھا جس سے بنیادی عقائد متزلزل ہونے لگے تو اہلِ حق علمائے اسلام نے علم کلام کو کتاب وسنت کی روشنی میں مرتب فرمایا اور مسائل مذکورہ پر نقلی براہین قاطعہ کے ساتھ عقلی دلائل بھی پیش کئے اور فلاسفہ کے پیدا کردہ مغالطات ووساوس کے بخیئے ادھیڑ کر رکھ دیئے، نیز ان کے مفروضہ اصول کے ماتحت خود ان پر بے شمار اعتراضات کر کے ان اصولوں کو بے معنی اور مہمل ثابت کر دیا، کہیں کہیں ان کے اعتراضات کا جواب ان ہی کے اصولوں سے ٹکراؤ کی صورت میں دیا، اس راہ میں ان علماء کو ایسی قربانیاں پیش کرنے کی نوبت آئی جو کہ قرن اول کی سرفروشانِ اسلام سے ملتی جلتی ہیں، مشکیں باندھی گئیں، جس سے شانوں کے جوڑ الگ ہو گئے، سوسو کوڑے روزانہ لگائے گئے، جیلوں میں بے دردی اور سفاکی کی بھیانک صورت اختیار کی گئی، حضرت امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ تعالیٰ، شیخ احمد ابن نضر رحمہ اللہ تعالیٰ، شیخ نعیم ابن حماد رحمہ اللہ تعالیٰ وغیرہ اسی قربان گاہ پر بھینٹ چڑھائے گئے۔

امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ، شیخ ابو منصور ماتریدی رحمہ اللہ تعالیٰ، شیخ ابو الحسن اشعری رحمہ اللہ تعالیٰ، امام

Made searchable using ScribeTools.com

الحرمین رحمہ اللہ تعالیٰ، امام غزالی رحمہ اللہ تعالیٰ، قاضی بیضاوی رحمہ اللہ تعالیٰ، صدر الدین شیرازی رحمہ اللہ تعالیٰ، شیخ ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ، سعد الدین تفتازانی رحمہ اللہ تعالیٰ، میر سید شریف جرجانی رحمہ اللہ تعالیٰ، جلال الدین دوانی رحمہ اللہ تعالیٰ، شیخ آمدی رحمہ اللہ تعالیٰ، ملا علی قاری رحمہ اللہ تعالیٰ وغیرہ، علماء نے اپنے اپنے دور میں اس سیلاب عظیم کا بڑی جدوجہد سے مقابلہ کیا اور چھوٹی بڑی سینکڑوں کتابیں تصنیف فرما کر ایک ایک مسئلہ کی پوری تنقیح کی اور مسلمانوں کے سامنے فرقہ ناجیہ "ما أنا علیه وأصحابی"(۱) کے عقائد کو اس طرح نکھار کر پیش کیا کہ کسی راہزن کو ایوان اسلام میں نقب زنی کا موقع نہ مل سکے۔

ان حضرات کی مساعی جمیلہ اس وقت کا اتنا زبردست جہاد تھا کہ فرق باطلہ کی ریشہ دوانیوں سے اللہ پاک نے اسلام اور مسلمانوں کو محفوظ فرمایا، پھر صدیوں تک پیدا ہونے والے اعتراضات کے جوابات اسی علم کلام کی روشنی میں دیئے جاتے رہے، بعد میں بھی جو کتابیں عموماً اس علم میں لکھی گئیں اور لکھی جارہی ہیں وہ بھی ان اکابر کی مرہون منت ہیں، نمونہ دیکھنا ہو تو حضرت شاولی اللہ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ، شاہ عبد العزیز رحمہ اللہ تعالیٰ، مولانا اسماعیل شہید رحمہ اللہ تعالیٰ، مولانا رشید احمد رحمہ اللہ تعالیٰ، مولانا محمد قاسم رحمہ اللہ تعالیٰ، مولانا خلیل احمد رحمہ اللہ تعالیٰ، مولانا انور شاہ رحمہ اللہ تعالیٰ، مولانا اشرف علی رحمہ اللہ تعالیٰ، مولانا شبیر احمد رحمہ اللہ تعالیٰ وغیرہ کی تصانیف کا مطالعہ کیجئے۔

اصولی اور بنیادی طریق پر صراط مستقیم کے ایسے واضح اَعلام نصب کردیئے گئے کہ راہرو اُن کو دیکھ کر ٹھیک منزل مقصود پر پہنچ جاتا ہے اور بھٹکنے سے محفوظ رہتا ہے، اللہ تعالیٰ ان حضرات کے مدارج عالیہ کو بلند فرمائے، ان کا تمام مسلمانوں پر احسان عظیم ہے، یہ ہے علم کلام کا مختصر خاکہ۔ اب ملاحظہ فرمایئے کہ جماعت اسلامی کی نظروں میں علم کلام اور متکلمین کی حیثیت کیا ہے؟ جس کی وجہ سے مودودی صاحب اور جماعت اسلامی کے مسلک کلامی پر تنقید مقصود نہیں کہ ان کا مسلک جمہور متکلمین سے کس قدر ہم آہنگ اور کس قدر متضاد اور کتنا کتاب وسنت سے قریب اور کتنا بعید ہے؟

متکلمین پر تنقید

۳۰- ''ہمارے متکلمین نے بالعموم یہ غلطی کی ہے کہ اسلام کے کسی اصول کی

---

(۱) مشکوٰة المصابیح، ص: ۳۰، باب الاعتصام بالکتاب والسنة، الفصل الثانی، قدیمی)

حقانیت ثابت کرنے کیلئے جب انہیں اپنے گھر کی کوئی دلیل نہیں ملی تو انہوں نے دوسروں کے کسی نظریہ اور واہمہ کو اساس بنا کر اپنے مزعومات کی عمارت کھڑی کردی، اس طرح کی غلط وکالت سے اسلام کو جو نقصان پہنچا وہ اسلام کے مخالفین کی مخالفتوں سے اس کو نہیں پہنچا، ظاہر ہے کہ اسلام کے کسی اصول کو صحیح، عقلی وفطری دلائل سے نہ ثابت کرسکنا اس وجہ سے نہیں تھا کہ خدانخواستہ اسلام اپنے اصولوں کی سچائی کے عقلی وفطری دلائل نہیں رکھتا، بلکہ اس کی وجہ یہ تھی کہ یہ حضرات غیر فطری عقلیات سے اپنا مذاق اس قدر بگاڑ چکے تھے کہ اسلام کی عقلیت وقدر وقیمت کو پہچان نہیں سکتے تھے، ایسی صورت میں ان کیلئے صحیح راہ یہ تھی کہ خواہ مخواہ کو اسلام کی وکالت کا ذمہ نہ لیتے بلکہ اپنے جن مشغلوں میں مشغول تھے ان میں مشغول رہتے، لیکن دین آباء کی حیثیت سے اسلام کیلئے ان کے دلوں میں جو عصبیت تھی وہ انہیں مجبور کرتی تھی کہ وہ جس دین کا نام لیتے ہیں، عقلی اصولوں پر اس کی سچائی ثابت کریں۔

اسلام کی عقلیت ان کے فساد مزاج اور قرآن سے محرومی کی وجہ سے ان کے دل کو اپیل نہیں کرتی تھی، اس وجہ سے وہ مجبور ہوئے کہ اسلام کو اس عقلیت کے معیار پر پورا ثابت کریں جو ان کے زمانہ میں مقبول عام وخاص ہے، ان کی اس غلط کوشش کا نتیجہ یہ ہوا کہ اسلام کے محکم اور سچی تعلیمات کی ساری عمارت اس کی اپنی چٹان سے زیادہ مضبوط بنیادوں سے ہٹا کر دوسروں کی بالکل کمزور اور پھس پھسی بنیادوں پر کھڑی کردی گئی۔

ان حضرات نے یہ کوشش کتنی ہی نیک نیتی سے کی ہو، لیکن اس کے نتائج نہایت ہی خطرناک نکلے، زمانہ کے امتداد، افکار اور حالات نے جب وہ نظریات بے حقیقت ثابت کردیئے جو کل تک مقبول عام تھے تو اس کی زد لازماً اسلام کے ان اصولوں پر بھی پڑی جن کو ان غلط نظریات پر ڈھالنے کی کوشش کی گئی تھی، اس طرح ہمارے متکلمین کی بدولت اسلام کے متعلق بہتوں کے ذہن میں یہ خیال پیدا ہوگیا کہ جس طرح وہ نظریات پرانے ہوگئے اسی طرح اسلام بھی پرانا ہوگیا، یہ سوءظن پیدا کرنے میں جس طرح ہمارے پرانے

Made Se[illegible]pols.com
Made searchable using ScribeTools.com

متکلمین نے حصہ لیا ہے اسی طرح ہمارے نئے متکلمین نے بھی حصہ لیا ہے اور اس میں بنیادی غلطی جو چھپی ہوئی ہے وہ یہی ہے کہ حق کی حمایت کیلئے ان لوگوں نے حق کو کافی نہیں سمجھا بلکہ اس کیلئے باطل کا تعاون ضروری سمجھا، حالانکہ حق کے معنی ہی یہ ہیں کہ وہ ثابت اور محکم ہوتا ہے اور عقل وفطرت کے اندر اس کی جڑیں نہایت دور تک پھیلی ہوئی ہوتی ہیں، لیکن ہمارے متکلمین یونانیوں کے بتائے ہوئے طریقۂ فکر واستدلال کے اتنے خوگر ہو چکے تھے کہ وہ قرآن کے طرز استدلال کی باریکیوں کو نہیں سمجھ سکتے تھے، حالانکہ اگر وہ استدلال کی ان خلاف فطرت روشوں کو چھوڑ کر قرآن اور پیغمبر کے حکیمانہ طرز استدلال کو سمجھنے کی کوشش کرتے تو انہیں معلوم ہوتا کہ قرآن کے ہر دعوی کی بنیاد ایسے محکم دلائل پر قائم ہے جو زمان ومکان کی تمام قیود وحدود اور انقلابِ آراء وافکار کے تمام اثرات سے بالکل آزاد ہیں''۔ (ترجمان القرآن، ج:۲۹، عدد:۹، ۱۰)(۱)۔

کون اندازہ لگا سکتا ہے کہ ایسی تنقیدوں کو پڑھنے کے بعد بیچارے سادہ لوح وناواقف مسلمانوں کے دلوں میں ان اکابر، اسلاف، ائمۂ ھدی کے خلاف کس قدر حقارت، نفرت، غیظ وغضب کے جذبات پیدا ہوں گے؟ جب کہ جماعت اسلامی کے نزدیک پرانے اور نئے علمائے متکلمین سب کا یہ حال ہے کہ وہ اسلام کی عقلیت کی قدر وقیمت کو پہچان نہیں سکتے تھے، ان کا مذاق بگڑ چکا تھا، ان کا مذاق فاسد تھا، وہ قرآن سے محروم تھے، وہ اسلام کو محض اس عصبیت پر مانتے تھے کہ یہ ان کے باپ دادا کا دین ہے جس طرح مشرکین کہا کرتے تھے ﴿علیه وجدنا اباء نا﴾(۲) کہ ہم بت پرستی اس لئے کرتے ہیں کہ یہ ہمارے باپ دادا کا دین ہے یعنی وہ محض نسلی مسلمان تھے، انہوں نے اسلام کی غلط وکالت کر کے اسلام کو ایسا سخت نقصان پہونچایا کہ اسلام کے مخالفین نے بھی ایسا نقصان نہیں پہونچایا جس سے بہتوں کو یہ خیال ہو گیا کہ اسلام پرانا ہو گیا یعنی اب قابل عمل نہیں

---

(۱)(ترجمان، ج: ۲۹، عدد: ۱، ص: ۹، ۱۰)

(۲) قال الله تعالیٰ: ﴿وإذا فعلوا فاحشةً قالو وجدنا علیها آباء نا﴾ الآیة (الأعراف: ۲۸، پ: ۸)

وقال الله تعالیٰ: ﴿وإذا قیل لهم تعالوا إلی ما أنزل الله وإلی الرسول، قالوا حسبنا ما وجدنا علیه أبآء نا﴾ الآیة (المائدة: ۱۰۴، پ:۸)

رہا، ان کو اسلام کی وکالت کرنے کا کوئی حق نہیں تھا، تو ان متکلمین کی تصنیفات کا جو حال ہوگا وہ ظاہر ہے۔ جماعت اسلامی نے متقدمین ومتاخرین ومتکلمین سے براہ راست دین کو نہیں سمجھا بلکہ ان کی کتابوں ہی سے جو کچھ سمجھا ہے، اسی پر یہ حسن ظن قائم کیا اور ان کی خدمات جلیلہ کی داد دی ہے۔

آپ خود ہی غور کرلیں کہ ایسی کتابوں کے متعلق جماعت اسلامی کی رائے کیا ہوگی؟ جن سے اسلام کو اس قدر نقصان پہنچا ہے اور کس مقصد کیلئے ایسی کتابیں تصنیف کی گئی ہوں گی، عام مسلمان جماعت اسلامی کو قبول کرنے میں کیوں دیر لگا رہے ہیں، اس سوال کے جواب میں ارشاد ہوتا ہے:

فقہی اور کلامی تصنیفات کا مقصد

۳۱- ''ہم نے جہاں تک غور کیا ہے اس خالص دینی دعوت سے مسلمانوں کی بے پرواہی کے اسباب نہایت گہرے ہیں، مسلمان اپنی موجودہ حالت تک ایک دو دن میں نہیں پہنچے ہیں، ان کو درجہ بدرجہ اس حالت تک لایا گیا ہے اور ہر منزل میں ان کو از روئے کتاب وسنت یہ اطمینان دلانے کی کوشش کی گئی ہے کہ یہی حالت آج اسلام وایمان کا تقاضہ ہے، ان کے حق میں انحراف پر ایک زمانہ گذر چکا ہے اور اس غلط راہ کے ہر موڑ پر انہوں نے مدتوں یہ سمجھ کر قیام کیا ہے کہ یہ عین دین وشریعت کی صراط مستقیم ہے اور ان کی اس غلط فہمی کے راسخ کرنے میں ارباب دین نے حصہ لیا ہے اور اس بے راہ روی کے نہ صرف جواز بلکہ استحسان پر ضخیم فقہی اور کلامی تصنیفات مرتب کردی گئی ہیں، یہاں تک کہ ان کو یقین ہے کہ ان کا جو قدم بھی اٹھا ہے وہ شریعت کے دائرہ کے اندر اٹھا ہے اور آج بھی جہاں وہ ہیں شریعت ہی کا ایک مقام ہے اس سے الگ نہیں، ظاہر ہے کہ جس جماعت کو اس طرح درجہ بدرجہ گرایا گیا ہو جس کا گرنا اس طرح مخفی ہو کہ جس کے زوال کی تاریخ اتنی لمبی ہو جس کو یہ یقین دلایا گیا ہو کہ اس کا یہ گرنا گرنا نہیں بلکہ اچھلنا ہے، جو اس غلط فہمی میں ہو کہ وہ اپنی موجودہ حالت میں بھی شریعت سے الگ نہیں بلکہ عین شریعت کے مطابق ہے وہ آپ کی دعوت کو کس طرح آسانی کے ساتھ قبول کرسکتا ہے؟ جو اُن سے کسی جزئی ترمیم واصلاح کا مطالبہ نہیں کرتی بلکہ سچی توبہ اور کامل اصلاح کا کرتی ہے جب آپ ان سے یہ مطالبہ کرتے

Made searchable using ScribeTools.com

ہیں کہ: ﴿یا أیھاالذین اٰمنوا، آمِنوا﴾ (۱) اے لوگو جو ایمان کے مدعی ہو حقیقی ایمان لاؤ، اور ان کے اعمال سے لے کر ان کے عقائد تک میں رخنہ بتاتے ہیں، تو قدرتی طور پر ان کو اس بات سے چوٹ لگتی ہے اور ان کی دینداری کا دیرینہ پندار مجروح ہوتا ہے، وہ یہ بات آسانی کے ساتھ ماننے کیلئے تیار نہیں ہو سکتے کہ وہ آج تک ایک بالکل غلط راہ پر بھاگ رہے تھے''۔ (ترجمان، ج:۲۶، عدد:۳، ص:۱۸۴) (۲)۔

اس عبارت میں عام مسلمانوں کو سمجھایا گیا ہے کہ فقہی اور کلامی تصنیفات ان کو بے راہ اور دین سے منحرف کرنے کیلئے مرتب کی گئی ہیں اور ان کو مرتب کرنیوالے ارباب دین ہیں، جب عوام کو ارباب دین کے ان مظالم کا شعور ہوگا جن کی وجہ سے وہ آج تک حق کو قبول کرنے سے محروم رہے اور جب وہ سمجھیں گے کہ فقہ اور کلام کی کتابیں ان مظالم سے پُر ہیں تو ان کی دینی غیرت کیسے اجازت دے گی کہ وہ فقہ اور کلام کی طرف متوجہ ہوں، بلکہ ان کتابوں کا دنیا میں رہنا کیسے گوارا کریں گے اور متکلمین وفقہاء سے کوئی اعتقادی یا عملی مسئلہ پوچھنے کے کب روادار ہوں گے۔ اب رہ گیا یہ سوال کہ خود علماء اس دعوت کو کیوں قبول نہیں کرتے تو اس کا جواب یہ ہے کہ:

علماء کی بے پرواہی؟

۳۲-''ہماری دعوت سے عام مسلمانوں کی بے پرواہی کی وجہ یہ ہے، رہے علماء تو ان کی نسبت ہر سنجیدہ شخص جانتا ہے کہ یہی حضرات ہیں جنہوں نے مسلمانوں کو ان کی موجودہ حالت تک رہنمائی کی ہے، یہ بہار ان ہی کی لائی ہوئی ہے، دینداری اور تقوی، اسلام اور ایمان، توحید اور رسالت کا موجودہ مفہوم جو عوام کے ذہنوں میں راسخ ہے انہی کا پیدا کیا ہوا ہے، یہ لوگ نیک نیتی کے ساتھ سمجھتے ہیں، یہ انہی کا کام تھا کہ آفات و مصائب کے اندر سے وہ اسلام کو بچالائے اور آج بھی اس کو بچائے ہوئے ہیں، جو اتنی پیچ در پیچ خوش گمانیوں میں مبتلا ہوں، آپ یہ کیسے توقع کر سکتے ہیں کہ آج وہ کھلے دل سے اس بات کا اقرار کریں گے کہ آج تک انہوں نے جو رہنمائی کی ہے وہ غلط ہے اور صحیح راہ وہ ہے

---

(۱) (سورۃ النساء، پ: ۵، آیہ: ۱۳۶)

(۲) (ترجمان: ۲۶، عدد: ۳، ص، ۱۸۴)

جس کی دعوت فلاں جماعت دے رہی ہے''۔ترجمان، ج:۲۶،عدد:۳،ص:۱۸۵(۱)۔

معلوم ہوا کہ جس طرح جماعت اسلامی کے نزدیک عام مسلمانوں کا دین دین نہیں، بلکہ حق سے انحراف ہے اوران کی راہ شریعت کی صراط مستقیم نہیں بلکہ غلط راہ ہے،اسی طرح علماء کا اسلام اسلام نہیں ہے،ان کا ایمان ایمان نہیں ہے،ان کی دینداری دینداری نہیں،ان کا تقوی تقوی نہیں،ان کی توحید توحید نہیں،ان کی تسلیم رسالت تسلیم رسالت نہیں،غرض جن امور پر مدار نجات ہے سب غیر معتبر ہیں۔

جماعت اسلامی کا خاص کمال

بریلوی اور قادیانی جماعتوں نے اپنے سے باہر تمام مسلمانوں پر کفر کے بم برسائے تھے اس کے نتائج نہایت ناخوشگوار برآمد ہوئے،جن کی تفصیل کا یہاں موقع نہیں ہے۔

جماعت اسلامی نے تکفیر کے معاملہ میں بہت ہی حزم واحتیاط کے ساتھ قلم اٹھایا ہے اور بڑی حد تک صاف لفظوں میں کفر کا حکم نہیں لگایا ہے، یہاں تک کہ جو شخص عالَم کو حادث نہ مانے اور مادہ کو قدیم کہے اس کو بھی کافر نہیں کہا، بلکہ کفر کا حکم لگانے سے دوسروں کو بھی روکا ہے۔

۳۳-''اگر ایک شخص عالَم کو حادث نہیں مانتا اور مادہ کو قدیم کہتا ہے تو آپ محض اس قول کی بناء پر اسے کافر کہنے کا حق نہیں رکھتے''۔ (ترجمان، ج :۸، عدد: ۵، ص:۴۲۴)(۲)۔

لیکن اپنی فنی مہارت اور دلکش عبارت سے یہ چیز ذہنوں میں ضرور پیدا کر دیتی ہے کہ پڑھنے والا خود بخود تجویز کرنے پر مجبور ہو جائے کہ جب علماء کا ایمان ایمان نہیں ہے تو ایمان کی ضد آخر ہے کیا چیز،اور اسلام کی ضد کیا ہے؟ توحید کی ضد کیا ہے؟ رسالت کی ضد کیا ہے؟ جب یہ سوال بار بار پیدا ہوگا تو ''ک،ف،ر'' کی زحمت برداشت کئے بغیر وہ خود ہی وہاں تک پہونچ جائے گا، پھر عام مسلمان، متکلمین، متقدمین ومتاخرین کی طرف رخ کریں گے، نہ فقہاء کی طرف بلکہ سب طرف سے کٹ کر جماعت اسلامی ہی کو ایمان واسلام کا حقیقی علمبردار، توحید ورسالت کا واقعی رمز شناس، دیندار وتقوی کا اصلی مخزن تصور کرنے پر مجبور ہو جائیں گے اور جب تک

---

(۱) (ترجمان: ۲۶، عدد: ۳، ص: ۱۸۵)

(۲)(ترجمان: ۸، عدد: ۵، ص: ۴۲۴)

Made searchable using ScribeTools.com

جماعت اسلامی کی پیش کردہ راہ پر کوئی شخص گامزن نہیں ہوگا، اس کے ایمان واسلام کا کوئی وزن تسلیم کرنے کیلئے تیار نہیں ہوں گے، اگر کوئی کم فہم ایک چیز کو دیکھ کر اس کی ضد کو معلوم نہ کر سکے اور استعارات کی حدود تک نہ پہنچ سکے اور وہ جانتا ہی نہ ہو کہ ایمان کی ضد کیا ہے تو اس کی خاطر اس سے زیادہ واضح کلمات لکھنے کا تلخ فریضہ بھی ادا کرنے سے انکار نہیں۔

قبول حق کے سلسلہ میں عوام اور علماء کے درمیان نفسیاتی فرق کس خوبی کے ساتھ بیان کیا گیا ہے:

دنیاداروں کی نفسیات

۳۴-''آپ کو یہ حقیقت بھی پیش نظر رکھنی چاہیئے کہ احساسِ دینداری کا فتنہ دنیاداری کے فتنہ سے زیادہ سخت ہے جو لوگ کسی نفس پرستی میں دنیاداری کی راہ سے مبتلا ہوئے ہیں، جونہی ان کے دل پر حق کی تجلی پرتو افگن ہوتی ہے ان کی آنکھیں کھل جاتی ہیں اور صحیح راہ ان پر آشکارا ہو جاتی ہے، ان کی رکاوٹیں زیادہ تر سستی اور پست ہمتی کی قسم کی ہوتی ہیں، جو دل کی معمولی تبدیلی سے دور ہو جاتی ہیں''۔(ترجمان، ج:۲۶، عدد:۳، ص:۱۸۵)(۱)۔

یہاں تک تو عوام پر شفقت اور ہمدردی کا اظہار ہے کہ بہت جلد جماعت اسلامی کی بنائی ہوئی حق کی تجلی ان کی آنکھیں کھول سکتی ہے جس سے وہ صحیح راہ اختیار کر سکتے ہیں اس لئے کہ ان غریبوں کے پاس حق کو حق نما سے جدا کرنے کی کوئی کسوٹی نہیں۔ آگے علماء کے متعلق ارشاد ہے کہ:

علماء کی نفسیات

۳۵-''لیکن جو حضرات اپنی غلطیوں کو دین وتقوی بنا کر پرستش کرتے اور کراتے رہتے ہیں ان کیلئے اپنے محبوب بتوں کو توڑ پھوڑ کر ایک نیا دین اختیار کرنا کوئی آسان کام نہیں، یہی تو جہاد اکبر ہے جس کے اہل بہت کم نکلتے ہیں اور اس بات پر تعجب نہیں کرنا چاہیئے کہ اس کمزوری میں ہمارے علماء بھی مبتلاء ہیں، اللہ تعالی نے ہر ایک کیلئے آزمائش رکھی ہیں اور جن کی نگاہیں جتنی تیز ہیں ان کیلئے فتنہ کا جال اتنا ہی باریک اور مخفی ہے''۔(ترجمان،

---

(۱) (ترجمان: ۲۶، عدد: ۳، ص: ۱۸۵)

Made Searchable by ScribeTools.com

ج:۲۶،عدد:۳،ص:۸۵)(۱)۔

اس عبارت میں صاف صاف کہہ دیا کہ علماء نے اپنی غلطیوں کو دین وتقوی بنا کر رکھا ہے اور یہی ان کے مخفی بت ہیں جن کی وہ خود بھی پرستش کرتے ہیں اور دوسروں سے بھی پرستش کراتے ہیں یعنی اصلی دین جس کا قرآن پاک میں تذکرہ ہے:﴿إن الدين عند الله الإسلام﴾ (۲) ان کے پاس نہیں ہے۔

ایک نیا دین

یہ بھی بتادیا گیا کہ جماعت اسلامی کا پیش کردہ دین ایک نیا دین ہے جس سے عوام اور علماء سب ناواقف ہیں، اسلئے جماعت اسلامی میں داخلہ کیلئے ازسرنو کلمہ شہادت ادا کرنا ضروری ہے اور اس شرط سے کسی بڑے عالم اور شیخ طریقت کو مستثنی نہیں کیا گیا ہے۔

۳۶-''جماعت میں جب کوئی نیا شخص داخل ہوتو اسے پورا احساس ذمہ داری دلا کر ازسرنو کلمۂ شہادت ادا کرنا چاہیئے اور پھر اس سے دریافت کرایا جائے کہ وہ اپنے آپ کو جماعت کے کس طبقہ میں شامل ہونے کیلئے پیش کرتا ہے؟ اس معاملہ میں کسی مشہور شخص اور بڑے سے بڑے کے لئے بھی استثناء نہیں ہے، بڑے سے بڑے عالم اور شیخ طریقت کو بھی داخل جماعت ہوتے وقت تجدید ایمان کرنی ہوگی''۔ (جماعت اسلامی کا پہلا اجتماع، ص:۲۷)(۳)۔

جوعوام اور علماء جماعت اسلامی میں شریک نہیں ان کے ایمان واسلام کی حقیقت اب بھی اگر کوئی نہ سمجھے تو جماعت سے علیحدہ ہوجانیوالوں کا حکم پڑھ لے، ارشاد ہوتا ہے:

جماعت اسلامی سے نکلنا ارتداد ہے

۳۷-''یہ وہ راستہ نہیں جس میں آگے بڑھنا اور پیچھے ہٹنا دونوں یکساں ہوں، نہیں! یہاں پیچھے ہٹنے کے معنی ارتداد کے ہیں اور خدا کی طرف سے پیٹھ موڑنے کے

---

(۱) (ترجمان: ۲۶، عدد: ۳، ص: ۸۵)

(۲)(سورة آل عمران، پ: ۳،آیة: ۹)

(۳)(جماعت اسلامی کا پہلا اجتماع،ص:۲۷)

Made searchable using ScribeTools.com

ہیں، لہذا جو قدم بڑھاؤ اس عزم کے ساتھ بڑھاؤ کہ اب یہ قدم پیچھے نہیں پڑیگا، جو شخص اپنے اندر ذرا بھی کمزوری محسوس کرتا ہے بہتر ہے کہ وہ اسی وقت رک جائے''۔ (جماعت اسلامی کا پہلا اجتماع)۔

''ارتداد'' کا لفظ بہت ہی واضح ہو گیا تھا جس کا مطلب سب ہی سمجھ جاتے ہیں اور ایسا لکھنا حزم واحتیاط کے خلاف تھا اس لیے جدید ایڈیشن میں اس کی تشریح کردی گئی ہے: ''اس کا یہ مطلب نہیں کہ اس جماعت سے نکلنا ارتداد کا ہم معنی ہے، بلکہ اصل مطلب یہ ہے کہ خدا کے راستہ میں پیش قدمی کرنے کے بعد مشکلات، مصائب، نقصانات اور خطرات کو سامنے دیکھ کر پیچھے ہٹ جانا اپنی روح اور اپنی حقیقت کے اعتبار سے ارتداد ہے'': ﴿ومن يولهم يو مئذ دبره إلا متحرفاً لقتال أو متحيزاً إلى فئة، فقدبآء بغضب من الله ومأ واه جهنم وبئس المصير﴾ (۱)۔

محض لفظوں کے اعتبار سے اس کو ارتداد کے ہم معنی قرار نہ دیا جائے، بلکہ یہ اپنی اصل حقیقت اور روح کے اعتبار سے ارتداد ہے جس کا انجام اللہ کا غضب اور جہنم ہے، کفر کا صریح حکم تو یہاں بھی نہیں لگایا لیکن اس کی روح اور حقیقت ضرور ذہن نشین کرادی۔

دین جن امور پر مشتمل ہے ان میں سے پہلی قسم ''اعتقادات'' اور علمائے متکلمین کے متعلق جماعت اسلامی کی طرف سے تخریبی تنقید کا نمونہ آپ نے دیکھ لیا، اب دوسری قسم ''آداب'' کے متعلق جماعت کی آراء پر غور کریں۔

تصوف اور سلوک

سلوک کا مقصود یہ ہے کہ بندہ کا دل حق تعالیٰ کی مرضیات کا ایسا طالب ہو جائے جیسا کہ جسم غذا کا طالب ہے اور اس کو عبادت کی ایسی خواہش ہو جائے، جیسی صحت مند جسم کو غذا اور پانی کی ضرورت ہوتی ہے اور یہ اس وقت ہوسکتا ہے جبکہ دل حق تعالیٰ کی محبت وعظمت سے پُر ہو جائے اور ماسوا اللہ کی محبت وعظمت سے خالی ہو جائے، جب تک کہ اغیار کی محبت وعظمت اس درجہ میں قائم ہے کہ اللہ پاک کی محبت وعظمت سے مزاحمت کرتی ہے، اس وقت تک وہ مرضیات حق کا طالب نہیں ہوسکتا اور نہ معاصی سے پوری طرح بچ سکتا ہے۔

---

(۱) (سورة الأنفال، پ: ۹، آية: ۱۶)

اللہ تعالیٰ کی محبت وعظمت کا دل میں پوری طرح قائم ہوجانا تجلیہ ہے اور اغیار کی محبت وعظمت کا قلب سے نکل جانا تخلیہ ہے، ان دونوں چیزوں تجلیہ وتخلیہ پر رضاء الٰہی کا شوق بڑھتا اور اس کی طلب مستحکم اور معاصی سے نفرت قوی ہوتی ہے، پھر اگر ایسا شخص کسی معصیت کا ارادہ بھی کرتا ہے تو اس کے دل میں وحشت، ضیق، ظلمت اور ایسی بے چینی پیدا ہوتی ہے کہ وہ معصیت کے اقدام سے رک جاتا ہے، اور اگر اتفاقاً معصیت کا صدور ہوجائے تو وحشت اور تنگدلی ترقی پکڑ کر اس کو بہت جلد توبہ کی طرف مضطر کرتی ہے کہ بدوں سچی توبہ کے اس کو چین نہیں پڑتا۔

دوسرے لفظوں میں یوں سمجھئے کہ سلوک نام ہے ”تعمیر الظاھر والباطن“ کا یعنی اعضائے ظاہر اور قلب کا اپنے مالک جل شانہ کی طاعت وخدمت میں مشغول رکھنا اس طرح پر کہ ہادیٔ عالم رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے بتائے ہوئے طریق اور تعلیم فرمائی ہوئی شریعت کے اتباع کی اس طرح عادت ہوجائے کہ سنت نبویہ پر عمل کرنا طبعی شیوہ اور خلقی شعار بن جائے اور تکلف کی حاجت نہ رہے۔

حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ظاہر وباطن دونوں اعتبار سے اعدل الخلق ہیں اسی وجہ سے آپ کے جملہ حرکات وسکنات جن کو عادات کہا جاتا ہے کامل اعتدال پر تھے، جن کا اتباع ہر شخص کو معتدل بنا سکتا ہے اور چونکہ اعضاء کے ساتھ قلب کو خاص تعلق عطا کیا گیا ہے، اس لئے مسلمان جب کوشش کرتا ہے کہ عبادت کے علاوہ عادات میں بھی سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا اتباع ہمیشہ ملحوظ رکھے تو اس کے اعضاء میں اعتدال پیدا ہوجاتا ہے اور کجی دور ہوجاتی ہے، جس کا اثر قلب پر پڑتا رہتا ہے یہاں تک کہ قلب اخلاقِ رذیلہ سے متنفر اور خصائلِ حمیدہ سے متصف ہوکر معتدل بن جاتا ہے، اسی اعتدال کا نام نسبت ہے جس سے قلب کی حکومت اعضاء پر دوسرے نہج سے قائم ہوتی ہے، دل میں ایک روشنی پیدا ہوجاتی ہے جو طاعت ومعصیت کے فرق وامتیاز کو کسی وقت بھی مشتبہ ہونے نہیں دیتی، قلب کو مغیبات کے اعتقاد میں وہ مٹھاس معلوم ہوتی ہے جس کو دنیا کی کسی لذت اور نعمت سے تشبیہ نہیں دی جاسکتی، اللہ تعالیٰ کے ذکر وفکر سے اس درجہ اُنس حاصل ہوجاتا ہے کہ ایک لمحہ اس کا چھوٹنا جس کو غفلت کہتے ہیں ہفت اقلیم کے کٹنے اور عزت وآبرو کے ضائع ہونے سے زیادہ ناگوار اور باعث کوفت ہوتا ہے۔

الحاصل یہی شریعت جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سکھائی ہے اصل شئ اور طریقت ہے مگر اس وقت

Made searchable using ScribeTools.com

جبکہ اعضاء سے متعدی ہوکر قلب تک پہنچ جائے اور عمل واکتساب قلبی انس وتعلق کا ثمرہ بن جائے۔

اعمال، غایات، ثمرات کے لحاظ سے اس کی بہت سی تعبیریں ہیں: تصوف، سلوک، طریقت، معرفت، تصحیح الاخلاق، اصلاح نفس، تزکیۂ باطن، علم الآداب وغیرہ۔

اس فن کا اصلی سرچشمہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جن کی شان میں ''یزکیھم'' (۱) اور ﴿إنك لعلى خلق عظيم﴾ (۲) نازل ہوا ہے اور خود ارشاد فرماتے ہیں: ''بعثت لأتمم مكارم الأخلاق'' الحديث. (۳) چنانچہ آپ کی تربیت وتزکیہ کی بدولت آپ کے خدام کو حسب استعداد مناصب جلیلہ عطاء ہوئے کہ یہ شیطان کے فتنوں سے محفوظ ہیں، ان کی زبان پر حق بولتا ہے (۴) شیطان اس راستہ پر نہیں چلتا، جس راستہ پر یہ چلتے ہیں (۵)، ان سے ملائکہ حیا کرتے ہیں (۶)، یہ اللہ تبارک وتعالی کی

---

(۱) (سورة البقره، پ: ۱، آیه: ۱۲۹)

(۲)(سورةالقلم، پ: ۲۹، آیة: ۴)

(۳) لم أجده بهذا اللفظ، وقد أخرجه الإمام أحمد رحمة الله تعالىٰ عليه فى مسنده بلفظ: ''عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال :قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ''إنمابعثت لأتمم صالح الأخلاق''. (مسند أحمد بن حنبل: ۳/ ۸۰، رقم الحديث: ۸۷۲۹،دار إحيا التراث بيروت)

(۴)''عن ابن عمررضى الله عنهما أن رسو ل الله صلى عليه وسلم قال: ''إن الله جعل الحق على لسان عمر وقلبه''. الحديث (جامع الترمذى، أبواب المناقب،مناقب أبى حفص عمر بن الخطاب رضى الله تعالىٰ عنه: ۲/ ۲۰۹، سعيد)

(۵)''عن عائشة رضى الله تعالىٰ عنها قالت: كان رسول الله صلى عليه وسلم جالساً، فسمعنا لغطاً وصوت صبيان، فقام رسول الله صلى الله عليه وسلم، فإذا حبشية تزفن والصبيان حولها، فقال: ''ياعائشه'' ..... قالت: فقال رسول الله صلى عليه وسلم: ''إنى لأ نظر إلى شياطين الجن والإنس، قد فرّوا من عمر'' قالت: فرجعت''. (جامع الترمذى، أبواب المناقب،مناقب أبى حفص عمربن الخطاب رضى الله تعالىٰ عنه، ۲/ ۲۱۰ ،سعيد)

(۶) ''عن عائشه رضى الله تعالىٰ عنها قالت: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم مضطجعاً فى بيته كاشفاً عن فخذيه أو ساقيه..... قالت عا ئشة: دخل أبوبكر فلم تهتشّ له ولم تباله، ثم دخل عمر فلم تهتش له ولم تباله ، ثم دخل عثمان، فجلست وسويت ثيابک؟ فقال: ''ألا أستحى من رجل تستحى منه =

تلوار ہیں، یہ اللہ کے شیر ہیں (۱) ان کا ایمان تمام امت کے ایمان سے زیادہ وزنی ہے، ان کی نیکیاں آسمان کے ستاروں کی برابر ہیں (۲)، ان کو جنت کے ہر دروازے سے بلایا جائیگا (۳)، یہ علم کا دروازہ ہے، ان سے قرآن سیکھو (۴)، انکا اتباع تمہارے ذمہ لازم ہے (۵)، ان سے اللہ راضی ہے، اور یہ اللہ سے

= الملائکه". (الحديث) (الصحيح لمسلم، كتاب الفضائل، باب من فضائل عثمان، الفصل الأول: ۲/۲۷۷، قديمی)

(ومشكوة المصابيح، باب مناقب عثما ن بن عفان رضی الله تعالیٰ عنه، الفصل الأول: ۲/۵۶۰، ۵۶۱، قديمی)

(۱) "عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: نزلنا مع رسو ل الله صلی الله عليه وسلم منزلاً، فجعل الناس يمرّون، فيقول رسول الله ﷺ: "من هذا يا أبا هريرة"؟ فأ قول: فلان، فيقول: "نعم عبدالله هذا" ..... حتی مرخالد بن وليد، فقال: "من هذا؟" قلت: خالد بن وليد، قال: "نعم عبدالله خالد بن وليد، سيف من سيو ف الله". (جامع الترمذی، أبواب المناقب، منا قب خالد بن الوليد: ۲/۲۲۴، سعيد)

(۲) "عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها قالت: بينارأس رسول اللهصلی الله تعالیٰ عليه وسلم فی حجری فی ليلة ضاحية إذقلت: يارسول الله! هل يكون لأحد من الحسنات عدد نجو م السماء، قال: "نعم، عمر". الحديث. (مشكوة المصابيح، باب منا قب أبی بكر وعمر رضی الله تعالیٰ عنهما، الفصل الثالث، ص: ۵۶۰، قديمی)

(۳) "عن أبی هريره رضی الله تعالیٰ عنه أن رسول الله ﷺ قال: "من أنفق زوجين فی سبيل الله، نودی من أبواب الجنة، ياعبد الله! هذا خير، فمن كا ن من أهل الصلاة دعی من باب الصلا ة ..... فقال أبو بكر: بأبی أنت و أمی يارسول الله! ماعلی من دعی من تلك الأبواب من ضرورة، فهل يد عی أحد من تلك الأبو اب كلها؟ قال: "نعم، وأر جو أن تكو ن منهم". (صحيح البخاری، كتاب الصوم، باب الر يان للصائمين: ۱/۲۵۴، ۲۵۵، قديمی)

(۴) "عن علی رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسو ل الله صلی الله عليه وسلم: "أنادار الحكمة وعلی بابها". (جامع الترمذی، أبواب المناقب، مناقب علی بن أبی طالب، ۲/۲۱۳، سعيد)

(۵) "عن عمر قال: قال رسول الله صلی الله عليه وسلم: "أكرموا أصحابی، فإنهم خياركم، ثم الذين يلونهم، ثم الذين يلو نهم".

"وعن ابن عمر بن الخطاب قال: سمعت رسو ل الله صلی الله عليه وسلم يقول: ..... "أصحابی كالنجوم فبأ يهم اقتديتم اهتد يتم". (مشكو ة المصابيح، باب مناقب الصحابه، الفصل الثانی والثالث، ص: ۵۵۴، قديمی)

Made searchable using ScribeTools.com

راضی ہیں (۱)، جنت ان کی مشتاق ہے، یہ جنت میں میرے رفیق ہیں (۲) میں ان سے راضی ہوں، جس نے اس کو دکھ پہنچایا اس نے مجھے دکھ پہنچایا (۳)، ان کو بُرا مت کہو (۴)، اگر ان سے کوئی لغزش ہو جائے تو اس کا تذکرہ مت کرو، ان کی دو رکعت دوسروں کی دو لاکھ رکعت سے بڑھ کر ہیں، جو شخص ان کو برا کہے اس پر اللہ کی لعنت بھیجو (۵)۔ الغرض عجیب عجیب طریق پر اس تزکیہ کا ظہور ہوا۔

اکبر مرحوم نے خوب کہا ہے ؎

درفشانی نے تری قطروں کو دریا کر دیا
دل کو روشن کر دیا آنکھوں کو بینا کر دیا

خود نہ تھے جو راہ پر اوروں کے ہادی بن گئے
کیا نظر تھی جس نے مردوں کو مسیحا کر دیا

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿رضی الله عنهم ورضوا عنه﴾ (البینة، پ:۳، آیت: ۸)

(۲) "عن طلحة بن عبیدالله رضی الله تعالیٰ عنه قال :قال رسول صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "لکل نبی رفیق، ورفیقی یعنی فی الجنة عثمان". (جامع الترمذی، أبواب المنا قب،مناقب عثمان بن عفان رضی الله تعالیٰ عنه، ۲/ ۲۱۰ ،سعید)

(۳) "عن عبدالله بن مغفل رضی الله تعالیٰ عنه قال :قال رسول الله صلی علیه وسلم: "الله الله فی أصحابی، الله الله فی أصحابی، لا تتخذو هم غرضاً من بعدی، فمن أحبهم فبحبی أحبهم، و من أبغضهم فببغضی أبغضهم، ومن آذاهم فقد آذانی، ومن آذانی،فقد آذی الله". (الحدیث)(مشکوة المصابیح، باب منا قب الصحابه،الفصل الثانی، ص: ۵۵۴،قدیمی)

(۴) "عن أبی سعید الخدری رضی الله تعالیٰ عنه قال :قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: "لا تسبوا أصحابی، فلوا أن أحد کم أنفق مثل أحد ذهباً مابلغ مُدّ أحد هم ولا نصیفه". (مشکو ة المصا بیح،باب منا قب الصحابة، ص: ۵۵۳، قدیمی)

(۵) "عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسو ل الله صلی علیه وسلم: "إذارأیتم الذین یسبون أصحابی فقولوا: لعنة الله علی شر کم". (مشکوة المصابیح،باب مناقب الصحابه،الفصل الثالث، ص: ۵۵۴،قدیمی)

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دیگر امانات: تلاوت، تعلیمِ کتاب، تعلیم حکمت کی طرح اس امانت ''تزکیہ'' کو بھی بعد والوں کے سپرد کیا، پر جیسے جیسے خیر القرون سے بُعد ہوتا گیا اور مادیات کے اختلاط کا غلبہ ہوتا گیا، تزکیہ کیلئے مجاہدات وریاضات کی ضرورت زیادہ پیش آتی گئی، لہذا اس علم نے مستقل فن کی صورت اختیار کرلی، اخلاق فاضلہ، توکل، صبر، شکر، قناعت، سخاوت، شجاعت، ایثار، حلم، عفو، تواضع، احسان، شفقت، رضاء، تسلیم، زہد، ورع، امانت، خوف، رجاء، صدق، اخلاص، وغیرہ کی تفصیلات اور ان کی تحصیل کے طرق کو جمع کیا گیا۔ اور اخلاق رذیلہ: بخل، حسد، غضب، حقد، حسد، حرص، کذب، ریا، جدال، عجب، تکبر، لعن، غیبت، نمیمہ، حبِّ جاہ وغیرہ اور ان کے معالجات کو مرتب کیا گیا۔ بہت سی کتابیں: ''قوت القلوب، عوارف المعارف، احیاء العلوم، قشیریہ، منہاج العابدین'' وغیرہ تصنیف کی گئیں، اور یہ سب کچھ قرآن پاک، احادیث وآثار کی روشنی میں ہوا، اس فن کے چار امام زیادہ مشہور ہوئے جن کے سلسلے مستقل چلے اور اب تک جاری ہیں: حضرت سید عبدالقادر جیلانی، شیخ شہاب الدین سہروردی رحمہ اللہ تعالیٰ، خواجہ معین الدین چشتی رحمہ اللہ تعالیٰ، خواجہ بہاؤالدین نقشبندی رحمہ اللہ تعالیٰ۔

ان سے پہلے اور ان کے بعد بھی بہت سے اکابر نے بڑی بڑی ریاضتیں کی ہیں: شیخ معروف کرخی رحمہ اللہ تعالیٰ، حضرت بایزید بسطامی رحمہ اللہ تعالیٰ، فضیل ابن عیاض، سری سقطی، شیخ محی الدین ابن عربی، امام غزالی، شیخ عبدالقدوس، سلطان نظام الدین رحمہ اللہ تعالیٰ، خواجہ باقی باللہ، حضرت مجددِ الف ثانی، خواجہ محمد معصوم، حضرت مرزا مظہر جانجانان، حضرت شاولی اللہ رحمہم اللہ تعالیٰ، حضرت شاہ عبدالعزیز رحمہ اللہ تعالیٰ، حضرت سید احمد شہید، حضرت محمد اسماعیل شہید وغیرہ رحمہم اللہ تعالیٰ۔

ان حضرات کی مساعیٔ جمیلہ کی بدولت اکنافِ عالَم میں اسلام پھیلا، گروہ در گروہ مسلمان تزکیۂ باطن کرکے صفتِ احسان: "أن تعبد الله كأنك تراه" (۱) کی دولت سے مالا مال ہوئے، علوم نبوی کے ساتھ

---

(۱) (أخرجه البخاری فی صحیحه فی کتاب الإیمان، باب سوال جبرئیل النبی صلی الله علیه وسلم عن الإیمان والإسلام والإحسان: ۱/۱۲، قدیمی)

(والترمذی فی جامعه فی أبواب الإیمان عن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، باب فی وصف جبریل للنبّی صلی الله علیه وسلم الإیمان: ۲/۸۸، سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

اخلاق نبوی کی اشاعت ہوئی، بے شمار مواقع پر اہل باطل کے ساتھ باطنی تزاحم وتصادم کی نوبت بھی آئی اور اللہ تعالی نے اسلام کو غالب فرمایا۔ بعض اکابر کے ہاتھ پر لاکھوں آدمی مشرف بہ اسلام ہوکر ابدی جہنم سے نجات پاکر مستحق جنت قرار پائے، ہزاروں کی جماعتیں ایک ایک شخص کے ہاتھ پر بیعت ہوکر اخلاق نبویہ کے ساتھ متصف ہوئیں اور نسبت یادداشت سے نوازی گئیں۔ اگر یہ کہا جائے کہ آج جہاں بھی اسلام واخلاق کی روشنی نظر آتی ہے، اس میں ان حضرات کی جد وجہد کا بڑا حصہ ہے تو غالبًا مبالغہ نہ ہوگا۔ یہ ہے علم تصوف کا مختصر خاکہ۔ اب ملاحظہ فرمایئے کہ جماعت اسلامی کی نظروں میں تصوف اور اصحابِ تصوف کی کیا حیثیت ہے؟

مودودی صاحب جاہلیت راہبانہ کی تشریح کے بعد فرماتے ہیں:

یوگ، تصوف، کوکین، افیون

۳۸- ''یہ نظریہ بجائے خود غیر تمدنی نظریہ ہے، مگر تمدن پر یہ متعدد طریقوں سے اثر انداز ہوتا ہے، اس کی بنیاد پر ایک خاص قسم کا نظام فلسفہ بنتا ہے جس کی مختلف شکلیں: ویدانتزم، اشراقیت، یوگ، تصوف، مسیحی رہبانیت اور بدھ ازم وغیرہ ناموں سے مشہور ہیں، اس فلسفہ کے ساتھ ایک ایسا نظامِ اخلاق وجود میں آتا ہے جو بہت کم ایجابی اور بہت زیادہ سلبی بلکہ تمام تر سلبی نوعیت کا ہے، یہ دونوں چیزیں مل جل کر لٹریچر، عقائد، اخلاقیات، اور عملی زندگی میں نفوذ کرتی ہیں اور جہاں جہاں ان کے اثرات پہونچتے ہیں وہاں افیون اور کوکین کا کام کرتے ہیں''۔ (تجدید احیائے دین، ص:۱۴)(۱)۔

یہ وہی افتادِ مزاج ہے کہ جماعت اسلامی تخریبی تنقید کے پیش نظر حق وباطل کو ایک ہی ساتھ صف میں پیش کرتی ہے، جس طرح تبلیغ کرنے والوں کے پیش کردہ مذہب اسلام کو بے جان عقائد، بے معنی منتر، بے مقصد حرکات کی خانہ ساز ذہنی معجون بنا کر پنڈتوں، پادریوں، گرنتھیوں کا ہمدوش، ہمنوا، ہمرنگ قرار دیا اور وفاتِ پیغمبر کا نقشہ اس طرح کھینچا کہ بھکاری اور پیغمبر کے مرنے پر آسمان وزمین یکساں طور پر متاثر نہیں ہوئے، ملاحظہ ہو عبارت: ۱۳، ۱۴(۲)۔

---

(۱) (تجدید احیاء دین، ص: ۱۴)

(۲) (تنقیدات، ص: ۳۳) و (ترجمان، ج: ۱۲، عدد: ۴، ۴۷/۲۸۷)

اسی طرح یہاں تصوف کو ''ویدانتزم، اشراقیت، یوگ، مسیحی رہبانیت، اور بدھ ازم'' کی صف میں لاکر کھڑا کردیا گیا، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تمام عالم کی صفوں کا نظم ونسق اور یہ تشخیص کہ کس کو کس صف کا ٹکٹ دیا جائے اور کس صف میں بٹھایا جائے انہی حضرات کے سپرد ہے، چنانچہ ارشاد فرماتے ہیں:

۳۹-''میں حیران رہ جاتا ہوں جب سنتا ہوں کہ شاہ ولی اللہ صاحب نے دیدانتی فلسفہ اور اسلامی فلسفہ کا جوڑ لگا کر نئی ہندی قومیت کیلئے فکری اساس فراہم کرنے کی کوشش کی تھی، مجھے ان کی کتابوں میں اس کوشش کا کہیں سراغ نہ ملا اور اگر مل جاتا تو باللہ العظیم کہ میں شاہ ولی اللہ صاحب کو مجددین کی فہرست سے خارج کرکے متجددین کی صف میں لاکر بٹھاتا''۔(تجدید واحیائے دین، ص:۶۸)(۱)۔

امام غزالی کے تجدیدی کارناموں کا جائزہ لیتے ہوئے، ان کی تعریف وتوصیف کے بعد جب تخریبی تنقید اور بے لاگ تحقیقی نگاہ کی باری آئی تو جن امور کو ان کے کمالات میں شمار کیا تھا ان کو بھی نقائص کی فہرست میں داخل فرمادیا گیا، چنانچہ فرماتے ہیں:

امام غزالی کے نقائص

۴۰-''امام غزالی رحمہ اللہ تعالیٰ کے تجدیدی کام میں علمی وفکری حیثیت سے چند نقائص بھی تھے، دوسری قسم ان نقائص کی جو ان کے ذہن پر عقلیات کے غلبہ کی وجہ سے تھے''۔(تجدید واحیائے دین، ص:۴۵)(۲)۔

حالانکہ خود اس سے قبل ان کی عقلیات کے تجدیدی کارنامے لکھ چکے ہیں کہ:''انہوں نے (امام غزالی نے) اسلام کے عقائد اور اساسیات کی ایسی معقول تعبیر پیش کی جس پر کم از کم اس زمانہ کے اور بعد کی کئی صدیوں تک کے معقولات کی بناء پر کوئی اعتراض نہ ہوسکتا تھا، اس کے ساتھ انہوں نے احکامِ شریعت اور عبادات ومناسک، اَسرار ونصائح بھی بیان کئے اور دین کا ایک ایسا تصور لوگوں کے سامنے رکھا جس سے وہ غلط فہمیاں دور ہوگئیں جن کی بناء پر یہ گمان ہونے لگا تھا کہ اسلام عقلی امتحان کا بوجھ نہیں سہہ سکتا''۔(تجدید احیائے دین)۔

---

(۱)(تجدید احیاء دین، ص: ۶۸)

(۲) (تجدید احیاء دین، ص: ۴۵)

Made searchable using ScribeTools.com

''انہوں نے فلسفہ کا گہرا مطالعہ کر کے اس پر تنقید کی اور اتنی زبردست تنقید کی کہ اس کا وہ رعب جو مسلمانوں پر چھا گیا تھا کم ہو گیا اھ۔

امام کی اس تنقید کا اثر مسلم ممالک تک ہی محدود نہ رہا بلکہ یورپ تک پہنچا اور وہاں بھی اس نے فلسفہ یونان کے تسلط کو مٹانے اور جدید دور تنقید و تحقیق کا فتح یاب کرنے میں حصہ لیا، امام غزالی نے بروقت اس کی اصلاح کی اور مسلمانوں کو بتایا کہ تمہارے عقائدِ دین کا اثبات ان غیر معقولات کے التزام پر منحصر نہیں بلکہ اس کیلئے معقول دلائل موجود ہیں''۔ (تجدید، ص: ۴۳،۴۲)(۱)۔

یہ سب کچھ امام غزالی رحمہ اللہ تعالیٰ نے عقلیات کی مدد سے کیا مگر بُرا ہو جذبۂ تخریب کا کہ امام موصوف کی یہ ساری محنتیں کاوشیں دینی خدمتیں نقائص یا باعثِ نقائص بن رہی ہیں۔

افسوس اس مضمون کی تکمیل نہ ہو سکی۔ لعل اللّٰہ یحدث بعد ذلك أمراً۔

حکومت الٰہیہ کا قیام

سوال[۵۱۳]: میرے کچھ قریبی عزیز جو مجھ سے عمر میں کچھ بڑے بھی ہیں میرے یہ کہنے پر کہ ''بندوں کے اوپر بندوں کی نہیں بلکہ اللہ کی حکومت ہونی چاہئے اور اسی کا حکم ہونا چاہئے جب کہ اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ذریعہ سے تمام دستورِ حیات ہم کو دیا ہے اور آخرت میں اس کا جواب دینا ہے'' مجھے ''کوتاہ فہم'' اور بے عقل قرار دیتے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ مذاق بھی اڑاتے ہیں۔ مزید یہ ثابت کرنے کی بھی کوشش کرتے ہیں کہ وقت کے حاکم کا حکم ماننا چاہئے، خواہ شریعت کے خلاف ہی کیوں نہ ہو اور اسی وجہ سے ہم ''ڈاکٹر امبیڈکر'' کے دستور کو بھی مانتے ہیں، یہاں جائز اور ناجائز پیش نظر نہیں ہے۔ یہ لوگ مزید کہتے ہیں کہ اللہ کی حکومت تو جاری ہے اور کیسی حکومت، لیکن میں اسلام اور اسلامی تاریخ کے مطالعہ سے جس نتیجہ پر پہونچا ہوں وہ یہ کہ ایمان مسلمانوں کو اللہ کے اور اس کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دستور اور طریقوں پر ہی رکھنا چاہئے، نہ کہ کسی انسان کے مقرر کردہ دستور پر جو شریعت کے خلاف ہو، اللہ کے حکم کو نافذ کرنے کے لئے اور حکومت الٰہیہ کے قیام کے لئے عمر بن عبد العزیز، مجدد الف ثانی، شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، امام غزالی، سید احمد شہید رحمہم اللہ تعالیٰ نے تمام عمر کوشش کی، حال ہی میں سید قطب کو اسلام کو مصر میں لانے کی جدوجہد میں پھانسی دی گئی اور ان کی لاش

---

(۱) (تجدید احیاء دین، ص: ۴۲، ۴۳)

Made Searchable by ScribeTools.com

بھی کسی مسلمان کو نہیں دی گئی، اس لئے ساری مسلم دنیا میں ان کی غائبانہ نماز جنازہ پڑھی گئی۔

اب آپ فیصلہ فرمائیں کہ کون غلطی پر ہے اور کیوں؟ اور ساتھ ہی ساتھ حکومت الہیہ کا مفہوم بھی سمجھادیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

قرآن کریم میں ہے: ﴿إن الحکم إلا للہ﴾(۱) جن امور میں اللہ پاک کا ارشاد موجود ہے یا حدیث شریف موجود ہے یا ائمہ مجتہدین نے قرآن وحدیث سے استخراج کر کے اتفاق کرلیا ہے ان میں سے ان سب کو چھوڑ کر محض خواہشاتِ نفسانی کے ماتحت از خود عمل کرنا یا کسی کو مستقلاً حاکم تسلیم کرنا جائز نہیں، جن مسائل میں قرآن کریم یا حدیث شریف یا ائمہ مجتہدین سے دونوں طرح گنجائش ملتی ہے ان میں زیادہ تنگی نہیں مگر اتباعِ نفس سے وہاں بھی اجتناب ضروری ہے، اگر ہم اپنے اختیار سے کوئی قانون بنالیں اور عملاً اس کی پابندی کرلیں تو یہ خدائی قانون کا مقابلہ نہ ہوگا۔

مثلاً ہمارے پاس زمین کے متعدد قطعات ہیں کسی میں ہم مکان بنائیں، کسی میں دوکان اور کسی میں گندم کی کاشت کریں، کسی میں چنے کی، کسی میں باغ لگائیں تو یہ چیز قابل اعتراض نہیں، اسی طرح جائز اور اختیاری امور میں ہمارا کوئی بڑا ہم کو حکم کرے خواہ وہ حکومت ہو یا والد یا استاذ یا قیم اور امیر جماعت ہو تو اس کا حکم تسلیم کرنا غیر اللہ کو معبود تسلیم کرنا نہیں ہے، نہ اس کو طاغوت یا کوئی اَور دوسرا لقب دیا جائے گا۔ حضرت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حدیث شریف میں والدین کی اطاعت کا حکم فرمایا ہے (۲)، نیز یہ بھی ارشاد ہے کہ:

---

(۱) (یوسف: ۴۰)

(۲) "قال: سألت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: أیّ الأعمال أحب إلی اللہ؟ قال: "الصلوة علی وقتها". قال: ثم أی؟ قال: "ثم برّ الوالدین". (صحیح البخاری: ۲/۸۸۲، کتاب الأدب، باب قوله تعالیٰ: ﴿ووصینا الإنسان بوالدیه احساناً﴾، قدیمی)

"عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "من أصبح مطیعاً للہ فی والدیه، أصبح له بابان مفتوحان من الجنة، و إن کان واحداً فواحداً. و من أصبح عاصیاً للہ فی والدیه أصبح له بابان مفتوحان من النار، إن کان واحداً فواحداً" قال: رجل و إن ظلماه؟ قال: " و إن ظلماه و إن ظلماه و إن ظلماه". (مشکوة المصابیح: ۲/۴۲۱، کتاب الآداب، باب البر والصلة، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

''جس نے میرے تجویز کردہ امیر کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی اور جس نے اس کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے خدا کی نافرمانی کی'' (۱)، جائز امور میں حاکم کی اطاعت کا بھی حکم ہے۔

مسلمانوں کے ایمان کو پختہ کرنا بہت ضروری ہے اور اس کی پختگی یقین اور عمل صالح سے آتی ہے اور اخلاق کی اصلاح سے جذبات عالیہ پیدا ہوئے ہیں اور تقویٰ ان سب کے لئے بنیاد کی حیثیت رکھتا ہے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی حدیث میں موجود ہے کہ: ''ہر چیز کے لئے معدن (کان) ہوتا ہے اور تقوی کا معدن عارفین کے قلوب ہیں'' (۲)۔ لہذا اصلحاء وعرفاء واتقیاء کی صحبت اور ان کے ارشادات پر غور وفکر کے ساتھ کاربند ہونے کی ضرورت ہے، ہر شخص محض لٹریچر کے مطالعہ سے متقی نہیں بن جاتا، ورنہ قرآن پاک جو سب سے اعلیٰ کتاب ہے اور اصول دین پر حاوی ہے اس کو نازل کر دیا جاتا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مبعوث نہ فرمایا جاتا، کیونکہ صحابہ کرام سب اہل زبان تھے، اس کو دیکھ کر سب کے سب متقی ہو جاتے، رسول پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعریف میں ہے ''و یزکیھم'' (۳) تزکیہ باطن صحبتِ مبارکہ سے ہوتا تھا، قرآن کریم میں دو چیزیں ہیں: ''الفاظ'' اور ''نور'' الفاظ زبان مبارک سے تلاوت فرما کر صحابہ کرام کو سکھائے اور نور سینۂ مبارک سے صحابہ کرام کے سینوں میں منتقل ہوا، پھر صحابہ کرام نے بھی یہی طریقہ اختیار فرمایا، اس نور کے ذریعہ سے حق وباطل میں تمیز ہوتی ہے اور ایمان قوی ہو کر آدمی کی تکمیل ہوتی ہے ورنہ اگر وہ نور نہ ہو تو خالی الفاظ تو یہود ونصاریٰ بھی پڑھتے ہیں، بلکہ ترجمہ وتفسیر بھی لکھ دیتے ہیں۔ ''حکومت الہیہ'' کی آپ کوشش کر رہے ہیں،

---

(۱) ''قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ''من أطاعنى فقد أطاع الله، و من عصانى فقد عصى الله، ومن أطاع أميرى فقد أطاعنى، و من عصى أميرى فقد عصانى''. (صحيح البخارى: ۲/۱۰۵۷، كتاب الأحكام، باب قول الله: (أطيعوا الله وأطيعوا الرسول و أولى الأمر منكم)، قديمى)

(وصحيح الإمام مسلم رحمه الله تعالىٰ: ۲/۱۲۴، كتاب الإمارة، باب وجوب طاعة الأمراء فى غير معصية و تحريمها فى المعصية، قديمى)

(۲) (ابن عمر) رفعه: ''لكل شئى معدن ومعدن التقوى قلوب العارفين''. (جمع الفوائد: ۴/۷۰۴، كتاب الخوف والرقاق والمواعظ، رقم الحديث: ۱۷۳۴، إدارة القرآن)

(۳) (سورة البقرة: ۱۲۹، و آل عمران: ۱۶۴)

بہت مبارک چیز ہے، آپ نے خود بھی تو اس کا کچھ مفہوم سمجھا ہوگا اور اس کا کچھ ماخذ بھی آپ کے پاس ہوگا، آپ ہی فرمائیں کہ اس کا مفہوم کیا ہے اور وہ کہاں سے ثابت ہے اور کیا وہ دنیا میں کبھی قائم ہوئی بھی ہے، یا یہ لفظ ایسا ہے کہ اس کا مصداق کبھی دنیا میں قائم نہیں ہوا اور دنیا اس سے نا آشنا ہے جیسا کہ موجودہ دور کے حکومت الٰہیہ کے سب سے بڑے داعی اور لیڈر نے لکھا ہے ''اصولِ حکومت وہ چیز ہے جس سے دنیا ہمیشہ نا آشنا رہی ہے اور آج تک نا آشنا ہے''(۱)۔

تنبیہ: غائبانہ نماز جنازہ کی اجازت نہیں، میت کا سامنے ہونا ضروری ہے، اگر کوئی بغیر نماز جنازہ پڑھے میت کو دفن کر دیا گیا ہو تو مجبوراً قبر پر نماز جنازہ پڑھ لی جائے، وہ بھی اتنی مدت کے اندر کہ میت کے پھٹ جانے کا ظن غالب نہ ہو، اس کے بعد قبر پر بھی نہ پڑھی جائے جیسا کہ کتب فقہ ردالمحتار (۲)، بحرالرائق (۳) وغیرہ میں ہے۔ جو شخص غلط بات کہے اور ناواقف ہو تو اس کو صحیح راہ بتادی جائے، مذاق نہ اڑایا جائے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۱/۱۰/۸۸ھ۔

ایضاً

سوال[۵۱۴]: عرض ہے کہ ؎

وقت فرصت ہے کہاں کام ابھی باقی ہے نورِ توحید کا اِتمام ابھی باقی ہے

۱.....خلقت آدم کی غایت، نسل آدم، کو اپنے داعی آدم علیہ السلام ''لا إله إلا الله ، آدم صفی الله'' سے

---

(۱) مولانا مودودی صاحب کی طرف اشارہ ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(۲) ''(وإن دفن) و أهيل عليه التراب (بغير صلاة) أو بها بلا غسل أولمن لا ولاية له(صلى على قبره) استحساناً(مالم يغلب على الظن تفسخه) من غير تقدير، هو الأصح، و ظاهره أنه لو شک فی تفسخه صلى عليه، لكن فی النهر عن محمد :''لا'' كأنه تقديماً للمانع''. (الدر المختار مع رد المحتار: ۲/۲۲۴، باب صلاة الجنازة، سعيد)

(۳) ''فإن دفن بلا صلاة صلى على قبره مالم يتفسخ ؛ لأن النبی صلى الله تعالىٰ عليه وسلم صلى على قبر امرأة من الأنصار ..... قال: و قيد بعدم التفسخ؛ لأنه لا يصلى عليه بعد التفسخ ؛ لأن الصلاة شرعت على بدن الميت فإذا تفسخ لم يبق بدنه قائماً''. (البحر الرائق : ۲/۳۳۰، كتاب الجنائز، فصل السلطان أحق بصلاته ، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

"لا إلـه إلا الله محمد رسول الله" تک کے ذریعہ سے زمین پر "خلافتِ الهی" کا قیام مقصود تھا تو پھر کیا اس وقت کسی بھی مملکت میں عملی خلافت ابھی قائم ہے؟

۲.....خلافت الٰہی کا مطلب امامت اور امارت ہے یا کچھ اور جیسا کہ مرکز میں تبلیغی جماعت کے امیر ہیں یا امام اور دونوں کی بنیادی ذمہ داریاں کیا کیا ہیں؟

۳.....ہمارے کونسے علماء کا گروہ بصورتِ جماعت خلافتِ الٰہی کے سلسلے میں خدائی قانون اور حکومت کے نفاذ میں سعی کر رہا ہے؟

۴.....کلام پاک میں صلوۃ کے ساتھ ساتھ زکوۃ کا ذکر ہے، صلوۃ کی نسبت سے زکوۃ کے بارے میں ہمارا کیا عمل ہے؟ جب کہ صلوۃ کا ایک باقاعدہ جماعتی نظام ہند اور بیرون ہند میں کام کر رہا ہے؟

۵.....مدارسِ دینیہ مروجہ طریقہ سے چندہ کے ذریعہ چلانا، مہمانانِ رسول کو صدقہ، خیرات، زکوۃ کا مال کھلا کر علم پڑھانا، کیا آپ کو حکیم الامت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ کے خیالاتِ عالیہ بسلسلہ چندہ و تعلیمِ دین سے اتفاق ہے، جب کہ آپ دارلعلوم کی مجلس شوریٰ کے ممبر ہیں؟

گلا تو گھونٹ دیا اہلِ مدرسہ نے تیرا پھر کہاں سے آئے صدائے لا إله إلا الله
یہ نیم شبی، یہ مراقبے، یہ سرود تیری خودی کے نگہبان نہیں تو کچھ بھی نہیں

الجواب : مکرم ومحترم زیدت مکارمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ

منتظر نظارے ہیں چشمِ خمارِ آلود کھول
اٹھ کلید فتح بن، قفلِ درِ مقصود کھول

۱.....مقصودِ تعلیم عبدیت ہے: ﴿ما خلقت الجن والإنس إلا ليعبدون﴾ الآية (۱)، خلافت موعود ہے: ﴿وعد الله الذين آمنوا منكم و عملوا الصالحات لَيستخلفنهم فى الأرض﴾ (۲)، مقصود سے صرفِ نظر کر کے اس مقصود پر جو چیز موعود ہو، اس کا خواب شرمندۂ تعبیر نہیں ہوتا۔

۲.....انسان خدا کی دی ہوئی قوتوں اور صلاحیتوں کو اپنے خالق کی رضا کے لئے وقف کر دے اور اس کو نصب

---

(۱) (الذاريات : ۵۶)

(۲) النور: ۵۵)

العین بنالے تو پھر قدرتی طور سے اس کو اس کی حیثیت کے موافق منصب عطا ہوتا ہے اور وہ صفاتِ خداوندی کو زیادہ سے زیادہ جلوہ گر دیکھتا ہے اور مخلوق اس سے اثر لے کر اطاعت کا ثبوت دیتی ہے یعنی جتنا یہ مطیعِ احکام خداوندی ہوتا جاتا ہے اس کا اثر دوسروں پر پڑ کر دوسرے احکام خداوندی میں اس کی اطاعت کرتے ہیں اس میں جعل اور تکلف کو دخل نہیں ہوتا۔

تو ہم گردن از حکم داور مپیچ کہ گردن نہ پیچد ز حکم تو ہیچ

"من تواضع للّٰہ رفعه اللّٰہ "(۱) جو امامت یا امارت دوسروں کے دینے سے ملے اس کی بنیاد تو عطائے غیر پر ہے، جب چاہے واپس لے لے، مرکزِ تبلیغ میں جو کچھ ہے وہ نقل ہے، تمرین مقصود ہے۔ دوسری جماعتوں میں بھی کم یا زیادہ، اسی بنا پر استعفاء اور انتخاب، چناؤ الیکشن کی نوبت زیادہ آتی ہے۔

۳....."کلکم راع و کلکم مسئول عن رعیته "(۲) کے تحت ہر باعمل عالم سعی میں ہے اور سعی کے موافق خدائی قانون بھی جاری ہوتا ہے، محض نعرہ لگا کر اور قرارداد، دستاویز پاس کر کے اور منشور شائع کر کے جو نتائج اور اثرات ظاہر ہوئے وہ بھی سامنے ہیں۔

۴.....صلوۃ کے ساتھ نہ صرف زکوۃ بلکہ پورے دین کے لئے جماعتی جدوجہد جاری ہے اور کامیابی ہو رہی ہے۔ بحمد اللّٰہ۔

۵.....سب سے پہلا مدرسہ اصحابِ صفہ کی جماعت تھی، اس کا نظام تو سامنے ہوگا، حضرت مولانا تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ دار العلوم کے سرپرست تھے ان کی رائے آخری فیصلہ کی حیثیت رکھتی تھی، مدرسہ چلانے کا طریقہ بھی ان کے سامنے تھا، میری رائے ان کے خلاف نہیں۔

این جوانانِ تشنہ لب، خالی دماغ شستہ رو، تاریک جاں، روشن دماغ
کم نگاہ و بے یقین، و ناامید چشم شان اندر جہاں چیزے ندید

والسلام احقر محمود غفرلہ

---

(۱) (مشكاة المصابيح، عن عمر بن الخطاب: ۲/۴۳۴، كتاب الآداب، باب الغضب والكبر، الفصل الثالث، قديمى)

(۲) "عن عبد الله بن عمر رضى الله عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ألا كلكم راع و كلكم مسئول عن رعيته، فالإمام الذي على الناس راعٍ و هو مسئول عن رعيته". الحديث.
(مشكاة المصابيح: ۲/۳۲۱، كتاب الإمارة والقضاء، الفصل الأول، قديمى)

Made Searchable by ScribeTools.com
Made searchable using ScribeTools.com

اسلامی حکومت کہیں نہیں، اس کی وجہ

سوال[۵۱۵]: ۱.....مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی صاحب نے اپنی کتاب ''حقوق الزوجین''، ص: ۹۷ سے ص: ۱۰۸ تک میں ارتداد احد الزوجین، خیار بلوغ، ولایتِ اجبار کی شرائط اور مہر کے متعلق اپنی جس فقہی آراء کا اظہار فرمایا ہے کیا وہ صحیح ہیں؟ اگر نہیں تو رہنمائی فرمائی جائے۔

۲.....جبکہ اسلام مکمل نظامِ حیات ہے اور انسانی فطرت کے عین مطابق ہے تو پھر کیا وجہ ہے کہ آج دنیا کے کسی بھی ملک میں صحیح نظام نہیں، اسلامی حکومت قائم نہیں، کیا اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا ہے کہ اسلامی حکومت کے قوانین انسان کے مزاج کے مطابق امور خیر وفلاح کے حامل نہیں، کیونکہ اگر ان میں کچھ بھی افادیت ہوتی تو کہیں نہ کہیں ضرور اسلامی حکومت قائم ہوتی، آخر دنیا کے سب لوگ تو خراب نہیں ہیں، پھر جب تک دنیا کی حکومت کا صحیح نظام نہیں دیکھا تھا تو وہ معذور تھی لیکن جب اسلام آیا تو صحیح نظام حکومت سامنے آیا، تو کیا وجہ ہے کہ خلفائے اربعہ کے بعد سے آج تک کوئی بھی شخص حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ تعالیٰ کے سوا اسلامی ہدایات کے مطابق خلیفہ منتخب نہ ہوا اور نہ مستقبل ہی میں اس کا امکان نظر آرہا ہے کہ ایسا ہوگا، کیا اس میں دنیا کا قصور ہے یا اسلام کے نظام کا نقص ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....بیس سال سے زائد کا عرصہ ہوا جب وہ کتاب جماعت اسلامی کے ایک مبلّغ نے دی تھی، اس وقت مطالعہ کر کے جو باتیں اس میں فقہ حنفی کے خلاف تھیں وہ لکھ کر ان کو دیدی تھیں، کتاب بھی واپس کر دی تھی، اب نہ کتاب پاس ہے نہ وہ ان کے تفردات موجود ہیں۔ ایک ''حقوق الزوجین'' ہی کیا مودودی صاحب تو فقہ اور کلام میں ایک خاص مسلک رکھتے ہیں، جیسا کہ خود انہوں نے تصریح کی ہے، وہ اپنے اس مسلک میں کسی مجتہد کے تابع نہیں، کیونکہ تقلید ان کے نزدیک گناہ سے بھی شدید تر چیز ہے جیسا کہ ''رسائل ومسائل'' میں موجود ہے، لہذا ان کے متعلق یہ فکر کہ ان کی فقہی آراء کہاں تک دیگر فقہائے کرام کے موافق ہیں اور کہاں تک ان کی دی ہوئی دلیلوں کے مطابق ہیں ایسی ہی ہے جیسے کسی دوسرے نئے مدعی اجتہاد کے دعوؤں اور دلیلوں کے متعلق ہو جو شخص ان کو امت کا بہترین فرد تصور کرتا ہے وہ ان کے ہر سیاہ وسفید کو مانتا ہے، جس کو اختلاف ہوتا ہے وہ جماعت سے علیحدہ ہو کر ان کی بنیاد ہی کو غلط کہتا ہے جیسا کہ مولانا امین احسن اصلاحی صاحب، حکیم عبدالرحیم اشرف

صاحب، وحیدالدین خان صاحب وغیرہ کی تحریرات وتصنیفات میں تفصیل مذکور ہے۔

۲..... یہ اسلام کا نقص نہیں بلکہ جولوگ احکام اسلام کو قبول نہیں کرتے ان کا قصور ہے، تسلیم کرنے والوں کی تعداد نہ تسلیم کرنے والوں کے مقابلہ میں قلیل ہے، زمانہ خیرالقرون میں حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تربیت کی بدولت ایسے حضرات کثیر تعداد میں تھے، ان کے مقابلہ میں نہ ماننے والے (منافقین) اقلیت میں تھے، پھر وہ نزول وحی کا دور تھا، اس کے بعد رفتہ رفتہ اس کی خیر میں قلت پیدا ہوتی گئی جیسا کہ حدیث شریف میں ہے: "خير القرون قرني، ثم الذين يلونهم". الخ "ثم يفشوالكذب"(الحديث)(۱)۔

جو کچھ تغیر روز بروز ہورہا ہے، وہ حدیث شریف کی پیش گوئیوں کے مطابق ہورہا ہے، مگر اس کا یہ مقصد ہرگز نہیں کہ سعی بھی نہ کی جائے، سعی بہرحال تادمِ آخر لازم ہے۔

درمیان میں اَور بھی صالح افراد کا انتخاب ہوا، انہوں نے بھی اپنے حوصلہ کے مطابق اصلاحی کام کئے ہیں، مگر ظاہر ہے کہ بعد کے لوگ خلفائے اربعہ کے درجہ کو ہرگز نہیں پہونچ سکتے، بلکہ کسی صحابی کے درجہ کو نہیں پہونچ سکتے۔ بعض آدمی ان اکابر پر بھی تخریبی تنقید کر ڈالتے ہیں، کہ ان میں یہ خرابیاں تھیں یہ کمزوریاں تھیں (۲)، ایسی تنقیدوں کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ ان حضرات سے سوءظن پیدا ہوکر خیال قائم ہوتا ہے کہ اسلام کو پورے طور پر کسی نے نہیں سمجھا اور کسی کی زندگی اسلامی زندگی نہیں تھی، بلکہ اسلام آج تک غیر واضح ہے۔

غور کیجئے کہ سچ بولنا، امانتدار ہونا، کسی پر ظلم نہ کرنا، ہمدردی کرنا یہ ایسے اخلاق ہیں کہ سب کے ہی نزدیک مطابقِ فطرت اور پسندیدہ ہیں، اور ان کے خلاف کرنا سب کے ہی نزدیک قبیح ہے، مگر کتنے لوگ ان کو اختیار کرتے ہیں، حالانکہ ان کیلئے کسی شوکت وقوت کی ضرورت نہیں، ہر شخص بلا تامل اختیار کرسکتا ہے، لیکن پھر

---

(۱) لم أجده بهذا اللفظ وقد ذكره الإمام أحمد في مسنده والنسائي في سننه بلفظهما: "عن عمر رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "أكرموا أصحابي، فإنهم خياركم، ثم الذين يلونهم، ثم الذين يلونهم، ثم يظهر الكذب". الحديث رواه النسائي. (مشكوٰة المصابيح، كتاب المناقب والفضائل، باب فضائل الصحابة رضي الله تعالىٰ عنهم أجمعين، الفصل الثاني، ص: ۵۵۴، قديمي)

(ومسند الإمام احمد، مسند عمر بن الخطاب رضي الله تعالىٰ عنه: ۱/۳۳، رقم الحديث: ۱۱۵، داراحياء التراث العربي بيروت)

(۲) "قد سبق نبذة من فضائلهم تحت عنوان: "کیا صحابہ کرام سے گناہ کا صدور ہوسکتا ہے؟"

Made searchable using ScribeTools.com

بھی ان کو اختیار نہیں کیا جاتا، روئے زمین پر کوئی چھوٹی سے چھوٹی بستی بھی ایسی نہ ہوگی جہاں کے لوگ ان کو اختیار کئے ہوئے ہوں تو یہ اختیار نہ کرنے والے کا قصور ہے، ان اخلاق کا نقص نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند

مسلک علماء دیوبند

سوال[۵۱۶]: مسلک علمائے دیوبند وغیرہ اوران میں نقائص نکالنا، ان کوسب وشتم کرنا اورطریقۂ جماعت اسلامی پرعمل کرنا کیسا ہے؟ مسلمانوں سے کدورت رکھنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

مسلک علمائے دیوبند عینِ کتاب وسنت اورطریقۂ اسلاف عظام کے مطابق ہے، اس میں نقص نکالنا غلط ہے، افراد میں کوتاہی ہوسکتی ہے اوراپنی کوتاہی کی اصلاح سے کسی کو بھی غافل نہیں رہنا چاہئیے اور جو عام مسلمان عملی کوتاہی میں مبتلا ہیں وہ قابل رحم ہیں ان سے کدورت رکھ کران کو حقیر سمجھنا درست نہیں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۱۱/۴/۸۹ھ۔

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿یا أیھاالذین آمنوا لا یسخر قوم من قوم عسی أن یکونوا خیراً منھم﴾ (الحجرات، آیت: ۱۱)

"وقال القرطبی: السخریة الإستحقار والاستهانة و التنبیه علی العیوب والنقائص بوجه یضحک منه، و قد تکون بالمحاکاة بالفعل والقول، أو الإشارة أو الإیماء أو الضحک علی کلام المسخور منه إذا تخبط فیه..... والآیة علی ماروی عن مقاتل نزلت فی قوم من بنی تمیم سخروا من بلال، وسلمان، وعمار، وخباب، وصهیب، وابن نهیرة، وسالم مولی أبی حذیفه رضی اللہ تعالیٰ عنهم". (روح المعانی: ۱۵۲/۲۶، داراحیاء التراث بیروت)

"عن أبی هریرة – رضی اللہ تعالیٰ عنه – قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: "المسلم أخوالمسلم لا یظلمه ولا یخذله ولا یحقره، التقوی ههنا" و یشیر إلی صدره ثلٰث مرار "بحسب إمرء من الشر أن یحقر أخاه المسلم، کل المسلم علی المسلم حرام: دمه وماله وعرضه". رواه مسلم".

(مشکوٰة المصابیح، کتاب الآداب، باب الشفقة والرحمة علی الخلق: ۴۲۲/۲، قدیمی)

مودودی صاحب کی ایک کتاب سے متعلق مشورہ

سوال[۵۱۷]: مولانا مودودی کی ایک کتاب کے بارے میں مشورہ طلب کیا جس کا حسب ذیل جواب دیا گیا۔

جواب: مکرم ومحترم زیدت مکارمکم، السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

آپ کی مرسلہ کتاب پہونچی جس کے متعلق آپ نے داخل نصاب کرنے کا مشورہ طلب کیا ہے، اولاً معذرت پیش کرتا ہوں کہ جواب میں تاخیر ہوگئی، زحمت انتظار کو معاف فرمائیں۔ صورت یہ پیش آئی کہ کتاب الماری میں دوسری کتابوں کے ساتھ رکھ دی تھی، جب ہی باہر جانا ہوگیا تو طلباء نے دیمک کے ڈر سے سب کتابوں کو دھوپ دی، واپسی پر دیکھا تو کتاب وہاں نہیں تھی، معلوم ہوا کہ غیر مجلد کتابیں مخلوط ہوگئیں، ترتیب قائم نہیں ہو سکی، اس اثناء میں آپ کا خط بصورتِ تقاضا پہونچا جو کہ بالکل برمحل تھا، بڑی تفتیش کے بعد مل گئی، فالحمدللہ۔

کتاب کو دیکھنا شروع کیا طرزِ تحریر اور بچوں کی زبان میں عام فہم بیان سے دل مسرور ہوا اور خیال پیدا ہوا کہ جماعت اسلامی اگر اسی طرح جمہورِ اہل سنت والجماعت کے موافق دین (عقائد واعمال) کو پیش کرے اور سلف صالحین کے خلاف اپنے خصوصی تفردات کو ان میں داخل نہ کرے تو ان سے اختلاف کی کوئی وجہ نہ ہو بلکہ ایسی کتابیں سب جگہ داخل نصاب کر لی جائیں، اور مصنفین کیلئے صمیم قلب سے دعائیں نکلیں، ابتدائی حصہ میں کچھ مسامحات بھی معلوم ہوئیں، ان کو کوتاہی پر محمول کیا کہ اس قسم کی فروگذاشت کا ہو جانا بعید نہیں، مگر آہستہ آہستہ کتاب میں اس جماعت کی خصوصی چیزیں بھی آنا شروع ہوئیں اور کافی مقدار میں آگئیں، افسوس صد افسوس کہ یہ کتاب بھی جماعت کے جراثیم سے محفوظ اور پاک نہ رہ سکی "انا للہ وانا الیہ راجعون"۔

جماعت اسلامی کے بانی سید ابوالاعلیٰ مودودی صاحب نے فقہ اور کلام میں اپنا ایک خاص مسلک تجویز کیا ہے (۱) اور اس کا اعلان کر دیا ہے جو سب سے جداگانہ ہے، اس کا اثر اس کتاب میں کافی موجود ہے، امیر جماعت کے مسلک کا اثر جماعت اور جماعتی لٹریچر پر پڑنا فطرتاً ضروری ہے، اس لئے اس کتاب کو داخل نصاب

---

(۱) "میں نہ مسلک اہل حدیث کو اس کی تمام تفصیلات کے ساتھ صحیح سمجھتا ہوں اور نہ حنفیت یا شافعیت ہی کا پابند ہوں"۔ (رسائل ومسائل: ۱/ ۲۳۵)

مزید تفصیل کیلئے دیکھئے: (احسن الفتاوی، رسالہ مودودی صاحب اور تخریب اسلام: ۱/ ۲۹۹، سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

نہ کیا جائے، ورنہ معصوم بچوں کے قلب ودماغ پر ایسے ہی نقوش قائم ہوں گے جیسے مودودی صاحب قائم کرنا چاہتے ہیں، آپ نے بطور مشورہ دریافت کیا تھا، اس لئے، "المستشار مؤتمن"(۱) کے تحت بغیر کسی بحث، جدل، تفصیل کے، مخلصانہ مشورہ یہی ہے، کتاب حسب ہدایت کتب خانہ دارالعلوم میں داخل کردی ہے، جس کی رسید ارسال ہے۔ امید کہ مزاج گرامی بعافیت ہوگا۔ طالب دعاء:

احقر محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۵/ ۸/ ۸۹ھ۔

دیوبند کے ایک فتوی پر اعتراض اور اس کا جواب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

بخدمت شریف جناب قاری محمد طیب دامت برکاتہم مہتمم دارالعلوم دیوبند!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

یہاں بنگلور میں ایک ملا صاحب، مولوی کے، ایچ، ابراہیم نامی جو بال کی کھال نکالنے میں بڑے ہوشیار ہیں اور جو مدتوں سے مولانا مودودی کی کتابوں سے عبارتوں کو نکال کر توڑ مروڑ کر کے مسلمانوں کے درمیان پھوٹ ڈالتے ہیں، شروع شروع میں تو ان کی یہ چالبازی چلنے لگی مگر رفتہ رفتہ مخالفین میں سے ہی بہت سے لوگ خود انہیں کو اب ملامت کرنے لگے ہیں اور انہیں چار وناچار بنگلور چھوڑنا پڑا، چونکہ ان کی چالبازی کا اثر لوگوں میں سرد پڑ گیا ہے اس لئے وہ اب بنگلور سے کچھ تیس میل دور ''اپی ننگڈی'' نامی شہر میں فتنہ کرنا شروع کردیا ہے اور پھر سے مسلمانوں کو لڑانے کے درپے ہوگئے ہیں، اور اب ایک نیا فتنہ کھڑا کیا ہے۔ وہ یہ کہتے جارہے ہیں کہ دارالعلوم کا وہ فتوی جو مفتی محمود احمد صدیقی صاحب نے جماعت اسلامی کے بارے میں ۱۹۶۵ء میں دیا تھا اس کے بارے میں دارالعلوم میں بہت بڑا جھگڑا ہوگیا اور اس فتوی کو منسوخ کردیا گیا ہے۔

اور مفتی محمود صاحب کو دارالافتاء سے خارج کردیا گیا ہے اور ایک نئے مفتی کو جو مفتی محمود حسن صاحب

---

(۱) "عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه فی حدیث: فقال النبی صلی الله علیه وسلم: "اختر منهما" فقال: یا نبی الله! اخترلی، فقال النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "ان المستشار مؤتمن، خذهذا، فإنی رأیته یصلی، واستوص به". رواه الترمذی". (مشکوة المصابیح، کتاب الآداب، باب الحذر والتأنی فی الأمور، الفصل الثانی، ص: ۴۳۰، قدیمی)

Made Searchable by ScribeTools.com

کے نام سے ہیں منتخب کیا گیا ہے اوراب اسی مفتی صاحب نے سابقہ فتوی کے خلاف میں ایک نیا فتوی صادر کیا ہے جس کی نقل اس استفتاء کے ساتھ ہے جس کا فتوی نمبر: ۲۵۵۱ بتایا جاتا ہے، اس فتوی کو جب ہم نے غور سے مطالعہ کیا تو اول تو ہمیں فتوی ہی ایک مفتی کی شایان شان معلوم نہیں ہوتا اور دوسری بات یہ ہے کہ کٹر سے کٹر بددین بھی اس خیر القرون کو جہالت سے تعبیر نہیں کرسکتا۔

براہ کرم! آپ اس کو ایک اہم دینی خدمت جانتے ہوئے اس کی پوری تحقیق کریں، اگر یہ دارالعلوم کی مہر کے ساتھ ایک جعلی فتوی ہے تو اس ملا صاحب کی انشاءاللہ خوب خبر لی جائے گی کہ انہوں نے ایسی گستاخی اور بدنامی کو ایک بہترین اور خالص دینی ادارہ دارالعلوم کے سر کیوں تھوپا اور اگر یہ صحیح ہے تو اس مفتی صاحب کو مولانا مودودی کی وہ کونسی عبارت سے یہ معلوم ہوا کہ انہوں سے سلفِ الصالحین کو حتی کہ خلفائے راشدین تک کو اسلام سے کورے اور جاہل بتادیا؟ اور یہ بات کہاں کہی گئی ہے کہ جماعت کے بغیر اسلام نہیں اور امیر کے بغیر جماعت نہیں اور امیر اعلی وہ ابوالاعلی مودودی ہیں، لہذا جو اس جماعت میں شریک ہوں وہ مسلمان جو خارج ہوں وہ مرتد ہیں؟

براہ کرم! اس بارے میں خصوصی توجہ دیں اور تحقیق کریں اس لئے کہ ایسی جماعت کے تو ہم بھی سخت مخالف ہیں اور جو خیر القرون کے اسلام کو جہالت کہے تو اس کے کفر میں ذرا بھی شک نہیں۔ اللہ رب العزت آپ کو دونوں جہانوں میں جزائے خیر دے۔ بینوا توجروا آمین۔ فقط:

حکیم محمود، معرفت بدریا کلاتھ اسٹور، آپی ننگڈوئی، میسور۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فتوی نمبر: ۲۵۰۱۔ خامداًومصلیاً :الفرقة المحدثة المودودية المسماة بالجماعة الإسلاميه حدثت سنة ۱۳۶۰ هـ، وتشكلت، وهى ليست على الطريقة السنية، بل أخذت بعض الأمور من المعتزلة و بعضاً من الخوارج والروافض والجهمية،و ادعت أن الحياة الإسلامية لا توجد اليوم فى فرد من أفراد المسلمين،ولا فى من سلف،وهى من أعيان المسلمين المحمدية من الفقهاء والمحدثين و المتكلمين وا لصوفية، بل من التابعين و الصحابة حتى الخلفاء الراشدين،بل كانت حياتهم متبرون من الجاهلية، وكانت الجاهلية تشتعل مرةً بعد مرة، وكانت تصدر من أكابر الصحابة أعمال الجاهلية و قال رئيس تلك الفرقة: لاسبيل بين الإسلام والجاهلية، و هذه

Made searchable using ScribeTools.com

الفر قة لا تعتمد على أحد بل تقول: نحن نأخذ ديناً من الكتاب والسنة ولا نأخذ من الأشخا ص الموجودين فى الحال ولا ممن سلف فى الماضى. وتقول: من كا ن صدر ه خالياً عما ندعى لا يسكن الإيما ن فيه،وتقول: من يريد أن يد خل فى جما عتنا لا بد له من تجد يد شهادتين، ومن خرج عن جما عتنا بعد الدخول فهو مرتد۔

فا لحاصل: أن الإسلا م هو الد خول فى الجما عة،والإرتداد هو الخروج عنها. وتقول: لا إسلا م بدون الجما عة، و لا جماعة إلا بأمير،والأمير هو أبو الأعلى مودودى،وطا عة الأمير واجبة،وتشمل كتبه على التلبيسا ت والأبا طيل. وقد أشيعت كتب متعد دة فى تر ديد هذه الفرقة من دارالعلوم ديو بند وغير ها، ولعل التجلى لم يطلع عليها،بل اطلع على الفتوىٰ المذكورة فى السوال،فقط۔

والحال أن تلك الفتوى من زلة القلم،وشنع عليها أرباب دارالعلوم مراراً، وأشيع هذا التشييع فى الأخبار وا لرسائل حتى عزل المفتى الموصوف من دارالإفتاء،وصاحب التجلى لا يعلم ولا يعر ف الفتو ى المو صوفة، وهذا أيضاً من خز عبلا ت تلك الفر قة. واللّٰه المو فق لما يحب و ير ضى۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیو بند، ۱۱/ ۵/ ۹۰ھ۔

مکرم ومحترم، زیدَ احترمہ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الجو اب حا مداًومصلیاً:

دارالعلوم کے صدر مفتی مہدی حسن صاحب اور نائب مفتی مسعود احمد صاحب سخت علیل ہو گئے تھے اس وجہ سے عارضی طور پر مفتی محمود احمد صاحب نانوتوی کو کچھ عرصہ قیام کیلئے تجویز کیا گیا، دارالافتاء میں سوال سب طرح کے آتے ہیں، چنانچہ جماعت اسلامی اوراس کے بانی سید ابوالاعلی مودودی صاحب کے متعلق بھی سوالات آئے، مفتی محمود احمد صاحب صدیقی نانوتوی نے اپنے دیگر مشاغل کی وجہ سے اس جماعت کے بانی اور دوسرے بڑے ذمہ داروں کی کتابوں کا مطالعہ نہیں کیا تھا اور بعض آدمی اسی جماعت سے منسلک بھی گاہے گاہے

ملتے، اور اس کی تعریف کیا کرتے تھے، کسی مسلمان سے نیک گمان قائم کرنے کیلئے دلیل کی حاجت بھی نہیں، اس کا مسلمان ہونا ہی کافی ہے، اور پھر جب کہ بعض آدمیوں نے تعریف بھی کی ہو تو اس نیک گمان کو قوت ہوگئی، اس وجہ سے مفتی محمود احمد صاحب صدیقی نانوتوی نے وہ فتوی تحریر کردیا جس کا آپ نے تذکرہ کیا ہے، پھر اس جماعت کے ہمدردان نے اس کو کثیر مقدار میں چھپوا کر شائع کیا اور قوم کو یقین دلانے کی کوشش کی کہ دارالعلوم دیوبند مودودی صاحب کے موافق اور ہم خیال ہے، پھر جب دارالعلوم کے حضرات کو اس کا علم ہوا تو بہت افسوس ہوا کہ تھوڑی سی غفلت سے دارالعلوم کی طرف غلط بات منسوب کردی گئی، اس کی مکافات میں اس فتوی کی تردید بھی شائع کی گئی۔

دارالعلوم کی طرف سے مفتی محمود احمد صاحب صدیقی نانوتوی کے اس فتوی سے بہت پہلے ہی سے مودودی صاحب کے متعلق متعدد رسالے شائع ہو چکے تھے، جن میں بتلایا گیا تھا کہ یہ جماعت صحیح راستہ پر نہیں ہے۔ مودودی صاحب کی کتابوں میں کچھ باتیں معتزلہ کی ہیں، کچھ خوارج کی ہیں، کچھ روافض کی، کچھ اہل حدیث غیر مقلدین کی ہیں، کچھ منکرین حدیث کی ہیں، کچھ کمیونسٹوں کی ہیں، اس لئے جو شخص ان سب باتوں کو تسلیم کرتا ہے، وہ صحیح راستہ پر نہیں ہے، وہ اہل سنت والجماعت سے خارج ہیں۔

حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی صدر مدرس وشیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند نے متعدد رسالے تصنیف فرمائے جن میں اس جماعت کی گمراہیاں تحریر فرمائیں، ''مکتوبِ ہدایت''، ''دستورِ مودودی کی حقیقت'' وغیرہ۔ دارالعلوم کے صدر مفتی سید مہدی حسن صاحب نے رسالہ لکھا ''آئینہ تحریک مودودیت''، جس پر جملہ اساتذہ دارالعلوم دیوبند کے دستخط ہیں، مولانا اعزاز علی صاحب استاذ دارالعلوم نے ''مکتوبات'' کو شائع فرمایا، اسی طرح ''مودودی مذہب''، ''تنبیہات'' وغیرہ کتابیں یہاں سے شائع ہوئی ہیں، یہ سب مفتی صاحب صدیقی نانوتوی کے یہاں تشریف لانے اور فتوی لکھنے سے پہلے کی ہی ہیں مگر ان کو خبر نہیں تھی۔ یہ عنوان کہ ان کے فتوی کو منسوخ کردیا گیا ہے، غلط ہے بلکہ ان کا وہ فتوی ہی دارالعلوم کے مسلمہ شائع شدہ مسلک کے خلاف تھا جس کی وجہ سے بات دور تک پہنچی۔ تو یہ اس فتوی کی حقیقت تھی جس کا آپ نے حوالہ دیا ہے۔

اب وہ عبارتیں نقل کرتا ہوں جو آپ کو بھی اجنبی معلوم ہوتی ہیں، اگر آپ ٹھنڈے دل سے غور کریں گے تو انشاء اللہ تعالی آپ کو بھی نفع ہوگا۔ ۳۲ صفحہ کا ایک کتابچہ ہے جس کا نام ہے ''جماعت اسلامی کا پہلا

Made searchable using ScribeTools.com

اجتماع''۔دفتر ترجمان القرآن پونچہ روڈ لاہور سے شائع ہوا ہے،اس کے صفحہ:۱۴، پر ہے:

''آخری چیز جو جماعتی زندگی کیلئے اہم ترین ہے وہ یہ ہے کہ اسلام بغیر جماعت کے نہیں اور جماعت بغیر امارت کے نہیں ہے۔اس قاعدہ کلیہ کے مطابق آپ کیلئے ضروری ہے کہ جماعت بننے کے ساتھ ہی آپ اپنے لیے ایک امیر منتخب کرلیں''.....،ص:۱۸ پر ہے:''اس کے بعد باتفاق کلی لوگوں نے سید ابوالاعلی مودودی صاحب کو اپنا امیر منتخب کیا''۔اسی کتاب کے ص:۲۷ پر ہے:''جماعت میں جب بھی کوئی نیا شخص داخل ہوتو اسے پورا احساس ذمہ داری دلا کر از سر نو کلمۂ شہادت ادا کرایا جائے اور پھر اس سے دریافت کیا جائے کہ وہ اپنے آپ کو جماعت کے کس طبقہ میں شامل ہونے کے لئے پیش کرتا ہے،اس معاملہ میں کسی بڑے سے بڑے اور مشہور سے مشہور شخص کے لئے بھی استثناء نہیں ہے، بڑے سے بڑے عالم اور شیخ طریقت کو بھی داخل جماعت ہوتے وقت تجدید ایمان کرنی ہوگی''۔اس کتاب کے ص:۱۰ پر ہے:''اس کے بعد سب سے پہلے ابوالاعلی صاحب اٹھے اور کلمہ شہادت "أشهد أن لا إله إلا الله و أشهد أن محمداً رسول الله" کا اعادہ کیا،اور کہا کہ لوگو! گواہ رہو کہ میں آج از سر نو ایمان لاتا اور جماعت اسلامی میں شریک ہوتا ہوں''۔

اس کتاب کے ص:۱۱ پر ہے:''جب سب لوگ شہادت ادا کر چکے تو مودودی صاحب نے اعلان کیا کہ اب جماعت اسلامی کی تشکیل ہوگئی''۔اسی کتاب کے ص:۹ پر ہے:''البتہ یہ بات ہر اس شخص کو جو جماعت اسلامی میں آئے اچھی طرح سمجھ لینی چاہئیے کہ جو کام اس جماعت کے پیش نظر ہے وہ کوئی ہلکا اور آسان کام نہیں، اس لئے ہر شخص کو قدم بڑھانے سے پہلے خوب سمجھ لینا چاہیے کہ وہ کن خارزاروں میں قدم رکھ رہا ہے، یہ وہ راستہ نہیں ہے جس میں آگے بڑھنا اور پیچھے ہٹ جانا دونوں یکساں ہوں،نہیں! یہاں پیچھے ہٹنے کے معنی ارتداد کے ہیں،خدا کی طرف سے پیٹھ موڑنے کے ہیں''۔

اپنی طرف سے میں ان عبارتوں کی تشریح نہیں کرنا چاہتا،اصل عبارات نقل کردی ہیں جو کہ ایک ہی کتاب میں ہیں۔صفحہ کا حوالہ بھی دے دیا۔اکابر محدثین،فقہاء،اولیاء،تابعین صحابہ پر جو تخریبی تنقید کی ہے، وہ بھی سب چھپی ہوئی ہے۔مولانا صدرالدین صاحب اصلاحی نے مودودی صاحب کی خدمت میں رہ کر ان کی ہدایات کے تحت ایک کتاب تصنیف کی ہے جس کا نام ہے''معرکۂ اسلام و جاہلیت''۔مودودی صاحب نے بھی اس کی بہت تعریف کی ہے،اس میں حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ وحضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھی

نہیں بخشا، ان کے اور دیگر صحابہ کرام کے متعلق لکھا ہے کہ ''فلاں وقت ان پر غیر اسلامی اور غیر دینی اور جاہلیت کا حملہ ہوا اور اس قسم کے حملے ہوتے رہتے تھے، جاہلیت کے جذبات بار بار ان میں ابھرتے تھے''۔

''خلافت وملوکیت'' میں حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے متعلق مودودی صاحب نے اتنا کچھ لکھا ہے کہ اللہ کی پناہ، اور باور کرایا ہے کہ وہ خلافت کے اہل نہیں تھے، انہوں نے نفسانی جذبات کے تحت بہت مظالم کئے، یہ تو نہیں لکھا کہ یہی اکابر ''اسلام سے کورے تھے'' نہ یہاں کے فتوی میں ان کی طرف یہ بات ان کی طرف منسوب کی گئی ہے، البتہ ان کی تحریرات سے بات بالکل واضح ہے کہ مودودی صاحب کے نزدیک ان صحابہ کرام کی مقدس زندگی بھی پوری اسلامی زندگی نہیں تھی، جیسی زندگی مودودی صاحب چاہتے ہیں اس سے یہ اسلاف کرام صحابہ عظام محروم تھے۔ ''تجدید واحیائے دین'' میں بھی اس کے کافی نمونے موجود ہیں۔ مودودی صاحب سے کہا گیا کہ آپ کی تحریک کو علماء اور مشائخ قبول نہیں کرتے ہیں بلکہ مخالفت کرتے ہیں، اس کا جواب مودودی صاحب نے جو کچھ دیا ہے وہ سوال وجواب بعینہ نقل کرتا ہوں:

علماء ومشائخ کی آڑ

''ایک اعتراض جو پہلے بھی بار بار سن چکا ہوں اور آج بھی وہ میرے پاس تحریری شکل میں آیا ہے، وہ یہ ہے کہ ایسے ایسے بڑے بڑے علماء اور پیشوایانِ دین (جن کے کچھ نام بھی گنائے گئے ہیں) کیا دین سے اس قدر ناواقف تھے کہ نہ صرف یہ کہ انہوں نے دین کے ان تقاضوں کو جو تم بیان کرتے ہو، نہیں سمجھا اور پورا کرنیکی طرف توجہ نہیں کی بلکہ تمہارے بیان کرنے کے بعد بھی انہوں نے اسے تسلیم نہیں کیا اور نہ تمہارے ساتھ تعاون قبول کیا، کیا اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ سب دین سے ناواقف ہیں؟ یا اس بات کا کہ تم نے خود دین کے نام سے ایک ایسی چیز پیش کی ہے جو مقتضیاتِ دین میں سے نہیں ہے؟

اس سوال کا مختصر جواب میرے پاس یہ ہے کہ میں نے دین کو ماضی یا حال کے اشخاص سے سمجھنے کے بجائے قرآن وسنت سے سمجھنے کی کوشش کی ہے، اس لئے میں کبھی یہ معلوم کرنے کیلئے کہ خدا کا دین مجھ سے اور ہر مومن سے کیا چاہتا ہے، یہ دیکھنے کی کوشش نہیں کرتا کہ فلاں اور فلاں بزرگ کیا کہتے ہیں اور کیا کرتے ہیں، بلکہ صرف یہ دیکھنے کی کوشش کرتا ہوں کہ قرآن کیا کہتا ہے اور رسول نے کیا کہا، اسی ذریعۂ معلومات کی طرف میں

Made Se[searchable using ScribeTools.com]pols.com

آپ لوگوں کوتوجہ دلانا چاہتا ہوں''۔(ترجمان القرآن،جلد:۲۶،۲۱۴،۶۵۴،ص:۱۴۱)(۱)۔

اس جواب سے ظاہر ہے کہ مودودی صاحب دین کے سمجھنے میں ماضی اور حال کے اشخاص سے بالکل بے نیاز ہیں اس لیے وہ اپنی تحریک کے متعلق عقیدہ رکھتے ہیں کہ جو علماء ان کیساتھ شریک نہیں بلکہ ان سے اختلاف رکھتے ہیں یہ لوگ فی الواقع دین کے کسی کام کے نہیں اور یہ کہ ان کا ہمارے قریب آنا ان کے دور رہنے بلکہ مخالفت کرنے سے بھی زیادہ خطرناک ہے۔(ترجمان القرآن مذکور،ص:۲۷۰اور جلد:۱،ص:۲۷) میں لکھتے ہیں(۲):

''ان کی اس کیفیت کو دیکھنے کے بعد میں بہت خوش ہوں اور خدا کا شکر ادا کرتا ہوں کہ یہ فتنہ پسند گروہ قریب آنے کے بجائے دور جارہا ہے''۔ پھر اسی :صفحہ ۲۷۱ پر آگے لکھتے ہیں: ''مجھے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ خود ان لوگوں کو یہ توفیق ہی نہیں دینا چاہتا کہ یہ لوگ اس کے دین کی خدمت کریں جن فتنوں کی یہ خدمت کرتے رہے ہیں، اللہ تعالی نے بھی غالبًا یہ فیصلہ کرلیا ہے کہ ان کو انہیں فتنوں کی توفیق عطاء فرماتا رہے۔ اپنی جماعت کے متعلق ان کو جو کچھ عقیدہ ہے وہ یہ ہے کہ اس کا عمل ہی دستور ہے یعنی قرآن و سنت کے تحت دستور بنانیکی ضرورت نہیں بلکہ جو کچھ یہ جماعت کرتی ہے وہی دستور ہیں اس میں ذرہ برابر جاہلیت کا شائبہ نہیں، اس کا پورا عمل حجت ہے''۔

چنانچہ لکھتے ہیں:

''ہمارا پہلا دستور اب سے دس سال پہلے اس وقت بنا تھا جب جماعت قائم ہوئی تھی، اس وقت ہم نے صرف چند اصولی باتیں درج کردی تھیں اور تفصیلات کو قصداً چھوڑ دیا تھا تاکہ تحریک اور نظام کی وسعت وترقی کے ساتھ ساتھ جماعت کا ضابطہ عمل خود بخود بنتا چلا جائے چنانچہ اس کے بعد پچھلے دس سال کے دوران میں پوری جماعت اپنی مجموعی عملدرآمد سے بتدریج اپنا ایک دستور بناتی رہی ہے جو کہیں لکھا ہوا موجود نہیں ہے بلکہ صرف جماعتی روایات کے اندر

---

(۱)(ترجمان القرآن: ۲۶، ۲۱۴، ۶۵۴، ص: ۱۴۱)

(۲) (ترجمان القرآن جلد: ۲۷، ص: ۲۷۰)

محفوظ ہے جماعت کے کام کا جو تعلق ہے وہ اب بھی کسی تحریر، دستور کا محتاج نہیں ہے''۔

(ترجمان القرآن جلد:۳۶، عدد:۶، ص:۳۸۳، اسی شمارے کے ص:۳۸۹) میں لکھتے ہیں (۱):

''اس جماعت کے اصول ومزاج کو دنیا کی دوسری جماعتوں کے اصول اور مزاج سے کوئی مناسبت نہیں''۔

اسی شمارے کے، ص:۲۸۲، پر ہے کہ:

''دیو بندی، بریلوی، احراری، لیگی، پیر، وہابی اور تبلیغی جماعت سب مودودی جماعت کی مخالفت پر متحد ومتفق ہیں''(۲)۔

ان عبارات میں غور کریں اور جذبات کو نکال کر ٹھنڈے دل سے غور کریں، حق تعالیٰ سے دعاء بھی کریں کہ وہ راہ ہدایت اور صراط مستقیم پر چلائے، گمراہی سے محفوظ رکھے۔ کتابوں کے نام لکھ دیئے، ان میں سے اصل عبارات کو دیکھیں، کبھی یہ خیال نہ گذرے کہ عبارات کو توڑ مروڑ کر غلط بات بنائی گئی ہے، خدائے پاک تلبیس سے بچائے۔ فقط واللہ الموفق لما یحب ویرضی۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

تبلیغی جماعت پر اعتراض اور اس کا جواب

سوال[۵۱۹]: میرا صرف خیال ہی نہیں بلکہ یقین تھا کہ موجودہ دور میں تبلیغی جماعت اہم دینی خدمت انجام دے رہی ہے اور یہ جد وجہد بڑی حد تک امتِ مسلمہ کی اصلاح کا ذریعہ بن رہی ہے اور آئندہ غیر مسلموں کی ہدایت کا ذریعہ بھی بن سکتی ہے۔ اور یہ بھی سمجھتا تھا کہ اس جماعت کا مقصد بہت ہی مقدس اور اعلیٰ ہے، صرف کلمہ اور نماز کی تبلیغ نہیں۔ نیز اس کے طریق کار کو کتاب وسنت کے مزاج کے مطابق سمجھتا تھا مگر تبلیغی جماعت کے بارے میں جماعت اسلامی کے ارکان کی نجی مجلسوں کے تبصرے اور اس کے لیڈروں کی تقریروں اور تحریروں سے معلوم ہوتا ہے کہ تبلیغی جماعت کا طریقہ کار انبیاء کی پیروی نہیں بلکہ شیطان کا ایک زبردست دھوکہ ہے اور یہ کہ تبلیغی جماعت والے تبلیغ کے دوسرے بہتر طریقہ کار سے محرومی کے باعث اپنے طریقۂ کار کو محترم ومقدس بتاتے ہیں اور یہ کہ آج کے دور میں اگر کوئی شخص یورپ وغیرہ میں جاکر تبلیغی جماعت کے اصول کے

---

(۱)(ترجمان القرآن، جلد: ۳۶، عدد: ۶، ۳۸۳، ص: ۳۸۹)

(۲) (ترجمان القرآن، جلد: ۳۶، عدد: ۶، ۳۸۳، ص: ۲۸۲)

Made searchable using ScribeTools.com

مطابق کام کرے گا تو وہ اپنے بے ڈھنگے پن سے اپنی محنت بھی ضائع کرے گا اور کلمہ اور نماز کی عزت بھی خاک میں ملائیگا۔ ملاحظہ ہو (ترجمان القرآن، جلد: ۳، عدد: ۵، زیرعنوان: دعوت کے طریقے، از ص: ۲۷۳ تا ۲۸۳)۔

اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ تبلیغی جماعت کے متعلق جماعت اسلامی کے مفکرین کی یہ رائے کہ تبلیغی جماعت کا مقصد صرف ان پڑھ مسلمانوں میں کلمہ اور نماز کی تبلیغ ہے، کہاں تک درست ہے؟ جواب تفصیل سے عنایت فرمائیں، مگر اپنی طرف سے نہیں بلکہ تبلیغی جماعت کے بانی اور اس کے ذمہ دار حضرات کے کلام سے تاکہ مزید اطمینان کا باعث ہو۔ ظہیر الاسلام بنی گنج، ہردوئی۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جماعت اسلامی اپنے تجویز کردہ اصول کے مطابق (جن کی قربانی ان کیلئے غالباً ناممکن ہے) دوسری جماعتوں اور افراد پر تخریبی تنقید کرتی ہے اور وہ اپنے نزدیک تقریباً اس پر مجبور ہے اور یہ تنقید بسا اوقات اس حد تک پہونچ جاتی ہے کہ پڑھنے والوں کے ذہن میں ان جماعتوں اور افراد کے متعلق یہ تصور قائم ہوجاتا ہے کہ انہوں نے اصل دین کو سمجھا ہی نہیں، بلکہ اصل دین کو تحریف کرکے خواہشات نفسانی کے مطابق ڈھال کر عوام کے سامنے پیش کیا ہے جس سے انتہائی گمراہی پھیلی ہے اور لوگوں نے بددینی کو دین سمجھا ہے جس کو حقیقی اسلام سے کوئی تعلق نہیں۔

جماعت اسلامی کی اس قسم کی تنقیدات سے موجودہ تبلیغی جماعتیں تو کیا بچتیں گذشتہ صدیوں کے اکابر اور مقتداء بھی نہیں بچے۔ تاہم آپ کو نفس واقعہ کی تحقیق کیلئے جماعت اسلامی یا کسی اور معترض کا نام لینے کی ضرورت نہیں، آپ کیلئے مناسب یہ ہے کہ اس قسم کی وسوسہ انداز تحریر یا تقریر سے جو شبہ پیدا ہو اس کو تو ٹھنڈے دل سے غور کریں، اگر حقیقۃً وہ کوئی اصلاح طلب چیز ہے تو قرآن پاک، حدیث شریف، کلام، اصول فقہ کی روشنی میں اصلاح کرلیں اور معترض کا شکریہ ادا کریں کہ اس کی تنقید کی وجہ سے اصلاح کا موقعہ ملا، اگر آپ کے پاس یہ علوم موجود نہیں تو بلاتکلف دریافت کرلیا کریں۔

شبہ مسئولہ کے جواب کیلئے حضرت مولانا محمد الیاس صاحب کا ایک ملفوظ نقل کرتا ہوں اس کو دیکھئے، یہ ملفوظات کا مجموعہ مولانا محمد منظور صاحب نعمانی نے تیار کیا تھا جب کہ انہوں نے ایک مقصد عظیم کیلئے سفر کیا تھا اور دیر تک دہلی نظام الدین میں قیام کرکے تبلیغی کام کو بہت نزدیک سے دیکھا اور اپنایا تھا، کتاب وسنت کی کسوٹی پر

پرکھا، ملفوظ یہ ہے:

''ہماری جماعت کا اصل مقصد یہ ہے کہ مسلمانوں کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا لایا ہوا دین پورا پورا سکھا دیں، یہ تو ہمارا اصل مقصد ہے، رہی قافلوں کی چلت پھرت تو یہ اس مقصد کیلئے ابتدائی ذریعہ ہے اور کلمہ و نماز کی تلقین گویا ہمارے پورے نصاب کی ''الف، ب، ت'' ہے''۔

ایک چھوٹا سا رسالہ ''چھ باتیں'' نامی ہے اس کے اخیر میں ''تبلیغی کام کرنیوالوں کو ہدایات'' کا عنوان ہے اس کے ذیل میں نمبر:۳ پر بھی یہ ملفوظ منقول ہے(۱)، اگر اس رسالہ ہی کو بغور دیکھ لیا جائے تو یہ شبہ اور اس قسم کے دیگر شبہات خود بخود ختم ہو جائیں، ایسے غلط شبہات ووساوس کی وجہ سے نہ کام سے بددل ہوں نہ معترض سے الجھیں خاص کر جب کہ معترض کا مزاج بھی معلوم ہو۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

جماعت اسلامی سے متعلق قاری محمد طیب صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کی ایک تحریر اور اس کی وضاحت

سوال[۵۲۰]: حضرت مولانا محمد طیب صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ مہتمم دارالعلوم دیوبند نے لکھا ہے کہ جو غالباً ۶۹ھ کے کسی مہینہ کے دارالعلوم میں ''کوائف دارالعلوم'' کے زیر عنوان موجود ہے، اور یہ مضمون رسالہ ''زندگی'' رامپور ۶۹ھ سے لیا گیا۔ جہاں تک احقر کی رائے کا تعلق ہے یہ صحیح نہیں ہے کہ مودودی صاحب کا لٹریچر دیکھنے سے ایمان جاتا رہتا ہے۔ ممدوح (قاری محمد طیب صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ) نے اسلامی اجتماعیات کے بارے میں نہایت مفید اور قابلِ قدر ذخیرہ فراہم کر دیا ہے، اس دور خلط واخلاط اور تلبیس والتباس میں جس بے جگری سے انہوں نے اسلامی اجتماعیات کا تجزیہ اور تنقیح کر کے اجتماعی مسائل صاف کئے ہیں، وہ انہیں کا حصہ ہے، میں انہیں اسلامی اجتماعیات کا ایک بہترین سیاسی مفکر سمجھتا ہوں۔

البتہ فقیہ اور مفتی نہیں مانتا، یہ لکھنا بھی صحیح نہیں ہے کہ اس جماعت میں داخل ہونے سے ایمان چلا جاتا ہے، آخر میں لکھا ہے کہ:

---

(۱) (چھ باتیں مرتب مولانا محمد عاشق الٰہی بلند شہری عنوان: تبلیغی کام کرنے والوں کو ہدایات: رقم:۳، ص:۷۹، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

''اس جماعت کے اصولِ اجتماعی میں کوئی بات خلاف شریعت نظر نہیں آتی''۔

مولانا محمد طیب رحمہ اللہ تعالیٰ مہتمم دارالعلوم دیوبند نے رسالہ دارالعلوم بابت ماہ مئی ۵۷ء ص: ۲۰ میں اپنے مضمون میں لکھا ہے کہ:

''ان عبارتوں یعنی جماعت اسلامی کے دستور کے واضعین کی عبارتوں میں صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو معیار، مینار، روشنی، چراغ راہ، جامع ومکمل نمونہ، مدار نجات اور ان کے اُسوہ کو واجب الاتباع تسلیم کیا گیا''۔

نقل، رسالہ جماعت اسلامی۔ علمائے عرب وعجم کی ۱۹۶۰ء سے مندرجہ بالا مضامین سے آپ کی کیا رائے ہے؟ کیا جماعت اسلامی کا لٹریچر اور ''تفہیم القرآن'' کا پڑھنا اور سنانا شرعی نقطۂ نظر سے اہلِ سنت والجماعت کیلئے جائز ہے؟ ہر ایک سوال کا الگ جواب دیکر ممنون فرمائیں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

اس میں شک نہیں کہ مودودی صاحب کو مضمون نگاری کا بہت سلیقہ ہے، انگریزی داں طبقہ کی نفسیات سے خوب واقف ہیں، اس لئے کہ خود بھی ایک حصہ عمر کا اس میں گذارا ہے، اور گردوپیش میں زیادہ تر ایسے ہی لوگ ہیں مگر ساتھ ہی کلام (عقائد) اور فقہ میں خاص مسلک رکھتے ہیں، جیسا کہ خود بھی فرماتے ہیں:

''اخیر میں ایک بات کی اور توضیح کردینا چاہتا ہوں، فقہ اور کلام کے مسائل میں میرا ایک خاص مسلک ہے، جس کو میں نے اپنی ذاتی تحقیق کی بناء پر اختیار کیا ہے اور پچھلے آٹھ سال کے دوران جو اصحاب ترجمان القرآن کا مطالعہ کرتے رہے ہیں وہ اس کو جانتے ہیں''۔ (جماعت اسلامی کا پہلا اجتماع، ص: ۲۰) (۱)۔

ان کا یہ مسلک اتنا خاص ہے کہ وہ اس میں نہ حنفیت کے پابند ہیں، نہ شافعیت کے، نہ اہل حدیث کے، نہ ائمہ کلام میں سے کسی کے پابند ہیں، بلکہ ان کو صرف اپنی ذاتی تحقیق پر اعتماد ہے (۲)، اس لئے جگہ جگہ وہ

---

(۱) (جماعت اسلامی کا پہلا اجتماع، ص: ۲۰)

(۲) ''میں نہ مسلکِ اہل حدیث کو اس کی تمام تفصیلات کیساتھ صحیح سمجھتا ہوں اور نہ حنفیت یا شافعیت ہی کا پابند ہوں''۔ (رسائل ومسائل، ج: ۱، ص: ۲۳۵، بحوالہ احسن الفتاویٰ: ۱/ ۳۱۶، سعید)

Made Searchable by ScribeTools.com

اپنی تصانیف میں ان سب سے متضاد نظر آتے ہیں اوران کا یہ مجموعی مسلک سابقین میں سے کسی کے مسلک سے ہم آہنگ نہیں بلکہ ایک جدید چیز ہے، چنانچہ حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند جو کچھ اس کے متعلق بطورِ قولِ فیصل تحریر فرمایا ہے اوراس سے اکابر علماء نے اتفاق کیا ہے، وہ یہ ہے:

''مودودی صاحب کی جماعت اور جماعت اسلامی کے لٹریچر سے عام لوگوں پر جو اثرات مرتب ہوئے ہیں کہ ائمہ ہدایت کی اتباع سے آزادی اور بے تعلقی پیدا ہو جاتی ہے جو عوام میں مہلک اور گمراہی کا باعث ہیں اور دین سے صحیح وابستگی قائم رکھنے کیلئے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اوراسلاف عظام سے جو تعلق رہنا چاہئیے اس میں کمی آجاتی ہے، نیز مودودی صاحب کی جو بہت سی تحقیقات غلط ہیں لوگ ان سے متاثر ہوکر مبتلا ہو جاتے ہیں اور پھران امور سے ایک جدید فقہ بلکہ دین ہی کی ایک محدث اورایک نئے رنگ کی بنیاد پڑ جاتی ہے جو یقیناً مسلمانوں کے دین میں مضر ہے، اس لئے ہم ان امور پر مشتمل تحریک کو غلط اور مسلمانوں کے لئے مضر سمجھتے ہیں اوراس سے بے تعلقی کا اظہار کرتے ہیں''۔ (اصلی قولِ فیصل)

کسی چیز کا کفر ہونا اور قطعی طور پر اس کی وجہ سے کفر کا فتوی دینا ایک الگ مستقل چیز ہے اوراس چیز کا غلط ہونا اور گمراہی کا سبب بننا جداگانہ چیز ہے، اس لئے مودودی صاحب کو کافر نہیں کہا جاتا اور نہ ان کی جماعت پر کفر کا حکم کیا جاتا اوراس سے اکابر علماء نے اتفاق کیا ہے، نہ یہ کہا جاتا ہے کہ ان کی کتابوں میں تو کفر صریح ہے، نہ یہ بات ہے کہ ان کی لکھی ہوئی ہر بات غلط ہے، بلکہ اصل حقیقت کو اس ''قول فیصل'' میں بتادیا گیا ہے۔ جن حضرات نے دستورِ جماعت بنایا تھا تقریباً ایک ایک کر کے سب ہی اس سے الگ ہو گئے، پھر کسی نے خاموشی اختیار کی اور کسی نے اس کی گمراہی کو پوری وضاحت سے بیان کیا۔

مولانا امین احسن صاحب اصلاحی، مولانا عبدالغفار حسن صاحب، کوثر نیازی صاحب، مولانا ابوالحسن علی ندوی صاحب، مولانا محمد منظور صاحب نعمانی، وحیدالدین خان صاحب، عبدالرحیم صاحب اشرف، مولانا صبغۃ اللہ بختیاری صاحب یہ سب جماعت کے اونچے اونچے اور بہت ہی قابل اعتماد کارکن تھے وہ سب علیحدہ ہو چکے ہیں اور ''نوائے پاکستان''، ''تعبیر کی غلطی'' میں اس جماعت کی غلطیاں اور گمراہیاں تفصیل سے شائع

Made searchable using ScribeTools.com

ہوچکی ہیں(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ ھادی إلی صراط مستقیم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۰/۳/۲۴ھ۔

مسئلہ تقلید اور جماعت اسلامی

مکرم ومحترم جناب مفتی صاحب!

سلام مسنون

آپ کی خدمت میں چند سوالات ارسال کئے تھے سب کے جوابات تو آپ نے دیدیئے مگر مودودی جماعت کے متعلق سوال کا جواب نہیں دیا، بلکہ ٹلا دیا کہ فلاں جگہ سے دریافت کرلو، اب مکرر گذارش ہے کہ ہمیں صاف صاف بتایا جائے کہ مودودی صاحب کا عقیدہ کیا ہے؟ اور وہ مسائل میں کس امام کے پابند ومقلد ہیں، حنفی ہیں یا شافعی ہیں یا اہل حدیث ہیں؟ براہ کرم صاف صاف بتایا جائے اور دلیل کیساتھ ساتھ مع حوالہ ونقلِ عبارات مفصل جواب تحریر کیا جائے۔ نور محمد، مظفرنگر۔

الجواب حامداً ومصلیاً :

محترمی زیدَ احترامہ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میں نے پہلے آپ کے جواب میں لکھدیا تھا کہ اس جماعت کے عقائد واعمال کو خاص کر یہ چیز کہ وہ کس کے مقلد ہیں خود ان سے ہی دریافت کیا جائے، صاحبِ عقیدہ اور صاحب عمل کے ہوتے ہوئے کسی اَور سے دریافت کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ عقیدہ ایک قلبی چیز ہے جس کو صاحب عقیدہ خود ہی بہتر بیان کرسکتا ہے، عمل کی بناء عقیدے پر ہوتی ہے، اس کیلئے ہندوستان اور پاکستان کے دو پتے بھی تحریر کردیئے تھے جہاں اس جماعت کا مرکز ہے، چند کتب کے نام بھی بتادیئے تھے جن میں اس جماعت کے عقائد وافکار سے علمی اور استدلالی بحث کی گئی ہے، مختصر کارڈ میں تو مسائل کے جائز یا ناجائز کا مختصر حکم ہی لکھا جاسکتا ہے، تفصیلی بحثیں اس میں نہیں آسکتیں، مگر آپ کا پھر اصرار ہے کہ بتاؤ ''وہ مسائل میں کس امام کے پابند اور مقلد ہیں، حنفی ہیں یا شافعی ہیں یا اہل حدیث''؟ آپ کے جواب کی اب دو صورتیں ہیں: ایک صورت یہ ہے کہ اس سوال کا جواب میں اپنے الفاظ میں تحریر کردوں، دوسری صورت یہ ہے کہ تحریک اسلامی کے بانی سید ابوالاعلیٰ مودودی صاحب نے جو اس سوال کا

---

(۱) (تعبیر کی غلطی، تالیف: وحیدالدین خان صاحب)

جواب خود دیا ہے، بعینہٖ وہی نقل کردوں، غالباً دوسری بات آپ کو اور ہر ہوش مند آدمی کو زیادہ پسند ہوگی اور وہی درحقیقت ان کے صحیح مسلک کی حیثیت سے پیش کرنے کے قابل ہوگی۔ اچھا! تو سنئے، وہ لکھتے ہیں:

مودودی صاحب کا مسلک

۱-''نہ میں مسلکِ اہل حدیث کو اس کی تمام تفصیلات کے ساتھ صحیح سمجھتا ہوں اور نہ حنفیت یا شافعیت ہی کا پابند ہوں''۔ (رسائل ومسائل، ج:۱،ص:۳۳۵)(۱)۔

یہ تو خود بانیٔ جماعت کا مسلک ہے لیکن یہ ضروری نہیں کہ جماعت میں جتنے آدمی داخل ہوں ان سب کا یہی مسلک ہو، کیونکہ انہوں نے امیر ہونے کی حیثیت سے پوری جماعت پر اس مسلک کو لازم نہیں کیا، صرف اپنا ذاتی مسلک بتایا ہے اور سب کو آزادی دی ہے کہ وہ جماعت میں داخل ہونے کے بعد بھی حنفی، شافعی، اہل حدیث جس مسلک پر چاہیں عمل کر سکتے ہیں، چنانچہ فرماتے ہیں:

پوری جماعت اپنے مسلک میں آزاد ہے

۲-''لیکن کوئی وجہ نہیں کہ جماعت اسلامی میں جو لوگ شریک ہوں ان کا فقہی مسلک لازماً میرے فقہی مسلک کے مطابق یا اس کے تابع ہو، وہ اگر فرقہ بندی کے تعصّبات سے پاک ہیں اور حق کو اپنے ہی گروہ میں محدود نہ سمجھیں تو وہ اس جماعت میں رہتے ہوئے اپنے اطمینان کی حد تک حنفی، شافعی، اہل حدیث یا کسی دوسرے فقہی مسلک پر عمل کرنے میں آزاد ہیں اھ''۔ حوالہ سابق۔

اس میں صاف صاف آزادی دی گئی ہے، لیکن اس آزادی پر عمل کرنے کیلئے لٹریچر کی روشنی میں غور کرنے سے چند امور سامنے آتے ہیں:

اول: امیر کا اس قدر کھلا ہوا ذاتی مسلک جماعت پر لازماً اثر انداز ہوگا خاص کر جبکہ اس مسلک پر دلائل قائم کرنے اور اس کو حق ثابت کرنے کیلئے، اور اس کے خلاف کو باطل کرنے کیلئے لٹریچر میں مختلف مقامات پر متعدد طرق سے زورِ قلم صرف کیا گیا ہے، اور جماعت کو اس کے مطالعہ، تفکر، تدبر اور اشاعت کی تاکید کی گئی

---

(۱)(رسائل ومسائل: ۱/۲۳۵، بحوالہ: احسن الفتاوی: ۱/۳۱۶، سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

ہے، کب تک کوئی دیکھنے اور اطاعت کرنے کے باوجود متأثر نہیں ہوگا، اس کے مقابلہ میں لفظی آزادی محض زینتِ قرطاس بن کر رہ جائے گی، یا خود ان کے الفاظ میں یوں کہئے کہ اس پروانۂ آزادی کی حیثیت محتاط طریقہ پر مرتب کئے ہوئے ریزولیوشن اور دفتری اعلان سے زیادہ نہ ہوگی، اس کی تائید خود امیر جماعت کے قلم سے ہوتی ہے، وہ فرماتے ہیں:

مودودی صاحب کی آزادی مسلک عطا کرنے کی حقیقت

۳-''جماعتوں کے نفس کا حقیقی اظہار ان کے محتاط طریقہ پر مرتب کئے ہوئے ریزولیوشن اور دفتری اعلانات میں نہیں ہوا کرتا بلکہ ان شخاص کے انتخاب میں ہوتا ہے جنہیں وہ اپنا لیڈر اور کارفرما اور کارکن بتاتی ہیں، اور جن کے کام کو وہ ایک طویل مدت تک نظرِ استحسان سے دیکھتی رہتی ہیں''۔(ترجمان، ج:۱۱، عدد:۳، ص:۱۲۰)(۱)۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ پوری جماعت کے نفس کا حقیقی مظہر بانی جماعت سید ابوالاعلی مودودی ہیں اور وہ اپنا مسلک صاف لکھ چکے ہیں جیسا کہ عبارت نمبر:۱ میں موجود ہے۔

دوم: اس آزادی کا فائدہ جماعت کے ''بے علم'' افراد کو تو شاید کچھ حاصل ہو جائے مگر جماعت کے ''اہل علم'' اس سے فائدہ حاصل کرنے کے کسی طرح مجاز نہیں جیسا کہ امیر جماعت کے اس ارشاد سے ظاہر ہوتا ہے:

تقلید اہلِ علم کیلئے درست نہیں

۴-''جو لوگ دینی علوم کیلئے باقاعدہ تعلیم حاصل کرتے ہیں ان کیلئے عقلاً ونقلاً کسی طرح بھی درست نہیں کہ اپنے اوپر تقلید کو لازم کرلیں اھ''۔(ترجمان:۱۳، عدد:۶، ص:۲۲)(۲)۔

لہٰذا جماعت کے بے علم افراد تو حنفی، شافعی (مقلد) رہ سکتے ہیں، لیکن اگر جماعت میں کچھ لوگ ایسے

---

(۱)(ترجمان، ج:۱۱، عدد:۳، ص:۱۲۰)

(۲)(ترجمان:۱۳ عدد۶ ص۲۲۔ نیز کہتے ہیں کہ ''میرے نزدیک صاحب علم آدمی کیلئے تقلید ناجائز اور گناہ بلکہ اس سے بھی شدید تر چیز ہے''۔(رسائل ومسائل: ۱/۲۴۴، بحوالہ: احسن الفتاوی: ۱/۳۱۷ سعید)

بھی ہیں، جنہوں نے علومِ دین کی باقاعدہ تعلیم حاصل کی ہے، اور وہ امیر کی عطاء کردہ آزادی کے ماتحت اب تک بھی حنفی، شافعی (مقلد) ہیں یا اہل حدیث ہیں، تو نہیں معلوم ان کے پاس اپنے مسلک پر قائم رہنے کیلئے سندِ جواز کیا ہے، اور وہ سند عقل ونقل کی کسوٹی پر کیسے پوری اترتی ہے یا پھر ان کا حنفیت یا شافعیت پر قائم رہنا بالکل عقل ونقل کے خلاف ہے؟ اگر ایسا ہے تو خدا ہی بہتر جانتا ہے کہ امیر جماعت ایسے لوگوں کو کس دلیل وسند کے ماتحت برداشت کرتے اور اعتماد فرماتے ہیں جن کا مسلک ہی عقل ونقل کے خلاف ہے یا وہ اہل علم جماعت میں داخل ہوتے ہی حنفیت وشافعیت کو خیر باد کہہ چکے ہیں کہ وہ نہ حنفی، شافعی، نہ اہل حدیث، اگر وہ اس سب سے بیزار ودست بردار ہو کر بھی اپنے آپ کو حنفی، شافعی، اہل حدیث کہتے ہیں تو ان کو صادق قرار دینے کیلئے کیا تاویل اختیار کی جاتی ہے، نیز اگر وہ نہ حنفی رہے، نہ شافعی (مقلد) نہ اہل حدیث بلکہ سب سے خارج ہو گئے تو آخر وہ کیا بن گئے؟ وہ ایسا فرقہ بن گئے جس کے وجود سے اب تک غالباً اسلام کا دامن خالی رہا ہے۔

تنبیہ: واضح رہے کہ مودودی صاحب اہلحدیث کو بھی مقلد ہی قرار دیتے ہیں، چنانچہ لکھتے ہیں:

اہلحدیث بھی مقلد ہیں

۵-''یہ عام اہل حدیث جو ان مسائل پر بحث کرتے پھرتے ہیں ان کا حال عام حنفیوں سے کچھ زیادہ بہتر نہیں ہے، ان کا علم بھی ویسا ہی تقلیدی ہے جیسا کہ حنفیوں کا ہے، یہ اپنے ائمہ وعلماء پر اعتماد کرتے ہیں اور حنفی اپنے ائمہ وعلماء پر، ان میں خود اجتہادی قابلیت نہیں، نہ حدیث کا اتنا علم اور نہ اصول میں اتنی بصیرت رکھتے ہیں کہ احکام کی تحقیق کر سکیں، ان کا یہ کہنا کہ فاتحہ خلف الامام، یا رفع یدین، یا آمین بالجہر حدیث سے ثابت ہے اور اس کا خلاف ثابت نہیں، دراصل تقلید کی بنیاد پر ہے نہ کہ اجتہاد کی بنیاد پر، لہذا ان کے جواب میں خاموشی بہتر ہے اھ''۔ (رسائل ومسائل، ص: ۲۴۰)(۱)۔

یہاں پہونچ کر تو اہل حدیث حضرات بھی انگشت بدنداں ہوں گے کہ یا اللہ! تقلید سے بیزاری کا اعلان کرتے کرتے صدیاں گذر گئیں مگر وہ اب تک گلے کا ہار بنی ہوئی ہے۔

---

(۱)(رسائل ومسائل: ۱/۲۴۰)

Made searchable using ScribeTools.com

2 تقلید کا مفہوم اور عدمِ تقلید کا اثر

اس عبارت میں جناب امیر نے تقلید کا خلاصہ بھی بتادیا کہ ''تقلید نام ہے ائمہ وعلماء پر اعتماد کرنے کا'' مودودی صاحب نہ خود حنفیت کے پابند ہیں، نہ شافعیت کے، نہ مسلکِ اہل حدیث کے، جس کا کھلا ہوا مطلب یہ ہے کہ مودودی صاحب کو نہ امام ابوحنیفہ پر اعتماد ہے، نہ امام شافعی پر اعتماد ہے، نہ ائمۂ حدیث امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ، امام مسلم رحمہ اللہ تعالیٰ وغیرہ پر اعتماد ہے، یہ حضراتِ ائمۂ اعلام مودودی صاحب کے نزدیک اس قابل نہیں کہ ان پر اعتماد کرکے ان کی تقلید کرسکیں۔

اہل حدیث حضرات کس جرم میں مقلد قرار پائے؟

محض اس جرم میں کہ ان غریبوں نے حضرت امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ کی جلالت قدر، مہارت فن، خدمت حدیث پر اعتماد کرتے ہوئے کہدیا تھا کہ ان کی بیان فرمودہ حدیث سند کے اعتبار سے زیادہ صحیح اور قابل ترجیح ہے اور انہوں نے بھی براہ راست حضرت امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ کی زیارت نہیں کی، بلکہ امت مسلمہ نے ان کی جلالتِ قدر کا اعتراف کرتے ہوئے ان پر اعتماد کیا، یہ اعتماد کرنا اس قدر سنگین جرم ہے کہ اس کی پاداش میں یہ لوگ مقلد گردانے جارہے ہیں۔

سوم : امیر جماعت سے دریافت کیا گیا کہ کیا کوئی صاحب علم وفضل چار معروف مذاہب فقہ: ''حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی'' چھوڑ کر حدیث پر عمل کرنے کا حقدار ہے یا نہیں، اگر نہیں تو کس دلیل سے؟ اس کے جواب میں وہ لکھتے ہیں:

تقلید کرنا گناہ بلکہ اس سے بھی شدید تر چیز ہے

۶- ''میرے نزدیک صاحب علم کیلئے تقلید ناجائز اور گناہ، بلکہ اس سے بھی کچھ شدید تر چیز ہے''۔ (رسائل ومسائل، ج:۱، ص:۲۴۴)(۱)۔

یہاں ''صاحبِ علم'' سے مراد غالباً وہی لوگ ہوں گے جو دینی علوم کی باقاعدہ تعلیم حاصل کرتے ہیں جیسا کہ عبارت نمبر:۴ میں مذکور ہے، خیال ہوتا ہے کہ بانی جماعت مودودی صاحب بھی خود ان ہی لوگوں میں

---

(۱)(رسائل ومسائل: ۱، ص: ۲۴۴، بحوالہ: احسن الفتاوی: ۱/۳۱۷، سعید)

سے ہوں گے، انہوں نے بھی باقاعدہ دینی علوم کی تعلیم حاصل کی ہوں گی، ان میں خود بھی اجتہادی قابلیت ہوگی، حدیث میں اتنا علم اور اصول میں اتنی بصیرت رکھتے ہوں گے کہ احکام کی تحقیق کرسکیں، اسی وجہ سے ائمہ وعلماء پر اعتماد کرکے کسی خاص مذہب کے پابند نہیں ہیں اور تقلید کو ناجائز سمجھتے ہیں اور اتنا بلند دعوی کرتے ہیں کہ ''میرے نزدیک صاحب علم آدمی کیلئے تقلید ناجائز اور گناہ بلکہ اس سے بھی کچھ شدید تر چیز ہے'' آخر یہ دعوی بغیر علم دین حاصل کئے اور بغیر اجتہادی بصیرت تامہ بہم پہونچائے تو نہیں کیا ہوگا، لیکن مودودی صاحب کی تحریر سے اس سب کی تردید ہوجاتی ہے، وہ لکھتے ہیں:

مودودی صاحب کا مبلغ علم

۷- ''مجھے گروہِ علماء میں شامل ہونے کا شرف حاصل نہیں ہے، میں ایک بیچ کی راس کا آدمی ہوں، جس نے جدید اور قدیم دونوں طریقہائے تعلیم سے کچھ کچھ حصہ پایا ہے، دونوں کو چوں کو خوب چل پھر کر دیکھا ہے''۔ (ترجمان، ج:۱۴، عدد:۳، ص:۲۲۷)(۱)۔

خود اقرار ہے کہ دینی علوم کی باقاعدہ تعلیم حاصل نہیں کی اس لئے عالم نہیں، بلکہ کچھ کچھ تعلیم کا حصہ پایا ہے، اس کچھ کچھ (ناقص وناتمام) حصہ تعلیم پر آزادی کا یہ عالم ہے، فرماتے ہیں:

۸- ''اپنی بصیرت کی بناء پر نہ تو میں قدیم گروہ کو سراپا خیر سمجھتا ہوں اور نہ جدید گروہ کو، دونوں کی خامیوں پر میں نے آزادی کے ساتھ تنقید کی ہے''۔ حوالہ سابق۔

کچھ کچھ حصہ تعلیم حاصل کرکے کچھ لوگ مطب شروع کردیتے ہیں اور کچھ لوگ دینی اصول کے ماہر اور مزاج شناسِ نبوت کہلانے لگتے ہیں جس کا نتیجہ وہی ہوتا ہے جو ''نیم ملا'' اور ''نیم حکیم'' کے اقدام کا ہوتا ہے کہ جان کا بھی خطرہ اور ایمان کا بھی۔

چہارم: امیر صاحب کی طرف سے تقلید کی اجازت وآزادی کے ساتھ یہ بات بھی غور طلب ہے کہ ان کو کیسے آدمیوں کی ضرورت ہے، وہ فرماتے ہیں:

---

(۱)(ترجمان، ج:۱۴، عدد:۳، ص:۲۲۷)

Made searchable using ScribeTools.com

دوسرا رخ

۹-''سب سے پہلی اور بڑی رکاوٹ کسی موزوں آدمی کا نہ ملنا ہے جو ہماری تعمیری اسکیم کو اپنے ہاتھ میں لے سکے، اس کیلئے ہمیں ایسا آدمی درکار ہے جو تعمیری کام کو خوب اچھی طرح سمجھتا ہو، ہم سے اور جماعت سے ہمدردی رکھتا ہو، تجربہ کار منتظم اور دیانت دار ہو، اور اس کام کو عملاً سرانجام دینے کی صلاحیت اور قابلیت رکھتا ہو، تاکہ ہم اس پر آنکھیں بند کر کے اعتماد کر سکیں اور وہ اپنی ذمہ داری پر اس کو سنبھال سکے''۔ (ترجمان، ج: ۲۶، عدد: ۳، ص: ۱۲۶)(۱)۔

ظاہر ہے کہ اتنی بڑی ذمہ داری سنبھالنا کسی بے علم آدمی کا کام تو ہے نہیں، نہ ہی بے علم آدمی کے حوالہ کرنا دانشمندی کا تقاضہ ہے، لامحالہ ایسے آدمی کیلئے جس پر آنکھیں بند کر کے اعتماد کیا جا سکے باعلم ہونا ضروری ہے، پھر اگر وہ باقاعدہ علمِ دین کی تعلیم حاصل کئے ہوئے ہے تب تو وہ مقلد رہ کر جناب امیر کے نزدیک گناہ بلکہ اس سے بھی شدید تر چیز میں گرفتار ہے، اس پر مودودی صاحب کیسے اعتماد کر سکتے ہیں، اگر وہ اعتماد کرتے ہیں تو سمجھ لیا جائے کہ ان کے نزدیک کیسے لوگ قابل اعتماد ہیں؟ وہ لوگ جو تقلید جیسی ناجائز، گناہ اور اس سے بھی شدید تر چیز میں مستقلاً دائمی طور پر مبتلا اور اس پر مصر ہیں (گناہ سے شدید تر چیز سب جانتے ہیں کیا ہے) اگر وہ باقاعدہ علم دین کی تعلیم حاصل کئے ہوئے نہیں بلکہ کچھ کچھ حصۂ تعلیم حاصل کیا ہے اور وہ نیم ملا ہے تو پھر اس پر آنکھیں بند کر کے اعتماد کرنے کا انجام معلوم۔

لہذا اہلِ علم حضرات کیلئے جماعت میں رہ کر مودودی صاحب کا اعتماد حاصل کرنے کی اس کے سوا کوئی صورت نہیں کہ وہ حنفیت، شافعیت وغیرہ (تقلید) کی پابندی سے بالکل تائب ہو جائیں اور تقلید کو گناہ بلکہ اس سے بھی کچھ شدید چیز تصور کرنے لگیں۔

پنجم: جماعت میں رہنے والوں کو امیر کی اطاعت لازم اور نافرمانی گناہ ہے

چنانچہ لکھتے ہیں:

---

(۱)(ترجمان: ۲۶، عدد: ۳، ص: ۱۲۶)

۱۰-''یہ امر بھی قابل توجہ ہے کہ بعض مقامی جماعتوں کے ارکان مقامی امیر کو صدر انجمن سے زیادہ کوئی اہمیت نہیں دیتے، ان کو سمجھ لینا چاہئے کہ جب انہوں نے اپنے میں سے ایک آدمی کو اہل تر سمجھ کر صاحب امر منتخب کیا ہے، تو ان پر واجب ہے کہ معروف میں اس کی اطاعت کریں اور اس کی نافرمانی کو گناہ جانیں اھ''۔ (ترجمان، ج:۲۶، عدد:۳،ص:۱۲۵)(۱)۔

غور کا مقام ہے کہ جماعت کے کچھ باعلم افراد مقلد ہوں گے تو جناب امیر کا فرض کیا ہوگا جبکہ تقلید ان کے نزدیک گناہ ہے۔

یہ صاحبِ امر ان افراد کو اس منکرِ عظیم سے منع کریں گے یا نہیں، اگر منع نہیں کرتے تو ایسے موقعہ پر سکوت کی شرعاً کب اجازت ہے؟ حدیث پاک میں ہے:''الساکت عن الحق شیطان أخرس''۔ اگر منع کرتے تو پھر یہ لوگ نافرمانی کرکے اگر مقلد ہی رہے تو ایک گناہ (تقلید) میں پہلے سے مبتلا تھے، دوسرا گناہ امیر کی نافرمانی کا سر چڑھا اور یہ گناہ امیر سے بغاوت کے ہم معنی ہو کر ایسے نافرمان افراد کے لئے جماعت اسلامی سے اخراج کا موجب ہوگا، اور جو شخص جماعت اسلامی سے خارج کردیا جائے اس کا ٹھکانہ پھر کہاں؟

ششـــم: بعض لوگ تقلیدِ ائمہ سے ناخوش تھے اور اس کو شرک فی الرسالۃ تصور کرتے اور اخبارات ورسائل میں اس کی مذمت کیا کرتے تھے، وہ بہت مسرور ہونگے کہ ہماری ہم نوا ایک نئی جماعت وجود میں آگئی جو کہ تقلید کو بالکل ہماری طرح ناجائز اور گناہ بلکہ اس سے بھی کچھ شدید تر چیز سمجھتی ہے (اگر چہ مولانا ثناء اللہ صاحب امرتسری نے عرصہ ہوا اس جماعت کے نقیب اخبار اہل حدیث میں شد ومد کے ساتھ اس کی تردید کردی تھی) اور بعض آزادی پسند مقلدین بھی اپنی غذا پاکر خوش ہوں گے اور جوشِ مسرت میں جماعت اسلامی کی رکنیت کا فارم پُر کر چکے ہوں گے کہ اب تو تقلید کا بارِ گراں ہماری گردن سے بالکل اتر گیا اور ہم کلیۃً آزاد ہوگئے اور اس حد تک ان کا خیال صحیح بھی ہے کہ تحریک جماعت اسلامی کے بانی مودودی صاحب نے ان کو تقلید ائمہ سے آزادی دیدی بشرطیکہ انہوں نے دینی علوم کی باقاعدہ تعلیم حاصل کی ہو، لیکن شاید ان کو شعور نہیں کہ وہ اب بھی آزاد نہیں

---

(۱)(ترجمان: ۲۶ عدد: ۳، ص: ۱۲۵، بحوالہ: احسن الفتاوی: ۱/۳۱۸،سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

ہوئے، بلکہ تقلید سے بھی بھاری طوق ان کی گردن میں ڈالدیا گیا فرماتے ہیں:

امارت کا منصب لیڈرشپ کا منصب ہے

۱۱-''مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ بعض مقامی جماعتوں میں امارت کے انتخاب میں کچھ انجمن کی صدرات کا سارنگ اختیار کرلیا گیا، یہ منصب دراصل مقامی لیڈرشپ کا منصب ہے اھ''۔(ترجمان، ج:۲۶، عدد:۳۱، ص:۱۵۱)(۱)۔

کسی امام کیلئے خواہ وہ مقلدین کا امام ہو جیسے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ وغیرہ یا اہلحدیث کا امام ہو جیسے امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ وغیرہ لیڈرشپ کا منصب تجویز نہیں کیا گیا، نہ ہی ان ائمہ نے خود اپنے لئے یہ منصب تجویز کیا، البتہ شیعہ صاحبان کے مذہب میں ضرور امام کا یہی منصب ہے۔

ہفتم: یہ لیڈرشپ کا منصب تو مقامی جماعت کے امیر کیلئے حاصل ہے، اب رہے بانی تحریک جو کہ امیر الامراء ہیں جن کے قبضہ میں زمامِ کار ہے، اور جو تحریک اسلامی کی گاڑی کیلئے ڈرائیور کی حیثیت رکھتے ہیں ان کا منصب کیا ہے؟ تو جماعت ان کی تقلید کرنے اور ان کے پیچھے پیچھے چلنے پر قدرۃً مجبور ہے، اور ان کے ہاتھ میں پروانۂ آزادی کی وہی حقیقت ہوگی جو کلکتہ کے ٹکٹ کی ہوتی ہے، اس مسافر کے ہاتھ میں جو پنجاب جانے والی گاڑی میں سوار ہوگیا ہو اور دوسرے لوگوں کو ٹکٹ دکھا کر کہتا ہو کہ میرے پاس یہ کلکتہ کا ٹکٹ ہے میں کلکتہ جارہا ہوں، ظاہر ہے کہ وہ اس ٹکٹ کے ذریعہ سے اس گاڑی سے کلکتہ نہیں پہونچ سکتا بلکہ وہ ہر اسٹیشن پر بجائے کلکتہ سے نزدیک ہونے کے دور ہوتا جائیگا اور دیکھنے والے کچھ اس پر ترس کھائیں گے اور کچھ اس کا مذاق اڑائیں گے، ٹکٹ کی جانچ کرنے والا کوئی آگیا تو وہ جرمانہ کردے گا، خود مودودی صاحب کے قلم سے اس کا ثبوت لیجئے۔ وہ فرماتے ہیں:

۱۲-''انسانی زندگی کے مسائل میں جس کو تھوڑی سی بھی بصیرت حاصل ہوگی وہ اس حقیقت سے بے خبر نہیں ہوسکتا کہ انسانی معاملات کے بناؤ اور بگاڑ کا آخری فیصلہ جس مسئلہ پر منحصر ہے وہ یہ سوال ہے کہ معاملات انسانی کی زمام کار کس کے ہاتھ میں ہے؟ جس طرح گاڑی ہمیشہ اسی سمت چلا کرتی ہے جس سمت پر ڈرائیور اس کو لیجانا چاہتا ہو

---

(۱) (ترجمان: ۲۶، عدد: ۳، ص: ۱۵۱

Made Searchable by ScribeTools.com

اور دوسرے لوگ جو گاڑی میں بیٹھے ہوں خواستہ وناخواستہ اسی سمت پر سفر کرنے کے لئے مجبور ہوتے ہیں، اسی طرح انسانی تمدن کی گاڑی بھی اسی سمت پر سفر کیا کرتی ہے جس پر وہ لوگ جانا چاہتے ہیں جن کے ہاتھ میں تمدن کی باگیں ہوتی ہیں، ظاہر ہے کہ زمین کے سارے ذرائع جن کے قابو میں ہوں، قوت واقتدار جن کے ہاتھ میں ہو، عام انسانوں کی زندگی جن کے دامن سے وابستہ ہو، خیالات وافکار اور نظریات کو بنانے اور ڈھالنے کے وسائل جن کے قبضہ میں ہوں، انفرادی سیرتوں کی تعمیر، اجتماعی نظام کی تشکیل اور اخلاقی قدروں کی تعیین جن کے اختیار میں ہو، ان کی رہنمائی اور فرماں روائی کے تحت رہتے ہوئے انسانیت بحیثیتِ مجموعی اس راہ پر چلنے سے کسی طرح باز نہیں رہ سکتی جس راہ پر وہ چلانا چاہتے ہوں''۔ (ترجمان: ۲۶، عدد: ۳، ص: ۱۹۵)(۱)۔

جو لوگ سید ابوالاعلیٰ صاحب کی رہنمائی وفرماں روائی کے تحت رہتے ہیں ان کے خیالات وافکار اور نظریات بانیٔ تحریک کے لٹریچر کے ذریعہ ڈھالے گئے ہیں، ان کی باگیں کلیۃً مودودی صاحب (امیر الأمراء) کے ہاتھ میں ہیں، وہ بحیثیتِ مجموعی اس راہ پر چلنے سے کسی طرح باز نہیں رہ سکتے جس راہ پر مودودی صاحب چلانا چاہتے ہیں، جبکہ مودودی صاحب تقلید کو ناجائز اور گناہ بلکہ اس سے بھی کچھ شدید تر چیز سمجھتے ہیں تو ظاہر ہے کہ وہ تقلید کی طرف نہیں چلائیں گے، بلکہ جماعت کو اس سے نکالنے اور بچانے کی پوری کوشش کریں گے، اگر وہ لوگ تقلید پر قائم رہنا بھی چاہیں گے تو کسی طرح قائم نہیں رہ سکیں گے کیونکہ وہ ایسی گاڑی میں سوار ہو چکے ہیں جس کو ڈرائیور ان کے منشاء کے موافق نہیں بلکہ ان کے منشاء کے خلاف اور اپنے منشاء کے موافق چلا رہا ہے، لہٰذا وہ اسی سمت چلنے پر مجبور ہیں جس پر مودودی صاحب چلا رہے ہیں، اگر چہ وہ لوگ اس سے ناخوش ہوں مگر کچھ نہیں کر سکتے، اِلا یہ کہ احساس ہونے پر کسی قریبی اسٹیشن پر اتر جائیں یا چلتی گاڑی سے کود جائیں جس طرح کہ گاڑی کی غلط سمت کا احساس وشعور ہونے پر جماعت کے چوٹی کے لوگ ہمت کر کے کود پڑے، جو بقول مودودی صاحب کے ''سوسائٹی کے مکھن تھے اور ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حیثیت رکھتے تھے کہ ان کے قلوب پہلے ہی سے ''حق'' کے خواہاں وجویاں تھے'' جیسے ہی مودودی صاحب کی

---

(۱) (ترجمان: ۲۶، عدد: ۳، ص: ۱۹۵)

Made searchable using ScribeTools.com

زبان سے ''حق'' کوسنا، فوراً ایمان لے آئے اور انہی کے ہاتھ سے جماعت کا سنگِ بنیاد رکھا گیا اور انہیں کے قلم سے دستورِ جماعت تیار ہوا تھا اور ان کے علم، تدبر، تجربہ، تقوی، دیانت پر مودودی صاحب کو اس قدر اعتماد تھا کہ ان کی شرکت اور تعاون کو تحریک اسلامی کے حق ہونے کی دلیل پیش کیا کرتے تھے اور فرمایا کرتے تھے کہ:

''میرے ساتھ ایسے ایسے اہل علم، اہل بصیرت، اہل تجربہ موجود ہیں کہ اگر میرا کوئی غلط قدم بھی ہوتا تو فوراً مجھے روک دیتے اور آئندہ بھی اگر کوئی غلط قدم اٹھاؤں گا تو فوراً روک دیں گے، یہ کھلی دلیل ہے کہ میں نے جو راہ اختیار کی ہے وہی حق ہے''۔

مگر قدرت کی مدد سے کسی پر سمت کی غلطی جلد منکشف ہوگئی، کسی کو دیر لگی، پھر جماعت نے ان کے متعلق جو کچھ کہا اور لکھا اور ان کا ناکارہ ہونا ثابت کیا اس سے ان کی وہ خدمات بھی اکارت ہوگئیں جن پر انہوں نے بہت محنت کی اور سر کھپایا تھا اور بہت برے برے القاب سے ان کو نوازا گیا: ''دین سے پھر گئے، خدا سے منہ موڑ لیا، ارتداد اختیار کیا''، حالانکہ وہ لوگ اس دین سے نہیں پھرے جس کے متعلق قرآن پاک میں وارد ہوا ہے: ﴿إن الدين عندالله الإسلام﴾ (۱)، بلکہ مودودی صاحب کی ڈھالی ہوئی تحریک سے پھرے ہیں اور انہوں نے خدا سے منہ نہیں موڑا بلکہ مودودی صاحب سے منہ موڑا ہے اور انہوں نے دینِ اسلام سے ارتداد اختیار نہیں کیا بلکہ مودودی صاحب کے حلقۂ معاونین سے باہر ہوئے ہیں۔

ہشتم: کوئی شخص اگر یہ چاہے کہ جماعت سے علیحدہ اور امیر کی قیادت سے آزاد ہوکر اسلامی زندگی گذارے تو اس کے متعلق سنئے فرماتے ہیں:

جماعت سے علیحدگی اور امیر جماعت سے انحراف کا مطلب

۱۳-''آخری چیز جو جماعتی زندگی کیلئے اہم ترین ہے وہ یہ ہے کہ ''اسلام بغیر جماعت کے نہیں اور جماعت بغیر امیر کے نہیں'' اس قاعدۂ کلیہ کے مطابق آپ کے لئے ضروری ہے کہ جماعت بننے کے ساتھ ہی آپ اپنے لئے ایک امیر منتخب کرلیں''۔

(جماعت اسلامی کا پہلا اجتماع، ص:۱۴)(۲)۔

---

(۱)(سورة آل عمران: ۱۹)

(۲)(جماعت اسلامی کا پہلا اجتماع، ص: ۱۴)

چنانچہ اسی اجتماع میں ابتداءً جماعت کی تشکیل ہوئی اور سید ابوالاعلیٰ مودودی صاحب کو امیر منتخب کیا گیا، کیونکہ ان سب لوگوں میں اہل تر یہی تھے اور جملہ شرکاء نے فرداً فرداً کھڑے ہوکر کلمۂ شہادت پڑھا اور از سرنو اسلام میں داخل ہوئے اور جملہ حاضرین کو اپنے اس نئے ایمان پر ہر ایک نے گواہ بنایا، اب جس کو اسلام مطلوب ومحبوب ہے وہ جماعت میں داخل ہونے پر مجبور ہے کیونکہ ''اسلام بغیر جماعت کے نہیں'' اور جب جماعت میں داخل ہو تو امیر کی نافرمانی کی مجال نہیں، اس لئے کہ یہ منصب لیڈرشپ کا منصب ہے اور امیر سید ابوالاعلیٰ مودودی صاحب ہیں تو ان کی نافرمانی کرنے سے اسلام جیسی محبوب متاع پر کیا زد پڑیگی۔ (اگر گویم زبان سوزد)

نہم : امیر الامراء بانیٔ تحریک اسلامی جماعت سے کس نوع کی اطاعت چاہتے ہیں (ایسی ہی جیسی مقلدین اپنے امام کی تقلید کرتے ہیں یا اس سے کچھ مختلف؟) وہ ایسی اطاعت چاہتے ہیں جیسی شکاری بندوق کی اطاعت چاہتا ہے کہ فائر کرنے میں بندوق کیلئے حق وناحق سوچنے کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا، فرماتے ہیں:

۱۴-'' آپ سے امیر کی اطاعت اور ضابطے کی پابندی اور رضا کارانہ خدمت کی ادائیگی میں جتنی کمزوری ظاہر ہوتی ہے اتنا ہی میں اپنے آپ کو بے بس پاتا ہوں اور مجھے ایسا ہی محسوس ہوتا ہے کہ میں ایسی بندوقوں سے کام لے رہا ہوں جو لبلبی دبانے پر بھی فائر نہیں کرتیں، ظاہر ہے کہ ایسے ہتھیاروں کو لیکر کون ایسا نادان ہوگا جو کسی بڑے اقدام کا ارادہ کر بیٹھے، برعکس اس کے جب میں آپ کے اندر اطاعت اور تطوع اور باضابطگی کے اوصاف پاتا ہوں اور دیکھتا ہوں کہ ایک آواز پر آپ جمع کئے جاسکتے ہیں، ایک اشارہ پر آپ حرکت کر سکتے ہیں، اور خود اپنے دل کی لگن سے اس کام کو کرتے رہتے ہیں جو آپ کے سپرد کیا جائے تو میرا دل قوی اور میری ہمت بلند ہونے لگتی ہے اور میں ایسا محسوس کرتا ہوں کہ اب مجھے وہ طاقت حاصل ہو رہی ہے جس سے میں اس مقصدِ عظیم کیلئے کچھ زیادہ کام کرسکوں اھ''۔ (ترجمان: ۲۶، عدد: ۳، ص: ۱۰۹)(۱)۔

عجیب تضاد

دہم : لٹریچر میں جگہ جگہ ''ذہنی غلامی، شخصیت پرستی، اشخاص سے مرعوبیت اور تقلید'' کی مذمت اور

(۱)(ترجمان: ۲۶، عدد: ۳، ص: ۱۰۹)

Made searchable using ScribeTools.com

اس سے اپنی اور اپنی جماعت کی براءت کی گئی ہے اور آزادی رائے، نقادانہ نظر، جمہوریت، شورائیت کو سراہا اور اپنا طرۂ امتیاز بتایا گیا، امیر کے متعلق کہا گیا ہے کہ وہ تنقید سے بالاتر نہ ہوگا، ہر عامی شخص کو اس کی پبلک زندگی ہی پر نہیں بلکہ پرائیویٹ زندگی پر بھی تنقید کا حق حاصل ہوگا۔

مگر اس ہدایت (عبارت منقولہ نمبر:۱۴) سے معلوم ہوا کہ آزادیٔ رائے جمہوریت، شورائیت کی آخری منزل جہاں اس کا سفر ختم ہوتا ہے آمریت اور لیڈر شپ ہے جس میں ادنی سرتابی، اختلافِ رائے اور مشورے دینے کی گنجائش نہیں، تمام جماعت بے بس، بے شعور ہو کر بندوق کی طرح اطاعت کرنے پر مجبور ہے، فرق اتنا ہے کہ بندوق سوچنے والے دماغ اور دیکھنے والی آنکھ سے قدرۃً محروم ہے اور جماعت سے مطالبہ ہے کہ وہ سوچنے والے دماغ اور دیکھنے والی آنکھ رکھتے ہوئے اپنے اختیار سے بے اختیار و بے شعور ہو کر ایک اشارہ میں حرکت میں آجائے، اس کے بالمقابل تقلید میں جس کو گناہ سے بھی کچھ شدید تر کہا گیا ہے، یہاں تک توسع ہے کہ کسی مسئلہ میں امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے قول پر فتوی نہ ہو تو امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ وغیرہ کے قول پر عمل کیا جاسکتا ہے، دلائل کی قوت وضعف سے بھی بحث کیجا سکتی ہے کیونکہ وہاں لیڈر شپ نہیں ہے۔

بہ بیں تفاوت راہ از کجاست تا بکجا

امید ہے کہ ان چند سطور سے جماعت اسلامی کے مقلّد یا غیر مقلد ہونے پر غور کرنے کا موقع مل سکے گا۔

آپ کے یہاں جماعت اسلامی کا دفتر ہے جس میں جماعت کی کتابیں موجود ہیں میں نے جن کتابوں کے حوالہ دیکر عبارتیں نقل کی ہیں اصل کتابوں سے ان عبارات کو ملا لیجئے اور ان کا اول وآخر بھی اطمینان سے پڑھ کر دیکھئے، نہ کسی جگہ نقل میں کتر بیونت پائیں گئے، نہ ایسا ہے کہ درمیانی جملہ لے کر اصل مقصد کو خبط کر دیا گیا ہو، اس لئے لکھا ہے کہ جماعت کا طرز یہ ہے کہ جب کوئی مضمون یا رسالہ دیکھا جس میں ان کی کسی غلطی پر فقہ، حدیث، قرآن سے ان کے انحراف کی نشان دہی کی گئی ہو، فوراً امیر اور جماعت نے کہنا اور لکھنا شروع کر دیا کہ یہ ہم پر افتراء ہے، جھوٹ ہے، بہتان ہے، دنائت ہے، ہماری عبارتوں کو توڑ مروڑ کر پیش کیا ہے، یہ لوگ اس قابل نہیں کہ ان سے خطاب کیا جائے یا ان کے اعتراض کا جواب دیا جائے۔ فقط ﴿واللہ یھدی من یشاء إلی صراط مستقیم﴾

فتاوی کی حیثیت مودودی صاحب کی نظر میں

۲۳ ربیع الأول، ۱۷/ ۶/ ۱۹۷۱ء

محترم المقام حضرت مفتی محمود الحسن صاحب، زیدت معالیکم!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

بعد سلام مسنون عرض ہے کہ مکتبہ نظام کرنیل گنج کانپور سے طبع شدہ آں محترم کا جماعت اسلامی کے بارے میں ایک فتوی ''تقلید اور جماعت اسلامی'' نظر سے گذرا جس میں آپ نے مودودی صاحب ہی کی عبارتوں سے ان کے مسلک اوران کی گمراہی کوواضح فرمایا ہے۔ جزاکم اللہ۔

اس طرح دیگر علماء کرام مثلاً حضرت مفتی کفایت اللہ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ، حضرت مدنی رحمہ اللہ تعالیٰ، حضرت مفتی مہدی حسن صاحب، مولانا محمد میاں صاحب، مولانا عبدالصمد صاحب رحمانی وغیرہ نے بھی خود بانیٔ تحریک کے اقوال اوراقتباسات کے پیشِ نظر جماعتِ اسلامی کی تحریک کوخطرناک اور عامۃ المسلمین کیلئے گمراہ کن قرار دے کراس میں شرکت کوناجائز بتلایا تھااوراجتنابِ کلی کوضروری قرار دیا تھا۔

۱.....اب سوال یہ ہے کہ ان بزرگوں کی تحریرات شائع ہوکر جماعتِ اسلامی کے ذمہ داران تک پہنچنے کے بعد جماعت اسلامی کے ذمہ داران کا ان اقوال وتحریرات (کہ جن کی بنیاد پراس تحریک کومضر، گمراہ کن، واجب الاحتراز قرار دیا گیا تھا) کی اصلاح کرنا اوران سے رجوع کا آپ کے علم میں ہے یانہیں؟ اگر جماعت اسلامی نے اصلاح اوررجوع کرلیا ہوتو براہ کرم اس سے مطلع فرمائیں اوراگران اقوال واقتباسات سے رجوع نہ کیا ہوتو پھر یہ عرض ہے آج کل بہت سے مقامات پر جماعت اسلامی کالٹریچراوراس کی کتابیں پہونچ رہی ہیں، اس کا حلقۂ اثر وسیع ہورہا ہے تواس کوروکنا اوراس کی گمراہی سے لوگوں کوواقف کرنا ضروری ہے یانہیں؟

۲.....بعض لوگ کہتے ہیں کہ جماعت اسلامی کے بارے میں اب علمائے دیوبند کا وہ نظریہ نہیں رہا، اس میں تبدیلی ہوئی ہے، یہ بات کس حدتک صحیح ہے، بالخصوص آں محترم کی رائے گرامی جماعت اسلامی کے بارے میں حسب سابق ہے یانہیں؟ امید کہ جواب سے مشرف فرمائیں گے، جوابی کارڈ مرسل ہے۔ والسلام۔

ازسلیمان عبدالرحیم بڑودہ، گجرات

Made Se[redacted]ools.com
Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً :

۱.....اکابرِ علماء کی جوتحریرات جماعت اسلامی سے متعلق شائع ہوئی ہیں، ان کے سلسلہ میں مودودی صاحب کی تحریر یہ ہے:

''ایک صاحب نے مجھے مفتی سعید احمد صاحب کا مفصل فتوی جو''کشفِ حقیقت'' کے نام سے چھپا ہے، بھیج دیا ہے اوراس کے ساتھ دوتین اشتہار بھی بھیجے، جن میں مولانا کفایت اللہ صاحب، مولانا جمیل احمد صاحب تھانوی، مولانا اعزازعلی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ اور مفتی مہدی حسن صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کے فتوے درج تھے، ان تمام فتوؤں کو دیکھنے کے بعد میری رائے بدل گئی، اب یہ حضرات اس مقام سے گذر چکے ہیں، جہاں ان کو خطاب کرنا مناسب اور مفید ہو۔ سب سے زیادہ افسوس مجھے مولانا کفایت اللہ صاحب پر ہے کیونکہ میں ۲۳/ سال سے ان کا نیازمند ہوں اور ہمیشہ ان کا احترام کرتا رہا ہوں، افسوس کہ انہوں نے بھی جماعتی عصبیت میں آنکھیں بند کرکے یہ فتوی تحریر فرمادیا۔ باقی رہے دوسرے حضرات تو ان کے فتوے پڑھ کر میں نے یہ محسوس کیا ہے کہ جس وقت یہ فتوے لکھے جارہے تھے اس وقت خدا کا خوف اور آخرت کی جواب دہی کا احساس شاید ان کے قریب بھی موجود نہ تھا، خصوصاً مفتی سعید احمد صاحب کے فتوے میں تو صریح بددیانتی کی بدترین مثالیں پائی جاتی ہیں، جنہیں دیکھ کر گھن آتی ہے، حقیقت یہ ہے کہ میں ان حضرات کے ساتھ بڑا حسنِ ظن رکھتا تھا، مگر اب ان کے یہ فتوے دیکھ کر تو میں ایسا محسوس کرتا ہوں کہ بریلوی طبقہ کے فتوے باز وکافرساز مولویوں سے ان کا مقام کچھ اونچا نہیں ہے''۔ (رسائل ومسائل)۔

اور''رسائل ومسائل''۲/۵۱۳، کسی نے مشورہ دیا تھا کہ آنحضرت مولانا حسین احمد مدنی رحمہ اللہ تعالیٰ مولانا اعزازعلی صاحب، مولانا محمد طیب صاحب، مفتی کفایت اللہ صاحب، مولانا حفظ الرحمٰن صاحب، مولانا احمد سعید صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ، مولانا محمد زکریا صاحب، مولانا عبداللطیف صاحب رحمہم اللہ تعالیٰ سے خط و کتابت کرکے انہیں مشورہ دیں کہ اگر میرے متعلق یا جماعت کے متعلق کوئی استفتاء آپ کے سامنے آئے تو پہلے

جواب دینے سے آپ مجھ سے اصل حقیقت معلوم کرلیا کریں۔اس مشورہ کے جواب میں تحریر مذکورہ امیر جماعت نے لکھی ہے:

۲.....جماعت کے جن خلاف حق نظریات وافکار کی بناء پر اول رائے قائم کی گئی تھی جب وہ نظریات وافکار موجود ہیں،ان کی اصلاح نہیں ہوئی تو وہ رائے بھی قائم ہے اس میں بھی تغیر نہیں ہوا۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

Made searchable using ScribeTools.com

متفرقات الفِرَق

دیوبندیت اور بریلویت

سوال[۵۲۳]: اختلافاتِ علماء کی برکت سے آج کل مذہبِ حنفی میں دوفرقہ ہوگئے ہیں اور دونوں فرقوں کا دعویٰ نجات ہے: ایک فرقہ بریلوی اور دوسرا دیوبندی، ان دونوں میں کونسا فرقہ قابلِ عمل ہے، بصورت ناقابل عمل اس کے وجوہ۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

اختلاف روایات، تعارضِ نصوص، تنسیخ احکام وترتیب احکام اور تصادمِ ادلہ کی وجہ سے علمائے حقانی میں اختلاف ہوا جس کی برکات اہل علم محققین ومتبعین مذہب پر مخفی نہیں، علمائے دیوبند اور فرقہ بریلویہ میں چند مسائل میں اختلاف ہے۔ نصوصِ قرآنی، احادیث نبویہ (علی صاحبها ألف تحية) اصولِ کلامیہ، فروعِ فقہیہ کے لحاظ سے ان مسائلِ مختلفہ میں علماء دیوبند حق پر معلوم ہوتے ہیں، جس مسئلہ کے متعلق دریافت کرنا ہو اس کو کہیئے، انشاء اللہ تعالیٰ کافی اور تسکین بخش دلائل سے اس کو ثابت اور واضح کردیا جائے گا۔

بریلوی فتنہ کا علاج

سوال[۵۲۴]: بریلویوں کی طرف سے اشتہار شائع ہوتا رہتا ہے جس کی وجہ سے عوام میں سخت بے چینی اور پریشانی ہوجاتی ہے، براہ کرم عوام کی اصلاح کے لئے جو مناسب صورت حال ہو اس سے مطلع فرمائیں تاکہ بدعات وخرافات کا دروازہ بند ہوجائے۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

اس فرقہ رضاخانیہ کی تردید میں ''عقائد علمائے دیوبند'' چھوٹا سا رسالہ ہے جو کہ اصل عربی میں تھا اس کو اردو میں شائع کیا گیا ہے جس پر ہندوستان اور عرب کے علماء کے دستخط ہیں اس کو آپ چھپوا کر شائع کردیں، اصل کتاب کا نام "التصديقات لدفع التلبيسات" (المهند) ہے، اس میں اصل عبارت عربی میں ہے اور

ساتھ ہی ترجمہ بھی ہے۔ نیز "الشهاب الثاقب" میں پوری تفصیل مذکور ہے۔

عوام کو سدھارنے کے لئے ضرورت ہے کہ ہر مسجد میں دینی کتاب سنانے کا انتظام کیا جائے، ان کے بچوں کو علم دین پڑھایا جائے، تبلیغی جماعت میں منسلک کرادیا جائے، صاحبِ نسبت متبع سنت بزرگوں سے اصلاحی تعلق قائم کرادیا جائے، اہل قلب علمائے حق کے وعظ کرائے جائیں۔ واللہ الهادی من یشاء إلی صراط مستقیم۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۴/ ۹/ ۸۹ھ۔

فرقہ ذگریان

سوال[۵۲۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک گروہ جس کو ذگری کہتے ہیں، یہ فرقہ باطلہ ذگریان صراط مستقیم سے منحرف ہیں، مثلاً ان ذگری گروہ کے عقائد میں ایک شخص مسمی بہ محمدی جو اس فرقہ کا مقتدا گزرا ہے، یہ لوگ اس کو اپنا پیغمبر ورسول تسلیم کرتے ہیں اور اسی کے نام کا کلمہ پڑھتے ہیں اور ضروریاتِ دین مثلاً نماز پنجگانہ، روزہ ماہ رمضان المبارک وحج بیت اللہ سے کلی طور پر منکر ہیں۔ لہذا کیا یہ لوگ مسلمان ہیں یا نہیں؟ اور ان کے ساتھ نکاح جائز ہے یا نہیں اور ایسے لوگوں کا ذبیحہ حلال ہے یا حرام؟ برائے کرم اس پر پوری روشنی ڈالتے ہوئے بحوالہ معتبرہ کتب صحیح جواب سے مستفید فرمائیں تاکہ ہم غریب مسلمان اپنے دین وایمان کا پورا تحفظ کرسکیں۔ بینوا وتوجروا، عبدالفتاح ولد عبدالخالق القادری، ختانی منزل ملیرسٹی کراچی، پاکستان، ۱۸/ شوال المکرم ۱۳۷۹ھ

الجواب حامداً و مصلیاً:

حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خاتم النبیین ہیں(۱)، جو شخص آپ کو خاتم النبیین نہ مانے بلکہ

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿ما كان محمد أبا أحد من رجالكم و لكن رسول الله و خاتم النبين﴾ الآية (الأحزاب: ۴۰)

قال الحافظ: فهذه الآية نص في أنه لا نبى بعده، وإذا كان لا نبى بعده فلا رسول بعده بالطريق الأولى والأحرى اهـ". (تفسير ابن كثير، سورة الأحزاب: ۴۰، ۳/ ۶۵۰، دار الفيحاء بيروت)

Made searchable using ScribeTools.com

آپ کے بعد کسی اور کی نبوت پر ایمان لائے، وہ شخص کافر ہے(۱) اس کے ساتھ مسلمانوں کو تعلق نکاح وغیرہ جائز نہیں (۲) نماز، روزہ، حج، ارکانِ دین اسلام ہیں نصوص قطعیہ سے ان کی فرضیت ثابت ہے جو شخص ان کی فرضیت کا انکار کرے وہ بھی کافر ہے: دائرہ اسلام سے خارج ہے(۳)۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿ما کان محمد أبا أحد من رجالکم و لکن رسول اللّٰہ و خاتم النبیین﴾ الآیة(٤) وقال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿وأقیموا الصلوة﴾ الآیة (٥) وقال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿یا أیها

---

(۱) کیونکہ عقیدۂ ختم نبوت نص قرآن وحدیث سے ثابت ہے۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿ما کان محمد أبا أحد من رجالکم و لکن رسول اللّٰہ و خاتم النبیین﴾ الایة.

"عن أبی هریرة رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم: "مثلی و مثل الأنبیاء کمثل قصر أحسن بنیانه، ترک منه موضع لبنة، فطاف به النظار یتعجبون من حسن بنیانه إلا موضع تلک اللبنة، فکنت أنا سددت موضع اللبنة، ختم بي البنیان و ختم بي الرسل"، و في روایة: "فأنا اللبنة، وأنا خاتم النبیین". (مشکاة المصابیح، باب بدء الخلق و ذکر الأنبیاء علیهم السلام: ۲/۵۱۱، قدیمی)

"ودعوی النبوة بعد نبینا صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم کفر بالإجماع". (شرح الفقه الأکبر للملاعلی القاري، ص: ۱۶۴، قدیمی)

(۲) "(ولا) یصلح (أن ینکح مرتد أو مرتدة أحداً) من الناس مطلقاً". وفی ردالمحتار: (قوله: مطلقاً): أی مسلماً أو کافراً أو مرتداً، و هو تاکید لما فهم من النکرة فی النفی". (رد المحتار، کتاب النکاح، باب نکاح الکافر، مطلب: الولد یتبع خیر الأبوین دیناً: ۳/۲۰۰، سعید)

(وکذا فی الفتاوی العالمکیریة، باب أحکام المرتدین: ۲/۲۵۵، رشیدیه)

(۳) قال الملاعلی القاری رحمه اللّٰہ تعالیٰ: "و من وصف اللّٰہ بما لا یلیق به أو سخر باسم من أسمائه أو بأمر من أوامره أو أنکر وعده أو وعیده یکفر..... و کذا مخالفة ماأجمع علیه و إنکاره بعد العلم به یعنی من أمور الدین کفر". (شرح الفقه الأکبر، استحلال المعصیة و لو صغیرةً کفر، ص: ۱۵۳، قدیمی)

(وکذا فی رد المحتار، کتاب الجهاد، باب المرتد: ۴/۲۲۲، سعید)

(وکذا فی البزازیة، کتاب ألفاظ تکون إسلاما أو کفراً أو خطأ. ۶/۳۲۳، رشیدیه)

(۴)(الاحزاب: ۴۰)

(۵) (البقرة: ۴۳)

Made Searchable by ScribeTools.com

الذین امنوا کتب علیکم الصیام﴾ الایة (۱)۔ وقال اللّٰہ تبارك وتعالیٰ :﴿وللّٰہ علی الناس حج البیت﴾ الایة(۲)۔

مسلمانوں کوایسے عقیدوں سے اورایسے عقیدے والوں سے انتہائی پرہیز کرنا چاہیئے اور بالکل علیحدہ رہنا چاہئے ،اللہ پاک سب کوصراط مستقیم کی ہدایت دے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ گنگوہی، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۶/شوال/۷۰ھ۔

فرقۂ مہدویہ کے عقائد

سوال[۵۲۶] :۱-مہدویوں سے تعلقاتِ نکاح درست ہے یانہیں؟ جومولوی محمد جون پوری کومہدی مانتے ہیں،ان کے عقائد چند جو بہ مشکل معلوم ہوسکتے ہیں وہ یہ ہے کہ نقل ہے کہ حضرت مہدی موعود علیہ السلام نے فرمایا کہ دنیا کی زندگی کا وجود کفر ہے۔تقویم مہدیہ ص:۴، ۱۹۶۸ء۔

۲-حضرت مہدی کی تصدیق محبت کے ساتھ کرنا،منکر مہدی کوکافر جاننا حدیث شریف "من أنکر المهدی، فقد کفر"۔

۳-تو یہ خاتمین کا حق جاننا،رسول مہدی کو برابر جاننا جوحدیث، کتاب اللہ،اوراحوال مہدی کے موافق ہو اس کوصحیح جاننا،مہدی کے حضور میں مردود اور مقبول کی تصحیح کوحق جاننا جوحکمِ مجتہدین و بیانِ مفسرین وغیرہ جوکہ بیانِ مہدی کے مخالف ہواس کوصحیح نہ جاننا، مذاہبِ اربعہ میں تقلید کوناروا جاننا،خصوصیتِ بعثتِ مہدی کے احکام، ولایتِ محمدی کے ظاہر کرنے کے لئے سمجھنا۔آیت کریمہ ﴿ثم إن علینا بیانه﴾(۳) یہ بیان مہدی موعود کی زبانِ مبارک سے ثابت ہے اس کوجاننا، دنیا میں خدا کے دیدار کوجائز وممکن ماننا، یہ جاننا کہ ایمان ذاتِ خدا ہے۔

اب آپ فرمائیں کہ شرعاً ان مہدیوں کے متعلق کیا حکم ہے؟ بیان فرمائیں۔اورمہدیوں کی لڑکی سے اہل سنت والجماعت کا نکاح ہوسکتا ہے یانہیں؟ یا اپنی لڑکی دے سکتا ہے یانہیں؟ یہاں پران کی لڑکیوں سے نکاح کرلینا کیسا ہے؟ اوراہل سنت والجماعت کی لڑکی کا نکاح وہاں کردیا گیا ہے۔ براہ کرم شرعاً جوحکم ہواس سے مطلع

---

(۱) (البقرة : ۱۸۳)

(۲)(آل عمران : ۹۷)

(۳) (القیٰمة: ۱۹)

Made searchable using ScribeTools.com

فرمائیں اوران لوگوں کوقربانی کے جانور میں شریک کرنا درست ہے یانہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

میں نے اس فرقہ کی یہ کتاب نہیں دیکھی، جو چیزیں آپ نے درج کی ہیں وہ مسلکِ اہل سنت والجماعت کی رو سے صحیح نہیں، بعض انتہائی زیغ اور ضلالت کی چیزیں ہیں، اگران کی طرف ان امور کی نسبت صحیح ہے اور یہ ان کے عقائد ہیں تو ان کا خلافِ اسلام ہونا ظاہر ہے، اہل سنت والجماعت کوان سے مناکحت نہیں کرنا چاہئے، کلی پرہیز کریں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند ۱۲/۱۲/ ۸۸ھ

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند ۲۱/۱۲/ ۸۸ھ

فرقہ مہدویہ اوراحمدیہ

سوال[۵۲۷] : کیامہدویہ فرقہ جونپوری اوراحمدیہ فرقہ سرسیداحمدخان کے پیرو ہیں؟ مختصرطور پران کے حالات بیان فرمائیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

دونوں الگ الگ ہیں، ان میں کوئی کسی کا پیرونہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱/ ۶/ ۹۱ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲/ ۶/ ۹۱ھ۔

خاکساری فتنہ کاحکم

سوال[۵۲۸] : خاکساری کا فتنہ جوموجودہ زمانہ میں چل رہاہے، آیااس لائن میں داخل ہونا جائز ہے یانہیں؟ خاکسار کا جنازہ پڑھنا جائز ہے یانہیں، خاکساروں کے ساتھ اسلامی تعلق رکھنا، برت برتاؤ کرنا جائز ہے یانہیں؟ اوران کا عقد مسلمان لڑکی سے جائز ہے یانہیں، عنایت اللہ کا تذکرہ درست ہے یااسلامی طریقے سے خلاف ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

عنایت اللہ مشرقی بانی تحریک خاکسار نے جوکتاب ''تذکرہ'' لکھی ہے اس میں بہت چیزیں جو بالکل

اسلام کے خلاف ہیں تحریر کی ہیں، وہ کفریہ عقائد ہیں اسی طرح اَور بھی بہت سی تحریرات ہیں، کفریہ عقائد لکھ کر شائع کئے ہیں۔ پس جس شخص کے عقائد تحقیق سے معلوم ہوجائیں کہ کفریہ ہیں اس کے جنازہ کی نماز پڑھنا (۱) اور اس سے اسلامی تعلق رکھنا ناجائز ہے (۲)، اسی طرح اس کا مسلمانوں کے ساتھ عقد نکاح کرنا بھی ناجائز ہے (۳)، مگر پہلے اس کی خوب تحقیق کرلی جائے کہ اس کے عقائد کیا ہیں کیوں کہ محض شبہ کی بناء پر کسی کو کافر کہنا جائز نہیں (۴)۔

تحریکِ خاکسار میں داخل ہونا ناجائز ہے، مسلمانوں کو اس فتنہ سے احتراز ضروری ہے، ہر شخص پر حسب استطاعت مسلمانوں کو اس فتنہ سے بچانا اور اس کی خرابیوں سے آگاہ کرنا نیز اس کی مدافعت کر کے اہل اسلام کو تحفظ اسلام پر آمادہ کرنا لازم اور ضروری ہے، جو شخص باوجود قدرت کے اس فتنہ سے مدافعت نہیں کرے گا وہ گنہگار ہوگا (۵)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۴/۱/۵۹ھ۔

الجواب صحیح: سعید غفرلہ۔

صحیح: عبداللطیف، ۲۴/محرم/۵۹ھ۔

---

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿و لا تصل على أحد منهم مات أبداً و لا تقم على قبره، إنهم كفروا بالله و رسوله و ماتوا و هم فاسقون﴾. (التوبة: ۸۴)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿لا يتخذ المؤمنون الكفرين أولياء من دون المؤمنين﴾. (آل عمران: ۲۸)

(۳) "و لا يجوز للمرتد أن يتزوج مرتدةً و لا مسلمةً و لا كافرةً أصليةً، وكذلك لا يجوز نكاح المرتدة مع أحد كذا في المبسوط". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب النكاح، القسم السابع المحرمات بالشرك: ۱/۲۸۲، رشيديه)

(وكذا في بدائع الصنائع، كتاب النكاح، فصل في عدم نكاح الكافر المسلمة: ۳/۴۶۵، دار الكتب العلمية)

(وكذا في الهداية، كتاب النكاح، باب نكاح أهل الشرك: ۲/۳۴۵، ۳۴۶، مكتبه شركت علميه)

(۴) "و لا يجوز أن يرمي مسلم بفسق و كفر من غير تحقيق". (شرح الفقه الأكبر للملاعلى القاري، ص: ۲۷، قديمى)

(۵) قال الله تعالىٰ: ﴿ولتكن منكم أمة يدعون إلى الخير، و يأمرون بالمعروف، و ينهون عن المنكر، و يسارعون في الخيرات﴾. (سوره آل عمران: ۱۱۴) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

دین بہائی

سوال[۵۲۹]: زید نے دینِ بہائی قبول کیا، یعنی بہاء اللہ کو موعود کل ادیان، ناسخ قرآن تسلیم کرتے ہوئے اس نئی شریعت پر ایمان لایا جس کے مدعی بہاء اللہ ہیں۔ اس کتاب کا نام ''اقدس'' ہے، جس کی تعلیمات کی رو سے تمام انبیاء ورسل اور آسمانی کتب برطرف ہیں اور سلسلۂ رسالت کبھی ختم نہیں ہوتا یعنی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خاتم الرسل تسلیم نہیں کرتے۔ کیا اب زید دائرہ اسلام سے خارج ہوگیا، حالانکہ وہ لا إلـه إلا الله محمد رسول الله پڑھتا ہے کیونکہ اس سے اس کے مندرجہ بالا عقائد پر ضرب نہیں پڑتی، اگر زید دائرۂ اسلام سے خارج ہوگیا تو کیا اس کا نکاح فسخ ہوجائے گا، اگر نکاح فسخ ہوجائے گا تو زوجہ دَینِ مہر کا مطالبہ کرسکتی ہے جب کہ وہ مسلمان ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

ان عقائد کے اختیار کرنے کے بعد زید ایمان سے خارج ہوگیا(۱) اس کا نکاح فسخ ہوگیا(۲) جب شوہر کے ساتھ وہ رہ چکی ہے تو پورا مہر لازم ہوگیا(۳)، اب اپنا مہر وصول کرسکتی ہے اور اس سے بالکل الگ رہے کوئی تعلق زوجیت نہ رکھے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، یکم/ ربیع الثانی/ ۹۵ھ۔

= "عن أبی بکر الصدیق رضی الله عنه قال: "ما من قوم یعمل فیهم بالمعاصی، ثم یقدرون علی أن یغیّروا ثم لا یغیّرون، إلا یوشک أن یعمهم الله بعقاب". (مشکوة المصابیح، کتاب الأدب، باب الأمر بالمعروف، ص: ۴۳۶، ۴۳۷، قدیمی)

(۱) "والمراد بالضروریات علی ما اشتهر فی الکتب: ما علم کونه من دین محمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بالضرورة، بأن تواتر عنه و استفاض، وعلمته العامة کالوحدانیة والنبوة و ختمها بخاتم الأنبیاء وانقطاعها بعده، و هذا مما شهد الله به فی کتابه، و شهدت به الکتب السابقة، و شهد به نبینا صلی الله تعالیٰ علیه وسلم". (مجموعة رسائل الکشمیری، إکفار الملحدین: ۲/۳، إدارة القرآن)

(۲، ۳) (وارتداد أحدهما): أی الزوجین (فسخ عاجل فللموطوءة کل مهرها) لتأکده به". (الدر المختار: باب نکاح الکافر، کتاب النکاح: ۱۹۳/۳، ۱۹۴، سعید)

"إرتداد أحد الزوجین عن الإسلام، وقعت الفرقة بغیر طلاق فی الحال قبل الدخول و بعده، ثم =

مودودیت ورضاخانیت میں کون زیادہ مضر ہے؟

سوال[۵۳۰]: امتِ مسلمہ کے لئے فتنۂ مودودیت زیادہ مضر ہے یا فتنۂ رضاخانیت؟

(عبداللہ بہاری)

الجواب حامداً و مصلیاً:

فتنہ کی نوعیت مختلف ہے، ایک نوع کے دوفرد ہوں تو ان میں توازن وتقابل دیکھا جاتا ہے، جب نوع جداگانہ ہوتو اس میں مقابلہ وموازنہ کیسا؟ ہر فتنہ اپنی نوع میں مستقل ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند

چندبشیشور اور صدیق دیندار کے عقائد

سوال[۵۳۱]: ۱.....جنوبی ہند میں ایک جماعت ہے جسے لوگ عام طور سے چندبشیشور کہتے ہیں، کیا یہ لوگ دائرۂ اسلام سے خارج ہیں؟ کیا ان کے عقائد اہل سنت والجماعت کے خلاف ہیں؟

۲.....صدیق دیندار کون تھا؟ کیا اس نے بھی نبی ہونے کا دعوی کیا تھا؟

۳.....کیا مرزا غلام احمد قادیانی اور صدیق دیندار دونوں کے معتقدات ایک ہی جیسے ہیں یا کچھ فرق ہے؟

۴.....صدیق دیندار کی تحریر کردہ ملفوظات یا کوئی کتاب ہوتو تحریر فرمائیں۔ صدیق دیندار کے معتقدین کا دعویٰ ہے کہ علماء کا ہمارے اوپر الزام اور تہمت ہے، ہم صدیق دیندار کو صرف پیر مانتے ہیں نہ کہ نبی، ایسے لوگوں کا بیان اور ان کے پیچھے نماز صحیح ہوگی یا نہیں؟ اور نماز سے انہیں روکنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

۱.....چندبشیشور اور ان کے عقائد سے میں بالکل واقف نہیں۔

۲.....میں صدیق دیندار کو نہیں جانتا، نہ اس کے عقائد کا مجھے کچھ علم ہے۔

= إن كان الزوج هو المرتد، فلها كل المهر إن دخل بها". (الفتاوى العالمكيرية، باب نكاح الكفار: ۱/۳۳۹، رشيديه)

"وارتداد أحدهما فسخ في الحال، فللموطوءة المهر و لغيرها النصف". (كنز الدقائق، باب نكاح الكافر، ص: ۱۱۱، إمداديه ملتان)

Made searchable using ScribeTools.com

۳.....غلام احمد قادیانی کی کتابیں دیکھی ہیں مگر صدیق دیندار کی کوئی کتاب نہیں دیکھی۔

۴..... مجھے ایسی کتابوں اور ایسے ملفوظات کا کوئی علم نہیں، بلا تحقیق کے کوئی حکم نہیں لگا سکتا، وہیں کے مقامی علماء سے تحقیق کی جائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

تہتر فرقے

سوال[۵۳۲]: یہود اکہتّر فرقے ہوئے اور نصاریٰ بہتّر اور اس امت کے تہتر فرقے ہوں گے اور سب کے سب گمراہ ہوں گے لیکن ایک''۔ سند کے اعتبار سے یہ حدیث کیسی ہے اور اس کا مطلب کیا ہے؟ بینوا بالدلیل

مولوی محمد یاسین مدرس مدرسہ احیاء العلوم اعظم گڑھ۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

یہ حدیث مشکوۃ شریف، باب الاعتصام بالکتاب والسنة کی فصل ثانی میں ہے(۱) سیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ نے سنن اربعہ سے اس کو نقل کیا ہے، علقمی نے سند کے اعتبار سے اس کو حسن صحیح کہا ہے:

"قال العلقمی: قال شیخنا: ألف الإمام أبو منصور عبد القادر بن طاهر التمیمی فی شرح هذا الحدیث کتاباً، قال فیه: قد علم أصحاب المقالات أنه صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم لم یرد بالفِرَق المذمومة المختلفین فی فروْع الفقه من أبواب الحلال والحرام، و إنما قصد بالذم من خالف أهل الحق فی أصول التوحید و فی تقدیر الخیروالشر و فی شروط النبوة والرسالة وفی موالاة الصحابة و ما جری مجریٰ هذه الأبواب؛ لأن المختلفین فیها قد کفر بعضهم بعضاً بخلاف النوع الأول، فإنهم اختلفوا فیه من غیر تکفیر و لا تفسیق للمخالف فیه، فیرجع تأویل الحدیث فی افتراق الأمة إلی هذا النوع الأول من الاختلاف، و قد حدث فی اٰخر أیام الصحابة خلاف القدریة من معبد الجهنی و أتباعه، و تبرأ منهم المتأخرون من الصحابة کعبد اللّٰه بن

---

(۱) "قال رسول اللّٰه ﷺ ..... "و إن بنی إسرائیل تفرقت ثنتین و سبعین ملةً، و تفترق أمتی علیٰ ثلاث و سبعین ملةً کلهم فی النار إلا ملةً واحدةً"، قالوا: من هی یا رسول اللّٰه؟ قال: "ما أنا علیه و أصحابی". (مشکوة المصابیح، کتاب الإیمان، باب الاعتصام بالکتاب والسنة، ص: ۳۰، قدیمی)

عمر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنهما و جابر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه وأنس رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه و نحوهم، ثم حدث الخلاف بعد ذلك شيئاً فشيئاً..... الخ". السراج المنير: ۱/ ۲٤۰ (۱)۔

ان فرقِ ضالہ کو نام بنام بھی شراح حدیث نے شمار کیا ہے۔ شروحِ ترمذی (۲) وابوداؤد میں تفصیل موجود ہے (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۳۰/ ۱۱/ ٦٦ھ۔

تہتر فرقہ والی حدیث پر اشکال

سوال[۵۳۳]: سرچشمہ ہدایت منبع علم وفضل! سلام مسنون

---

(۱) (السراج المنير شرح الجامع الصغير ،ص: ۲۵۱، مكتبة الإيمان ، المدينة المنورة)

(۲) "(تفترق أمتى على ثلاث وسبعين فرقةً) المراد من أمتى أمة الإجابة، وفى حديث عبدالله بن عمرو الآتى: "كلهم فى النار إلاّملةً واحدةً"، وهذا من معجزاته صلى الله عليه وسلم؛ لأنه أخبر عن غيب وقع. قال العلقمى: قال: شيخنا ألّف الإمام أبو منصور: قد علم أصحاب المقالات أنه صلى الله عليه وسلم لم يرد بالفرق المذمومة المختلفين فى فروع الفقه من أبواب الحلال والحرام، إنما قصد بالذم من خالف أهل الحق فى أصول التوحيد وفى شروط النبو ة والرسالة ..... بخلاف النوع الأول، فإنهم اختلفوا فيه من غير تكفير وتفسيق الخ". (تحفة الأحوذى، أبواب الإيمان، باب افتراق هذه الأمة: ۷/ ۳۹۷، مكتبه ألفيه، مدينه منوره)

(۳) "(افترقت اليهود الخ) هذا من معجزاته صلى الله عليه وسلم؛ لأنه أخبر عن غيب وقع، قال العلقمى: قال شيخنا ..... قد علم أصحاب المقاولات أنه صلى الله عليه وسلم لم يرد بالفرق المذمومة المخلفين فى فروع الفقه من أبواب الحلال والحرام، وإنما قصد بالذم من خالف أهل الحق فى أصول التوحيد وفى تقدير الخير والشر، وفى شروط النبوة والرسالة وفى موالاة الصحابة وما جرى مجرى هذه الأبواب؛ لأن المختلفين فيهاقد كفّر بعضهم بعضاً بخلاف النوع الأول، فإنهم اختلفوا فيه من غير تكفير ولا تفسيق للمخالف فيه". (عون المعبود شرح سنن أبى داؤد، أول كتاب السنة، باب شرح السنة: ۱۲/ ۲٦٦، دارالفكر، بيروت)

(وكذا فى بذل المجهود شرح سنن أبى داؤد: ۵/ ۱۸۸، كتاب السنة، باب شرح السنة، معهد الخليل الإسلامى بهادر آباد، كراچى)

Made searchable using ScribeTools.com

آپ کا مختصر سا جواب مجھ جیسے کم فہم انسان کی ہدایت کے لئے ناکافی ہے، خاص طور سے وہ حدیث جو جناب نے وضاحت کے طور پر تحریر فرمائی ہے یعنی: ''جس طریقہ پر اعتقادی، عملی، اخلاقی حیثیت سے میں ہوں اور میرے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہیں جو فرقہ اس طریقہ پر رہے گا نجات پا جائے گا''۔

جہاں تک مجھ کمترین کا علم ہے کہ فرق اسلام میں کوئی فرقہ ایسا نہیں ہے جو اپنے آپ کو اس کا مدعی نہ کہتا ہو کہ ہم رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے طریقہ پر قائم ہیں اور صرف ایک فرقہ کو چھوڑ کر جتنے فرقہ ہیں اپنے آپ کو مسلمان کہتے ہیں خواہ وہ حقیقتاً مسلمان نہ ہوں یہاں تک کہ قادیانی بھی یہ کہتے ہیں کہ ہم صحابہ کے عقائد پر قائم ہیں۔

سوال یہ ہے کہ یہ کیسے سمجھا جائے کہ کونسا فرقہ واقعی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اور صحابہ عظام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے طریقہ پر قائم ہے اور باقی نہیں ہیں جب کہ اکثر فرقوں کی بنیاد صحاحِ ستہ احادیث اور کلامِ پاک کی تفسیریں ہیں۔

مزید برآں یہ بات سمجھ میں نہیں آتی کہ رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے طریقہ کے ساتھ صحابہ کے طریقہ کی شرط کیوں لگائی، کیا صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے طریقوں اور حضور کے طریقہ میں فرق تھا اور اگر نہیں تھا تو اس.....قید کی کیا ضرورت تھی۔

صحابہ کے اقوال و اعمال میں نمایاں تضاد کتب احادیث میں قدم قدم پر نظر آتا ہے، کوئی مسئلہ خواہ وہ اعتقادی ہو یا عملی ہو یا اخلاقی ہو مابین فرق مسلمین ایسا نظر نہیں آتا۔ جس میں کوئی بھی فرقہ تمام صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو ہم خیال سمجھتا ہو اور ہر مسئلہ کے لئے بالکل مخالف سمت میں لیجانے والے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے اقوال کتب احادیث میں ملتے ہیں اور سب کی نہیں، تو زیادہ تر کی نسبت رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف کی گئی ہے اور یہی اختلافِ اقوال مسلمانوں میں فرقہ بندی کا سبب ہے۔

اس لئے مجھے یہ بات بالکل سمجھ میں نہیں آتی کہ وہ ہستیاں جن کے اقوال و اعمال مسلمانوں میں فرقہ بندیوں کا سبب ہیں انہیں کے طریقہ پر عمل درآمد نجات کا باعث ہوسکتا ہے۔ جب کہ مذکورہ اور مصدقہ حدیث میں بہتّر کی ہلاکت اور صرف ایک کی نجات کی خبر دی گئی ہے۔ امید ہے کہ جواب باصواب سے مشکور فرمائیں گے۔ تجمل حسین۔

مکرم ومحترم زید مجدکم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الجواب بید اللّٰہ تعالیٰ أزمة الحق والصواب حامداً و مصلیاً:

آپ کے سوال کا حاصل یہ ہے کہ:

اقوال صحابہ میں تضاد ہے اور یہ تضاد ہی امت میں فرقہ بندی کا سبب بنا ہے حتی کہ امت کے تہتّر فرقے ہوگئے صرف ایک فرقہ ناجی ہے اور بہتر فرقے جہنمی ہیں ان سب کی نہیں تو زیادہ تر کی نسبت رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف کی گئی ہے، لہذا فرقۂ ناجیہ تو وہ ہوگا جو کہ حضرت رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے طریقہ پر ہوگا، پھر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ کیوں ارشاد فرمایا کہ جس طریقہ پر میں ہوں اور میرے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنھم ہیں اس طریقہ کی پیروی کرنے والا فرقہ ناجی ہے، یعنی اپنے ساتھ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنھم کو کیوں شامل کیا جب کہ وہ خود ہی اپنے اختلافِ تضاد کے ذریعہ بہتر فرقوں کو جہنمی بنا رہے ہیں ان کی اتباع سے تو آدمی دوزخی بنے گا نجات نہیں پاسکتا۔

اگر واقعی آپ کے سوال کا حاصل یہی ہے تو جذبات سے یک سو ہوکر ذرا غور کریں کہ اس سوال کی بنیاد کیا ہے اور اس کا نتیجہ کیا ہے؟

صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے جو اقوال کتب احادیث میں بسند منقول ہیں جن کی وجہ سے امت کے اتنے فرقے بن گئے اور ان اقوال کی نسبت حضرت رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف کی گئی ہے، دو حال سے خالی نہیں: یہ نسبت صحیح کی گئی ہے یا غلط، اگر صحیح کی گئی ہے تو صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا کیا قصور ہے کہ انہوں نے جو کچھ حضرت رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنا یا عمل کرتے ہوئے دیکھا اس کو نقل کردیا، کیونکہ وہ اس کے مامور تھے، اس لحاظ سے ان کو اس میں نقل کے سوا کچھ بھی دخل نہیں۔ اور نقل صحیح ہے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ حضرت رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خود ہی تہتر قسم کی متضاد باتیں ارشاد فرمائیں، جن میں بہتر کے اختیار کرنے والوں کے لئے جہنم کا ٹکٹ تجویز فرما کر دوزخی ہونے کی سند دی اور صرف ایک کو اختیار کرنے والوں کے لئے جنت کی بشارت مرحمت فرمائی۔

اگر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے اپنے اقوال کی نسبت حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف غلط

Made searchable using ScribeTools.com

اور جھوٹ کی ہے (معاذ اللہ) تو پھر وہ خود ہی اعتماد کے قابل نہیں رہے، لہذا جو چیز بھی وہ نقل فرمائیں کوئی بھی قابل اعتماد نہیں ہوگی، پس قرآن کریم، حدیث شریف، توحید ورسالت، ایمان واسلام، اسوہ، سنت، بدعت، عبادات، معاملات، احکام، اخلاقیات، یہ سب چیزیں جو حضرات صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہی کے نفوس قدسیہ کے ذریعہ بعد والوں تک پہنچی ہیں ان پر کیسے اعتماد کیا جائے گا جب کہ ان پاکیزہ ہستیوں ہی کو نقل میں کاذب تصور کرلیا جائے گا؟ استغفر اللّٰہ العظیم۔

پھر اس حدیث مسئولہ ہی پر کیا اعتماد کیا جائے گا اس حیثیت سے کہ وہ تہتر متضاد باتیں فرما کر بہتر کے تسلیم کرنے والوں کو خود ہی جہنم میں بھیج رہے ہیں، حالانکہ اللہ پاک نے ان کی بعثت کا مقصد یہ فرمایا ہے کہ وہ جہنم سے بچائیں جنت کی طرف لائیں تو جس آدمی کو اپنے رسول پر اعتماد نہ رہے خود ہی غور کرلیا جائے کہ رسول کے نزدیک اس کا مقام کہاں ہے اور اللہ پاک کے نزدیک کہاں ہے؟ دوسری صورت میں صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم پر اعتماد نہ کر کے سارے دین ہی کو ناقابل اعتماد قرار دیدیا جاتا ہے۔

غرض دونوں صورتوں میں سے جو صورت بھی کسی سینہ میں ہوگی اس سینہ میں نہ ایمان ہوگا، نہ توحید، نہ رسالت، نہ قرآن، نہ حدیث، نہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اخلاق فاضلہ، یہ سب چیزیں رخصت ہو کر اس سینہ میں شیطان کا گھونسلہ ہوگا اور اس کے لوازمات، اس لئے کہ ایک مؤمن تو اس سوال کو اپنے سینہ میں جگہ دے ہی نہیں سکتا، ہاں! کوئی غیر مؤمن اس کو جگہ دے کر مؤمنوں کے دل میں وسوسہ اندازی کرے تو یہ ممکن ہے اس کے جواب کی صورت میں اس کے مسلمات کے معلومات ہونے پر پیش کی جاسکتی ہے کہ آیا وہ قرآن وحدیث سے آزاد ہو کر صرف اپنی عقل کی روشنی میں جواب کا طالب ہے یا کوئی اور صورت ہے۔ اور جن اصول کے پیش نظر وہ جواب کا خواہشمند ہے وہ اصول خود بھی صحیح ہیں یا مجروح ہیں، بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آں محترم نے بھی سوال کسی ایسے ہی شخص سے سنا ہے خود آپ کے قلب میں نہیں ہوا اور خدا کرے پیدا بھی نہ ہو، اگر بطور وسوسہ آئے بھی تو اس کی تباہ کن خطرناکی کے تصور سے (جس کی تفصیل احقر نے عرض کی ہے) فوراً ختم ہو جائے۔ واللہ الموفق والمعین۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند

Made Searchable by ScribeTools.com

کیا حنفی مسلک قبول اسلام سے مانع ہے؟

سوال[۵۳۴]: مقدمۂ سوال یہ ہے کہ مولوی سراج احمد فیروز آبادی نے اپنا نام فرضی ''مہاشے رام نرائن سکسینہ مناظر آریہ سماج'' کہا اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ پر اعتراض کئے ہیں اور کہتے ہیں کہ میں مسلمان ہو جاتا مگر امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے مسائل کی وجہ سے مسلمان نہیں ہونا۔ اور لکھا ہے کہ امام صاحب کہتے ہیں کہ عورت کی شرمگاہ کی رطوبت پاک ہے، مردہ یا چوپایہ سے جو بدکاری کرے تو روزہ کا کفارہ نہیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

اس شخص کو امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے مذہب میں خرابی اور برائی نظر آئی، امام مالک، امام شافعی، امام احمد رحمہم اللہ کے مذہب میں تو کوئی خرابی نظر نہیں آئی، تو سلامتی کا راستہ یہ ہے کہ جس مذہب میں خرابی اور برائی نظر نہیں آئی اس کو قبول کرلے، امام بخاری، امام مسلم، ابن تیمیہ وغیرہ جن کا مذہب پسند ہو اسی کو اختیار کرلے، جب وہ اسلام میں داخل ہو جائے گا اور کسی بھی امام کے مسلک کو اختیار کرے گا تو انشاء اللہ نجات کا مستحق ہو جائے گا، ہم ہرگز اس کو امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کی تقلید پر مجبور نہیں کریں گے۔

یہ جواب اس وقت ہے کہ سائل کے دل میں قبول اسلام کا داعیہ اور جذبہ ہو اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے مذہب کو خراب سمجھ کر اسلام قبول کرنے میں رکاوٹ ہو رہی ہو، جب سائل اسلام قبول کرے گا تو اس کے لکھے ہوئے اعتراضات بہت سہولت سے حل ہو جائیں گے۔ اگر سائل کا مقصود اسلام قبول کرنا نہیں بلکہ صرف اعتراض کر کے دل کی بھڑاس نکالنا مقصود ہے تو جب اس کے نزدیک اسلام ہی صحیح نہیں تو مذہبِ حنفی پر اعتراض کی کیا حیثیت باقی رہ جاتی ہے؟ کیونکہ یہ تو شجرۂ اسلام کی شاخ ہے، اس اعتراض کو اخبارات میں شائع کرنا ہے تو جس طرح اور جس نام سے چاہے شائع کردے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔ ﴿واللہ یھدی من یشاء إلی صراطٍ مستقیم﴾۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۰/۴/۱۴۰۱ھ۔

کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور دیگر پیغمبروں کی امت کو ''مسلمان'' کہا جاتا ہے؟

سوال[۵۳۵]: حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور تمام پیغمبروں کی امت کو ''مسلمان'' کہتے تھے یا کیا کہتے

Made searchable using ScribeTools.com

تھے جیسا کہ بانی اسلام حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی امت کو مسلمان کہتے ہیں؟

الجواب حامداً مصلیاً:

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جو کچھ احکام خداوندی پہنچائے ان کو ماننے والے اور ان پر ایمان لانے والے سب مسلم ہیں: ﴿سماکم المسلمین﴾ (۱) جن میں اصلی یہودی اور نصاریٰ بھی تھے (۲) مگر موجودہ یہود و نصاریٰ کا حال وہ نہیں اس لئے وہ مسلم نہیں، اب صرف حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ایمان لانے والے لوگ مسلم ہیں (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۱۰/۸۵ھ۔

ہندو، یہود، نصاریٰ، جنات کس کی امت میں ہیں؟

سوال [۵۳۶]: تمام عالم میں انسان اور جنات کس کی امت میں کہلائیں گے یعنی یہودی، عیسائی اور ہندو لوگ کس کی امت میں ہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قیامت تک پیدا ہونے والے جنات اور انسانوں کے لئے نبی بنا کر

---

(۱) (الحج: ۷۸)

(۲) قال الله تعالیٰ: ﴿ربنا واجعلنا مسلمین لک و من ذریتنا أمةً مسلمةً لک﴾ و قوله: هذا سبب لتسمیتهم بذلک فی هذا لدخول أکثرهم فی الذریة، فجعل مسمیاً لهم فیه مجازاً". (روح المعانی (الحج: ۷۸): ۱۷/۲۱۰، داراحیاء التراث العربی)

(۳) اس وقت یہود و نصاریٰ پر "مسلم" کا اطلاق نہیں ہوگا اور پہلے جو ہوتا تھا وہ بھی مجازاً ہوتا تھا، ورنہ یہ نام اس امت کے ساتھ خاص ہے جیسا کہ علماء نے تصریح کی ہے: "و لم یذکر الله بالإسلام والإیمان غیر هذه الأمة، ذکرت بالإیمان والإسلام جمیعاً، و لم نسمع بأمة ذکرت إلا بالإیمان". (تفسیر الطبری، (الحج: ۷۸): ۸/۲۰۸، مصطفی البابی الحلبی مصر)

اور علامہ سیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ نے "إتمام النعمة فی اختصاص الإسلام بهذه الأمة" ایک مستقل رسالہ تصنیف کیا ہے جو "الحاوی للفتاویٰ" کی دوسری جلد، ص: ۵۵-۱۳۸، دارالفکر بیروت، لبنان، میں شامل ہے۔

بھیجے گئے ہیں، یہود، نصاریٰ، ہندوسب کے ذمہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ایمان لانا ضروری ہے(۱)، جو ایمان لائیں گے ان کو امتِ اجابت کہا جائے گا، پس ہیں تو سب آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی امت میں، کیونکہ آپ سب کے نبی ہیں، مگر جو ایمان نہیں لائے انہوں نے سرکشی اور کفر اختیار کر کے خدا کے غضب کو سر رکھا اور جو ایمان لائے انہوں نے رحمت ونعمت کو لیا(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۵/ ۸/ ۹۳ھ۔

یہود ونصاریٰ اہلِ کتاب ہیں یا نہیں، ان کی عورتوں سے نکاح اور ان کا ذبیحہ

سوال[۵۳۷]: کیا جو عیسائی اور یہودی حضور رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بعثت کے وقت

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿قل يا أيها الناس إني رسول الله إليكم جميعاً﴾(الاعراف :۱۵۸)

وقال الله تعالیٰ: ﴿و ما أرسلنک إلا كافةً للناس بشيراً و نذيراً﴾. (سبا:۲۸)

"قل يا محمد! لجميع البشر من العرب وغيرهم، بيض وأسود : إني رسول الله إليكم جميعاً، لا إلى قومي العرب خاصةً، و إلى كل وقت و زمن إلى يوم القيامة". (التفسير المنير ،(الاعراف:۱۵۸) : ۱۲۸/۹، دارالفكر)

"أمرَ عليه الصلاة والسلام بأن يصدع بما فيه تبكيت لليهود الذين حرموا اتباعه، وتنبيه لسائر الناس على افتراء من زعم منهم أنه صلى الله تعالیٰ عليه وسلم مرسل إلى العرب خاصةً، وقيل: إنه أمر له عليه الصلوة والسلام ببيان أن سعادة الدارين المشار إليهما فيما تقدم غير مختصة بمن اتبعه من أهل الكتابين بل شاملة لكل من يتبعه كائناً من كان، و ذلک ببيان عموم رسالته صلى الله تعالیٰ عليه وسلم، وهي عامة للثقلين كما نطقت به النصوص حتى صرحوا بكفر منكره، و ما هنا لا يأبى ذلک". (روح المعانی ، (الاعراف :۱۵۸): ۸۲/۹، دار إحياء التراث العربی)

(۲) "الأمة جمع لهم جامع من دين أو زمان أو مكان أو غير ذلک، فإنه مجمل يطلق تارةً و يراد بها كل من كان مبعوثاً إليهم نبي آمنوا به أو لم يؤمنوا، ويسمون أمة الدعوة، والأخرى و يراد بهم المؤمنون به المذعنون له، و هم أمة الإجابة". (فيض القدير ،تحت رقم الحديث : ۱۲۲۱، ۱۴۷۰/۳، مصطفی الباز) (وشرح الطيبی ، كتاب الإيمان : ۴۴۹/۲،)

(فتح الباری ، كتاب الرقاق ، باب يدخل الجنة سبعون ألفاً بغير حساب : ۴۱۱/۱۱، دار المعرفة بيروت)

Made searchable using ScribeTools.com

موجود تھے اور وہ ایمان نہیں لائے اور جواب تک ایمان نہیں لائے کافر ہیں یا نہیں اور وہ اہل کتاب کہلانے کے مستحق ہیں یا نہیں؟ اگر ہیں تو کیا ان کے ساتھ بیاہ شادی کھانا پینا اب بھی ان کے ساتھ جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

"(وصح نكاح كتابية) وإن كره تنزيهاً (مؤمنة بنبی)مرسلٍ(مقرة بكتاب) منزل، وإن اعتقدوا المسيح إلهاً، وكذا حلّ ذبيحتهم على المذهب۔ بحر الخ" (درمختار) قلت: علل ذلك فی البحر بأن التحريمية لابدلها من نهی أو مافی معناه؛ لأنها فی رتبة الواجب الخ ۔وفيه: أن إطلاقهم الكراهة فی الحربية يفيدأنها تحريمية، والدليل عند المجتهد على أن التعليل يفيد ذلك، ففی الفتح: ويجوز تزوج الكتابيات، والأولى أن لايفعل، ولايأكل ذبيحتهم إلا للضرورة، وتكره الكتابية الحربية إجماعاًلافتتاح باب الفتنة من إمكان التعلق المستدعى للمقام معها فی دارالحرب، وتعريض الولد على التخلق بأخلاق أهل الكفر وعلى الرق بأن تسبی وهی حبلى فيولد رقيقاً، و إن كان مسلماً الخ"۔

"فقوله:(والأولى أن لايفعل) يفيد كراهة التنزيه فی غير الحربية، ومابعده يفيد كراهة التحريم فی الحربية تأمل(قوله: على المذهب): أي خلافاً لما فی المستصفى من تقييد الحل بأن لايعتقدواذلك، و يوافقه مافی مبسوط شيخ الإسلام: يجب أن لا يأكلوا ذبائح أهل الكتاب إذااعتقدواأن المسيح إله وأن عزيراً إله، ولايتزوجوا نسائهم، قيل: وعليه الفتوى الخ"۔ ردالمحتار (۱)۔

عبارت مذکورہ سے معلوم ہوا کہ جو فرقے کتابی ہیں، کسی نبی رسول پر ایمان رکھتے ہیں، کسی آسمانی کتاب کے مقر اور معتقد ہیں، ایسے فرقوں کی عورتوں سے نکاح کرنا صحیح ہے، مگر ایسا کرنا مکروہ ہے۔ پھر بعض علماء کے نزدیک یہ مکروہ تنزیہی ہے اور بعض فرماتے ہیں کہ کتابیہ ذمیہ سے تو مکروہ تنزیہی ہے اور حربیہ سے مکروہ تحریمی

---

(۱) (الدرالمختارمع ردالمحتار، كتاب النكاح : ۴۵/۳، سعيد)

(وكذا فی البحرالرائق، كتاب النكاح ، فصل فی المحرمات : ۱۸۲/۳ ، رشيديه)

(و كذا فی تبيين الحقائق، كتاب النكاح ،فصل فی المحرمات: ۲/ ۴۷۷، عباس أحمد الباز)

ہے۔ذمیہ وہ ہے جو اسلامی حکومت میں مسلمان بادشاہ کی رعیت بن کر رہے۔حربیہ وہ ہے جو ایسی نہ ہو۔

بعض علماء فرماتے ہیں کہ کتابیہ سے اس وقت نکاح جائز ہے کہ وہ حضرت عیسی علیہ الصلاۃ والسلام اور حضرت عزیر علیہ الصلاۃ والسلام کے متعلق یہ اعتقاد نہ رکھتی ہو کہ وہ معبود ہیں یعنی اس کا عقیدہ مشرکانہ نہ ہو، ورنہ جائز نہیں اور ایک جماعت نے اسی پر فتوی دیا ہے، یہی حکم ذبیحہ کا بھی ہے۔

آج کل کے عیسائی عامۃً مذہب کے منکر ہیں، کسی کتاب اور دین کے قائل نہیں، نہ ان کے پاس کوئی آسمانی کتاب ہے، لہٰذا اس کا حکم اہل کتاب کا نہیں، اور جو کتاب انجیلِ مقدس کو مانتے ہیں تو اس میں ہمیشہ تغیر وترمیم کر کے پرانے احکام کو خارج اور نئے احکام کو جو زمانے کی رفتار کے مطابق ہوں داخل کرتے رہتے ہیں، جس سے ہر نئی طبع ہونے والی انجیل پرانی انجیل کے لئے ناسخ بنتی رہتی ہے، پس اگر چہ کوئی دین کوئی آسمانی دین نہیں، نہ ان کی کتاب آسمانی کتاب رہی تاہم ان کا حکم اہل کتاب کا حکم ہوگا یہی حکم یہودی کا ہے۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۴/ ۷/ ۵۸ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔

صحیح: عبد اللطیف، ۶/ رجب المرجب/ ۵۸ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

Made searchable using ScribeTools.com

باب الکفریات

(کفریات کا بیان)

کفر کی تعریف

سوال[۵۳۸]: امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ کا تارکِ صلوۃ عمداً کے بارے میں کیا مذہب ہے؟ اگر کسی جگہ مطالعہ میں آیا ہو کہ امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ کا فتوی کفر پر ہے تو وضاحت سے تحریر فرمائیں، کفر کی اصطلاحی جامع مانع تعریف کیا ہے جو قرآن وحدیث سے ثابت ہے؟ کیا کفر میں دخول وعدم دخول کے بارے میں مراتب ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

شوافع کے نزدیک جو شخص عمداً بلا کسی عذر کے نماز ترک کردے اس کو بطورِ حد قتل کیا جائے گا اور ان کے نزدیک وہ شخص کافر نہیں ہوتا:

"من أخرج من المكلفين مكتوبةً كسلاً و لو جمعةً و إن قال: أصليها ظَهراً عن أوقاتها كلها، قتل حداً، لا كفراًالخ". (شرح منهج الطلاب على هامش شرحه للجيرى: ۱/۴۹۳) (۱)۔

"أقول: والجَنة لا يدخلها كافر، فيه ردّ على من قال: إن ترك الصلوة كفر، و هو مذهب الإمام أحمد"۔ (شرح الجيرى: ۱/۴۹۳)۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جن ضروریات کے ساتھ مبعوث ہوئے، اس کے انکار کو اصطلاح شرع میں کفر کہتے ہیں۔

"الكفر لغةً ستر النعمة، وأصله الكفر بالفتح و هو الستر۔ ومنه قيل للزراع والليل: كافر، و لكمام الثمرة: كافور۔ وفى الشرع. إنكار ما علم بالضرورة مجئ الرسول به، و إنما

---

(۱) "من أخرج مكتوبةً و لو جمعةً عن أوقاتها قتل حداً". (متن المنهج لشيخ الإسلام زكريا الأنصارى على هامش منهاج الطالبين، باب من أخرج مكتوبة، ص: ۲۳، مصطفى البابى بمصر)

عُدّ منه لبس الغِيا و شد الزنار ونحوهما كفراً، لأنها تدل على التكذيب، فإن من صدق رسول اللّٰهصلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم لا يجترىء عليها ظاهر إلا أنها كفر فى أنفسها "۔ (بيضاوى سورة بقرة، ص:۲۳ (۱)۔

نفس کفر موجبِ دخولِ جہنم ہے: ﴿ إن اللّٰه لا يغفر أن يشرك به و يغفر ما دون ذلك لمن يشاء﴾ (۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۲۳/۴/۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۲۸/۴/۸۸ھ۔

منافق کی تعریف

سوال[۵۳۹]: ۱.....نصوصِ قرآنیہ (جو منافقین کی شان میں ہیں) کے متعلق کہنے والا کہ وہ منافقین جن کی شان میں یہ نصوص ہیں اب موجود نہیں، اس لئے یہ متروک العمل والاستدلال ہیں، شرعاً کہاں تک حق بجانب ہے؟

۲.....منافق کی شرعاً کیا تعریف ہے؟ اگر آج کل منافق موجود ہیں تو ان کے لئے کن نصوص سے استدلال کیا جاسکتا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

۱.....ایسے منافقین اب بھی موجود ہیں، لیکن انقطاعِ وحی کے بعد منافق ہونے کا حکم لگانا دشوار ہے (۳)۔

---

(۱) (تفسير البيضارى تحت قوله تعالىٰ: ﴿ إن الذين كفروا ﴾ (البقرة: ۷)، ص:۲۳، نور محمد كتب خانه)

(۲) (النساء: ۴۸)

"والكفر لغةً :الستر، و شرعاً : تكذيبه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى شىء مما جاء به من الدين ضرورةً". (الدر المختار، كتاب الجهاد، باب المرتد: ۲۲۳/۴، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۲۰۲/۵، رشيديه)

(۳) "عن حذيفة رضى الله عنه :"إنما كان النفاق على عهد النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فأما اليوم فإنما هو الكفر بعد الإيمان..... والذى يظهر أن حذيفة لم يُرِد نفى الوقوع، و إنما أراد نفى اتفاق =

Made searchable using ScribeTools.com

۲.....جس کے باطن میں کفر ہو ظاہر میں اسلام، وہ منافق ہے(۱) مگر اس کی تعیین بس میں نہیں کہ ایسا کون ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/۱۰/۹۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/۱۰/۹۲ھ۔

علاماتِ نفاق

سوال[۵۴۰]: کون سے عمل سے مسلمان منافق ہوجاتا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اصل نفاق تو یہ ہے کہ دل میں کفر، زبان سے اسلام کا اقرار ہو(۲)، باقی کچھ علامتیں بھی حدیث پاک میں بتائی گئی ہیں مثلاً: یہ کہ جب کوئی وعدہ کرتا ہے، اس نیت سے کرتا ہے کہ یہ پورا نہیں کرے گا، جب بات کرتا ہے جھوٹ بولتا ہے، لڑائی ہوجائے تو گالی دیتا ہے، جب اس کے پاس کچھ امانت رکھی جائے تو اس

= الحكم؛ لأن النفاق إظهار الإيمان و إخفاء الكفر، ووجود ذلك ممكن في كل عصر، و إنما اختلف الحكم؛ لأن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان يتألفهم و يقبل ما أظهروه من الإسلام و لو ظهر منهم احتمال خلافه، و أما بعده فمن أظهر شيئاً فإنه يؤاخذ به و لا يترك لمصلحته التألف لعدم الإحتياج إلى ذلك" (فتح الباري، كتاب الفتن، باب إذا قال عند قوم شيئاً ثم خرج فقال بخلافه: ۱۳/۷۴، دار نشر الكتب الإسلامية)

(وكذا في إرشاد الساري، كتاب الفتن، باب إذا قال عند قوم شيئاً ثم خرج فقال بخلافه: ۱۵/۶۱، دار الكتب العلمية بيروت)

(۱) "من يبطن الكفر -والعياذ بالله تعالىٰ- و يظهر الإسلام، فهو المنافق". (البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۵/۲۱۲، رشيديه)

(وكذا في رد المحتار، كتاب الجهاد، باب المرتد، مطلب في الفرق بين الزنديق والمنافق: ۴/۲۴۱، ايچ ايم سعيد)

(۲) "هو إبطان الكفر وإظهار الإسلام". (مرقاة المفاتيح، كتاب الإيمان، باب الكبائر وعلامات النفاق: ۱/۲۲۷، رشيديه)

میں خیانت کرتا ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱/ ۷/ ۱۴۰۶ھ۔

فاسق وزندیق کی تعریف

سوال[۵۴۱]: فاسق کس کو کہتے ہیں اورزندیق کس کو کہتے ہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

فاسق وہ ہے جوکبیرہ گناہ کرے(۲)، زندیق وہ ہے جوکفر کے کام کرے اور پھر جب اس پر گرفت کی جائے تو یا تو تاویل کرے یا توبہ کرے مگر پھر ویسے ہی کام کرتا رہے(۳)، اس لئے کہ اس کے دل میں کفر ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۵/ ۱۱/ ۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۱۶/ ۱۱/ ۸۸ھ۔

---

(۱)"عن عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : "أربع من کن فیہ کان منافقاً خالصاً، ومن کانت فیہ خصلة منھن کانت فیہ خصلة من النفاق حتی یدعھا: إذا اؤتمن خان، وإذا حدث کذب، وإذا عاھد غدر، وإذا خاصم فجر". (مشکوة المصابیح، باب الکبائر وعلامات النفاق ، ص: ۱۷ ،قدیمی)

(وصحیح البخاری، کتاب الإیمان ،باب علامة المنافق: ۱/ ۱۰ ،قدیمی)

(والصحیح لمسلم، کتاب الإیمان ،باب خصال المنافق: ۱/ ۵۶ ،قدیمی)

(۲) "قال الراغب : والفسق أعم من الکفر، و یقع بالقلیل من الذنوب وبالکثیر ، لکن تعورف فیما کانت کثیرةً، وأکثر ما یقال الفاسق لمن التزم حکم الشرع و أقر بہ، ثم أخل بجمیع أحکامہ أو ببعضھا ..... و وصف الإنسان بہ علی ماقال ابن الأعرابی لم یسمع فی کلام العرب، والظاھر أن المراد بہ ھنا المسلم المخل بشیء من أحکام الشرع". قالہ العلامة الآلوسی رحمة اللہ تعالیٰ تحت قولہ تعالیٰ: ﴿ إن جاء کم فاسق بنبأ﴾ الایة :(الحجرات : ۶) (روح المعانی : ۲۶/ ۱۴۵ ،دار إحیاء التراث العربی بیروت)

(۳) "الزندیق..... ھو من لایتدین بدین، و أما من یبطن الکفر والعیاذ باللہ تعالیٰ و یظھر الإسلام ، فھو المنافق ، ویجب أن یکون حکمہ فی عدم قبولنا توبتہ کالزندیق؛ لأن ذلک فی الزندیق لعدم الإطمینان =

Made searchable using ScribeTools.com

التزام کفر اور لزومِ کفر کی تعریف کفر ابی جہل اور کفر منافقین وغیرہ میں فرق

سوال[۵۴۲]: ۱.....التزام کفر ولزوم کفر کی تعریف کیا ہے؟

سوال : ۲.....کفر ابی جہل، کفر اہل کتاب، کفر منافقین اور کفر روافض کے درجات مختلف ہونے کی صورت میں ہر ایک کی تشریح اور اس کا حکم کیا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

۱.....لزوم کفر کا حاصل تو یہ ہے کہ آدمی کوئی ایسا عقیدہ رکھے یا ایسا عمل اختیار کرے یا ایسی بات کہے جس سے کوئی کفر لازم آجائے، (لیکن جب اس سے کہا جائے کہ یہ کفر لازم آ گیا تو وہ اس کفر کو تسلیم نہ کرے بلکہ اس سے برأت کردے)۔ التزام کفر یہ ہے کہ خود اس کفر کو تسلیم کرلے اس سے برأت نہ کرے(۱)۔

۲.....کفر ابی جہل تو اصلی کفر ہے کہ ایمان کی اس کو ہوا بھی نہیں لگی، نہ ایمان کا دعویٰ کیا، اخیر تک اپنے کفر کا مقر اور اس پر مصر رہا اور اسلام کے مقابلہ میں پوری طاقت صرف کر کے غزوۂ بدر میں قتل ہوا، ہمیشہ ہمیشہ کے لئے جہنم میں پہونچ گیا۔

کفرِ اہل کتاب یہ ہے کہ وہ اپنے پیغمبر اور اپنی کتاب پر ایمان کے مدعی ہیں اور ان کے دین کو تسلیم کرنے کا دعویٰ کرتے ہیں، حالانکہ ان کی کتاب محرف ہے(۲) اور ان کا دین منسوخ ہے۔ نیز اپنے پیغمبر کے لئے بھی ایسی باتیں مانتے ہیں جن کا ماننا درست نہیں (مثلاً پیغمبر کو خدا یا خدا کا بیٹا کہا)(۳)۔ پس ان کا کفر باوجود

= إلى ما يظهر من التوبة إذا كان يخفى كفره الذى هو عدم اعتقاده ديناً" . (البحر الرائق ، كتاب السير ، باب أحكام المرتدين : ۵/۲۱۲، رشيديه)

(ورد المحتار ، كتاب الجهاد ، باب المرتد : ۴/۲۴۱، ۲۴۲، سعيد)

(۱) راجع للتفصيل: (إكفار الملحدين (مترجم)، لزومِ كفر اور التزامِ كفر كا فرق، ص: ۲۶۲-۲۶۴، مكتبه لدهيانوى)

(۲) قال الله تعالىٰ:﴿ من الذين هادوا يحرفون الكلم عن مواضعه﴾ (الاية) (النساء : ۴۶)

والبسط فى (روح المعانى تحت آيات سورة النساء رقمها : ۴۸، ۴۹، ۵۰، : ۳/۱۷۲، ۱۷۳، ۱۷۵، دار إحياء التراث العربى)

(۳) قال الله تعالىٰ : ﴿و قالت اليهود عزير ابن الله، وقالت النصارى المسيح ابن الله﴾ (الآية) (التوبة: ۳۰)

Made Searchable by ScribeTools.com

دعوائے ایمان کے ایک تو اس وجہ سے ہے کہ وہ اپنے پیغمبر سے متعلق کفریہ عقیدہ رکھتے ہیں، دوسرے اس وجہ کہ وہ نبی آخرالزمان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ان پر نازل ہونے والی کتاب قرآن کریم پر ایمان نہیں رکھتے بلکہ کفر کرتے ہیں (۱)، ان کا حکم بھی ابوجہل کے مثل آخرت کے اعتبار سے بیان کیا گیا ہے:

﴿إن الذين كفروا من أهل الكتاب والمشركين فى نار جهنم خالدين فيها، أولئك هم شر البرية﴾۔ الاية پاره: ۳۰ (۲)۔

منافقین ایمان کا دعوی کرتے اور کفر سے بالکل برأت ظاہر کرتے تھے: ﴿إذا جاء ك المنافقون قالوا نشهد إنك لرسول الله﴾ الآية (۳)۔

رسالت، یومِ آخر سب ہی چیزوں پر ایمان کا اظہار کرتے تھے: ﴿و من الناس من يقول آمنا بالله و باليوم الآخر﴾ الایۃ (۴) مگر ان کا یہ صرف زبانی دعوی تھا، دل میں ایمان نہیں تھا، دھوکہ دینے کے لئے دعویٰ کرتے تھے: ﴿و ما هم بمؤمنين﴾ (۵) ﴿يخادعون الله والذين آمنوا﴾ ۔الایۃ (۶) ﴿يقولون بأفواههم ماليس فى قلوبهم﴾ الایۃ (۷)۔ان کا حکم قرآن شریف میں مذکور ہے: ﴿إن المنافقين فى الدرك الأسفل من النار﴾ الاية (۸) ۔

روافض کے متعدد فرقے ہیں: بعض کہتے ہیں نبی آخرالزمان حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں، حضرت

---

(۱) قال الله تعالىٰ : ﴿الذين اتينا هم الكتاب يعرفونه كما يعرفون أبناء هم و إن فريقاً منهم ليكتمون الحق و هم يعلمون﴾ . (البقرة : ۱۴۶)، وقال تعالىٰ : ﴿و إذا قيل لهم آمنوا بما أنزل الله ، قالوا نؤمن بما أنزل علينا، و يكفرون بما ورآء ه، وهو الحق مصدقاً لما معهم﴾. (الآية) (البقرة : ۹۱)

(۲) (البينة : ۶)

(۳) (المنفقون : ۱)

(۴) (البقرة : ۸)

(۵) (البقرة : ۸)

(۶) (البقرة : ۹)

(۷) (آل عمران : ۱۶۷)

(۸) (النسآء : ۱۴۵)

Made searchable using ScribeTools.com

جبرئیل علیہ السلام نے غلطی سے وحی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس پہونچادی تھی، بعض قرآن کریم میں تحریف کا عقیدہ رکھتے ہیں، بعض حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر بہتان لگاتے ہیں، بعض اکابرِ صحابہ کی تکفیر کرتے ہیں، بعض ان کی تفسیق کرتے ہیں وغیرہ وغیرہ (۱)۔ان میں سے جوفرقے نصوصِ قطعیہ کے منکر ہیں، ان کا حکم فتاوی عالمگیری میں لکھا ہے: "أحكامهم أحكام المرتدين "(۲) ایسے لوگ اسلام سے خارج ہیں اور جوفرقے نصوصِ قطعیہ کے منکر نہیں ان پر کفر کا حکم لگانے سے کف لسان کا حکم ہے۔ كذا في رد المحتار (۳)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

موجباتِ کفر اور تجدیدِ ایمان

سوال[۵۴۳]: احقر کے عریضہ (منسلک ہذا) سوال نمبر:۳ کے جواب میں حضرت والا نے تحریر فرمایا

---

(۱) (راجع رقم: ۲، ۳)

(۲) والعبارة بأسرها : "و لو قذف عائشة رضي الله تعالىٰ عنها، كفر بالله ..... و يجب إكفارهم بإكفار عثمان و علي و طلحة و زبير و عائشة رضي الله تعالىٰ عنها وعهنم..... و يجب إكفار الروافض ..... بقولهم : إن جبريل عليه السلام غلط في الوحي إلى محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم دون عليّ بن أبي طالب رضي الله تعالىٰ عنه، و هؤلاء القوم خارجون عن ملة الإسلام، و أحكامهم أحكام المرتدين، كذا في الظهيرية". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، الباب التاسع في أحكام المرتدين، مطلب : موجبات الكفر أنواع، منها ما يتعلق بالأنبياء عليهم السلام : ۲/۲۶۴، رشيديه)

(وكذا في غنية المستملي المعروف بحلبي كبير، فصل في الإمامة، ص: ۵۱۴، ۵۱۵، سهيل اكيڈمي)

(وكذا في تنبيه الولاة والحكام على أحكام شاتم خير الأنام، لإبن عابدين، من مجموعة رسائله : ۱/۳۵۹، سهيل اكيڈمي لاهور)

(۳) "إن الرافضي إن كان ممن يعتقد الألوهية في عليّ، أو أن جبريل غلط في الوحي، أو كان ينكر صحبة الصديق، أو يقذف السيدة الصديقة، فهو كافر؛ لمخالفة القواطع المعلومة من الدين بالضرورة، بخلاف ما إذا كان يفضّل علياً أو يسب الصحابة، فإنه مبتدع لا كافر". (رد المحتار، كتاب النكاح، فصل في المحرمات : ۳/۴۶، سعيد)

کہ ''کسی قول یا فعل کی وجہ سے آدمی اسلام سے خارج ہوجائے تو ایسے شخص کو تجدید ایمان کے ساتھ موجبات کفر سے براءۃ بھی ضروری ہے'' اس کی تصریح مطلوب ہے۔

۱.....تجدیدِ ایمان کا کیا مطلب ہے اور کیا طریقہ ہے؟

۲.....موجباتِ کفر سے کیا کیا مراد ہے اور وہ کیا کیا ہیں؟

۳.....اگر زکوۃ ادا کر چکا ہو تو کیا دوبارہ ادا کرنا ہوگا جب کہ استطاعت ہو؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

۱.....کلمۂ شہادت زبان سے ادا کرے اور دل سے اس کی تصدیق کرے، جس چیز سے انکار کی بنا پر ایمان سے خارج ہوا اس کا اقرار کرے۔ اگر اسلام سے خارج ہو کر مثلاً عیسائیت کو اختیار کرلیا تھا تو اس سے بیزاری اور براءت کرے (۱)۔

۲.....وہ بہت ہیں: خدائے پاک کی ذات وصفات کا انکار، اس کی شان میں گستاخی (۲)۔ کسی رسول

---

(۱) ''ثم اعلم أن من أراد أن يكون مسلماً عند جميع طوائف الإسلام، فعليه أن يتوب من جميع الآثام صغيرها وكبيرها، سواء ما يتعلق بالأعمال الظاهرة أو بالأخلاق الباطنة، ثم يجب عليه أن يحفظ نفسه في الأقوال والأفعال والأحوال من الوقوع في الارتداد، نعوذ بالله من ذلك، فإنه مبطل للأعمال وسوء خاتمة المآل، وإن قدر الله عليه، و صدر عنه ما يوجب الردة، فيتوب عنها و يجدد الشهادة لترجع السعادة''. (شرح الفقه الأكبر لملا على القارئ، بحث التوبة، ص: ۱۶۱، قديمی)

وفی مجمع الأنهر: ''و جحود الكفر توبة''. (أواخر باب المرتد: ۵۰۲/۲، مكتبه غفاريه كوئٹه)

(وكذا فی الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، قبيل الباب العاشر فی البغاة: ۲۸۳/۲، رشيديه)

(۲) ''إذا وصف الله تعالىٰ بما لا يليق به، أو سخر بإسم من أسمائه أو بأمر من أوامره، أو أنكر صفة من صفات الله تعالىٰ ..... يكفر''. (مجمع الأنهر، كتاب السير والجهاد، باب المرتد، ألفاظ الكفر أنواع: الأول فيما يتعلق بالله تعالىٰ: ۵۰۴/۲، مكتبه غفاريه كوئٹه)

(وكذا فی الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، الباب التاسع فی أحكام المرتدين، مطلب: موجبات الكفر أنواع: ۲۵۸/۲، رشيديه)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۲۰۲/۵، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

کا انکار، اس کی شان میں گستاخی (۱)۔ خدائی کتاب کا انکار، اس کی شان میں گستاخی (۲)، عقیدہ آخرت (۳) اور ملائکہ کا انکار (۴) وغیرہ وغیرہ۔ کتاب "مالا بد منه" (۵) میں ایسی بہت سی چیزیں لکھی ہیں۔

۳.....تجدید ایمان کے بعد سالہائے گذشتہ کی زکوۃ دوبارہ دینا لازم نہیں (۶)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۲۲/ ۵/ ۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۲۳/ ۵/ ۸۷ھ۔

---

(۱) "من لم يقر ببعض الأنبياء عليهم الصلوة والسلام ..... فقد كفر". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، الباب التاسع فى أحكام المرتدين، مطلب: موجبات الكفر أنواع، ومنها ما يتعلق بالأنبياء عليهم السلام: ۲/ ۲۶۳، رشيديه)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۵/ ۲۰۳، رشيديه)

(وكذا فى التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فيما يعود إلى الأنبياء عليهم السلام: ۵/ ۴۷۷، إدارة القرآن)

و فى البزازية: "و لوعاب نبياً كفر". (كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً الخ، الثالث فى الأنبياء: ۶/ ۳۲۷، رشيديه)

(۲) "و يكفر إذا أنكر آيةً من القرآن، أو سخر بآية منه". (البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۵/ ۲۰۵، رشيديه)

(وكذافى التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل فيما يتعلق بالقرآن: ۵/ ۴۹۰، إدارة القرآن)

(۳) "من أنكر القيامة أوالجنة أو الميزان أو الحساب أو الصراط أو الصحائف المكتوبة فيها أعمال العباد، يكفر". (التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل فيما يتعلق بأمور الآخرة: ۵/ ۵۰۰، ۵۰۱، إدارة القرآن)

"و فى الظهيرية: و لو أنكر البعث، فكذالک (أى كفر)" (التاتارخانية المصدر السابق)

(۴) قال الله تعالىٰ: ﴿و من يكفر بالله و ملٰئكته و كتبه و رسله و اليوم الآخر، فقد ضل ضلالاً بعيداً﴾ (النساء: ۱۳۶)

"و ههنا دلّت القرينة على الأول؛ لأن الإيمان بالكل واجب، والكل ينتفى بإنتفاء البعض". (روح المعانى: ۵/ ۱۷۰، دار إحياء التراث العربى)

(۵) (راجع كتاب، "ما لا بد منه" ترجمه، باب كلمات الكفر، از فتاوى برهانى، ص: ۱۲۳، ۱۳۶، مكتبه شركة علمية ملتان)

(۶) "و لا يقضى من العبادات إلا الحج". (الدر المختار، كتاب الجهاد، باب المرتد: ۴/ ۲۵۱، ۲۵۲، سعيد)

کفری عقائد واعمال

سوال[۵۴۴]: ہمارے رشتہ دار یعنی خاص میرے خسر، ساس کافروں اور مشرکوں کی رسم کرتے ہیں، یہ تہوار(۱) کرتے ہیں۔ دوج (۲) تیج (۳) اٹھم (۴) نومی (۵) ہولی (۶) دیوالی (۷) وغیرہ، ان کو بھی پوجتے ہیں۔ بھوائی سیلہ اور ماموں علی بخش گنگوالا، یہ ان کے خدا ہیں اور کافروں کی طرح خدا کو گالیاں دیتے ہیں، رسول کو وہ جانتے بھی نہیں اور جو کوستے ہیں (۸) اپنے بچوں کو یا کسی کو یوں کہتے ہیں کہ تیرے میں دیوی بڑ جا، تجھے دیوی توڑ لے اور جوان کے یہاں بیمار ہو جاتا ہے تو جنگل میں شکرانی صنہک دیکر آتے ہیں، بیمار اچھا ہونے کے واسطے ایسے شخص کا شرعاً کیا حکم ہے؟ اس سے میل جول رکھنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

ایسے لوگوں کو اول نرمی سے سمجھانا چاہئے کہ یہ عقائدِ اسلام کے خلاف ہے، ان عقائد سے آدمی مسلمان نہیں رہتا، بلکہ مشرک اور کافر ہو جاتا ہے (۹) اور جس طرح بھی ممکن ہو ان عقائد کی بُرائی اور خرابی کو ان کے دل میں

---

(۱) ''خوشی کا دن، جشن''۔ (فیروز اللغات، ص: ۴۰۷)

''مذہبی تقریب کا دن''۔ (فیروز اللغات، ص: ۳۹۳)

نذر و نیاز کے طور پر جو چڑھاوا اور بھینٹ دیوی، دیوتا کے نام کیا جاتا ہے اور جو ہندوؤں کا مذہبی تہوار ہے اس سے مراد شاید وہی ہے۔

(۲) ''قمری ماہ کی دوسری اور ستر ہویں تاریخیں''۔ (فیروز اللغات، ص: ۶۵۳)

(۳) ''ایک ہندو تہوار، جو ساون سدی تیج کو ہوتا ہے۔ (فیروز اللغات، ص: ۴۰۰)

(۴) سائل نے ''اٹھم'' لکھا ہے۔ نور اللغات: ۵۴/۲، میں آٹھون کا میلہ لکھا ہے اور فیروز اللغات میں آٹھوں کا میلہ لکھا ہے۔ معنی دونوں کا ایک ہے یعنی: ''ہولی کے آٹھویں دن کا ہندوؤں کا میلہ''۔ (فیروز اللغات ص: ۱۱)

(۵) ''ہندی مہینے کی نویں تاریخ''۔ (فیروز اللغات ص: ۱۳۸۷)

(۶) ''ہندوؤں کا ایک تہوار جو موسم بہار میں منایا جاتا ہے''۔ (فیروز اللغات: ۱۴۵۷)

(۷) ''دیپ مالا، چراغاں، ہندوؤں کا ایک تہوار، جب لکشمی کا پوجا کرتے ہیں، اور خوب روشنی کرتے ہیں''۔

(۸) کوسنا ''دعائے بد دینا''۔ (فیروز اللغات، ص: ۱۰۴۴)

(۹) أما التكفير بقوله : ''تیوہار، دوج، تیج، اٹھم، نومی، ہولی، دیوالی، جنگل میں شکرانی صنہک''، فلأن هذا من جملة شعار أهل الهنود، و من تهيأ بهيأة الكَفَرة فى شعارهم على قصد التديّن، فقد أكفره الفقهاء، قال الملا =

Made searchable using ScribeTools.com

بٹھائے اوران کوصحیح عقائد کی تعلیم دے کر مسلمان بنائے، اگر توقع نہ ہو کہ وہ ان عقائد کو چھوڑ کر اسلامی عقائد اختیار کریں گے اور اپنے عقائد کی خرابی کا اندیشہ ہو تو ان سے علیحدہ رہنا ضروری ہے، میل جول بالکل چھوڑ دینا چاہئے اور اپنے بیوی بچوں کو ان سے قطعاً علیحدہ رکھے، ایسا نہ ہو کہ ان کے عقائد پر بُرا اثر پڑے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، ۱۴/ ۵/ ۶۰ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔

= علیّ القاری فی شرح الفقه الأكبر : "و فی الفتاوی الصغری : من تقلنس بقلنسوة المجوس : أی لبسها و تشبه بهم فيها، أو خاط خرقةً صفر آء على العاتق : أی وهو من شعارهم، أو شدّ فی الوسط خيطاً، كفر، إذا كان مشابهاً بخيطهم أو ربطهم أو سماه زناراً ..... و لو شبه نفسه باليهود والنصاری :أی صورةً أو سيرةً على طريق المزاح والهزل : أی ولو على هذا المنوال، كفر". (شرح الفقه الأكبر،فصل فی الكفر صريحاً و كنايةً ، ص:۱۸۵ ، قديمی)

(و كذا فی الفتاوی العالمكيرية، كتاب السير، موجبات الكفر أنواع : و منها ما يتعلق بتلقين الكفر الخ: ۲۷۶/۲، رشيديه)

(والمحيط البرهانی، كتاب السرقة، فصل فی الشركة مع أهل العسكر الخ، نوع آخر فی التشبه بالكفار الخ : ۵۷۴/۵، المكتبة الغفاريه كوئٹه)

(والتاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل فی التشبيه بالكفار : ۵۱۹/۵، ۵۲۰، إدارة القرآن)

"و أما قوله: "خدا کو گالیاں دیتے ہیں" فقد صرّح الفقهاء أيضاً بكفره. قال فی البحر الرائق : "فيكفر إذا وصف الله تعالیٰ بمالا يليق به". (كتاب السير، باب أحكام المرتدين : ۲۰۲/۵، رشيديه)

(و كذا فی الفتاوی العالمكيرية، كتاب السير، موجبات الكفر أنواع : و منها ما يتعلق بذات الله تعالى : ۲۵۸/۲، رشيديه)

(والبزازية على هامش الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً، الثانی فيما يتعلق بالله تعالیٰ : ۳۲۳/۶، رشيديه)

(و خلاصة الفتاوی، كتاب ألفاظ الكفر، الفصل الثانی فی ألفاظ الكفر، الجنس الثانی : ۳۸۳/۴، رشيديه)

(۱) قال الملا علی القاری رحمه الله تعالیٰ: " قال الخطابی: رخص للمسلم أن يغضب على أخيه ثلاث ليال لقلته، ولا يجوز فوقها إلا إذا كان الهجران فی حق من حقوق الله تعالیٰ، فيجوز فوق ذلک. وفی =

احیاءِ موتیٰ معجزہ عیسیٰ علیہ السلام ہے، اس کا انکار کفر ہے

سوال[۵۴۵]: ایک امام صاحب بیان فرماتے ہیں کہ حضرت غوث پاک مردہ کو زندہ فرماتے تھے اور حضرت عیسی علیہ السلام زندہ نہیں فرماتے تھے، اس امام کے پیچھے نماز پڑھنا درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

احیائے موتیٰ حضرت عیسی علیہ السلام کا معجزہ ہے، جو کہ باذنہ تعالیٰ تھا اور قرآن کریم میں موجود ہے، اگر علم کے باوجود کوئی شخص اس کا انکار کرتا ہے جیسا کہ غلام احمد قادیانی نے انکار کیا ہے تو وہ ایمان سے خارج ہے، ہرگز امامت کا اہل نہیں جب تک توبہ، تجدید ایمان، تجدیدِ نکاح نہ کرے، کیونکہ قرآنِ پاک کی ایک آیت کا انکار بھی کفر ہے(۱)۔ ﴿وأحیی الموتیٰ بإذن اللّٰہ﴾ الآیۃ(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ شانہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند ۱۴/۴/۹۴ھ۔

دعا قبول نہ ہونے سے خدا کے وجود کے انکار کا حکم

سوال[۵۴۶]: ایک شخص نے اللہ تعالیٰ سے اپنے کسی کام کی بہت دعا مانگی، لیکن قبولیت کا ظہور نہ دیکھ کر خدا کے وجود کا انکار کر بیٹھا، نماز بھی چھوڑ دی، پھر تائب ہو کر نماز شروع کر دی تو دوبارہ نکاح کرنا پڑے گا یا نہیں؟

= حاشية السيوطي على المؤطأ: قال: قال ابن عبدالبر: ..... قال: " وأجمع العلماء على أن من خاف من مكالمة أحد وصلته مايفسد عليه دينه، أويدخل مضرةً في دنياه، يجوز له مجانبته وبُعده، وربَّ صرم جميل خير من مخالطة تؤذيه ..... فإن هجرة أهل الأهواء والبدع واجبة على مرالأوقات مالم يظهر منه التوبة والرجوع إلى الحق اهـ". (مرقاة المفاتيح، كتاب الآداب، باب ماينهى عنه من التهاجر والتقاطع اهـ، الفصل الأول: ۷۵۸/۸، ۷۵۹، رقم الحديث: ۵۰۲۷، رشيديه)

(۱) "إذا أنكر الرجل آيةً من القرآن، أو تسخر بآية ..... كفر، كذا في التتارخانية". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، موجبات الكفر أنواع، منها ما يتعلق بالقرآن: ۲۶۶/۲، رشيديه)

"ويكفر إذا أنكر آيةً من القرآن". (البحرالرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۲۰۵/۵، رشيديه)

(۲) (آل عمران: ۴۹)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً :

اس شخص نے قبولیت کے معنیٰ صحیح نہ سمجھنے کی بناء پر ناواقفیت سے جو اقدام کیا وہ نہایت غلط کیا، اس کو لازم ہے کہ توبہ واستغفار کے ساتھ ساتھ تجدید ایمان وتجدید نکاح بھی کرے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹/۴/۹۰ھ۔

جماعت منکرینِ خدا وَرسول کا ممبر بننا

سوال[۵۴۷] : ایسی جماعت جو خدا اور رسول کی منکر ہو اور ہر دھرم کو پالگوں کا مشغلہ کہتی ہو، کیا مسلمان اس جماعت میں ممبر یا کوئی اور شریک ہوسکتا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیا:

اگر اس جماعت کے اصول وضوابط میں سے ہو کہ جو اس جماعت کا ممبر بنے یا اس جماعت میں شریک ہو اس کو خدا اور رسول کا منکر بننا ہوگا (۲) یا ان کے کفری وملحدانہ اصول کی ترویج کرنی ہوگی، یا عملاً کفری اعمال کا

---

(۱) "ما كان فيه اختلاف، فإن قائله يؤمر بتجديد النكاح، و بالتوبة والرجوع عن ذلك بطريق الإحتياط ..... ثم إن كانت نية القائل الوجه الذى يمنع التكفير، فهو مسلم، و إن كانت نيته الوجه الذى يوجب التكفير، لا تنفعه فتوى المفتى، و يؤمر بالتوبة والرجوع عن ذلك، و بتجديد النكاح بينه و بين امرأته، كذا فى المحيط". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، قبيل الباب العاشر فى البغاة : ۲۸۳/۲، رشيديه)

(وكذا فى الدر المختار، باب المرتد : ۲۴۶/۴، ۲۴۷، سعيد)

(۲) مومن بننے کے لئے حق تعالیٰ کی ذات اور حضور ﷺ کی رسالت کا اقرار چونکہ ضروری ہے، لہذا اگر کسی ایک کا انکار بھی پایا گیا تو دائرۂ ایمان سے خارج ہوکر کفر میں داخل ہوجائے گا۔

قال ابن الهمام فى المسايرة :" الركن الأول فى ذات الله تعالىٰ، الأصل الأول من الركن الأول: العلم بوجوده تعالىٰ ، الأصل الأول : العلم بوجوده و قد أرشد سبحانه إليه بآيات نحو قوله تعالىٰ : ﴿أفرأيتم النار التى تورون، أ أنتم أنشأتم شجرتها أم نحن المنشئون﴾ (سورة الواقعة : ۷۱، ۷۲)، فمن أدار نظره فى عجائب تلك المذكورات اضطره إلى الحكم بأن هذه الأمور مع هذا الترتيب المحكم الغريب لا يستغنى كل عن صانع أوجده و حكم رتبه، و على هذا درجات كل العقلاء إلا من لا عبرة =

.....

= بمكابرته، و هم بعض الدهرية ، فرقة من الكفار ذهبوا إلى قِدَم الدهر و استناد الحوادث إلى الدهر، و إنما كفروا بالإشراك و نسبة بعض الحوادث إلى غيره تعالىٰ، قال تعالى :﴿و لئن سألتهم من خلق السموات و الأرض ليقولن الله﴾ (لقمان :۲۵)

و قال تعالىٰ: ﴿أفرأيتم الماء الذى تشربون، أ أنتم أنزلتموه من المزن أم نحن المنزلون﴾ (الواقعة: ۶۸، ۶۹). (المسايرة للمحقق الكمال بن الهمام رحمهٗ الله تعالىٰ مع شرحها المسامرة:۲۷، ۲۸، دار الكتب العلمية، بيروت)

قال الملا على القارى : "فمن الآيات الدالة على وجوده ..... قوله تعالىٰ: ﴿إن فى خلق السموات والأرض واختلاف الليل والنهاروالفلک التى تجرى فى البحر بما ينفع الناس، وما أنزل الله من السماء من ماء فأحيا به الأرض بعد موتها، و بث فيها من كل دابة، و تصريف الرياح، و السحاب المسخر بين السماء والأرض لآيات لقوم يعقلون﴾. و قد قال الله تعالىٰ :﴿ سنريهم آياتنا فى الآفاق و فى أنفسهم حتى يتبين لهم أنه الحق، اَوَ لم يكف بِرَبِّکَ أنه على كل شىء شهيد﴾ و فى كل شىء له شاهد يدل على أنه واحد، الخ". (شرح الفقه الأكبر ص: ۱۱ ، قديمى)

"يجب: أى يفرض فرضاً عينياً أن يقول: اٰمنت بالله و ملائكته و كتبه و رسوله الخ". (شرح الفقه الأكبر : ۱۱، ۱۲ ، قديمى)

"والمعنى أن مجرد معرفة أهل الكتاب بالله ورسوله لا ينفعهم حيث ما أقروا بنبوة محمد ﷺ ورسالته إليهم و إلى الخلق كافةً". (شرح الفقه الأكبر :۸۵، ۸۶، قديمى)

"الأصل العاشر فى إثبات نبوة نبينا محمد ﷺ ، الأصل العاشر : نشهد أن محمداً رسول الله أرسله إلى الخلق أجمعين خاتماً للنبيين و ناسخاً لما قبله من الشرائع الخ". (وقد ذكر ابن الهمام رحمه الله تعالىٰ فى إثبات نبوته ﷺ الدلائل الواضحة الشافية ببيان واضح)". (المسايرة ،ص:۱۹۸ ، دار الكتب العلمية)

"من لم يقرّ ببعض الأنبياء عليهم السلام، أو عاب نبياً بشئى، أو لم يرض بسنة من سنن المرسلين عليهم السلام، فقد كفر ". (التاتارخانية ، كتاب أحكام المرتدين ، فيما يعود إلى الأنبياء عليهم السلام :۵/۴۷۷، إدارة القرآن والعلوم الإسلامية)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية ، كتاب السير ،الباب التاسع فى أحكام المرتدين، ما يتعلق بالأنبياء: ۲/۲۶۳ ، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

ارتکاب کرنا ہوگا تو کسی مسلمان کے لئے اس جماعت میں شریک ہونا قطعاً حرام وناجائز ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

سجدہ کرنے سے ابلیس کا انکار

سوال[۵۴۸]: خداتعالیٰ نے فرشتوں کوحضرت آدم علیہ السلام کے لئے سجدہ کرنے کا حکم دیا تھا،ایک شخص کہتا ہے کہ ابلیس نے جوسجدہ نہ کیا بہت اچھا کیا،خدا نے سجدہ کا حکم دیکر غلطی کی،ایسے لوگوں کے لئے کیا حکم ہے؟

---

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿يا أيها الذين آمنوا لا تتخذوا اليهود والنصارىٰ أولياء..... و من يتولهم منكم فإنه منهم﴾ ينهى تبارک و تعالىٰ عباده المؤمنين عن موالاة اليهود والنصارى الذين هم أعداء الإسلام". (تفسير ابن كثير : ۲/۹۴، دار السلام)

وقال الله تعالىٰ : ﴿و لا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ و ينهاهم عن التناصر على الباطل والتعاون على المآثم والمحارم". (تفسير ابن كثير : ۲/۱۰، دار السلام، رياض)

"(من كثّر سواد قوم فهو منهم) إن رجلاً دعا ابن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه إلى وليمة، فلما جاء ليدخل، سمع لهواً، فلم يدخل، فقيل له: فقال: "إنى سمعت رسول الله ﷺ يقول، و ذكره و زاد :" و من رضى عمل قوم كان شريک من عمل به". (كشف الخفاء للعجلونى : ۲/۲۷۴، دار إحياء التراث)

"ثم قال : أخبرنى ابن عباس رضى الله عنهما أن أناساً من المسلمين كانوا مع المشركين يكثرون سواد المشركين على رسول الله ﷺ، فيأتى السهم ، فيرمى به فيصيب أحدهم فيقتله، أو يضربه، فيقتله، فأنزل الله تعالىٰ: ﴿إن الذين توفاهم الملائكة ظالمى أنفسهم ﴾ و قد جاء عن ابن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه مرفوعاً : "من كثر سواد قوم فهو منهم، و من رضى عمل قوم كان شريک من عمل به". ..... القادر على التحول عنهم (المشركين) لايعذر كما وقع للذين كانوا أسلموا و منعهم المشركون من أهلهم من الهجرة، ثم كانوا يخرجون مع المشركين لا لقصد قتال المسلمين، بل لإيهام كثرتهم فى عيون المسلمين، فحصلت لهم المواخذة بذلک، فرأى عكرمة أن من خرج فى جيش يقاتلون المسلمين يأثم و إن لم يقاتل و لا نوىٰ ذلک". (فتح البارى ، كتاب الفتن ، باب من كره أن يكثر سواد الفتن والظلم :۱۳/۳۷، ۳۸، دار الفكر)

Made Searchable by ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً:

آدم علیہ السلام اور سجدہ اور ابلیس کا یہ واقعہ قرآن پاک میں آیا ہے(۱) یہاں مقصود یہ نہیں تھا کہ آدم علیہ السلام کو معبود قرار دیا جائے (۲) کیونکہ یہ تو شرک ہے اور شرک کی مخالفت خود اللہ پاک نے فرمائی ہے(۳)۔ پھر اللہ پاک اس کا حکم کیوں دیتے، ابلیس کا انکار اللہ تعالیٰ کے حکم کا انکار تھا جس کی وجہ سے وہ ملعون اور جہنمی ہوا(۴)۔ اللہ پاک کے متعلق غلط حکم دینے کا قول انتہائی خطرناک ہے اس سے ایمان درست نہیں رہتا(۵)۔عوام کو ایسے مسائل میں گفتگو کرنے کا حق ہرگز نہیں۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

---

(۱) قال الله تعالىٰ :﴿وإذ قلنا للملٰئكة اسجدوا لآدم، فسجدوا إلا إبليس، أبى واستكبر وكان من الكافرين﴾. (البقرة : ۳۴)

(۲) قال العلامة الآلوسى رحمه الله تعالىٰ: "والمسجود له فى الحقيقة هو الله تعالىٰ، و آدم إما قبلة أو سبب ..... و فيه أن السجود الشرعى عبادةٌ، و عبادة غيره سبحانه و تعالىٰ شرك محرّم فى جميع الأديان و الأزمان، و لا أراها حلت فى عصر من الأعصار". (روح المعانى : ۲۲۸/۱، دار إحياء التراث العربى)

(۳)" قال الله تعالىٰ: ﴿إنه من يشرك بالله، فقد حرم الله عليه الجنة، و مأواه النار، و ما للظالمين من أنصار﴾. (المائدة: ۷۲)

و قال الله تعالىٰ :﴿ إن الله لا يغفر أن يشرك به، و يغفر ما دون ذلك لمن يشآء، و من يشرك بالله، فقد افترى إثماً عظيماً ﴾. (النسآء : ۴۸)

(۴) قال تعالىٰ: ﴿قال يا إبليس ما منعك أن تسجد لما خلقت بيدىّ، أستكبرت أم كنت من العالين . قال أنا خير منه خلقتنى من نار و خلقته من طين. قال فاخرج منها فإنك رجيم، و إن عليك لعنتى إلى يوم الدين ..... قال فالحق والحق أقول، لأملئن جهنم منك و ممن تبعك منهم أجمعين﴾. (سورة ص: ۷۵، ۷۶، ۷۷، ۷۸، ۸۴، ۸۵)

(۵) "يكفر إذا وصف الله تعالى بمالا يليق به، أو سخر ..... بأمر من أوامره ..... أو نسبه إلى الجهل أو العجز أو النقص". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، موجبات الكفر أنواع : و منها ما يتعلق بذات الله تعالىٰ الخ: ۲۵۸/۲، رشيديه)

(وكذا فى خلاصة الفتاوى، كتاب ألفاظ الكفر، الفصل الثانى، الجنس الثانى : ۲۸۳/۴، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

مخالفِ اجماع کا حکم

سوال[۵۴۹]: اجماعِ امت اور علماء اور ائمہ کی مخالفت کرنے والے کون لوگ ہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

وہ گمراہ ہے جو کفر کی سرحد پر پہونچ چکا ہے، کذا فی شرح العقائد (۱) ۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

دین کو ماننے سے انکار

سوال[۵۵۰]: مسلمانوں کی جماعت نے متفق ہوکر کہا ''ہم شریعت، مذہب اور دین کو نہیں مانتے'' اور اس جماعت میں مسلمانوں کا امام مسجد اور خاص وعام سب شریک ہیں۔تو مفتیانِ کرام دین وشرع میں اس کو کیا فرماتے ہیں جو کہ کھلم کھلا دین اور مذہب کو نہ ماننے کا اعلان کرتے ہیں؟ فقط۔

---

(۱) ''واستحلال المعصية ..... إذا ثبت كونها معصيةً بدليل قطعي، هو الكتاب والسنة المتواترة ..... وأماالاجماع، ففيه خلاف و تفصيل ، والمذكور فى أصول الحنفية أن الإجماع على مراتب، فالأقوى إجماع الصحابة مع تصريحهم بالحكم المجمع عليه و هو قطعى كالآية والخبر المتواتر، و يكفر منكره، ثم الذى صرح به بعض الصحابة و سكت الباقون، ثم إجماع من بعد الصحابة على حكم لم يظهر فيه خلاف ممن سبقهم و هما كالحديث المشهور، و يضلل منكرهما ويفسق ثم الخ''. (شرح العقائد مع النبراس :۵۶۶، ۵۶۷، فى إنكار حكم الإجماع اللفظى مذاهب ، دين محمدى پريس، لاهور)

و فى نور الأنوار : ''يعنى أن الإجماع فى الأمور الشرعية فى الأصل يفيد اليقين والقطعية، فيكفر جاحده الخ''. (مبحث الإجماع ص: ۲۲۱، سعيد)

''فظاهر كلام الحنفية الإكفار بجحده: (أى الإجماع)، فإنهم لم يشرطوا سوى القطع فى الثبوت، و يجب حمله على ما إذا علم المنكر ثبوته قطعاً ؛لأن مناط التكفير و هو التكذيب أو الإستخفاف عند ذلك يكون، أما إذا لم يعلم فلا، إلا أن يذكر له أهل العلم ذلك فيلج اهـ''. (رد المحتار ، باب المرتد ، مطلب فى منكر الإجماع :۴/۲۲۳، سعيد)

الجواب حامداً و مصلیاً :

"رجل قال لخصمه: اذهب معی إلی الشرع، أو قال بالفارسية: **بامن بشرع رو**،وقال خصمه: **پیادہ بیارتا بروم**،**بی جبر نروم**،یکفر؛ لأنه عاند الشرع..... ولوقال: **بامن شریعت واین حیلہا سود ندارد**،أو قال : **پیش نرود**،أو قال: **مَرا دبوس ہست**،**شریعت چہ کنم**،فهذا کله کفر..... و إذا قال الرجل لغیره : حکم الشرع فی هذه ألحادثة کذا، فقال ذلك الغیر : **من برسم کار میکنم**،**نہ بشرع**، یکفر عند البعض"۔ اهـ فتاوی عالمگیری: ۲/۲۸۵(۱)۔

جن لوگوں نے یہ کہا کہ ہم شریعت، مذہب اور دین کو نہیں مانتے ان کو توبہ واستغفار، تجدید ایمان، تجدید نکاح کرنا چاہئے:"ما کان فی کونه کفراً اختلاف، فإن قائله یؤمر بتجدید النکاح و بالتوبة، والرجوع عن ذلك بطریق الإحتیاط اهـ". عالمگیری: ۲/۲۸۰ (۲) آئندہ خیال رکھیں، ایسی خطرناک بات نہ کہیں۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۷/۹/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۷/۹/۹۰ھ۔

انکارِ مذہب

سوال[۵۵۱]: ہمارے یہاں ایک صاحب ہیں جو معمولی اردو لکھنا پڑھنا بھی جانتے ہیں، ان کا

---

(۱) (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب السیر، الباب التاسع فی أحکام المرتدین، مطلب: موجبات الکفر أنواع، ومنها ما یتعلق بالعلم والعلماء: ۲/۲۷۱، رشیدیه)

(وکذا فی البزازیة علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب ألفاظ تکون إسلاما أو کفراً، الفصل الثامن فی الاستخفاف بالعلم : ۶/۳۳۸، رشیدیه)

(۲) (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب السیر، قبیل الباب العاشر فی البغاة : ۲/۲۸۳، رشیدیه)

(وکذا فی البزازیة علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب ألفاظ تکون إسلاماً أو کفراً، الفصل الثانی، النوع الأول فی المقدمة : ۶/۳۲۲، رشیدیه)

(وکذا فی الدر المختار، کتاب السیر، باب المرتد : ۴/۲۴۶، ۲۴۷، سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

عقیدہ ہے کہ مذہب ایک ڈھونگ ہے، اَور کوئی چیز نہیں، اچھے اعمال پر جنت کی بشارت اور برے اعمال پر جہنم کی وعیدیں بیکار اور دل بہلانے کی باتیں ہیں۔ غضب کی بات یہ ہے کہ جاہل مسلمان ایسے شخص کے معتقد ہوتے جارہے ہیں۔

بدیع الزمان، بی اے جنکپور روڈ، مظفر پور۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

ایسا عقیدہ قرآن پاک، حدیث شریف، اجماعِ امت سب کے خلاف ہے (۱)۔ ایسے شخص کو کسی صاحبِ نسبت جامع عالم کے پاس لے جائیں کہ وہ عالم اس کو دین واسلام کی بنیاد بتا کر مسلمان کریں اور اس کے

---

(۱) "من أنكر القيامة أو الجنة أو النار أو الميزان أو الصراط ..... يكفر ..... عن ابن سلام رحمه الله تعالىٰ فى من يقول: لا أعلم أن اليهود والنصارىٰ إذابعثوا هل يعذبون بالنار؟ أفتى جميع مشايخنا ومشايخ بلخ بأنه يكفر، ..... يكفر ..... بإنكار عذاب القبر و بإنكار حشر بنى آدم". (الفتاوى العالمكيرية، الباب التاسع أحكام المرتدين، و منها ما يتعلق بيوم القيامة و ما فيها: ۲/۲۷۴، رشيديه)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۵/۲۰۶، رشيديه)

"والجنة حق، والنار حق؛ لأن الآيات والأحاديث الواردة فى إثباتهما أشهر من أن تخفى و أكثر من أن تحصى، تمسّك المنكرون بأن الجنة موصوفة بأن عرضها كعرض السموات والأرض، و هذا فى عالم العناصر محال، ..... و هو قول مخالف للكتاب والسنة والإجماع". (شرح العقائد، ص: ۱۷۹، ۱۸۲، سعيد)

قال الله تعالى فى الجنة: ﴿أعدت للمتقين﴾ (آل عمران: ۱۳۳)، و فى النار: ﴿أعدت للكٰفرين﴾ (آل عمران: ۱۳۱)، فى آى كثيرة ظاهر فى وجودهماالآن ..... و حمل مثله على بستان من بساتين الدنيا يشبه التلاعب أو العناد؛ إذ المتبادر المفهوم من لفظ الجنة باللام فى إطلاق الشارع ليس إلا الموعودة بالسنة وكثرة من الظواهر لا تكاد تحصى للمستقرىء تفيد ذلك و تصير قطعيةً، والإجماع من الصحابة على فهم ذلك و طريقة التتبع الخ". (المسايرة فى العقائد لابن الهمام، الركن الرابع، الأصل السادس، ص: ۲۴۰، دار الكتب العلمية)

و فى شرح الفقه الأكبر: "أو قال: ما ذا الشرع هذا؟ كفر". (فصل فى العلم والعلماء ص: ۱۷۴، قديمى)

شکوک وشبہات کا جواب دیں (۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم

حکم شرع کا انکار

سوال[۵۵۲]: زید سے کہا گیا کہ طلاق کی عدت کا نفقہ تمہارے ذمہ ہے تمہاری مطلقہ کا اگر تم نے طلاق دی، تو کہا میں نہیں دیتا، اس کے ماں باپ جنہوں نے روک رکھا ہے وہی عدت میں کھلاویں گے۔ پھر زید سے کہا اگر ایسا موقعہ طلاق کا آیا تو وہ عورت کا حق ہے چاہے حلے چاہے معاف کردے، مگر لڑکی تمہاری دختر ہے، آٹھ نو ماہ کی ہے، اس کا حقِ حضانت اس کا نفقہ تو شرعاً تمہارے ذمہ واجب ہے، اس کے جواب میں زید نے کہا میں نہیں دوں گا، پھر اس سے کہا گیا شرع شریف کا حکم ہے، اس نے کہا میں نہیں دینے کا۔ اس سے کہا گیا کہ اس طرح شرع شریف کے حکم کو ٹھکرانا اور توہین کرنا ہے، اس سے ایمان جاتا رہتا ہے اور نکاح ٹوٹ جاتا ہے، علماء سے اس کے بارے میں فتویٰ لیا جائے تو کہا ''مجھے فتوی کی پرواہ نہیں''۔ زید کے متعلق حکم شرعی سے مطلع فرمائیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

ایسا کہنا سخت گناہ اور بہت خطرناک ہے حتی کہ بعض فقہاء نے ایسا کہنے پر تکفیر فرمائی ہے، اس لئے زید کو اس سے توبہ واجب ہے اور احتیاطاً تجدید ایمان اور تجدید نکاح بھی کر لینا چاہئے:

" و إذا قال الرجل لغيره: حكم الشرع فی هذه الحادثة كذا، فقال ذلك الغير: ''من برسم کار کنم، نہ بشرع'' يكفر عند بعض المشايخ "۔ " رجل عرض عليه خصمه فتوىٰ الأئمة، فردها وقال: چہ بارنامہ فتویٰ آوردہ، قيل: يكفر؛ لأنه رد حكم الشرع، و كذا لو لم يقل شيئاً لكن ألقى الفتوىٰ على الأرض، وقال: ایں چہ شرع است، كفر۔ إذا جاء أحد الخصمين إلى صاحبه بفتوىٰ

---

(۱) "يعرض الإسلام على المرتد وتكشف شبهته". (البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۵/۲۰۱، رشيديه)

(وكذا فی التاتارخانية، أحكام المرتدين، فيما يبطله الإرتداد: ۵/۵۵۲، إدارة القرآن)

(وكذا فی شرح الفقه الأكبر لملا على القاری: ۱۶۵، قديمی)

Made searchable using ScribeTools.com

الأئمة، فقال صاحبه: ليس كما أفتوا، أو قال: لا نعمل بهذا، كان عليه التعزير" (۱)۔"ما كان فی كونه كفراً اختلاف، فإن قائله يؤمر بتجديد النكاح و بالتوبة، و الرجوع عن ذلك بطريق الإحتياط" (۲) اور محض اس کہنے سے زید کی بیوی کو دوسری جگہ نکاح درست نہیں، حکم مذکور احتیاطی ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۵/۴/ ۵۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور ۵ ربیع الثانی ۵۷ھ

سنیتِ مسواک کا منکر

سوال[۵۵۳]: سنیتِ مسواک کا منکر کیسا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

"السواك سنة، و اعتقاد سنته فرض، و تحصيل علمه سنة، و جحوده كفر، و جهله حرمان، وتركه عتاب أو عقاب اه". إكفار الملحدين(۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

انکار نماز

سوال: ایک شخص کے پاس تبلیغی وفد پہونچتا ہے اور نماز کی تبلیغ کرتا ہے، مگر وہ شخص باوجود کسی عذرِ شرعی نہ ہونے کے نماز سے صراحۃً انکار کرتا ہے، اور کہتا ہے کہ میں نہیں پڑھتا، ایسے شخص کے ساتھ لین دین جائز ہے یا ناجائز؟ شرع شریف کا جو حکم ہو بیان فرمادیں۔

---

(۱) (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، الباب التاسع فی أحكام المرتدين، مطلب: موجبات الكفر أنواع، ومنها ما يتعلق بالعلم و العلماء: ۲/۲۷۲، رشيديه)

(و كذا فی التتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل فی العلم و العلماء: ۵/۵۰۹، إدارة القرآن)

(۲) (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، قبيل الباب العاشر فی البغاة: ۲/۲۸۳، رشيديه)

(و كذا فی التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل فی إجراء كلمة الكفر الخ: ۵/۴۵۸، إدارة القرآن)

(۳) (إكفار الملحدين، ص: ۶، إدارة القرآن)

الجواب حامداً و مصلیاً :

اس شخص کے اس کلام میں چار احتمال ہیں، تین موجبِ کفر نہیں، چوتھا موجبِ کفر ہے، جب تک تفصیل و تعیین نہ کی جاوے کفر کا حکم نہیں کیا جاسکتا۔ اور لین دین ترک کرنے کا حکم بھی نہیں کیا جاسکتا:

"وقول الرجل: لاأصلی یحتمل أربعة أوجه: أحدها لا أصلی؛ لأنی صلیت، والثانی لا أصلی بأمرك، فقد أمرنی بها من هو خیر منك، والثالث: لا أصلی فسقاً مجانةً، فهذه الثلاثة لیست بکفر. والرابع: لا أصلی إذ لیس یجب علیّ الصلوة ولم أومَر بها، یکفر. ولو أطلق و قال: لا أصلی لا یکفر لإحتمال هذه الوجوه"۔ عالمگیری: ۲/۲۸٤، مجیدی کانپور(۱)۔ فقط۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔ صحیح: عبد اللطیف مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

منکر نماز کا حکم

سوال[۵۵۵]: زید اس شخص کے جواب میں جو اس کو کہتا ہے کہ نماز پڑھ! کیونکہ خدا اور رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حکم ہے وہ کہتا ہے کہ "ہم نماز نہیں پڑھتے ہم نہیں جانتے کہ کون خدا کون رسول؟ دنیا تو ایک سائنس ہے جس میں چیزیں پیدا ہوتی ہیں اور جاتی رہتی ہیں"۔ نماز نہیں پڑھتا اور نہ روزہ رکھتا، داڑھی منڈاتا ہے، شراب پیتا ہے، ہندہ (اس کی زوجہ) جو مسلمان صوم وصلوۃ کی پابند ہے اس کا نکاح باقی ہے یا نہیں؟ شمیم احمد قصبہ انبہٹہ وادریس احمد متعلم مدرسہ ہذا۔

---

(۱) (الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، الباب التاسع فی أحکام المرتدین، مطلب موجبات الکفر أنواع، و منها ما یتعلق بالصلوة والصوم والزکوة: ۲/۲۶۸، رشیدیه)

(وکذا فی التاتارخانیة، کتاب أحکام المرتدین، فصل فیما یتعلق بالصلوة والزکوة والصوم: ۵/۴۹۴، إدارة القرآن)

(وکذا فی البزازیة علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب ألفاظ تکون إسلاماً أو کفراً، الفصل التاسع فی ما یقال فی القرآن والأذکار والصلوة: ۶/۳۴۰، ۳۴۱، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً :

ایسے الفاظ کہنا سخت گناہ ہے، فقہاء نے ایسے الفاظ کہنے والے کی تکفیر کی ہے، نیز یہ عقیدہ مسلمانوں کا نہیں بلکہ کفار و دہریوں کا عقیدہ ہے، لہذا زید کو بہت جلد صدقِ دل سے توبہ کرنا ضروری اور فرض ہے، اور تجدید نکاح بھی کرنی چاہئے:

"فی البحر: ۱۲۲/۵: "و یکون الکفر بقول المریض: لا أصلی أبداً، جواباً لمن قال له: صل، وقیل: لا، و کذا قوله: لا أصلی حین أمربها، وقیل : إنما یکفر إذا قصد نفی الوجوب".

وفیه: "و بترك الصلوة متعمداً غیر ناوٍ للقضاء و غیر خائف من العقاب"(۱)۔

و فی العالمکیریة: ۸۹۹/۲: "ما کان فی کونه کفراً إختلاف، فإن قائله یؤمر بتجدید النکاح وبالتوبة والرجوع عن ذلك بطریق الإحتیاط"(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور ۳/ ۵۲/۸ھ۔

صحیح: عبد اللطیف مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۴/ شعبان/ ۵۲ھ۔

نماز کے انکار سے کیا نکاح ٹوٹ جاتا ہے؟

سوال[۵۵۶]: زید اور زید کی زوجہ دونوں ساتھ میں لیٹے تھے، زید کو احتلام ہو گیا جس سے زوجہ کے بھی کپڑے خراب ہو گئے، صبح کو زید نے اپنی زوجہ سے کہا کہ جاؤ نماز پڑھو، اس پر زوجہ خاموش رہی، زید نے پھر کہا تو زوجہ نے غصہ میں کہا کہ "نہیں پڑھتی، جاؤ، جب دیکھو کپڑے خراب کر دیتے ہو"۔ تو کیا اس سے نکاح ٹوٹ جائے گا؟ بعد میں دونوں نے توبہ کی، پھر کہا کہ میں نے اتنے مہر کے عوض تم کو دوبارہ نکاح میں قبول کر لیا، تو اس طرح نکاح ہو جائے گا یا دوسرے سے ہی پڑھوانا پڑے گا؟

---

(۱) (البحر الرائق، کتاب السیر، باب أحکام المرتدین : ۲۰۵/۵، ۲۰۶، رشیدیه)

(و کذا فی التاتارخانیة، کتاب أحکام المرتدین، فصل فیما یتعلق بالصلوة والزکوة والصوم :۴۹۳/۵، إدارة القرآن)

(۲) (الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، قبیل الباب العاشر فی البغاة : ۲۸۳/۲، رشیدیه)

الجواب حامداًومصلیاً:

بیوی نے نماز کی فرضیت کا انکار نہیں کیا، بلکہ کپڑے خراب کردینے کی وجہ سے اس وقت غصہ میں آکر تنبیہ کے لئے کہ آئندہ کپڑے خراب نہ کرے، یہ جملہ کہہ دیا، اگرچہ ایسا کہنا بھی جائز نہیں، اس کو توبہ لازم ہے، مگر اس کی وجہ سے نہ وہ اسلام سے خارج ہوئی، نہ نکاح ختم ہوا(۱)۔ نکاح مرد اور عورت کم از کم دو گواہوں کے سامنے خود بھی کرسکتے ہیں، دوسرے سے پڑھوانا ضروری نہیں، صورتِ مسئلہ میں پہلا نکاح فسخ نہیں ہوا تھا(۲)۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۱/۴/۲ھ۔

روزہ کے منکر کا حکم

سوال[۵۵۷]: زید نے بکر سے پوچھا کہ کیا تم روزہ سے ہو؟ جواب میں بکر نے کہا کہ ”ارے! جا

---

(۱) ”وقول الرجل: لا أصلی یحتمل أربعة أوجه: أحدها: لا أصلی؛ لأنی صلیت، والثانی. لا أصلی بأمرک فقد أمرنی بها من هو خیر منک، والثالث. لا أصلی فسقاً مجانةً، فهذه الثلاثة لیست بکفر ..... ولو أطلق ”لا أصلی“ لا یکفر لاحتمال هذه الوجوه“. (الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، الباب التاسع، فی أحکام المرتدین، منها ما یتعلق بالصلاة والصوم، :۲/۲۶۸، رشیدیه)

(وکذا فی مجمع الأنهر، باب ثم إن ألفاظ الکفر أنواع، منها: الثالث فی القرآن والأذکار والصلاة،: ۱/۶۹۳، دار إحیاء التراث العربی بیروت)

(وکذا فی البزازیة علی هامش الفتاوی العالمکیریة، کتاب ألفاظ تکون إسلاماً أو کفراً، التاسع فیما یقال فی القرآن والأذکار والصلاة، :۶/۳۴۰، رشیدیه)

”وما کان خطأً من الألفاظ ولا یوجب الکفر، فقائله مؤمن علی حاله، ولا یؤمر بتجدید النکاح الخ“. (الفتاوی العالمکیریة، باب أحکام المرتدین، منها ما یتعلق بتلقین الکفر : ۲/۲۸۳، رشیدیه)

(۲) ”النکاح ینعقد بالإیجاب والقبول ..... ولا ینعقد نکاح المسلمین إلا بحضور شاهدین حرین عاقلین، بالغین مسلمین الخ“. (الهدایة، کتاب النکاح :۲/۳۰۵، ۳۰۶، مکتبة شرکة علمیة ملتان)

(وکذا فی فتح القدیر، کتاب النکاح :۳/۱۸۹، ۱۹۹، مصطفی البابی الحلبی بمصر)

(وکذا فی الدر المختار، کتاب النکاح :۳/۹، ۲۱، ۲۲، سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

مولویو! کیا روزہ ہمارے اوپر فرض ہے؟ اور اس نے یہ بھی کہا کہ روزہ نہیں رکھوں گا، اس پر ایک مولانا صاحب نے کہا کہ روزہ ہر ایک مسلمان پر فرض ہے اور اس کا انکار کرنے والا کافر ہوتا ہے، اس کے باوجود وہ انکار کرتا ہے اور کہتا ہے کہ میں روزہ نہیں رکھوں گا، کیا ہمارے پاس کھانے پینے کی کمی ہے؟ روزہ تو وہ شخص رکھتا ہے جس کے پاس کھانا وغیرہ نہ ہو تو ایسے شخص کو کیا کہا جائے؟ کیا ایسے شخص سے تعلق قائم رکھنا درست ہے؟ اور ایسے شخص سے تراویح کا روپیہ لینا درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

روزہ کی فرضیت بنصِ قطعی سے ثابت ہے (۱) اس کا انکار کفر ہے، اسی طرح یہ کہنا کہ روزہ وہ شخص رکھتا ہے جس کے پاس کھانا وغیرہ نہ ہو کلمات کفر میں سے ہے (۲)۔ اس کو توبہ، استغفار، تجدید ایمان، تجدید نکاح لازم ہے (۳)، اس سے سلام کلام بند کر دینا چاہئے، تاکہ وہ تنگ آ کر توبہ کر لے، اس کا پیسہ بھی نہ لیا جائے جب تک وہ توبہ نہ کر لے۔

"والدليل على فرضية صوم شهر رمضان الكتاب والسنة والإجماع والمعقول۔ أما الكتاب فقوله تعالىٰ :﴿ يا أيها الذين آمنوا كتب عليكم الصيام﴾ وقوله: " كتب": أى فرض، وقوله تعالىٰ :﴿ فمن شهد منكم الشهر فليصمه﴾، و أما الإجماع، فإن الأمة أجمعت على فرضية شهر رمضان لا تجحدها إلا كافر"۔ بدائع (٤)، والبسط فى البحر الرائق (٥)،

---

(۱) قال الله تعالىٰ :﴿ يا أيها الذين أمنوا كتب عليكم الصيام كما كتب على الذين من قبلكم، لعلكم تتقون﴾. (البقرة : ۱۸۳)

وقال تعالىٰ : ﴿فمن شهد منكم الشهر فليصمه﴾ الاية. (البقرة: ۱۸۵)

(۲) قال الله تعالىٰ :﴿ يا أيها الذين امنوا كتب عليكم الصيام كما كتب على الذين من قبلكم، لعلكم تتقون﴾. (البقرة : ۱۸۳) و أما الإجماع: فإن الأمة أجمعت على فرضية شهر رمضان لا يجحدها إلا كافر. (بدائع الصنائع ، كتاب الصوم : ۲/ ۲۱۰، رشيديه)

(۳) (تقدم تخريجه تحت عنوان : "دین کو ماننے سے انکار")

(۴) (بدائع الصنائع، كتاب الصوم : ۲/ ۵۴۹، ۵۵۰، دار الكتب العلمية بيروت)

(۵) "ولم يتكلم (أى المصنف) على فرضية رمضان، لما أنها من الاعتقادات لا الفقه، لثبوتها بالقطعى =

Made Searchable by ScribeTools.com

ومجمع الأنهر(۱) والهندية(۲) والخانية(۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

قرآن وحدیث کے انکار کے ساتھ ایمان سلامت نہیں رہتا

سوال[۵۵۸]: قرآن پاک کا منکر کافر ہے یا نہیں؟ نیز احادیث نبویہ کا منکر کافر ہے یا نہیں؟ قرآن پاک میں ہے: ﴿ما أتاكم الرسول فخذوه، و ما نهاكم عنه فانتهوا﴾ (۴) تو کیا اگر احادیث کا انکار کردیا تو اس آیت کے خلاف ہوگا یا نہیں؟ پھر قرآن پاک میں ہے: ﴿و ما ينطق عن الهوىٰ إن هو الا وحيٌ يوحى﴾ (۵) کا مصداق کہاں جائے گا۔ نیز یہ کیسے معلوم ہوا کہ یہ قرآن پاک میں ہے جب کہ احادیث کا انکار کردیا ہے، حالانکہ حدیث میں ہے:

"عن رافع رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: لا ألفِينّ أحدكم متكئاً على أريكته يأتيه الأمر من أمرى مما أمرت به أو نهيت عنه، فيقول: لا أدرى، ما وجدنا فى كتاب الله اتبعناه" رواه أحمد وغيره"(٦)۔

= المتأيد بالإجماع، و لهذا يحكم بكفر جاحده". (البحر الرائق، كتاب الصوم: ۳/۴۵۲، رشيديه)

(۱) "وصوم شهر رمضان ..... فريضة، لقوله تعالىٰ: ﴿كتب عليكم الصيام﴾ و على فرضيته انعقد الإجماع، و لهذا يكفر جاحده". (مجمع الأنهر، كتاب الصوم: ۱/۲۳۱، دار احياء التراث العربى)

(۲) "و لو قال: "ليت صوم رمضان لم يكن فرضاً"، إختلف المشايخ فى كفره ..... إن نوى أنه قال ذلك من أجل أن لا يمكنه أداء حقوقه، لا يكفر". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، الباب التاسع فى أحكام المرتدين، مطلب موجبات الكفر أنواع، و منها ما يتعلق بالصوم والصلوة والزكوة: ۲/۲۷۰، رشيديه)

(۳) لم أجده فى الخانية بل المسئله مذكورة فى التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فيما يتعلق ..... بالصوم: ۵/۴۹۸، إدارة القرآن كراچى)

(۴) (سورة الحشر: ۷)

(۵) (سورة النجم: ۴)

(۶) (سنن أبى داؤد، كتاب السنة، باب فى لزوم السنة، رقم الحديث: ۴۶۰۵، ص: ۶۵۱، دارالسلام بيروت) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

نیز:" عن المقدام عن معدی کرب رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم: "ألا! إنی أوتیت القرآن و مثله معه، ألا یوشك رجل شبعا علی أریکته یقول: علیکم بهذا القرآن، فما وجدتم فیه من حلالٍ فأحِلّوه، و ما وجدتم فیه من حرام فحرموه، وأن ما حرم رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم کما حرم اللّٰہ، ألا! لا یحل لکم الحمار الأهلی و لاکل ذی ناب من السباع"۔ الخ *لہذا اس کا مطلب کیا ہوگا۔ مشکوۃ ص:۲۹(۱) اور مالا بدمنہ کے اندر موجود ہے کہ* **"اگر پیغمبر صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم را عیب کرد، یا موئے مبارکش را مویک گفت، کافر شود"**. ص: ۱۳۴ (۲).

"نیز علامه نور الهدی در بحر المحیط گفته که: "هر ملعون که در جنابِ پاک سرورِ کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم دشنام دهد، یا اِهانت کند، یا در امرے از امورِ دینِ او، یا صورتِ مبارکِ او، یا در وصف از اوصاف شریفهٔ او عیب کند خواه مسلمان بود یا ذمی یا حربی اگرچه از راهِ هزل کرده باشد، آں کافر است، واجب القتل، توبهٔ او مقبول نیست ، و اجماعِ امت بر آن ست که بے ادبی واستخفافِ هر کس از انبیاء کفر است، خواه فاعلِ او حلال دانسته مرتکب شود یا حرام دانسته ". ص: ۱۴۳ (۳).

پھر یہ کہ نماز کی رکعتیں قرآن سے ثابت نہیں، اسی طرح سے زکوۃ کی تفصیل نہیں ہے اور بہت سے احکام ہیں جن کی تفصیل قرآن میں نہیں ہے تو اس کا منکر گویا کافر نہیں ہے اور "کمالین" میں ہے: "چونکہ بیت المقدس تک آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا تشریف لے جانا نص قطعی سے ثابت ہے، اس لئے اس کا منکر

= (و مشکاة المصابیح، کتاب الإیمان، الفصل الثانی، رقم الحدیث : ۱۶۲ ، ص: ۵۲، دار الکتب العلمیة بیروت)

(ومسند الإمام أحمد بن حنبل :۵/ ۱۱۹ ، رقم الحدیث :۱۶۷۴۳ ، دار إحیاء التراث العربی بیروت)

(۱) (مشکوة المصابیح، کتاب الإیمان ، باب الإعتصام بالکتابٌ والسنة، الفصل الثانی: ۱/ ۲۹، قدیمی)

(۲) (مالابد منه ، باب کلمات الکفر، ص:۱۲۷ ، شرکت علمیه)

(۳) (مالابد منه ، باب کلمات الکفر، ص:۱۳۵ ، شرکت علمیه)

کافر ہے اور اس میں تاویل کرنا بدعت ہے اور مؤول مبتدع ہوگا، البتہ آسمانوں پر جانے کا انکار کرنا یا اس کی تاویل کرنا کفر تو نہیں ہے مگر ایسا شخص مبتدع سمجھا جائے گا کیونکہ سورہ نجم کے الفاظ: ﴿عند سدرة المنتهى﴾ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سدرۃ المنتہیٰ تک پہنچنے میں نص نہیں ہے بلکہ دونوں معنی کا احتمال ہے: اگر آنحضرت کا سدرۃ المنتہیٰ کے پاس ہونا مراد ہو تب تو جسمانی معراج کا ثبوت نص قرآن سے ہو جائے گا، لیکن اگر جبریل علیہ السلام کا سدرہ کے پاس ہونا مراد ہو تو مدعا ثابت نہیں ہوگا، غرضیکہ کعبہ سے مسجدِ اقصیٰ تک جانے کا انکار تو کفر ہوگا، لیکن مسجد اقصیٰ سے آسمان تک جانے کا انکار بدعت ہے اور وہاں سے اوپر دوزخ و جنت کی سیر کا انکار فسق ہوگا''۔ (کمالین، پ: ۱۵، ص: ۱۷) (۱)۔ بعض نے کہا ہے کہ حدیث کے انکار سے نہ گناہ گار ہوگا اور نہ ہی کافر۔ جواب مفصل و مدلل تحریر فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

حدیث قول رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کہتے ہیں، فعل اور تقریر پر بھی حدیث کا اطلاق ہوتا ہے (۲)، حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''میں اللہ کا رسول ہوں، میرے پاس فرشتہ وحی لے کر آیا قرآن پاک اللہ کی کتاب ہے، نماز قائم کرنا، روزہ رکھنا، زکوۃ دینا، حج کرنا اسلام کے ارکان ہیں'' وغیرہ وغیرہ یہ سب چیزیں حدیث کہلاتی ہیں (۳)۔ جو شخص مطلق حدیث کو تسلیم نہیں کرتا وہ ان میں سے کسی چیز کو تسلیم

---

(۱) (کمالین شرح جلالین: ۳/۳۱۲، دار الاشاعت کراچی)

(۲) "اعلم أن الحديث فی اصطلاح جمهور المحدثين يطلق على قول النبی صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و فعله وتقريره الخ". (المقدمة للشيخ عبد الحق الدهلوی رحمه البارى فی أول مشكوة المصابيح ص: ۳، قديمى)

(۳) "عن عائشة أم المؤمنين رضى الله عنها أن الحارث بن هشام سأل رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقال: يا رسول الله! كيف يأتيك الوحى؟ فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: أحياناً يأتينى مثل: صلصلة الجرس ..... و أحياناً يتمثل لى الملك فيكلمنى". الخ (صحيح البخارى، باب كيف كان بدء الوحى: ۱/۲، قديمى)

"و فى حديث وفد القيس ..... قال: "شهادة أن لا إله إلا الله وأن محمداً رسول الله، و إقام الصلوة، و إيتا الزكوة، و صيام رمضان". (إلى آخر الحديث) (صحيح البخارى، كتاب الإيمان، باب أداء الخمس من الإيمان: ۱/۱۳، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

نہیں کرتا، قرآن پاک میں اطاعتِ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حکم ہے: ﴿ یـأ یها الذین أمنوا أطیعوا اللّٰه وأطیعوا الرسول ﴾ اس کے بعد: ﴿وأولی الأمر منکم ﴾ بھی ہے(۱)۔ ایک جگہ ارشاد ہے ﴿ و ما أرسلنا من رسول الا لیطاع بإذن اللّٰه ﴾ (۲)، رسول کی اطاعت اللہ جل شانہ کی ہی اطاعت ہے: ﴿ و من یطع الرسول فقد أطاع اللّٰه ﴾ (۳)، جو شخص اطاعت سے پیٹھ پھیرے اس کو اس طرح بیان فرمایا گیا ہے: ﴿ قل أطیعوا اللّٰه والرسول، فإن تولوا، فإن اللّٰه لا یحب الکافرین﴾ (۴)، ایمان کی بنیادیں ذات وصفات

---

(۱) (سورة النساء : ۵۹)

قال العلامة الآلوسیؒ: "﴿أطیعو الله﴾ فی الفرائض ﴿وأطیعوا الرسول﴾ فی السنن : و الأول أولیٰ وأعاد الفعل و إن کانت طاعة الرسول مقترنةً بطاعة الله تعالیٰ اعتناءً بشأنه علیه السلام و قطعاً لتوهم أنه لا یجب امتثال مالیس فی القرآن، و إیذاناً بأن له صلی الله تعالیٰ علیه وسلم استقلالاً بالطاعة لم یثبت لغیره". (روح المعانی :۶۵/۵، دار إحیاء التراث العربی)

"والحق أن الآیة دلیل علی إثبات القیاس بل هی متضمنة لجمیع الأدلة الشرعیة، فإن المراد بإطاعة الله العمل بالکتاب ،و بإطاعة الرسول العمل بالسنة الخ" (روح المعانی :۶۶/۵)

قال ابن کثیر :﴿أطیعوا الله﴾ اتبعوا کتابه، ﴿وأطیعوا الرسول﴾ خذوا بسنته". (تفسیر ابن کثیر: ۱/۶۸۹، دار السلام، ریاض)

(۲) (سورة النساء :۶۴)

و فی تفسیر ابن کثیر : "أی فرضت طاعته علی من أرسله إلیهم". (۱/۱۹۱، دار السلام)

و فی روح المعانی : "و ما أرسلنا رسولاً إلا لإلزام طاعته الناس لیثاب من انقاد و یعاقب من سلک طریق العناد الخ".(۵/۷۰، دار إحیاء التراث العربی)

(۳)(سورة النساء :۸۰)

(۴) (سورہ آل عمران: ۳۲)

قال ابن کثیر فی تفسیره تحت الآیة المذکورة: "فدل علی أن مخالفته فی الطریقة کفر، والله لا یحب من اتصف بذلک ..... لو کان الأنبیاء بل المرسلون بل أولوا لعزم منهم فی زمانه ماوسعهم إلا اتباعه والدخول فی طاعته و اتباع شریعته". (تفسیر ابن کثیر : ۱/۴۷۷، دار السلام)

و فی روح المعانی تحت قوله تعالیٰ: ﴿ثم لا یجدوا فی أنفسهم حرجاً﴾: أی شکاً ..... =

اور عالم آخرت، حشر ونشر، وزن اعمال، جنت ودوزخ جو کچھ بھی قرآن کریم میں مذکور ہے وہ سب کا سب حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فرمانے سے معلوم ہوا اور آپ کا فرمانا حدیث ہے تو جو شخص حدیث کو نہیں مانتا وہ آپ کی فرمائی ہوئی کسی بات کو بھی نہیں مانتا(۱)۔

= واختار بعض المحققين تفسيره، بضيق الصدر لشائبة الكراهة و الإباء لما أن بعض الكَفَرة كانوا يستيقنون الآيات بلا شک، ولكن يجحدون ظلماً و عُتُوّاً، فلا يكونوا مؤمنين ". (روح المعانی: ۵/ ۷۱، دار إحياء التراث العربی بيروت)

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿و من يشاقق الرسول من بعد ما تبيّن له الهدیٰ و يتبع غير سبيل المؤمنين، نولّه ما تولی، ونصله جهنم، و سآء ت مصيراً﴾ (سورة النساء: ۱۱۵)

و فی روح المعانی: "أی يخالفه ..... ظهر له الحق فيما حكم به النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم أو فيما يدعيه عليه الصلاة والسلام بالوقوف على المعجزات الدالة على نبوته ..... نجعله والياً لما تولّاه من الضلال". (روح المعانی: ۵/ ۱۴۶، دار إحياء التراث، بيروت)

و قال الله تعالیٰ: ﴿ و أنزلنا إليک الذكر﴾ يعنی القرآن ﴿لتبين للناس ما نزل إليهم﴾..... أی من ربهم لعلمک بمعنی ما أنزل الله و حرصک عليه و اتباعک له، و لعلمنا بأنک أفضل الخلائق وسيد ولد آدم، فتفصل لهم ما أجمل، و تبين لهم ما أشكل ". (تفسير ابن كثير: ۲/ ۷۵۴، دار السلام)

وفی روح المعانی: ﴿ما نزل إليهم﴾ فی ذلک الذكر من الأحكام والشرائع و غير ذلک ..... على وجه التفصيل بياناً شافياً الخ". (روح المعانی: ۱۴/ ۱۵۰، دار إحياء التراث العربی)

و قال الله تعالیٰ: ﴿ومن يعص الله و رسوله﴾ فی أمر من الأمور، و يعمل فيه برأيه ﴿فقد ضل﴾ طريق الحق ﴿ضلالاً مبيناً﴾". (روح المعانی: ۲۲/ ۲۳، دار إحياء التراث العربی)

و قال الله تعالیٰ: ﴿و ما كان لمؤمن و لا مؤمنة إذا قضى الله و رسوله أمراً﴾: أی قضی رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم، و ذكر الله تعالیٰ لتعظيم أمره بالإشارة إلى أنه عليه السلام بمنزلة من الله تعالیٰ بحيث تُعدّ أوَامِره أوَامِر الله عزوجل، أو للإشعار بأن ما يفعله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم إنما يفعله بأمره؛ لأنه لا ينطق عن الهوىٰ ..... ﴿أن يكون لهم الخيرة من أمرهم﴾ أن يختاروا من أمرهم ما شاؤوا، بل يجب عليهم أن يجعلوا رأيهم تبعاً لرأيه عليه الصلاة والسلام، و اختيارهم تلوا ختياره الخ". (روح المعانی: ۲۲/ ۲۲، دار إحياء التراث العربی)

قال الملا علی القاری فی شرح حديث أبی رافع رضی الله تعالیٰ عنه: "والحال أنه متكیء =

Made Searchable using ScribeTools.com

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ احادیث بیان فرمارہے تھے(۱) ایک شخص نے کہا کہ آپ یہ احادیث بیان نہ کریں، ہمارے سامنے قرآن کریم بیان کریں، اس پر انہوں نے فرمایا کہ: ''تم قریب کو آجاؤ اور

= و یأتیه الأمر فیقول: (لاأدری): أی لا أعلم غیر القرآن و لا اتبع غیره أو لا أدری قول الرسول ..... و ما وجدنا فی غیره لا نتبعه : أی وهذا الأمر الذی أمر به علیه السلام أو نهی عنه لم نجده فی کتاب الله، فلا نتبعه، والمعنی: لا یجوز الإعراض عن حدیثه علیه السلام ؛ لأن المعرض عنه معرض عن القرآن، قال تعالیٰ: ﴿و ما آتاکم الرسول فخذوه و ما نهاکم عنه فانتهوا﴾، وقال تعالیٰ:﴿ و ما ینطق عن الهویٰ إن هو إلا وحی یوحی﴾، وأخرج الدارمی عن یحییٰ بن کثیر قال: کان جبرئیل ینزل بالسنة کما ینزل الوحی ..... اهـ.

قال الخطابی : ذکره رداً علی ماذهب إلیه الخوارج وأصحاب الظواهر، فإنهم تعلقوا بظواهر القرآن، و ترکوا السنة التی تضمنت بیان القرآن ، فتحیّروا و ضلوا ..... و قال ابن حجر : أی ما حرم و أحل رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کما حرم و أحل الله ، .....ولذاقال الشافعی : کل ما حکم به رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فهو مما فهمه من القرآن، ثم أخرج ما یؤیده و هو قوله علیه السلام : (إنی لا أحل إلا ما أحل الله فی کتابه، و لا أحرم إلا ما حرم الله فی کتابه) و قال : جمیع ما تقوله الأئمة شرحٌ للسنة ، و جمیع السنة شرحٌ للقرآن،و قال : ما نزل بأحد من الدین نازلة إلا وهی فی کتاب الله تعالیٰ الخ ". (مرقاة المفاتیح شرح مشکاة المصابیح، کتاب الإیمان ، باب الإعتصام بالکتاب والسنة: ۱/۴۰۰-۴۰۵، رشیدیه)

(۱) "قال: حدثنا صرد بن أبی المنازل، سمعت حبیباً المالکی قال: قال رجل لعمران بن حصین رضی الله تعالیٰ عنه : یا أبا نجید ! إنکم لتحدثونا بأحادیث ما نجدلها أصلاً فی القرآن، فغضب عمران و قال للرجل : أوَجدتم (فی القرآن) فی کل أربعین درهماً درهمٌ، و من کل کذا و کذا شاةٍ شاةٌ، و من کذا و کذا بعیراً کذا و کذا ؟ أوَجدتم هذا فی القرآن؟ قال : لا، قال: فعمن أخذتم هذا؟ أخذتموه عنا، و أخذناه عن نبی الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ، و ذکر أشیاء نحو هذا". (سنن أبی داود، کتاب الزکاة، باب ما تجب فیه الزکاة : ۱/۲۲۴، ۲۲۵، امدادیه ملتان)

(وکذا فی کتاب الکفایة فی علم الروایة ، باب تخصیص السنة الخ :۱۵ ، دائرة المعارف العثمانیة حیدرآباد دکن)

بتلاؤ کہ تم کو اور جو تمہارے ہم خیال ہوں ان کو قرآن کریم دیدیا جائے، کیا اس میں صاف صاف پانچ وقت کی نماز کا تذکرہ پاؤ گے اور یہ کہ فجر کی ظہر کی عصر کی مغرب کی عشاء کی کتنی کتنی رکعتیں ہیں؟ اور ان کے اوقات کیا ہیں اور یہ کہ زکوۃ کتنے مال پر کتنی مقدار واجب ہوتی ہے؟ چاندی کا نصاب کیا ہے، سونے کا کیا ہے، گائے کا کیا، بکری کا کیا ہے؟ اونٹ کا کیا ہے اور یہ کہ حج میں طواف کتنے شوط ہیں، صفا اور مروہ کے درمیان کتنے چکر ہیں؟ اور یہ کہ چور کا ہاتھ گٹے سے کاٹا جائے یا کہنی سے یا کندھے سے وغیرہ وغیرہ؟ اللہ کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر قرآن کریم نازل ہوا اور انہوں نے اس کی تشریح وتفصیل ہمارے سامنے بیان کی اور ہم کو اس کی اشاعت وتبلیغ کا حکم دیا تم اس کو تسلیم کرو تو صحیح راستہ پر رہو گے ورنہ گمراہ ہو جاؤ گے''۔

کفایہ میں خطیب نے اس کو تفصیل سے بیان کیا ہے، پہلے ایک دو آدمی اس خیال کے پیدا ہوئے جس کی تسلی وتشفی کر دی گئی اور اس کا فتنہ نہیں پھیلا، کچھ مدت سے چکڑالوی نے اس کی فرقہ کی حیثیت اختیار کی، مناظرے ہوئے، کتابیں لکھی گئیں، گاہے گاہے اس قسم کے لوگ اپنے خیالات کو مجلسی گفتگو اور تحریرات میں پھیلاتے رہتے ہیں۔ کفر کا فتویٰ ان پر لگا دینے سے ان کی اصلاح نہیں ہوگی، بلکہ دلائل کی روشنی میں ان کی تفہیم اور تردید کی ضرورت ہے کہ تمہارے اس نظریہ (انکار حدیث) کا انجام انکارِ قرآن، انکارِ خدا، انکارِ رسول کو مستلزم ہے اور کسی ایک آیت کا انکار بھی درست نہیں، اس سے ایمان سلامت نہیں رہتا، کیونکہ ایمان تو پورے قرآن پر ضروری ہے۔

جب انکارِ حدیث کیا تو جن آیات میں اطاعت واتباع رسول کا حکم ہے ان کا بھی انکار ہو گیا تو پھر قرآن پر ایمان کہاں رہا؟ قرآن کا قرآن ہونا بھی تو رسول کے فرمانے سے معلوم ہوا۔ انکارِ رسول اور انکارِ قرآن کے ساتھ ساتھ ایمان کیسے جمع ہو سکتا ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲/ ۵/ ۱۳۹۹ھ۔

---

(۱) (راجع، ص: ۳۴۴، رقم الحاشية: ۱)

"وعن مالک بن أنس رضی الله عنه ..... قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : "ترکت فیکم أمرین لن تضلوا ما تمسکتم بهما: کتاب الله و سنة رسوله". ..... ثم فی العدول عن سنته مبالغة فی زیادة شرفه والحث علی التمسک بسنته بذکره السبب فی ذلک ، و هو خلافته عن الله و =

Made searchable using ScribeTools.com

فاضل بریلوی کا ایک ملفوظ اور ایک آیت کا انکار

سوال[۵۵۹]: مولانا احمد رضا خان بریلوی کے ملفوظات حصہ چہارم میں یہ سوال وجواب مرقوم ہے: عرض اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "ختم اللہ لأغلبن أنا و رسلی" تو بعض رسول کیوں شہید ہوئے؟ ارشاد: رسولوں میں سے کون شہید کیا گیا؟ انبیاء البتہ شہید کئے گئے، رسول کوئی شہید نہ ہوا "یقتلون النبیین" فرمایا گیا، نہ کہ "یقتلون الرسل" اس پر ایک شخص کہتا ہے کہ قرآن کریم میں "ختم اللہ" نہیں "کتب اللہ" ہے، یہ قرآن کریم کی تحریف ہے، نیز قرآن کریم کی متعدد آیتوں سے رسولوں کا شہید ہونا معلوم ہوتا ہے، یہ ان آیتوں کا انکار ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ مولانا رضا خان بریلوی اس تحریف اور انکارِ قرآن کی وجہ سے کافر ہوئے کہ نہیں اور گمراہ ہوئے کہ نہیں؟ اگر نہیں ہوئے تو کیا یہ دونوں غلطیاں تحریفِ قرآن وانکار نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

پورے قرآن کریم پر ایمان لانا فرض ہے، کسی جزء کا انکار کرنا کفر ہے(۱)، ایک لفظ یا ایک حکم کی جگہ

= قیامه برسالته ،و أن ما جاء به لیس إلا من تلک الرسالة لا من تلقاء نفسه".

"وعن ابن عباس رضی الله عنهما قال: "من تعلم کتاب الله ثم اتبع ما فیه ، هداه الله من الضلالة فی الدنیا ،ووقاه یوم القیامة سوء الحساب" . قال الطیبی : و فیه أن سعادة الدارین منوطة بمتابعة کتاب الله اهـ، و متابعته موقوفة علی معرفة سنة رسوله علیه السلام و متابعته ، فهما متلازمان شرعاً، لا ینفک أحدهما عن الآخر، و قال سهل بن عبد الله التستری : من اتبع الهدیٰ وهو ملازمة الکتاب و السنة ، لا یضل عن طریق الهدی، و لا یشقی فی الآخرة والأولیٰ". (مرقاة المفاتیح شرح مشکاة المصابیح، کتاب الإیمان : ۱/ ۴۳۱، ۴۳۴، رشیدیه)

(۱) "و یکفر إذا أنکر آیةً من القرآن". (البحر الرائق، باب أحکام المرتدین من السیر : ۲۰۵/۵، رشیدیه)

"و فی شرح الفقه الأکبر للقاریؒ : "وفی جواهر الفقه: ..... أنکر آیةً من کتاب الله ..... کفر، ..... و فیه أیضاً: و من جحد القرآن : أی کله أو سورةً منه أو آیةً، قلت: و کذا کلمةً أو قرآءةً متواترةً، أو زعم أنها لیست من کلام الله تعالیٰ، کفر : یعنی إذا کان کونه من القرآن مجمعاً علیه". (فصل فی القرأة والصلوة، ص:۱۶۷، قدیمی) ..... =

دوسرا لفظ یا دوسرا حکم بدلنے کا حق ان کو بھی نہیں تھا جن پر یہ نازل ہوا: ﴿قل ما یکون لی أن أبدله من تلقاء نفسی﴾ الآیة (۱)۔ جو چیز اللہ پاک نے نہیں فرمائی، اس کو اللہ پاک کی طرف منسوب کرنا نہایت خطرناک ہے: ﴿ولو تقول علینا بعض الأقاویل، لأخذنا منه بالیمین، ثم لقطعنا منه الوتین﴾ الآیة (۲)، یہ تو اصولی چیز ہے، میرے پاس اس وقت ملفوظات مسئولہ موجود نہیں، آپ نے جو کچھ لکھا ہے اس کا جواب یہ ہے کہ "عرض" کے تحت جو کچھ مذکور ہے وہ سائل کا سوال ہے، اس میں "کتب" کی جگہ "ختم" ہے۔ اگر سائل حافظ نہیں، اس کو غلط یاد رہا، یا سبقتِ لسانی سے بلا قصد "ختم" نکل گیا تو اس پر کفر کا فتویٰ نہیں، اگر کوئی شخص قصداً "کتب" کی جگہ "ختم" پڑھے اور اس کو اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کرے، فتویٰ اس پر ہوگا (۳)۔

سائل سے اگر آیتِ قرآنی غلط اداء ہوئے تو اصل سوال کے جواب سے پہلے مجیب کی ذمہ داری ہے کہ اس کو متنبہ کرے کہ آیت اس طرح نہیں بلکہ اس طرح ہے، غلط سننے کے باوجود اس پر متنبہ کر کے اس کو صحیح نہ کرنا بلکہ اسی طرح جواب دینا ہرگز جائز نہیں کیونکہ سائل کی غلطی یا تحریف کی ایک قسم کی تائید ہے، اگر مجیب نے غلطی کو سنا ہی نہیں کہ سائل نے کس طرح آیت کو پڑھا ہے، ایسے ہی جواب دیدیا؟ مجیب کو بھی یاد نہیں تھا، وہ یہ سمجھے کہ آیت اسی طرح ہے تو مجیب پر بھی تحریف یا تبدیل کا فتویٰ نہیں لگے گا بلکہ اس کو غلطی اور نسیان پر محمول کیا جائے گا۔

اگر دیدہ و دانستہ غلط پڑھنے پر اصلاح سے سکوت کر کے سوال کا جواب دیا جائے تو گویا کہ سائل کی

= (وكذا في الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، الباب التاسع في أحكام المرتدين، مطلب موجبات الكفر أنواع و منها ما يتعلق بالقرآن: ۲/۲۶۶، رشيديه)

(۱) (يونس: ۱۵)

(۲) (الحاقة: ۴۴، ۴۵، ۴۶)

(۳) "سئل الإمام الفضلي عمن يقرأ الظاء المعجمة مكان الضاد المعجمة، أو يقرأ "أصحاب الجنة" مكان "أصحاب النار" أوعلى العكس، فقال: لا تجوز إمامته، و إن تعمد يكفر". (شرح الفقه الأكبر، فصل في القرأة والصلوة، ص:۱۶۷، قديمی)

(وكذا في البحر الرائق، باب أحكام المرتدين من السير: ۵/۲۰۹، رشيديه)

(وفي التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل في المتفرقات: ۵/۵۲۹، إدارة القرآن)

Made searchable using ScribeTools.com

تصدیق وتائید کردی ہے تو اس صورت میں حکم بہت سخت ہوگا (۱) اِلا یہ کہ قولاً یا تحریراً رجوع کرلیا ہو۔

یہاں تک تو "کتب" کی جگہ "ختم" پڑھنے اور لکھنے کا حکم ہوا، اب رہی دوسری بات تو مجیب نے جو کچھ جواب دیا ہے وہ ضرور ان آیات کے خلاف ہے جن میں رسولوں کے مقتول ہونے کا تذکرہ ہے (۲) اس کے حکم سے مَفَرَ کی کوئی صورت نہیں (۳)۔

یہاں دو چیزیں ہیں: ایک لزومِ کفر، دوسرے التزام کفر، دوسری صورت بالاتفاق کفر ہے، پہلی صورت میں اگر باوجود لِزوم کفر کے صاحبِ عبارت التزامِ کفر سے انکار کردے اور وہ انکار موجّہ مدلل بھی ہو تو فتویٰ کفر نہیں ہوگا۔

الحاصل لزوم کفر سے کفر تو عائد ہوجاتا ہے، لیکن فتوی التزام پر ہوتا ہے، لہٰذا عائد شدہ کفر کے بعد دفاع کے لئے انکار التزام موجّہ ومدلل کی ضرورت ہوتی ہے، وہ اگر موجود ہو تو کفر مرتفع ہوجائے گا ورنہ نفسِ کفر تو لزوم سے بلا التزام کے عائد ہوجائے گا، ایسے مسائل کے اصول تفصیل کے ساتھ ''اکفار الملحدین'' میں مذکور ہیں (۴)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۲۰/۶/۸۷ھ۔

لاعلمی کی وجہ سے آیت قرآن کا انکار کرنا

سوال [۵۶۰]: عمر غیر معتبر آدمی ہے، خالد عمر پر کچھ اعتبار نہیں کرتا، عمر نے قرآن کی تلاوت کی،

---

(۱) ''قصداً اور عمداً قرآن پاک کو غلط پڑھنے والے کی چونکہ فقہاء کرام نے تکفیر کی ہے اور غلط پڑھنے والے پر سکوت کرنا گویا اس پر راضی ہونا ہے، اور کفرِ غیر پر رضا بھی فقہاء کے ہاں انتہائی خطرناک ہے۔

(۲) قال اللہ تعالیٰ: ﴿لقد أخذنا ميثاق بنى إسرائيل وأرسلنا إليهم رسلاً، كلما جاء هم رسول بما لا تهوى أنفسهم، فريقاً كذّبوا، و فريقاً يقتلون﴾. (المائدة : ۷۰)

(۳) یعنی ان آیتوں کے انکار کی صورت میں فقہاء نے تکفیر کا جو حکم لگایا ہے وہی حکم یہاں پر بھی مرتب ہوگا، (كما تقدم فى الحاشية الأولىٰ من ، ص: ۳۴۷)

(۴) دیکھئے: (إكفار الملحدين ، (مترجم)، ص: ۲۷۶، ۲۷۸، عنوان : ''لزوم کفر، کفر ہے یا نہیں؟ مکتبہ لدھیانوی) اور (ص: ۲۶۲، ۲۶۴، عنوان: ''لزوم کفر اور التزام کفر کا فرق۔

Made Searchable by ScribeTools.com

خالد نے خیال کیا کہ یہ صرف برتری ظاہر کرنے کے لئے کہہ رہا ہے، اور کہا کہ یہ قرآن پاک کی آیت نہیں ہے، کیوں کہ عمر پر اعتبار ہی نہیں تھا حالانکہ وہ قرآن پاک کی آیت تھی، خالد نے استغفار کرلیا ہے۔ تو کیا خالد کو تجدید ایمان کی ضرورت ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اگر وہ خود آیت کو نہیں پہچان سکا اور عمر کو غیر معتبر سمجھ کر اس نے انکار کردیا تو اس سے اس کا ایمان ختم نہیں ہوا(۱)، احتیاطاً تجدید ایمان کا تو ویسے بھی حکم ہے، وہ کرتے رہنا چاہئے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۴/۱/۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۴/۱/۸۸ھ۔

ایک مشہور آدمی کی تفسیر کے نمونے

سوال[۵۶۱]: کسی مشہور شخص کی تصنیف جو قرآنی تفسیر کے نام سے ہے ''سبحان سبوح''، خالق کائنات کو ''بھانِ متی'' کہا، وحی کو مجنون کی بڑ سے تشبیہ دی، جنت و دوزخ و ملائکہ کا انکار لکھا، مرنے کے بعد نیکیوں کو دیکھ کر خوش ہونے کا نام جنت اور برائیوں کو دیکھ کر کڑھنے کا نام دوزخ بتایا، برق و باد کی قوتِ جذب، اشجار و نباتات کی قوتِ نشوونما کا نام فرشتے کہا۔ ایسے عقیدے والے کے لئے شریعت کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

میں نے یہ تفسیر نہیں دیکھی، اس کی اصل حقیقت تو دیکھنے سے معلوم ہوسکتی ہے، باقی جو کلمات آپ نے

---

(۱) ''ثم إن كانت نية القائل الوجه الذى يمنع التكفير، فهو مسلم''. (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، قبيل الباب العاشر فى البغاة: ۲/۲۸۳، رشيديه)

(و بمعناه فى البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۵/۲۱۰، رشيديه)

(والبزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية كتاب ألفاظ تكون إسلاما أو كفراً، الفصل الثانى، النوع الأول فى المقدمة: ۶/۳۲۱، رشيديه)

(۲) (تقدم تخريجه تحت عنوان ''دین کو ماننے سے انکار'')

Made searchable using ScribeTools.com

لکھے ہیں ان کو مسلک اہل سنت والجماعت بلکہ اسلام سے کیا تعلق ہے؟ اس کو تفسیر کہنا غلط ہے وہ تو تحریف ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۱۲/۹۵ھ۔

قرآن پاک میں تحریف کرنے کا اقرار

سوال[۵۶۲]: ۱..... ۲۳/دسمبر ۱۹۷۸ء کو شہر کٹک میں مناظرہ ہوا جس میں بریلی کے علماء نے ایک اشتہار نکالا جس میں قرآن پاک کی ایک آیت لکھی ہوئی تھی وہ غلط تھی۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ یہ کیا ہے؟ تو کہا کہ یہ اضافہ قرآنی ہے، تحریف نہیں ہے۔ وہ آیت یہ ہے: "و هو الهادی إلی سواء السبیل إن أرید إلا الإصلاح، و ما توفیقی إلا باللّٰه"۔ اب سوال یہ ہے کہ صاف تحریف کا اقرار کرنا شریعت مطہرہ میں کیسا ہے؟ ایسے آدمی کا ایمان رہا یا نہیں؟ جو لوگ سن کر چپ رہے اور اس کی تائید کی، ان کا ایمان رہا یا نہیں؟ ان سے جو اولاد ہوگی وہ حلال ہوگی یا حرام؟

بدری صحابی کو وہابی اور منافق کہنا

سوال[۵۶۳]: ۲.....ایک صحابی جو اصحابِ بدر بیّن میں سے ہیں جن کا اسم گرامی حاطب بن بلتعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہے، ان کو وہابی اور منافق کہا گیا، حالانکہ سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمادیا ہے کہ ''اصحابِ بدر جنتی ہیں''، حالانکہ بریلی کے علماء نے کہا کہ یہ صحابی نہیں بلکہ وہابی اور منافق ہیں۔ اب سوال یہ ہے کہ جو شخص کسی صحابی کو وہابی اور منافق کہے اس کا ایمان رہا یا نہیں؟ نیز جو لوگ اس کہنے والے کے ساتھ تھے انہوں نے نکیر نہیں کی بلکہ خاموش رہے ان کے بارے میں کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

۱.....ایمان اور کفر دونوں اصالۃً قلبی چیزیں ہیں جس کا علم خود صاحب معاملہ ہی کو ہوسکتا ہے، کچھ امور ایسے بھی ہیں کہ جن کو امارات قرار دیا گیا ہے کہ ان امارات پر حکم لگایا جاسکتا ہے، کفر کا حکم لگانا انتہائی چیز ہے اس کے لئے قوی دلیل کی ضرورت ہے(۱) حدیث پاک میں ارشاد ہے کہ ''جب کوئی شخص کسی کو کافر کہے اور وہ حقیقتاً

---

(۱) قال ابن نجیم: "وفی الفتاوی الصغری: الکفر شیء عظیم فلا أجعل المؤمن کافراً متی وجدت روایةً أنه لا یکفر اهـ". (البحر الرائق، کتاب السیر، باب أحکام المرتدین: ۵/۲۱۰، رشیدیه)

(بدلائل شرعیہ) کافر نہ ہوتو اس کافر کہنے کا وبال اسی کی طرف لوٹتا ہے جس نے کافر کہا ہے'' (۱) اس لئے بہت بڑی احتیاط کی ضرورت ہے۔ آپ وہ اشتہار ارسال کریں اور جس چیز کو انہوں نے اضافہ قرار دیا ہے اس کی بھی پوری نشاندہی کریں، مضمون بطورِ تشریح وتفصیل بھی ہوسکتا ہے جیسے کہ ''جلالین'' وغیرہ میں قرآن کریم کی آیت کے ساتھ ساتھ تفسیر کا اضافہ کرتے رہتے ہیں، اور اس کو الفاظِ قرآن سے ممیّز کردیتے ہیں تاکہ اس کے متن قرآن ہونے کا اندیشہ نہ ہو، اگر اضافہ کا مطلب یہ ہے کہ اس کو متن قرآن قرار دیدیا تو یہ نہایت خطرناک ہے (۲)۔

۲.....کیا اس کے متعلق بھی کوئی تحریر موجود ہے کہ حضرت حاطب بن بلتعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو وہابی کہا ہے اور وہابی کا وہی مطلب لیا ہے جس کے عقائد کی تشریح ''فتاویٰ رضویہ'' میں کی ہے اور کفر کا حکم لگایا ہے اور مولانا محمد اسماعیل شہید نور اللہ مرقدہ کو ابوالوہابیہ کہہ کر بے شمار دلائل ان کے کفر کے بیان کئے ہیں اور یہ لکھا ہے کہ: ''جو ان کے کفر اور عتاب میں شک کرے وہ خود بھی کافر ہے''، پھر آخر میں لکھا ہے کہ 'محتاط علماء ان کو کافر نہیں کہتے یہی مفتیٰ بہ ہے''۔ خان صاحب بریلوی کی کتاب "الكوكبة الشهابية فى كفريات الوهابية" ہے، اس میں تفصیل ہے۔ مذکور خان صاحب کی تحریر کی بناء پر ان کے ایمان کا سلامت رہنا اور ان کے نکاح کا باقی رہنا

---

(۱) "عن أبى ذرٍ رضى الله تعالىٰ عنه أنه سمع النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: "لا يرمي رجل رجلاً بالفسوق و لا يرميه بالكفر، إلا ارتدت عليه إن لم يكن صاحبه كذلك". (صحيح البخارى، كتاب الأدب، باب ما ينهى عن السباب و اللعن : ۸۹۳/۲، قديمى)

(۲) قال العلامة الآلوسىؒ تحت قوله تعالىٰ : "يحرّفون الكلم عن مواضعه" (النساء : ۴۶): "المراد به ههنا إما ما فى التوراة، و إما ما هو أعم منه ..... و الأول هو المأثور عن السلف كابن عباس و مجاهد و غيرهما، و تحريف ذلك إما إزالته عن مواضعه التى وضعه الله تعالىٰ فيه ..... و إما صرفه عن المعنى الذى أنزل الله تعالىٰ فيه إلى مالا صحة له بالتاويلات الفاسدة والمحتملات الزائغة كما تفعله المبتدعة فى الآيات القرآنية". (روح المعانى : ۴۶/۵، دار احياء التراث العربى).

وقال ابن نجيمؒ :" و(يكفر) بإبداله حرفاً أو آية من القرآن". (البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين : ۲۰۹/۵، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

اورکل اولاد کا حلال ہونا دشوار ہوگیا(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند،۲۲/۲/۱۳۹۹ھ۔

اپنے مسلمان ہونے کا انکار

سوال[۵۶۴]: اگرکوئی شخص یہ کہے کہ میں مسلمان نہیں ہوں، حالانکہ وہ صوم وصلوۃ کا پابند ہے تو اس کے پیچھے نماز پڑھنا درست ہے یا نہیں؟ وہ مسلمان شمار کیا جائے گا یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

ایسا کہنا نہایت خطرناک ہے(۲) اس کو توبہ واستغفار اور کلمہ پڑھنا لازم ہے، احتیاطاً تجدید نکاح کرے(۳) اگر وہ اپنے ایمان کو کمزور سمجھتے ہوئے ایسا کہتا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ مسلمان کو جیسا کہ اللہ کے

---

(۱) راجع، ص: ۳۵۲، رقم الحديث: ۱، و قال فی التاتارخانية: "و لو قال لمسلم أجنبی: يا كافر! ..... و لم يقل المخاطب شيئاً ..... كان الفقيه أبو بكر الأعمش يقول: يكفر هذا القائل ..... والمختار للفتوى فی جنس هذه المسائل أن القائل بمثل هذه المقالات إن كان أراد الشتم، و لا يعتقده كافراً، فمخاطبه بهذا بناءً علی اعتقاده أنه كافر، يكفر". (التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل فی الرجل يقول لغيره: "يا كافر": ۵/۵۱۴، إدارة القرآن كراچی)

(۲) "ويكفر ..... بقوله عمداً: لا جواباً لمن قال له: ألست مسلماً حين ضرب عبده أو ولده ضرباً شديداً". (البحرالرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۵/۲۰۷، رشيديه)

(وكذا فی البزازية علی هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب ألفاظ تكون إسلاما أو كفراً، الفصل الخامس فی الإقرار بالكفر: ۲/۳۳۰، رشيديه)

(وكذا فی الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، الباب التاسع فی أحكام المرتدين، مطلب موجبات الكفر أنواع، ومنها ما يتعلق بتلقين الكفر والأمر بالإرتداد الخ: ۲/۲۷۷، رشيديه)

(۳) "وإن كانت نيته الوجه الذی يوجب التكفير، لا تنفعه فتوى المفتی، و يؤمر بالتوبة والرجوع عن ذلك، وتجديد النكاح بينه و بين امرأته". (التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل فی إجراء كلمة الكفر: ۵/۴۵۸، إدارة القرآن)

وعدوں پر یقین ہونا چاہئے اور اس کے احکام کا پابند ہونا چاہئے وہ بات مجھ میں نہیں اور بطورِ رنج وافسوس کے کہتا ہے: گویا اللہ پاک سے قوی ایمان کی تمنا رکھتا ہے تو اس پر تجدید ایمان وتجدید نکاح کا حکم نہیں لگایا جائے گا (۱) اور اس کے احساس وافسوس کی تعریف کی جائے گی، مگر ایسا کہنے سے پھر بھی روکا جائے گا۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

خود کو غیر مسلم کہہ کر غیر مسلم لڑکی سے بطریقہ غیر مسلم نکاح کرنا

سوال[۵۶۶]: کسی مسلمان شخص نے کسی غیر مسلم لڑکی سے اپنے آپ کو غیر مسلم کہہ کر بطریقہ غیر مسلم شادی کرلی، سال بھر بعد اپنے آپ کو مسلمان کہا اور اس لڑکی کو بھی مسلمان بنالیا، اس آدمی کی پہلی بیوی، (جو مسلمان ہے) کو عرصہ تین سال سے کوئی نان ونفقہ یا حقوق زوجیت ادا نہیں کیا، اس صورت میں زوجہ اول کو (جو مسلمان ہے) طلاق پڑگئی یا نہیں؟ وہ عدالت سے طلاق لے کر دوسری جگہ شادی کرسکتی ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

جب اس نے کہا کہ مسلمان نہیں، ہندو ہوں (۲) تو اس کا نکاح سابقہ بیوی سے ختم ہوگیا (۳)، قانونی

---

(۱) "و فی الخلاصة وغیرها: إذا کان فی المسألة وجوه توجب التکفیر، ووجه واحد یمنع التکفیر، فعلی المفتی أن یمیل إلی الوجه الذی یمنع التکفیر، تحسینا للظن بالمسلم". (البحر الرائق، کتاب السیر، باب أحکام المرتدین: ۵/۲۱۰، رشیدیه)

(وکذا فی التاتارخانیة، کتاب أحکام المرتدین، فصل فی إجراء کلمة الکفر: ۵/۴۵۸، ادارة القرآن)

(والبزازیة علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة کتاب ألفاظ تکون إسلاما أو کفراً، الفصل الثانی، النوع الأول فی المقدمة: ۶/۳۲۱، رشیدیه)

(۲) "ویکفر ..... بقوله: أنا ملحد؛ لأن الملحد کافر، و لو قال: ما علمته، لا یعذر". (البحر الرائق، کتاب السیر، باب أحکام المرتدین: ۵/۲۰۷، رشیدیه)

(وکذا فی شرح الفقه الأکبر، فصل فی الکفر صریحاً و کنایةً، ص: ۱۸۳، قدیمی)

"و من قصد الکفر ساعةً أو یوماً، فهو کافر فی جمیع العمر، و یکفر فی الساعة". (التاتارخانیة، کتاب أحکام المرتدین، فصل فی الرجل یقول لغیره: یا کافر: ۵/۵۱۷، ۵۱۸، ادارة القرآن)

(۳) "و ارتداد أحدهما فسخ فی الحال یعنی فلا یتوقف علی مضی ثلاثة قروء فی المدخول بها، و لا =

Made Searchable by ScribeTools.com
Made searchable using ScribeTools.com

تحفظ کے لئے عدالت سے بھی فعل مختاری کا فیصلہ لے لے، پھر اپنا دوسری جگہ نکاح کرسکتی ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۶/۱۱/۱۳۹۹ھ۔

جو شخص ہندو ہونے کا اقرار کرے اس کا حکم

سوال[۵۶۷]: مسمی امید علی خان، جس کی عمر ستر اسی برس ہے، ساکن کھیڑا افغان ضلع سہارنپور جو کہ موجودہ متولی درگاہ قادری بابا، نکوڈر روڈ، جالندھر شہر، پنجاب۔ اس طرح ایک معمولی سی بات پر جو کہ مابین تکرار تھی، وہ یہ کہ کرایہ برابر درگاہ میں رہنے والے دیتے ہیں اور اس نے دو آدمیوں پر نوٹس دیا ہے کہ مجھ کو ان دونوں نے چار سال سے کرایہ نہیں دیا ہے، اس پر محمد علی نے کہا کہ کرایہ دار کہتے ہیں کہ ہم قرآن شریف کی قسم کھالیں گے تو وہ کہنے لگا کہ ''قسم! میں تو قرآن پر چوتڑ رکھ کر بیٹھ جاؤں گا، لیٹ جاؤں گا، اور جوتوں کے ساتھ قرآن پاک پر کھڑا ہو کر قسم کھاؤں گا کہ کرایہ مجھے آج تک نہیں دیا''۔ اس موقعہ پر جو کہ مسلمان تھے انہوں نے کہا کہ آپ کو ایسا نہیں کہنا چاہیئے، قرآن شریف کے بارے میں، تو اس نے کہا کہ ''میں کیا جانوں ایمان کو، اسلام کو، میں تو ہندو ہوں''۔ پھر دوران تکرار میں اس نے خدا کا نام لیا، تو سامعین میں سے جن کا نام محمد علی ہے کہا کہ آپ کے منہ سے خدا کا نام اچھا نہیں لگتا، آپ نہ لیں خدا کا نام، کہا ''تمہارا خدا خدا ہے، میرا خدا تو بت ہے، میں اسی کو پوجتا ہوں''۔ پھر بارہ دن کے بعد اسی طرح قرآن شریف کے بارے میں پھر کہا اور مزار شریف پر سجدہ کرتا ہے دونوں وقت۔

اس لئے آپ حضرات کی خدمت اقدس میں یہ مضمون حامل رقعہ ہذا محمد علی کے ہاتھ ارسال خدمت ہے اور جن آدمیوں کے سامنے اس نے یہ کہا وہ خدا پاک کو حاضر وناظر جان کر دستخط کر رہے ہیں۔

ایوب حسین، محمد علی، سید محمد یعقوب حسین، فقیر عبدالرؤف خان بقلم خود دیوبندی، خورشید خان، شاہد،

= علی قضاء القاضی ..... وإن أخبرت المرأة أن زوجها قد ارتد، لها أن تتزوج بآخر بعد انقضاء العدة فی روایة الاستحسان". (البحر الرائق، کتاب النکاح، باب نکاح الکافر: ۲۷۵/۳، رشیدیه)

(وکذا فی الدر المختار، کتاب النکاح، باب نکاح الکافر: ۱۹۳/۳، سعید)

(۱) کفایت المفتی میں ہے: ''ہاں ارتداد سے شرعاً نکاح فسخ ہوجاتا ہے، لیکن عدالت کا فیصلہ قانونی مواخذہ سے بچنے کے لئے لازمی ہے''۔ (کفایت المفتی، کتاب الطلاق: ۱۳۶/۶، دار الاشاعت کراچی)

عبدالحمید خان، محمد قاسم، اسراق احمد، پیر محمد۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

ایسے شخص کے بارے میں فتویٰ لینا کیا کارآمد ہوگا جس کا یہ حال ہو، فتویٰ اس کے لئے ہے جو اسلام اور قرآن کے احکام کو ماننے کے لئے آمادہ ہو اور جو شخص خود ہی اسلام اور قرآن کی شان میں ایسے الفاظ کہہ کر اسلام سے مستعفی ہوکر ہندو اور بت پرست ہونے کا اقرار کرتا ہو اس کے لئے کسی فتویٰ کی ضرورت نہیں، وہ تو خود ہی اپنا موقف بیان کر چکا ہے کہ وہ ہندو ہے، بت کو پوجتا ہے (۱) اللہ پاک ہدایت دے اور راہ راست پر لائے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند ۱۳/۲/۹۱ھ۔

نکاحِ بیوہ کا منکر

سوال [۵۶۸]: ۱.....حسب ذیل عقائد رکھنے والا شرعاً مجرم ہے یا نہیں، اگر ہے تو کیا حکم ہے؟

رانڈوں (۲) کی شادی کے متعلق جب آیت ﴿وأنکحوا الأیامیٰ منکم الخ﴾ اس کے سامنے پیش کی گئی تو آیتِ مذکورہ کا انکار کرتے ہوئے کہا کہ: ''جس طرح آریوں نے ہندوؤں کے مذہب کو خراب کر دیا ہے اسی طرح مولویوں نے قرآن وحدیث کو بگاڑ دیا، ہم اس آیت کو نہیں مانتے''۔

---

(۱) ''والرضا بالکفر کفر''. (فتاویٰ قاضی خان، کتاب السیر، باب ما یکون کفراً من المسلم و ما لا یکون: ۳/۵۷۳، رشیدیه)

''و فی المحیط: '' من رضی بکفر نفسه فقد کفر أی إجماعاً''. (شرح الفقه الأکبر للقاریؒ: فصل فی الکفر صریحاً و کنایة، ص: ۱۷۹، قدیمی)

''ثم إن کانت نیة القائل الوجه الذی یمنع التکفیر، فهو مسلم، وإن کانت نیته الوجه الذی یوجب التکفیر، لا تنفعه فتوی المفتی''. (الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، قبیل الباب العاشر فی البغاة: ۲/۲۸۳، رشیدیه)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب السیر، باب أحکام المرتدین: ۵/۲۱۰، رشیدیه)

(۲) ''وہ عورت جس کا شوہر مر گیا ہو''۔ (فیروز اللغات، ص: ۷۰۰)

Made searchable using ScribeTools.com

تبلیغ اسلام کا منکر

سوال[۵۶۹] : ۲.....جولوگ ہندوؤں کومسلمان کرتے ہیں ان کے سخت مخالف ہے، جس کی وجہ سے آئندہ اس اطراف میں اَوروں کو ہمت نہ ہوگی۔

حالت حمل میں نکاح کا منکر

سوال[۵۷۰] : ۳.....حاملہ عورتوں کے نکاح سے منکر ہے، اور کہتا ہے کہ ہمارے نزدیک جائز نہیں۔

عبدالرحمٰن ایک معتبر عالم صاحب کے روبرو یہ گفتگو کی تو انہوں نے کچھ روز انتظار کیا کہ یہ رجوع کر کے توبہ کرلے، مگر اس نے توبہ نہ کی، پھر انہوں نے اعلان کردیا اور حقہ پانی برادری سے بند کرادیا، مگر بعض لوگ اس کے موافق ہیں۔ایسی صورت میں ان لوگوں کا کیا حکم ہے؟ اقبال حسین نہان گاؤں۔سیتاپور

الجواب حامداً و مصلیاً :

۱.....رانڈ کے نکاح کا جواز واستحسان قرآن (۱) وحدیث (۲) واجماع سے ثابت ہے، اس کا انکار کرنا سخت خطرہ وکفر کی بات ہے (۳) رانڈوں کے نکاح کو ناجائز کہنا مسلمانوں کا عقیدہ نہیں بلکہ کفار کا ہے، ایسے شخص کو جلد از جلد توبہ کرنا چاہئے۔

---

(۱) قال الله تعالیٰ :﴿و أنكحوا الأيامى منكم والصالحين من عبادكم وإمائكم﴾ الآية (النور : ۳۲)

(۲) حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اکثر ازواج مطہرات ایسی تھیں جن کا ایک بار نکاح ہو چکا تھا اور بیوہ ہو چکی تھیں، اس کے بعد آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے نکاح کیا تھا۔

(۳) "إذا أنكر آيةً من القرآن أو سخر بأية من القرآن، و فى الخزانة : أو عاب، فقد كفر". (التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل فيما يتعلق بالقرآن : ۵/۴۹۰، ادارة القرآن)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين : ۵/۲۰۵، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، الباب التاسع فى أحكام المرتدين، مطلب: موجبات الكفر أنواع، ومنها ما يتعلق بالقرآن: ۲/۲۶۲، رشيديه)

"ويكفر ..... بردّه حديثاً مروياً إن كان متواتراً، أو قال على وجه الإستخفاف : سمعناه كثيراً". (البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين : ۵/۲۰۴، رشيديه)

۲..... یہ بھی بہت خطرناک ہے اور دینِ واسلام کی دشمنی کی علامت ہے(۱) لہٰذا فوراً اس حرکت سے رکنا وصدق دل سے توبہ کرنی چاہئے۔

۳..... اگر حالتِ حمل میں کسی کا شوہر مرگیا ہو، یا اس کو شوہر نے حالت حمل میں طلاق دیدی تو چونکہ اس کی عدت وضع حمل ہے۔اس لئے وضع حمل سے پہلے عورت کو نکاح کرنا جائز نہیں: ﴿و أولات الأحمال أجلهن أن يضعن حملهن﴾ (۲) ہدایہ:۲/۴۰۳(۳)۔

و لقوله تعالى : ﴿و لا تعزموا عقدة النكاح حتى يبلغ الكتاب أجله﴾ (۴) عینی ہامش ہدایہ:۲/ ۴۰۸ (۵) البتہ اگر عورت حامل بالزنا ہے تو اس کو نکاح کرنا درست ہے لیکن وضع حمل سے قبل صحبت جائز نہیں: "وإن تزوج حبلى من زنا، جاز النكاح، و لا يطأها حتى تضع حملها "۔ ہدایہ:۲/۲۹۲(۶)۔

بعض امور مندرجہ سوال ایسے ہیں جن کی وجہ سے فقہاء نے تکفیر کی ہے(۷)، لہٰذا اس شخص کو تجدید

---

(۱) ''دین کی اشاعت اور تبلیغ قرآن کریم کے نصوص سے ثابت ہے اور اس کا حکم دیا گیا ہے، اللہ تعالی کا ارشاد ہے: ﴿ولتكن منكم أمة يدعون إلى الخير، و يأمرون بالمعروف، و ينهون عن المنكر، و أولئك هم المفلحون﴾. (آل عمران : ۱۰۴)

"إن العلماء اتفقوا على أن الأمر بالمعروف والنهى عن المنكر من فروض الكفايات " (روح المعانى : ۴/ ۲۱، دار إحياء التراث العربى) پس دین کی تبلیغ کا انکار ضلالت اور زیغ ہی ہے۔

(۲) (الطلاق : ۴)

(۳) والعبارة بأسرها: "و إن كانت حاملاً، فعدتها أن تضع حملها، لإطلاق قوله تعالىٰ: ﴿و أولات الأحمال﴾ الخ ". (الهداية، كتاب الطلاق، باب العدة : ۲/ ۴۲۳، مكتبه شركت علميه ملتان)

(۴)(البقرة : ۲۳۵)

(۵) مستدلاً بها على قول الهداية : "و لا ينبغى أن تخطب المعتدة، و لا بأس بالتعريض فى الخطبة، لقوله تعالىٰ :﴿و لا جناح عليكم فيما عرّضتم﴾ الخ". (العينى على هامش الهداية، كتاب الطلاق، باب العدة : ۲/ ۴۲۸، مكتبه شركت علميه ملتان)

(۶) (الهداية، كتاب النكاح، فصل فى المحرمات : ۲/ ۳۱۲، مكتبه شركت علميه)

(۷) (راجع، ص: ۳۵۷، رقم الحاشية: ۳)

Made searchable using ScribeTools.com

ایمان ونکاح کرلینا چاہئے،(۱)اورآئندہ ناجائزعقیدوں سے بازرہنا چاہئے،اگروہ ان حرکتوں سے بازنہ آئے تواس سے عام مسلمانوں کوتعلقات ومعاملات ترک کردینا چاہئے (۲)،اسی طرح جوشخص بلاضرورتِ شرعیہ اس سے میل جول رکھے اس کا بھی بائیکاٹ کردینا چاہئے۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ مظاہر علوم سہارنپور،۲۶/۷/۵۲ھ۔

صحیح:عبداللطیف ناظم مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور،۲۸/رجب/۵۲ھ۔

حلالہ کے منکر کا حکم

سوال[۵۷۱]: اگرکوئی حلالہ کے حکم کوتسلیم نہ کرے اور یہ کہے کہ یہ حکم شریعتِ اسلام کا نہیں ہوسکتا ہے،میں اس کوتسلیم نہیں کرتا ہوں تو ایسے شخص کے بارے میں شرع کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

وہ جاہل ہے،ناواقف ہے،ضال ہے، کما صرح به الکمال ابن الهمام فی فتح القدیر (۳)

---

(۱) "ماکان فی کونه کفراً اختلاف، فإن قائله یؤمر بتجدید النکاح وبالتوبة، والرجوع عن ذلک بطریق الإحتیاط"..(الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، قبیل الباب العاشر:۲/۲۸۳، رشیدیه)

(۲) قال العلامة الآلوسیؒ تحت قوله تعالیٰ: ﴿إنما ولیکم الله و رسوله﴾ الآیة (المائدة: ۵۵)، فی شان المرتدین المذکورین فی قوله تعالیٰ من سورة المائدة، (رقم: ۵۴) ﴿یاأیها الذین آمنوا من یرتد منکم عن دینه﴾الایة: "فکأن قیل: لا تتخذوا أولئک أولیاء؛ لأن بعضهم أولیاء بعض، لیسوا بأولیائکم، إنما أولیاء کم الله تعالیٰ و رسوله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم والمؤمنون، فاختصوهم بالموالاة، و لا تتخطوهم إلی الغیر". (روح المعانی: ۶/۱۶۶، داراحیاء التراث العربی).

(۳) "و إن کان الطلاق ثلاثاً فی الحرة أو اثنتین فی الأمة، لم تحل له حتی تنکح زوجاً غیره الخ، لا فرق فی ذلک بین کون المطلقة مدخولاً بها أو غیر مدخول بها لصریح إطلاق النص، وقد وقع فی بعض الکتب أن فی غیر المدخول بهاتحل بلا زوج، و هو زلة عظیمة مصادفة للنص والإجماع، لا یحل لمسلم رآه أن ینقله فضلاً عن أن یعتبره؛ لأن فی نقله إشاعته، وعند ذلک ینفتح باب للشیطان فی تخفیف الأمر، ..... نعوذ بالله من الزیغ والضلال". (فتح القدیر، کتاب الطلاق، فصل فیما تحل به المطلقة: ۴/۱۷۷، ۱۷۸، مصطفی البابی الحلبی مصر)

Made Searchable by ScribeTools.com

اس کوفوراً توبہ لازم ہے ورنہ اس کا ایمان سخت خطرہ میں ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

غیبت کے غیبت ہونے سے انکار

سوال[۵۷۲]: ایک نائی غیبت کررہا تھا،اس کو منع کیا گیا،اس نے کہا''یہ غیبت نہیں ہے،یہ باتیں اس میں موجود ہیں''۔اس کو سمجھایا گیا کہ موجود ہے تو غیبت ہے نہ ہوتی تو تہمت ہے،آیا یہ شخص توبہ کرے اور پھر سے اپنی بیوی سے نکاح پڑھوائے یا ضرورت نہیں ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

ردالمحتار(۲) میں علامہ شامی نے ایسے شخص پر بہت سخت حکم لکھا ہے جس کا تقاضا یہ ہے کہ اس کو تجدید ایمان اور تجدید نکاح کا امر کیا جائے،بہتر یہ ہے کہ اس نائی کو بزرگ عالم کی طرف متوجہ کیا جائے کہ وہ ان کی خدمت میں حاضر ہوا کرے،ان کی صحبت ونصیحت سے امید ہے کہ اصلاح ہوگی،محض فتویٰ سے اصلاح کی توقع اس وقت ہے جب کہ قلب میں تقویٰ اور خشیت ہو اور تقویٰ بزرگوں کی صحبت سے حاصل ہوتا ہے،جب احکام شرع کا احترام دل میں پیدا ہوجائے تو فتویٰ کا بھی اثر ہوتا ہے۔غیبت کا مرض تو بہت عام ہے،نائی کی کیا خصوصیت ہے،اس میں تو پڑھے لکھے اونچے لوگ بھی بکثرت مبتلا ہیں،اللہ تعالیٰ رحم فرمائے۔آمین۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند،۸/۱/۹۴ھ۔

---

(۱) "لأن الحلالة ثابتة بعموم نص الكتاب والسنة. و إنكار أحد منهما مستلزم لإيقاع الإيمان فى معرض الخطر، كما تقدمت فيه التصريحات من البزازية والفتاوى العالمكيرية والتاتارخانية والبحر.

(۲) " إعلم أن الغيبة حرام بنص الكتاب العزيز، وشبّه المغتاب بأكل لحم أخيه؛ إذ هو أقبح من الأجنبى، فكما يحرم لحمه يحرم عِرضه، قال صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : "كل المسلم على المسلم حرام: دمه و ماله وعرضه". رواه مسلم وغيره ..... و فى تنبيه الغافلين للفقيه أبى الليث : الغيبة على أربعة أوجه : فى وجه هى كفر بأن قيل له : لا تغتب، فيقول : ليس هذا غيبة؛ لأنى صادق فيه، فقد استحل ما حرّم بالأدلة القطعية، و هو كفر". (رد المحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل فى البيع: ۶/۴۰۸، ۴۰۹، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

جان بچانے کے لئے کفر کا اقرار

سوال[۵۷۳]: زید کہتا ہے کہ ایسے موقع پر جب کہ کوئی مسلمان بیچ کفار ومشرکین کے پھنس جائے اور جان چھڑانے کا کوئی ذریعہ نہ ہو بجز اس کے کہ وہ جھوٹ کہہ دے کہ میں مسلمان نہیں ہوں، جب امان کی جگہ پہونچ جائے تو اس جھوٹ سے وہ توبہ کرلے، ایسا وقتی طور پر صرف زبان سے کہہ دینے سے وہ شخص گنہگار نہیں ہوگا، البتہ ایسا کہنا جان کے خوف کے وقت ہی بہتر ہے۔ بکر کا کہنا ہے کہ ہر حالت میں خواہ جان ہی کیوں نہ چلی جاتی ہو، ایسا کہنا بالکل گناہ بلکہ کفر ہے اس میں زید کا قول صحیح ہے یا بکر کا؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

زید کا قول صحیح ہے، حضرت عمار ابن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا واقعہ اس کا ماخذ ہے، جس پر آیت ﴿إلا من أكره وقلبه مطمئن بالإيمان﴾ (۱) نازل ہوئی تھی۔ ردالمحتار وغیرہ کتب فقہ میں بھی صراحت مذکور ہے (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) (النحل: ۱۰۶)

"قال ابن كثير رحمه الله تعالىٰ تحت هذه الآية: "فهو استثناء" ممن كفر بلسانه و وافق المشركين بلفظه مكرهاً لما ناله من ضرب و أذى، وقلبه يأبى ما يقول، و هو مطمئن بالإيمان بالله و رسوله، و قد روى العوفى عن ابن عباس رضى الله عنهما أن هذه نزلت فى عمار بن ياسر رضى الله عنه حين عذبه المشركون حتى يكفر بمحمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فو افقهم على ذلك مكرهاً، و جاء متعذراً إلى النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فأنزل الله تعالىٰ هذه الأية". (تفسير ابن كثير: ۷۷۵/۲، ۷۷۶، مكتبه دار السلام رياض)

(وكذا فى روح المعانى: ۲۳۷/۱۴، ۲۳۸، دار إحياء التراث العربى بيروت)

(۲) "و إن أكره على الكفر بالله تعالىٰ أو سب النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ..... بقطع أو قتل، رُخّص له أن يظهر ما أمر به على لسانه، و يورّى، وقلبه مطمئن بالإيمان" (الدر المختار). و فى رد المحتار: "قال فى الكفاية: "وإن لم يخطر بباله شىء، وصلّى للصليب، أو سبّ محمداً صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، و قلبه مطمئن بالإيمان، لم تبن منكوحته، لا قضاءً و لا ديانةً؛ لأنه فعل مكرهاً الخ". (كتاب الإكراه: ۱۳۴/۶، سعيد) =

کسی غرض کے لئے ظاہراً کفر اختیار کرنا

سوال[۵۷۷]: ایک شخص نے کسی دنیاوی لالچ اور یہ سوچ کر کہ میں شادی کرنے کے بعد مسلمان ہوجاؤں گا بظاہر اسلام چھوڑ دیا اور پھر مہینہ دو مہینہ کے بعد مع عورت کے مسلمان ہوگیا، یا ارادہ رکھتا ہے کہ اسلام چھوڑ دوں اور مہینہ دو مہینہ کے بعد مسلمان ہوجاؤں گا۔ اس کے لئے کیا حکم ہے؟ یہ ارادہ پختہ ہے کہ پھر میں اپنے دین میں مل جاؤں گا، دلی (طور پر) اسلام نہیں چھوڑتا، ظاہر کفر قبول کرتا ہے۔ اس کا جواب مع حوالہ کتب تحریر فرمائیں۔

محمد ادریس سہارنپوری۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

ایسا کرنا جرمِ عظیم اور کفر ہے، کیا خبر ہے کہ دوبارہ اسلام قبول کرنے سے پہلے موت آجائے اور پھر ہمیشہ ہمیشہ کے لئے جہنم میں رہنا پڑے، اور توبہ کی توفیق ہی نہ ہو، اور جو شخص ایک یوم یا ایک ساعت کے لئے کفر کا قصد کرے وہ تمام عمر کے لئے کافر ہوجاتا ہے اور تمام عبادات باطل ہوجاتی ہیں۔

"و من قصد كفراً ساعةً أو يوماً، فهو كافر فى جميع العمر". بحر: ۱/۱۲۳ (۱)۔

جو شخص دوسرے کو کلمۂ کفریہ کی تلقین کرے وہ بھی کافر ہوجاتا ہے:

"و يكفر بتلقين كلمة الكفر يتكلم بها ولو على وجه اللعب و بأمره امرأة بالإرتداد لتبين من زوجها بالافتاء بذلك وإن لم تكفر المرأة". بحر: ۵/۱۲٤ (۲) "و كذا لو أمر رجلا أن يكفر

= (وكذا فى البحر الرائق، كتاب الإكراه: ۸/۱۳۳، رشيديه)

(والفتاوى العالمكيرية، كتاب الإكراه، الباب الثانى فيما يحل للمكره أن يفعل و ما لا يحل: ۵/۳۸، رشيديه)

(و فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الإكراه، فصل فيما يحل للمكره أن يفعل و لا يحل: ۳/۴۹۰، رشيديه)

(۱) (البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۵/۲۰۸، رشيديه)

وفى شرح الفقه الأكبر: "و فى المحيط: من رضى بكفر نفسه، فقد كفر: أى إجماعاً" (فصل فى الكفر صريحاً و كناية، ص: ۱۷۹، قديمى)

(۲) (البحر الرائق المصدر السابق)

(وكذا فى شرح الفقه الأكبر لملا على القارى، فصل فى الكفر صريحاً و كنايةً، ص: ۱۸۲، ۱۸۳، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

باللّٰہ أو عزم علی أن یأمرہ بکفر". شرح فقہ اکبر: ۱۸۸ (۱)۔

زبان سے قصداً کلمۂ کفر کا نکالنا بھی کفر ہے اگرچہ دل میں اسلام ہو(۲) چہ جائے کہ مہینہ دو مہینہ تک کفر میں داخل رہنا۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۴/ شعبان/ ۵۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔

صحیح: عبد اللطیف، ۱۵/ شعبان/ ۵۷ھ۔

تارک صلوۃ کا حکم

سوال[۵۷۵]: جو مسلمان نماز نہ پڑھتا ہو وہ حدیث" من ترك الصلوة متعمداً، فقد كفر" (۳) کے ماتحت مسلمان کہلانے کا مستحق ہے یا نہیں؟ اور ایسے شخص کے ساتھ کھانا پینا، دوستی رکھنا یا میل جول پیدا کرنا اور اس کے جھوٹے پانی سے وضو کرنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

جو شخص نماز کی فرضیت کا منکر ہے، یا نماز کو استخفاف و اہانت کی نیت سے ترک کرتا ہے، یا بلا عذر نماز ترک کرتا ہے اور قضا کی نیت نہیں رکھتا اور خدا کے عذاب سے نہیں ڈرتا، وہ شخص شرعاً کافر ہے۔ اور جو شخص خدا کے عذاب سے ڈرتا ہے، قضا کی نیت رکھتا ہے، فرضیت کا منکر نہیں بلکہ معتقد ہے، نماز کی تحقیر و اہانت نہیں کرتا،

---

(۱) (شرح الفقه الأكبر لملا على القارئ، استحلال المعصية و لو صغيرةً كفر، ص: ۱۵۳، قديمى)

(۲) "فى حاوى الفتاوى: من كفر باللسان، وقلبه مطمئن بالايمان، فهو كافر، و ليس بمؤمن عند الله، انتهى". (شرح الفقه الأكبر، مطلب فى إيراد الألفاظ المكفرة، ص: ۱۶۵، قديمى)

(۳) "تارک صلوۃ عمداً کی تکفیر امام احمد بن حنبلؒ کا مذہب ہے، جمہور کا مذہب یہ نہیں، بلکہ وہ اس کا محل یہ بتلاتے ہیں کہ یا تو مراد انکارِ وجوب ہے، یا استخفافاً و استہزاءً ترک ہے اگرچہ معترف وجوب ہو" وتمسك بظاهر الحديث أيضاً الحنابلة و من قال بقولهم من أن تارك الصلوة يكفر ..... و أما الجمهور فتأولوا الحديث ..... فقيل: المراد من تركها جاحداً لوجوبها، أو معترفاً لكن مستخفاً مستهزئاً بمن أقامها". (فتح البارى، كتاب مواقيت الصلوة، باب من ترك العصر: ۲/ ۴۱، قديمى)

البتہ سستی یا غضب کی وجہ سے کبھی وقت سے ٹلا دیتا ہے تو ایسا شخص شرعاً کافر نہیں اگرچہ وقت پر ادا نہ کرنے کی وجہ سے گناہ کبیرہ کا مرتکب ہے(۱)۔

"هی فرض عین علی کل مکلف، و یکفر جاحدها لثبوتها بدلیل قطعی، و تارکها عمداً مجانة: أی تکاسلاً فاسق"۔ اهـ در مختار: ۱/۳۶۳ (۲) "و(یکفر) بترك الصلوة متعمداً غیر نا ٍ للقضاء وغیر خائف من العقاب". اهـ بحر: ۵/۱۲۲ (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۲/ ۵/ ۵۸ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔

صحیح: عبد اللطیف، ۱۳/ جمادی الأولی/ ۵۸ھ۔

تارک صلوۃ کا حکم

سوال[۵۷۶]: تارک صلوۃ کس کو کہتے ہیں اور ایسے لوگوں کے لئے کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

جو شخص وقت پر نماز نہ پڑھے، اس کو کوئی عذر بھی نہ ہو، قضاء پڑھنے کا بھی ارادہ نہ رکھتا ہو، اور اس پر عتاب کا بھی ڈر نہ ہو تو وہ تارک صلوۃ ہے، فقہاء نے اس کی تکفیر کی ہے: "من ترك الصلوة" الحدیث (۴) کا

---

(۱) اور یہی حدیث مذکور سوال کا محمل ہے کما تقدم۔

(۲) (الدر المختار، کتاب الصلوة: ۱/ ۳۵۱، ۳۵۲، سعید کراچی)

وفی فتح القدیر: "من أنکر شرعیتها (أی الصلوة)، کفر بلا خلاف". (کتاب الصلوة: ۱/ ۲۱۷، مصطفی البابی الحلبی)

(۳) (کتاب السیر، باب أحکام المرتدین: ۵/ ۲۰۶، رشیدیه)

(۴) "لم أجده بهذا اللفظ إلا فی الجامع الصغیر للسیوطیؒ بلفظ: "من ترک الصلوة متعمداً، فقد کفر جهاراً" و رمز له بالصحة". (راجع فیض القدیر: ۱۱/ ۵۷۳۸، رقم: ۸۵۸۷، مکتبه نزار مصطفی الباز)

و فی روایة مسلم: "بین العبد و بین الکفر ترک الصلوة". (مشکوة المصابیح، کتاب الصلوة، قبیل الفصل الثانی، ص: ۵۸، قدیمی)

"ثم من التأویلات أن یکون مستحلاً لترکها، أو ترکها یؤدی إلی الکفر، فإن المعصیة برید الکفر، أو یخشی علی فاعلها أن یموت کافراً، أو فعله شابه الکفر". (مرقاة المفاتیح، کتاب الصلوة، قبیل الفصل الثانی: ۲/ ۲۷۲، حقانیه)

Made Searchable using ScribeTools.com

مصداق اسی کو قرار دیا ہے۔ " (أی کفر) بترك الصلوة متعمداً غير ناوٍ للقضاء و غير خائف للعقاب". مجمع الأنهر: ۱/۷۰۲(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

تارک صلوۃ کا حکم

سوال[۵۷۷]: تارك الصلوة عمداً یا استخفافاً کی عورت مطلقہ ہو جاتی ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

تارک الصلوۃ عمداً فاسق و فاجر ہے، امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک کافر نہیں اور تارک الصلوۃ استخفافاً کافر ہے(۲)، نماز تو فرض عین اور ام العبادات ہے، اگر کسی فعل مسنون کی بھی من حیث السنۃ اہانت کرے تو کافر ہو جاتا ہے اور اس کا نکاح فسخ ہو جاتا ہے اور تجدید نکاح اور تجدید ایمان نہ کرے تو آئندہ کو اولاد حرامی ہوگی (۳)۔

"لو قال لآخر : أقلم الأظفار، فإنه سنة النبی صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم، فقال الرجل: لا أفعل ذلك وإن كان سنةً، يكفر، (إلى أن قال) :لأنه استخف بالسنة "۔ خلاصة: ٤/٣٨٦(٤) ۔

"وارتداد أحدهما (الزوجين) فسخ عاجل". در مختار هامش: ٢/٦٤٣ (٥) واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ۔

بندہ عبدالرحمٰن، عبداللطیف، ۱۸/۱/۵۲ھ۔

---

(۱) (كتاب السير والجهاد، ثم إن ألفاظ الكفر أنواع : الثالث فی القرآن والأذكار والصلوة : ۲/۵۰۸، غفاريه)

(وكذا فی البحر، كتاب السير، باب احكام المرتدين : ۵/۲۰۶، رشيديه)

(۲) (تقدم تخريجه تحت عنوان: "تارک صلوۃ کا حکم")

(۳) "ما يكون كفراً اتفاقاً، يبطل العمل والنكاح و أولاده أولاد الزنا". (الدر المختار، كتاب الجهاد، باب المرتد : ۴/۲۴۶، ۲۴۷، سعيد كراچی)

(وكذا فی الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، قبيل باب العاشر فی البغاة : ۲/۲۸۳، رشيديه)

(۴) (كتاب ألفاظ الكفر، الجنس الثالث فيما يقال فی الأنبياء عليهم السلام : ۴/۳۸۶، رشيديه)

(وكذا فی الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، موجبات الكفر أنواع، منها ما يتعلق بالأنبياء : ۲/۲۶۵، رشيديه)

(۵) (كتاب النكاح، باب نكاح الكافر : ۳/۱۹۳، سعيد) ..... =

نماز کے عبادت ہونے سے انکار کا حکم

سوال[۵۷۸]: مولانا بی اے منشی فاضل صاحب فرماتے ہیں ''نماز عبادت نہیں''، اگر نماز عبادت نہیں تو آپ صاحبان تحریر فرماویں تو کیا عبادت ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

نماز بہت بڑی عبادت بلکہ ام العبادات ہے، اسلام کی بنیاد جن پانچ ارکان پر ہے ان میں سے نماز بہت بڑا رکن ہے۔

"عن ابن عمر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنهما قال: قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم: "بنی الاسلام علی خمس: شهادة أن لا إله إلا اللّٰہ و أن محمداً عبده و رسوله، و إقام الصلوة، وإيتاء الزكوة، والحج، و صوم رمضان" متفق علیه "۔(۱) (مشکوة المصابیح ص:۱۲)(۲)۔

و فی حدیث طویل: "عن معاذ رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه: ثم قال: "ألا أدلك برأس الأمر، و عموده، و ذروة سنامه"؟ قلت: بلیٰ یا رسول اللّٰہ! قال: "رأس الأمر الإسلام، وعموده الصلوة، و ذروة سنامه الجهاد الخ"(مشکوة المصابیح، ص:۱٤) (۳)۔

نماز کی فرضیت نصِ قطعی سے ثابت ہے(۴)، اس کا منکر کافر ہے(۵)، اس کے ساتھ استہزا کفر ہے(۶)، اس کا تارک فاسق ہے(۷)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

جواب صحیح ہے: سعید احمد غفرلہ۔ صحیح: عبد اللطیف، ۱۶/محرم الحرام/۵۶ھ۔

= (وكذا فی الخلاصة، كتاب ألفاظ الكفر، الفصل الثانی فی ألفاظ الكفر، ما يكون كفراً الخ: ۳۸۳/۴، رشيديه)

(۱) (صحيح البخاری، كتاب الإيمان، باب قول النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم: بنی الإسلام علی خمس: ۶/۱، قديمی)

(والصحيح لمسلم، كتاب الإيمان، باب أركان الإسلام و دعائمه العظام: ۳۲/۱، قديمی)

(۲) (مشكوة المصابيح، كتاب الإيمان، الفصل الأول، ص:۱۲، قديمی)

(۳) (مشكوة المصابيح، كتاب الإيمان، الفصل الثانی، ص:۱۴، قديمی)..... =

Made searchable using ScribeTools.com

کیا نماز دل ہی دل میں اللہ تعالیٰ کو یاد کرنا ہے؟

سوال[۵۷۹]: خلاصہ سوال یہ ہے کہ ہمارے گاؤں میں ایک مرشد صاحب رہتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ ''نماز کیا، جو آدمی رات دن محنت ومزدوری کرتا ہے اور دل ہی دل میں اللہ کو یاد کرتا ہے، کیا یہ نماز نہیں ہے''؟ ایک مرتبہ انہوں نے مجھ سے قبر پر سجدہ کرایا، میں قسم کھاتا ہوں کہ آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے اور اندر ہی اندر اللہ سے ڈرتا رہا، اپنی غلطی سے بے حد نادم ہوں، یہ شخص کوئی عالم وفاضل نہیں ہیں بلکہ پہلے زندگی ایک فلمی ہیرو کی طرح گزاری اور اب پیر بن گئے ہیں۔ حضرت والا! مجھے سچی توبہ کا راستہ بتلا دیجئے، تاکہ گمراہی سے بچوں۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

جن مرشد کے آپ نے حالات لکھے ہیں وہ ہدایت کے مرشد نہیں بلکہ ضلالت کے مرشد ہیں، یعنی

= (۴) قال الله تعالیٰ: ﴿وأقيموا الصلوة و آتوا الزكوة، واركعوا مع الراكعين﴾ (البقرة : ۴۳)

وقال تعالیٰ : ﴿منيبين إليه واتقوه وأقيموا الصلوة و لا تكونوا من المشركين﴾ (الروم : ۳۱)

(۵) ''من قال : لا أصلي جحوداً، أو استخفافاً، أو على أنه لم يؤمر، أو ليس بواجب، انتهى، فلا شك أنه كافر''. (شرح الفقه الأكبر للقارى، فصل فى القراءة والصلوة، ص: ۱۷۰، قديمى)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، موجبات الكفر أنواع، منها ما يتعلق بالقرآن الخ : ۲۶۸/۲، رشيديه)

(وكذا وفى التاتارخانية : كتاب أحكام المرتدين، فصل فيما يتعلق بالصلوة والزكوة الخ : ۴۹۴/۵، إدارة القرآن)

وفى الدر المختار: ''هى (الصلاة) فرض عين على كل مكلف ..... و يكفر جاحدها لثبوتها بدليل قطعى''. (كتاب الصلوة : ۳۵۲/۱، سعيد)

(۶) ''قال: يصلى الناس لأجلنا، كفر، لأجل إعتقاد أن الصلوة المكتوبة فرض كفاية، أو أراد به استهزاءً أوسخريةً''. (شرح الفقه الأكبر للقارى، فصل فى القرآة والصلوة، ص: ۱۷۱، قديمى)

(وكذا فى التاتارخانية ، كتاب أحكام المرتدين، فصل فيما يتعلق بالصلوة والزكوة الخ : ۴۹۶/۵، ادارة القرآن)

(۷) ''و تاركها عمداً مجانةً: أى تكاسلاً فاسق''. (الدر المختار، كتاب الصلوة : ۳۵۲/۱، سعيد)

ہدایت کے راستہ سے ہٹا کر گمراہ کرنے والے ہیں، ان کا کام جنت کے راستہ پر چلانا نہیں، بلکہ دوزخ کے راستہ پر چلانا ہے۔ آپ کے استاذ نے قبر پر سجدہ وطواف وغیرہ کیا تو وہ بھی غلط طریقہ اختیار کیا، تعلیمات اسلام کے خلاف کیا، ان کی نیت کا حال ہم نہیں جانتے، صراحۃً یہ ضرور شرک ہے، دوسرے دیکھنے والے بھی اس سے گمراہ ہوں گے۔ آپ نے بھی سخت غلطی کی، معصیت میں کسی کی اطاعت جائز نہیں: "لا طاعة لمخلوق فی معصية الخالق". (۱) آپ اپنی نیت کی وجہ سے شرک حقیقی سے اگرچہ بچ گئے لیکن قبر کو سجدہ کرنا بھی صورۃً شرک ہوا (۲)، دیکھنے والوں نے بھی یہی سمجھا کہ آپ نے قبر کو سجدہ کیا ہے، مٹی پر مصلی بچھا کر خدا کو سجدہ نہیں کیا، نہ اس مقصد کے لئے ان گمراہ مرشد نے آپ کو سجدہ کرنے کے لئے کہا تھا۔ بہر حال سخت معصیت کا صدور ہوا، سچے دل سے توبہ کیجئے، استغفار پڑھئے اور صاف صاف کہہ دیجئے کہ میں نے قبر کو سجدہ نہیں کیا، نہ قبر کو سجدہ کرنا جائز سمجھتا ہوں، بلکہ قبر کو سجدہ کرنا معصیت اور شرک سمجھتا ہوں، گمراہ مرشد کے کہنے سے جو صورت پیش آئی اس سے توبہ کرتا ہوں (۳) توبہ کی تکمیل کے لئے کچھ صدقہ بھی دے دیجئے، کچھ روزے بھی رکھ لیجئے تاکہ آئندہ ایسی حرکت کی جرأت نہ ہو، سچی توبہ سے اللہ تعالیٰ بڑے سے بڑے گناہ معاف فرمادیتے ہیں؛ لقوله تعالیٰ: ﴿إنی لغفار لمن تاب﴾ الایۃ (۴) امید ہے کہ اس کو بھی معاف فرمائیں گے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۸/۶/۹۰ھ۔

---

(۱) (مشكوة المصابيح، كتاب الإمارة والقضاء، الفصل الثانی، ص: ۳۲۱، قديمی)

(۲) "و ما يفعله من السجود بين يدی السلطان، فحرام، والفاعل والراضی به آثمان؛ لأنه أشبه بعَبَدَة الأوثان، وذكر الصدر الشهيد أنه لا يكفر بهذا السجود؛ لأنه يريد به التحية، وقال شمس الأئمة السرخسی: السجود لغير الله على وجه التعظيم كفر". (البحر الرائق، كتاب الكراهية، قبيل فصل فی البيع: ۳۶۴/۸، رشيديه)

(۳) قال الله تعالیٰ: ﴿إلا الذين تابوا وأصلحوا و بيّنوا، فأولئك أتوب عليهم، و أنا التوّاب الرحيم﴾ (البقرة: ۱۶۰)

"قال العلامة الآلوسی تحتها: "أی أظهروا ما بيّنه الله تعالیٰ للناس معاينةً، و بهذين الأمرين تتم التوبة، وقيل: أظهروا ما أحدثوه من التوبة ليمحوا سمة الكفر عن أنفسهم و يقتدی بهم أضرابهم، فإن إظهار التوبة ممن يقتدی به شرط فيها على ما يشير بعض الآثار". (روح المعانی: ۲۸/۲، دار إحياء التراث العربی)

(۴) (طه: ۸۲)

Made searchable using ScribeTools.com

جو شخص نماز کے لئے اٹھنے سے انکار کرے اس کا حکم

سوال: زید کو نماز کے لئے اٹھایا گیا کہ ''وقت ہو گیا، نماز کو نہیں جاؤ گے''؟ تو اس کو ناگوار معلوم ہوا، چونکہ وہ سو رہا تھا، اس حالت میں اس نے کہہ دیا ''کہ نہیں جاؤں گا''۔ تو اس صورت میں تجدیدِ ایمان کی ضرورت ہے یا نہیں؟ یا تجدید نکاح کی بھی ضرورت پڑے گی؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

ایسی صورت میں تجدید ایمان و نکاح کی ضرورت نہیں (۱) توبہ و استغفار کرتا رہے، کیونکہ اس کا مقصد فرضیتِ نماز سے انکار نہیں بلکہ اس وقت اٹھنے سے انکار ہے یعنی کچھ دیر میں نیند پوری ہونے پر پڑھوں گا (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۲/۶/۸۹ھ۔

---

(۱) "ثم إن كانت نية القائل الوجه الذى يمنع التكفير، فهو مسلم". (التاتارخانية: كتاب أحكام المرتدين، فصل فى إجراء كلمة الكفر: ۴۵۸/۵، إدارة القرآن)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، قبيل الباب العاشر فى البغاة: ۲۸۳/۲، رشيديه)

(۲) "وفى واقعات الناطفى: قال محمدؒ: قول الرجل: "لا أصلى" يحتمل أربعة أوجه: أحدها: لاأصلى؛ لأنى صليت، والثانى: لا أصلى بأمرك، فقد أمرنى بها من هو خير منك، والثالث: لا أصلى فسقاً و مجانةً، فهذه الثلاث ليس بكفر، والرابع: لا أصلى؛ إذ ليست تجب علىّ الصلوة، أو لم أومربها، جحوداً بها، و فى هذا الوجه يكفر، و قال الناطفى: إذا أطلق فقال: لا أصلى، لا يكفر لاحتمال هذه الوجوه". (التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل فيما يتعلق بالصلوة والزكوة الخ: ۴۹۴/۵، إدارة القرآن)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، موجبات الكفر أنواع، منها ما يتعلق بالقرآن الخ: ۲۶۸/۲، رشيديه)

(وكذا فى البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً، الفصل الثانى، النوع التاسع فيما يقال فى القرآن والأذكار والصلوة: ۳۴۰/۶، رشيديه)

Made Searchable by ScribeTools.com

سید ہونے کی وجہ سے حرام کو حلال سمجھنا

سوال[۵۸۱]: ہمارے یہاں ایک سید ہے اس نے ایک دن کہا کہ ''میں سید ہوں ہم شراب پیتے ہیں، زنا کرتے ہیں، حرام بھی ہمارے لئے جائز ہے اور ہمارے نانا یعنی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہماری شفاعت کردیں گے، لہذا آپ کو میرے حق میں کوئی بات کہنے کی گنجائش نہیں''۔ تو کیا اس قسم کے الفاظ بولنے سے یہ آدمی کافر ہوگیا یا نہیں؟ اور اس کے ہاتھ کا ذبیحہ جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

زنا اور شراب کی حرمت ضروریاتِ دین سے ہے، اس کا انکار کرنے سے ایمان سلامت نہیں رہتا، کذا فی إکفار الملحدین (۱)، اس لئے ان سید صاحب کو ایسا کہنا اپنے ایمان کو تباہ کرنا ہے۔ سید ہونے کی

---

(۱) قال الله تعالیٰ :﴿و لا تقربوا الزنا إنه كان فاحشةً و ساء سبيلا﴾ (الاسراء : ۳۲)

وقال تعالیٰ :﴿ إنما الخمر والميسر والأنصاب والأزلام رجس من عمل الشيطان، فاجتنبوه لعلكم تفلحون﴾. (المائدة : ۹۰)

قال ابن نجيم فى البحرالرائق : "و لا بقوله لحرامٍ : هذا حلال ..... والأصل : أن من اعتقد الحرام حلالاً، فإن كان حراماً لغيره كمال الغير، لا يكفر، و إن كان لعينه، فإن كان دليله قطعياً، كفر، وإلا فلا. وقيل : التفصيل فى العالم، أما الجاهل، فلا يفرق بين الحلال والحرام لعينه و لغيره، و إنما الفرق فى حقه أن ما كان قطعياً، كفر به، و إلا فلا يكفر إذا قال: الخمر ليس بحرام ..... و بتمنيه أن لم يحرم الظلم والزنا و القتل بغيرحق وكل حرام لا يكون حلالاً فى وقت بخلاف الخمر و مماكحة المحارم". (البحرالرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين : ۲۰۸/۵، ۲۰۶، رشيديه

وفى التاتارخانية : إذاقال: الخمر ليست بحرام، فهو كافر. والمسألة منصوصة عن أبى يوسف رحمه الله تعالىٰ". (كتاب أحكام المرتدين، فصل فيما يتعلق بالحلال والحرام : ۵۰۵/۵، ادارة القرآن)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، الباب التاسع فى أحكام المرتدين، مطلب: موجبات الكفر أنواع، ومنها ما يتعلق بالحلال والحرام: ۲۷۲/۲، رشيديه)

(والبزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب ألفاظ تكون إسلاما أو كفراً، الفصل السابع فى كلام الفسقة : ۳۳۴/۶، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

حیثیت سے تو ان کو زیادہ طاعت لازم ہے۔ حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی بیٹی حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو خطاب فرمایا ہے کہ: ''مجھ سے کچھ روپیہ لینا ہو تو لے لو مگر اس گھمنڈ میں نہ رہنا کہ نبی کی بیٹی ہوں، آخرت میں اپنا عمل ہی کام آئے گا'' (۱)، پھر کسی اَور کی کیا مجال ہے کہ سید ہونے پر گھمنڈ کر کے بے مہار ہو جائے اور حرام چیزوں کو حلال سمجھنے لگے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند۔

حرام کو حلال سمجھنا

سوال[۵۸۲]: سائل کی منکوحہ کو زید نے اپنی خواہشات وحرام کاری کے لئے اغوا کرلیا اور سائل کے حق نکاح کی پرواہ نہ کرتے ہوئے اپنا نکاح باطل کر کے اپنے آپ کو مسلمان خیال کرتا ہے اور میری عورت کو جو اس پر حرام ہے حلال سمجھتا ہے، کیا ایسے شخص کی امامت، ذبح، شہادت وغیرہ درست ہے یا نہیں؟ اور یہ شخص دائرہ اسلام سے خارج ہوا کہ نہیں؟ مسلمان ایسے شخص سے ترک موالات کریں کہ نہیں؟ اور جو شخص ایسے شخص سے ترک تعلق نہ کرے اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

جانتے بوجھتے منکوحۃ الغیر سے نکاح کرنا قطعاً حرام ہے (۲) اور اس سے مباشرت کرنا زنا ہے، اگر سزائے زنا کی شرائط موجود ہوں تو اس پر حدِ زنا جاری کی جائے، فوراً دونوں میں جدائی لازم ہے، جب تک جدائی کر کے سچی توبہ نہ کرے ایسے شخص کو امام ہرگز نہ بنایا جائے، ایسے شخص کی شہادت بھی قبول نہیں۔ مگر اس پر کفر کا حکم

---

(۱) ''أن أبا هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال :قام رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم حين أنزل الله : ﴿و أنذر عشيرتک الأقربين﴾ قال : ..... ''و يا فاطمة بنت محمد ! سليني ما شئت من مالی، لا أغنی عنک من الله شيئاً''. (صحيح البخاری، كتاب التفسير، سورة الشعراء : ۲/۷۰۲، قديمی)

(۲)'' لا يجوز للرجل أن يتزوج زوجة غيره الخ''. (الفتاوی العالمكيرية، كتاب النكاح ، الباب الثالث فی بيان المحرمات، القسم السادس، المحرمات التی يتعلق بها حق الغير: ۱/۲۸۰، رشيديه)

(وكذا فی الدر المختار، كتاب النكاح، فصل فی المحرمات: ۳/۲۸، سعيد)

لگانے میں جلدی نہ کی جائے۔ ارتکاب حرام سے مطلقا آدمی کافر نہیں ہوتا بلکہ حرام لعینہ کو حلال اعتقاد کرنے سے کافر ہوتا ہے جب کہ حرمت نص قطعی سے ثابت ہو، کذا فی شرح العقائد (۱) و شرح الفقه الأكبر (۲) والطحطاوی شرح مراقی الفلاح (۳)۔ اگر بغیر قطع تعلق کے اصلاح نہ ہو سکے تو قطع تعلق کر دیا جائے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۲/ ۵/ ۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۲۳/ ۵/ ۸۸ھ۔

حرام کو حلال سمجھنا

سوال[۵۸۳]: ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ اگر کوئی شخص کسی فعلِ حرام کو حرام سمجھ کر کرے تو کافر نہیں ہوتا، اس گناہ کبیرہ کی وجہ سے فاسق ضرور ہو جاتا ہے، مگر کسی فعل حرام کو حلال سمجھ کر مرتکب ہو تو وہ مرتکب کافر ہے۔ کیا ہمارا یہ عقیدہ صحیح ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

فعل حرام کو حرام سمجھ کر غلبۂ شہوت یا سستی وغیرہ کی وجہ سے اگر کوئی مسلمان کرے تو وہ اہلِ سنت

---

(۱) "والكبيرة..... فروى عن ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما أنها تسعة : الشرك بالله الخ ..... لا تخرج العبد المؤمن من الإيمان، لبقاء التصديق الذى هو حقيقة الإيمان ..... و لا تدخله فى الكفر ..... والله تعالىٰ لا يغفر أن يشرك به ..... و يغفر ما دون ذلك من الصغائر والكبائر مع التوبة أو بدونها، ..... و يجوز العقاب على الصغيرة ..... والعفو عن الكبيرة ..... إذا لم تكن عن استحلال، و الإستحلال كفر؛ لمنافيه من التكذيب المنافى للتصديق". (شرح العقائد النسفية، ص: ۸۲-۸۷، المطبع اليوسفى لكنو)

(۲) (تقدم تخريجه من شرح الفقه الأكبر لملا على القارىؒ تحت عنوان "تجدید ایمان اور تجدید نکاح کی ضرورت کب ہوتی ہے"؟) فليراجع.

(۳) "واعلم أن المستحل لا يكفر إلا إذا كان المحرّم حراماً لعينه، و ثبتت حرمته بدليل قطعى و إلا فلا". (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، خطبة الكتاب، ص: ۶، قديمى)

(و كذا فى البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين : ۲۰۶/۵، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

والجماعۃ کے نزدیک ایمان سے خارج نہیں ہوتا جب تک حکم شریعت کا استخفاف نہ پایا جائے۔

"والكبيرة لاتخرج العبد المؤمن من الإيمان و لا تدخله فى الكفر". شرح عقائد، ص:۸۲(۱)۔

اگر حرام لعینہ کو جس کی حرمت قطعی ہو حلال سمجھے گا تو کافر ہو جائے گا:

"والأصل أن من اعتقد الحرام حلالاً، فإن كان حراماً لغيره كمالَ الغير، لا يكفر، وإن كان لعينه فإن كان دليله قطعياً، كفر، و إلا فلا". بحر:۵/۱۲۲(۲)۔فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ محمود حسن گنگوہی عفا اللہ عنہ معین المفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۶/ جمادی الثانیۃ/۵۲ھ۔

صحیح: عبد الرحمٰن غفرلہ، صحیح: سعید احمد مدرس مظاہر علوم، ۵۲/۲/۱۶ھ۔

صحیح: عبد اللطیف مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۵۲/۲/۲۰ھ۔

حلال کو حرام سمجھنا

سوال[۵۸۴]: ایک امام صاحب حلال کو حرام کہتے ہیں اور حرام کو بھی حلال کہتے ہیں تو اس کی اقتداء ٹھیک ہے یا نہیں، اس کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

جو شئ حرام لعینہ ہو اور اس کی حرمت قطعی الثبوت اور قطعی الدلالت نصوص سے ثابت ہو، اس کو حلال اعتقاد کرنا کفر ہے، اسی طرح اس کے عکس کا حکم ہے، اگر اس شئ کی حرمت لعینہ نہیں یا قطعی الثبوت نہیں یا قطعی الدلالت نہیں، تو اس کو حلال سمجھنا کفر نہیں بلکہ فسق ہے، بہر دو صورت جس امام کی یہ حالت ہو وہ امامت کے لائق نہیں اس کو امامت سے علیحدہ کر کے کسی دوسرے پابند شرع اور اہل حق کو امام مقرر کرنا چاہئے۔

"من اعتقد الحلال حراماً أو على القلب، يكفر إذا كان حراماً لعينه و ثبتت حرمته

---

(۱) (شرح العقائد النسفية، ص: ۸۲، ۸۳، المطبع اليوسفى لكنو)

(شرح الفقه الأكبر لملا على القارى، ص: ۱۷۱، قديمى)

(وكذا فى كتاب شرح الفقه الأكبر لأبى المنتهى أحمد بن محمد، ص: ۱۳۹، ۱۴۰، دولة قطر)

(۲)(البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۵/۲۰۶، رشيديه)

بدلیل قطعی، أما إذا کان حراماً لغیرہ بدلیل قطعی، أو حراماً لعینہ بخبر الأحاد، لا یکفر إذا اعتقدہ حلالاً". اھ طحطاوی، ص:۸٤ (۱)۔

"من اعتقد الحرام حلالاً أو علی القلب، یکفر، أما لو قال لحرام: ھذا حلال لترویج السلعة أوبحکم الجھل لا یکون کفراً، و فی الاعتقاد ھذا إذا کان حراماً لعینہ، وھو یعتقدہ حلالاً حتی یکون کفراً، أما إذا کان حراماً لغیرہ فلا فیما إذا کان حراماً لعینہ، إنما یکفر إذا کانت الحرمة ثابتة بدلیل مقطوع بہ، أما إذا کانت بأخبار الأحاد فلا یکفر، کذا فی الخلاصة اھ". (فتاوی عالم گیری، ص:۲۸۲)(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، ۷/۲/۶۱ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔

صحیح: عبد اللطیف مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۸/۲/۶۱ھ۔

محرمات میں آپس میں فرق

سوال[۵۸۵]: حرام حرام سب برابر ہیں یا ان میں کمی بیشی ہے مثلاً ایک شخص شراب پیتا ہے یا خنزیر کا گوشت کھاتا ہے۔ دوسرا شخص اس کے ساتھ معازف ومزامیر کے ساتھ قوالی بھی سنتا ہے تو دونوں کے گناہوں میں فرق ہے یا دونوں برابر ہیں؟ ایک شخص معازف ومزامیر کے ساتھ گانا گاتا ہے یا اس میں اعانت کرتا ہے یا

---

(۱) (حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، کتاب الطھارة، باب الحیض والنفاس والاستحاضة، ص:۱۳۸، قدیمی)

(۲) (کتاب السیر، موجبات الکفر أنواع، و منھا ما یتعلق بالحلال والحرام الخ: ۲/۲۷۲، رشیدیہ)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب السیر، باب أحکام المرتدین: ۵/۲۰۶، رشیدیہ)

(والبزازیة علی ھامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب ألفاظ تکون إسلاماً أو کفراً الخ: الفصل الثانی فیما یکون کفراً من المؤمن و ما لا یکون، النوع الأول فی المقدمة: ۶/۳۲۱، رشیدیہ)

(و خلاصة الفتاوی، کتاب ألفاظ الکفر، الفصل الثانی الخ، الجنس الأول فی المقدمة: ۴/۳۸۳، مکتبہ رشیدیہ، کوئٹہ)

Made Se[illegible]ools.com
Made searchable using ScribeTools.com

اس پر لوگوں کو آمادہ کرتا ہے اور اس سے خوش ہوتا ہے یا اس کو جائز بتاتا ہے۔ یا جو شخص قوالی سے منع کرے، اس کو غلط بتاتا ہے۔ اسی طرح ایک شخص شراب اور خنزیر کو خود استعمال کرتا ہے یا دوسروں کو کھلاتا پلاتا ہے یا اس میں مدد کرتا ہے یا لوگوں کو اس پر آمادہ کرتا ہے یا اس سے خوش ہوتا ہے یا اس کو جائز بتاتا ہے، لوگوں کو رغبت دلاتا ہے اور منع کرنے والے کو غلط بتاتا ہے، کیا یہ دونوں برابر ہیں؟ مثلاً: رمضان میں بعض یہ کہہ دیتے ہیں کہ روزہ وہ رکھیں جس کے گھر میں کھانے کو نہ ہو یا ہم ایسی مشقت کیوں جھیلیں یا کوئی شخص جھوٹ بول رہا ہے، اگر کسی نے زنا کرلیا یا شراب پی لیا تو یہ جھوٹ بولنے والا ہی ملامت کرتا ہے۔ کسی نے شراب پی ہوگی یا زنا کیا ہوگا تو ایک دفعہ دو دفعہ کیا ہوگا مگر یہ جھوٹ بولنے والا تو دن بھر جھوٹ بولتا ہے لیکن وہ اپنے گناہ کو گناہ خیال ہی نہیں کرتا ہے۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

جس چیز کو قرآن کریم میں حرام قرار دیا گیا اور اس کی حرمت لعینہ ہے وہ اپنی حرمت کے لحاظ سے شدید ہے حتی کہ اس کو حلال اعتقاد کرنے پر تکفیر کی گئی ہے جیسا کہ شرح عقائد (۱) طحطاوی (۲) اور بحر (۳) وغیرہ میں مذکور ہے، ایسا بھی ہے کہ ایک چیز کی حرمت نص قطعی میں مذکور نہیں مگر اس سے پیدا ہونے والے مفاسد بہت ہیں، اس اعتبار سے اس کی حرمت بھی خوفناک ہوجاتی ہے، بعض اوقات خود ایک حرام کا ارتکاب بہت سے محرمات کے ساتھ ساتھ ہوتا ہے، اس لحاظ سے وہ مجموعۂ محرمات ہوتا ہے اگر چہ اس کی حرمت صاف صاف منصوص نہیں، بعض دفعہ ایک حرام کے ارتکاب کا اثر یہ ہوتا ہے کہ دوسرے لوگ حرام میں مبتلا ہوجاتے ہیں، یہ

---

(۱) "و استحلال المعصية صغيرةً كانت أو كبيرةً كفر، إذا ثبت كونها معصية بدليل قطعي ..... وعلى هذه الأصول يتفرع ما ذكر في الفتاوى من أنه إذا اعتقد الحرام حلالاً، فإن كانت حرمته لعينه و قد ثبت بدليل قطعي، يكفر، و إلا فلا بأن يكون حرمته لغيره، أو ثبت بدليل ظني". (شرح العقائد، ص: ۱۲۰، المطبع اليوسفي لكنو)

(۲) "من اعتقد الحلال حراماً أو على القلب، يكفر إذا كان حراماً لعينه، و ثبتت حرمته بدليل قطعي، أما إذا كان حراماً لغيره بدليل قطعي أو حراماً لعينه بخبر الأحاد، لا يكفر إذا اعتقده حلالاً". (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح، كتاب الطهارة، باب الحيض والنفاس والاستحاضة، ص: ۱۳۸، قديمي)

(۳) (البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۲۰۶/۵، رشيديه)

بہت ہی باعث انسداد ہے، جس جگہ جس قسم کی حرمت ہوگی اس پر اس کی حیثیت سے نکیر کی جائے گی، نکیر کرنے والے کی حیثیت کو بھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، اس لئے سب کا ایک حکم نہیں اس لئے بعض محرمات پر حد ہے، بعض پر حبس ہے، بعض پر تعزیر ہے، وہ بھی مختلف ہے حتی کہ تعزیراً بعض صورتوں میں قتل تک نوبت پہنچ جاتی ہے(۱)۔

رمضان المبارک کے متعلق جو جملہ سوال میں مذکور ہے اس پر تکفیر کی گئی ہے، بعض محرمات پر صرف توبہ واستغفار کا حکم ہے۔ ابوابِ فقہیہ کے مطالعہ سے سب تفصیلات سامنے آتی ہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۴/۱۲/۲۹ھ۔

حرام مال سے دعوت اور اس پر بسم اللہ

سوال[۵۸۶]: زید کو بینک کے ملازم کی دعوت پر جب یہ کہا گیا کہ بعض اہل علم ہمارے کھانے کو حرام قرار دیتے ہیں تو زید جو کہ صوفی مشہور ہے اس نے فوراً" باسم اللّٰہ الذی لا یضر مع اسمہ شیء فی الأرض و لا فی السماء وھو السمیع العلیم" پڑھ کر کھانا شروع کر دیا اور ان اہل علم پر جو کہ ایسی دعوت کو ناجائز قرار دیتے ہیں غلطی کا حکم جاری کر دیا۔ تو زید کا یہ قول شرعاً کیسا ہے؟ اور کیا اس کی تکفیر کی جاسکتی ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

جو چیز حرامِ محض ہو اس کی حرمت پر اجماع ہو اور اس کی حرمت ضروریات دین سے ہو، اس کو حلال

---

(۱) "یحد مسلم ..... شرب الخمر و لو قطرةً الخ" (الدرالمختار، کتاب الحدود: ۳۷/۴، سعید)

"و لا یحد .... بوطء دبر، و قالا: إن فعل فی الأجانب حُدّ، ..... و فی الفتح: یعزر و یسجن حتی یموت أو یتوب، و لو اعتاد اللواطة، قتله الإمام سیاسةً". (الدر المختار، کتاب الحدود: ۲۶/۴، ۲۷ سعید)

"فإنه: أی التعزیر شرعاً لا یختص بالضرب، بل قد یکون به و قد یکون بالصفع و بفرک الأذن ..... و یکون التعزیر بالقتل". (مجمع الأنهر، کتاب الحدود، فصل فی التعزیر: ۶۰۹/۱، دار احیاء التراث العربی)

"قال ابن القیم: إن المعاصی ثلاثة أنواع: نوع فیه الحد و لا کفارة، کالسرقة والشرب والزنا والقذف ..... و العقوبات التعزیریة کالتوبیخ والحبس والضرب ..... والقتل سیاسةً لمعتادی الأجرام". (الفقه الإسلامی، الحدود: ۵۳۰۱/۷، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

اعتقاد کرنا کفر ہے(۱) اوراس چیز پر بسم اللہ پڑھنے سے بھی فقہاء نے تکفیر کی ہے:

"من قال عند ابتداء شرب الخمر أو الزنا أو أكل الحرام: بسم الله، كفر۔ وفيه (أى التتمة) أنه ينبغى أن يكون محمولاً على الحرام المحض المتفق عليه و أن يكون عالماً بنسبة التحريم إليه بأن يكون حرمته مما علم من الدين بالضرورة الخ"۔ (شرح الفقه الأكبر، ص:۲۰۸)(۲)۔

صورتِ مسئولہ میں ممکن ہے کہ داعی نے زید کے سامنے حلال پیش کیا ہو، مثلاً قرض لے کر یا اس کو وراثت میں ملا ہو، عموماً مقتدا کی دعوت میں اس کا لحاظ رکھا جاتا ہے کہ حلال مال سے ان کی دعوت کی جاتی ہے اگرچہ داعی کے پاس حرام مال موجود ہو، یہ بھی ممکن ہے کہ داعی کے پاس حلال وحرام دونوں قسم کا مخلوط مال ہو اور جب زید سے کہا گیا تو اس نے اس نیت سے کہ اگر اس میں کچھ حرام بھی ہو تو اللہ پاک اس کے مضر اثرات سے محفوظ رکھے "بسم الله الذى لا يضر الخ" پڑھ کر کھانا شروع کر دیا ہو، اس لئے اس پر کوئی قطعی دلیل نہیں ہے کہ یہ مال حرام لنفسہ تھا اور اس کی ایسی حرکت کا زید کو علم تھا اور اس نے اس پر ایسی ہی "بسم الله" پڑھی، جیسے کوئی زنا کے وقت بسم اللہ پڑھے۔ نعوذ باللہ منہا۔ جس سے استخفاف بالدین ہو اس لئے تکفیر مسلم سے مهما امكن كف اللسان والقلم ضروری ہے۔

"الكفر شىء عظيم، فلا أجعل المؤمن كافراً متىٰ وجدت روايةً أنه لا يكفر. و فى الخلاصة وغيرها: إذا كان فى المسئلة وجوه توجب التكفير و وجه واحد يمنع التكفير، فعلى المفتى أن يميل إلى الوجه الذى يمنع التكفير تحسيناً للظن بالمسلم. و فى التاتارخانية: لا

---

(۱) (تقدم تخريجه تحت عنوان "حلال کو حرام سمجھنا")

و فى: "مالابد منه" "اگر حرام قطعی را حلال گوید، یا حلالِ قطعی را حرام، یا فرض را فرض نداند، کافر شود"۔ (باب كلمات الكفر، ص:۱۲۳، مكتبه شركت علميه)

(۲) (الشرح لملا على القارىؒ على الفقه الأكبر للإمام الأعظم رحمه الله تعالىٰ، مطلب فى إيراد الألفاظ المكفرة التى جمعها العلامة البدر الرشيدؒ ص: ۱۶۹، قديمى)

و فى: "مالا بد منه" اگر کسے بسم اللہ گفتہ شراب خورد، یا زنا کرد، کافر شود، وہمچنیں اگر بسم اللہ گفتہ حرام خورد"۔ (باب كلمات الكفر، ص:۱۳۴، مكتبه شركت علميه)

یکفر بالمحتمل؛ لأن الکفر نهایة فی العقوبة فیستدعی نهایةً فی الجنایة، ومع الاحتمال لا نهایة الخ"۔ بحر: ۵/۱۲٤(۱)۔

مدعو کو بھی لازم ہے کہ ایسے قول وفعل سے اجتناب کرے جس سے استخفاف بالدین کا شبہ پیدا ہو کر موجبِ تشویش ہو۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۳/۴ھ۔

حلال حرام مخلوط مال پر بسم اللہ

سوال[۵۸۷]: اگر کھانے میں کم مال حرام ہو اور زیادہ حلال ہو تو بسم اللہ پڑھنا کیسا ہے یا اس کا برعکس ہو؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

مخلوط پر بسم اللہ پڑھنے میں مضائقہ نہیں، حرام قطعی پر بسم اللہ پڑھنے کو فقہاء نے کفر لکھا ہے (۲) فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

---

(۱) (البحر الرائق، کتاب السیر، باب أحکام المرتدین: ۵/۲۱۰، رشیدیه)

(وکذا فی خلاصة الفتاوی، کتاب ألفاظ الکفر، الفصل الثانی الخ، الجنس الأول فی المقدمة: ۴/۳۸۲، رشیدیه)

(والتاتارخانیة، کتاب أحکام المرتدین، فصل فی إجراء کلمة الکفر: ۵/۴۵۸، ادارة القرآن)

(۲) "وفی التتمة: من قال عند ابتداء شرب الخمر أو الزنا أو أکل الحرام: بسم الله، کفر، و فیه: أنه ینبغی أن یکون محمولاً علی الحرام المحض المتفق علیه، و أن یکون عالماً بنسبة التحریم إلیه وبأن تکون حرمته مما علم من الدین بالضرورة کشرب الخمر". (شرح الفقه الأکبر لملا علی القاری، فصل فی القرآءة والصلوة، ص: ۱۶۹، قدیمی)

(وکذا فی التاتارخانیة، کتاب أحکام المرتدین، فصل فیما یتعلق بالأذکار: ۵/۴۹۹، إدارة القرآن)

(وکذا فی الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، الباب التاسع، موجبات الکفر أنواع، و منها ما یتعلق بالحلال والحرام: ۲/۲۷۳، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

خدائی کا دعویٰ

سوال[۵۸۸]: ایک حافظ خدائی کا دعویٰ کرتا ہے کہ ''یہاں کے لڑکے ہرگز پڑھ نہیں سکتے، اگر پڑھ لیں تو مجھے زندہ گاڑ دینا'' جس سے صاف ظاہر ہے کہ یہ شخص غیب کی باتیں جانتا ہے جب کہ سوائے خدا کے کسی کو غیب کا علم نہیں ایسے شخص کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

جب لڑکے بدشوق ہوں اور والدین کو پڑھانے کا شوق نہ ہو تو استاذ کی سب محنت بیکار جاتی ہے، اس سے پریشان ہو کر استاذ کہہ دیں کہ یہاں کے لڑکے ہرگز نہیں پڑھ سکتے تو یہ خدائی کا دعویٰ نہیں، نہ یہ علم غیب کا دعویٰ ہے بلکہ حالت کا اندازہ عموماً کر کے رائے قائم کی جایا کرتی ہے(۱)۔ اس لئے اس بات کی وجہ سے حافظ کو برا نہ کہا جائے، نہ کوئی اَور غلط معاملہ کیا جائے بلکہ ان کا ادب واحترام کیا جائے (۲) اور بچوں کی تعلیم کی طرف زیادہ توجہ کی ضرورت ہے، حافظ صاحب کو چاہئے کہ ایسی باتیں کہہ کر ان کو مایوس اور بددل نہ کریں، خود محنت کریں اور خدا سے دعا مانگیں کہ وہ ان کی محنت کو کامیاب فرمائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۸/۵/۹۰ھ۔

---

(۱) ''و ذکر فی جامع الفصولین مسئلةً بالفارسیة، حاصلهافیما لو تزوجها بلا شهود، و قال إن الله و رسوله ..... یشهد انِ، أنه یکفر؛ لأنه اعتقد أن الرسول ..... یعلم الغیب، ثم استشکل ذلک بما أخبربه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم من المغیبات وکذا ما أخبربه عمر و غیره من السلف، ثم أجاب بأنه یمکن التوفیق بأن المنفی هو العلم بالاستقلال لا العلم بالإعلام أو المنفی هو المجزوم لا المظنون، و یؤیده قوله تعالیٰ: ﴿أتجعل فیها من یفسد فیها﴾ الآیة؛ لأنه غیب أخبربه الملائکة ظناً منهم ..... إذ لا منافاة بینه و بین الآیة لما مر من التوفیق''. (سل الحسام الهندی ..... فی ضمن رسائل ابن عابدین: ۲/۳۱۱، سهیل اکیڈمی لاهور)

(وکذا فی شرح الفقه الأکبر، ص: ۱۵۱، قدیمی)

(۲) ''فصل فی کیفیة النظر إلی المسلمین بعین العظیم والاحترام ..... فإنه إذا نظر من هو ..... أعلم ..... فیحترمه ویعظمه ویری فضله علیه وسبقه''. (المدخل لابن الحاج: ۳/۳۲۳، مصطفیٰ البابی، مصر)

Made Searchable by ScribeTools.com

پیر صاحب کا دعوائے الوہیت

سوال[۵۸۹]: کوئی پیر کہے کہ مرید اگر مجھے خدا سمجھ کر مان رہا ہے تو میں اس کے نزدیک خدا ہوں تو ایسا شخص جو پیر کو خدا کہے گناہگار ہوگا یا نہیں؟ اور اس پر راضی ہونے والا کس گناہ کا مرتکب ہوگا؟

۲..... محفل میلاد شریف میں شریک ہو کر یا ''غوث'' کہہ کر چیخنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

۱..... یہ شرک ہے (۱) نہ مرید کا پیر کو خدا سمجھنا درست ہے، نہ پیر کا مرید کو اس کی تعلیم دینا یا اس سے راضی ہونا درست ہے، ایسی حالت میں دونوں مشرک ہوں گے، ایسے پیر سے بے تعلق ہونا لازم ہوگا۔

۲..... یہ ناجائز ہے، ایک قسم کا شرک ہے (۲)، ایسی محفل میں شرکت نہ کی جائے (۳)۔ فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۲/۵ھ۔

---

(۱) ''رجل قال: مرا بر أسمان خدا است، و بر زمین تو، یکون کفراً''. (فتاویٰ قاضی خان، کتاب السیر، باب مایکون کفراً من المسلم و ما لا یکون، مطلب: و من ألفاظ الکفر بالفارسیة: ۵۷۸/۳، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، الباب التاسع، موجبات الکفر أنواع، و منها ما یتعلق بذات الله تعالیٰ: ۲۵۹/۲، رشیدیه)

(والبزازیة علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب ألفاظ تکون إسلاماً أو کفراً الخ: الفصل الثانی النوع الثانی فیما یتعلق بالله تعالیٰ: ۳۲۱/۶، رشیدیه)

(۲) ایسے الفاظ ''یاغوث'' وغیرہ اکثر اس عقیدے سے کہے جاتے ہیں کہ یہ حضرات ان مجالس میں حاضر ہوتے ہیں اور علم غیب جانتے ہیں اور یہ شرک وکفر ہے۔

قال فی البحر الرائق: ''قال علمائنا: من قال: أرواح المشایخ حاضرةٌ تعلم یکفر''. (کتاب السیر، باب أحکام المرتدین: ۲۰۹/۵، رشیدیه)

(والبزازیة علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب ألفاظ تکون إسلاماً أو کفراً الخ: الفصل الثانی النوع الثانی فیما یتعلق بالله تعالیٰ: ۳۲۶/۶، رشیدیه)

(۳) ''ممنوعہ غیر مشروعہ اور بدعات ضلالہ والی مجالس میں شرکت جائز نہیں''۔ (تالیفاتِ رشیدیه، کتاب البدعات، ص: ۱۳۷، ۱۳۸، ادارہ اسلامیات لاهور)

Made searchable using ScribeTools.com

کیا حضرت تھانوی نے اپنا کلمہ پڑھوایا تھا؟

سوال[۵۹۰]: حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نے اپنا کلمہ پڑھوایا یعنی آپ کے ایک مرید خاص نے خط لکھا کہ میں سویا ہوا ہوں خواب میں کلمہ پڑھ رہا ہوں جس میں بجائے ''محمد رسول اللہ'' کے حضور کا نام یعنی ''اشرف علی رسول اللہ'' ادا کر رہا ہوں۔ بعدہ پھر مرید خاص نے تحریر فرمایا کہ اب بیدار ہوں اور کلمہ کی صحت کی کوشش کر رہا ہوں مگر پھر حضور کا نام آتا ہے، اور پھر درود شریف کی طرف رخ کیا تو "اللھم صلی علی سیدنا مولانا اشرف علی "ہی پڑھ رہا ہوں۔

یہ رسالہ ''الامداد'' کے مضمون کا نچوڑ ہے جو کہ تھانہ بھون سے جاری ہوتا تھا، ماہ صفر ۱۳۳۶ھ، ص: ۳۵ میں چھپا حضرت تھانوی نے جواب دیا کہ مطلب یہ ہے کہ جس کے تم پیرو ہو وہ متبع سنت ہے۔

نوٹ: میرا خیال فاسد ہو کر یہ کہہ رہا ہے کہ حضرت مولانا تھانوی نے اس پردہ میں دعویٰ نبوت کر دیا ورنہ کفر کا حکم لگا کر توبہ کرنے کو فرماتے، بریلویوں کی تقریر سننے کے بعد یہ ساری کتابیں تلاش کرنی پڑیں اور آپ کی طرف رجوع کرنا پڑا۔ امید ہے کہ ہماری بے چینی کو دور فرما کر مشکور فرمائیں گے، جوابات مدلل ہوں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

حضرت مولانا تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے تو یہ فرمایا اور آپ نے خود بھی نقل کیا ہے کہ ''مطلب یہ ہے کہ تم جس کے پیرو ہو وہ متبع سنت ہے'' آپ اس جواب پر غور کر لیں کہ جو شخص متبع سنت ہو کیا وہ دعوی نبوت کر سکتا ہے؟

اصل یہ ہے بغض وعناد انسان کی باطنی آنکھیں بند کر دیتا ہے جس کی وجہ سے دماغ خراب ہو کر سیدھے اور صاف کلام کا مطلب بھی الٹا سمجھتا ہے، مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ تو متبع سنت ہونے کا دعوی اور ذکر کریں اور بریلوی فضلاء اس کا مطلب یہ لیں کہ نبوت کا دعوی کیا ہے، یاللعجب! صدق اللہ تعالی: ﴿لاتعمی الأبصار، ولکن تعمی القلوب التی فی الصدور﴾. (الآیة)(۱)۔

اپنے نام کے ساتھ آپ نے قاسمی لکھا ہے، ہمارے عرف میں ''قاسمی'' وہ لکھتا ہے جس نے مدرسہ دارالعلوم دیوبند میں درسِ نظامی کی تکمیل کی ہو، اگر آپ نے بھی تکمیل کی ہے تو تعجب ہے کہ یہاں رہ کر بھی اپنے اکابر دارالعلوم اور ان کے مسلک کو نہیں پہچانا۔ بہتر یہ ہے کہ آپ کچھ وقت فارغ کر کے تشریف لائیں اور جن

(۱) (الحج: ۴۶)

مسائل میں الجھن ہے ان کو بالتفصیل سمجھ لیں۔ اگر قاسمی کا کچھ اَور مطلب ہے تو واضح کیجئے اور اپنی علمی استعداد بتادیجئے تاکہ اس کے مطابق مکاتبت کی جائے مثلاً: اگر آپ درسِ نظامی کے فارغ نہیں اور علمی استعداد کمزور ہے جیسا کہ تحریر سے ظاہر ہوتا ہے تو پھر آیات واحادیث کا بغیر ترجمہ کے لکھنا یا علمی اصطلاحات کا لکھنا آپ کے حق میں مفید نہ ہوگا، آئندہ خط بھیجیں تو اس خط کو ہمراہ بھیجیں، تاکہ پوری بات سامنے رہے اور جواب تفصیل سے دیا جائے۔ فتوی پر مفتی حضرات کے دستخط ہوتے ہیں، سب علماء کے دستخط نہیں ہوتے، ہاں اگر کسی خاص مصلحت کے پیش نظر اگر طبع کرنا ہو تو دوسرے حضرات کے بھی دستخط کرادیئے جاتے ہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

ایک خواب جس میں "لا إله إلا الله فلان رسول الله" پڑھا

سوال[۵۹۱]: اگر کوئی شخص بجائے کلمہ "لا إله إلا الله محمد رسول الله" کے "لا إله إلا الله اشرف علی رسول الله" پڑھے، کیا وہ مسلمان رہے گا یا کافر ہوجائے گا؟ نیز مسلمانوں کو ورغلانے کے لئے اس کلمہ کو پڑھنے والا کس قسم کا گنہ گار ہوگا اور بہتان لگانے کا کیا کفارہ ہے اور کیا یہ کلمہ جناب مولانا اشرف علی صاحب نے کسی سے پڑھوایا ہے یا پڑھنے کی اجازت دی ہے؟ اور ''امداد الفتاوی'' کے بارے میں تفصیل سے اگر تحریر فرمائیں گے تو عین نوازش ہوگی کہ حقیقت حال کیا ہے، بار بار غلط کلمہ پڑھنے والا مسلمان رہے گا یا نہیں، چاہے ورغلانے کے لئے پڑھا جائے؟ فقط۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

حضور اقدس رسول مقبول محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خاتم الرسل ہیں (۱)، جو شخص آپ کے بعد کسی کو بھی

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿ما كان محمد أبا أحدٍ من رجالكم و لكن رسول الله و خاتم النبيين، و كان الله بكل شيء عليماً﴾. (الأحزاب: ۴۰)

قال الحافظ ابن كثير رحمه الله تعالیٰ تحتها: "فهذه الأية نص فی أنه لا نبی بعده، و إذا كان لا نبی بعد فلا رسول بعد بالطريق الأولی و الأخری؛ لأن مقام الرسالة أخص من مقام النبوة..... اهـ". ثم قال بعد نقل أحاديث كثيرة فی ختم النبوة "و الأحاديث فی هذا كثيرة، ..... و قد أخبر الله تعالیٰ فی كتابه و =

Made searchable using ScribeTools.com

رسول جانے وہ کافر ہے، یہ تمام اہل السنۃ والجماعۃ کا بلکہ تمام اہل اسلام کا متفقہ عقیدہ ہے(۱)۔پس جو شخص حالت بیداری و اختیاری میں قصداً یہ کلمہ پڑھے وہ کافر ہے، اسلام سے خارج ہے(۲)۔حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ اور تمام اکابر کا بھی فتویٰ ہے، حضرت مولانا نے کبھی کسی سے یہ کلمہ نہیں پڑھوایا اور وہ کیسے پڑھواتے جب کہ وہ خود ہی اس کو کلمۂ کفر قرار دے کر ایسے شخص کو کافر کہتے ہیں۔

جو شخص حضرت مولانا اشرف علی صاحب نور اللہ مرقدہ کی طرف اس کلمہ کو منسوب کر کے ان کو کافر کہتا ہے وہ بہت بڑا بہتان باندھتا ہے اور اس کی وجہ سے وہ خود ہی اس کی زد میں آجاتا ہے۔جو شخص کافر نہ ہو اس کو کافر کہنے سے وہ کفر بحکم خداوندی اس کہنے والے کی طرف لوٹتا ہے(۳)، نیز جب کفر کی بات کسی کی طرف سے نقل کی جائے حالانکہ اس نے وہ بات نہیں کہی تھی تو وہ درحقیقت اس کا اپنے سینہ کا کفر کہلائے گا جس کو وہ دوسروں کی طرف سے نقل کر رہا ہے۔ایک شخص نے خواب میں دیکھا کہ وہ: ''لا إله إلا الله محمد رسول

= رسوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى السنة المتواترة عنه: أنه لا نبى بعده، ليعلموا أن كل من ادعى هذا المقام بعده، فهو كذاب و أفاك، دجال، ضال، مضل ..... و كذلك كل مدع لذلك إلى يوم القيامة حتى يختموا بالمسيح الدجال". (تفسير ابن كثير : ۳/۶۵۰، ۶۵۲، مكتبه دار السلام رياض)

(وكذا فى شرح العقيدة الطحاوية، مطلب: كل من ادعى النبوة بعده كاذب، ص:۹۴)

(۱) "و كونه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم خاتم النبيين مما نطق به الكتاب، و صدعت به السنة، و أجمعت عليه الأمة، فيكفر مدعى خلافه و يقتل إن أصرّ". (روح المعانى : ۲۲/۴۱، دار إحياء التراث العربى)

(۲) "و من كفر بلسانه طائعاً و قلبه مطمئن بالإيمان، فهو كافر، و لا ينفعه ما فى قلبه". (التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل فى إجراء كلمة الكفر : ۵/۴۵۹، إدارة القرآن)

و فى شرح الفقه الأكبر لملا على القارى : "قال القونوى : و لو تلفظ بكلمة الكفر طائعاً غير معتقد له، يكفر؛ لأنه راضٍ بمباشرته و إن لم يرض بحكمه الخ". (أواخر بحث التوبة، ص:۱۶۳، قديمى)

(۳) "عن أبى ذر رضى الله تعالىٰ عنه أنه سمع النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: 'لا يرمى رجل رجلاً بالفسوق و لا يرميه بالكفر، إلا ردّت عليه إن لم يكن صاحبه كذلك". (صحيح البخارى، كتاب الأدب، باب ما ينهى عن السباب واللعن : ۲/۸۹۳، قديمى)

اللہ، پڑھنا چاہتا ہے مگر اس کی زبان سے بجائے اس کے وہ کلمہ نکلا جو آپ نے نقل کیا ہے، پھر خواب ہی میں وہ اس کی وجہ سے پریشان ہوا کہ یہ تو غلط ہے اور اسلام کے خلاف ہے، گھبرا کر بیدار ہو گیا قلب پر خوف طاری تھا، چاہا کہ کلمہ صحیح طور پر پڑھ لے مگر زبان قابو میں نہیں تھی۔ بے اختیار پھر وہی زبان سے نکلا جس کو خواب میں دیکھا تھا، پھر افسوس ہوا اور دل پر انتہائی ہیبت طاری ہوئی۔ غرض اس خواب میں دیکھی ہوئی بات کی اصلاح کرنا چاہتا ہے اور پھر بے اختیار زبان سے غلط ہی بات نکلتی ہے جس سے وہ سخت پریشان ہوا اور یہ سب واقعہ اس نے حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانویؒ کو لکھا، حضرت مولانا اشرف علی صاحبؒ نے اس کو جواب لکھا کہ تم جس کی طرف رجوع ہونا چاہتے ہو وہ متبع سنت ہے۔ اور حضرت مولانا اشرف علی صاحبؒ نے دیگر علماء سے بھی استفتاء کیا، حضرت مولانا خلیل احمد صاحبؒ نے تجدید ایمان وتجدیدِ نکاح کا حکم دیا اور دیگر اکابر نے اس کو بے اختیار اور مضطر قرار دیکر سخت فتوی سے اجتناب کیا ہے (۱)۔ یہ ہے اصل حقیقت جو کہ ''امداد الفتاویٰ'' اور دوسری متعدد کتابوں میں تفصیل کے ساتھ مدتِ دراز سے شائع شدہ ہے۔ مدت العمر میں کسی سے بھی ثابت نہیں کہ اس کلمہ کو جو آپ نے نقل کیا ہے حضرت مولانا اشرف علی صاحبؒ نے کسی سے پڑھوایا ہو، یا کوئی پڑھتا اور اس کو صحیح سمجھتا ہو، جو لوگ اتنا زبردست بہتان باندھتے ہیں اور کفر کا فتویٰ دیتے ہیں تو ان کا کفر لوٹ کر خود ان پر ہی آتا ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۱۷/۶/۸۷ھ۔

عورتوں کے تعزیہ میں شرکت سے کیا نکاح فسخ ہو جاتا ہے؟

سوال [۵۹۲]: جو عورتیں محرم کے زمانے میں تعزیہ پر ہونے والے خرافات (گانا بجانا، ماتم کرنا) میں شامل ہوتی ہیں تو کیا خارج از نکاح ہو گئیں اور بغیر نکاح ثانی حلال نہیں؟ شرک فی الذات، شرک فی الصفات، شرک فی العمل تینوں میں کس کا مرتکب مشرک ہوگا، یا اول الذکر کا؟ اور کون سی صورت میں عورت یا مرد

---

(۱) "وإن لم يكن قاصداً في ذلك بأن أراد يتلفظ بلفظ آخر، فجرى على لسانه لفظ الكفر من غير قصد، وذلك نحو أن يقول: "لا اله الا الله" فجرى على لسانه: ﴿أمع الله آلهة أخرى﴾ أو أراد أن يقول: ''بحق اینکہ تو خدائی و مابندگانِ تو'' فجرى على لسانه العكس، لا يكفر". ((التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل في إجراء كلمة الكفر: ۵/۴۵۹، إدارة القرآن)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

میں خارج از نکاح کا حکم لگایا جاسکتا ہے؟ اس میں اکثر طبقہ مسلمانوں کا مبتلا ہے، کیا صورت ہوگی؟ بعض تعزیہ پر چراغ اور مہندی چڑھاتی ہیں، ان کے نکاح کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

یہ امور معصیت ہیں، ناجائز ہیں مگر ان کی وجہ سے مرتد قرار دیکر ان کے نکاح کو فسخ قرار نہیں دیا جائے گا۔ جن امور کی وجہ سے کوئی مرتد ہوجائے، اسلام سے خارج ہوجائے وہ موجبِ فسخ نکاح ہیں، تفصیل کتبِ فقہ: بحر(۱) عالم گیری (۲) شامی (۳) وغیرہ میں ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۵/۲/۱۴۰۱ھ۔

کیا تعزیہ نہ بنانے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار لازم آتا ہے؟

سوال[۵۹۳]: ۱.....بستی کے لوگ کہتے ہیں کہ جو تعزیہ نہیں بناتا اور اسے نہیں مانتا وہ رسول اللہ کو نہیں مانتا، کیا تعزیہ کے نہ بنانے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار لازم آتا ہے۔

۲.....ایسے حالات میں ہمیں کیا صورت اختیار کرنی چاہئیے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱..... یہ لوگ غلط کہتے ہیں، یہ ان کو شیطان نے سکھایا ہے۔

۲..... پرواہ نہ کیجئے، حق پر قائم رہئیے (۴)، البتہ ان لوگوں کی اصلاح کی فکر ضرور کرتے رہئیے، علمائے

---

(۱) "إذا صرّح بإرادة موجب الكفر، فلا ينفعه التأويل حينئذ". (البحر الرائق، باب أحكام المرتدين من السير: ۵/۲۱۰، رشيديه)

(۲) "ما كان فى كونه كفراً اختلاف، فإن قائله يؤمر بتجديد النكاح و بالتوبة والرجوع عن ذلك بطريق الاحتياط ..... ثم إن كان نية القائل ..... الوجه الذى يوجب التكفير، لا تنفعه فتوى المفتى، و يؤمر بالتوبة والرجوع عن ذلك و بتجديد النكاح بينه و بين امرأته، كذا فى المحيط". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، قبيل الباب العاشر فى البغاة: ۲/۲۸۳، رشيديه)

(۳)(الدر المختار، كتاب الجهاد، باب المرتد: ۴/۲۴۶، ۲۴۷، سعيد)

(۴)قال الله تعالىٰ: ﴿وممن خلقنا أمة يهدون بالحق وبه يعدلون﴾ (الأعراف ۱۸۱)

وقال الله تعالىٰ: ﴿فماذا بعد الحق إلا الضلال، فأنّى تصرفون﴾ (يونس: ۳۲)

حق کا وعظ کرایئے، انفرادی طور پر ان کو سمجھایئے، دوسری جگہ اہل حق کے پاس وعظ میں لیجایئے، امید ہے اللہ تعالیٰ اصلاح فرمائیں گے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

ارتداد کے بعد دوبارہ اسلام قبول کرنے سے روکنا

سوال[۵۹۴]: ایک مسلم عورت نے ایک ہندو مرد سے تعلقات ناجائز قائم کئے اور اسی کے پاس چند سال زندگی گزاری، مسلمانوں نے اس کو اس بُرے فعل سے روکا مگر اس نے ایک بات نہ سنی اور صاف صاف انکار کردیا اور اسی ہندو کے پاس رہنے لگی اب چند روز سے سخت بیمار ہے اور اس وقت توبہ کر کے مسلمان ہونا چاہتی ہے۔دریافت یہ کرنا ہے کہ اب اسلام لانے کی گنجائش ہے یا نہیں؟ چند احباب اس پر اعتراض کرتے ہیں کیونکہ اگر یہ غلط طریقہ کی رسم پڑے کہ پہلے اسلام سے نکل کر غیر مذہب اختیار کرے اور پھر مسلمان ہوجاوے اس کا دوسروں پر بُرا اثر پڑے گا، اس لئے اس عورت مرتدہ کو اسلام لانے سے روک سکتے ہیں یا نہیں؟ اور روکنے والے پر شریعت کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

اگر وہ دوبارہ اسلام قبول کرنا چاہتی ہے تو ہرگز اس میں رکاوٹ نہ ڈالی جائے، کسی کو حق نہیں کہ اسلام لانے سے روکے، جو لوگ اس کو اسلام لانے سے منع کرتے ہیں وہ نہایت خطرہ میں ہیں، ان کے اسلام کی خیر نہیں، کسی کے کفر اور ارتداد سے راضی رہنا خود کفر اور ارتداد ہے(۲)(العیاذ باللہ)۔معترضین کو اپنے اس خیال

---

(۱)﴿إن أريد إلّا الإصلاح مااستطعت، وما توفيقى إلا بالله، عليه توكلت وإليه أنيب﴾ (هود:۸۸)

وقال تعالىٰ: ﴿إنا لانضيع أجر المصلحين﴾ (الأعراف: ۱۷۰)

(۲) "والرضى بالكفر كفر، سواء كان بكفر نفسه أو بكفر غيره". (شرح الفقه الأكبر للقارى، مطلب: إستحلال المعصية، ص:۱۵۴، قديمى)

و فى التاتارخانية: "و ذكر شيخ الإسلام فى شرح السير: أن الرضا بكفر الغير يكون كفراً إذا كان يستجيز الكفر و يستحسنه، فأما إذا كان لا يستجيزه و لا يستحسنه و لكن أحب الموت أو القتل على الكفر لمن كان شريراً موذياً بطبعه حتى ينتقم الله منه، فهذا لا يكون كفراً". (كتاب أحكام المرتدين، فصل فى إجراء كلمة الكفر : ۵/۴۶۰، إدارة القرآن كراچى)

Made searchable using ScribeTools.com

اوراعتراض سے فوراً توبہ لازم ہے، اس عورت کوعزت کے ساتھ لیا جائے اور حق تعالیٰ کا شکر ادا کیا جائے کہ اس نے دوبارہ اسلام کی توفیق دیکر ہمیشہ ہمیشہ کے لئے عذاب جہنم سے اس کو بچالیا ہے، دوسرے مسلمانوں پر اس کا اثر انشاء اللہ اچھا پڑے گا۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۴/۹۰ھ۔

تین طلاقوں کے بعد شوہر کے نہ چھوڑنے کی وجہ سے کفریہ کلمات زبان سے ادا کرنا

سوال[۵۹۵]: ایک عورت کا نکاح ایک ناخواندہ بے نمازی شخص سے ہوا مگر عورت کے والد نے اپنے داماد سے قبل از نکاح اداء نماز کا پختہ طور پر حلفی وعدہ کرلیا تھا، لیکن بعد نکاح ثابت ہوا کہ وہ شخص کبھی کبھی نماز پڑھ لیتا ہے اور مدت دراز سے وہ اغلام بازی کا عادی اور سودخوری کا عادی ہے اور اس کی زوجہ نماز کی نہایت پابند اور روزانہ تلاوتِ قرآن مجید کی بڑی صحت الفاظی سے کرنیوالی، فیشن انگریزی سے بہت متنفر، امورِ خانگی میں خوب ہوشیار بائیس سالہ عمر کی ہے اور اس عورت نے اردو کی لکھائی پڑھائی اپنی والدہ سے اپنے گھر پر حاصل کی ہے۔ اس کے شوہر نے اپنی عورت سے سامان جہیز سے گوٹہ اور تمام طلائی اور نقرئی زیور جبراً لے کر کچھ تو فروخت کردیا اور کچھ گروی رکھ دیا۔ جب اس کی زوجہ نے اس سے یہ کہا کہ میرے باپ کا دیا ہوا سامان جہیز ہے، میں اس کو ضائع کرانا نہیں چاہتی، اس کی مالک میں ہوں، تو اتنا کہنے پر شوہر نے اپنی زوجہ کو خوب مارا اور یہ کہا ''جب میں تیرے جہیز کا مالک نہیں تو پھر میں تیرا بھی مالک نہیں بنتا، اب میرے گھر سے تو نکل، میں نے تجھ کو طلاق دی طلاق دی''، یہ کلمہ طلاق دی سات آٹھ مرتبہ یکدم کہہ دیا۔ عورت نے اس واقعہ کی تحریری اطلاع اپنے باپ کو دی تو عورت کے والدین واقعہ طلاق کو اپنے داماد سے دریافت کیا تو داماد نے یہ بیان کیا کہ بیشک میں نے سات آٹھ مرتبہ کہدیا کہ ''میں نے تجھ کو طلاق دی طلاق دی، لیکن میں نے تو یہ مذاق سے کہا تھا، کیونکہ میں نے اپنی زوجہ کو کوئی زیادہ نہیں مارا تھا تب بھی اس نے آدھے دن تک رونا بند نہیں کیا''۔

مگر اس طلاق دہندہ کے عزیز واحباب نے اس کو یہ سبق پڑھادیا کہ طلاق کا اقرار کرنے سے تو تیری زوجہ آزاد ہوجائے گی، بہادری تو یہ ہے کہ اپنی زوجہ کو ہرگز آزاد نہ ہونے دے بلکہ اس کو زندگی بھر خوب تنگی اور سختی کے ساتھ باندی سے بدتر بنا کر رکھ۔ اب اس عورت کا شوہر طلاق سے منکر ہوتا ہے اور کہتا ہے کہ عورت کو زندگی بھر مقید رکھنے کی ضرورت سے طلاق نہ دوں گا۔ اب عورت نے اس خیال سے کہ فسادِ زوجین بڑھ چکا ہے اور اب

اس شوہر کے پاس اپنے سے ارتکاب زنا کا ہوا کرے گا اور پھر مصائب بے اندازہ سابق سے زیادہ شوہر کی جانب سے ہوتے رہیں گے اور وہ برداشت نہ ہوسکیں گے تو خودکشی کرنی پڑے گی اور اس وجہ سے اس عورت نے شوہر کے مظالم سے رہائی حاصل کرنے کی نیت سے یہ کلمات کفر ادا کردیئے کہ ''میں قرآن کو کلام الٰہی ہرگز نہیں مانتی اور مذہب اسلام سے بیزار ہوکر دین اسلام کو اس وجہ سے ترک کرتی ہوں تاکہ ظالم شوہر کے نکاح میں مقید رکھے جانے کے اس بدتر مشورہ کی ضد سے بچ سکوں جو میرے سسرالیوں نے باہم مشورہ طے کرلیا ہے''۔ اب اس عورت کے والد نے نہایت نرمی سے اسلام کی حقانیت کے دلائل اور اس کی خوبی اور اسلام ترک کرنے کی خرابی سنا کر اپنی دختر کو مسلمان بنالیا ہے مگر وہ عورت یہ کہتی ہے کہ ''اگر مجھ کو اس ظالم شوہر کی حوالگی میں رکھے جانے کی سعی ظالمانہ کی جاوے گی، میں تحریری اطلاع کے ذریعہ عیسائی یا آریہ گروہ سے امداد طلب کرکے ان کے ساتھ شامل ہوجاؤں گی ورنہ بہتر یہ ہے کہ کسی متقی خداترس مسلمان سے میرا نکاح کردیا جائے''۔

لہٰذا دریافت طلب اولاً یہ امر ہے کہ یہ عورت کلمات کفریہ بالا سے مطلقہ ہوگئی یا نہیں، ثانیاً عورت کا بشرطِ بالا اسلام قبول کرنا صحیح ہے یا بلاشرط اسلام قبول کرنا صحیح ہے اور ضروری ہے، ثالثاً یہ کہ عدت اس عورت کی غیر حاملہ ہونے کی حالت میں کتنی ہوگی۔

محمد حکمت اللہ از شاہجہانپور۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....صورت مسئولہ میں عورت کے سامنے طلاق دی گئی ہے لہٰذا عورت کو ہرگز ہرگز جائز نہیں کہ کسی طرح اس طلاق دینے والے کو اپنے اوپر قابو دے(۱)، اگر اس طلاق دینے کے یا اقرار کرنے کے کم از کم دو معتبر دیندار گواہ موجود ہیں تو باقاعدہ عدالت کے ذریعہ سے یا پنچائیت کے ذریعہ سے عورت اپنا فیصلہ کرکے علیٰحدہ ہوسکتی ہے۔ کلماتِ کفریہ زبان سے ادا کرنا بالکل حرام ہے، فسخ کرانے کے لئے مفتیٰ بہ قول کی بناء پر کلماتِ کفریہ کو

---

(۱) ''والمرأة كالقاضي، لا يحل لها أن تمكنه إذا سمعت منه ذلك، أو شهد به شاهد عدل عندها''.

(الفتاوىٰ العالمكيرية: ۱/۳۵۴، الفصل الأولى فى الطلاق الصريح، رشيديه)

(وكذا فى رد المحتار، باب الصريح، مطلب فى قول البحر: ۳/۲۵۱، الخ، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الطلاق، : ۳/۴۴۸، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

زبان سے ادا کرنا کافی نہیں (۱) بلکہ طلاق کا ثبوت پیش کر کے عدالت یا پنچایت کے ذریعہ سے فیصلہ کیا جائے۔

۲.....اسلام قبول کرنے کے لئے شرط پیش کرنا سخت جہالت اور حماقت ہے، بلاشرط تجدیدِ اسلام فرض ہے۔

۳.....عدت طلاق ایسی حالت میں تین حیض ہے (۲) اگر کم از کم دو معتبر گواہ طلاق کے موجود ہیں تو تین حیض گذار کر عورت کو دوسری جگہ نکاح کرنا درست ہے (۳)، خواہ ان گواہوں کے سامنے طلاق دی ہو یا طلاق کا اقرار کیا ہو۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۵/ جمادی الاولی/ ۵۹ھ۔

عبد اللطیف مدرسہ ہذا۔

---

(۱) "إذا إرتد أحد الزوجين، وقعت الفرقة بغير طلاق قال ابن همام رحمه الله: هذا جواب ظاهر المذهب، وبعض مشايخ بلخ وسمرقند أفتوا فی ردتها بعدم الفرقة حسماً لاحتيالها على الخلاص بأكبر الكبائر". (فتح القدير، باب نكاح أهل الشرک: ۳/ ۴۲۹، مصطفى البابی الحلبی)

"منكوحة إرتدت –والعياذ بالله– حكى عن أبی نصر وأبی القاسم الصفار أنهما قالا: لا تقع الفرقة بينهما حتى لا تصل إلى مقصودها إن كان مقصودها الفرقة". (فتاویٰ قاضی خان: ۱/ ۴۵۶، فصل فی الفرقة بين الزوجين الخ)

(وكذا فی الدر المختار: ۳/ ۱۹۴، كتاب النكاح، باب النكاح الكافر)

حضرت تھانوی فرماتے ہیں: "اس مجموعہ سے اس فتویٰ کا یہ حاصل ہوا کہ عورت بدستور اسی خاوند کے قبضے میں رہے گی، کسی دوسرے شخص سے نکاح ہرگز جائز نہیں لیکن جب تک تجدیدِ اسلام کر کے تجدید نکاح نہ کرے اس وقت اس کے ساتھ جماع اور دواعیٔ جماع جائز نہ کہا جاوے گا"۔ (الحيلة الناجزة، ص: ۱۱۵، كلمه ارتداد زوجه دار الاشاعت)

(۲) "وإذا طلق الرجل امرأته طلاقاً بائناً أو رجعياً أو ثلاثاً، أوقعت الفرقة بينهما بغير طلاق وهی حرة ممن تحيض، فعدتها ثلاثة أقراء". (الفتاویٰ العالمكيرية: ۱/ ۵۲۶، الباب الثالث عشر فی العدة، رشيديه)

(وكذا فی الدر المختار: ۳/ ۵۱۱، باب العدة)

(۳) "ومنها الشهادة بغير الحدود والقصاص وما يطلع عليه الرجال، وشرط فيها شهادة رجلين أو رجل وامرأتين سواء كان الحق مالاً أو غير مالٍ كالنكاح والطلاق والعتاق". (الفتاویٰ العالمكيرية: ۳/ ۵۵۱، كتاب الشهادات، الباب الأول فی تعريفها)

(وكذا فی الدر المختار: ۵/ ۴۶۵، كتاب الشهادات)

Made Searchable by ScribeTools.com

جدائی کے لئے عورت کو مرتد ہونے کا مشورہ دینا

سوال[۵۹۶]: مسماۃ ہندہ منکوحہ خالد کی ہے، ہندہ اور اس کے والدین کی خالد سے ناچاقی ہوگئی ہے، ہندہ اور اس کے والد نے خالد سے طلاق طلب کی، خالد نے طلاق نہ دی، ہندہ کے والد نے کسی تجویز سے خالد کو کسی مقام پر تنہا پا کر خالد سے طلاق نامہ تحریر شدہ پر مجبور کر کے انگوٹھا لگوالیا اس لئے کہ خالد تنہا تھا اور ہندہ کے والد کے ساتھ چار اشخاص اور موجود تھے، مگر اس چھینا جھپٹی سے خالد کا انگوٹھا سالم نہیں لگا اور خالد چھوڑ کر بھاگ گیا۔ ہندہ کے والد نے مقدمہ فوجداری کے خوف سے وہ کاغذ جلا دیا، بعد ازاں ہندہ کے والد نے خالد سے طلاق کے حصول کی بہت سی کوشش کی مگر ناکام رہا، پھر ہندہ اور اس کے والد نے ایک شخص مسمی عمر جو ہندہ کا چچازاد بھائی ہے نیز وہاں کی مسجد کا امام اور خطیب جامع مسجد اور واعظ اور خواندہ وہشیار شخص سے مشورہ لیا کہ اب کیا کیا جاوے، عمر امام مسجد نے کسی قانونی آدمی سے دریافت کر کے ہندہ سے ایک درخواست بدیں مضمون عدالت میں دلوادی کہ ''میں ہندہ مذہب اسلام چھوڑ رہی ہوں، مجھے عقائد اسلامیہ اور اللہ تعالیٰ اور اس کے اصولوں سے اور قرآن سے انکار ہے، میں مرتد ہو رہی ہوں، میرا نکاح فسخ قرار دیا جائے، میں دہریہ ہوں''۔

سوال یہ ہے کہ بعد فیصلۂ عدالت کیا یہ نکاح شریعتِ اسلامیہ کی رو سے بھی باطل ہوگیا اور کیا اب ہندہ دوسری جگہ پھر مسلمان از سرِ نو ہو کر نکاح دوسری جگہ کر سکتی ہے؟

نیز دریافت طلب یہ امر ہے کہ مسمی عمر جو امام مسجد ہے (جس نے ہندہ کو مرتد ہونے کا مشورہ دیا اور جس نے اسلامی عقائد، اللہ و رسول سے اور فرض سے انکار ہندہ کا کرا کے عدالت کے ذریعہ نکاح فسخ کرانے کی تجویز وصلاح ہندہ کو دی) وہ شخص مسمی عمر عند الشرع کیسا ہے، کیا اس کی امامت جائز ہے؟ کیا اس عمر کے پیچھے نماز جنازہ کی اقتداء درست ہے؟ کیا اس عمر امام مسجد کے ساتھ باقی مسلمانوں کا میل ملاپ اکل وشرب جائز ہے؟ کیا کوئی تعزیر شرعاً اس کے لئے ہے؟ ایک شخص خواندہ اس عمر کو برا کہتا ہے اور دوسرا اہل علم اس عمر امام مسجد کو بسبب اس کے گناہ کی اعانت بھی جرم ہے ''اعانة المعصية معصيةٌ'' (بالاتفاق) اور بسبب اس کے کہ عمر خواندہ اور واعظ اور مسائل شرعیہ سے واقف اور ہوشیار آدمی اور امام مسجد ہے وہ خطیب مسجد جامع ہے تو شرعاً اس عمر کے لئے کیا حکم ہے اور ان دونوں میں سے جو عمر کو برا کہتا ہے اور دوسرا مجرم گردانتا ہے کون حق پر ہے؟

مستفتی: شیخ محمد میاں۔

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً:

صورت مسئولہ میں مفتیٰ بہ قول یہ ہے کہ نکاح فسخ نہیں ہوا ہے اور حاکم کا فیصلہ خلاف مذہب ہونے کی وجہ سے معتبر نہیں بلکہ عورت پر جبر کیا جائے گا کہ وہ اسلام لاوے اور پہلے شوہر کے ساتھ رہے دوسرے شخص سے اس عورت کا نکاح درست نہیں ہے، اسلام لانے کے بعد احتیاطاً تجدید نکاح بھی ضروری ہے (۱) اور تجدید نکاح سے پہلے ہمبستری وغیرہ بھی منع ہے اگر شوہر خود اس کو رکھنا نہ چاہے بلکہ آزاد کرے تب البتہ اس کا نکاح دوسری جگہ درست ہے۔ جو شخص کسی عورت کو شوہر سے جدائی کے لئے کفر اور ارتداد کا مشورہ وفتوی دے وہ شخص کافر ہوجاتا ہے، اس کو امام بنانا حرام ہے، اس کے ساتھ میل ملاپ، اکل وشرب منع ہے، جب تک وہ تجدید اسلام اور اپنے اس فعل شنیع سے صدق دل سے توبہ نہ کرے، اس سے تعلقات بالکل منقطع کردیئے جاویں۔

"و فی المضمرات: لو أفتی لامرأة بالکفر حتی تبین من زوجها، فقد کفر قبلها، وتجبر المرأة علی الإسلام، و تضرب خمسة و سبعین سوطاً، و لیس لها أن تتزوج إلا بزوجها الأول، هکذا قال أبو بکر رضی اللّٰه تعالیٰ عنه. وکان أبوجعفر یفتی به، و یأخذ بها، انتهی "۔ شرح فقه اکبر، ص: ۲۲۱ (۲). "و لا یخفیٰ أن محله (أی تجدید النکاح) ما إذا طلب الأول ذلك، أما

---

(۱) "ما کان فی کونه کفراً إختلاف، فإن قائله یؤمربتجدید النکاح و بالتوبة والرجوع عن ذلک بطریق الاحتیاط". (الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، قبیل الباب العاشر فی البغاة: ۲/۲۸۳، رشیدیه)

(وکذا فی التاتارخانیة، کتاب أحکام المرتدین، فصل فی إجراء کلمة الکفر: ۵/۴۶۱، إدارة القرآن کراچی)

(وکذافی الدر المختار، کتاب الجهاد، باب المرتد: ۴/۲۴۷، سعید)

(وکذا فی مجمع الأنهر، کتاب السیر والجهاد، باب المرتد: ۲/۵۰۱، غفاریه کوئٹه)

(۲) (شرح الفقه الکبر للقاری، فصل فی الکفر صریحاً و کنایةً، ص: ۱۷۹، قدیمی)

(وکذا فی الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، الباب التاسع فی أحکام المرتدین، مطلب: موجبات الکفر أنواع و منها ما یتعلق بتلقین الکفر: ۲/۲۷۶، رشیدیه)

(وکذا فی البزازیة علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب ألفاظ تکون إسلاماً أو کفراً، الباب الثانی، النوع الخامس فی الإقرار بالکفر: ۶/۳۳۰، رشیدیه)

إذا رضی بزوجها من غیره، فهو صحیح؛ لأن الحق له". بحر: ۳/۳۱۵ (۱)۔

اور جبراً انگوٹھا لگوانے سے طلاق واقع نہیں ہوئی۔ کذا فی الفتاوی العالمکیریة: ۲/۳۹۷(۲)۔

فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: عبداللطیف عفا اللہ عنہ، جمادی الثانی/۵۳ھ۔

نوٹ: رسالہ "الحیلة الناجزة للحلیلة العاجزة" میں اس کو بسط سے لکھا ہے جس پر علمائے دیوبند وتھانہ بھون وسہارنپور کی متفقہ تصدیق ہے۔ فقط۔

قانونِ شرع کو چھوڑ کر رسم ورواج کا پابند ہونا

سوال[۵۹۷]: قانونی عدالت میں جو لوگ بیان دیتے ہیں کہ وہ شریعتِ محمدی کے پابند نہیں بلکہ رواج عام زمین دارہ کے پابند ہیں، ان کے اس انکار شریعت کے لئے حکم شرعی کیا ہے؟ حالانکہ عدالت پنجاب میں شریعت محمدی کے مطابق بھی جائیداد کے مقدمات کے فیصلے کرتی ہے، جواب کے لئے لفافہ ارسال ہے۔

متصل روضۂ توکل شاہ صاحب انبالہ۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

اگر ایسا کہنے سے حکم شریعت کی تردید اور اہانت مقصود ہے تو یہ کفر ہے (۳) اگر اظہار حال مقصود ہے کہ

---

(۱) (البحر الرائق، کتاب النکاح، باب نکاح الکافر: ۳/۳۷۴، رشیدیه)

(و کذا فی خلاصة الفتاوی، کتاب ألفاظ الکفر، الفصل الثانی، الجنس الأول فی المقدمة: ۴/۳۸۳، رشیدیه)

(۲) "رجل أکره بالضرب والحبس علی أن یکتب طلاق امرأته فلانة بنت فلان بن فلان، فکتب امرأته فلانة بنت فلان بن فلان طالق، لا تطلق امرأته، کذا فی فتاوی قاضی خان". (الفتاوی العالمکیریة، کتاب الطلاق، الباب الثانی، الفصل السادس فی الطلاق بالکتابة: ۱/۳۷۹، رشییدیه)

(و کذا فی فتاوی قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الطلاق، فصل فی الطلاق بالکتابة، قبیل باب التعلیق: ۱/۴۷۲، رشیدیه)

(۳) "وإذا قال لخصمه: من باتو بحکم خدا کار میکنم، فقال خصمه: من حکم ندانم، أو قال: این جا حکم نرود، أو قال: این جا حکم نیست..... فهذا کله کفر، و روایة عن بعض مشایخنا فی قوله "این جا حکم نیست، أنه إن قال علی وجه =

Made searchable using ScribeTools.com

آج کل کوتاہی عمل کی یہ حالت ہوگئی ہے کہ ہم سب نے حکمِ شریعت کی پابندی ترک کردی ہے اوراس کی جگہ قانون کی پابندی اختیار کرلی ہے تو یہ کفرنہیں، نیز ایسا کہنا بہت سے معاملات اورمقدمات کے اعتبار سے مطابقِ واقعہ ہے کیوں کہ اکثر مقدمات خلاف شرع فیصل ہوتے ہیں اگر چہ شاذ ونادر کوئی مقدمہ شرع کے موافق بھی فیصل ہوتا ہے، تاہم ایسا کہنا بھی صورۃً انکارشرع ہے اس سے اجتناب ضروری اورلازم ہے۔

"سئل الحاكم عبد الرحمن عمن قال: "برسم كار كنم، بحكم نے" هل هو كفر؟ قال: إن كان مراده فساد الحق و ترك الشرع و اتباع الرسم لا رد الحكم، لا يكفر، كذا فى المحيط". عالم گيرى : ۱۵۹/۳(۱) ۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۲/۲/۵۷ھ۔

صحیح: عبداللطیف مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۴/۲/۵۷ھ۔

حکم عدالت کو حکم شرع پر ترجیح دینا

سوال[۵۹۸]: ہندہ نے ثالث مقرر کرکے زید کے پاس بھیجا اورزید کو بہت کچھ سمجھایا لیکن زید پر کچھ اثر نہ ہوا، ثالث نے شرع کے مطابق زید سے فیصلہ کرنے کو کہا اور نان ونفقہ طلب کیا، زید نے جواب دیا شرعی فیصلہ اس حالت میں ہوتا ہے جب کہ شرع پر عمل کیا جائے، اس حالت میں نان ونفقہ ومہر دیا جاسکتا ہے، اب نئی تہذیب میں نفقہ ومہر کہاں؟

ثالث نے زید سے کہا کیا تم اللہ اور رسول اور قرآن پر ایمان رکھتے ہو؟ کہا کہ ''ضرور، لیکن جب مجھ کو آرام نہیں ملا، لہٰذا میں نفقہ ومہر نہیں دوں گا اس لئے کہ مجھ پر واجب نہیں ہوتا''، بکر نے جو کہ زید کے قریبی رشتہ دار

= رد الحكم فهو كفر، و إن قال على وجه الحزن بأن تغير الزمان، لا يكفر". (التاترخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل فى المتفرقات : ۴۶۷/۵، ادارة القرآن)

(۱) (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، الباب التاسع، موجبات الكفر أنواع، منها ما يتعلق بذات الله تعالىٰ وصفاته : ۲۵۸/۲، رشيديه)

(وكذا فى التاترخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل فى المتفرقات، ما يضاف إلى الله تعالىٰ : ۴۶۷/۵، ادارة القرآن كراچى)

ہوتے ہیں، کہا ''یہاں کیسا شرعی حکم، سرکاری عدالت کا دروازہ کھلا ہوا ہے، جائیں چاہے جو کچھ کریں ہم کو کچھ نہیں دیں گے، اب وہ وقت نہیں ہے کہ شرع پر عمل کیا جائے اور شرعی گرفت ہم پر نافذ ہو، آپ مہر معاف کردیں، شرعی حکم پر عمل ہوجائے گا، ورنہ ہم کسی طرح سے نان نفقہ ومہر دینے پر تیار نہ ہوں گے، جاؤ عدالت کھلی ہوئی ہے، جتنا زور لگایا جاوے لگاؤ اور ہم سے جو کچھ ہوگا ہم کریں گے''۔ جب کہ ہندہ مہر میں کچھ کمی نہیں کرتی ہے، کیا کوئی ایسی صورت بھی ہے کہ باوجود ہندہ کے خلع پر راضی نہ ہونے مہر میں کمی ہوسکتی ہے یا زید جس طرح فیصلہ کرے وہ شرعی حکم کے مطابق ہوگا؟ ایسی صورت میں جو لوگ زید کے طرف دار ہوں گے ان پر کیا حکم عائد ہوگا؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

جو کلمات زید نے کہے ہیں نہایت سخت ہیں اور جو کلمات بکر نے کہے ہیں اَور بھی خطرناک ہیں، ایسا کہنے سے ایمان جاتا رہتا ہے، لہٰذا زید اور بکر ہر دو کو تجدید ایمان اور تجدید نکاح احتیاطاً لازم ہے(۱)۔

''إذا قال الرجل لغيره: حكم الشرع في هذه الحادثة كذا، فقال ذلك الغير: ''من برسم كار ميكنم، نه بشرع'' يكفر عند بعض المشايخ الخ''۔ (عالم گيرى: ۲/۲۷۲)(۲)۔

شرعاً بغیر زوجہ کی رضامندی کے مہر ساقط نہیں ہوسکتا اور نہ کمی ہوسکتی ہے، اگر وہ معاف کردے گی تو معاف ہوجائے گا، تمام معاف کردے یا بعض (۳)، بہرحال شوہر کو جبر کا حق نہیں۔ صورت مسئولہ میں اگر نباہ دشوار ہوگیا اور زوجین ایک دوسرے سے رضامند نہیں تو بہتر یہ ہے کہ خلع کرلیں (۴) یعنی شوہر اپنے حقوق

---

(۱) ''ما كان في كونه كفراً اختلاف، فإن قائله يؤمر بتجديد النكاح، و بالتوبة، والرجوع عن ذلك بطريق الاحتياط''. (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، قبيل الباب العاشر في البغاة: ۲/۲۸۳، رشيديه)

(۲) (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، الباب التاسع في أحكام المرتدين، مطلب موجبات الكفر أنواع، ومنها ما يتعلق بالعلم والعلماء: ۲/۲۷۲، رشيديه)

(۳) ''المهر وجب بنفس العقد ..... و إنما يتأكد لزوم تمامه بالوطء و نحوه ..... و إذا تأكد بما ذكر لا يسقط بعد ذلك ..... لأن البدل بعد تأكده لا يحتمل السقوط إلا بالإبراء كالثمن إذا تأكد بقبض المبيع''. (رد المحتار، كتاب النكاح، باب المهر: ۳/۱۰۲، سعيد)

(۴) ''و لا بأس به (الخلع) عند الحاجة للشقاق بعدم الوفاق بما يصلح للمهر، و في القهستاني عن شرح الطحاوي: السنة إذا وقع بين الزوجين اختلاف أن يجتمع أهلهما ليصلحوا بينهما، فإن لم=

Made searchable using ScribeTools.com

زوجیت کو ساقط کردے اور بیوی اپنے حقوق کو ساقط کر کے مہر معاف کردے۔ عدالت میں جانے اور مقدمہ بازی سے فریقین کا روپیہ ضائع ہوتا ہے اور پھر بھی اکثر خاطر خواہ فیصلہ نہیں ہوتا، بسا اوقات فیصلہ خلاف ہوتا ہے جس پر عمل کرنا بھی ناجائز ہوتا ہے اور بھی بہت سے مفاسد ہیں جو اہل تجربہ پر مخفی نہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ۔

مجبوراً خنزیر کا گوشت کھانے سے ایمان نہیں جاتا

سوال[۵۹۹]: کوئی مسلمان ایسی جگہ پھنس جائے کہ کافر اسے شراب یا سور کا گوشت زبردستی کھلا دیں اور وہ جان بچانے کے لئے کھائے تو وہ ایمان سے خارج ہوا یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

ایسی مجبوری کی وجہ سے وہ اسلام سے خارج نہیں ہوا(۱)، انتہائی ندامت کے ساتھ خدا سے دعا کرے کہ وہ آئندہ محفوظ رکھے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۹/ ۷/ ۹۳ھ۔

غیر مذہب کی کتابیں دیکھنا اور اپنے کفر کا اقرار کرنا

سوال[۶۰۰]: زید کسی غیر مذہب کی کتاب بوجہ استدلال یا باعتبار اعتراض کے دیکھتا ہے مگر زید کی قوم زید کو اس کتاب کو دیکھتے ہوئے دیکھتی ہے تو قوم زید سے دریافت کرتی ہے کہ تم کتاب کیوں دیکھتے ہو؟ زید نے وہی جواب دیا جو اوپر مذکور ہوا، مگر قوم نہیں مانتی بلکہ زید کو لعن طعن کرنا اور بُرا کہنا شروع کر دیتی ہے اور کہتی ہے

= یصطلحا جاز الطلاق والخلع اهـ". (الدر المختار مع رد المحتار، باب الخلع: ۳/ ۴۴۱، سعید)

(۱) " در محیط وذخیره گفته که مسلمان کافر نشود گرد وقتیکه قصداً کفر کند". (مالا بد منه: باب ألفاظ الکفر، ص: ۱۳۱، مکتبه شرکت علمیه)

"و إن أكره بالقتل أو إتلاف عضو أو بضرب مؤلم، و قلبه مطمئن بالإيمان، لا يكون كفراً استحساناً". (التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل: الإكراه على التلفظ الخ: ۵/ ۵۲۸، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا في قاضي خان، كتاب السير، باب ما يكون كفراً من المسلم و ما لا يكون: ۳/ ۵۷۷، رشيديه)

کہ ہمیں معلوم ہے کہ تو کافر ہو جائے گا، خدانخوستہ، اس وجہ سے زید کو غصہ آ جاتا ہے اور یہ الفاظ زبان سے نکالتا ہے غصہ کی حالت میں کہ ''میں تو کافر ہوں گا، جو تم سے ہو، کرو'' مگر قوم باوجود ان کلمات کے سننے کے چپ نہیں ہوئی بلکہ بار بار کہتی ہے، اس پر زید کو غصہ بڑھ جاتا ہے اور اپنے کو ان کے سامنے کہتا ہے کہ ''میں کافر ہوں'' تو اس صورت میں زید پر کیا حکم ہے اور قوم کا ان کلمات کے سننے کے باوجود تنگ کرنا جائز ہے یا ناجائز؟ لیکن زید یہ کتاب نعوذ باللہ کفر کی نیت سے ہرگز نہیں دیکھتا۔ صحیح صحیح جواب درج فرمادیں۔ فقط۔ احقر محمد ہاشم متعلم مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

عالم، فہیم شخص کو مناظرہ کے لئے غیر مذہب کی کتب کا مطالعہ جائز ہے اگر اپنے عقائد خراب ہونے کا اندیشہ نہ ہو(۱) اور ایسے شخص کو قوم کا بار بار ایسے سخت الفاظ کہنا بہت بُرا اور ناجائز ہے، نیز زید کا ایسا جواب دینا جو سوال میں مذکور ہے سخت خطرناک اور گناہ ہے حتی کہ بعض فقہاء نے ایسے الفاظ بولنے والے کی تکفیر کی ہے، لہٰذا صورتِ مسئولہ میں زید کو احتیاطاً تجدیدِ ایمان اور تجدیدِ نکاح کرنا مناسب ہے، اور آئندہ ان الفاظ کے بولنے سے پختہ توبہ کرنا ضروری اور فرض ہے۔

'' إذا أطلق الرجل كلمةالكفر عمداً، لكنه لم يعتقد الكفر، قال بعض أصحابنا : لا يكفر؛ لأن الكفر يتعلق بالضمير، و لم يعتقد الضمير على الكفر، و قال بعضهم: يكفر و هو الصحيح عندى؛ لأنه استخف بدينه". بحر: ۱۲۵/۵(۲)، عالم گیری: ۸۹٤/۲ (۳)۔ "ما كان

---

(۱) " وقد صنف الأشعرى كتباً كثيرةً لتصحيح مذهب المعتزلة، ثم إن الله عزوجل لما تفضل عليه بالهدى، صنف كتاباً ناقضاً لما صنّف لتصحيح مذهب المعتزلة، إلا أن أصحابنا رحمهم الله تعالىٰ من أهل السنة والجماعة خطئوه فى بعض المسائل التى أخطأفيها أبوالحسن، فمن وقف على المسائل و عرف خطأه، فلا بأس بالنظر فى كتبه و إمساكها ..... و من العلوم المذمومة علوم الفلاسفة، فإنه لا يجوز قرائتها لمن لم يكن متبحراً فى العلم و سائر الحجج عليهم و حل شبها تهم و الخروج عن إشكالاتهم".

(الفتاوى العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الثلاثون فى المتفرقات : ۳۷۷/۵، ۳۷۸، رشيديه)

(۲)(البحر الرائق، باب أحكام المرتدين من السير : ۲۱۰/۵، رشيديه)

(۳) (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، الباب التاسع فى أحكام المرتدين، مطلب: موجبات الكفر أنواع، و منها ما يتعلق بتلقين الكفر والأمر بالارتداد: ۲۷٦/۲، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

فی کونہ کفراً إختلاف، فإن قائله یؤمر بتجدید النکاح و بالتوبة، والرجوع عن ذلك بطریق الاحتیاط". عالم گیری : ۲/۸۹۹(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

محمود حسن گنگوہی عفا اللہ عنہ، ۲۶/۶/۵۲ھ۔

صحیح: عبد اللطیف مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۳/رجب/۱۳۵۲ھ۔

عیسائی کتابیں فروخت کرنا کیا کفر ہے؟

سوال[۶۰۱]: زید ایک معزز سید خاندان کا فرد ہے، بہت دنوں سے کانگریسی لیڈر اور واعظ بھی ہے، زید کا لڑکا عمر مختلف مدارس میں قدرے عربی تعلیم حاصل کر کے عیسائی مشینری سے مشینری کی چھوٹی چھوٹی کتابیں لے کر عوام میں تقسیم کرتا رہا، کچھ دنوں بعد باضابطہ عیسائی مذہب قبول کرلیا، اس کا اعلان مستند اخباروں میں شائع ہوا۔ بستی کے لوگوں نے زید سے باز پرس کی تو اس نے انکار کیا اور کچھ دنوں بعد خود جا کر عمر کو اپنے ساتھ مکان لے آیا، عمر ایک ہفتہ کے قریب گھر پر رہا اور دو ایک دن کی نماز بھی مسجد میں پڑھ لی، مشینری میں داخل ہونے کی یہ تاویل کی کہ وہاں ملازمت کرتا ہے۔ اس کے بعد پھر واپس چلا گیا، عمر کو مشینری سے کافی ماہوار مشاہرہ ملتا ہے اور زید کو بھی اس روپیہ سے مدد ملتی ہے، باپ بیٹے میں خط و کتابت اور ترسیل نقد بھی جاری ہے۔ زید کا ذریعۂ معاش وعظ بیان کر کے نذرانہ پانا، عمر کی کمائی پادری بن کر مشینری مشاہرہ پانا۔ حالتِ مذکورہ میں عام مسلمان، زید کے خاندان والے زید کو مسلمان حنفی المذہب مانیں یا نہیں؟ اور اس کے ساتھ کیسا سلوک و رویہ کریں؟ دونوں باپ بیٹے کے لئے شریعت کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

کسی کو مسلمان یا غیر مسلم قرار دینے کا مدار اصالۃً عقائد پر ہے جس میں اسلام کے بنیادی اصول موجود ہوں اس پر غیر مسلم ہونے کا حکم لگانا آسان نہیں (۲)۔ وعظ کہہ کر نذرانہ لینا کفر نہیں، نہ اس کی وجہ سے اسلام

---

(۱) (الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، قبیل الباب العاشر فی البغاة : ۲/۲۸۳، رشیدیه)

(۲) "و فی الفتاوی الصغری : الکفر شیء عظیم فلا أجعل المؤمن کافراً متی وجدت روایةً أنه لا یکفر ..... وفی البزازیة : إلا إذا صرّح بإرادة موجب الکفر، فلا ینفعه التاویل حینئذ" (البحر الرائق، باب أحکام المرتدین من السیر : ۵/۲۱۰، رشیدیه)

سے خارج ہوتا ہے۔عیسائیوں کے مذہب کی کتابیں فروخت کرنا جن میں اسلام کی تردید ہونہایت قبیح اور شرعاً مذموم ہے،لیکن کفر کا فتویٰ اس پرنہیں ہوسکتا جب تک کہ یہ ثابت نہ ہوجائے کہ اس شخص نے اسلام کوترک کردیا ہے،اس کوغلط اور باطل سمجھ کرعیسائیت کوصحیح دین سمجھ کرقبول کرلیا ہے۔کسی کام کے جائز ناجائز ہونے کا حکم اَور ہےاوراس کے کفر ہونے کا حکم جداگانہ ہے۔آپ نے یہاں اس کے اسلام ہی کودریافت کیا ہے،لہٰذا آپ زیدو عمر سے ان کے عقائد دریافت کر کے لکھئے۔البتہ عیسائی مشینری کی کتابیں فروخت کرنا اس کوذریعۂ معاش بنانا شرعاً درست نہیں،اس کو بندکر کے جائز ذریعۂ معاش اختیار کرنا ضروری ہے(۱)۔وعظ کے لئے مستقل ملازمت کرلی جائے مثلاً ہر ہفتہ ایک یادومرتبہ اتنی دیر وعظ کہنا ہوگا اوراتنی تنخواہ ملے گی تو شرعاً درست ہے(۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند،۱۷/۱/۹۰ھ۔

الجواب صحیح:بندہ نظام الدین غفرلہ،دارالعلوم دیوبند،۱۷/۱/۹۰ھ۔

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿و من الناس من یشتری لهو الحدیث لیضل عن سبیل اللہ بغیر علم﴾ الایة :٦)

"وقال الضحاک فی قوله تعالیٰ: ﴿و من الناس الخ﴾ قال: یعنی الشرک ..... و اختار ابن جریر أنه کل کلام یصد عن آیات اللہ واتباع سبیله". (تفسیر ابن کثیر :۳/۵۸۲، دار السلام)

وقال اللہ تعالیٰ: ﴿و تعاونوا علی البر والتقویٰ، و لا تعاونوا علی الإثم والعدوان﴾ یأمر تعالیٰ عباده المؤمنین بالمعاونة علی فعل الخیرات و هو البر ، و ترک المنکرات وهو التقویٰ، و ینهاهم عن التناصر علی الباطل والتعاون علی المآثم والمحارم ..... قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم : "الدال علی الخیر کفاعله" ..... فی الصحیح : "من دعا إلی هدی کان له من الأجر مثل أجورمن اتبعه إلی یوم القیامة ..... و من دعا إلی ضلالة کان علیه من الإثم مثل آثام من اتبعه إلی یوم القیامة". (تفسیر ابن کثیر: ۲/۱۰ ، دار السلام)

(۲) "قال فی الهدایة: و بعض مشایخنا رحمهم اللہ تعالیٰ : استحسنوا الاستئجار علی تعلیم القرآن الیوم لظهور التوانی فی الأمور الدینیة ..... و زاد بعضهم، الأذان والإقامة والوعظ". (رد المحتار ، باب الإجارة الفاسدة: ٦/۵۵، سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

تناسخ کے قائل کا حکم

سوال[۶۰۲]: میرا ایک دوست جو اپنا کاروبار نہایت خوش اسلوبی سے چلا رہا ہے جس کی وجہ سے اس کی دماغی حالت غیر اطمینان بخش بھی نہیں کہی جاسکتی، وہ اس خبط میں مبتلا ہے کہ وہ اس سے پہلے بھی پیدا ہو چکا ہے اور اس دور کے کچھ حالات بھی من گھڑت طور پر بتلاتا ہے، غرض یہ کہ وہ کافی حد تک تناسخ کا قائل تھا اور ہے اور کہتا ہے کہ میری آئندہ پیدائش کتے کی شکل میں ہوگی (۱)۔ اب سوال یہ ہے کہ یہ شخص دائرۂ اسلام سے خارج ہو چکا یا نہیں؟ نیز اس کے ساتھ نشست و برخاست، خلط ملط مناسب ہے یا نہیں؟ وہ نماز بھی پڑھتا ہے اور مسلمان ہونے کا دعویدار بھی ہے۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

غلط صحبت اور غلط کتابوں کے مطالعہ سے ایسا اثر پیدا ہو جاتا ہے (۲)، بہتر صورت یہ ہے کہ اس سے نرمی و محبت کا معاملہ کیا جائے، حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سیرتِ مبارکہ کا مطالعہ نیز بزرگان دین کے حالات و ملفوظات کا مطالعہ مفید ہوگا، کسی صاحبِ نسبت بزرگ کی خدمت میں چند روز رہنے کا موقعہ مل جائے تو زیادہ نفع کی توقع ہے، مثلاً حضرت مولانا مسیح اللہ صاحب مدظلہ (جلال آباد ضلع مظفر نگر میں ان) سے اجازت لے کر وہاں کچھ وقت ان کی ہدایت کے موافق گزاریں، انشاء اللہ تعالیٰ یہ پریشانی کی کیفیت دور ہو کر سکون نصیب ہوگا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۳/۴/۹۵ھ۔

---

(۱) تناسخ کے قائل کی تکفیر سے متعلق بحث فتاویٰ عالمگیری میں ہے: ملاحظہ کریں: (كتاب السير، الباب التاسع فى أحكام المرتدين: ۲/۲۶۴، رشيديه)

(۲) "قال الشيخ الامام صدر الإسلام أبو اليسر: نظرت فى الكتب التى صنفها المتقدمون فى علم التوحيد، فوجدت بعضها للفلاسفة مثل: إسحاق الكندى و الإستقرارى و أمثالهما، و ذلك كله خارج عن الدين المستقيم، زائغ عن الطريق القويم، فلا يجوز النظر فى تلك الكتب، و لا يجوز إمساكها، فإنها مشحونة من الشرك و الضلال. قال: و وجدت أيضاً تصانيف كثيرة فى هذا الفن للمعتزلة مثل: عبد الجبار الرازى و الجبائى و الكعبى و النظام و غيرهم، فلا يجوز إمساك تلك الكتب و النظر فيها، كى لاتحدث الشكوك و لا يتمكن الوهن فى العقائد الخ". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الثلاثون فى المتفرقات: ۵/۳۷۷، رشيديه)

Made Searchable by ScribeTools.com

چیچک میں ہندوؤں کی مائی کو چندہ دینا

سوال[۶۰۳]: چیچک کی بیماری میں نومسلم لوگ ہندووں کی مائی کو پوجا پاٹ کے لئے چندہ دیتے ہیں، دارالعلوم کے صدر صاحب نے چیچک کی بیماری پر ہندووں کو چندہ دینے پر لوگوں کے نکاح ٹوٹ جانے کا فتویٰ دیا ہے، کیا یہ درست ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

شرک وکفر کے لئے چندہ دینا نہایت خطرناک ہے(۱)، احتیاطاً اگر ان لوگوں کا نکاح دوبارہ پڑھا دیا گیا تو مضائقہ نہیں(۲)، آئندہ وہ لوگ پورا پرہیز کریں۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۱/۲۲ھ۔

دوکان کے افتتاح پر ''ست نارائن'' کی پوجا

سوال[۶۰۴]: ایک مسلمان نے اپنی دوکان کا افتتاح کیا، اس نے ایک پنڈت سے دوکان کے اندر و باہر ''ست نارائن'' کی پوجا کرائی، پوجا کا پرشاد بھی بانٹا گیا، اس طریقہ سے اس نے ہزاروں روپیہ خرچ کیا، چند مسلمانوں نے دیکھا تو اعتراض کیا تو مالک دوکان نے کہا کہ ہمارے یہاں جو ملازم غیر مسلم ہیں ان کی خواہش تھی کہ اس رسم افتتاح کے موقع پر ہم بھی پوجا کریں گے۔ اب اس فعل کے کرانے یا کرنے میں گناہ کبیرہ ہوا یا شرک ہوا؟

نوٹ: پوجا کے ختم پر رنڈیوں کا ناچ وگانا بھی ہوا۔

---

(۱) قال اللہ تبارک و تعالیٰ: ﴿و لا تعاونوا علی الإثم والعدوان﴾. (المائدة : ۲)

"نهی عن معاونة غیرنا علی معاصی اللہ تعالیٰ". (أحکام القرآن للجصاصؒ : ۴۲۹/۲، قدیمی)

"فیعم النهی کل ما هو من مقولة الظلم والمعاصی، و یندرج فیه النهی عن التعاون علی الاعتداء والانتقام". (روح المعانی : ۵۷/۶، دار إحیاء التراث العربی)

(۲) "ما کان فی کونه کفرا اختلاف، فإن قائله یؤمر بتجدید النکاح و بالتوبة والرجوع عن ذلک بطریق الاحتیاط". (الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، قبیل الباب العاشر فی البغاة : ۲۸۳/۲، مکتبه رشیدیه، کوئٹه)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً :

رسوم شرکیہ کی اعانت بھی سخت گناہ ہے (۱) جو کہ شرک کے قریب ہے، رنڈیوں کا ناچ گانا بھی حرام ہے (۲) ایسی چیزیں حق تعالیٰ کے غضب اور لعنت کو کھینچنے والی ہیں۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، ۹/ ۵/ ۹۶ھ۔

''ایمانداری کوئی چیز نہیں'' کا مفہوم اور حکم

سوال[۶۰۵] : زید نے مریم سے اس کی غلط فہمی دور کرنے کے لئے کہا کہ آخر ایمانداری تو کوئی چیز ہے، مریم نے بیساختہ غصہ کی حالت میں کہ ''ایمانداری کوئی چیز نہیں'' اس بات سے ایمان میں کوئی خلل واقع ہوتا ہے کہ نہیں؟ اور نکاح دوہرانے کی ضرورت ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

ایمانداری کا مفہوم عامۃً سچ بولنا اور سیاسی غرض کو مدِ نظر نہ رکھنا ہوتا ہے، خدا پر ایمان رکھنا مراد نہیں ہوتا،

---

(۱) قال الله تبارک و تعالیٰ:﴿ و لا تعاونوا علی الإثم والعدوان﴾ (المائدة : ۲)

قال العلامة الآلوسی رحمه الله تعالیٰ تحتها:" فیعم النهی کل ما هو من مقولة الظلم والمعاصی ..... و عن ابن عباس رحمه الله تعالیٰ، و أبی العالیة رحمه الله تعالیٰ: أنهما فسّر الإثم بترک ما أمرهم به، و ارتکاب ما نها هم عنه". (روح المعانی : ۵۷/۲، دار إحیاء التراث العربی بیروت)

(۲) قال ابن نجیم رحمه الله تعالیٰ :"و دلت المسئلة علی أن الملاهی کلها حرام حتی التغنی بضرب القصب. قال علیه السلام: "لَیکونَنّ من أمتی أقوام یستحلون الحر والحریر والخمر والمعازف". أخرجه البخاری، و فی لفظ آخر : "لیشربنّ أناس من أمتی الخمر، یسمونها بغیر اسمها، یعزف علی رؤوسهم بالمعازف والمغنیات، یخسف الله بهم الأرض و یجعل منهم القرد والخنازیر". (البحرالرائق، کتاب الکراهیة، قبیل فصل فی اللبس : ۳۴۶/۸، رشیدیه)

(وکذا فی حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، کتاب الصلوة، قبیل باب ما یفسد الصلوة ، ص: ۳۱۹، قدیمی)

(وکذا فی الفتاوی العالمکیریة، کتاب الکراهیة، الباب السابع عشر فی الغناء واللهو: ۳۵۱/۵،رشیدیه)

مریم نے جب کہا کہ ایمانداری کوئی چیز نہیں تو اسی مفہوم کی نفی کرنا مقصود ہے، نہ کہ خدا پر ایمان کی نفی، لہٰذا اس پر کفر کا فتویٰ نہیں ہوگا (۱)، البتہ ایسے الفاظ بولنے سے منع کیا جائے گا جن سے کفر کا شبہ بھی ہوتا ہو (۲) لہٰذا توبہ و استغفار کرے (۳)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۶/۳/۹۵ھ۔

---

(۱) "و قد قيل: لو كان تسعة و تسعون دليلاً على كفر أحد، و دليل واحد على إسلامه، ينبغي للمفتي أن يعمل بذلك الدليل الواحد؛ لأن خطأه في خلاصه خير من خطاء في حده و قصاصه". (تنبيه الولاة والحكام في ضمن رسائل ابن عابدين : ۱/۳۶۷، سهيل اكيڈمی لاهور)

(وكذا في البحر الرائق ، كتاب السير ، باب أحكام المرتدين :۵/۲۱۰، رشيديه)

(وكذا في الفتاوى العالمكيرية ، كتاب السير ، و منها ما يتعلق بتلقين الكفر الخ، قبيل الباب العاشر: ۲/۲۸۳، رشيديه)

(وكذا في رد المحتار ، باب المرتد :۴/۲۳۰، سعيد)

(۲) "عن بلال بن الحارث رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "و إن الرجل ليتكلم بالكلمة من الشر ما يعلم مبلغها، يكتب الله بها عليه سَخَطَه إلى يوم يلقاه". (مشكوة المصابيح ، باب حفظ اللسان ، الفصل الثاني :۲/۴۱۲، قديمی)

و في حديث آخر ..... "و إن الرجل ليتكلم بالكلمة من سخط الله ..... فيكتب الله بها سخط إلى يوم القيامة". و في الإحياء : و كان علقمة يقول: و كم من كلام مَنَعَنِيه حديث بلال بن الحارث. ..... اللسان جرمه صغير و جُرمه كبير و كثير ..... و احفظ لسانك عما ليس فيه خير اهـ". (مرقاة المفاتيح شرح مشكوة المصابيح ، كتاب الآداب: ۸/۵۷۹، ۵۸۲، باب حفظ اللسان، رشيديه)

(۳) قال العلامة الآلوسي: "ولم يختلف أهل السنة وغيرهم في وجوب التوبة على أرباب الكبائر، ..... و عبارة المازري : اتفقوا على أن التوبة من جميع المعاصي واجبة ..... سواء كانت المعصية صغيرةً أو كبيرةً". (روح المعاني :۲۸/۱۵۹، دار إحياء التراث العربي)

"و ما فيه خلاف يؤمر بالاستغفار والتوبة اهـ. و ظاهره أنه أمر احتياط اهـ". (رد المحتار ، باب المرتد :۴/۲۳۰، سعيد)

(وكذا في الفتاوى العالمكيرية ، كتاب السير، أحكام المرتدين :۲۸۳۸۲، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

یہ کہنا کہ ''رزق ہم دینگے''

سوال[۶۲۰۶]: قاری فخرالدین صاحب نے ایک آدمی کو کہا کہ ''روزی ہم دیں گے''، کیا ایسا کہنا شریعت کے نزدیک جائز اور درست ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

قاری فخرالدین صاحب حیات ہوں تو خود ان سے ہی اس کا مطلب دریافت کیا جائے، ممکن ہے کہ ان کی تشریح سے اشکال ختم ہوجائے، حقیقتاً رزق دینے والا اللہ تعالیٰ ہے۔ اہلِ عرب مجازاً بولتے ہیں ''رزق الأمیر الجند'' امیر نے لشکر کو رزق دیا یعنی تقسیم کیا(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین، دارالعلوم دیوبند۔

قانونِ شریعت کو نہ ماننے والے کا حکم

سوال[۶۲۰۷]: جو شخص قانونِ خدا اور رسول کو نہ مانے بلکہ ضد وانکار کرے اس کے لئے کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسا شخص گنہگار ہے، اس کو اپنی ضد چھوڑ کر حکمِ شرعی پر عمل لازم ہے(۲)۔

واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف۔

---

(۱) ''الرازق والرّزّاق: فی صفة الله تعالیٰ؛ لأنه یرزق الخلق أجمعین ..... قال الله تعالیٰ: ﴿وما من دابة فی الأرض إلا علی الله رزقها﴾ ..... قال الله تعالیٰ: ﴿ما أرید منهم من رزق، وما أرید أن یطعمون﴾ یقول: بل أنا رازقهم ماخلقتهم إلا لیعبدون، وقال تعالیٰ: ﴿إن الله هو الرّزّاق ذوالقوة المتین﴾ ..... ورزق الأمیر جنده، فارتزقوا ارتزاقاً''. (لسان العرب، للعلّامة أبی الفضل جمال الدین: ۱۱۵/۱۰، دارصادر، بیروت)

(۲) وقال الله تعالیٰ: ﴿وما آتاکم الرسول فخذوه، وما نهاکم عنه فانتهوا﴾: أی مهما أمرکم به =

رسم ورواج کی وجہ سے حکم شریعت کو نہ ماننا

سوال[۶۰۸]: جو شخص دنیا کی رسم ورواج کو اللہ اور رسول کے قانون پر ترجیح دے اور دین کی بات کو نہ مانے، اس کے لئے کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اللہ ورسول کے حکم کے مقابلہ میں دنیا کے رسم ورواج کو ترجیح دینا دینِ اسلام سے حد درجہ بُعد اور طریقۂ جاہلیت ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف۔

= فافعلوه، ومهما نهاكم عنه فاجتنبوه ؛ فإنه إنما يأمر بخير، وإنما ينهى عن شر". ﴿واتقوا الله إن الله شديد العقاب﴾ "اتقوه فى امتثال أوامره وترك زواجره، فإنه شديد العقاب لمن عصاه وخالف أمره وأباه وارتكب ماعنه زجره ونهاه". (تفسير ابن كثير: ۴/ ۴۳۱، دار السلام)

(۱) قال الله تعالى: ﴿ومن أضل ممن اتبع هواه بغير هدىً من الله﴾ الآية: ۵۰ (القصص: ۲۰)

وقال الله تعالىٰ: ﴿ولا تتبع الهوى فيضلك عن سبيل الله، إن الذين يضلون عن سبيل الله لهم عذاب شديد﴾ (سورة صٓ: ۲۶) وقال الله تعالىٰ: ﴿وإذا قيل لهم اتبعوا ما أنزل الله، قالوا بل نتبع ما ألفينا عليه آباءنا﴾ (الآية: ۱۷۰ البقرة)

"وعن عبدالله بن عمرو رضى الله عنهما، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "لا يؤمن أحدكم حتى يكون هواه تبعاً لما جئت به" ..... قال بعض العارفين: أى حتى يكون المطاع ..... تبعاً لما جئت به من السنة الزهراء والملة النقية البيضاء ..... فلا يميل إلا بحكم الدين ولا يهوى إلا بأمر الشرع، فهو المؤمن الفريد الكامل الوحيد الذى يقبل منه التوحيد، ومن أعرض عنه متبعاً لما هواه، مبتغياً لمرضاه، فهو الكافر الخاسر فى دنياه وعقباه، ومن اتبع أصول الشريعة دون فروعها فهو الفاسق، ومن عكس فهو المنافق". (مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح، كتاب الإيمان، باب الاعتصام بالكتاب السنة: ۱/ ۴۱۲، ۴۱۳، رشيديه)

"سئل الحاكم عبدالرحمٰن عن قال: "برسم کارکنم بحکم نے"، هل هو كفر؟ قال: "إن كان مراده فساد الخلق وترك الشرع واتباع الرسم، لارد الحكم، لايكفر، كذا فى المحيط". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب السير، الباب التاسع، مطلب: الموجبات، مايتعلق بذات الله تعالىٰ: ۲/ ۲۵۸، رشيديه)

Made Searchable using ScribeTools.com

مایتعلق بألفاظ الکفر

(الفاظ کفر کا بیان)

دعوۃ الحق کو دعوۃ الکفر کہنا

سوال[۶۰۹]: ''مجلسِ دعوۃ الحق'' جو مولانا حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ کی طرف منسوب ہے اور اس وقت ہردوئی میں مولانا سید ابرارالحق صاحب دعوۃ الحق کے کاموں کو کررہے ہیں اور اشاعت تعلیم وغیرہ اور جو مقاصد دعوۃ الحق کے ہیں انہیں انجام دے رہے ہیں، مولانا موصوف کے کاموں سے اہل علم ناواقف نہیں ہیں اور مجلس دعوۃ الحق کا اہل علم کو علم ہے۔

اب یہ بات دریافت طلب ہے کہ ایک عالم دعوۃ الحق کو سمجھتا ہے کہ یہ دعوۃ الحق نہیں بلکہ دعوۃ الکفر ہے۔ کیا ایسے عالم کے پیچھے نماز پڑھنا درست ہے؟ اور کیا ایسے عالم سے اعتقاد رکھنا درست ہے؟ اور اس کا وعظ سننا اور اس کی صحبت میں بیٹھنا درست ہے؟ یا ایسے عالم کا عوام وخواص مسلمین کو بائیکاٹ کرنا چاہیے؟ نیز کیا ایسے عالم کی تکفیر کی جائیگی؟ اور شرعاً کیا اسے حکم دیا جائے گا کہ تجدیدِ ایمان اور تجدید نکاح بھی کرے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ان عالم صاحب سے اس کی شرعی وجہ دریافت کی جائے، یہ معمولی چیز نہیں جو فرعی مسئلہ کی حیثیت سے ہو بلکہ بنیادی چیز ہے(۱)۔ جب تک وہ اس کو مدلل طور پر بیان نہ کریں ان کی یہ بات قابلِ اتباع نہیں اور خود ان پر حکم کفر عائد کرنے میں بھی جلدی نہ کی جائے، البتہ ان کا اس قسم کا وعظ نہ سنا جائے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) "وفی المحیط: من ذکر عندہ الشرع، فتجشا: أی عمداً أوتکلفاً، أوصوّت صوتاً کریهاً: أی تقذراً أوتکرهاً، أوقال: هذاالشر، کفر: أی حیث شبّه الشرع بالأمرالمکروه فی الطبع". (شرح الفقه الأکبر، قبیل فصل فی الکفر صریحاً وکنایةً، ص: ۱۷۵، قدیمی)

''مجرم کو اللہ تعالیٰ نہیں چھڑا سکتا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم چھڑا سکتے ہیں'' کہنا

سوال[۶۱۰]: بریلوی حضرات یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ ''قیامت کے دن معصیت کے بارے میں جس شخص کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم سزا دینے کے لئے پکڑ لیں گے، کوئی چھڑا نہیں سکتا اور خدا جس شخص کو سزا دینے کے لئے پکڑیں گے، اس کو محمد صلی اللہ علیہ وسلم چھڑا سکتے ہیں''۔ آیا یہ صحیح ہے یا غلط؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جن صاحبان کا یہ عقیدہ ہے ان سے ہی اس کی دلیل قرآن وحدیث سے دریافت کی جائے، میں نے کسی آیت اور کسی حدیث میں ایسا نہیں پڑھا، نہ علمِ عقائد کی کتابوں میں۔

بریلوی مکتبۂ فکر کے بہت سے عقائد ایسے نرالے ہیں کہ قرآن، حدیث شریف، آثارِ صحابہ، ائمۂ، مجتہدین، فقہ میں ان کا نام ونشان بھی نہیں۔ شاعرانہ مضمون کو عقیدہ قرار دینا بھی مشکل ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

خدا کو بے انصاف اور خود کو کافر کہنا

سوال[۶۱۱]: زید کی بیماری کی حالت میں اس کی بیوی نے کہا کہ آپ کلمہ استغفار پڑھیں، اور بیماری بھی ایسی شدید نہیں تھی اور گاہ بگاہ تندرستی کی حالت میں بھی کلمۂ استغفار پڑھنے کے لئے کہا، اس نے دونوں حالتوں میں انکار کردیا۔ زید کی نرینہ اولاد مرجانے کے بعد زید کہتا رہا کہ ''اس نے میری تو پیڑ میٹ دی اور اس کی پیڑ میٹ دی جو اس سے اوپر ہوگا''۔

کچھ عرصہ تک جب زید یہ کلمہ کہتا رہا آخر اس کی بیوی نے کہا کہ تو ایسے کلمات خدائے عزوجل کی شان میں نہ بول، کافر ہوجائے گا۔ نیز زید نے یہ بھی کہا کہ ''خدا کے ہاں انصاف نہیں، خدا بے انصاف ہے اور میں تو کافر ہوں، تم کبھی مجھے کلمہ استغفار کو نہ کہنا''۔ عورت بولی میں تو اپنی زبان سے کافر نہیں کہتی۔ زید نے کہا کہ ''میں کہتا ہوں کہ میں کافر ہوں، مجھے جنت میں جانے کی کوئی ضرورت نہیں، تم ہی چلی جائیو، میں تو دوزخ میں

Made searchable using ScribeTools.com

چلا جاؤں گا، دوزخ بھی تو اس کو مجھ جیسوں سے بھرنا ہے''۔ دریافت طلب یہ ہے کہ اس کا کیا حکم ہے اور اس کی بیوی اس کے نکاح میں رہے گی یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

"من نسب اللّٰہ تعالی إلی الجورفقد کفر"(۱)۔ "الرجل إذا ابتلی بمصیبات متنوعة فقال: أخذتَ مالی، وأخذ تَ ولدی، وأخذت کذا وکذا، فماذاتفعل بمابقی؟ وماأشبه هذامن الألفاظ، فقد کفر، کذا فی المحیط "(۲)۔ "مسلم قال : أناملحد یکفر، ولوقال: ماعلمت أنه کفرٌ،لایُعذَر بهذااھ"۔ هندیة(۳)۔

عبارت بالا سے معلوم ہوا کہ الفاظِ مذکورہ کا کہنا کفر ہے، لہٰذا زید کو تجدید ایمان اور تجدید نکاح فرض ہے(۴)، جب تک وہ ایمان اور نکاح کی تجدید نہ کرے اس وقت تک اس کی عورت کو اس سے علیحدہ

---

(۱) (الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، موجبات الکفرأنواع : ومنهامایتعلق بذات اللّٰہ تعالی وصفاته: ۲/ ۲۵۹، رشیدیه)

(وکذافی المحیط البرهانی، کتاب السیر، فصل فی مسائل المرتدین، نوع آخرفیمایضاف إلی اللّٰہ تعالی :۵/۵۵۳، غفاریه)

(والتاتارخانیة، کتاب أحکام المرتدین، فصل فیمایضاف إلی فعل اللّٰہ تعالی : ۵/۴۶۲، ادارة القرآن).

(۲) (الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، موجبات الکفرأنواع : ومنهامایتعلق بیوم القیامة وما فیها: ۲/۲۷۵، رشیدیه)

(وکذافی المحیط البرهانی، کتاب السیر، فصل فی مسائل المرتدین، نوع آخرفیماقال عند التعزیة والمرض :۵/۵۷۱، المکتبة الغفاریه، کوئٹه)

(۳)(الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، موجبات الکفرأنواع : ومنهامایتعلق بتلقین الکفر والأمر بالإرتداد :۲/۲۷۹، رشیدیه)

(کذافی المحیط البرهانی، کتاب السیر، فصل فی مسائل المرتدین، نوع آخرفی الرجل یقول لغیره یاکافرالخ :۵/۵۷۳، المکتبة الغفاریه، کوئٹه)

(۴) "ماکان فی کونه کفراً اختلاف، فإن قائله یؤمر بتجدید النکاح والتوبة، والرجوع عن ذلک بطریق الاحتیاط". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب السیر، قبیل الباب العاشر فی البغاة: ۲/۲۸۳، رشیدیه)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب السیر، باب أحکام المرتدین: ۵/۲۱۰، رشیدیه)

رہنا ضروری ہے، اپنے اوپر جماع وغیرہ کے لئے قابو دینا جائز نہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارن پور، ۹/۴/ ۵۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارن پور، ۱۲/ ربیع الثانی/ ۵۷ھ۔

صحیح: عبداللطیف مدرسہ مظاہر علوم، ۱۹/ ربیع الثانی/ ۵۷ھ۔

''اللہ تعالیٰ بے انصاف ہے'' کہنا

سوال[۶۱۲]: عورتوں میں آپس میں اولاد کی بابت گفتگو تھی، ایک عورت نے کہا کہ ''اللہ تعالیٰ بہت بے انصاف ہے، کسی کو اولاد دیتا ہے کسی کو اولاد نہیں دیتا'' کیا یہ کلمہ کفر ہے؟ کیا اس سے نکاح ٹوٹ جاتا ہے؟ توبہ کرنا ضروری ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ کلمہ کہ ''اللہ تعالیٰ بہت بے انصاف ہے، کسی کو اولاد دیتا ہے کسی کو اولاد نہیں دیتا'' کلمہ کفر ہے(۱)۔ ''نعوذ باللّٰہ منہ، أستغفر اللّٰہ''۔ اس کے ذمہ ضروری ہے کہ توبہ واستغفار کرے اور تجدید ایمان کرے اور نکاح بھی دوبارہ پڑھوائے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/ ۵/ ۹۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/ ۵/ ۹۲ھ۔

---

(۱) "یکفر إذا وصف اللہ تعالی بمالایلیق بہ". (البحر الرائق، باب أحکام المرتدین من السیر: ۵/ ۲۰۲، رشیدیہ)

(وکذافی البزازیہ علی ہامش الہندیہ، کتاب ألفاظ تکون إسلاماً أو کفراً، الفصل الأول، النوع الثانی فیمایتعلق باللہ تعالی: ۶/ ۳۲۳، رشیدیہ)

(والفتاوی العالمکیریۃ، کتاب السیر، موجبات الکفر أنواع: ومنہامایتعلق بذات اللہ تعالی وصفاتہ: ۲/ ۲۵۸، رشیدیہ)

(۲) "ماکان فی کونہ کفراً اختلاف، یؤمر قائلہ بتجدید النکاح والتوبۃ احتیاطاً.....ہذا إذا تکلم الزوج، فإن تکلمت بہ، قال مشائخ بلخ ومشایخ سمرقند والحاکم الشہید وإسماعیل الزاہد: علی أنہ لایؤثر فی إفساد النکاح، ولایؤمر بتجدید النکاح، سداً لہذا الباب علیہن، ویحبسہا الحاکم قدر ماترجع. ومشایخ بخاری علی فساد النکاح، ولکن تجبر علی نکاح الأول ولو بدینار، وہذہ فرقۃ بلاطلاق إجماعاً، ولانفقۃ فی ہذہ العدۃ، وبہذا کلہ یفتی". (البزازیہ علی ہامش الہندیہ، کتاب ألفاظ تکون =

Made searchable using ScribeTools.com

خدائے پاک کو بے انصاف کہنا

سوال[۶۱۳]: زید کے ایک لڑکا پیدا ہوا لیکن زید کی شکل لڑکے پر نہ پڑی بلکہ ماموں پر پڑی، زید نے مذاق میں کہہ دیا ''دیکھو اللہ تعالیٰ نے بے انصافی کی، ہم کو نہیں پڑا، اپنے ماموں کو پڑ گیا''۔ زید کے لئے اب شرعاً کیا حکم ہے، کیا تجدید ایمان وتجدید نکاح کرایا جائے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

محلِ ایمان قلب ہے، قلب سے اس کا نکل جانا کفر ہے، مگر جس طرح ظہورِ ایمان کے لئے زبان ترجمانِ قلب ہے، اسی طرح بعض کلمات کے صدور کو اِمارتِ کفر قرار دیا گیا ہے۔ بے انصافی، ظلم کی نسبت خدائے پاک کی جانب اعتقاداً بھی کفر ہے اور قولاً بھی، اگر چہ دل میں کفر نہ ہو، اگر کلماتِ کفر استہزاءً کہے جائیں تب بھی حکم کفر عائد ہوتا ہے، اس لئے صورت مسئولہ میں تجدید ایمان، تجدید نکاح، توبہ کرادی جائے۔

"ولوقال: إن قضى الله تعالى يوم القيامة بالحق والعدل أخذ تك بحقى، فهذا كفر، كذافى المحيط"(۱). "رجل قال :**ياخدا! روزى برمن فراخ كن، يابازارگانى من روند ه كن، يابرمن جورمكن**، قال أبونصرالد بوسى: يصير كافراً بالله۔ كذافى فتاوى قاضى خان" (۲) ۔

"ماكان فى كونه كفراً اختلاف، فإن قائله يؤمربتجد يد النكاح وبالتوبة والرجوع عن ذلك بطريق الاحتياط" (۳) ۔

= إسلاماً أوكفراً، الفصل الثانى، النوع الأول :۶/۳۲۲، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، قبيل الباب العاشرفى البغاة :۲/۲۸۳،رشيديه)

(۱) (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، موجبات الكفرأنواع : ومنهامايتعلق بذات الله تعالى وصفاته: ۲/۲۵۹، رشيديه)

(وكذافى المحيط البرهانى، كتاب السير، فصل فى مسائل المرتدين، نوع آخرفيمايضاف إلى الله تعالى :۵/۵۵۳، المكتبة الغفاريه، كوئٹه)

(۲) (الفتاوى العالمكيرية، المصدرالسابق :۲/۲۶۰)

(وكذافى فتاوى قاضى خان ، كتاب السير، باب مايكون كفراً من المسلم ومالايكون : ۳/ ۵۷۴،رشيديه)

(۳) (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، قبيل الباب العاشرفى البغاة:۲/۲۸۳،رشيديه) ..... =

Made Searchable by ScribeTools.com

"قال أبوحفص: من نسب اللّٰه تعالی إلی الجور، فقد کفر، کذافی الفصول العمادیه".

فتاوی عالمگیری، باب کتاب السیر: ۲/۹(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/ ۷/ ۸۸ھ۔

کیا خدا ظالم ہے؟ (نعوذ باللہ)

سوال[۶۱۴]: ایک صاحب یہ فرماتے ہیں کہ ''اللہ تعالیٰ کا ظالم ہونا ممکن بلکہ وقوع ہے''، دلیل یہ دیتے ہیں کہ ''مثلاً: زید نے عمر کو قتل کیا یا کوئی بھی کبیرہ گناہ کیا اور وہ آج سے سو سال پہلے انتقال کر گیا تو یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو جہنم رسید کرے گا، اس کے بعد بکر کا انتقال ہوتا ہے اور بکر کا انتقال زید سے ایک سو سال بعد ہوتا ہے اور کوئی کبیرہ گناہ کیا اور توبہ دونوں میں سے کسی نے نہیں کی تو یہ بھی جہنم میں جائے گا۔ اب غور طلب بات یہ ہے کہ جب گناہ میں دونوں برابر ہیں تو پھر زید کو سو سال تک عذاب کیوں دیا گیا اور اس کو سو سال عذاب کم دیا گیا؟ لہٰذا نعوذ باللہ خدا ظالم ہے''۔ أستغفر اللّٰه أستغفر اللّٰه۔ یہ بات تحریر کریں کہ ایسے شخص کے پیچھے نماز درست ہے یا نہیں جبکہ وہ اس قول پر مصر ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ظلم کے معنی ''ملکِ غیر میں ناحق تصرف کرنا''، تمام مخلوق اللہ کی ملک ہے، لہٰذا خالق مالک اپنی مخلوق مملوک میں جو بھی تصرف کرے گا وہ ظلم نہیں ہوگا، اس کو ظلم کہنا ناواقفیت کی بنا پر ہے، ایسا شخص نہ الفاظ کے مفہوم کو سمجھتا ہے نہ آدابِ خداوندی سے واقف ہے، اس کو لازم ہے کہ توبہ استغفار کر کے زبان ایسے ناشائستہ کلمات

= (وکذافی البزازیه علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب ألفاظ تکون إسلاماًأو کفراً، الفصل الثانی، النوع الأول فی المقدمة: ۶/ ۳۲۲، رشیدیه)

(۱)(الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، موجبات الکفر أنواع: ومنهامایتعلق بذات اللّٰه تعالی وصفاته: ۲/ ۲۵۹، رشیدیه)

(کذافی المحیط البرهانی، کتاب السیر، فصل فی مسائل المرتدین، نوع آخر فیمایضاف إلی اللّٰه تعالی: ۵/ ۵۵۳، المکتبة الغفاریه، کوئٹه)

Made searchable using ScribeTools.com

سے بندر کھے ورنہ ایمان سلامت نہیں رہے گا (۱)۔

سیدھی بات ہے کہ جس نے سو سال پہلے جرم کیا اس کی سزا سو سال زائد ہے اس سے جس نے سو سال بعد جرم کیا۔ یہ تجویز کہ کسی گناہ کی بنا پر یقینی طور سے وہ جہنم میں ضرور جائیگا، نہ صدقہ جاریہ سے اس کا بچاؤ ہو سکے گا، نہ علمِ نافع سے، نہ ولدِ صالح سے جو کہ دعاء کرتا ہو، نہ حضرت رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت سے، یہ تجویز خود ہی بڑی جرأت ہے، گناہوں سے بچنا بھی ضروری ہے اور رحمت سے مایوس ہونے کی بھی اجازت نہیں (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۸/۱۰/۸۹ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۹/۱۰/۸۹ھ۔

اللہ میاں کا اپنی تعریف کرنا

سوال[۶۱۵]: ایک عالم صاحب ﴿الٓمٓ ذٰلك الكتاب لاريب فيه﴾ پڑھ کر فرماتے ہیں کہ ''اللہ میاں اپنے منہ میاں مٹھو بن رہا ہے''۔ از روئے شرع یہ الفاظ کیسے ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ظاہر ہے کہ الفاظ تو اللہ میاں کی عظمت کے خلاف اور نہایت استہزا و استخفاف پر دلالت کرتے ہیں جن

---

(۱) "من نسب الله تعالى إلى الجور، فقد كفر". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، موجبات الكفر أنواع: ومنهامايتعلق بذات الله تعالى وصفاته: ۲/۲۵۹، رشيديه)

(وكذافى المحيط البرهانى، كتاب السير، فصل فى مسائل المرتدين، نوع آخرفيمايضاف إلى الله تعالى: ۵/۵۵۳، المكتبة الغفاريه، كوئٹه)

(والتاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل فيمايضاف إلى الله تعالى: ۵/۴۶۲، ادارة القرآن.)

(۲) قال الله تعالى: ﴿ولاتيئسوامن روح الله، إنه لايياس من روح الله إلاالقوم الكافرون﴾ (يوسف: ۸۷)

قال العلامه الآلوسى: "وذكرالإمام أن اليأس لايحصل إلاإذااعتقد الإنسان أن الإله غيرقادرعلى الكمال، أوغيرعالم بجميع المعلومات، أوليس بكريم، واعتقاد كلٍ من هذه الثلاث يوجب الكفر..... واستدل بعض أصحابنابالآية على أن اليأس من رحمة الله تعالى كفر". (روح المعانى: ۱۳/۴۵. داراحياء العربى)

سے ایمان سلب ہوکرارتداد کاحکم ہوتا ہے (۱) وہ عالم صاحب ہی اپنے الفاظ کی تشریح کرسکتے ہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

''میں اللہ اور رسول کونہیں جانتا'' کہنے کا حکم

سوال[۶۱۱۶]: زیداور بکر کے درمیان کسی امر پر بحث چل رہی تھی، تو زید نے کہا کہ بھائی جو بات یا گفتگو کرو وہ اللہ ورسول کے ساتھ ہونی چاہیے اور اللہ ورسول کو درمیان میں ڈال کر کہو۔ بکر نے اس پر یہ کہا کہ ''میں اللہ اور رسول کونہیں مانتا''۔ ایسے شخص کے بارے میں کیا حکم ہے؟ اور پھر جب بکر سے کہا گیا: تُو ابھی یہاں سے اٹھ جا، تُو ہمارے درمیان بیٹھنے کے قابل نہیں ہے جب تک توبہ نہ کرے یا حکمِ شرع کے مطابق عمل نہ کرے، اس پر بعض لوگوں نے اعتراض کیا اور زید کے مخالف ہوگئے اور بکر کی طرف داری کرنے لگے۔ اب امرضروری یہ ہے کہ بکر کے ساتھ جو اس کی ہمدردی یا حکم شرع میں پابندی نہ کرنے والے اور زید پر ناراض ہونے والوں کا کیا حکم ہے؟

(الجواب: مدرسہ خلیل العلوم)

بکر کے اوپر توبہ واجب ہے اور نکاح دوبارہ ہونا چاہئے اور وہ اشخاص جو بکر کے ساتھ ہیں اور اس کے اس کہنے کو کہ ''میں اللہ اور رسول کونہیں مانتا'' برا نہیں سمجھ رہے ہیں اور اس کی تائید کررہے ہیں، ان پر بھی توبہ واجب اور نکاح دوبارہ لازم ہے۔ حکم شرع میں برادری کا لحاظ لازم نہیں، جن اشخاص نے اور زید نے بکر کو اٹھ جانے کو کہا اس پر ان کو اجر وثواب ملے گا اور جنت کے مستحق ہوں گے۔

خلیل احمد مدرسہ اہل سنت خلیل العلوم سنبھل۔ ۱۰/ اپریل ۱۹۷۴ء ضمیر احمد۔

الجواب حامداً ومصلیاً: دارالعلوم دیوبند

مسلمان کے کلام کے لئے جہاں تک ہوسکے ایسا محمل نکالا جائے کہ وہ مسلمان اسلام سے خارج نہ ہو، پھر خاص کر جبکہ وہ معذرت بھی کرتا ہو کہ ''یہ الفاظ میرے منہ سے نکل گئے''۔ اس کے الفاظ کا یہ مطلب بھی

---

(۱) ''یکفر إذا وصف اللہ تعالی بمالایلیق به، أوسخر باسم من أسمائه، أوبأمر من أوامره''. (الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، موجبات الکفر أنواع: ومنهامایتعلق بذات اللہ تعالی وصفاته: ۲/ ۲۵۸، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

ہوسکتا ہے کہ ''میں اللہ اوراس کے رسول کے اُحکام کونہیں جانتا، ناواقف ہوں، بے علم ہوں''۔اس کوکفر سے بچانے کے لئے یہ محمل بھی کافی ہے،البتہ اس کوتنبیہ کی جائے کہ ان الفاظ کا ظاہری مطلب خطرناک ہے جس کی وجہ سے سخت حکم بھی لگ سکتا ہے،لہٰذا آئندہ کے لئے پوری احتیاط رکھے اور جوالفاظ زبان سے نکل گئے ان پرنادم ہوکرتوبہ کرلے،اپنی غلطی کا اعتراف کرلے۔

"والذی تحرر أنه لایفتی بتکفیرمسلم أمکن حمل کلامه علی محمل حسن، أوکان فی کفره اختلاف ولوروایةً ضعیفةً، فعلی هذافأکثرألفاظ التکفیرالمذکورة لایفتی بالتکفیربها، ولقد ألزمت نفسی أن لاأفتی بشیئ منها. اه". البحرالرائق :۵/۱۲۵(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبدمحمودعفی عنہ،دارالعلوم دیوبند،۶/۱/۹۴ھ۔

نماز قضاء ہونے پر یہ کہنا کہ ''نمازتو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بھی قضاء ہوئی ہے''

سوال[۶۱۷] : ۱.....ایک مولوی صاحب کی فجر کی نماز قضاء ہوگئی، جب لوگوں نے ان سے کہا کہ جب آپ نے نماز قضاء کردی تو ہم جیسے لوگوں کا کیا حال ہوگا تو برجستہ انہوں نے فرمایا کہ ''نمازتو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بھی قضاء ہوئی ہے''،جس سے لوگوں پرغلط اثر پڑا۔ایسے شخص کے بارے میں کیا حکم ہے؟

''اگرنبی اس زمانے میں ہوتا وہ بھی ٹیری کاٹ پہنتا'' کہنا

سوال: ۲.....انہیں مولوی صاحب سے ایک روزایک شخص نے کہا کہ ٹیری کاٹ تم کیوں پہنتے ہو؟ توفوراً جواب دیا کہ ''اگرنبی اس زمانے میں ہوتا تووہ بھی ٹیری کاٹ پہنتا''۔اس بارے میں کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....ایک جہاد سے واپس تشریف لاتے ہوئے ایک مقام پر پورے انتظام کے باوجود فجر کی نماز قضاء

---

(۱)(کتاب السیر،باب أحکام المرتدین : ۵/۲۱۰،رشیدیه)

"وفی الفتاوی العالمکیریة، "إذاکان فی المسئلة وجوه توجب الکفرووجه واحد یمنع، فعلی المفتی أن یمیل إلی ذالک الوجه". (کتاب السیر، قبیل الباب العاشرفی البغاة: ۲/۲۸۳،رشیدیه)

(وکذافی خلاصة الفتاوی، کتاب ألفاظ الکفر، الفصل الثانی، الجنس الأول فی المقدمة : ۴/ ۳۸۲،رشیدیه)

ہوگئی تھی (۱)، نیز ایک جہاد کی مشغولی میں نماز کی مہلت ہی نہیں ملی اس وقت نماز قضاء ہوئی، جس کا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بے حد افسوس اور قلق ہوا حتی کہ آپ نے بددعاء بھی فرمائی کہ اللہ تعالیٰ ان دشمنوں کی قبروں کو آگ سے بھر دے، انہوں نے ہم کو نماز بھی نہیں پڑھنے دی (۲)۔

لیکن آج اگر کسی کی نماز قضاء ہوجائے تو اس کو چاہئے کہ اپنی اس نماز کی قضاء ہونے پر افسوس کرے، پشیمان ہوکر خدا سے معافی مانگے، نہ یہ کہ جسارت سے کہہ دے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بھی تو نماز قضاء ہوئی تھی، ایسا کہنے سے پورا اجتناب لازم ہے، ورنہ مطلب یہ ہوگا کہ جس قصور میں یہ شخص مبتلا ہے نعوذ باللہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی اس میں مبتلا ہوئے، یا یہ مطلب ہوگا کہ نماز کا قضاء کردینا بھی سنت ہے۔ استغفر اللہ العظیم۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نماز قضاء ہوجانے میں بھی شرعی حکم اور تعلیمات ہیں (۳)۔

۲..... یہ جواب بھی اہل علم حضرات کے لائق نہیں، پست جواب ہے، بہت سے بہت یہ کہہ سکتے ہیں کہ شرعاً اس کی ممانعت نہیں (اگر واقعتاً ممانعت نہ ہو)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/ ۸/ ۹۴ھ۔

---

(۱) "عن عبد اللہ بن أبی قتادة عن أبیه رضی اللہ تعالیٰ عنه قال : سِرنامع النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم لیلةً، فقال بعض القوم : لوعرست بنایارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ! قال: "أخاف أن تناموا عن الصلوة"، قال بلال : أناأوقظکم، فاضطجعوا، وأسند بلال ظهره إلی راحلته فغلبته عیناه، فنام ،فاستیقظ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم وقد طلع حاجب الشمس، فقال: "یابلال ! أین ماقلت"؟ .....فلماارتفعت الشمس وابیضّت، قام فصلی". (صحیح البخاری، کتاب مواقیت الصلوة، باب الأذان بعد ذهاب الوقت : ۱/ ۸۳، قدیمی)

وقال ابن حجر: "کان ذالک فی رجوعه من خیبر". (فتح الباری : ۲/ ۸۵، قیمی کتب خانه)

(۲) "عن علی رضی اللہ تعالیٰ عنه عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم أنه قال یوم الخندق :"ملاء اللہ علیهم بیوتهم وقبورهم ناراً کماشغلوناعن الصلوة الوسطی حتی غابت الشمس". (صحیح البخاری، کتاب المغازی، باب غزوة الخندق : ۲/ ۵۹۰،قدیمی.)

(۳) ذکر تلک الحِکَم الحافظ ابن حجرمفصلاً فی فتح الباری شرح صحیح البخاری". (کتاب مواقیت الصلاة، باب الأذان بعد ذهاب الوقت : ۲/ ۸۶، قدیمی)

Made Searchable using ScribeTools.com

مصلحۃً کذب کی نسبت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف کرنا

سوال[۶۱۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ مسمی عبدالواحد نے یہ کہا اپنے داماد سے کہ ''میں کانپور ضلع میں لڑکی کی شادی نہیں کروں گا'' پھر کچھ روز کے بعد مذکورہ ضلع میں مذکورہ لڑکی کی شادی کردی، لوگوں نے اس پر اعتراض کیا کہ آپ نے مسجد میں بیٹھ کر قسم کھائی تھی کہ مذکورہ ضلع میں لڑکی کی شادی نہیں کروں گا، پھر آپ نے کیوں کردی۔ تو اس پر مسمی عبدالواحد نے یہ جواب دیا کہ ''مصلحت کے وقت مسجد کو سر پر رکھ لینا اور جھوٹ بولنا جائز ہے، حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی مصلحت کے وقت جھوٹ بولتے تھے''۔ (نعوذ باللہ) لہٰذا شریعت کی رو سے جواب باصواب عنایت فرمایا جاوے کہ اس شخص کے لئے شریعت کا کیا حکم نافذ ہوتا ہے؟ عین نوازش ہوگی۔ (معرفت: حافظ قاری محمد ولی اللہ صاحب)

الجواب حامداً ومصلیاً:

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صادق، امین تھے یعنی سچے اور امانت دار تھے، نزول وحی سے پہلے بھی کبھی آپ نے کوئی غلط بات زبان مبارک سے نہیں نکالی، اس کا اعتراف آپ کے سخت مخالف اور دشمن بھی کرتے تھے(۱)۔ اور نزولِ وحی کے بعد بھی کبھی آپ نے غلط بیانی سے کام نہیں لیا(۲) کسی مصلحت کی خاطر جھوٹ نہیں

---

(۱) ''عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال : لمانز لت : ﴿وأنذ رعشیرتک الأقربین﴾ صعد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم علی الصفاء، فجعل ینادی: ''یابنی فهر! یابنی عد ی! بُطونَ قریش، حتی اجتمعوا، فجعل الرجل إذالم یستطع أن یخرج، أرسل رسولاً لینظرماهو، فجاء أبولهب وقریش، فقال: ''أرأیتکم لوأخبرتکم أن خیلاً بالواد ی ترید أن تُغیرعلیکم، أکنتم مصد قیّ''؟ قالوا!: نعم، ماجرّبناعلیک إلاصد قاً، قال : ''فإنی نذ یرٌلکم بین یدی عذاب شدید''. (صحیح البخاری، تفسیرسورة الشعراء، باب قوله تعالی :﴿وأنذ رعشیرتک الأقربین﴾: ۲/۷۰۲،قدیمی)

(۲)روی الإمام البخاری رحمه اللہ تعالیٰ، فی حد یث هرقل الطویل الذ ی وقع لأبی سفیان فی حالة کفره بعد رسالته صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم : ''قال: فهل کنتم تتّهمونه بالکذب قبل أن یقول ماقال؟ قلت : لا..... وسألتک هل کنتم تتهمونه بالکذب قبل أن یقول ماقال ؟ فذکرت أن لا، فقد أعرف أنه لم یکن لیذر الکذب علی الناس ویکذ ب علی اللہ''.(باب کیف کان بد ء الوحی إلی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم : ۱/۴، قدیمی)

بولا، کبھی وعدہ خلافی نہیں کی، ان چیزوں سے آپ کی ذاتِ اقدس بالکل پاک تھی، شخصِ مذکور کو اپنے اس قول سے رجوع اور توبہ لازم ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

رام کرشن کو برا کہنا

سوال[۶۰۲]: رام کرشن کو برا کہنا یا برا سمجھنا چاہئے یا نہیں؟ اور ان کو برا سمجھنے والے اور برا نہ سمجھنے والے کا عندالشرع کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

قیامت کے دن ان کے متعلق سوال نہیں ہوگا، بلاوجہ کسی کو بھی برا کہنا برا ہے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۱/ ۵/ ۹۶ھ۔

جو شخص قرآن وحدیث کو غلط بتلائے اس کا حکم

سوال[۶۲۱]: ہم لوگ تین آدمی مسجد بنانے کے لئے چندے کی اسکیم کر رہے تھے کہ ایک آدمی شراب پی کر ہمارے پاس کھڑا ہوگیا، تھوڑی دیر تک بات ہوتی رہی، مگر نشے میں اس نے یہ بھی کہہ دیا کہ ''مسلمانوں کا یہ قرآن وحدیث سب غلط ہے، یہ ہندو مذہب کی توہین کرتے ہیں، اس پر ہمارے ہاں ہندو مسلم جھگڑے کی نوبت بہت آگے تک پہنچ چکی''۔ اب بتائیں کہ ہم لوگ اس کے ساتھ کیا سلوک کریں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

بات معمولی تھی، حسنِ تدبیر سے ختم کی جاسکتی تھی مگر بڑھ گئی، اب بہت نرمی وشفقت سے اس کے ساتھ معاملہ کیا جائے، کسی عالم بزرگ کے پاس کسی تدبیر سے اس کو لے جا کر اس کو فہمائش کرائی جائے کہ تمہاری زبان

---

(۱) ''وفی غرر المعانی: سئل عمن قال لز وجته: خلاف مگو، فقالت المرأة: پیغمبران خلاف گفتند، قال: کلمۂ کفر است، توبہ کند ونکاح تازہ کند''۔ (الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، موجبات الکفر أنواع: ومنها مایتعلق بالأنبیاء: ۲/ ۲۶۶، رشیدیه)

(۲) قال الله تعالیٰ: ﴿و لا تسبو الذین یدعون من دون الله فیسبوا الله عدواً بغیر علم﴾ (الأنعام: ۱۰۸)

Made searchable using ScribeTools.com

سے بہت سخت لفظ نکل گئے ہیں (۱) ابھی توبہ کا وقت ہے توبہ کرلو، ورنہ انجام بہت سخت ہے، اس کے ساتھ سختی کا معاملہ کرنے کا نتیجہ بھی بظاہر بہت خراب ہے، اس لئے کہ دوسرے لوگ اس کے ساتھ فتنہ کرنے والے موجود ہیں، خدا جانے اس کا اثر کہاں تک پہنچے گا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۹/ ۸/ ۹۱ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

جو شخص قرآن وحدیث کو نا قابل عمل بتائے اس کا حکم

سوال[۶۲۲]: ایک مسلمان کے سامنے جب خدا اور رسول، قرآن وحدیث کا حوالہ دیا جاتا ہے تو وہ کہتا ہے کہ ''آپ تو ان سب پرانی باتوں کو لاتے ہیں، یہ دور دوسرا ہے، اس دور کے لئے اس دور کے لحاظ سے باتیں لائیں''۔ ایسا مسلمان قانونِ خداوند اور احادیث کی روشنی میں کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر اس کا مقصد خدانخواستہ یہ ہے کہ قرآن وحدیث اس دور میں کارآمد نہیں، ان کے اصول واَحکام قابل عمل نہیں رہے، ان سے زندگی کی اصلاح نہیں ہوسکتی تو ایسا شخص مسلمان نہیں۔ معاذ اللہ۔ کذافی العالمگیری (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) "إذا أنكر آيةً من القرآن أوتسخر بآية من القرآن، وفي الخزانة : أوعاب، كفر.".(الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، موجبات الكفرأنواع : ومنهامايتعلق بالقرآن :۲/ ۲۶۶، رشيديه)

"والحاصل أنه إذااستخف بسنة أوحديث من أحاديثه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ، كفر". (البزازيه على هامش الهنديه، كتاب ألفاظ تكون إسلاماًأو كفراً، الفصل الثاني، النوع الثالث في الأنبياء :۶/ ۳۲۸،رشيديه)

(كذافي التاتارخانيه، كتاب أحكام المرتدين، فصل في مايتعلق بالقرآن :۵/ ۴۹۰، ادارة القرآن)

وفي التاترخانيه متعلقاً بالحديث المبارک :"وإذاكان الفقيه يذكر شيئاً من العلم، أويروى حديثاً صحيحاً، فقال له الآخر: این هیچ نیست،وردّه ..... فهذاكفر".(كتاب أحكام المرتدين، فصل في العلم والعلماء، : ۵/ ۵۰۷)

(۲) "ولوقال : قرأت القرآن كثيراً، فمارفعت الجناية عنا، يكفر."(الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، =

حفظ قرآن کو مکروہ کہنا

سوال[۶۲۳]: انگریز کی بادشاہی میں اگر کوئی کہہ دے کہ ''قرآن کا حفظ یاد کرنا مکروہ ہے'' شریعت کا اس کے لئے کیا حکم ہے؟

المستفتی: مولوی اطہر جان، ضلع کوہاٹ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو مقدار نماز میں فرض ہے اس کا یاد کرنا فرضِ عین ہے اور تمام کا یاد کرنا فرض کفایہ اور سنت عین ہے، لہذا جو شخص مکروہ کہتا ہے وہ جہالت اور حماقت بلکہ ضلالت میں مبتلا ہے (۱)۔ اس کو مسئلہ صحیح طور سے سمجھا دیا جائے۔

"وفرض القراۃ آیة علی المذهب، وحفظهافرض عین، وحفظ جمیع القرآن فرض کفایة وسنة عین اه". درمختار: ۱/۵۶(۲). فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۷/۴/۶۰ھ۔

صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۷/ ربیع الثانی/۶۰ھ۔

صحیح: عبداللطیف، ۲۷/ ربیع الثانی/۶۰ھ۔

= موجبات الکفر أنواع: ومنهامایتعلق بالقرآن: ۲/۲۶۷، رشیدیه)

(وکذافی خلاصة الفتاوی، کتاب ألفاظ الکفر، الفصل الثانی، الجنس التاسع فی القرآن: ۴/۳۸۹، رشیدیه)

(۱) اس قسم کے الفاظ پر فقہاء نے تکفیر کی ہے:

وفی التاترخانیه: "وإذاکان الفقیه یذکرشیئاً من العلم أویروی حدیثاً صحیحاً، فقال له الآخر: ..... این سخن بچہ کار آید، درم باید کہ امروز حشمت درم راست، علم کرا بکار آید، فهذا کفر". (کتاب أحکام المرتدین، فصل فی العلم والعلماء، : ۵/۵۰۷، إدارة القرآن)

(کذافی المحیط البرهانی: کتاب السیر، فصل فی أحکام المرتدین، نوع فی العلم والعلماء: ۵/۵۶۹، المکتبة الغفاریه، کوئٹه).

(۲) (الدر المختار، باب صفة الصلوة، فصل فی القراة، : ۱/ ۵۳۸، سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

''آنتیں ﴿قل ھواللّٰہ﴾ پڑھتی ہیں'' کہنا

سوال[۶۲۴]: ۱.....اچھے خاصے پڑھے لکھے لوگ بھوک کی حالت میں کہہ دیتے ہیں کہ ''آنتیں قل ھواللہ'' پڑھ رہی ہیں، شرعاً اس کا کیا حکم ہے؟

﴿کلا سوف تعلمون﴾ کا مطلب

سوال[۶۲۵]: ۲.....داڑھی منڈانے والے داڑھی منڈانے کی تائید میں: ﴿کلا سوف تعلمون﴾ پیش کرتے ہیں، کیا یہ کفر ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....خالی پیٹ آنتوں کی آواز ''قل قل'' ہوتی ہے، اس کو تعبیر کرتے ہیں کہ ''آنتیں قل ھواللہ'' پڑھ رہی ہیں(۱)۔

۲.....داڑھی منڈانے والے کی تائید میں اس کو پڑھنا اور مطلب یہ لینا کہ کلاً صاف کرو، یہ تحریف اور کفر ہے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۴/ ۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۴/ ۸۷ھ۔

مسجد کے متعلق سخت جملہ کہنا

سوال[۶۲۶]: زید نے بکر سے کہا کہ آپ مسجد بنانے کا چندہ نہیں جمع کرتے، صرف بک بک کرتے ہیں، اس پر بکر نے غصہ میں آکر کہا کہ ''مسجد کو جہنم میں جانے دو، ہم چندہ نہیں جمع کریں گے اور نہ اس

---

(۱) عام محاورات میں ایسے الفاظ کسی کام کی شدت اور زیادتی کو بیان کرنے کے لئے کہے جاتے ہیں، ان الفاظ سے کسی شرعی حکم یا شعارِ دین کی تحقیر، توہین یا استہزاء واستخفاف مقصود نہیں ہوا کرتی کہ موجب کفر ہو۔

(۲)"قال: ومن ادعى إلى جماعة، فقال: أصلى موحداً: أى منفرداً، فإن الله تعالى قال: إن الصلوة تنهى، كفر، يعنى استدل بقوله تعالى: "تنهى" أنه بمعنى "تنهى" بلُغة العجم، وقد قال عليه الصلوة والسلام: "من فسر القرآن برأيه فقد كفر" مع أنه بدّل وحرّف وغَيَّرَ". (شرح الفقه الأكبر للقارى، فصل فى القرأة والصلاة، ص: ۱۶۸، قديمى)

(وكذا فى التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل فيما يتعلق بالقرآن الكريم: ۴۹۲/۵، إدارة القرآن)

Made Searchable by ScribeTools.com

میں مدد کریں گے''۔بکر پر شرعاً کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

بکر نے بہت سخت جملہ کہا(۱)،اس کوتوبہ واستغفاروندامت ضروری ہے، تجدید ایمان بھی کرے(۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

''اگر فلاں کام کروں تو امت سے خارج'' کہنا

سوال[۶۲۲۷]: زیداور بکر چچازاد بھائی ہیں اوردونوں کوحقیقی بہنیں منسوب ہیں اورزید عُمر میں بکر سے بڑا ہے، زید نے گاہے بگاہے کچھ معاملات میں بکر کی بے عزتی بھی کی ہے،لیکن اس کے باوجود بکر نے کوشش کی کہ دونوں میں میل ملاپ باقی رہنا چاہئے،تو زید کی عورت نے کہا کہ تم دونوں میں میل ملاپ کس طرح رہ سکتا ہے اس کی کوئی صورت ہے؟ تو زید نے اس کا کوئی جواب نہیں دیا،اس پر بکر نے جواب دیا کہ میل ملاپ کی یہ صورت ہے کہ اگر ہم تمہاری طرف سے کوئی اپنے خلاف بات سنیں تو ہم تم سے تصدیق کریں گے کہ کیا تم نے ایسی بات کہی ہے؟ اوراگرتم ہماری طرف سے کوئی اپنے خلاف بات سنوتو اس کی تصدیق کرلو۔اگر ہماری طرف سے بات سچ ثابت ہوجائے تو تم ہمارے پچاس جوتے مار سکتے ہو،''اگر ہم اس پر ذرا بھی اُف کریں اورتم سے خلاف ہوجائیں تو ہم قسم کھاتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی امت میں نہیں ہیں''۔

ان مشروط باتوں کا اس وقت زید نے کوئی جواب نہیں دیا، یہ باتیں دوپہر کو ہوئیں اوررات کو نو بجے کے

---

(۱) اس قسم کے جملے سے کم درجے کے کلمات کہنے والے کے لئے بھی فقہاء کرام نے تعزیر دینے کی سزا تجویز کی ہے،لہذا اس طرح کے سخت جملے کی سزا اورنتیجہ اوربھی سخت ہوسکتا ہے:قال فی التاتارخانیة : ''وسئل عن رجل قیل له : مرایک دِرم دہ،بعمارتِ مسجد حاضرشوی بہ نماز،فقال الرجل : من نہ بمسجد آیم ونہ درھم دھم،مرابامسجد چہ کار؟ وھو مصرّعلی ذلک، فقال: لایکفر، ولکن یعزر''. (کتاب أحکام المرتدین، فصل فی المتفرقات :۵/ ۵۲۹، ادارة القرآن)

(وکذافی المحیط البرهانی، کتاب السیر، فصل فی مسائل المرتدین، فصل فی المتفرقات :۵/ ۵۸۱، الغفاریه)

(۲) ''ماکان فی کونه کفراً اختلاف، فإن قائله یؤمربتجدید النکاح وبالتوبة، والرجوع عن ذالک بطریق الاحتیاط''. (الفتاوی العالمکیریة : کتاب السیر، قبیل الباب العاشرفی البغاة: ۲/ ۲۸۳،رشیدیه).

Made searchable using ScribeTools.com

قریب زید نے یہ جواب دیا کہ ہم کو مذکورہ مشروط باتیں تسلیم ہیں۔اس کے کچھ دن بعد ایک صاحب کے یہاں شادی تھی اس کا زید سے کچھ تنازع چل رہا تھا اور بکر سے میل ملاپ تھا، اس نے بکر کو شرکتِ شادی کی دعوت دی تو اس میں شرکت کے لئے بکر نے زید سے پوچھا کہ اب ہم کو کیا کرنا چاہئے، جس کا تم سے تنازع تھا اس نے ہم کو شرکت شادی کی دعوت دی ہے، تو زید نے کہا کہ فلاں بھی چلا گیا ہے اور اس کے لئے میں کیا بتاؤں، تمہارا جی چاہے جاؤ تمہارا جی چاہے نہ جاؤ، میں کچھ نہیں جانتا، اس کے بعد بکر نے شادی میں شرکت کی۔

اب زید کہتا ہے کہ بکر نے قسم مذکورہ کھائی تھی کہ ہم زید کے خلاف نہیں جائیں گے اور اس نے شادی میں شرکت کر کے خلاف ورزی کی، لہٰذا وہ قسم کا حانث ہوگا، اس لئے وہ کافر ہو گیا اور اس کا نکاح ختم ہو گیا، اب بکر کو لازم ہے کہ بعد تجدید ایمان اپنا نکاح دوبارہ کر لے۔ کیا مذکورہ باتوں پر بکر دائرۂ کفر میں داخل ہو گیا یا زید محض بے عزتی کر رہا ہے؟ اگر ایسی بے عزتی کر رہا ہے تو زید کے لئے از روئے شرع کیا سزا ہے؟

المستفتی حافظ شکیل احمد محلّہ بڑا پورہ قصبہ زید پور۔ بارہ بنکی۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

بکر نے شادی میں شرکت زید کے خلاف ہو کر نہیں کی، لہٰذا زید اور بکر کی منقولہ گفتگو کے ماتحت بکر پر کفارۂ قسم لازم نہیں ہوا اور نہ وہ دائرۂ ایمان سے خارج ہوا، نہ تجدید ایمان لازم ہے نہ تجدید نکاح ضروری ہے(۱)۔آئندہ امت سے خارج ہونے اور اس قسم کے دیگر کلمات سے پرہیز کیا جائے۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۸/۵/۸۸ھ۔

---

(۱) "وإذاقال : هويهودى أونصرانى أومجوسى أوبرىء من الإسلام ومأشبه ذلك، إن فعل كذا، على أمرٍفى المستقبل، فهويمين عند نا، والمسئلة معروفة، فإن أتى بالشرط وعند ه أنه يكفر، كفر. وإن كان عنده أنه لايكفرمتى أتى بالشرط، لايكفرمتى أتى به". (شرح الفقه الأكبرللقارى، فصل فى الكفرصريحاًوكنايةً ، ص: ۱۹۱ ، قديمى)

(وكذافى فتاوى قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكرية، كتاب السير، باب مايكون كفراً من المسلم ومالايكون :۳/۵۷۳، رشيديه)

(والتاتارخانية: كتاب أحكام المرتدين، فصل فى المتفرقات مِن فصل فيمايقال فى ذات الله تعالى وصفاته :۵/۴۷۵، إدارة القرآن)

''اگر میں نے فلاں کام کیا تو مرتے وقت کلمہ نصیب نہ ہو'' کہنا

سوال[۶۲۸]: زید ایک مسجد میں امامت کرتا ہے وہ حافظِ قرآن بھی ہے، لیکن اس کی عادت یہ ہے کہ جب وہ کوئی غلط کام کرلے اور لوگ اس سے اس کی وجہ پوچھتے ہیں تو فوراً کہتا ہے کہ ''حاشا وکلا''، مجھے مرتے وقت کلمہ نصیب نہ ہو اگر میں نے ایسا کیا ہو''۔ کیا ان الفاظ کے استعمال کرنے سے ایمان باقی رہتا ہے یا نہیں؟ ان الفاظ کے بارے میں ایک صاحب نے کہا کہ یہ شرک ہے، نیز ہم لوگ ان کے پیچھے نماز پڑھیں یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسا کہنا تو شرک نہیں ہے، نہ ایسا کہنے سے آدمی مشرک ہوتا ہے، لیکن بات بات پر ایسا کہنا نہایت مذموم وقبیح فعل ہے، لوگ بھی ایسے آدمی کو جھوٹا سمجھتے ہیں، اگر خدانخواستہ وہ بات غلط ہو تو یہ مرتے وقت اپنے حق میں کلمہ نصیب نہ ہونے کی بددعا ہے، اگر قبول ہوجائے تو خاتمہ کتنا خطرناک ہے۔ امام صاحب کی خدمت میں درخواست کی جائے کہ ایسا نہ کیا کریں، بغیر اس کے بھی ان کی بات کا یقین کرلیا جائے گا، لیکن اگر ثابت ہوگیا کہ ان کی بات غلط ہے تو لوگوں کی نظر میں ان کی کیا عزت رہے گی، پھر کس طرح لوگ ان کو امام بنانے کے لئے راضی ہوں گے؟ اور واقعتاً بھی مسئلہ کی رو سے جھوٹ بولنے والا اور اپنی جھوٹی بات پر ایسی قسمیں کھانے والا امامت کا اہل نہیں ہوتا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷/۶/۸۹ھ۔

یہ دعوی کہ ''میں جب چاہوں بارش کرادوں''

سوال[۶۲۹]: ایک شخص نہایت زیادہ عبادت کرنے والا ہے اور وہ بارش کے بارے میں خدائی دعوی کرتا ہے یعنی وہ کہتا ہے کہ ''میں جب چاہوں بارش کرادوں اور جب چاہوں بند کرادوں'' اس شخص کے بارے میں علماء کیا خیال کرتے ہیں اور نماز اس شخص کے پیچھے کیسی ہے، جائز ہے یا ناجائز؟ فقط محمد عاشق۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ تو خدائی کا دعوی نہیں اگر وہ یہ دعوی کرتا ہے کہ ''میں جب چاہوں بارش کردوں اور جب چاہوں بند کردوں، اس میں فقط میرا حکم چلتا ہے، خدا کا حکم نہیں چلتا'' تو البتہ خدا کی خدائی کا اس خاص معاملے میں

Made searchable using ScribeTools.com

انکار ہوتا اور اپنی طرف خدا کے اس فعل کی نسبت ہوتی (۱)۔

صورتِ مسئولہ میں تو وہ یہ کہتا ہے کہ ''میں جب چاہوں بارش کرادوں اور جب چاہوں بند کرادوں'' مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے میرا اتنا تعلق ہے کہ وہ میری دعاء قبول فرمالیتے ہیں، لہٰذا ایسے شخص کی تکفیر نہیں کی جاسکتی ہے (۲)، اگر چہ اس کو ایسا دعوی کرنا بھی ہرگز زیبا نہیں: لقوله عليه الصلاة والسلام : "ومن يتألىٰ على الله، يكذّ به" (۳)، اس کو مناسب طریقہ سے سمجھا دینا چاہیے۔ یہ تو الفاظ مذکورہ کہنے کا حکم ہے، اگر اس کے علاوہ کچھ اَور لفظ کہتا ہو تو اس کو علیحدہ دریافت کرلیا جائے اور یہ کلمہ لوگوں کو نفرت دلانے والا ضرور ہے جس میں تقلیلِ جماعت کا اندیشہ ہے، لہٰذا اگر اس سے بہتر امامت کا اہل مل جائے تو اس کو امام بنالیا جائے، ورنہ پھر یہی سہی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۵۴/۲/۴ھ۔

صحیح: عبداللطیف عفا اللہ عنہ۔

---

(۱) اللہ تعالیٰ کی صفاتِ خاصہ کی نسبت غیر اللہ کی طرف کرنا اور ان کو حقیقتاً غیر اللہ کے لئے ثابت کرنا شرک فی الصفات ہے، فقہاء نے اس قسم کے مرتکب کی تکفیر کی ہے:

قال فی الفتاوی العالمکیریة :"رجل قال لمن ينازعه : أفعلُ كل يوم عشرة أمثالك من الطين، أولم يقل من الطين، فإن عَنىٰ به من حيث الخِلقة، يكفر، وإن عنى به ضعفه، لايكفر. وقعت فی زماننامن هذاالجنس واقعة : أن رستاقياً قال : قد خلقت هذ ه الشجرة، فاتفق أجوبة المفتيين أنه لايكفر؛ لأنه يراد بالخلق فی هذاالمقام عادة الغرس، حتى لوعنى حقيقة الخلق، يكفر". (كتاب السير، موجبات الكفر أنواع، ومنهامايتعلق بتلقين الكفروالأمربالارتداد : ۲/۲۸۰،مكتبه رشيديه)

(وكذافی البحرالرائق، كتاب السير،باب أحكام المرتدين : ۵/۲۰۹،رشيديه)

(وكذافی المحيط البرهانی، كتاب السير، فصل فی أحكام المرتدين، نوع اٰخر فی المتفرقات :۵/۵۸۰، غفاريه)

(۲) "الكفرشیء عظيم، فلاأجعل المؤمن كافراً، متى وجدت روايةً أنه لايكفر..... وفی الخلاصة وغيرها: إذاكان فی المسئلة وجوه توجب التكفير، ووجه واحد يمنع التكفير، فعلى المفتی أن يميل إلى الوجه الذی يمنع التكفيرتحسيناً للظن بالمسلم". (البحرالرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين :۵/۲۱۰،رشيديه)

(۳) (دلائل النبوة للبيهقی، باب ذكر التاريخ غزوة تبوک، باب ما روی فی خطبته صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بتبوک :۵/۲۴۲، دارالكتب العلمية بيروت)

''شریعت کا برادری کے معاملات سے کوئی تعلق نہیں'' کہنے والوں کا حکم

سوال[۶۳۰]: یہ کہ جولوگ علانیہ یہ کہتے ہیں کہ ''شریعت کا برادری کے معاملات سے کوئی تعلق نہیں ہے'' یا کچھ لوگوں کا یہ کہنا کہ ''ہم اس معاملے میں دین کو نہیں مانتے'' ایسے لوگوں کے لئے کیا حکم ہے؟ برائے کرم بحوالہ کتب جواب سے مطلع فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسا کہنا نہایت خطرناک ہے، اس سے ایمان اور نکاح کا سلامت رہنا دشوار ہے، فوراً اس سے توبہ کریں اور احتیاطاً تجدید ایمان اور تجدید نکاح بھی کرلیں، آئندہ کبھی ایسا لفظ نہ کہیں۔

"إذاقال الرجل لغيره: حكم الشرع فى هذه الحادثة كذا، فقال ذلك الغير: **من برسم كارمى كنم نه بشرع**، يكفر عند بعض المشايخ". عالمگيرى: ۲/۸۹۱(۱)۔

"ماكان فى كونه كفراً اختلاف، فإن قائله يؤمر بتجديد النكاح وبالتوبة، والرجوع عن ذالك بطريق الاحتياط الخ". عالمگيرى: ۲/۸۹۹(۲). **فقط واللہ تعالیٰ اعلم**۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۲/۵/۹۱ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۲/۵/۹۱ھ۔

---

(۱) (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، موجبات الكفر أنواع: ومنها مايتعلق بالعلم والعلماء: ۲/۲۷۳، رشيديه)

(وكذافى البزازيه على هامش الهنديه، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً، النوع الثامن فى الاستخفاف بالعلم: ۶/۳۳۸، رشيديه)

(كذافى المحيط البرهانى، كتاب السير، فصل فى مسائل المرتدين، نوع فى العلم والعلماء: ۵/۵۷۰، المكتبة الغفاريه، كوئته)

(۲) (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، قبيل الباب العاشر فى البغاة: ۲/۲۸۳، رشيديه)

(وكذافى البزازيه، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً، النوع الأول فى المقدمة: ۶/۳۲۲، رشيديه)

(كذافى التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل فى إجراء الكفر: ۵/۴۶۱، إدارة القرآن والعلوم الإسلاميه، كراچى)

Made Se[illegible]ools.com
Made searchable using ScribeTools.com

استنجے کے لئے کلوخ لینا اور اس کو سینما فلم کہنا

سوال[۶۳۱]: اس طرح ایک شخص نے کہا کہ مثال کے طور پر کلوخ لینا حدیث کا حکم ہے، لیکن آدھا من، ایک من کا ڈھیلا مت لو، اس کو مقدار سے زیادہ مت لیجئے۔ عالم صاحب نے اس طرح بولا تھا، عرض یہ ہے کہ قرآن وحدیث کی طرف مائل کرنے کے لئے بولا، سامعین میں سے ایک سامع بولا کہ ''سینما ہے کہ فلم ہے''۔ علماء کرام کو سینما فلم کہہ کر بولا۔ ایسے شخص کے لئے کیا فتوی ہے؟ فقط

الجواب حامداً ومصلیاً:

کلوخ کا مسئلہ اس طرح بیان کرنا درست ہے اور سینما فلم کہنا غلط ہے، اس سے پرہیز کرنا چاہئے، کہنے والے نے قرآن وحدیث کو سینما فلم نہیں کہا بلکہ کلوخ کے مسئلہ کا جو عنوان اختیار کیا گیا ہے اس کو کہا ہے، اس لئے اس کہنے والے پر کوئی ایسا سخت حکم نہیں ہوگا جو قرآن وحدیث کی توہین کرنے والے پر ہوتا ہے (۱)، البتہ اس کو ایسا کہنے سے بھی منع کیا جائے گا۔ فقط واللہ تعالی اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/ ۹/ ۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/ ۹/ ۹۰ھ۔

یہ کہنا کہ ''ہم نہیں جانتے مسئلہ کیا ہے''؟

سوال[۶۳۲]: زید کے لڑکے کی بارات گئی عمر کے یہاں، جیسا کہ رواج ہے زیورات کپڑے لڑکی کے دکھانے کا، جب دکھانے کا وقت آیا تو ایک حافظ صاحب نے منع کیا کہ یہ شریعت کے خلاف ہے، اس کے بعد ایک شخص نے یوں کہا کہ ''ارے! ہم نہیں جانتے کہ مسئلہ کیا ہے، ہمیں تو کپڑا دکھاؤ'' اس پر کچھ لوگوں کو شبہ ہوا کہ مسئلہ کا انکار کرنے سے خارج از اسلام ہو جاتا ہے، لہذا اس کے متعلق کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسا جملہ کہنا بہت سخت بات ہے، اگر خدانخواستہ یہ مطلب ہوا کہ ہم شرعی احکام پر ایمان ویقین نہیں

---

(۱) قرآن کریم وحدیث مبارکہ کی توہین کرنے والے پر فقہاء کرام نے کفر کا حکم عائد کیا ہے:

''ویکفر إذا أنکر آیةً من القرآن أوسخر بآیة منه''. (البحر الرائق، کتاب السیر، باب أحکام المرتدین: ۵/ ۲۰۵، رشیدیه)

رکھتے تو ایمان کا سلامت رہنا دشوار ہے (۱)، اگر یہ مطلب نہ ہو تب بھی بڑی جہالت ہے، بہرحال ایسی بات کہنے والے کو توبہ استغفار لازم ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۴/۲/۷ھ۔

بت خانہ کی قسم کھانا

سوال [۶۳۳]: زید اور عمر میں کسی بات پر جھگڑا ہو گیا، جس کے فیصلے کے لئے دو چار ہندو بھائی اور کچھ مسلمان بھائی کسی مزار سے کچھ فاصلے پر بیٹھے، جب زید سے زبان بندی لی گئی تو زید کو جو کچھ کہنا تھا کہا اور عمر سے زبان بندی لی گئی تو اس نے اس بت خانے پر ہاتھ رکھ کر کہا کہ ''میں جو کچھ کہتا ہوں بالکل ٹھیک ہے اس بت خانہ کی قسم''۔ التجا یہ ہے کہ عمر نے ایک مسلمان ہوتے ہوئے ایسی جو قسم کھائی ہے اس سے اس کے اسلام ایمان میں کوئی نقصان تو نہیں ہوا؟ یا ہوا تو کیا کرنا ہوگا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ضرورت پیش آنے پر اگر قسم کھائی جائے تو اللہ تعالیٰ اور اس کی صفات کی قسم کھائی جائے، کسی غیر اللہ کی قسم کھانا اور وہ بھی بت خانہ کی قسم کھانا ہرگز جائز نہیں، سخت گناہ ہے، مذکورہ صورت میں زیادہ خطرہ ہے (۲) اس

---

(۱) "إذاقال لخصمه :من باتوبحکمِ خدا کارمیکنم، فقال خصمه : من حکمِ خدا ندانم، أوقال : اینجاحکم نرود .....فهذاکله کفر". (الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، موجبات الکفرأنواع : ومنهامایتعلق بذات الله تعالی وصفاته : ۲۵۸/۲، رشیدیه)

(وکذافی البزازیه علی هامش الهندیه، کتاب ألفاظ تکون إسلاماً أو کفراً،النوع الحادی عشرفیمایکون خطأ : ۳۴۵/۶، رشیدیه)

(والتاتارخانیة، کتاب أحکام المرتدین، فصل فی المتفرقات مِن فصل فیمایتعلق بذات الله تعالیٰ: ۴۶۷/۵، ادارة القرآن)

(۲) "وعن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال : سمعت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یقول :"من حلف بغیرالله، فقد أشرک".(مشکوة المصابیح، کتاب العتق، باب الأیمان والنذور، الفصل الثانی، ص:۲۹۶، قدیمی)

قال الملاعلی القاری تحت هذاالحدیث :"وأماالحلف بحیاة شریف، ومثله بحیاة رأسک، وحیاة رأس السلطان، فذلک إن اعتقد أن البرّواجب، یکفر، وفی تتمة الفتاوی : قال علی الرازی : أخاف علی من قال: =

Made searchable using ScribeTools.com

لئے تجدید ایمان وتجدید نکاح کرادیا جائے (۱)، ندامت کے ساتھ توبہ کرکے آئندہ پوری احتیاط واجتناب کا وعدہ کرنا چاہئے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۱۲/۲۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۱۲/۲۸ھ۔

نومسلم کو طعنہ دینا

سوال[۶۳۴]: ایک شخص اپنا مذہب چھوڑ کر جو اسلام کے اندر داخل ہوا اس کا کیا درجہ ہے؟ اور وہ نومسلم حافظ عبداللہ مرحوم کے وقت سہارنپور سے تعلیم اسلام حاصل کی ہے، جو شخص اس شخص پر طعنہ زنی کرتا ہے اور وہی اعتراض اس پر کرتا ہے اور یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ ''تیرے پیچھے نماز نہیں ہوتی'' اور یہ بھی لفظ کہا جاتا ہے کہ ''تُو چمار ہے اور کہیں چمار کے پیچھے بھی نماز ہوتی ہے''۔ یہ بھی زبان سے کہہ گزرے ہیں کہ ''اگر سور کو پاک کرنا چاہیں تو وہ پاک نہیں ہوسکتا، اس لئے تُو بھی پاک نہیں ہوا ہے''۔ اور اس کے علاوہ اَور بھی چند جھوٹے الزام دیئے جاتے ہیں اور یہ شخص مع جوتیوں کے مسجد پر چڑھ جاتا ہے کہ مجھ کو میانجی منع کرے گا اور ہم اس کو مار پیٹ کر کے نکال دیں گے۔

اب عرضِ خدمت یہ ہے کہ بمطابقِ قرآن اور حدیث کے اس کا فیصلہ کیا جاوے۔

فقط والسلام محمد اسماعیل نمبردار بیگوان پور ضلع انبالہ۔

= وحياتي وحياتک أنه يكفر". (مرقاة المفاتيح، باب الأيمان والنذور من كتاب العتق، الفصل الثاني: ۵۹۳/۶، مكتبه حقانيه پشاور)

(وكذافي البزازيه على هامش الهندية، كتاب ألفاظ تكون إسلاماًأو كفراً، الفصل الثاني، النوع الثاني فيمايتعلق بالله تعالى: ۳۲۷/۶، رشيديه)

(وكذافي التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين: ۴۷۷/۵، ادارة القرآن)

(۱) "ماكان في كونه كفراً اختلاف، فإن قائله يؤمربتجديد النكاح وبالتوبة، والرجوع عن ذلک بطريق الاحتياط .....وإن كانت نيته الوجه الذي يوجب التكفير، لاتنفعه فتوى المفتي، ويؤمربالتوبة والرجوع عن ذلک، وبتجديد النكاح بينه وبين امراته." (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، قبيل الباب العاشر في البغاة: ۲۸۳/۲، رشيديه)

الجواب حامداً ومصلیاً:

جوشخص نومسلم کوطعنے دیتا ہے وہ کبیرہ گناہ کا مرتکب ہے، اس کو اس نومسلم سے معافی مانگنی چاہئے اور توبہ کرنا واجب ہے، اگر توبہ نہیں کرے گا اور معافی نہیں چاہے گا تو قیامت کو سخت عذاب میں گرفتار ہوگا۔

چمار ہو یا اَور کوئی جب وہ مسلمان ہوگیا تو اس کے پہلے گناہ شرک وغیرہ سب چیزیں معاف ہوجاتی ہیں (۱)، مسلم کو سور سے تشبیہ دینا حرام ہے۔ جب اس نے نماز سیکھی اور قرآن شریف سیکھ لیا تو اس کے پیچھے نماز جائز ہوگئی، مسجد کے اوپر جوتے لیکر چڑھنا منع ہے، ایسے شخص کو نرمی سے اولاً سمجھایا جائے اگر مان جائے اور اپنی حرکتوں سے باز آجائے تو خیر ورنہ اس سے تعلق قطع کردیا جائے تاکہ وہ تنگ آکر توبہ کرلے اور نومسلم کو ستانا چھوڑ دے بلکہ برادری کے ذریعہ سے اس پر زور ڈالا جاوے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۵/ ۸/ ۵۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، ۱۵/ شعبان/ ۵۷ھ۔

حضرت پیران پیر کے ایک مصرعہ کا مطلب

سوال[۶۳۵]: قصیدۂ غوثیہ شیخ سید عبد القادر جیلانی رحمہ اللہ تعالیٰ کا کلام مشہور ہے، اس میں ایک شعر کے معنی تقریباً یہ ہیں: ”کہ جو دنیا کے اوپر مہینے اور دن آتے ہیں وہ اول میرے پاس آتے ہیں اور اپنی برائی بھلائی سے مطلع کرتے ہیں“ اس کا کیا مطلب ہے، کیا قصیدہ واقعی حضرت کا کلام ہے؟ فقط۔ غوث محمد ادریس از کالکا۔

---

(۱) ”وعن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: أتیت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فقلت: ابسط یمینک فلأبایعک، فبسط یمینه فقبضت یدی، فقال: ”مالک یاعمرو“؟ قلت: أردت أن أشترط، قال: ”تشترط ماذا“؟ قلت: أن یُغفَرَلی، قال: ”أماعلمت یاعمرو أن الإسلام یهدم ماکان قبله، وأن الهجرة تهدم ماکان قبلها“. الحدیث. رواه مسلم]]. (مشکوة المصابیح، کتاب الإیمان، الفصل الأول، ص: ۱۴، قدیمی)

قال الملاعلی القاری تحته: ”وقال بعض علمائنا: یمحو الإسلام ماکان قبله من کفر وعصیان، ومایترتب علیهما من العقوبات التی هی حقوق اللہ تعالیٰ“. (مرقاة المفاتیح، کتاب الإیمان، الفصل الأول: ۱/ ۱۹۰، مکتبه رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

2

الجواب حامداً ومصلیاً:

قصیدۂ غوثیہ میں یہ شعرضرورموجود ہے، اگراس قصیدہ کاانتساب شیخ کی طرف صحیح ہوتوبظاہراس کامطلب یہ ہے کہ اس میں شیخ اپنے کشف کوبیان فرمارہے ہیں کہ جس زمانہ میں خیراور برکت ہے اللہ تعالی اس کاعلم مجھے کرادیتے ہیں اورجس زمانے میں شراورفساد ہے وہ بھی اللہ تعالی بتادیتے ہیں، یعنی جب لوگ اعمالِ صالحہ کرتے ہیں تواس کاعلم بھی ہوتاہے کیونکہ اس سے اللہ تعالی کی رحمت نازل ہوتی ہے اور جب لوگ معصیت زیادہ کرتے ہیں تواس کابھی علم ہوجاتاہے، کیونکہ اس سے اللہ تعالی کاغصہ ہوتاہے اوریہ دونوں چیزیں بسااوقات بزرگوں کومنکشف ہوجاتی ہیں (۱)۔فقط واللہ تعالی اعلم۔

حررہ العبدمحمودگنگوہی عفااللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہرعلوم سہارن پور، ۲۷/۱۰/ ۵۷ھ۔

الجوب صحیح: سعیداحمدغفرلہ۔

مرثیۂ شیخ الہند کے ایک شعر کا مفہوم

سوال[۶۳۶]: بانی اسلام رسول پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں، مولانا اشرف علی تھانوی کے استاذ حضرت شیخ الہند مولانا محمود الحسن صاحب رحمۃ اللہ نے حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ کی وفات پرایک مرثیہ لکھاتھاجو''مرثیۂ رشید احمد گنگوہی'' کے نام سے مشہورہے، اس کے ایک شعرمیں موصوف نے اعتراف کیاہے کہ بانی اسلام رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں، وہ شعریہ ہے ؎

---

(۱)"وکرامات الأولیاء حق .....وکرامته ظهورأمرخارق للعادة من قِبَله غیرمقارن لد عوی .....والدلیل علی حقیقة الکرامة ماتواترمن کثیرمن الصحابة ومن بعد هم بحیث لایمکن إنکاره، فتظهرالکرامة علی طریق نقض العادة للولی من قطع المسافة البعیدة فی المدة القلیلة کإتیان صاحب سلیمان علیه السلام .....بعرش بلقیس .....ومثل رؤیة عمر رضی الله تعالیٰ عنه وهوعلی المنبرفی المدینة جیشه حتی قال لأمیرجیشه : "یاساریة! الجبل الجبل"، تحذیراً له من وراء الجبل لمکرالعدّوهناک. وسماع ساریة کلامه مع بُعد المسافة الخ". (شرح العقائد،ص: ۱۰۵، ۱۰۶، المطبع الیوسفی لکنوء (وکذا فی شرح الفقه الأکبرللقاری ،ص: ۷۹، قدیمی)

Made Searchable by ScribeTools.com

زباں پر اہلِ ہوا کی ہے کیوں اُعل ہبل
شائد اٹھا عالم سے کوئی بانیٔ اسلام کا ثانی

شعر کا مفہوم یہ ہے کہ ''رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وفات پر مشرکینِ عرب اپنے سب سے بڑے بت ہبل کو مخاطب کر کے "اعل هبل "کا نعرہ لگاتے تھے، یعنی اے ہبل! اب تو سر بلند ہو جا۔ ٹھیک کوئی اسی طرح کا نعرہ مولانا گنگوہی کی وفات پر اہل باطل نے بھی لگایا تھا، اس سے پتہ چلتا ہے کہ بانی اسلام کا ثانی دنیا سے اٹھ گیا ہے''۔ اس شعر میں بانیٔ اسلام سے خدا کی ذات مراد نہیں لی جاسکتی، کیونکہ خدا کی ذات حیّ وقیوم ہے، اس کے متعلق وفات پانے کا کوئی تصور نہیں کیا جاسکتا۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اشعار میں بسا اوقات استعارات ہوتے ہیں، مجاز کا بھی استعمال بکثرت ہوتا ہے۔ جو شخص ہر شعر کو حقیقی معنی پر ہی حمل کرنے کی کوشش کرتا ہے وہ فنِ شعر سے نا آشنا ہے۔ ایک بادشاہ نے ایک قلعہ بنانے کا حکم دیا اپنے مخصوص معتمد کو اس کی تعمیر کا ذمہ دار بنایا، جس نے بادشاہ کی پوری ہدایت کے مطابق قلعہ تعمیر کرادیا، جو کچھ مصارف ہوئے وہ خزانہ شاہی سے اس کو ملے، تکمیل پر بہت کچھ اعزاز بھی عطا ہوا، اب اگر کوئی شخص یہ کہے کہ فلاں قلعہ فلاں بادشاہ نے تعمیر کیا تو یہ بھی صحیح ہے اس لئے کہ بادشاہ ہی کے حکم سے اور اس کی ہی ہدایت کے مطابق اس کے ہی مصارف سے تعمیر ہوا ہے، اصالتاً وہی بانی ہے۔ اگر کوئی شخص یہ کہے کہ بادشاہ کے فلاں معتمد نے یہ قلعہ تعمیر ہی کیا ہے تو ایک معنی کے اعتبار سے اس کی بھی گنجائش ہے، کیونکہ اس کے انتظام اور جد وجہد سے اس کی تعمیر ہوئی ہے، اس حیثیت سے وہ بھی بانی ہے۔ اگر کوئی شخص یہ مراد لے کہ اسلام کی بنیاد محض اپنے ذہن سے بغیر وحی الٰہی اور بغیر حکمِ خداوندی کے سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خود رکھی ہے تو یہ غلط ہے، اس معنی کے اعتبار سے بانی اسلام کہنا درست نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/۳/ ۱۳۹۹ھ۔

مثنوی کے چند اشعار

سوال [۶۳۷]: براہ لطف وکرم جواب باصواب سے مطلع فرمایا جائے یہ کہ مثنوی معنوی میں جو یہ اشعار لکھے ہیں، اس کا صحیح مطلب کیا ہے؟

Made searchable using ScribeTools.com

چونکہ بے رنگے اسیررنگ شد موسی بافرعون اسیرجنگ شد
چوں بہ بے رنگی رسی تو داشتن موسی و فرعون کر نداشتن
تابہ بحرنورخود راجع شدیم از رہائی اصل مترصع شدیم

قرآن عظیم میں ﴿ونفخ فیہ من روحہ وجعل لکم السمع والأبصار والأفئدة﴾ (۱) کالفظ موجود ہے، حدیث پاک میں صراحۃً یہ عبارت موجود ہے کہ ''جب بندہ زنا کا مرتکب ہوتا ہے تو روح اس کے جسم سے نکل کر اس کے سر پر سایہ کرتی ہے'' (۲) یعنی اس کے کبیرہ جرم سے بیزار ہوکر اس آلایش سے بری ہوجاتی ہے اور ہمیشہ معمولی جرم ہو یا کبیرہ، فاعل کو اس کے جرم سے متنبہ کرتی رہتی ہے۔ ''گوشائین'' مصنفہ رامائین نے ابشر اسن جوانبیاسی سے روح کی تاویل کی ہے۔ مولانا نے

خاک شدصورت ولے معنی نہ شد ہرکہ گویدشہ تو گویش نے نہ شد

مطلب یہ کہ ان باتوں سے پتہ چلتا ہے کہ روح مرنے کے بعد عالمِ ارواح میں جہاں سے واپس آتی ہے وہیں واپس چلی جاتی ہے۔ ﴿ونفخ فیہ من روحہ﴾ کا ترجمہ مترجم نے یہ کیا ہے ''ڈال دیا اس میں جان اپنی جان سے'' یعنی اللہ برتر نے اس میں جان اپنی جان سے ڈال دی۔ سوال یہ ہے کہ جب روح خدا کا امر ہے اور اس پر نہ عقاب ہے نہ عتاب اور وہ اپنے اصلی مقام پر واپس جاتی ہے، عالمِ اروح میں پہنچنے کے ساتھ ہی ساتھ موسی وفرعون ایک ہوجاتے ہیں، خدا اپنی جان سے اس میں جان ڈالتا ہے۔ اس کا کیا مطلب ہے؟ اس عبارت سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ روح خدا کا انس ہے، اگر صحیح ہے تو وہ کون روح ہے جس پر جسم کے ساتھ عذاب ہوتا ہے؟ کیا یہی روح ہے؟ وہ روح کون ہے جو جسم سے بوقت زنا نکل جاتی ہے اور آدمی کا معمولی جرم ہو، یا کبیرہ ہو ہردم ملامت کرتی رہتی ہے؟ یا کوئی مادی روح ہے جس پر عذاب ہوتا ہے؟ براہ کرم اس کی صاف تشریح سے مطلع فرمائیں۔ قبر میں نکیرین میت کو مخاطب کرکے کہتے ہیں "وماتقول فی ھذا الرجل؟" یہ کون روح

---

(۱) (السجدة: ۹)

(۲) "عن أبی هريرة قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: " لايزنى الزانى حين يزنى وهو مؤمن"..... قال عكرمة: قلت لابن عباس: كيف ينزع الإيمان عنه؟ قال : "هكذا"، وشبک بين أصابعه ثم أخرجها". الحديث. (مشكوة المصابيح، كتاب الإيمان، باب الكبائر، الفصل الأول، ص: ۱۷، قديمى)

ہے، صحیح جواب نہ ہونے پر سخت سزا دی جاتی ہے اور قبر جہنم کا حصہ ہو جاتا ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

مثنوی مولانا روم رحمہ اللہ تعالیٰ کو کسی روشن ضمیر عارف سے حل کیا جائے، وہ بھی بذریعہ تحریر نہیں بلکہ خود حاضر ہو کر، اس عاجز کو اتنی طاقت نہیں کہ ان اشعار کو حل کر سکے۔ میں نے وہ حدیث نہیں دیکھی جس میں یہ مذکور ہو کہ ارتکاب زنا کے وقت روح جسم سے نکل کر سر پر سایہ کرتی ہو، آپ اس کے الفاظ مع حوالہ لکھئے۔ ایمان کے نکلنے کا ذکر تو احادیث میں موجود ہے۔ اس سوال کے بقیہ اجزاء اس حدیث کی تحقیق پر موقوف ہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ۔

حضرت نانوتوی رحمہ اللہ تعالیٰ کا ایک شعر

سوال[۶۳۸]: ایک شعر پر اعتراض ہوا ہے، ایک میلاد میں یہ شعر پڑھا گیا

جو چھو بھی دیوے سگ کو چہ تیرا اس کی نعش تو پھر تو خلد میں ابلیس کا بنائیں مزار

اس پر اعتراض یہ کیا جا رہا ہے کہ ابلیس کا کفر پر مرنا یقینی ہے، اور کفر پر مرنے والے کو کسی چیز کی شفاعت یا برکت جہنم سے نجات نہیں دے سکتی جیسے وہ منافق جسے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنا پیراہن مبارک دیا، یہ چونکہ کفر پر مرا تھا اس لئے کچھ نفع نہ ہوا، پھر ابلیس کی نعش کو جبکہ اس کا کفر پر مرنا یقینی ہے سگِ مدینہ کا چھونا مفید نہ ہوگا۔ نیز جنت میں موت نہیں پھر اس کی قبر اور مزار جنت کیسے ہو سکتی ہے؟ اس کا کوئی جواب شعر پڑھنے والا نہ دے سکا۔

ایک نے کہا کہ یہاں بھی ''جو'' حرف شرط ہے۔ لیکن اس کا رد کر دیا گیا کہ شرط اور جزا میں تعلقِ شرط درست نہیں ہے، اَور جگہ ہوتا ہے کہ شرط کے پائے جانے کے بعد جزا کا پایا جانا لازم ہوتا ہے، یہاں ایسا نہیں، کافر ہو کر مرنے والے کو سگِ مدینہ کچھ نفع نہیں دے سکتا۔ یہ شعر کیسا ہے؟ اس کا کہنے والا اس کو صحیح سمجھنے والا کیسا ہے؟

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ شعر بہت بڑے قصیدہ کا شعر ہے، جس شاعر نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نعت کہی ہے وہ سارا قصیدہ عشق رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں ڈوبا ہوا ہے اور اس عشق کا نتیجہ ہے کہ آپ کے دارالہجرت مدینہ منورہ سے بھی بڑی محبت ہے اور مدینہ طیبہ کے جانوروں سے بھی محبت ہے، حتی کہ وہاں کے کتوں کے مناقب میں بیان کیا ہے کہ اگر ابلیس کو وہ چھودے یعنی ابلیس اس کی صحبت سے متاثر ہوجائے (ایمان لے آئے) مخلوق کے لئے زیارت گاہ بن جائے (کہ یہ ابلیس جس نے ہزاروں برس تک نافرمانی کی اور جنت سے ملعون ہوکر نکلا، سگ مدینہ کی صحبت سے متاثر ہوکر کفر چھوڑ کر ایمان اختیار کر کے جنت میں پہنچ جائے)۔

ابلیس کا جہنمی ہونا اس کے کفر کی وجہ سے ہے لیکن اس کو ایمان کی توفیق دیدینا قدرتِ خداوندی سے خارج اور محال نہیں بلکہ تحت القدرت داخل ہے (۱)، اس کے بعد دخولِ جنت میں کوئی اشکال نہیں، مگر چونکہ اس کا جہنمی ہونا اور کفر پر مرنے اور ایمان قبول نہ کرنے کی تصریح آچکی ہے (۲) اس لئے اللہ پاک اس کے خلاف کرے گا نہیں (۳)، ایمان قبول کر کے جنت میں جانا یقینی ہے، لہٰذا شرط اور جزا میں علاقہ تو موجود ہے جو کہ قرآن پاک میں منصوص ہے (۴)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند ۲۱/ ۸/ ۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند ۲۱/ ۷/ ۸۷ھ۔

---

(۱) قال اللہ تعالی: ﴿إن اللہ علی کل شیء قدیر﴾ (البقرۃ: ۲۰)

وقال تعالی: ﴿تبارک الذی بیدہ الملک وھوعلی کل شیء قدیر﴾. (الملک: ۱)

(۲) قال اللہ تعالی: ﴿فسجد الملائکۃ کلھم أجمعون إلاإبلیس، استکبروکان من الکافرین، قال یاإبلیس مامنعک أن تسجد لماخلقت بیدیّ، أستکبرت أم کنت من العالین؟قال أناخیرمنه خلقتنی من نارو خلقته من طین. قال فاخرج منها فإنک رجیم. وإن علیک لعنتی إلی یوم الدین..... قال فالحق والحق أقول. لأملئن جھنم منک وممن تبعک منھم أجمعین﴾ (صٓ: ۷۳. ۷۵)

(۳) قال تعالی: ﴿إن اللہ لایخلف المیعاد﴾ (آل عمران: ۹)

(۴) قال تعالی: ﴿إن الذین آمنواوعملوا الصالحات، أولئک ھم خیرالبریة. جزاء ھم عند ربھم جنّٰت عدن تجری من تحتھاالأنھار، خالدین فیھاأبداً،رضی اللہ عنھم ورضواعنه، ذالک لمن خشی ربه﴾ (البینۃ: ۷،۸) =

اقبال کے اشعار پر اعتراض اور اس کا جواب

سوال[۶۲۳۹]: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اشعار ذیل کے بارے میں اور شرعاً ایسے شخص کے بارے میں کیا حکم ہے جو درج ذیل ہے اور سوال نمبر:۲ کا جواب صحیح ہے یا نہیں؟ بینوا وتوجروا۔

شعر:

زمن برصوفی و ملّا سلامے — کہ پیغامِ خد اگفتند مارا
ولے تاویلِ شاں درحیرت انداخت — خدا و جبرئیل و مصطفیٰ را

(اقبال)

اشعار مذکورہ پر ایک شخص نے اعتراض کیا ہے کہ شاعر نے خدا پر جہل ثابت کیا ہے اور علمائے امت وصوفیائے عظام حتی کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر طنز کیا ہے، تفصیل اس کی مندرجہ ذیل ہے:

اول تحقیقِ لفظی معلوم کیا جائے، قولہ ''صوفی'' معنی اہل اللہ، ولی اللہ، ''ملا'' عالم جید ومتبحر کو کہتے ہیں ''حیرت'' معنی تعجب خیز، اور حیرت اس چیز پر ہوتی ہے جس کا علم قبل از وجود اس چیز کے نہ ہو، مثلاً ''مارکونی'' نے ریڈیو ایجاد کر کے لوگوں کو حیرت میں ڈال دیا تھا، چونکہ قبل از وجود ایجاد اس کے لوگ بے خبر تھے اور اب ریڈیو کا علم لوگوں کو ہو گیا ہے، لہٰذا اب کسی کو بھی اس کا نام سن کر یا، اسے دیکھ کر حیرت نہیں ہوتی۔

قولہ: ''درحیرت انداخت مارا'' الخ۔ اور اللہ جل شانہ کی صفت علام الغیوب ہے، قرآن وحدیث شاہدِ بیّن ہیں، اس کا کل علم ازلی وابدی ہے، نہ کہ کسبی، جملہ اشیاء اگرچہ خردترین ہو اس کے علم محیط میں ہے، کما قال اللّٰہ تعالی: ﴿إن تَكُ مثقال حبة من خردل﴾ (۱)، پس خدا کو حیرت میں ڈالنا چہ معنی دارد!

حاصلِ کلام: شاعر نے خدا پر جہل ثابت کیا ہے اور خدا کے علمِ ازلی وابدی کو کسبی ثابت کیا ہے، ورنہ ''درحیرت انداخت'' کوئی معنی نہیں رکھتا، جو اہل علم پر اظہر من الشمس ہے، جہلِ باری تعالی ممتنع بالذات ہے،

= ''یجب أن یعلم أنه إذا کان فی المسئلة وجوه توجب التکفیر، ووجه واحد یمنع التکفیر، فعلی المفتی أن یمیل إلی الوجه الذی یمنع التکفیر تحسیناً للظن بالمسلم.'' (التاتارخانیة، کتاب أحکام المرتدین، فصل فی إجراء کلمة الکفر: ۴۵۸/۵، ادارة القرآن)

(۱) (اللقمان: ۱۶)

Made searchable using ScribeTools.com

جہل عیب ہے اور خداوند قدوس جملہ عیوب سے منزہ ومبرا ہے، اس کی ذات بے چوں وچرا ہے اور عیبی خدا نہیں بن سکتا اور نہ اس کے لائق ہوسکتا ہے، پس وہ خدا خدا نہ رہا جس میں عیب ہو، وہ مشابہ مخلوق ہوگیا جو حادث اور ممکن ہے "وصفاته سبحان الله من كل عيوب" اور خدا پر جہل کا تھوپنا اسی کا نام دہریت ہے اور ایسا ہی دہریت کی بناء پر حضرت شیخ المشایخ مولانا عبدالحق صاحب محدث دہلوی نے سرسید احمد خان کے اقوال وعقائد وتحریرات کے خلاف ایک ضخیم کتاب لکھی ہے اور اس میں محققین علمائے ہند کی تصدیق شدہ فتوی بھی درج کردیا ہے۔"ان شئت فارجع إليه، وجدت كما كتبنا"۔ اگر کوئی کہے کہ شاعر نے اس زمانے کے صوفی وملا کو کہا ہے سو یہ غلط ہے۔

قولہ "گفتند مارا" اپنے مشایخ جن کے ذریعے پیغامِ خدا سنا تھا، ان پر طنز کیا ہے۔ کیا ان مشائخ نے پیغام خدا یعنی قرآن مجید میں کوئی ترمیم وتاویل کی ہے؟ کیا ان لوگوں نے نماز، روزہ حج، زکوۃ وغیرہ میں کوئی ردوبدل کیا ہے؟ حاشا وکلا، ہرگز نہیں کیا، اگر اسے بالفرض والمحال تسلیم کرلیا جائے تو قرآن کلام اللہ، کلام اللہ نہ رہا، بقول روافض کے "بیاض عثمانی" ہے اور خدا کا دعوی غلط ہوگیا، قولہ تعالی: ﴿إنا نحن نزلنا الذكر وإنا له لحافظون﴾ (۱) "ہم نے قرآن کو نازل کیا ہے اور ہم اس کے محافظ ہیں" بیان القرآن۔

نہ رہے بانس نہ بجے بانسری، صوفی ملا ان کو موردِ الزام کیونکر گردانا جائے، ان حضرات نے تو بسلسلہ علمائے ثقہ ودیندار از صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اخذ کیا ہے بلا ترمیم وتنسیخ، اور اس کے مطابق خود عمل کرتے اور کراتے ہیں، مثلاً طلاقِ ثلاثہ بیک مجلس دینے سے وہ طلاقِ مغلظہ ہوجاتی ہے حالانکہ درزمانۂ خیر القرون صلی اللہ علیہ وسلم تا بدوسال اولِ خلافت حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک طلاق سمجھی جاتی تھی، بعدازیں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لوگوں کے اصرار پر اس تین طلاق بیک وقت کو طلاقِ مغلظہ قرار دیا (مسلم شریف) (۲)

---

(۱) (الحجر: ۹)

(۲) "عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال: كان الطلاق على عهد رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم وأبي بكر، وسنتين من خلافة عمر طلاق الثلاث واحدةً، فقال عمر بن الخطاب: إن الناس قد استعجلوا في أمر كانت لهم فيه إناة، فلو أمضيناه عليهم، فأمضاه عليهم". (الصحيح لمسلم، كتاب الطلاق، باب طلاق الثلاث: ۱/۴۷۷، ۴۷۸، قديمی)

اوراسی قول عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر تا ایں دم علمائے عظام ومفتیان کرام عمل کررہے ہیں، سو یہ الزام تاویل حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر ہوا یا متبعین ومقلدین مؤخرین پر ہوا؟

۲.....حدیث: ''ایک مرتبہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چند صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو کسی مقام پر بھیجا تھا، چونکہ زمانہ پرخطر تھا، آپ نے فرمادیا تھا کہ: ''فلاں مقام پر جب پہنچو تو وہاں عصر کی نماز نہ پڑھنا تاکہ دن کے اندر مقامِ مقصود پر پہنچ جاؤ''، جب صحابہ اس مقام پر پہنچے، دن کافی باقی تھا، بعض صحابہ نے مقصدِ کلام سمجھ کر وہاں پر عصر کی نماز ادا کی اور بعضوں نے ظاہری الفاظ پر عمل کرتے ہوئے وہاں پر عصر کی نماز ادا نہیں کی۔ جب یہ حضرات واپس ہوئے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں واقعہ مذکورہ پیش کیا، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سکوت فرمایا'' (۱)۔ اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا سکوت بھی دلیل اثبات ہے۔

۳.....اذانِ ثانی بروز جمعہ قبل درزمانہ خیر القرون تاعہدِ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نہیں تھی، یہ اذانِ ثانی حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رائج کیا ہے (۲) وغیرہ وغیرہ کتب حدیث میں مرقوم ہے۔

حاصلِ کلام: مورد الزام حضرات صحابہ کرام ہوئے نہ کہ ناقلین وعاملین، فافہم۔ اب صحابہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مناقب بیان کئے جاتے ہیں:

(باب مناقب الصحابه رضی اللّٰه تعالیٰ عنهم، الفصل الثالث، مشکوة شریف)

۱..... "عن عبد اللّٰه بن مغفل رضی اللّٰه تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم: "اللّٰه اللّٰه فی أصحابی، اللّٰه اللّٰه فی أصحابی، لاتتخذوهم غرضاً من بعد ی (چیلنج)، فمن أحبهم فبحبی أحبهم، ومن أبغضهم فببغضی أبغضهم، ومن آذاهم فقد آذانی، ومن آذانی فقد آذی اللّٰه، ومن آذی اللّٰه فیوشك أن یأخذه". (رواه الترمذ ی) (۳)۔

۲..... "عن ابن عمر رضی اللّٰه تعالیٰ عنهما قال: سمعت رسول اللّٰه صلی اللّٰه تعالیٰ

---

(۱) (صحیح البخاری، کتاب المغازی، باب مرجع النبی ﷺ من الأحزاب: ۲/ ۵۹۱، قدیمی)

(۲) (صحیح البخاری، کتاب الجمعة، باب التأذین عندالخطبة: ۱/ ۱۲۵، قدیمی)

(۳) (مشکوة المصابیح، باب مناقب الصحابةؓ، الفصل الثانی، ص: ۵۵۴، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

علیہ وسلم یقول :"إذا رأیتم الذین یسبون أصحابی، فقولوا:لعنة اللّٰہ علی شرکم". (سنن ترمذی)(۱)۔

۳....."عن عمر بن الخطاب رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه قال: سمعت رسول للّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم یقول: "سألت ربی عن اختلاف أصحابی من بعدی، فأوحی اللّٰہ إلیّ یامحمد! (صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم): إن أصحابك عند ی بمنزلة النجوم فی السماء بعضها أقوی من بعض، ولکلٍ نور، مَن أخذ بشیء مماهم علیه من اختلافهم، فهوعند ی علی هدیً"۔ وقال:قال رسول صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم: "أصحابی کالنجوم فبأیهم اقتدیتم اهتدیتم". (رواه رزین)(۲)۔

دوسرا جواب: یاشاعر کا طنز ائمہ اربعہ پر ہے، ان کے مسلک میں اختلافِ کثیرہ پائے جاتے ہیں، ان حضرات نے بھی بسندِ صحیح از صحابہ نقل کیا ہے، سوان پر اعتراض کرنا صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم پر اعتراض کرنا ہے جیسا کہ اوپر بیان کیا جاچکا ہے۔الذی لایخفی علی أهل العلم۔ بینوافجز اکم اللّٰہ أجراً جز یلاً۔

الجواب بعون الملك الوهاب مبسملاً ومحمّداً ومصلیاً ومسلماً:

شعراء عام طور پر حد ودِ شرع کی رعایت نہیں کرتے بلکہ تجاوز کر جاتے ہیں، بسا اوقات ان کا کلام جھوٹ کا پلندہ ہوتا ہے، اس کے باوجود مستحقِ داد قرار دیئے جاتے ہیں۔شعر:

در شعر پیچ ودرفنِ او

چوں اکذبِ اوست احسنِ او

مبالغہ ان کے کلام میں حد غلو واغراق تک پہنچ جاتا ہے، استعاراتِ بعیدہ استعمال کرتے ہیں، حقیقت کم ہوتی ہے، مجاز زیادہ ہوتا ہے، تخیلات وتوہمات پر کلام کی بنا رکھتے ہیں، کسی کی تعریف کرتے ہیں تو آسمان سے اوپر تک پہنچادیتے ہیں، ہجو کرتے ہیں تو تحت الثری لے جاکر ڈالتے ہیں، طعن وطنز تو ان کا شب وروز کا مشغلہ بلکہ سخن تکیہ ہوتا ہے، اس میں کسی بڑی سے بڑی ہستی پر پھبتیاں کسنے میں بھی باک نہیں ہوتا، مخلوق سے گزر کر خالق

---

(۱) (مشکوة المصابیح، الفصل الثالث، ص: ۵۵۴،قدیمی)

(۲) (مشکوٰة المصابیح، المصدر المتقدم)

جل مجدہ کو بھی نشانہ ملامت بنالیتے ہیں۔

الغرض ﴿فی کل وَادٍ یھیمون﴾ (۱)، الا ماشاء اللہ کہ بعض کا کلام حقیقت، حکمت، معرفت ہوتا ہے۔

تغییر منکر (اگرچہ کلام میں ہو) لازم ہے (اگرچہ کلام سے ہو)، وقتِ ضرورت نکیر کے ساتھ تغییر بھی لازم ہوجاتی ہے (۲)، لیکن تکفیرِ مسلم سے مھما أمکن کفِ لسان وقلم ضروری ہے، ایک کلام میں اگر سو احتمالات ہوں جن میں ننانوے احتمالات کی بناپر کفر ثابت ہوتا ہو اور ایک احتمال کی بناپر اسلام ثابت ہو تو مفتی مامور ہے کہ اسلام باقی رکھنے والے احتمال کو اختیار کرے، کفر کا فتوی نہ دے (۳)، ہاں اگر قائل کا مقصود ہی کفر ہے تو پھر تاویل مفتی نافع نہ ہوگی (۴) اور جو شخص ضلالت وغوایت کا داعی ہو اس پر فتوی بھی سخت ہے اور اس کی تعزیر بھی شدید ہے، یہ امر بھی ملحوظ رہنا ضروری ہے کہ ایک چیز تو لزومِ کفر ہے اور دوسری چیز التزامِ کفر ہے، فتویٔ تکفیر دوسری چیز پر ہوگا، پہلی چیز پر نہیں۔

اللہ رب العزت نے اس دینِ اسلام کو کامل فرمانے کا اظہار واعلان قرآن مبین میں فرمایا: ﴿أالیوم

---

(۱) (الشعراء : ۲۲۵)

(۲) "عن أبی سعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنه عن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم قال :"من رأی منکم منکراً، فلیغیره بیده، فإن لم یستطع فبلسانه، فإن لم یستطع فبقلبه، وذلک أضعف الإیمان".

(الصحیح لمسلم، کتاب الإیمان، باب بیان کون النهی عن المنکرمن الإیمان : ۱/ ۵۰، ۵۱، قدیمی)

قال القاری :"وخلاصة الکلام : من أبصرما أنکره الشرع، فلیغیره بیده". (مرقاة المفاتیح، کتاب الآداب، باب الأمربالمعروف، الفصل الأول : ۸/ ۸۲۱، مکتبه حقانیة پشاور)

(۳) "وقد ذکروا أن المسئلة المتعلقه بالکفرإذاکان لهاتسع وتسعون احتمالاً للکفر، واحتمال واحد فی نفیه، فالأولی للمفتی والقاضی أن یعمل بالاحتمال النافی؛ لأن الخطأ فی إبقاء ألف کافرٍأهون ومن الخطاء فی إفناء مسلم واحد". (شرح الفقه الأکبرللقاری، بحث التوبة ، ص: ۱۶۲ ،قدیمی).

(۴) "فی البزازیه : إلاإذاصرح بإرادة توجب الکفر، فلاینفعه التأویل حینئذ". (البحرالرائق، کتاب السیر، باب أحکام المرتدین : ۵/ ۲۱۰ ،رشیدیه)

(وکذافی الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، قبیل باب العاشرفی البغاة : ۲/ ۲۸۳ ،رشیدیه کوئٹه)

Made searchable using ScribeTools.com

أکملت لکم دینکم﴾ الآیہ(۱)۔ حضرت رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم پر اعتماد فرما کر دین ان کے حوالہ فرمادیا، ایک ایک چیز کی تبلیغ کردی، تفہیم کردی، پھر اس کو دوسروں تک پہنچانے کا ان کو ذمہ دار بنادیا:"ألا فلیبلغ الشاهد منکم الغائب"۔ (الحدیث) (۲)۔

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے بے اعتمادی کرنا، ان کی نقلِ دین اور فہم دین پر تخریبی تنقید کر کے ان سے بے نیاز ہوکر خود دین کی تشریح کرنا بڑے درجہ کی گمراہی ہے اور بددینی ہے بلکہ حضرت رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مقابلہ ہے کہ جن کے مقدس نفوس پر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اعتماد فرما کر ان کو دین کا امین قرار دیا ہے ان سے بے اعتمادی اور ان کی تخریب ہے، جس کا انجام دین سے محرومی ہے اور ایسے لوگ خدا اور رسول کے باغی ہیں۔ کسی مسلم سے سوءظن قائم کرنے کے لئے دلیل قوی درکار ہے، حسنِ ظن قائم کرنے کے لئے سوءظن کی دلیل نہ ہونا بھی کافی ہے، کسی مصنف کے مجمل کلام کے لئے بہترین تشریح وہ ہے جو اسی کے کلام سے کی جائے، ہوسکتا ہے کہ کسی دوسرے کلام میں خود اس کی طرف سے تشریح کی گئی ہو، اس کے مجمل کلام کو اس تشریح کے خلاف محمل پر حمل کرنا درست نہیں، مصنف کی زندگی کا عمل اس کے کلام کی شرح کے لئے عمدہ مشعل ہے جب کہ خود اس کے کلام سے شرح نہ کی جاسکے۔

یہ چند امور بطور تمہید کے ذہن نشین کرنے کے بعد اصل سوال کا جواب ملاحظہ کریں: قرآن کریم میں ایسے الفاظ بھی موجود ہیں جن کی نسبت حق تعالیٰ کی طرف کی گئی ہے حالانکہ وہ بظاہر صفاتِ انسانیہ میں سے ہیں جیسے نسیان وغیرہ:﴿فالیوم ننساهم کما نسوا﴾ (۳) ﴿فذوقوا بما نسیتم لقاء یومکم هذا، إنا نسینکم﴾(٤)۔ ﴿إنهم یکیدون کیداً، وأکید کیداً﴾(٥)۔ ﴿ومکروا ومکر الله، والله

---

(۱) (المائدة:۳)

(۲)(مسند الإمام أحمد :۵/۲۲۴،رقم :۱۹۵۳۳)

(والصحیح لمسلم، کتاب القسامة، باب تغلیظ تحریم الدماء الخ : ۲/۶۰. ۶۱،قدیمی)

(وصحیح البخاری، کتاب العلم، باب لیبلغ العلم الشاهد الغائب ۱/ ۲۱،قدیمی)

(۳)(الأعراف : ۵۱)

(۴)(السجدة : ۱۴)

(۵) (الطارق : ۱۶)

Made Searchable by ScribeTools.com

خیر الماکرین﴾(۱)۔ ﴿إنمانحن مستهزون، اللّٰه یستهزیء بهم﴾(۲)۔ یہ بلاغتِ کلام کا ایک مقام ہے اور فنِ بدیع کی ایک صنعت ہے جس کو صنعتِ مشاکلت کہتے ہیں۔ ایسے مقام پر ان الفاظ کے ظاہری وعمومی متبادر ومتعارف معانی مراد نہیں ہوتے جیسا کہ آیاتِ مذکورہ کی تفسیر سے ظاہر ہے۔ ولایخفی علی أمثالکم۔

معترض صاحب نے ''حیرت'' کو تعجب کے معنی میں لیکر اعتراض واشکال کیا ہے کہ یہ خدائے پاک اور ملائکہ کرام اور حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان کے خلاف ہے حالانکہ عجب (ع، ج، ب) کی اسناد حدیث پاک میں اللہ جل شانہ کی طرف کی گئی ہے: ''(عجب) ربك یساقون إلی الجنة فی السلاسل: أی عظم عنده وکبُرلدیه، أعلَم اللّٰه تعالی أنه إنمایتعجب الآدمی مماعظم عنده وخفی سببه علیه، فأخبرهم بمایعرفون لیعلموا موقعها عنده، وقیل: معناه رضی وأثاب مجازاً۔ ومنه ح: (عجب) ربك مِن شابٍ لیست له صبوة''۔ وح: ''(عجب) ربکم من إلّکم وقنوطکم''۔ مجمع بحار الأنوار، :۳/۵۲۰(۳)۔ اور بھی متعدد مواقع پر لفظ عجب کا تذکرہ آیا ہے جس کی تشریح شراحِ حدیث نے کی ہے، صاحب مجمع بحار الانوار نے بھی ایسے الفاظ ذکر کئے ہیں لہذا اس لفظ کی وجہ سے مسلمان کو ایمان سے خارج کرنے کی کوشش نہ کی جائے۔ فقط واللّٰه الموفق لمایحب ویرضی۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

غالب کا ایک شعر

سوال[۶۴۰]: زید نے ایک شادی کی تقریب میں اپنے دوست کو تاثرات پیش کئے جو نثر میں اس نے لکھے تھے اور ان تاثرات میں تمثیلی طور پر غالب کا یہ شعر

نکلنا خلد سے آدم کا سنتے آئے تھے لیکن
بڑے بے آبرو ہو کر تیرے کوچہ سے ہم نکلے

لکھ دیا ہے، بکر کو یہ اعتراض ہوا کہ اس شعر کو پڑھ کر نعوذ باللہ زید نے حضرت آدم علیہ السلام کی توہین کی ہے، یہ

---

(۱)(آل عمران: ۵۴)

(۲)(البقرة:۱۴.۱۵)

(۳) (مجمع بحار الأنوار: ۳/۵۳۰، دائرة المعارف العثمانیه، حیدر آباد دکن)

Made searchable using ScribeTools.com

بات بکر نے بھری محفل میں کہی، نتیجہ یہ ہوا کہ محفل کے بہت سے افراد زید کی طرف مشکوک ہو گئے، وہ بھی یہ سمجھنے لگے کہ زید نے نعوذ باللہ توہین کی ہے، جبکہ زید برابر ان سے کہہ رہا ہے کہ میرے خیال وگمان میں بھی ان کی توہین کرنا مقصود نہ تھی، یہ برسوں کا پٹا ہوا شعر ہے، صرف تمثیل کے طور پر لکھ دیا ہے۔ آپ مہربانی فرما کر شرعی پوزیشن سے آگاہ کریں کہ کیا اس شعر کے پڑھنے سے نعوذ باللہ آدم علیہ السلام کی توہین ہوتی ہے یا نہیں؟

کیا اس شعر غالب ؎

نکلنا خلد سے آدم کا سنتے آئے تھے لیکن
بڑے بے آبرو ہو کر تیرے کوچہ سے ہم نکلے

نعوذ باللہ ان کی توہین کے برابر ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

حضرت آدم علیہ السلام کو اللہ تعالی نے اپنا خلیفہ اور ابوالبشر (تمام انسانوں کے باپ) بنایا اور جنت کی نعمتوں میں رکھا، پھر ایک واقعہ پیش آیا جس کی وجہ سے زمین پر ان کو بھیج دیا، بظاہر یہ واقعہ بہت ہی عبرت کا ہے۔ شاعر کا مقصد یہ ہے کہ ہم محبوب کے نزدیک خاص عزت کے مستحق تھے، جس طرح اللہ کے نزدیک حضرت آدم علیہ السلام خاص عزت کے مستحق تھے، مگر وہ عزت سے بے گانہ ہو کر (نعوذ باللہ) جنت سے نکلے، ہم اس سے زیادہ بے آبرو ہو کر تیرے کوچہ سے نکلے۔

یہ انتہائی گستاخی اور حضرت آدم علیہ السلام کی بے ادبی ہے (۱)۔ بسا اوقات شعراء اس قسم کی گستاخی کر جاتے ہیں، خدائے پاک ان کو ہدایت دے۔ ایسے شعر کو پڑھنا بھی بہت برا ہے، ہرگز نہیں پڑھنا چاہئے اگر چہ اپنا عقیدہ صاف ہو۔ فقط واللہ سبحانہ تعالی اعلم۔

---

(۱) "وقتل نبی والاستخفاف به.....قلت: ویظهر من هذا أن ما کان دلیل الاستخفاف، یکفر به وإن لم یقصد الاستخفاف ..... لأن قصد الاستخفاف مناف للتصدیق." (ردالمحتار، کتاب الجهاد، باب المرتد: ۴/ ۲۲۲، سعید)

شیخ سعدی کے ایک شعر میں لفظ ''بنیاد'' اور ''نااھل'' کا مطلب

سوال[۶۴۱]: حضرت مولانا سعدی نے فرمایا ہے ؎

پرتو نیکاں نگیرد ہرکہ بنیادش بد ست

تربیت نااہل راچو گردگاں برگنبد ست

بنیاد سے کیا مراد ہے؟ اور نااہل کون ہے؟ ﴿وأما الذین شقوا، ففی النار﴾ (۱) اور حدیث میں ''شقی'' سے جو مراد ہے، کیا وہی نااہل ہے یا اور کچھ مطلب ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

حدیث شریف میں ہے کہ: ''واضع العلم فی غیر أهله کمقلد الخنازیر الجواهر واللوء لوء والذهب'' (۲)، نااہل کو علم سکھانا ایسا ہے جیسا کہ خنزیر (سور) کو جواہر موتی سونے کا ہار پہنانا، اس کی شرح میں ملا علی قاری نے لکھا کہ ''نااہل وہ ہے جو بات صحیح نہ سمجھے، یا دینی علم کو دنیا کمانے کے لئے حاصل کرے، یا کسی بھی ایسی غرض کے لئے پڑھے جو خوش نودیٔ خداوندی کے خلاف ہو'' (۳)۔ ''شقی'' کا مصداق بے ایمان اور دوزخی ہے (۴)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

الم کے شعر میں ''حریف'' کی تحقیق

سوال[۶۴۲]: مندرجہ ذیل شعر خلافِ شریعت ہے یا نہیں؟ جب کہ اس کے ظاہری ترجمہ سے قرآن وحدیث کی صریحاً مخالفت ثابت ہوتی ہے اور شعر کہنے والے کو شرعی اصطلاح میں کیا کہا جائے گا؟ چونکہ

---

(۱) (هود: ۱۰۶)

(۲) (أخرجه ابن ماجه فی مقدمة سننه، باب فضل العلماء والحث علی طلب العلم، ص: ۲۰، قدیمی)

(۳) ''(وواضع العلم عند غیر أهله) بأن یحدثه من لایفهمه، أومن یرید منه غرضاً دنیویاً، أومن لایتعلمه لله.'' (المرقاة شرح المشکاة، کتاب العلم، الفصل الثانی: ۱/ ۴۷۷، رشیدیه)

(۴) قال الله تعالی: ﴿فأما الذین شقوا ففی النار، لهم فیها زفیر وشهیق، خالدین فیها مادامت السماوات والأرض إلا ماشاء ربک، إن ربک فعال لما یرید﴾ (هود: ۱۰۶، ۱۰۷)

Made searchable using ScribeTools.com

مندرجہ ذیل شعر میں آلم مظفرنگری نے خودکو روح الامین کا حریف ظاہر کیا، وہ بھی نفحات میں، کیا روح الامین بھی ایسے ہی نغمے پڑھتے ہیں جیسے کہ آلم مظفرنگری فرماتے ہیں؟

تری شہرت آلم پہنچی ہوئی ہے بامِ سدرہ تک ترے نغمے حریفِ نفخۂ روح الامین نکلے

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایک استاد کے دوشاگرد، ایک ساقی کے دو مے نوش، ایک افسر کے دو ماتحت یعنی شریک کار بھی حریف کہلاتے ہیں۔ جیسے ؎

چو با حبیب نشینی و بادہ پیمائی بیاد آر حریفان بادہ پیمارا

اور جیسے ؎

حریفاں بادہ ہا خوردند ورفتند تہی خم خانہا کردند ورفتند

اور جیسے ؎

صد شکر ہے کہ ان سے ملاقات تو ہوئی ہے یہ اَور بات ہے کہ حریفانہ ہوگئی

معنی اول کے اعتبار سے روح الامین کے سب حریف ہوسکتے ہیں جس کا حاصل یہ کہ روح الامین بھی اللہ جل جلالہ وعم نوالہ کے نفخۂ تسبیح میں رطب اللسان ہے اور الم بھی نفحہ تسبیح میں مصروف ومشغول ہے، ہر دو کی تسبیح کا فرق خدا کے علم میں ہے(۱)۔ بامِ سدرہ تک تسبیح کا پہنچنا کچھ مشکل نہیں۔قال اللہ تعالی : ﴿إليه يصعد الكلم الطيب﴾ الآيه (۲)۔

باقی شعراء کو ایسے کلام سے احتیاط کی ضرورت ہے جس سے دوسرے لوگ غلط فہمی میں مبتلا ہوں (۳)

---

(۱) "وفی اليتيمة : الأصل أن لايكفر أحد بلفظ محتمل؛ لأن الكفر نهاية فی العقوبة، فيستد عی نهايةً فی الجناية، ومع الاحتمال لانهاية". (التاتارخانيه، كتاب أحكام المرتد ين، فصل فی إجراء كلمة الكفر: ۴۵۹/۵، ادارة القرآن)

(وكذافی البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين : ۲۱۰/۵، رشيديه كوئٹه).

(۲)(الفاطر: ۱۰)

(۳) "اعلم أن من أراد أن يكون مسلماً عند جميع طوائف الإسلام، فعليه أن يتوب من جميع الآ ثام : صغيرها وكبيرها، سواء مايتعلق بالأعمال الظاهرة أو الأخلاق الباطنة، ثم يجب عليه أن يحفظ نفسه فی=

اور دوسرے لوگوں کو بھی کسی کے کلام پر سخت حکم لگانے میں جلدی نہیں کرنی چاہئے (۱)۔ فقط واللہ بما فی بطن الشاعر أعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

فاضل بریلوی سے متعلق چند اشعار

سوال[۶۴۳]: ۱..... بریلی کے اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان صاحب کے کسی مرید نے یہ لکھا ہے

یہ دعا ہے یہ دعا ہے یہ دعا تیرا اور سب کا خدا احمد رضا
تیری نسلِ پاک سے پیدا کرے کوئی ہم رتبہ تیرا احمد رضا
جو مدد فرمائیں دین پاک کی جیسی تونے کی ہے اے احمد رضا

اس پر کچھ لوگوں کا کہنا ہے کہ شاعر مولانا کو خدا مان کر مشرک ہوگیا۔

بریلوی لوگ اس کا یہ مطلب بیان کرتے ہیں کہ ان اشعار میں ''تیرا'' کا مخاطب احمد رضا خان ہے اور پہلے شعر میں ''اے'' ہے، شعر کا وزن درست رکھنے کے لئے محذوف ہے جیسے روزمرہ کی بولی میں محذوف ہوتا ہے جیسے غالب نے کہا ہے ؎

دلِ ناداں تجھے ہوا کیا ہے آخر اس درد کی دوا کیا ہے

اس شعر کا مطلب یہ ہے کہ مولانا احمد رضا خان ہماری یہ دعا ہے کہ تیرا اور سب کا خدا تیری نسل پاک سے بچہ پیدا کرے جو تیرے ہی دین پاک کی مدد کرے۔ ان دونوں میں کس کی بات صحیح ہے؟ کیا یہ شاعر اس شعر کی وجہ سے مشرک اور کافر ہے، یا بریلوی کا بیان کیا ہوا مطلب درست ہے؟

منکر ونکیر کے سوال کے جواب میں اعلیٰ حضرت کا حوالہ

[۶۴۴] ۲.....اسی طرح ایک اَور شعر پر جھگڑا ہو رہا ہے ؎

= الأقوال والأفعال والأحوال من الوقوع فی الارتداد الخ". (شرح الفقه الأكبر للقاری، ص: ۱۶۱، قدیمی)

(۱) "ينبغی للعالم إذا رفع إليه هذا أن لايبادر بتكفير أهل الإسلام". (البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۵/۲۱۰، رشيديه)

(وكذا فی التاتارخانيه، كتاب أحكام المترتدين، فصل فی إجراء كلمة الكفر: ۵/۴۵۹، إدارة القرآن)

Made searchable using ScribeTools.com

نکیرین آ کے مرقد میں جو پوچھیں گے تُو کس کا ہے
ادب سے سرجھکا کر لوں گا نام احمد رضاخان کا

اس پراعتراض ہے کہ قبر میں تین سوال ہوں گے: ۱- تیرا پروردگار کون ہے؟ ۲- تیرا دین کیا ہے؟ ۳-اس مرد (حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) کے بارے میں کیا کہتا ہے؟

یہ جواب کہ ''احمد رضاخان کا ہوں''، بیچ والے سوال کا جواب ہونہیں سکتا، لامحالہ پہلے یا تیسرے سوال کا جواب ہوگا، تو ضروری ہے کہ شاعر نے مولانا احمد رضاخان کو خدا یا رسول مانا اور یہ دونوں کفر ہیں۔ بریلوی لوگ اس کا جواب یہ دیتے ہیں کہ پہلے مصرع میں ''جو'' حرف شرط ہے، مطلب یہ ہوا کہ قبر میں نکیرین یہ پوچھیں گے کہ تو کس کا مرید ہے، تو میں کہہ دوں گا احمد رضاخان کا۔ ''کس کا ہے'' اس کے معنی بندہ یا امتی کے نہیں بلکہ یہ ہے کہ تو کس کا مرید ہے، تو میں کہہ دوں گا مولانا احمد رضاخان کا۔ ''کس کا ہے'' یہ جملہ شرطیہ ہے جس کے صحیح ہونے کے لئے جزا اور شرط کا واقع میں پایا جانا ضروری نہیں جیسے کہ قرآن کریم میں ہے: ﴿قل إن كان للرحمن ولد، فأنا أول العابدين﴾(۱) اور ﴿ولئن اتبعت أهواء هم من بعد ماجاء ك من العلم، إنك إذاً لمن الظالمين﴾(۲) جیسے حضرت عمر کے متعلق ہے کہ "لو كان بعدى نبىٌ لكان عمر"(۳)۔

یہ سب ارشادات حق ہیں حالانکہ ان تینوں میں شرط یا جزاء دونوں میں کسی کا وجود نہیں اور نہ ہوسکتا ہے، نہ قیامت تک ہوگا، اسی طرح قبر میں نہ یہ سوال ہوگا کہ تُو کس کا مرید ہے اور نہ یہ جواب ہوگا کہ میں فلاں کا مرید ہوں، مگر برسبیلِ فرض اگر سوال ہوا کہ تو کس کا مرید ہے تو جواب میں احمد رضاخان کا نام لوں گا جیسے دونوں آیتوں اور حدیث میں برسبیل فرض ہے، اسی طرح اس شعر میں، ان دونوں میں کس کی بات صحیح ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....میرے پاس وہ اصل کتاب نہیں ہے جس میں یہ تینوں اشعار درج ہیں، نہ ہی یہ معلوم ہے کہ یہ

---

(۱)(الزخرف: ۸۱)

(۲) (البقرة: ۱۴۵)

(۳) (مشكوة المصابيح، كتاب الفتن، أبواب المناقب، باب مناقب عمربن الخطاب رضى الله تعالىٰ عنه، ص: ۵۵۸، قديمى)

کس کے اشعار ہیں۔ کلام کا مطلب متکلم کے حالات کے خلاف مراد لینا اور اس پر حکم شرعی لگانا خاص کر شرک وکفر کا فتوی دیدینا منصب افتا کے لائق نہیں ہے، اس لئے بہت حزم واحتیاط کی ضرورت ہے(۱)، بعض لوگ بے احتیاطی سے کام لیتے ہیں۔

اگر ان اشعار ثلاثہ میں خدا سے دعاء کی ہے، اس نے مولانا احمد رضا خان صاحب کو خدا نہیں کہا تو محض اس دعاء سے وہ مشرک نہیں ہوا، اگر شاعر کے حالات ایسے ہوں کہ وہ واقعۃً مولانا احمد رضا خان صاحب کے ساتھ شرک کا معاملہ کرتا ہو، ان کو ''تصرف فی الکون'' تسلیم کرتا ہو، ان کی قبر کو سجدہ کرتا ہو، ان کی نذر مانتا ہو، ان سے رزق واولاد وغیرہ مانگتا ہو جیسا کہ بعض جاہل لوگ کرتے ہیں تو پھر معاملہ خطرناک ہے، کیونکہ جو آدمی اپنے عقائد واعمال کی وجہ سے مشرک ہوجائے، اس کو مفتی کا فتوی بچا نہیں سکتا(۲)۔ الحاصل ان اشعار کی وجہ سے اس شاعر پر کفر کا فتوی نہیں دیا جاسکتا۔

۲..... اس شعر کے قائل کا حال بھی مجھے کچھ معلوم نہیں، اگر کسی نے اس کو اس شعر کی وجہ سے کافر قرار دیا ہے تو بریلوی لوگوں نے شعر کا مطلب بیان کرکے اس کو کفر سے بچالیا ہے، یہ بہت اچھا کیا، واقعی جب تک مسلمان کے کلام کا مطلب صحیح بن سکے اس کو کفر سے بچانا چاہئے(۳)۔ البتہ شاعر کو بھی ضروری ہے کہ ایسے کلام سے پورا پرہیز کرے جس کی وجہ سے اس کے اوپر شرک وکفر کی بحث چھڑ جائے اور فتنہ پیدا ہو۔ لیکن

---

(۱) ''وینبغی للعالم إذا رفع إلیه هذا أن لایبادر بتکفیر أهل الاسلام .....وفی الفتاوی الصغری : الکفر شئی عظیم، فلاأجعل المومن کافرا متی وجدت روایةً أنه لایکفر''. (البحر الرائق کتاب السیر، باب أحکام المرتدین : ۵/ ۲۱۰، رشیدیه).

(وکذا فی التاتارخانیة، کتاب أحکام المرتدین، فصل فی إجراء کلمة الکفر : ۵/ ۴۵۹، ادارة القرآن)

(۲) ''فی البزازیة : إلا إذا صرح بإرادة توجب الکفر، فلاینفعه التأویل حینئذ''. (البحر الرائق، کتاب السیر، باب أحکام المرتدین: ۵/ ۲۱۰، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، قبیل الباب العاشر فی البغاة : ۲/ ۲۸۳، رشیدیه)

(۳) وفی الخلاصة : ''إذا کان فی المسئلة وجوه توجب التکفیر، ووجه واحد یمنع التکفیر، فعلی المفتی أن یمیل إلی الوجه الذی یمنع التکفیر تحسیناً للظن بالمسلم''. (البحر الرائق المصدر السابق)

(وکذا فی الفتاوی العالمکیریة المصدر السابق)

Made searchable using ScribeTools.com

اگرشاعرنے اس کوقبرمیں پوچھے جانے والے دوسرے سوال کا جواب قراردیاہے تب بھی یہ جواب منطبق ہوسکتاہے، وہ اس طرح کہ مولانااحمد رضاخان صاحب نے ''وصایاشریف'' میں اپنے صاحبزادوں کوحتی المقدورشریعت پرعمل کرنے کی تاکید کی ہے اوراپنے دین ،مذہب پرعمل کرنے کوہرفرض سے زیادہ ضروری قراردیاہے اوراپنے دین ،مذہب کے متعلق یہ بھی واضح کردیاہے کہ میرادین ومذہب میری کتاب سے ظاہرہے۔

اب شعرکا حاصل یہ نکلے گا کہ قبرمیں جب سوال ہوگا کہ ''توکس کا ہے''یعنی تیرادین کس کادین ہے تومیں سرجھکا کرکہوں گا کہ میرادین احمد رضاخان صاحب کادین ہے۔اس صورت میں سوال وجواب کوفرض قراردینے کی بھی ضرورت نہیں بلکہ سوال بھی واقعی ہےاورجواب بھی واقعی۔یہ بات ضروری ہے کہ جواب یہ دیناچاہئے تھا کہ میرادین اسلام ہے،اس جگہ یہ جواب دیناتجویز کررکھاہے کہ میرادین احمد رضاخان صاحب کادین ہے اوریہ اس بناپرکہ مولانااحمد رضاخان صاحب کے متعلق یہ عقیدہ جمارکھاہے کہ ان کادین،مذہب بالکل اسلام ہے،اب اگرمولانااحمد رضاخان صاحب کے مذہب میں کوئی بات اسلام کے خلاف ہوتو یہ شاعرزدمیں آجائے گا،اگرمولانا موصوف یہ وضاحت فرمائیں کہ دین اسلام پرپوراپوراعمل کریں یایہ فرمائیں کہ میرادین ومذہب قرآن وحدیث سے ظاہرہےتوزیادہ الجھاؤپیدانہ ہوتا،مگرانہوں نے ایسانہیں کیابلکہ شریعت پرعمل کرنے کی ''حتی المقدور'' کی قیدلگائی اوراپنے دین ومذہب پرعمل کرنے کوہرفرض سے زیادہ فرض قراردیاہے جس سے ظاہرہوتاہے کہ ان کادین ومذہب شریعت سے الگ کوئی مستقل چیز ہے جوان کی کتب سے ظاہرہے۔

چنانچہ'' رضاخانی مذہب''میں ایسی چیزیں درج ہیں جوشریعت کے موافق نہیں اوردین اسلام کے خلاف ہیں۔اگرشاعرزندہ ہو تواس کواپنے اس شعرسے رجوع کرلیناچاہئے (۱)،اورجواب کی ایسی تصحیح جس کے بعدنجات مل جائے اورجنت کی طرف دروازہ کھولدیاجائے اوروہ جواب وہی ہے جوکہ حدیث پاک میں

---

(۱) گویاکہ اس شخص نے غیرشرعی اورغیرثابت امورکودین کے اندرداخل مانا ہےاوراس قسم کافعل تحریف فی الدین ہے جوسلب ایمان کاذریعہ ہے۔(أعاذنااللہ منہ)

ہے وہ یہ کہ ''میرا دین اسلام ہے''(۱)، اور آئندہ ایسے کلام سے پوری احتیاط کرے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/ ۸/ ۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

شاعر امام کے بعض اشعار

سوال[۶۴۵]: ایسے شاعر امام کے بارے میں شرع وقرآن وحدیث کی طرف سے کیا فتویٰ عائد ہوتا ہے؟ شاعر امام کی پوری نظم درج ذیل ہیں ؎

کون آئے گا ثانی میرا میرے بعد — کون پہونچائے گا پیغامِ وفا میرے بعد
پھول کی طرح جس ایک شاخ پہ بیٹھا برسوں — کیوں نہ ترسے گی گلستاں کی فضا میرے بعد
ہر طرف ذکر میرا، یاد میری، بات میری — آج پھر زندہ ہوا نامِ وفا میرے بعد
ہائے وہ زینتِ محراب ومصلی نہ رہا — بند منبر سے ہوئی حق کی صدا میرے بعد
آپ کے بعد تو ایک بزم سجائی میں نے — آپ کی بزم میں پھر کیسے لگا میرے بعد
اہلِ دل اپنا مقام آپ بنالیتے ہیں — اہل دل ہے تو مقام اپنا بنا میرے بعد
میرا اندازِ خطابت تمہیں یاد ہے کہ نہیں — سچ کہو لطف تمہیں کچھ تو ملا میرے بعد
کوئی رہزن نہ کرے راہبری کا دعویٰ — قافلے والے ہوں ہوشیار ذرا میرے بعد
میری موجودگی سے وہ جو سدا جلتے ہیں — حال اب ان کا کچھ تو بتا میرے بعد
چہرۂ دوست ہے اترا ہوا ایک بات بھی ہے — کیوں پشیماں ہوئے اہلِ جفا میرے بعد
ان کی محفل سے بہت دور چلا آیا ہوں — پھر بھی ہوگا سنا میرا گِلہ میرے بعد
میں تھا موجود تو چپ سادھ لیا تم نے — واہ واہ بن گئے اب شعلہ نوا میرے بعد

---

(۱) ''وعن البراء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ عن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال: ''یأتیہ ملکان فیجلسانہ فیقولان لہ: من ربک؟ فیقول: ربی اللہ. فیقولان لہ: مادینک؟ فیقول دینی الإسلام''. الحدیث. رواہ احمد وأبوداود.''(مشکوۃ المصابیح، کتاب الإیمان، باب إثبات عذاب القبر، الفصل الثانی، ص: ۲۵، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

یادآجاؤں اگرمیں تودعایہ دینا ساتھ آپ کے اب جاؤ خدا میرے بعد

کوئی شیخی نہیں بسی یہ ہے مقامِ شاعر

نہ ملے گا تمہیں پھر مثل مرا میرے بعد

الجواب حامداً ومصلیاً:

شاعری کا تقاضا یہی ہے کہ اپنی تعریف کی جائے، اس لئے صلحاء نے شاعری کو اختیار نہیں فرمایا، تاہم منقولہ اشعار میں کہیں نبوت کا دعویٰ نہیں، صرف زورِ شاعری ہے جو کہ مناسب نہیں لیکن اس پر کوئی سخت حکم (کفر وغیرہ کا) نہیں لگ سکتا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۳/۹۶ھ۔

ریاکاری کی نماز کو گالی دینا

سوال[۶۴۶]: دس سال کا عرصہ ہوا کہ مسماۃ ہندہ زوجہ زید اپنے خاوند کے ساتھ سخت بدگذران رہتی ہے، سخت بے فرمان ہوکر تمام اثاث البیت، زیورات، پارچہ جات سمیٹ کر میکے میں روٹھ بیٹھی۔ مسماۃ ہندہ کے ورثاء نے زید کو کہا کہ تم ہندہ کو طلاق کردو، زید نے جواب دیا کہ میرا مال واسباب زیورات وغیرہ مجھے واپس دو، ہندہ کے ورثاء نے کہا کہ تمہارا مال زیورات وغیرہ ہندہ کے نان نفقہ میں مجری ہوگیا ہے کہ سات سال کا عرصہ ہوا وہ کیا کھائے یا پئے، زید نے کہا اگر عورت ناشزہ ہو تو نان نفقہ شریعت میں مرد کو دینا ضروری اور لازمی ہوتو مجری کرو، ورنہ مجھے واپس دو، فریقین میں کشمکش ہوتی رہی۔ اس کے بعد ہندہ کے متعلقین نے زید پر خیارالبلوغ کا جھوٹا دعوی کردیا جو شرعاً ثابت نہ ہوسکا، اس کے بعد ہندہ اور اس کے متعلقین تین سال چپ رہے اس کے بعد فسخ نکاح کی بابت یہ دعویٰ کیا کہ زید نے نماز کو سب وشتم کی ہے جو کہ زید نے اپنی گفتگو میں کہا تھا کہ ''بعض لوگ دکھلاوے کی نماز پڑھتے ہیں اس میں مُوت (۱) کیا جاوے، آگ لگائی جائے، اف! میں نے ریا کی نماز کو، جو کہ نامقبول ونامنظور چیز ہے، برا کہہ دیا، الٰہی! میری توبہ، استغفراللہ، نعوذ باللہ من ذلک'' اسی جگہ کھڑے کھڑے کہہ دیا۔ ہندہ کے متعلقین علاقہ کے ایک مشہور مولوی کے پاس گئے اور سارا قصہ زید کی

---

(۱) ''پیشاب'' (فیروز اللغات، ص:۱۳۱۰)

Made Searchable by ScribeTools.com

گفتگو کا سنایا جس پر مولوی صاحب نے حکم دیا کہ نماز کو سب وشتم کرنے والا کافر ہے، اس کی عورت اس سے طلاق ہوجاتی ہے، نکاح فسخ ہوجاتا ہے، اس کے لئے تجدید نکاح لازمی ہوجاتا ہے۔ چنانچہ ہندہ کے متعلقین زید کی آگاہی کے لئے اسی مولوی صاحب کو زید کے پاس لئے گئے درآنحالیکہ زید اپنی بستی کی مسجد میں نماز پڑھا رہا تھا، مولوی صاحب نے زید کے پیچھے نماز پڑھی اور نماز کے بعد لوگوں سے الگ کر کے حال پوچھا کہ تم نے نماز کو کس طرح سب وشتم کی ہے تو زید نے جواب دیا کہ ''میں نے یہ الفاظ کہے تھے کہ ''بعض لوگ دکھلاوے کی نماز پڑھتے ہیں اس میں مُوت کیا جاوے، آگ لگائی جاوے'' کہہ کر اسی جگہ کھڑے ہوئے نادم ہوکر استغفار پڑھا، نعوذ باللہ پڑھا اور خداوند تعالیٰ سے معافی کا طلبگار رہوا''۔

مولوی صاحب نے کہا تو نے نماز کو سب وشتم کیا، ریاکار کی نماز بھی تو نماز ہوا کرتی ہے، ان الفاظ کو نکلنے سے تمہاری بیوی کو طلاق بائن ہوگئی ہے، اب ہندہ کو تم سے طلاق ہوچکی ہے، طلاق بائن میں عورت کی مرضی پر منحصر ہوا کرتا ہے کہ وہ پہلے خاوند سے نکاح کرے یا دوسری جگہ نکاح کرے، حقِ مہر تم پر لازم نہیں کیونکہ جس عورت کا نکاح شرعاً فسخ ہوجائے وہ حق مہر کی مستحق نہیں رہتی مگر نکاح فسخ ہوجاتا ہے۔

کیا ہندہ کا نکاح زید کے ساتھ اس صورت مرقومہ میں فسخ ہوجاتا ہے اور وہ اپنا نکاح دوسری جگہ کرسکتی ہے؟ بینوا بالکتاب وتوجروا یوم الحساب۔ راقم: محمد دین قریشی۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

تنقیح: زید نے جو یہ الفاظ کہے ہیں یا نقل کئے پہلے آپ اس سے اس کی تحقیق دریافت کرلیجئے، تکفیر کا مسئلہ نہایت نازک ہے، باہمی مناقشات اور دنیوی اغراض کی بنا پر کسی کو کافر بنانے کی کوشش کرنا نہایت بُری بات ہے، اگر طلاق لینے کی ضرورت ہو تو اس سے طلاق حاصل کرلی جائے۔ فقط سعید احمد غفرلہ دارالافتاء مدرسہ مظاہر علوم سہارن پور، ۱۵/محرم/۶۱ھ۔

سائل لکھتا ہے کہ استفتاء ہذا مدرسہ امینیہ دہلی بھیجا گیا جس کا جواب حسب ذیل آیا:

مولوی صاحب کا یہ جواب صحیح نہیں، زید اس کلام سے فاسق بھی نہیں ہوا، کافر ہوجانے کے حکم کی تو کوئی وجہ نہیں، ریاء کی نماز درحقیقت نماز ہی نہیں، اس کا کلام سعدی رحمہ اللہ تعالیٰ کے اس قول کے حکم میں ہے ؎

کلیدِ درِ دوزخ است آں نماز کہ در چشمِ مردم گزاری دراز

Made searchable using ScribeTools.com

لہٰذا اس کلام کی وجہ سے فسخ کا حکم لگانا درست نہیں۔ محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ۔

اس کے بعد سائل نے مظاہر علوم کے اس ہی معاملہ کے متعلق ایک جواب وسوال نقل کیا ہے لیکن اس میں سوال کے الفاظ میں اختلاف ہے، اس لئے جواب بھی مختلف ہے۔ اس کے بعد سائل مفتی سعید احمد صاحب کی تنقیحات کا جواب لکھتا ہے:

جواب تنقیح:

زید نے نہ فرض نماز کے متعلق کہا ہے نہ نفل نماز کے، بلکہ اس نے ریائیہ نماز کے متعلق کہا ہے۔

خط کشیدہ الفاظ نمبر: ا مندرجہ استفتاء جس کا جواب سہارن پور دارالافتاء سے آیا ہے اور اسی مولوی علاقہ نے عمل کر کے ہندہ کا نکاح ثانی دوسرے شخص سے کر دیا ہے، زید اور مولوی کے درمیان کوئی شخص گواہ نہیں کیونکہ مولوی صاحب نے زید سے تنہائی میں سب وشتم کی بابت پوچھا تھا، زید نے کہا ہے کہ مولوی صاحب کے سامنے میں نے ریائیہ نماز بیان کی ہے، مگر مولوی صاحب نے کہا کہ کوئی شخص کسی کی بابت نہیں کہہ سکتا کہ یہ ریائیہ نماز ہے یا خدائی نماز، کیونکہ انسان دیکھنے والا فرق نہیں معلوم کر سکتا کہ کون سی نماز ہے، لہٰذا سب نمازیں ایک ہیں اور تمہارا سب وشتم نماز کو ہے تمہارا نکاح ہندہ سے فسخ ہے۔

۲.....غلط آپ کو لکھا گیا کہ زید نے اپنی عورت سے تجدید نکاح کیا ہے کیونکہ اس نے دوسرے علماء سے پوچھ کر اپنی تسلی کر لی ہے کہ ریائیہ نماز کو سب وشتم کرنے سے تجدید نکاح لازم نہیں آیا۔

۳.....بموجب استفتاء، خاوند اس کو قائل اور تسلیم نہیں کرتا۔

۴.....(**نوٹ**) زید نے مفتی مولوی علاقہ کے سامنے ریائیہ نماز تسلیم کی مگر مفتی صاحب نے سب کو ایک نماز بنا کر زید سے تسلیم کرایا اور اس نے کہا کہ واقعی عرصہ تین سال کا گزر چکا ہے کہ میں نے یہ فلاں کی بابت کہا تھا کہ خراب آدمی نماز کو آڑ بنایا ہوا ہے اور برے لوگوں سے بھی زیادہ گناہ کرتا ہے اور دکھلاوے کو کہ لوگ مجھے اچھا سمجھیں، ریائیہ نمازیں پڑھتا ہے۔

(**نوٹ**) واقعاتِ مندرجہ بالا آپ کے سامنے رکھ دیئے ہیں آپ فتویٰ تحریر فرمائیں کہ ہندہ کا عقدِ ثانی دوسرے شخص سے جائز ہے اور زید کا نکاح فسخ ہے؟ بینوا وتوجروا۔ محمد دین۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

نماز وروزہ اسلام کے رکن ہیں(۱) ان کو گالی دینا، سب وشتم کرنا، استخفاف کرنا موجبِ کفر ہے(۲)، اس میں کوئی تأمل نہیں۔ استفتاء نمبر:۳۰۱ میں سائل نے جس قسم کا سوال درج کیا تھا اس کے مطابق جواب میں حکم تحریر کردیا تھا، دہلی جو سوال بھیجا گیا اس میں خصوصیت سے ریائی نماز کو دریافت کیا گیا ہے، اس کا جواب درست ہے، کیونکہ ریائی نماز درحقیقت نماز ہی نہیں(۳) اس لئے وہ قابل مدح نہیں بلکہ قابل مذمت ہے:

قال اللّٰہ تبارك تعالیٰ: ﴿فویل للمصلین الذین هم عن صلاتهم ساهون، الذین هم

---

(۱) "عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "بنی الإسلام علی خمس: شهادة أن لاإله إلااللہ وأن محمداًرسول اللہ، وإقام الصلوة، وإیتآء الزکوة، والحج، وصوم رمضان". (صحیح البخاری، کتاب الإیمان، باب قول النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "بنی الإسلام علی خمس": ۱/۶، قدیمی)

(۲) "الإستهزاء بحکم من أحکام الشرع کفر". (شرح الفقه الأکبر، قبیل فصل فی الکفر صریحاً وکنایةً، ص: ۱۷۶، قدیمی)

(۳) قال الإمام الأعظم رحمه اللہ تعالیٰ فی الفقه الأکبر: "والریآء إذاوقع فی عمل من الأعمال، فإنه یبطل أجره". وقال الملاعلی القاری رحمه اللہ تعالیٰ تحته: "(فإنه یبطل أجره): أی أجر ذلک العمل، بل یثبت وزره بحیث ظلم نفسه بوضع الشیء فی غیر موضعه، قال اللہ تعالیٰ: ﴿فمن کان یرجو لقاء ربه، فلیعمل عملاً صالحاً ولایشرک بعبادة ربه أحداً﴾ : أی لاشرکاً جلیاً ولاخفیاً. وفیه إیماء إلی أنه إذاقصد الریآء والسُّمعة وقصد الطاعةوالعبادة معاً، یُوصف بالشرکة مطلقاً لغلبة أحدهماعلی الآخر، أوالتسویة بینهما، فإنه یبطل أجره ویثبت وزره لعموم حدیث ..... "لایقبل اللہ عملاً فیه مقدارذرة من الریآء". (شرح الفقه الأکبر، ص: ۷۸، قدیمی)

(وکذافی الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، موجبات الکفرأنواع، ومنهامایتعلق بالصلوة والصوم والزکوة: ۲/۲۶۸، رشیدیه)

وفی المرقاة شرح المشکوة: "هولفاعله: أی ترکت ذلک العمل وفاعلَه لاأقبله، ولاأجازی فاعله بذلک العمل؛ لأنه لم یعمله لی، انتهی ..... إن العمل علی الإشراک حرام إجماعاً". (کتاب الرقاق، باب الریآء والسمعة، الفصل الأول: ۹/۱۷۶، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

یرآؤون﴾الآیة (۱)۔ "عن أبی هریرة رضی اللّٰه تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم قال اللّٰه تعالیٰ : أناأغنی الشرکاء عن الشرك، من عمل عملاً أشرك فیه معی غیری، ترکته وشرکه"، وفی روایة": فأنامنه بری، هوللذی عمله"(۲)۔

"عن شداد بن أوس رضی اللّٰه تعالیٰ عنه قال: سمعت رسول اللّٰه یقول : "من صلی یرائی فقد أشرك، ومن صام یرائی فقد أشرك، ومن تصدق یرائی فقد أشرك". رواه أحمد (۳)۔ مشکوة شریف(٤)۔

جس شئ کی شریعت نے مذمت کی ہواس کی مذمت موجب کفرنہیں، نہ اس سے نکاح فسخ ہوتا ہے، نہ عورت بائنہ ہوتی ہے(۵)، ایسی صورت میں عورت کودوسری جگہ نکاح بھی درست نہیں ہوتا۔سوال کی تصحیح سائل کے ذمہ ہے، اگرغلط سوال قائم کرکے جواب حاصل کرلیاتواس سے اخروی مواخذہ سے نجات حاصل نہ ہوگی اورجوشئ دراصل حرام ہےوہ حلال نہیں ہوگی اورجوحلال ہےوہ حرام نہیں ہوگی۔واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبدمحمودگنگوہی عفااللہ عنہ،۵/۴/۶۱ھ۔

ایسےالفاظ کہنا براہے مگرچونکہ ان الفاظ میں احتمال ہےاسلئے ان سے تکفیرکرنا جائزنہیں(۶) محمدنصر۔

صحیح:عبداللطیف،۱۰/ربیع الثانی/۶۴ھ۔

---

(۱) (الماعون: ۴،۵،۶)

(۲) (مشکوة المصابیح، کتاب الرقاق، باب الریآء والسمعة، الفصل الأول ، ص:۴۵۴، قدیمی)

(۳) (مسند الإمام أحمد بن حنبل :۵/۱۰۸، رقم :۱۶۶۹۰)

(۴)(المشکوٰة المصدرالسابق، الفصل الثالث:۴۵۵)

(۵) "ثم إن کانت نیة القائل الوجه الذی یمنع التکفیر، فهومسلم". (الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، قبیل الباب العاشرفی البغاة: ۲/۲۸۳،رشیدیه)

(وکذافی التاتارخانیة، کتاب أحکام المرتدین، فصل فی إجرآء کلمة الکفر:۵/۴۵۸، ادارة القرآن)

(والمحیط البرهانی، کتاب السیر، فصل فی مسائل المرتدین، النوع الأول فی إجرآء کلمة الکفر: ۵/۵۵۰، غفاریه کوئٹه)

(۶) "الأصل أن لایکفرأحد بلفظ محتمل؛ لأن الکفرنهایة فی العقوبة، فیستدعی نهایةً فی الجنایة، ومع =

دینی کتب کے مترجمین کو بُرا کہنا

سوال[۶۴۷]: بعض لوگ ان علماء کو دشنام اور برا کہتے ہیں جنہوں نے کتب فقہ، حدیث، تفسیر کا اردو ترجمہ اور شرح کی ہے اور کہتے ہیں کہ ہم ان اردو کتابوں کو نہیں مانتے، عربی زبان میں ہوتی تو ضرور مان لیتے۔ ایسے شخص کے لئے کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

حقانی علماء کو محض اس وجہ سے برا کہنا اور دشنام دینا کہ انہوں نے دین کی خدمت کی اور اردو میں عربی کتابوں کے تراجم کئے ہیں، کبیرہ گناہ اور سخت خطرناک ہے(۱)۔ جو مسائل حق ہیں خواہ وہ اردو میں ہوں یا عربی وغیرہ میں ان کو ماننا لازم ہے، ایسے شخص کو توبہ لازم ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مظاہر علوم سہارنپور، ۲۶/۴/۵۵ھ۔

صحیح: سعید احمد غفرلہ۔

= الإحتمال لانهاية". (التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل فى إجراء كلمة الكفر: ۵/۴۵۹، إدارة القرآن)

(وكذافى شرح الفقه الأكبر للقارى، ص: ۱۶۲، قديمى)

(والبحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۵/۲۱۰، رشيديه)

(۱) اس جیسے الفاظ میں اکثر کفر کا قوی اندیشہ ہوتا ہے۔ قال الملاعلى القارى: "من قال لفقيه يذكر شيئاً من العلم: ..... هذا ليس بشيء، أو قال: لأىّ أمر يصلح هذا الكلام؟ ..... كفر". (شرح الفقه الأكبر، فصل فى العلم والعلمآء، ص: ۱۷۵، قديمى)

(وكذافى الفتاوى العالمكيرية كتاب السير، موجبات الكفر أنواع ومنها مايتعلق بالعلم والعلمآء: ۲/۲۷۱، رشيديه)

اور عالم کو بغیر کسی سبب کے سب وشتم کرنے میں بھی اندیشۂ کفر ہے: فى الفتاوى العالمكيرية: "ويخاف عليه الكفر إذا شتم عالماً أو فقيهاً من غير سبب". (الفتاوى العالمكيرية، المصدر السابق: ۲/۲۷۰)

(وكذافى البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۵/۲۰۷، رشيديه)

Made Se[illegible]ools.com Made searchable using ScribeTools.com

ڈاکٹر فضل الرحمٰن پاکستان کے اقتباسات ضلالت آمیز

سوال[۶۴۸]: ایک شخص اپنی تحریر میں اس قسم کے جملہ استعمال کرتا ہے:

۱..... ''معراج کا واقعہ ایک افسانہ ہے جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو آسمان پر اٹھائے جانے کے مقابلہ میں گھڑا گیا ہے'' (۱)۔ (اسلام، ص:۱۴، مصنفہ ڈاکٹر فضل الرحمٰن، صدر ادارہ تحقیقات اسلامیہ اسلام آباد، پاکستان)۔

۲..... ''قرآن مجید میں انبیاء سابقین کے واقعات ماضیہ سے متعلق جتنے قصے اللہ تعالیٰ نے بیان کئے ہیں وہ بے بنیاد واقعات ہیں جو یہود و نصاریٰ کے مقابلہ میں گھڑے گئے ہیں''۔ (ایضاً، ص:۱۶)۔

۳..... ''حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صرف انسان کے اخلاق کی اصلاح کرنے والے تھے''۔ (ایضاً، ص:۱۷)۔

۴..... ''حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عرب قوموں کی تنظیم میں مصروف رہنے کی وجہ سے انہیں حکومت بنانے کے قوانین مرتب کرنے کی فرصت نہیں ملی''۔ (ایضاً، ص:۲۸)۔

۵..... ''حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایامِ جاہلیت کی رسوم کے مطابق متعدد شادیاں کی تھیں، یہ کوئی شانِ نبوت نہیں ہے''۔ (ایضاً، ص:۲۹)۔

۶..... ''نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس وحی آئی تھی، یہ بات یہود اور نصرانیوں کو قائل کرنے کے لئے ان کے عقائد کے مطابق بنائی گئی ہے''۔ (ایضاً، ص:۳۱)۔

۷..... ''حضرت جبرئیل امین کی کسی جسمانی صورت کا کوئی ثبوت نہیں ہے''۔ (ایضاً، ص:۳۱)۔

۸..... ''قرآن شریف اللہ تعالیٰ اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دونوں کے الفاظ سے عبارت ہے، اس میں صرف اللہ ہی کے الفاظ نہیں''۔ (ایضاً، ص:۳۱)۔

۹..... ''وحی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دل کی آواز ہے اس سے زیادہ کچھ نہیں''۔ (ایضاً، ص:۳۳)۔

۱۰..... ''قرآن کریم میں صرف تین وقت کی نماز کا ذکر ہے، باقی دو وقت کی نمازیں بعد میں شامل کی گئی ہیں''۔ (ایضاً، ص:۳۲)۔

۱۱..... ''قرآن شریف کوئی قطعی دلیل نہیں''۔(ایضاً،ص:۳۷)۔

۱۲..... ''زکوۃ عوام کے بہبود کے لئے ایک قسم کا ٹیکس ہے یہ کوئی عبادت نہیں اور حکومت وقت ضرورت کے مطابق اس میں کمی بیشی کرسکتی ہے''۔(ایضاً،ص:۳۷)۔

۱۳..... ''قرآن شریف میں اجتہاد کی گنجائش ہے''۔(ایضاً،ص:۳۹)۔

۱۴..... ''نامکمل اسلام کی تکمیل صرف مغربیت کی رہنمائی سے ہوسکتی ہے''۔(ایضا،ص:۱۱۶)۔

(نقل مطابق اصل،از روزنامہ نوائے وقت،۲۶/اگست ۶۸ء،ص:۶)۔

۱۵..... ''جانور ذبح کرنے والے کا مسلمان ہونا اور تکبیر پڑھنا ضروری نہیں''۔ (ادارہ تحقیقات اسلامیہ کا فتوی)۔

مذکورہ بالا تحریریں آپ نے پڑھ لیں،اب آپ فرمائیں کہ جس شخص کی ایسی تحریریں ہوں وہ اس لائق ہے کہ اسے مسلمان سمجھا جائے اور کیا ایسا شخص تحقیقاتِ اسلامی جیسے ادارہ کا ڈائرکٹر ہوسکتا ہے؟ اور جو حکومت ایسے شخص کو اس عہدے پر مقرر کرے، کیا وہ حکومت بھی مجرم ہے یا نہیں؟ اور کیا ڈاکٹر فضل الرحمٰن جیسے شخص کی اسلام کے بارے میں نظر بالغ ہے یا نہیں؟ قرآن وسنت کے عین مطابق جواب دیکر عنداللہ ماجور ہوں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

ڈاکٹر فضل الرحمٰن کی مذکورہ کتاب اور نوائے وقت ہمارے پاس نہیں، کہیں سے حاصل کر کے بھی مطالعہ کا موقع نہیں ملا۔ جو اقتباسات آپ نے نقل کئے ہیں اگر ان کا یہی مطلب ہے، سیاق وسباق سے دوسرا مطلب نہیں ہوجاتا اور مصنف کی مراد بھی وہی ہے جو الفاظ سے ظاہر ہے، تو یہ نہایت گمراہ کن عبارات ہیں، اسلام کے مسلمہ ومتفقہ اصول کے خلاف ہیں، ان کا پڑھنا اور ان پر یقین رکھنا تصدیقِ اسلام کے منافی ہے۔ بعض عبارت پر یقین رکھنے سے بالکل ہی ایمان جاتا رہے گا اور بعض سے ایمان خراب ہوجائے گا۔ ایسی باتوں کا معتقد ہرگز اس لائق نہیں کہ اس کو اسلام کے بارے میں بالغِ نظر کہا جائے، اس کو تو دائرہ اسلام میں رکھنا بھی دشوار ہے، وہ تو ایسے باطل عقائد کی بنا پر اسلام سے خارج ہوگیا، تاویلات سے بھی روکنا آسان نہیں (۱)، اس کو کسی دینی ادارہ

---

(۱) نبحث هنا تحقيقاً على نمط التخريج عن بعض نكات السوال التى هى مشتملة على ألفاظ صريحة غير محتمله، وأما غير المصرحة المحتملة، فقد تركناها ضيقاً للمقام. وذلك البعض: أى الألفاظ =

Made searchable using ScribeTools.com

.....

= المشتملة على الكفر يلزم منه الكفر قطعاً إنكاراً للنصوص القطعية من الكتاب والسنة:

فأماقوله الأول: ''معراج کاواقعہ'' الخ، فمخالف لنص القرآن القطعي، والأحاديث الصحيحة، أماالكتاب فقد قال الله تعالىٰ: ﴿سبحان الذى أسرى بعبده ليلاً من المسجد الحرام إلى المسجد الأقصى الذى باركناحوله، لنريه من آياتنا، إنه هوالسميع البصير﴾ (الإسرآء: ١)

وأماالحديث فقد روى :"عن أنس بن مالک رضى الله تعالىٰ عنه قال: كان أبوذر رضى الله تعالىٰ عنه يحدّث عن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال:" فرج عن سقف بيتى وأنابمكة، فنزل جبرئيل عليه السلام، ففرج صدرى، ثم غسله بمآء زمزم، ثم جآء بطست من ذهب ممتلىء حكمةً وإيماناً فأفرغه فى صدرى، ثم أطبقه، ثم أخذ بيدى، فعرج بى إلى السمآء، فلما جئت إلى السماء الدنيا، قال جبرئيل عليه السلام لخازن السماء: إفتح، قال: من هذا؟ قال: هذاجبرئيل، قال : هل معک أحد؟ قال: نعم معى محمد، فقال: أ أرسِل إليه؟ قال : نعم، فلمافتح، علوناالسمآء الدنيا". الحديث. (صحيح البخارى، كتاب الصلوة، باب كيف فرضت الصلوة فى الإسرآء : ١/٥٠، قديمى)

وأماقوله الثانى: ''قرآن میں بیان شدہ قصے بے بنیاد ہیں'' فهذاكذب صريح على الله تعالىٰ، لقوله تعالىٰ ليوسف عليه السلام: ﴿نحن نقص عليک أحسن القصص بماأوحيناإليک هذاالقرآن، وإن كنت من قبله لمن الغافلين﴾ (يوسف :٣)

فلوكانت القصص المذكورة فى القرآن لاأصل لها، فكيف قال تعالى لها: "أحسن القصص" وهذه القصة من جملة القصص، وأيضاً ذكرت تلک القصص لحِكمٍ كثيرة، منهاماقاله العلامة الآلوسى: "وأقوى مايجاب به أن قصص الأنبيآء إنماكررت؛ لأن المقصود بهاإفادة إهلاک من كذبوارسلهم، والحاجة داعية إلى ذلک كتكريرتكذيب الكفارللرسول صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ، فلماكذبوا، أنزلت قصة منذرة بحلول العذاب كماحلَّ بالمكذبين". (روح المعانى :١٢/١٧٦، داراحياء التراث العربى)

وأماقوله السادس: ''حضوراکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس وحی آتی تھی'' الخ، فمفهومه أن الوحى كان مخترعاً من جهة النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، وأنه لم يكن منزلاً من الله تعالىٰ على زعم هذاالقائل، وهوكذب واختراع وافترآء كماافترت اليهود والنصارى على الله تعالىٰ ورسله، فصاروامردودين من جناب الحق تعالىٰ، مخذولين بكيد الشياطين، وسماهم الله الكافرين الملحدين. .....=

کارہنما، رہبر بنانا، اس ادارہ کو تباہ کرنا ہے۔ فقط واللہ یھدی من یشاء إلی صراط مستقیم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳/۶/۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند۔

= قال اللہ تعالیٰ: ﴿إناأوحينا إليک كماأوحينا إلى نوح والنبيين من بعده﴾ الآية. وقال تعالیٰ: ﴿لكن الله يشهد بماأنزل إليک أنزله بعلمه والملائكة يشهدون، وكفى بالله شهيداً﴾. (النسآء: ۱۶۳، ۱۶۶)

وقال تعالیٰ: ﴿وقال الملأ من قومه الذين كفرواوكذبوابلقآء الآخرة وأترفناهم فى الحياة الدنيا ماهذاإلابشرمثلكم (إلى قوله) إن هوإلارجل افترى على الله كذباً ومانحن له بمؤمنين﴾. (المؤمنون: ۳۳، ۳۸)

فمن كذّب هذه النصوص فهو كافر، ومن أصحاب النار، كماقال تعالیٰ: ﴿والذين كفروا وكذبوابآياتنا، أولئک أصحٰب الجحيم﴾ (المائدة: ۱۰)

وأماقوله الثامن: ''دونوں کے الفاظ سے عبارت ہے'' فمعارض لنص الكتاب الصريح: قال الله تعالیٰ: ﴿وماينطق عن الهوى، إن هوإلاوحى يوحى﴾ (النجم: ۴) وقال تعالیٰ: ﴿قل الله شهيد بينى وبينكم، وأوحى إلىّ هذاالقرآن لأنذركم به ومن بلغ﴾ الآية (الأنعام: ۱۹)

وأماقوله الحادى عشر: ''قرآن شریف کوئی قطعی دلیل نہیں'' فهذاإعراض عماقاله تعالى فى شأن كتابه العزيز: ﴿إن هوإلاوحى يوحى، علمه شديد القوى، ذومرة فاستوى، وهوبالأفق الأعلى﴾ (النجم: ۴، ۵، ۶، ۷)

وقال تعالیٰ: ﴿إنه لقول رسول كريم، ذى قوة عند ذى العرش مكين، مطاع ثَمّ أمين، وماصاحبكم بمجنون، ولقد رآه بالأفق المبين، وماهوعلى الغيب بضنين، وماهوبقول شيطان رجيم﴾ (التكوير: ۱۹، ۲۵)

وأماقوله الرابع عشر: ''نامکمل اسلام'' ففيه إنكارلقوله تعالیٰ: ﴿أليوم أكملت لكم دينكم وأتممت عليكم نعمتى ورضيت لكم الإسلام ديناً﴾ الآية (المائدة: ۳).

لماثبت أن هذه النكاة المذكورة معارضة لنص الكتاب والسنة، وإنكارٌ و تمسخرٌ بهما، فنقول: إن الفقهآء رحمهم الله تعالیٰ قطعواحكم الكفرعلى هذامثل الزعيم، فقال فى التاتارخانية: "إذاأنكرآيةً من القرآن أوسخربآية من القرآن، وفى الخزانة: أوعاب، فقد كفر". (كتاب أحكام المرتدين، فصل فيمايتعلق بالقران: ۵/۴۹۰، إدارة القرآن)

وفى شرح الفقه الأكبرللقارى: "وكذا(أى يجب إكفار) من ..... جحد وعداً أووعيداً مماذكره الله تعالیٰ فى القرآن، أوكذب شيئاً منه: أى من أخباره، وهذاظاهرلامِرية فى أمره، ولامخالفة لحكمه ..... أوأنكرآيةً من القرآن، أوعاب شيئاً من القرآن ..... كفر". (فصل فى القرآءة والصلاة، ص: ۱۶۷، قديمى) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

''مجھ کو جہنم کا سب سے نچلا طبقہ منظور ہے، اللہ تعالیٰ کی ایسی تیسی'' کہنا (نعوذ باللہ)

سوال[۶۴۹]: زید اور عمر دونوں حقیقی بھائی ہیں، زید بڑا ہے عمر چھوٹا ہے، دونوں میں ایک رات جھگڑا ہو رہا تھا تو بڑے بھائی کی بدعنوانیوں کی بنا پر چھوٹے بھائی نے کہا کہ تمہارے یہ اعمال، اللہ کے یہاں تمہارا کیا حشر ہوگا، تو بڑے بھائی نے کہا کہ ''مجھ کو جہنم کا سب سے نچلا طبقہ منظور ہے''، پھر دوسری رات میں بھی جھگڑا ہوا اور زیادہ خطرناک صورت ہوگئی، تو بیچ بچاؤ کرنے والوں نے بڑے بھائی زید سے کہا کہ خدا کے لئے چپ رہو، تو زید نے برملا کہا کہ ''اللہ تعالیٰ کی ایسی تیسی'' (نعوذ باللہ)۔ کیا زید کے یہ دونوں جملے کلمہ کفر ہیں؟ اگر ہیں تو ایسی صورت میں زید کے لئے کیا حکم ہے؟ اور کیا اس سے نکاح پر بھی اثر پڑے گا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ کلمات نہایت سخت ہیں ان سے ایمان کا باقی رہنا دشوار ہے(۱)، مگر ایسے شخص کے واسطے فتویٰ

= (وكذافي الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، موجبات الكفر أنواع، ومنهامايتعلق بالقرآن : ۲۶۶/۲، رشيديه)

''من رد حديثاً، قال بعض مشايخنا: يكفر، وقال المتأخرون : إن كان متواتراً، كفر. أقول : هذاهو الصحيح، إلاإذاكان رد حديث الآحاد من الأخبارعلى وجه الإستخفاف والإستحقاروالإنكار''. (شرح الفقه الأكبرللقاري رحمه الله تعالىٰ، قبيل فصل في القرآءة والصلوة، ص:۱۶۶، قديمي)

(۱) ''وفي العتابية : ثم الأصل أن جحود أمرالله تعالىٰ وأمررسوله كفر، چنانچه گويد :..... اگرچه خداى مرابهشت فرستند نروم''. (التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل في رد الأوامر الشرعية: ۴۸۶/۵، ادارة القرآن)

وفيها:''قيل له : لاتعص الله، فإن الله يدخلك النار، فقال: من ازدوزخ نه انديشم''۔..... كفرفي هذاكله''. (التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل في رد الأوامر الشرعية: ۴۸۶/۵، ادارة القرآن)

''يكفرإذاوصف الله تعالىٰ بمالايليق به''. (الفتاوى العالمكيرية كتاب السير، الباب التاسع، موجبات الكفر، أنواع، منهامايتعلق بذات الله تعالىٰ : ۲۵۸/۲، رشيديه)

(وكذافي التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل فيمايقال في ذات الله تعالىٰ : ۴۶۱/۵، ادارة القرآن)

Made Searchable by ScribeTools.com

کیا کارآمد ہوگا، کسی عالم صالح بزرگ کے پاس اس کو لے جائیں، وہ نرمی اور شفقت سے اس کو سمجھادیں اور تجدید ایمان اور تجدید نکاح کرادیں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۵/۱۱/۹۹ھ۔

نیند کو نماز سے بہتر کہنے پر کیا حکم ہے؟

سوال[۶۵۰]: بعد نماز عشاء ایک آدمی نے اپنی لیٹی ہوئی بیوی سے کہا نماز پڑھ لو، بیوی نے کہا مجھے نیند آرہی ہے، اس کے جواب میں مرد نے کہا کہ نیند یعنی سونا بہتر ہے یا نماز بہتر ہے؟ تو بیوی نے جواب دیا کہ نیند بہتر ہے، اس صورت میں عورت پر کفر لازم آتا ہے یا نہیں؟ نیند کو نماز سے اچھا بتانے والا آدمی کیسا ہے؟ اسلام میں داخل رہے گا یا خارج از اسلام ہوگا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

نیند کا نماز سے بہتر ہونا جو کہ بیوی نے جواب میں کہا ہے، وہ باعتبارِ تقاضۂ طبیعت کے ہے یعنی اس وقت سونے کو طبیعت چاہتی ہے، نیند کا غلبہ ہے، نیند ہی اچھی لگتی ہے، اس کا یہ مطلب نہیں کہ خدائے پاک کے نزدیک نیند کا مقام نماز عشاء سے بلند ہے کہ اگر کوئی عشاء کی نماز نہ پڑھے بلکہ سوجائے تو وہ خدائے تعالیٰ کے نزدیک پیارا ہے اس سے جو نماز پڑھے، اس لئے بیوی پر کوئی سخت حکم نہیں لگایا جائے گا (۲)۔ البتہ اس قسم کے

---

(۱) "ماکان فی کونه کفراً اختلاف، فإن قائله یؤمربتجدید النکاح وبالتوبة، والرجوع عن ذلک بطریق الإحتیاط ..... ثم إن کانت نیة القائل ..... الوجه الذی یوجب التکفیر، لاتنفعه فتوی المفتی ویؤمربالتوبة والرجوع عن ذلک، وبتجدید النکاح بینه وبین امراء ته". (الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، قبیل الباب العاشرفی البغاة: ۲/۲۸۳، رشیدیه)

(وکذافی التاتارخانیة، کتاب أحکام المرتدین، فصل فی إجرآء کلمة الکفر: ۵/۴۵۸، ادارة القرآن)

(وکذافی المحیط البرهانی، کتاب السیر، فصل فی مسائل المرتدین، النوع الأول فی إجرآء کلمة الکفر: ۵/۵۵۰، غفاریه کوئٹه)

(۲) "إذاکان اللفظ محتملاً، فلایحکم بکونه کفراً، إلاإذاصرح بأنه نوی المعنی الأول فتأمل ..... لاسیماً، وقد ذکروا أن المسئلة المتعلقة بالکفرإذاکان لهاتسع وتسعون احتمالاً للکفر، واحتمال واحد =

Made searchable using ScribeTools.com

لفظ بولنے سے اس کو منع کیا جائے گا وہ توبہ کرے، آئندہ ایسا نہ کہے، نکاح بدستور قائم ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۳/۶/۹۶ھ۔

مناظرہ سکھانے کے لئے کفریات بولنا کیسا ہے؟

سوال[۶۵۱]: ہمارے یہاں ایک دینی مدرسہ میں تعلیماً طلبہ کو مناظرہ کی تمرین کرائی جاتی ہے، ایک طالب علم اپنے آپ کو کبھی کافر، کبھی بدعتی، کبھی مرزائی، کبھی مودودی ظاہر کرتا ہے، جب اپنے کو کافر ظاہر کرتا ہے تو خدا کا انکار اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رسالت کا انکار کرتا ہے، دوسرا طالب علم اس کو کافر وغیرہ الفاظ سے مخاطب کر کے اس کا جواب دیتا ہے اور جب بدعتی ظاہر کرتا ہے تو علماء دیوبند کو گالیاں دیتا ہے اور ان کو کافر بتلاتا ہے، دوسرا طالب علم اس کو جواب دیتے ہوئے گمراہ خان وغیرہ کہتا ہے، یہی صورت تب بھی ہوتی ہے جب مرزائی یا مودودی اپنے کو ظاہر کرتا ہے۔

غرض جب کسی فرقہ کی وکالت کرتا ہے، تو فرقِ باطلہ کے عقائد تو نہیں رکھتا، لیکن ان کے وہ کلمات جو شرعاً ناجائز ہیں استعمال کرتا ہے۔ مذکورہ صورت کبھی کبھی مدرسہ کے جلسہ میں ہوتی ہے، اس میں بعض مرتبہ جلسہ کو دلچسپ بنانا بھی مقصد ہوتا ہے، اور ایسا کرنا شرعاً جائز ہے یا نہیں؟ یہاں مدرسہ کے اساتذہ میں اختلاف ہے، کوئی درست کہتا ہے کوئی غلط۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر فرقہ باطلہ ہالکہ سے مناظرہ سکھایا جائے تو کسی طالب علم کا اپنے آپ کو ان فرقوں میں شامل کرنا اور اہل حق کی تضلیل وتکفیر کرنا ہرگز ہرگز جائز نہیں، سخت معصیت ہے بلکہ اپنے ایمان کا خطرہ ہے۔ اقرار کفر اور اجرائے کلمۂ کفر اگرچہ اعتقاداً نہ ہو، استہزاءً ہو تو اس کو بھی فقہاء نے موجبِ کفر لکھا ہے، جیسا کہ

= فی نفیه، فالأولی للمفتی والقاضی أن یعمل بالإحتمال النافی ؛ لأن الخطأ فی إبقاء ألف کافر أهون من الخطأ فی إفناء مسلم واحد". (شرح الفقه الأکبر للقاری رحمه الله تعالیٰ، بحث التوبة، ص: ۱۶۲، قدیمی)

(وکذافی الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، قبیل الباب العاشر فی البغاة: ۲/۲۸۳، رشیدیه)

(وکذافی التاتارخانیة، کتاب أحکام المرتدین، فصل فی إجرآء کلمة الکفر: ۵/۴۵۸، ادارة القرآن)

مجمع الانہر(۱) عالمگیری (۲) شامی (۳) شرح فقہ اکبر(۴) وغیرہ میں مذکور ہے۔ اس لئے مناظرہ کا طریق اختیار کرنے کی صورت یہ ہے کہ ان باطل فرقوں کی طرف سے ایک کہے کہ مثلاً اگر قادیانی یہ کہے تو آپ کے پاس کیا جواب ہے، اگر رضاخانی یہ کہے تو آپ کے پاس کیا جواب ہے، فلاں جماعت نے آپ کے اکابر پر اعتراض کیا ہے اس کا کیا جواب ہے؟

کفریات کو کبھی بھی اپنا مقولہ بنا کر پیش نہ کرے اگرچہ جعلی وکیل کی نیت سے ہو، ویسے بھی کلمۂ کفر کو زبان پر لانا موجب ظلمت ہے جب تک اس کی تردید نہ کی جائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۷/ ۱۱/ ۱۴۰۰ھ۔

''آستین براوکشیدہ ہمچو مکار آمدی'' کا پڑھنا

سوال[۶۵۲]: شعر ؎

آستین براوکشیدہ ہمچو مکار آمدی　　باخوری خود وتماشا سوئے بازار آمدی

اس طرح کے اشعار کا پڑھنا اور سننا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو شخص اس کا صحیح مطلب سمجھتا ہو اس کو پڑھنا اور سننا درست ہے، ظاہری مطلب لے کر خدائے پاک کو خطاب کر کے پڑھنے کی اجازت نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) "وفی البحر: والحاصل: أن من تكلم بكلمة الكفر هازلاً أو لاعباً، كفر عند الكل، ولا إعتبار باعتقاده ..... ومن تكلم بها عالماً عامداً، كفر عند الكل ..... لكن في الدرر: وإن لم يعتقد أو لم يعلم أنها لفظة الكفر، ولكن أتى بها عن إختيار، فقد كفر عند عامة العلماء، ولا يعذر بالجهل". (مجمع الأنهر، كتاب السير والجهاد، آخر باب المرتد، قبيل ألفاظ الكفر: ۲/ ۵۰۲، غفاريه كوئٹه)

(۲) (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، موجبات الكفر أنواع، الباب التاسع في أحكام المرتدين، موجبات الكفر ومنها مايتعلق بتلقين الكفر اهـ: ۲/ ۲۷۶، رشيديه)

(۳) (رد المحتار على الدر المختار، كتاب الجهاد، باب المرتد: ۴/ ۲۲۲، سعيد)

(۴) (شرح الفقه الأكبر للقاري رحمه الله تعالىٰ، بحث التوبة، ص: ۱۶۲، قديمي)

Made searchable using ScribeTools.com

عورت کا شوہر کو یہ جواب کہ ''توبہ نہیں کروں گی'' کیا تجدیدِ ایمان ضروری ہے؟

سوال[۶۵۳]: ایک شخص نے اپنی اہلیہ سے کسی گناہ پر تنبیہ کرتے ہوئے کہا کہ دیکھو جی توبہ کرلو، ویسے اس کی اہلیہ نیک ہے، مگر اس وقت مذاق سے کہدیا کہ ''میں توبہ نہیں کروں گی''، پھر کہتے ہی اسی وقت ندامت ہوگئی اور توبہ کرلی۔ اس واقعہ کی وجہ سے اس کے ایمان میں کچھ خرابی آ کر نکاح میں کوئی فرق آ سکتا ہے یا نہیں؟ یا صرف گنہ گار ہوگی؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر شوہر نے کسی خاص گناہ سے متعلق کہا کہ اس گناہ سے توبہ کرلو اور وہ گناہ بیوی نے نہیں کیا تھا، بیوی نے کہا کہ میں توبہ نہیں کروں گی، تو اس کی وجہ سے اس کے ایمان میں خلل نہیں ہوگا اور اگر کسی خاص گناہ سے متعلق نہیں کہا بلکہ ویسے ہی کہا، جس کا مطلب یہ ہے کہ انسان کو توبہ کرتے ہی رہنا چاہئے، اس پر یہ جواب دیا کہ توبہ نہیں کروں گی تو یہ بہت خطرناک ہے کیونکہ قرآن کریم میں بھی اہل ایمان کو توبہ کرنے کا حکم ہے: ﴿یاأیھاالذین اٰمنواتوبوا إلی اللّٰہ توبۃً نصوحاً﴾ (۱) اب اس صورت میں کلمہ پڑھ کر اپنی اس بات سے توبہ کرنا چاہئے اور دو آدمیوں کے سامنے تجدید نکاح بھی کرلیں (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۵/۱۰/۱۳۹۹ھ۔

---

(۱) (سورۃ التحریم: ۸)

قال العلامۃ الآلوسیؒ: ''اتفقوا علی أن التوبۃ من جمیع المعاصی واجبۃ، وأنھا واجبۃ علی الفور، ولایجوز تأخیرھا، سواء کانت المعصیۃ صغیرۃً أو کبیرۃً''. (روح المعانی: ۲۸/۱۵۹، دارإحیاء التراث العربی بیروت)

(وکذافی شرح النووی علی صحیح مسلم، کتاب الإیمان، قبیل باب خصال المنافق: ۲/۵۶، قدیمی)

(۲) ''وماکان فی کونہ کفراً اختلاف یؤمر قائلہ بتجدید النکاح وبالتوبۃ والرجوع عن ذلک احتیاطاً''. (مجمع الأنھر، باب المرتد: ۱/۶۸۸، دارإحیاء التراث العربی)

(وکذاالفتاوی العالمکیریۃ، کتاب السیر، موجبات الکفر أنواع، الباب التاسع فی أحکام المرتدین، موجبات الکفر أنواع، ومنھامایتعلق بتلقین الکفراھ: ۲/۲۷۶، رشیدیہ)

ما یتعلق بتکفیر المسلم

(تکفیر مسلم کا بیان)

علمائے دیوبند کو کافر کہنے والے کا حکم؟

سوال[۶۵۴]: جلال آباد میں جو کہ ایک پرانی بستی ہے، قدیم زمانے سے بستی کی جو سب سے بڑی جامع مسجد ہے اس میں ہمیشہ جمعہ ہوتا چلا آیا اور برابر ہو رہا ہے، کچھ عرصہ سے جامع مسجد کے قریب ہی ایک چھوٹی سی محلّہ کی مسجد ہے اس میں دو چار آدمیوں نے جو بدعتی عقیدے کے ہیں اور اپنے اکابر کو کافر کہتے ہیں اور یہاں تک کہتے ہیں کہ علمائے دیوبند کو کافر نہ کہنے والا کافر یقینی ہے۔

ان کا یہ بھی عقیدہ ہے کہ صرف ہم یہ عقیدہ رکھنے والے ہی مسلمان ہیں اور مسلمان کی نماز کافر کے پیچھے درست نہیں ہے، جس کی وجہ سے ان بدعتی عقیدے کے دو چار آدمیوں نے جمعہ کی نماز علیحدہ سے شروع کر دی چونکہ جامع مسجد میں جمعہ ڈیڑھ بجے ہوتا ہے اور یہ لوگ چھوٹی مسجد میں ڈھائی بجے جمعہ کی نماز پڑھتے ہیں، اس لئے کثرت سے لوگ ان بدعتی حضرات کے پیچھے نماز پڑھتے ہیں، یہاں تک کہ ہمارے پیش امام جو کہ دیندار صحیح العقیدہ متمول ہیں ان سے اگر کسی وجہ سے (جامع مسجد میں) جمعہ چھوٹ جاتا ہے تو وہ بھی چھوٹی مسجد میں ان کے پیچھے نماز جمعہ ادا کر دیتے ہیں۔ اب سوال یہ ہے کہ نیک صحیح العقیدہ شخص جس کا اتباع پوری بستی ہی نہیں مضافاتی بھی کرتے ہیں ان کو جمعہ کی نماز بدعتی کے پیچھے پڑھنا بہتر ہے یا ظہر کی نماز؟

رحمت اللہ قاسم العلوم جلال آباد بجنور۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو شخص علمائے دیوبند کو کافر کہتا ہو اور اپنے سوا کسی کو مسلمان نہیں سمجھتا تو وہ شخص خود ہی خطرناک حالت میں ہے اس لئے کہ حدیث پاک میں آیا ہے کہ: ''اگر ایک آدمی کسی کو کافر کہے اور واقعۃً وہ شخص کافر نہ ہو تو وہ کفر

Made searchable using ScribeTools.com

خود اس پر لوٹ کر آتا ہے'' (۱)، پس ایسے شخص کو امام بنانا جائز نہیں، نہ اس کو کافر کہا جائے، نہ اس کا اقتدا کیا جائے، پھر وہ لوگ کسی دیوبندی عقیدے والے کے مسجد میں آجانے سے مسجد کو دھلوا کر پاک کراتے ہیں، دیوبندی کے سلام کا جواب دینے ہی سے نکاح فسخ ہوجاتا ہے، دیوبندی کو سلام کرنا اتنا بڑا جرم ہے کہ ان کے نزدیک مرتد ہوجاتا ہے۔ العیاذ باللہ۔

جامع مسجد میں نماز کا اہتمام لازم ہے (۲) خاص کر امام صاحب کو، دوسرے لوگ بھی جامع مسجد میں سویرے جایا کریں تاکہ اس کی نوبت نہ آئے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۱/ ۵/ ۹۲ھ۔

دیوبندی علماء کو کافر کہنا

سوال [۶۵۵]: بریلوی عقائد کے لوگوں کا کہنا ہے کہ دیوبندی عقائد کے لوگوں کے ساتھ ملنا جلنا، اٹھنا بیٹھنا، کھانا پینا، سلام کرنا، کسی قسم کا رابطہ وتعلقات رکھنا ناجائز ہے، اور اگر دیوبندی (وہابی)

---

(۱) "عن أبی ذر رضی الله عنه أنه سمع النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یقول: "لا یرمی رجل رجلاً بالفسوق، ولا یرمیه بالکفر، إلا ارتدت علیه إن لم یکن صاحبه کذلک". (صحیح البخاری، کتاب الأدب، باب ما ینهی عن السباب واللعن: ۲/ ۸۹۳، قدیمی)

(وکذا فی الصحیح لمسلم، کتاب الإیمان، باب بیان حال إیمان من قال لأخیه المسلم یاکافر: ۱/ ۵۷، قدیمی)

قال الإمام النووی رحمه الله تعالیٰ: "فی تأویل الحدیث أوجه: أحدها أنه محمول علی المستحل لذلک، و هذا یکفر". (شرح النووی علی مسلم: ۱/ ۵۷، قدیمی)

(وکذا فی المرقاة شرح المشکوة، کتاب الآداب، باب حفظ اللسان الخ: ۸/ ۵۲۲، مکتبه حقانیه پشاور)

(وکذا فی التاتارخانیة، کتاب أحکام المرتدین: ۵/ ۵۱۴، إدارة القرآن)

(۲) "أفضل المساجد مسجد مکة، ثم المدینة، ثم القدس، ثم قباء، ثم الأقدم، ثم الأعظم". (الدرالمختار)، و فی رد المحتار: "والحاصل: أن بعد القدس الجوامع: أی المساجد الکبیرة الجامعة للجماعة الکثیرة". (کتاب الصلوة، باب ما یفسد الصلوة و ما یکره فیها، مطلب فی أفضل المساجد: ۱/ ۶۵۸، ۶۵۹، سعید)

سلام کرے تو اس کا جواب دینا بھی ناجائز ہے اور دیوبندیوں کو کافر بھی کہتے ہیں، ایسی صورت میں ایک طبقہ ایسا ہے جس کے لئے یہ حالات پریشان کن ہیں۔ اس لئے اس مسئلہ میں شرعی حکم کیا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

علمائے دیوبند کا مسلک صحیح ہے، قرآن کریم، حدیث شریف، صحابۂ کرام، فقہاء، مجتہدین کے بالکل مطابق ہے، جو شخص اس کو غلط کہتا ہے وہ ان سب کی مخالفت کرتا ہے اور جو شخص ایسے دیوبندی علماء کو یا ان کے متعلقین کو کافر کہتا ہے وہ اہلِ ایمان کو اہلِ کفر سمجھتا ہے، اس کو ضروری ہے کہ اپنے ایمان کی خبر لے اور اصلاح کرائے، ورنہ وہ ہمیشہ ایمان سے ناآشنا رہے گا اور مقبولانِ بارگاہِ الٰہی واولیائے کاملین کو کافر کہنے کی وجہ سے خدائے تعالیٰ کی لعنت اور غضب کا مستحق رہے گا (۱)۔ اللہ تعالیٰ ہدایت دے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۴/ ۷/ ۹۵ھ۔

مسلمان کو کافر کہنے والے کا حکم

سوال[۶۵۶]: کسی نے فتوی دیا کہ یہ مسلمان کافر ہے تو حقیقت میں وہ کافر نہ ہو تو کہنے والے کا شرع کی رو سے کیا حکم ہے عندالحنفیہ؟

---

(۱) "عن ابن عمر رضی اللہ عنہما ..... قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: "أیما امری قال لأخیه: کافر، فقد باء بها أحدهما، إن کان کما قال، وإلا رجعت علیه" ..... معناه أن ذلک یؤل به إلی الکفر، وذلک أن المعاصی کما قالوا "برید الکفر" ویخاف علی المکثر منها أن یکون عاقبة شؤ مها المصیر إلی الکفر، ویؤید هذا الوجه ماجاء فی روایة ..... "فإن کان کما قال، وإلا فقد باء بالکفر". (الصحیح لمسلم مع شرحه للنووی، کتاب الإیمان، باب بیان حال إیمان من قال لأخیه المسلم: یا کافر: ۱/ ۵۷، قدیمی)

"وفی الخلاصة: من أبغض عالماً من غیر سبب ظاهر خیف علیه الکفر". (شرح الفقه الأکبر، فصل فی العلم والعلماء: ۱۷۳، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً :

کسی مسلم کو بلاوجہ کافر جاننا کفر ہے:"عن ابن عمر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنهما قال: قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم :"أیّما رجل قال لأخیه: کافر! فقد باء بها أحدهما". متفق علیه"(۱) ۔

"و عن أبی ذر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم:"لا یرمی رجل رجلاً بالفسوق، ولا یرمیه بالکفر، إلا ارتدت علیه إن لم یکن صاحبه کذلك". رواه البخاری" (۲) ۔

"وعنه قال:قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم: "من دعا رجلاً بالکفر، أو قال: عدوّ اللّٰہ! و لیس کذلك إلاحار علیه". متفق علیه"(۳)۔ (مشکوة المصابیح: ص:٤١١)(٤)۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، ۷/۲/۶۱ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۸/۲/۶۱ھ۔

---

(۱) (صحیح البخاری، کتاب الأدب، باب من أکفر أخاه بغیر تأویل فهو کما قال: ۲/۹۰۱، قدیمی) (الصحیح لمسلم، کتاب الإیمان، باب بیان حال إیمان من قال لأخیه المسلم یا کافر : ۱/۵۷، قدیمی)

(۲) (صحیح البخاری، کتاب الأدب، باب ما ینهی عن السباب واللعن : ۲/۸۹۳، قدیمی)

(۳)(الصحیح لمسلم، المصدر السابق)

(۴) (روی الأحادیث الثلاثة فی مشکو ة المصابیح، کتاب الأدب، باب حفظ اللسان الخ، ص: ۴۱۱،قدیمی)

"والمختار للفتوی فی جنس هذه المسائل أن القائل بمثل هذه المقالات (أی : قوله : یا کافر، و یا یهودی وغیرهما) إن کان أراد الشتم، و لا یعتقده کافراً،لا یکفر، و إن کان یعتقده کافراً، فخاطبه بهذا بناءً علی اعتقاده أنه کافر، یکفر". (الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، موجبات الکفر أنواع، و منها ما یتعلق بتلقین الکفر والأمر بالارتداد : ۲/۲۷۸، رشیدیه) ..... =

مسلم کومشرک کہنا

سوال[۶۵۷]: اگرکوئی آدمی کسی مسلمان کومشرک کہےاور کہنے والا بھی مسلمان ہوتو کہنے والے پر کفرلازم ہے یانہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

کسی مسلم کو بلاوجہ شرعی مشرک کہنا سخت گناہ ہے بلکہ کفر ہے(۱)،اس سے اجتناب واجب ہے،اگرکوئی شرعی وجہ ہوتو اس کودریافت کرلیا جائے۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف مدرسہ مظاہر علوم،۲۱/ جمادی الثانیہ/ ۵۶ھ۔

کلمہ گوکوکافر کہنا

سوال[۶۵۸]: کسی کلمہ گوکوکافر کہنا جائز ہے یانہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اسلام کے لئے صرف کلمہ گو ہونا کافی نہیں بلکہ دل سے تصدیق اورعقائد حقہ کا اختیار کرنا ضروری ہے(۲)، کیونکہ کلمہ بہت سے غیر مسلم بھی پڑھ لیتے ہیں اوروہ غیر مسلم ہونے کے مقر بھی ہیں،لیکن تصدیق قلبی اور

= (وكذا فى الفتاوى البزازية، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً، الفصل الثانى، النوع الخامس فى الإقرار بالكفر : ۶/ ۳۳۱، رشيديه)

(وكذا فى التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل فى الرجل يقول لغيره : يا كافر : ۵/ ۵۱۴، إدارة القرآن)

(۱) (قد تقدم تخريجه تحت عنوان ''مسلمان کوکافر کہنے والے کاحکم'')

(۲) ''قال العلامة الآلوسى رحمه الله تعالىٰ تحت قوله تعالىٰ :﴿ الذين يؤمنون بالغيب﴾ الآية (البقرة :۳) ''(الإيمان) أما فى الشرع، فهو التصديق بما علم مجىء النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم به ضرورةً، تفصيلاً فيما علم تفصيلاً و إجمالاً فيما علم إجمالاً'' ..... وقال: ''لا شك أن المُقِرّ باللسان وحده يُسمّى مؤمناً لغةً، لقيام دليل الإيمان الذى هو التصديق القلبى فيه ..... ويجرى عليه أحكام الإيمان=

Made searchable using ScribeTools.com

عقائدِ حقہ پر دوسروں کو مطلع ہونا آسان نہیں، اسلئے اتنا ضروری ہے کہ تصدیق قلبی اور عقائد حقہ کے منافی کوئی چیز صادر نہ ہو (۱) مثلاً ایک شخص کلمہ گو بھی ہے اور بت کے سامنے سجدہ کرتا ہے (۲) یا ختم نبوت کا منکر ہے (۳) یا قرآن کریم کو خدا کی کتاب نہیں مانتا (۴) وغیرہ وغیرہ تو محض کلمہ پڑھنے کی وجہ سے اس کو مسلم ومومن نہیں کہا

= ظاهراً، ولا نزاع فی ذلک، و إنما النزاع فی کونه مؤمناً عند الله تعالیٰ والنبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، و من بعده، کما کانوا یحکمون بإیمان من تکلم بالشهادتین کانوا یحکمون بکفر المنافق، فدل علی أنه لا یکفی فی الإیمان فعل اللسان". (روح المعانی : ۱۱۳/۱، دار إحیاء التراث العربی)

(و کذا فی الدر المختار، کتاب الجهاد، باب المرتد: ۲۲۱/۴، سعید)

(۱) "و فی جامع الفصولین : روی الطحاوی عن أصحابنا : لا یخرج الرجل من الإیمان إلا جحود ما أدخله فیه". (البحر الرائق، کتاب السیر، باب أحکام المرتدین : ۲۰۹/۵، رشیدیه)

(۲) "ثم لا نزاع فی أن المعاصی ماجعله الشارع أمارة التکذیب، وعلم کونه کذلک بالأدلة الشرعیة کالسجود للصنم ..... و نحو ذلک مما ثبت بالأدلة أنه کفر". (شرح الفقه الأکبر، ص: ۷۷، قدیمی)

(و کذا فی رد المحتار، کتاب الجهاد، باب المرتد : ۲۲۲/۴، سعید)

"وقال شمس الأئمة السرخسی رحمه الله تعالیٰ : السجود لغیر الله تعالیٰ علی وجه التعظیم کفر". (البحر الرائق، کتاب الکراهیة، قبیل فصل فی البیع : ۳۶۴/۸، رشیدیه)

(۳) قال العلامة الآلوسی رحمه الله تعالیٰ تحت قوله تعالیٰ :﴿ولکن رسول الله و خاتم النبیین﴾: "وکونه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم خاتم النبیین مما نطق به الکتاب و صدعت به السنة، و أجمعت علیه الأمة، فیکفر مدعی خلافه، و یقتل إن أصرّ". (روح المعانی : ۴۱/۲۲، دار إحیاء التراث العربی)

وفی شرح الفقه الأکبر: "ودعوی النبوة بعد نبینا صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کفر بالإجماع". (ص: ۱۶۴، قدیمی)

(وکذا فی شرح العقیدة الطحاویة، مطلب فی کل من ادعی النبوة بعده صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کاذب، ص: ۹۴)

(۴) "ومن جحد القرآن : أی کلّه أو سورةً منه أو آیةً، قلت : وکذا کلمةً أو قرآءةً متواترةً ..... کفر". (شرح الفقه الأکبر، فصل فی القرآءة والصلوة، ص: ۱۶۷، قدیمی)

Made Searchable by ScribeTools.com

جائے گا اور کسی مسلم کو بغیر دلیل کے کافر کہنا بھی نہایت خطرناک ہے(۱) اس کو بھی کھیل نہ بنالیا جائے، اس سے اپنا ایمان بھی مجروح ہوتا ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۳/۴/۸ھ۔

اپنے سوا سب کو کافر کہنا

سوال[۶۵۹]: مولوی حشمت علی صاحب نے بے شمار ایسی عورتوں کا نکاح پڑھوایا ہے جن کے چار چار چھ چھ لڑکے پیدا ہو چکے ہیں، یہ فتویٰ صادر کر دیا کہ ان عورتوں کا نکاح نہیں ہوا تھا، یہ لڑکے جو پیدا ہوئے ہیں حرامی ہیں، اگر نکاح ہوا تھا تو وہ ناجائز ہے وہ اب تک حرام کاری تھی، اب نکاح ہوا پہلے کا غلط تھا۔

سابقین اکابرینِ علماء کو گالیاں دیتے ہیں، میں نے بچشم خود دیکھا ہے تحریراً کہ ائمہ اربعہ تک ان کے حملہ سے محفوظ نہیں ہیں۔ اب سوال یہ ہے کہ مولانا حشمت علی صاحب کو کس طرح سے یاد کیا جائے؟ اور ان کے متبعین جو ان کے پیروکار ہیں ان کے متعلق کیا حکم ہے؟ مولوی حشمت علی صاحب کے نزدیک دنیا میں کوئی مسلمان نہیں ہے، نہ ناجی ہے۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

اس میں پوچھنے کی کیا بات ہے، جو شخص اپنے سوا کسی کو بھی مؤمن نہ سمجھے، اکابر اہل اللہ پر کفر کا فتویٰ لگادے اس کا ٹھکانہ معلوم، حشر معلوم(۲)۔ أعاذنا اللّٰہ منہ۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۸/۳/۹ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ۔

---

(۱) (قد تقدم تخریجه تحت عنوان ''مسلمان کو کافر کہنے والے کا حکم'')

(۲) یعنی اس کا ٹھکانہ اور حشر کفر ہی کا ہے، کیونکہ کسی مسلمان کو کافر کہنے سے کہنے والا خود کافر ہو جاتا ہے۔

''عن ابن عمر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنهما قال: قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم: ''أیما رجل قال لأخیه: کافر، فقد بآء بها أحدهما''. (صحیح البخاری، کتاب الأدب، باب من أکفر أخاه بغیر تأویل فهو کماقال: ۲/۹۰۱، قدیمی)

(و تقدم أیضاً تخریجه تحت عنوان ''علماء دیوبند کو کافر کہنے والے کا حکم'')

Made searchable using ScribeTools.com

کسی متبع سنت عالم پر کفر کا فتوی لگانا

سوال[۶۶۰]: زید متقی و پرہیز گار عابد و زاہد ہے، صوم وصلوۃ کا سختی سے پابند ہے، حنفی اور قادری ہے، علماء دین کا احترام کرتا ہے، اسے حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ سے گہری عقیدت ہے، وہ ان کے اسم گرامی کو حکیم الامت کے لقب سے شروع کرتا ہے اور بعد میں رحمۃ اللہ علیہ کہتا ہے۔ ایک مقامی مولوی صاحب جو اپنے نام کے ساتھ خود کو مفتی اعظم مدہیہ پردیش لکھتے ہیں وہ فرماتے ہیں:

''اعلیٰ حضرت عظیم البرکت مولانا احمد رضا خان صاحب بریلوی رضوان اللہ تعالیٰ عنہ نے اشرف علی پر کفر کا فتویٰ صادر فرمایا ہے لہٰذا وہ کافر ہے اور اس کے نام کے ساتھ رحمۃ اللہ علیہ کہنے والا بھی کافر ہے، اس لئے کہ اشرف علی نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علم مبارک کو پاگلوں اور جانوروں کے مثل کہا ہے۔'' انتہی بلفظہ۔

براہ کرم جواب سے مفصل تحریر فرمائیں۔

سائل: عظیم الدین سابق پرنسپل ہنومان، تال مسجد انور خاں، جبل پور (ایم پی) معرفت دارالافتاء جمعیۃ العلماء دفتر الجمعیۃ، گلی قاسم جان، دہلی نمبر:۶۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

حضرت مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہ العزیز بہت بڑے عالم، متبع سنت، شیخِ طریقت بزرگ تھے، انہوں نے ہرگز ہرگز حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علم مبارک کو پاگلوں اور جانوروں کے مثل نہیں فرمایا ہے، چنانچہ اس کتاب میں جس پر بریلوی حضرات نے کفر کا فتویٰ دیا ہے یہ عبارت موجود ہے: ''نبوت کے لئے جو علوم لازم اور ضروری ہیں وہ آپ کو بتمامہا حاصل ہو گئے''۔ غور کا مقام ہے کہ حضرت مولانا قدس سرہ نے سرورِ کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے تمام علوم نبوت کو حاصل مانا اور صراحۃً تحریر فرمادیا، مگر یہ بریلوی حضرات ایسا بہتان تراش رہے ہیں، اس مسئلہ اور عبارت پر متعدد کتابیں تفصیل کے ساتھ لکھی گئیں ''بسط البنان''، ''توضیح البیان''، ''تکمیل العرفان'' وغیرہ۔

چونکہ بریلوی حضرات نے حضرت رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عالم الغیب تسلیم کیا اور لکھا ہے، ان کے مذہب پر دو شقیں پیدا ہوتی ہیں: ایک شق پر حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا علم اللہ تعالیٰ شانہ کے

علم کے برابر قرار پاتا تھا جو کہ شرک ہے(۱)، دوسری شق پر حضرت فخر عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علم مبارک کی تنقیص وتوہین ہوتی تھی (۲)۔اس لئے حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے: ''عالم الغیب کا اطلاق اللہ تعالیٰ کے سوا کسی پر جائز نہیں کیونکہ نہ شرک کی گنجائش ہے، نہ حضرت رسول مقبول سید الانبیاء والمرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علم مبارک کی توہین وتنقیص کی گنجائش ہے، یہ دونوں چیزیں اسلام کے خلاف ہیں، لہٰذا حضرت امام المرسلین سید الاولین والآخرین شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عالم الغیب کہنا درست نہیں ہے''۔ بریلوی حضرات علم اور دلائل کی روشنی میں اس کا رد نہیں کر سکے اور بات کو بگاڑ کر عوام کو مشتعل کرنے کے لئے یہ عنوان اختیار کیا اور کفر کا فتویٰ دیا ہے(۳)۔ھداھم اللہ تعالیٰ إلی صراط مستقیم۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۵/۱/۹۱ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۱۵/۱/۹۱ھ۔

---

(۱) ''و بالجملة فالعلم بالغيب أمر تفرد به سبحانه، ولا سبيل للعباد إليه إلا بإعلام منه، و إلهام بطريق المعجزة أو الكرامة أو الإرشاد إلى الإستدلال بالأمارات فيما يمكن فيه ذلك ..... ثم اعلم أن الأنبياء عليهم السلام لم يعلموا المغيبات من الأشياء إلا ما علّمهم الله تعالىٰ أحيانا، و ذكر الحنفية تصريحاً بالتكفير بإعتقاده أن النبى عليه الصلوة والسلام يعلم الغيب لمعارضة قوله تعالىٰ :﴿قل لا يعلم من فى السموات والأرض الغيب إلا الله﴾ كذا فى المسايرة''. (شرح الفقه الأكبر للقارى رحمه الله تعالىٰ، ص: ۱۵۱، قديمى)

(وكذا فى روح المعانى تحت قوله تعالىٰ : ﴿قل لا يعلم من فى السموات والارض الغيب إلا الله﴾ (النمل : ٦٥ : ۲۰/۱۱، داراحياء التراث العربى)

(۲) (سیأتی توجیهه تحت عنوان : ''حضرت تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ پر اعتراض کا جواب'')

(۳) کسی عالم یا غیر عالم مسلمان کو دلیل شرعی کے بغیر کافر سمجھنا شرعاً بر بنائے احادیث مبارکہ اور تصریحات فقہاء کفر ہے۔

''عن أبى ذر رضى الله تعالىٰ عنه أنه سمع النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: ''لا يرمى رجل رجلاً بالفسوق، و لا يرميه بالكفر، إلا ارتدت عليه إن لم يكن صاحبه كذلك''. (صحيح البخارى، كتاب الأدب، باب ما ينهى عن السباب واللعن : ۸۹۳/۲، قديمى) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

کسی مسلمان کو کافر کہنا

سوال[۶۶۱]: زید اور عمر دو بھائی ہیں، آپس میں دونوں میں شدید اختلاف تھا، پنچایت ہوئی اور دونوں میں میل ملاپ کرادیا گیا، اس میں عمر نمازی ہے، مسجد میں امامت بھی کرتا ہے، ملاپ کے باوجود زید نے مسجد میں نماز پڑھنی چھوڑ دی اور عیدین دوسری جگہ پڑھی، اس پر عمر نے ایک فتوی نکالا کہ ''زید وعدہ خلاف ہے اور میرے پیچھے نماز نہ پڑھنے کی وجہ سے کافر ہوگیا''، یہ یوم جمعہ میں سنایا گیا، پھر معاملہ ایسے ہی چلتا رہا، زید سے کہا گیا کہ چلو نماز پڑھو، اس پر زید نے کہا کہ ''جب مجھے کافر کہا گیا تو میں کافر ہوں''، ویسے زید کا دل صاف

= ''وعنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : '' من دعا رجلاً بالكفر، أو قال : عدو الله!، و ليس كذلك إلا حار عليه''. (الصحيح لمسلم، كتاب الإيمان، باب بيان حال إيمان من قال لأخيه المسلم : يا كافر: ۱/۵۷، قديمی)

''قال الطيبي: لأنه إذا قال القائل لصاحبه : ياكافر مثلاً، فإن صدق، رجع إليه كلمة الكفر الصادر منه بمقتضاها، وإن كذب واعتقد بطلان دين الإسلام، رجعت إليه هذه الكلمة ..... و قال النووی : ..... في تأويل الحديث أوجه : أحدها: أنه محمول على المستحل لذلك، فعلى هذا معنى بآء بها : أی بكلمة الكفر: أی رجع عليه الكفر''. (المرقاة شرح المشكوة، كتاب الأداب، باب حفظ اللسان الخ : ۸/۵۶۲، رشيديه)

''والمختار للفتوىٰ في جنس هذه المسائل أن القائل بمثل هذه المقالات (أی قوله: يا كافر وغيره) إن كان أراد الشتم و لا يعتقده كافراً، لا يكفر، وإن كان يعتقده كافراً، فخاطبه بهذا بناءً على اعتقاده أنه كافر، يكفر''. (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، موجبات الكفر أنواع : و منها ما يتعلق بتلقين الكفر الخ : ۲/۲۷۸، رشيديه)

(وكذا في البزازية ، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً، الفصل الثاني، النوع الخامس في الإقرار الخ : ۶/۳۳۱، رشيديه)

(وكذا في التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل في الرجل يقول لغيره : يا كافر : ۵/۵۱۴، إدارةالقرآن)

(وكذا في المحيط البرهاني، كتاب السير، فصل في مسائل المرتدين، نوع في الرجل يقول لغيره :'' ياكافر'' : ۵/۵۷۲، غفاريه)

ہے۔تواب زید کا اس جملہ کے کہنے سے کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

عداوت اور وہ بھی دو بھائیوں میں شرعاً اخلاقاً عرفاً سخت مذموم اور منحوس چیز ہے، اس سے دین بھی تباہ ہوتا ہے اور دنیا بھی تباہ ہوتی ہے(۱)، زید نے غلطی کی جو جماعت ترک کی اور گھر پر تنہا نماز پڑھنے لگا اور بہت بڑی نعمت سے محروم ہوگیا(۲)، اس کو لازم ہے کہ مسجد میں جا کر جماعت کی نماز پڑھا کرے اور اپنی غلطی سے توبہ کرے۔

عمر نے اس سے بڑھ کر غلطی کی زید پر کفر کا حکم لگایا، مسلمان پر کفر کا حکم لگانا نہایت ہی خطرناک ہے، اس سے دین وایمان سلامت نہیں رہتا(۳)، عمر کے اس کہنے سے اور اعلان کرنے سے زید کافر نہیں ہوا، عمر کے

---

(۱) "عن أنس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنه أن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم قال: "لا تباغضوا و لا تحاسدوا و لا تدابروا، وکونوا عباد اللہ إخواناً، ولا یحل لمسلم أن یهجر أخاه فوق ثلاث".
(الصحیح لمسلم، کتاب البر والصلة، باب تحریم التحاسد والتباغض الخ : ۲/۳۱۵، قدیمی)

"عن عائشة رضی اللہ تعالیٰ عنها قالت: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم : "الرحم معلّق بالعرش، تقول: من وصلنی وصله اللہ، و من قطعنی قطعه اللہ". (الصحیح لمسلم، کتاب البر والصلة، باب صلة الرحم و تحریم قطیعتها : ۲/۳۱۵،قدیمی)

(۲) "عن عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: لقد رأیتنا و ما یتخلف عن الصلوة إلا منافق قد عُلم نفاقه ..... و فی روایة : قال : "من سره أن یلقی اللہ غداً مسلماً، فلیحافظ علی هذه الصلوات الخمس حیث ینادی بهن ..... و لو أنکم صلیتم فی بیوتکم کما یصلی هذا المتخلف فی بیته، لترکتم سنة نبیکم، ولو ترکتم سنة نبیکم لضللتم". الحدیث. (مشکوة المصابیح، کتاب الصلوة، باب الجماعة وفضلها ، ص: ۹۶، ۹۷، قدیمی)

(۳) "ویکفر ..... بقوله لمسلم : یا کافر عندالبعض ..... والمختار للفتوی أن یکفر إن اعتقده کافراً، لا إن أراد شتماً". (البحر الرائق، کتاب السیر، باب أحکام المرتدین : ۵/۲۰۷، رشیدیه)

(وکذا فی المرقاة شرح المشکوة ، کتاب الآداب، باب حفظ اللسان الخ، الفصل الأول : ۸/۵۶۲، ۵۶۳، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاوی البزازیة ، کتاب ألفاظ تکون إسلاماً أو کفراً، الفصل الثانی، النوع الخامس فی =

Made Searchable by ScribeTools.com
Made searchable using ScribeTools.com

ذمہ لازم ہے کہ اپنی غلطی کا علی الاعلان اقرار کرے اور زید سے سب کے سامنے معافی مانگے کہ اس نے یوم جمعہ میں اعلان کر کے زید کو ذلیل کرنے کی انتہائی مذموم کوشش کی یہ معمولی بات نہیں ہے، منصبِ امامت کے بھی خلاف ہے، اس کے اعلان کی وجہ سے زید کا اپنے آپ کو کافر کہنا ہی غلط ہے(۱)، دونوں اپنی اپنی غلطی کا احساس کر کے مکافات کریں، انشاء اللہ فتنہ ختم ہو جائے گا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۰/۱/۹۱ھ۔

مسلمان کو کافر کہنا

سوال[۶۶۲]: ۱.....بکر نے بلاسبب ایک شخص مسلمان کو اہانۃً وخسارۃً مرتد کہہ کر گالی دی کہ ''تو مرتد ہے، کافر ہے، بلاتجدید نکاح اپنی بیوی کو ساتھ نہیں رکھ سکتا''۔ اگر وہ شخص مرتد نہ ہوا اور اس کی بیوی کو طلاق نہ ہو تو بکر مرتد ہوا یا نہیں؟ اور اس کی عورت کو طلاق ہوئی یا نہیں؟

۲.....ایک عالم غیر مجتہد نے اپنے قیاس سے زید کو بھول کر ایک فتویٰ دیا جس پر عمل کرنے سے زید کو نقصان پہونچا، بعدہ زید نے ایک محقق عالم سے اس کی تحقیق آزمائش کی، معلوم ہوا کہ وہ غلط ہے، زید نے اس عالم غیر مجتہد کو گالی کے طور پر کہا ''بیہودہ کھانا کھا کر سو رہتے ہیں، کتاب کے ساتھ کوئی تعلق نہیں رکھتے ہیں، پھر مسئلہ جھوٹ بولتے ہیں، بیلوں کے مانند، ایسے بیلوں کو کیا کرنا چاہئے''؟

اس عالم نے زید سے کہا کہ تم نے عالم کو بیل کہہ کر گالی دی جس سے تمہاری بیوی کو طلاقِ بائنہ واقع ہوگئی: "من أبغض عالماً من غير سبب خيف عليه الكفر" یہ عبارت عالمگیری سے مخزن الفتاویٰ،

= الإقرار بالكفر الخ: ۶/۳۳۱، رشيديه)

(۱) "إذا قالت المرأة لزوجها: ياكافر، يا يهودي، يامجوسي!، فقال الزوج: ..... فقد كفر". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، موجبات الكفر أنواع: و منها ما يتعلق بتلقين الكفر والأمر بالارتداد: ۲/۲۷۷، رشيديه)

(وكذا في التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل في الرجل يقول لغيره: يا كافر: ۵/۵۱۲، ۵۱۳ إدارة القرآن)

(وكذا في المحيط البرهاني، كتاب السير، فصل في مسائل المرتدين، نوع في الرجل يقول لغيره: ياكافر: ۵/۵۷.۲، غفاريه)

ص:۱۰۴میں ہے(۱)۔اس صورت میں کیا حکم ہے؟ زید کی بیوی کوطلاق ہوگئی اورزید مرتد یا فاسق ہوایانہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

۱..... بلا وجہ شرعی کسی مسلم کوکافر ومرتد کہنا کفر ہے(۲) اس لئے بکر سے وجہ دریافت کی جائے کہ اس نے کس وجہ سے ایسا کہا ہے؟ جب تک اس کی تحقیق نہ ہوجائے کسی پر کفر کا حکم لگانا درست نہیں:

" لا یفتی بکفر مسلم مهما أمكن حمل كلامه على محمل حسن أو كان فی كفره خلاف و لو روايةً ضعيفةً اهـ " تنوير:۳۹۹/۳ (۳) ۔

۲.....وہ فتوی سامنے ہوتو اس کو دیکھ کر رائے قائم کی جاسکتی ہے کہ وہ صحیح ہے یا غلط، نیز وہ فتویٰ بھی ساتھ ہونا چاہئے جس کے ذریعہ سے آزمائش کی گئی ہے۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور،۶/محرم/۶۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور،۸/محرم/۶۷ھ۔

شاگرد کو کافر کہنے والے کا حکم

سوال[۲۶۳] : اگر استاذ اپنے شاگرد کو کہے کہ یہ شاگرد استاد پر عاق ہے، استاد لوگوں سے کہتا ہے کہ یہ شاگرد کافر ہوگیا نماز اسکے پیچھے جائز نہیں، شاگرد توبہ نکالتا ہے کئی دفعہ توبہ نکالا ہے لیکن شاگرد پر کسی قسم کا ثبوت بے ادبی کا نہیں اور استاد لوگوں سے یہ کہتا ہے کہ یہ بالکل کافر ہے، شریعت ایسے استاذ پر کیا حکم کرتی ہے۔

المستفتی: مولوی اطہر جان ضلع کوہاٹ۔

---

(۱) (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، موجبات الكفر أنواع، و منها ما يتعلق بالعلم والعلماء : ۲۷۰/۲، رشيديه)

(۲) "عن أبی ذر رضی الله تعالىٰ عنه أنه سمع النبی صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: "لا يرمی رجل رجلاً بالفسوق، ولا يرميه بالكفر إلا ارتدت عليه إن لم يكن صاحبه كذلك". (صحيح البخاری، كتاب الأدب، باب ما ينهى عن السباب واللعن : ۸۹۳/۲، قديمی)

(۳) (الدر المختار، كتاب الجهاد، باب المرتد : ۲۲۹/۴، ۲۳۰، سعيد)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين : ۲۱۰/۵، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً:

اولاً شاگرد کے کافر ہونے کی وجہ استاد سے دریافت کی جائے جو کچھ وجہ وہ بتائے اس پر شرعی حیثیت سے غور کیا جائے گا، بلا وجہ کسی مسلم کو کافر کہنا خود کفر کے درجہ کا گناہ ہے(۱) اور جب آدمی شریعت کے مطابق سچی توبہ کرتا ہے تو وہ مقبول ہوتی ہے:"ثم إذا تاب توبةً صحيحةً، صارت مقبولةً غير مردودة قطعاً من غير شك و شبهة بحكم الوعد بالنص اهـ". (شرح فقه اكبر، ص:۱۹٦) (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۷/۴/۶۰ھ۔

صحیح: سعید احمد غفرلہ مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۷/ ربیع الثانی/ ۶۰ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، ۲۷/ ربیع الثانی/ ۶۰ھ۔

کسی مسلمان کو سردار جی کہنا

سوال[۲٦۴]: ایک شخص کبھی کبھی نماز کی پابندی کرتا ہے، وحدانیت اور رسالت کا اقرار بھی کرتا ہے، البتہ کبائر اور صغائر گناہ کے بارے میں اس کا رویہ تشفی بخش نہیں ہے، ایسی حالت میں اس کو ''سردار جی'' کے لقب سے یاد کرنا کیسا ہے جبکہ قرآن پاک میں صراحۃً: ﴿و لا تنابزوا بالألقاب﴾ (۳) وارد ہے، سردار جی کہنے والے کو کیا کیا جائے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

مسلمان سخت گنہگار ہونے کے باوجود مسلمان ہے، صغائر و کبائر سے توبہ کرنا بھی لازم ہے، ہمارے عرف میں ''سردار جی'' سکھ کو بولتے ہیں، اگر وہاں بھی یہی عرف ہے اور عمر کی مراد بھی یہی ہے تو مسلمان کو

---

(۱) (تقدم تخريجه تحت عنوان ''مسلمان کو کافر کہنے والے کا حکم'')

(۲)(شرح الفقه الأكبر مطلب فی التوبة و شرائطها، ص: ۱٦۰، قديمی)

(وكذا فی روح المعانی تحت قوله تعالیٰ: ﴿توبوا إلى الله توبةً نصوحاً﴾ (التحريم: ۸): ۱۵۹/۲۸، دار إحياء التراث العربی بيروت)

(۳) (الحجرات: ۱۱)

''سردار جی'' کہنا جائز نہیں (۱)۔ عمر کو لازم ہے کہ ایسا کہنے سے توبہ کرے اور زید سے معافی مانگے ورنہ اس کے ذمہ گناہ باقی رہے گا، زید کو بھی چاہئے کہ اپنی وضع قطع روش سب اسلام کے مطابق رکھے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۱۲/۳ھ۔

کسی کو یہ کہنا کہ ''اس کے دل میں کفر بھرا ہوا ہے''

سوال[۶۶۵]: کوئی شخص ذاتی غضب کی بنا پر اگر کسی کو کہے کہ ''اس کے دل میں کفر بھرا ہوا ہے'' تو ایسے شخص کے بارے میں کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

کسی کے متعلق یہ کہنا کہ ''اس کے دل میں کفر بھرا ہوا ہے'' بہت سخت اور خطرناک بات ہے (۲)، ہرگز ایسا نہ کہا جائے، دل کا حال اللہ کے سوا کسی کو نہیں معلوم، حضرت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر وحی آتی تھی، بعض کے متعلق بتایا جاتا تھا، اس لئے کبھی آپ اس کو ظاہر بھی فرمادیتے (۳)، اب کسی کو یہ حق نہیں، جو اعمال

---

(۱) ''اگر ''سردار جی'' کا سکھ کے لئے بولنے کا عرف ہو اور کہنے والا اس لفظ کے مخاطب کو سکھ اعتقاد کرے، تو یہ "یا کافر، یا یهودی" اور "یا نصرانی" وغیرہ کے حکم میں ہے: "و لو قال: لمسلم أجنبی: یا کافر، أو لأجنبیة: یا کافرة!، و لم یقل المخاطب شیئاً، کان الفقیه أبو بکر الأعمش یقول: یکفر هذا القائل، و قال غیره من مشایخ بلخ: لا یکفر ..... و المختار للفتوی فی جنس هذه المسائل أن القائل بمثل هذه المقالات إن کان أراد الشتم و لا یعتقده کافراً، لا یکفر، و إن کان یعتقده کافراً، فخاطبه بهذا بناءً علی اعتقاده أنه کافر یکفر". (التاتارخانیة، کتاب أحکام المرتدین، فصل فی الرجل یقول لغیره: یا کافر: ۵/۵۱۳، ۵۱۴، إدارة القرآن)

اور اگر عرف بھی اسی طرح نہ ہو یا عرف ہو لیکن مقصد اس کا تکفیر کرنا نہ ہو بلکہ محض سب وشتم مقصود ہو تو اس قائل کی تکفیر نہیں کی جائے گی. جیسے عبارت بالا سے ظاہر ہے۔

(۲) (تقدم تخریجه تحت عنوان ''مسلمان کو کافر کہنے والے کا حکم'')

(۳) "حذیفه رضی الله تعالیٰ عنه أخبر عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: قال النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "فی أصحابی إثنا عشر منافقاً، فیهم ثمانیة لا یدخلون الجنة حتی یلج الجمل فی سم الخیاط" ثمانیة منهم تکفیهم الدبیلة، و أربعة لم أحفظ ما قال شعبة فیهم". (الصحیح لمسلم، کتاب صفات المنافقین وأحکامهم: ۲/۳۶۹، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

سرزد ہوتے ہیں ان کے متعلق جائز وناجائز کا حکم بتایا جاسکتا ہے، اسلامی اور غیر اسلامی اخلاق کی تعیین کی جاسکتی ہے مگر یہ کہنا درست نہیں کہ ''فلاں شخص کے دل میں کفر ہے'' جب کہ وہ شخص مسلمان ہو، غیر اسلامی اخلاق واعمال سے بچنا سب کو ضروری اور لازم ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۰/۳/۸۹ھ۔

کسی بات کا یقین نہ کرنے والے کو کافر کہنا

سوال[۶۶۶]: چند آدمی جمع تھے ان میں سے ایک شخص حاجی نذیر احمد عرف چھوٹک زید کی شکایت و غیبت کررہے تھے، جن باتوں کا دین سے کوئی تعلق بھی نہیں، اس پر میں نے کہا کہ جب آپ کے اور زید کے درمیان کشمکش اور نزاع کے بعد مسلم صفائی ہوگئی تو اس کے خلاف غیبت اور پروپیگنڈہ کیا کرتے ہیں، یہ اچھی بات نہیں ہے، اس پر حاجی نذیر احمد صاحب نے کہا کیا میں جھوٹ بول رہا ہوں، میں نے کہا کہ میں جھوٹ سچ نہیں جانتا، یہاں جو سن رہا ہوں اس کی بنا پر کہہ رہا ہوں، اس پر حاجی نذیر احمد صاحب نے کہا کہ ''اگر تم میری بات پر یقین نہیں کرتے تو تم کافر ہو''۔ واضح رہے کہ ان کے اس جملے کو وہاں موجود پانچ لوگوں نے سنا، میں اس سخت جملے پر صبر کرکے خاموش ہوگیا اور علمائے دین سے معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ کیا کسی شخص کا یہ درجہ ہے کہ جو شخص اس کی بات کا یقین نہ کرے تو وہ کافر ہوجائے؟ ازروئے شرع ایسا کہنے والے کا کیا درجہ ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اس مجلس کی یہ گفتگو نہایت خطرناک ہے، فقہاء نے لکھا ہے کہ اگر کسی شخص نے کسی کا تذکرہ برائی کے ساتھ بطورِ غیبت کیا اس پر کسی نے منع کیا کہ غیبت نہیں کرنا چاہئے، اس کے جواب میں اس برائی کرنے والے نے کہا کہ میں جو کچھ کہہ رہا ہوں، وہ تو سچی بات ہے جھوٹ نہیں ہے، یعنی گویا کہ اس برائی کرنے کو وہ شخص جائز قرار دے رہا ہے کیونکہ سچی بات ہے جھوٹ نہیں ہے حالانکہ برائی کی جو سچی بات کہی جائے، اسی کا نام غیبت ہے، قرآن کریم میں اس کو منع فرمایا گیا ہے: ﴿و لا یغتب بعضکم بعضاً﴾ الآیۃ (۱) تو قرآن کریم میں جس چیز کو منع اور ناجائز قرار دیا گیا ہے اس کلام میں اس کا انکار ہے، یعنی کہنے والا اس کو جائز سمجھ کر کہہ رہا ہے (۲) اور

---

(۱) (الحجرات: ۱۲)

(۲) ''و منها: أن استحلال المعصية صغيرةً كانت أو كبيرةً كفرٌ إذا ثبت كونها معصيةً بدلالة قطعية، =

Made Searchable by ScribeTools.com

پھر یہ کہنا کہ ''اگر تم میری بات پر یقین نہیں کرتے تم کافر ہو'' یہ بھی نہایت سخت کلمہ ہے، مسلمان کے حق میں ایسی بات کہنے سے پورا پرہیز لازم ہے، حدیث پاک میں ہے کہ اگر کوئی شخص کسی کو کافر کہے اور وہ واقعۃً ایسا نہ ہو تو یہ کلمہ اسی کافر کہنے والے کی طرف لوٹتا ہے(۱)۔ آپ نے صبر کیا اور خاموش رہے بہت اچھا کیا، اب آئندہ بھی خاموش رہیں اور صبر کریں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۶/ ۷/ ۱۳۹۹ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

= وكذا الإستهانة بها كفر بأن يعدها هيّنةً سهلةً، و يرتكبها من غير مبالاة بها، ويجريها مجرى المباحات فى ارتكابها''. (شرح الفقه الأكبر للقارى رحمه الله تعالىٰ مطلب: فى استحلال المعصية، ص: ۱۵۲، قديمى)

(۱)''عن أبى ذر رضى الله تعالىٰ عنه أنه سمع النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: ''لا يرمى رجل رجلاً بالفسوق، ولا يرميه بالكفر، إلا ارتدت عليه إن لم يكن صاحبه كذلك''. (صحيح البخارى، كتاب الأدب، باب ما ينهى عن السباب واللعن: ۸۹۳/۲، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

ما یتعلق بالاستخفاف باللہ تعالیٰ و شعائرہ

(اللہ تعالیٰ کی شان میں گستاخی اور شعائر کی توہین)

اللہ تعالیٰ کی شان میں گستاخی

سوال[۶۲۶۷]: ایک شخص کہتا ہے کہ ''اللہ میاں بہت محتاج ہیں، نعوذ باللہ، بڑے غریب ہیں، ان کے پاس کیا ہے، کچھ بھی نہیں''۔ جب اس کا مطلب پوچھا جاتا ہے تو کہتا ہے کہ مطلب یہ ہے کہ ان کے پاس نہ ہاتھ ہے، نہ پیر، نہ آنکھ ہے، نہ منہ ہے۔ تو ایسے شخص کے متعلق کیا حکم ہے؟ شرعاً اس قسم کے کلمات کہنے کیسے ہیں؟

المستفتی: محمد مصطفیٰ، متعلم مدرسہ عربیہ ہدایت المسلمین، کرہی ڈاکخانہ دوہارا، ضلع بستی۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

ایسا کہنا بھی سخت گستاخی ہے(۱) ﴿ید اللہ فوق أیدیھم﴾ (۲) وغیرہ نصوص کے مخالف ہے، لہٰذا اس کو بھی توبہ نیز تجدید ایمان اور تجدید نکاح کا حکم دیا جائے (۳)۔

---

(۱) "یکفر إذا وصف اللہ تعالیٰ بما لا یلیق به أو سخر بإسم من أسمائه ..... أو نسبه إلی الجهل أو العجز أو النقص". (البحر الرائق، کتاب السیر، باب أحکام المرتدین: ۲۰۲/۵، رشیدیه)

(وکذا فی التاتارخانیة، کتاب أحکام المرتدین، فصل فیما یقال فی ذات اللہ تعالیٰ: ۴۶۳/۵، ادارة القرآن)

(و کذا فی الفتاوی العالمکیریة، کتاب ا لسیر، موجبات الکفر أنواع، منها ما یتعلق بذات اللہ تعالیٰ و صفاته: ۲۵۸/۲، رشیدیه)

(۲) (الفتح: ۱۰)

(۳) 'ثم إن کانت نیة القائل ..... الوجه الذی یوجب التکفیر، لا تنفعه فتوی المفتی، و یؤمر بالتوبة والرجوع عن ذلک، و بتجدید النکاح بینه و بین امرأته". (الفتاوی العالمکیریة، کتاب ا لسیر، موجبات الکفر أنواع، قبیل الباب العاشر فی البغاة: ۲۸۳/۲، رشیدیه)

(وکذا فی التاتارخانیة، کتاب أحکام المرتدین، فصل فی إجرآء کلمة الکفر: ۴۵۸/۵، ادارة القرآن) =

﴿لقد كفر الذين قالوا إن الله فقير و نحن أغنياء﴾ الآية (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۹/۵/۵۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، ۹/ جمادی الاولی/ ۵۶ھ۔

شان خداوندی میں گستاخی کرنے والے کے ساتھ سلوک

سوال[۶۶۸]: غیر مسلم اللہ کی شان میں گستاخیاں کرتا ہے، ظاہر ہے اگر اس کو اللہ تعالیٰ کی عظمت کا علم ہوجاتا تو ایسا نہ کرتا، علم رکھنے والے کے لئے ایسے موقع پر خاموشی اختیار کرنا کیسا ہے؟ سمجھانے پر نہ ماننے پر جسمانی تکلیف پہونچانے کا حق ہے یا نہیں جب کہ قدرت ہو؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

کیا جسمانی تکلیف پہونچانے سے اس کی اصلاح ہوجائے گی جب کہ وہ بے علم ہے؟ اصلاح کی صورت تو یہ ہے کہ اخلاق وشفقت سے اس کو اللہ تعالیٰ کی عظمت کا علم کرایا جائے (۲) اور عقیدہ درست کیا جائے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۹/۱۲/۹۱ھ۔

اللہ تعالیٰ کو گالی دینا اور رمضان کے روزے کی توہین کرنا

سوال[۶۶۹]: موضع پنجو چک پٹھان کوٹ میں بروز جمعہ شریف مسلمان روزہ داروں کی ایک مجلس

= (وكذا في المحيط البرهاني، كتاب السير، فصل في مسائل المرتدين، النوع الأول في إجراء كلمة الكفر: ۲ ۵۵۰، غفاريه)

(۱) مذکورہ آیت ان الفاظ کے ساتھ شاید قرآن کریم میں نہیں، سہو کاتب ہوسکتا ہے اور شاید حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ جس آیت کو ذکر کرنا چاہتے تھے وہ سورۂ آل عمران کی یہ آیت ہے، قال الله عز و جل: ﴿لقد سمع الله قول الذين قالوا: إن الله فقير و نحن أغنياء، سنكتب ما قالوا و قتلهم الأنبياء بغير حق، و نقول: ذوقوا عذاب الحريق﴾. (الآية: ۱۸۱)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿أدع إلى سبيل ربك بالحكمة والموعظة الحسنة و جادلهم بالتي هي أحسن﴾. (الآية: النحل: ۱۲۵).

Made searchable using ScribeTools.com

ہورہی تھی، یعنی جمعہ کی نماز وغیرہ نیک کاموں کے لئے جانا تھا، دن کے پورے دو بجے کا ٹائم تھا کہ ایک صاحب داماد حسین بخش پورہ گوجر، بیڑی تمباکو پیتا ہوا دھواں نکالتا ہے، حاضرین مجلس نے بلکہ خود فقیر نے کہا کہ دیکھو تم کو اول بروئے شرع مطہرہ روزہ رکھنا چاہئے تھا، کیونکہ تم وطنی ہو یعنی اپنے گھر میں مقیم ہو، اس بنا پر تم پر روزہ رمضان شریف رکھنا واجب العین ہے، تو داماد حسین بخش مسلمانوں کے سامنے وہ الفاظ بکتا ہے جو حسب ذیل تحریر ہیں:

۱- ''اللہ کیا کرسکتا ہے، اللہ کے ہاتھ میں کیا ہے'' اور اللہ کو گالیاں دیں۔ نعوذ باللہ

۲- رمضان شریف اور روزہ کے نام پر ماں کا نام لے کر گالیاں دی، جب گالیاں دے کر رمضان شریف اور روزوں کے نام سرد ہوا تو کہنے لگا کہ ''ہم کو رمضان کا روزہ رکھ کر کیا ملے گا؟ یوں تو اپنا کام کاج کر کے اپنا گھر اور اہلیہ اور بچوں کا پیٹ پالوں گا، رمضان اور روزوں میں کیا رکھا ہے؟ یہ بے وقوفوں نے غلط ڈھانچہ بنا رکھا ہے''۔

اس لئے التجا ہے کہ ایسے شخص کے لئے شریعت مطہرہ میں کیا حکم ہے؟ دوم جو عورت اس شخص کے نکاح میں ہے وہ نکاح سے خارج ہے یا تجدید نکاح کرنا پڑے گا اور دوسرے مسلمانوں کو ایسے شخص مفسد اعتقاد والے کے ساتھ کیا سلوک برتنا چاہئے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

شخص مذکور نے الفاظ بہت سخت کہے ہیں، ایسا کہنے سے ایمان سلامت نہیں رہتا، اس کو ضروری ہے کہ فوراً توبہ واستغفار کرے، تجدید ایمان کرے اور نکاح بھی دوبارہ کرے (۱)۔ اگر وہ اس کے لئے آمادہ نہ ہو تو

---

(۱) أما قوله : ''اللہ تعالیٰ کیا کرسکتا ہے الخ'' '' فقد تقدم تخريجه تحت عنوان : ''اللہ تعالیٰ کی شان میں گستاخی'')

وأما قوله الثانی : ''رمضان شریف الخ'' فقال الملا علی القاری رحمه الله تعالیٰ فی شرح الفقه الأكبر: "وفی التتمة: من أهان الشريعة أو المسائل التی لا بد منها كفر". (فصل فی العلم والعلماء، ص: ۱۷۴، قديمی)

وأما قوله : ''رمضان کا روزہ رکھ کر کیا ملے گا'' فقال فی الفتاوی العالمكيرية : "لو قال : قرأت القرآن كثيراً فما رفعت الجناية عنا، يكفر". (كتاب السير ، موجبات الكفر أنواع ، و منها ما يتعلق بالقرآن: ۲/۲۶۷، رشيديه)

(وكذا فی خلاصة الفتاوی ، الفصل الثانی ، الجنس التاسع فی القرآن : ۴/۳۸۹، رشيديه)

مسلمانوں کو چاہئے کہ اس سے تعلق قطع کردیں تا کہ اس کے خراب عقائد سے متأثر نہ ہوں اور وہ تنگ آ کر اپنی اصلاح پر آمادہ ہوجائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۸/۱۰/۹۰ھ۔

اللہ پاک کو گالی دینا

سوال[۶۷۰]: ۱.....نادانستگی میں زید نے اللہ میاں کو چند ناشائستہ کلمات کہہ دیئے، اللہ پاک کو ماں بہن کی گالی دی، دل میں یہ خیال پیدا ہوا کہ عبادت وغیرہ سے کچھ نہیں ہوتا ہے، جتنی نماز پڑھو اور دعا مانگو اتنا ہی الٹا ہوتا ہے۔ سفر میں بالوریت کا راستہ تھا، سائیکل بگڑ گئی تھی، پریشان تھے، اس وقت مندرجہ بالا الفاظ منہ سے نکلے تو اس کے بعد ایمان رہا یا کفر لازم ہوگیا؟

۲.....اگر زید شادی شدہ ہے تو اس کا نکاح قائم رہا یا تجدید نکاح کی ضرورت ہے، یا حلالہ کے بعد طلاق دینے پر عدت گزارنے سے نکاح ضروری ہوگا، جب کہ اس کے بعد بھی زید دو تین سال بیوی کے ساتھ اسی طرح رہا اس کے بعد طلاق مغلظہ دیدی؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

زید کو لازم ہے کہ تجدید ایمان کرے اس کا نکاح بھی ختم ہوگیا(۱)، اب دو تین سال بعد جب بیوی کو

---

(۱) قال علی القاری رحمه الله تعالیٰ فی شرح الفقه الأکبر: "ثم اعلم أنه إذا تکلم بکلمة الکفر عالماً بمعناها، و لا یعتقد معناها، لکن صدرت عنه من غیر إکراه، بل مع طواعیة فی تأدیته، فإنه یحکم علیه بالکفر". (ص: ۱۶۴، قدیمی)

و فی البحر الرائق: "یکفر إذا وصف الله تعالیٰ بما لا یلیق به". (کتاب السیر، باب أحکام المرتدین: ۵/۲۰۲، رشیدیه)

"و لو قال: قرأت القرآن کثیراً، فما رفعت الجنایة عنا، یکفر". (الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، موجبات الکفر أنواع، و منها ما یتعلق بالقرآن: ۲/۲۶۷، رشیدیه)

(و کذا فی خلاصة الفتاوی، کتاب ألفاظ الکفر، الفصل الثانی، الجنس التاسع فی القرآن: ۴/۳۸۹، رشیدیه)

Made Searchable using ScribeTools.com

طلاق مغلظہ دیدی تو وہ بغیر حلالہ کے جائز نہیں رہی، قطعاً حرام ہوگئی تو اس سے تجدید نکاح کرنے کے لئے بغیر حلالہ کے اس مسئلہ کے دریافت کرنے کی ضرورت کیوں پیش آئی اور کلمات کفریہ کہنے کے بعد بغیر تجدید ایمان اور تجدید نکاح کے اس کے ساتھ رہا، اس کو دریافت کیوں نہیں کیا۔ کیا اس کو حرام کاری نہیں سمجھا، اگر اس نے کلمات کفریہ کہنے کے بعد بھی نکاح قائم رکھا اور اس کے ساتھ سب کچھ حلال کیا ہے، تو طلاق مغلظہ کے بعد بغیر حلالہ کے تجدید نکاح کا سوال بھی بے محل ہے(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۱/۸۹ھ۔

= "ثم إن كانت نية القائل..... الوجه الذى يوجب التكفير، لا تنفعه فتوى المفتى، ويؤمر بالتوبة والرجوع عن ذلك، و بتجديد النكاح بينه و بين امرأته". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب ا لسير، موجبات الكفر أنواع، قبيل الباب العاشر فى البغاة: ۲/۲۸۳، رشيديه)

(وكذا فى التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل فى إجرآء كلمة الكفر: ۵/۴۵۸، إدارة القرآن)

(وكذا فى المحيط البرهانى، كتاب السير، فصل فى مسائل المرتدين، النوع الأول فى إجراء كلمة الكفر: ۵/۵۵۰، غفاريه كوئٹه)

(۱) شاید حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کی مراد یہ ہے کہ کلمۂ کفر کے بعد تجدید ایمان اور تجدید نکاح کی ہو، اس کے بعد طلاق مغلظہ دی ہو کیونکہ مرتد کی طلاق عدت کے دوران واقع ہوتی ہے، اور اگر عدت گزرنے کے بعد طلاق دے تو وہ واقع نہیں ہوگی۔

"واعلم أن تصرفات المرتد على أربعة أقسام، فينفذ منه اتفاقاً ما لا يعتمد تمام ولاية، وهى خمس: الاستيلاد والطلاق الخ". و فى رد المحتار: "(قوله: و الطلاق): أى ما دامت فى العدة؛ لأن الحرمة بالردة غير متأبدة لإرتفاعها بالإسلام، فيقع طلاقه عليها فى العدة ..... و أورد أنه كيف يتصور طلاقه و قد بانت بردته؟ و أجيب بأنه لا يلزم من وقوع البينونة امتناع الطلاق، و قد سلف أن المبانة يلحقها الصريح فى العدة: أى ولو كان الواقع بذلك الصريح بائناً كالطلاق الثلاث". (كتاب الجهاد، باب المرتد: ۴/۲۴۹، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق: كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۵/۲۲۴، رشيديه)

(وكذافى فتح القدير، كتاب السير، باب المرتد: ۵/۸۲، مصطفى البابى الحلبى مصر)

(وكذا فى التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل فى تصرفات المرتد والمرتدة: ۵/۵۵۷، إدارة القرآن)

اللہ تعالیٰ کی شان میں بے ادبی

سوال[۶۷۱]: دوچار آدمی مسجد میں وضو کررہے تھے، زید غصہ میں کہنے لگا ''اللہ واللہ کچھ نہیں ہے'' ایسے جملہ سے زید کو روکا گیا تو زید کہنے لگا کہ میرے دل میں تو اللہ ہے۔ یہ جملہ کفریہ ہوا کہ نہیں اور نکاح باقی رہا یا ٹوٹ گیا؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

غصہ میں کہے ہوئے لفظ سے توبہ واستغفار کرلے(۱) بہتر یہ ہے کہ کلمہ پڑھ کر نکاح بھی دوبارہ پڑھوالے(۲) اور آئندہ زبان کو قابو میں رکھے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۴/۲۳ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۴/۲۶ھ۔

خدا اور رسول کے متعلق ایک امام کی گمراہ کن باتیں

سوال[۶۷۲]: ایک آدمی کہتا ہے جو کہ امامت بھی کرتا ہے وہ یہ کہتا ہے کہ میں نے حضرت مولانا محمد قاسم صاحب بانی دارالعلوم دیوبند کو بچشم خود تقریر کرتے ہوئے دیکھا ہے اور حاضرین سے یوں کہتا ہے کہ ''تم نے اللہ کو دیکھا ہے''؟ میں نے کہا کہ حضرت! ہم نے تو نہیں دیکھا ہے تو حضرت رومال اپنی جیب سے نکال کر اور بغیر بادل کے کڑک اور گرج شروع ہوئے کافی دیر کے بعد لوگوں کی طرف مخاطب ہوکر فرمایا: ''دیکھو رومال میں خداوند قدوس کا بت اور پتلہ مع اعضائے بشریت موجود ہے''۔ نعوذ باللہ منہما۔ اور یوں کہتا ہے کہ ''میں نے بھی دیکھا ہے'' جب کہ اس شخص کی عمر ۵۵ سال کی ہے۔ نعوذ باللہ منہا۔

ایسے بزرگ کی شان میں اس قسم کے الفاظ کہنا، دوسرے سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جب معراج ہوئی تو اس کے بارے میں نعوذ باللہ یہ کہتا ہے کہ ''حضرت جبرئیل علیہ السلام سدرۃ المنتہیٰ سے اوپر گئے ہیں اور

---

(۱) (تقدم تخریجه تحت عنوان ''اللہ پاک کو گالی دینا'')

(۲) ''ما كان فی كونه كفراً إختلاف ، فإن قائله يؤمر بتجديد النكاح و بالتوبة، والرجوع عن ذلك بطريق الإحتياط ..... ''ثم إن كانت نية القائل .....الوجه الذی يوجب التكفير، لا تنفعه فتوى المفتی، ويؤمر بالتوبة والرجوع عن ذلك، و بتجديد النكاح بينه و بين امرأته''. (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير ، موجبات الكفر أنواع ، قبيل الباب العاشر فی البغاة: ۲/۲۸۳، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

اللہ کے قریب جا کر کہا کہ یا اللہ! تمہارے حبیب حاضر ہو گئے ہیں، اللہ نے کہا بہت اچھا، حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جوتے اتارنے کا قصد کیا ہے، فوراً جواب صمدی آیا کہ آؤ اور میرے سینہ پر چڑھ جاؤ- نعوذ باللہ- خدا کے سینہ پر حضور مع جوتے کے چڑھ گئے''۔ اور یوں کہے کہ ''حدیث میں ہے''۔ یہ شخص حافظ ہے اور ایک مسجد کا امام ہے، کیا ایسے شخص کے پیچھے نماز جائز ہے اور اس کا نکاح قائم رہا یا کہ نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

جو شخص اللہ تعالیٰ کا پتلہ مع اعضاء بشری رومال سے نکال کر حاضرین کو دکھلائے (نعوذ باللہ) وہ ہرگز اس قابل نہیں کہ اس کو امام بنایا جاوے، ایسے شخص کی صحبت سے دور رہیں، نہ جانے کیا کیا شعبدے دکھلا کر گمراہ کریگا جس سے ایمان بھی سلامت نہیں رہے گا۔ اللہ تعالیٰ ایسی چیز نہیں جس کو رومال میں بند کیا جاوے یا اس کے لئے پتلہ بنایا جاسکے یا اس کے اعضاء بشری موجود ہوں، خداوند تعالیٰ ایسی باتوں سے منزّہ اور پاک ہے (۱) اس کے لئے جسم اور اعضاء بشری رومال میں بند کرنا کفر ہے (۲)۔ ایسے آدمی کو واجب ہے کہ اس قسم کی خرافات اور کفریات سے توبہ کر کے تجدید ایمان اور تجدید نکاح کرے (۳)۔

---

(۱) ''و هو (أی الله تعالیٰ) شیء لا کالأشیآء ، و معنی الشیء إثباته بلا جسم و لا جوهر و لا عرض ..... و له ید ووجه ونفس، فما ذکره الله تعالیٰ فی القرآن من ذکر الوجه و الید والنفس ، فهو له صفات بلا کیف''. (الفقه الأکبر للامام الأعظم رحمه الله تعالیٰ ، ص: ۳۶، قدیمی)

(وکذا فی شرح العقیدة الطحاویة ، مطلب فی کلام أبی حنیفة فی إثبات النفس والوجه والید له تعالیٰ بلا کیف، ص: ۱۵۳)

(۲) ''و فی مجموع النوازل : إذا قال : ''پائے خدا باید گرفتن درین حادث،ینظر: إن اعتقد أن الله تعالیٰ و تنزه رِجلاً و هی الجارحة ، یکفر''. (التاتارخانیة ، کتاب أحکام المرتدین ، فصل فیما یقال فی ذات الله تعالیٰ: ۴۶۳/۵، إدارة القرآن والعلوم الإسلامیة کراچی)

(وکذا فی البحرالرائق ، کتاب السیر ، باب أحکام المرتدین : ۲۰۲/۵، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاوی البزازیة، کتاب ألفاظ تکون إسلاماً أو کفراً ، الفصل الثانی، النوع الثانی فی ما یتعلق بالله تعالیٰ : ۳۲۳/۶، رشیدیه)

(۳)(تقدم تخریجه تحت عنوان : ''اللہ تعالیٰ کی شان میں گستاخی کرنا'')

حضرت مولانا قاسم نانوتوی رحمہ اللہ تعالیٰ بانیٔ دارالعلوم دیوبند کے انتقال کو۹۳/ برس گزر چکے ہیں، ۵۵/ سال کا آدمی ان کو خواب میں تو دیکھ سکتا ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ کسی کو کشف ہوجاوے یا تمثیل ہوجاوے مگر واقعاتی دنیا میں ان کو اس وقت تقریر کرتے ہوئے دیکھنے کی کوئی صورت نہیں ہے۔

معراج کے متعلق جوتے پہنے ہوئے جاکر اللہ تعالیٰ کے سینہ پر چڑھنا نہ قرآن کریم میں ہے، نہ حدیث میں، بلکہ نہایت لغو اور کفریہ شیطانی خیال ہے(۱)، حضرت مولانا قاسم صاحب یا کوئی بھی بزرگ ایسی بات نہیں فرماسکتے، ان کی طرف نسبت کرنا بے اصل ہے اور غلط ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۳/ ۵/ ۹۰ھ

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کے الفاظ کہنا

سوال[۶۷۳]: جب کہ شریعت کا مسئلہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جس طرح چاہیں ارشاد فرمائیں لیکن امت کو یہ اجازت نہیں ہے کہ وہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں ایسے الفاظ کہیں جس سے گستاخی ٹپکتی ہو، مثلاً: یہ لفظ استعمال کرے کہ ''اللہ تعالیٰ نے -معاذ اللہ- رسول اکرم

---

(۱) "عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "من کذب علیّ متعمداً، فلیتبوأ مقعده من النار". (الصحیح لمسلم، المقدمة، باب تغلیظ الکفر علی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: ۱/۷، قدیمی)

"قال الإمام النووی رحمه الله تعالیٰ: "واعلم أن هذا الحدیث یشتمل علی فوائد و جمل من القواعد ..... الثانیة: تعظیم تحریم الکذب علیه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، وأنه فاحشة عظیمة و موبقة کبیرة، ولکن لا یکفر بهذا الکذب إلا أن یستحله ..... والثالثة: أنه لا فرق فی تحریم الکذب علیه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بین ما کان فی الأحکام و ما لا حکم فیه ..... فکله حرام، من أکبر الکبائره و أقبح القبائح بإجماع المسلمین الذین یعتدّ بهم فی الإجماع". (شرح النووی علی مسلم: ۱/۸، قدیمی)

"یکفر إذا وصف الله تعالیٰ بما لا یلیق به". (البحر الرائق، کتاب السیر، باب أحکام المرتدین: ۵/۲۰۲، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ڈانٹا'' یا یہ لفظ استعمال کرے کہ ''قیامت کے دن امت میں سے بعض لوگ نبیوں کو چھڑائیں گے یعنی اللہ تعالیٰ کی پکڑ سے یا نبیوں کے درمیان –معاذ اللہ– منصف یا جج ہوں گے''، ایسے لوگوں کے بارے میں کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

یہ بات بالکل مسلّم ہے کہ حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان اقدس میں کسی بھی قسم کی گستاخی کرنے سے ایمان سلامت نہیں رہتا(۱)، البتہ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ کسی مصنف نے کوئی بات لکھی انتہائی احترام کو ملحوظ رکھ کر، گستاخی اس کے حاشیۂ خیال میں بھی نہیں مگر اس کی تحریر پڑھنے والا کچھ تصورات اپنے ذہن میں لئے ہوئے ہے جس کی وجہ سے کبھی دانستہ کبھی نادانستہ ایسا مطلب تجویز کرتا ہے جس سے گستاخی ٹپکتی یا ٹپکائی جاسکتی ہے، پھر ایسی گستاخی کو مصنف کی طرف منسوب کیا جاتا ہے اور اس پر حکم لگایا جاتا ہے کہ اس کی یہی مراد ہے، یہ طریقہ غلط ہے۔ جو فقرے آپ نے سوال میں نقل کئے ہیں اگر ان کا قائل یا مصنف زندہ ہو تو خود اس سے دریافت کیا جائے، بغیر دریافت کئے کوئی سخت حکم نہ لگایا جائے، اگر وہ زندہ نہیں اس کی کتاب میں یہ موجود ہے تو وہ کتاب روانہ کردی جائے، اس کو دیکھ کر بتایا جاسکتا ہے کہ کیا حکم ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۸/۶/۹۴ھ۔

ذات وصفاتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر تنقید

سوال[۶۷۴] : آقائے دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات وصفات، علم اور شان میں ادنیٰ ترین

---

(۱) ''علامہ علم الہدی در بحر محیط گفتہ کہ: ہر ملعون کہ در جنابِ پاک سرور کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دشنام دہد، یا اِہانت کند، یا در امرے از امورِ دین او، یا صورت مبارکِ او، یا در وصفے از اوصافِ شریفۂ او عیب کند، خواہ مسلمان بود یا ذمی یا حربی اگر چہ از راہِ ہزل کردہ باشد، آں کافر است واجب القتل، توبۂ او مقبول نیست، واجماع امت بر آن است کہ بے ادبی واستخفافِ ہر کس از انبیاء کفر است، خواہ فاعلِ او حلال دانستہ مرتکب شود یا حرام دانستہ''۔ (مالا بد منه ، باب كلمات الكفر : ۱۳۶ ، مكتبه شركت علميه)

(وكذا فى خلاصة الفتاوى ، كتاب ألفاظ الكفر ، الفصل الثانى ، الجنس الثالث فيما يقال فى الأنبياء عليهم الصلوة والسلام: ۳۸۶/۴، رشيديه)

Made Searchable by ScribeTools.com

نقص کے معتقداور تنقیص کرنے اور کہنے والے کے لئے شرعاً کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

آقائے دوعالم سیدالاولین والآخرین امام المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ذاتِ مقدسہ، صفاتِ مبارکہ علمِ اعلیٰ کے اعتبار سے خدائے پاک کے نزدیک ہرمخلوق سے بلند، محبوب، مقرب ہیں۔ حضرت آدم علیہ السلام اوران کے علاوہ سب آپ کے جھنڈے کے نیچے ہوں گے۔

دستِ مبارک میں ''لواء الحمد'' ہوگا (۱)۔ لیلۃ المعراج میں مقام ''دنی وقاب قوسین'' آپ کے ساتھ مخصوص ہے (۲)، شفاعتِ کبریٰ آپ کا حق ہے (۳) وغیرہ وغیرہ۔ فداہ أبی وأمی (صلی اللہ

---

(۱) ''والمعتقد المعتمد أن أفضل الخلق نبينا حبيب الحق، وقدا دعى بعضهم الإجماع على ذلک، فقد قال ابن عباس رضى الله عنهما: ''إن الله فضّل محمداً على أهل السماء وعلى الأنبياء''. وفى حديث مسلم والترمذى عن أنس رضى الله عنه: ''أنا سيد وُلد آدم يوم القيامة، ولافخر'' زاد أحمد و الترمذى وابن ماجة عن أبى سعيد رضى الله عنه :''ووبيدى لواء الحمد ولا فخر، وما من نبى يؤمئذ آدم فمن سواه إلاتحت لوائى، وأنا أول من تنشق عنه الأرض ولافخر، وأنا أول شافع وأول مشفع ولا فخر''. وروى الترمذى عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه ولفظه : ''أنا اوّل من تفشق عنه الأرض، فأكسى حلةً من حلل الجنة، ثم أقوم عن يمين العرش، وليس أحد من الخلائق يقوم ذلک المقام غيرى''. (شرح الفقه الأكبر، تفضيل بعض الأنبياء على بعضهم، ص: ۱۱۴، قديمى)

(وكذا فى شرح العقيدة الطحاوية، مسألة المفاضلة بين الأنبياء، ص: ۸۹، مكتبه الغرباء)

وقال النووىؒ تحت حديث أبى هريرة رضى الله عنه : ''وهذا الحديث دليل لتفضيله صلى الله عليه وسلم على الخلق كلهم؛ لأن مذهب أهل السنة أن الآدميين أفضل من الملائكة، وهو صلى الله عليه وسلم أفضل الآدميين بهذا الحديث''. (شرح النووى على الصحيح لمسلم، كتاب الفضائل، باب تفضيل نبينا صلى الله عليه وسلم: ۲/۲۴۵، قديمى)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿ ثم دنا فتدلىٰ، فكان قاب قوسين أو أدنى) ..... هذه الآيات على رؤيته جبرئيل أصح ..... كما ثبت ذلک فى الصحيحين عن عائشة أم المؤمنين، وعن ابن مسعود، وكذلک هو فى صحيح مسلم عن أبى هريرة ولايعرف لهم مخالف من الصحابة فى تفسير هذه الآية بهذا''. (تفسير ابن كثير: ۳/۷، دارالسلام)

(۳) ''الشفاعة ..... وهى العظمىٰ ، الخاصة بنبيّنا صلى الله عليه وسلم من بين سائر إخوانه من =

Made searchable using ScribeTools.com

علیه وسلم صلوٰةً دائمةً أبداً)۔

ذات، صفات، علم، شان میں تنقیص کو ایمان برداشت نہیں کرسکتا (۱)۔ مسئلہ چونکہ ایمانیات سے متعلق ہے اس لئے کسی خاص شخص پر خاص بات کی وجہ سے حکم لگانا بھی آسان نہیں جب تک شرعی دلائل سے تنقیح تام نہ ہوجائے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۱۰/۲۰ھ۔

شان اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں گستاخی

سوال[۶۷۵]: ایک مسلمان جس کے ہوش وحواس صحیح ہیں، وہ یہ کہہ رہا ہے کہ ''حضرت یوسف علیہ السلام نبی نہیں تھے اور ''داستان یوسف'' کتاب جھوٹی کتاب ہے اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بارے میں کہتا ہے کہ نعوذ باللہ حضور لگائی باز تھے (۲)، شہوت پرست تھے، ان کی گیارہ بیویاں تھیں''۔ تو یہ شخص مسلمان کہلائے گا یا کافر؟ اس کی بیوی پر طلاق واقع ہوگئی یا نہیں؟ یہ شخص اگر انتقال کرجائے تو اس کے

= الأنبياء والمرسلين، صلوات الله عليهم أجمعين، ..... عن.أبی هريرة رضی الله عنه قال: ..... ''اذهبوا إلى محمد صلى الله عليه وسلم فيأتونى، فيقولون: يامحمد! أنت رسول الله، وخاتم الأنبياء، غفرالله لک ماتقدم من ذنبک وماتأخر، فا شفع لنا إلى ربک ..... فيقال: يا محمد! ارفع رأسک، سل تعطه، اشفع تشفّع''. إلى آخر الحديث. (شرح العقيدة الطحاوية، الشفاعة حق: ۱۶۱، ۱۶۳، مكتبه الغرباء)

(والصحيح لمسلم مع شرحه للنووى، كتاب الفضائل، باب معجزات النبى صلى الله عليه وسلم: ۲/۲۴۵، قديمى)

(۱) ''وقال أبو يوسف رحمه الله تعالىٰ: وأيمارجل مسلم سبّ رسول الله صلى الله عليه وسلم، أو كذبه، أو عابه، أو تنقصه، فقد كفر بالله تعالى، وبانت منه امرأته، فإن تاب وإلا قتل، ..... وفى النيابيع: ''لوعاب النبى صلى الله عليه وسلم بشئى من العيوب يكفر''. (تنبيه الولاة والحكام فى ضمن رسائل ابن عابدين: ۱/۳۲۴، ۳۲۶، سهيل اكيڈمى لاهور)

(وكذا ايضاً فى تنبيه الولاة والحكام: ۱/۳۵۷، سهيل اكيڈمى لاهور)

(۲) قوله: ''لگائی باز''عورت پسند''۔ (فیروز اللغات، ص:۱۱۶۱، فیروز سنز لاہور)

جنازہ کی نماز پڑھی جائے گی یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

جس کے دل میں ایمان ہے وہ ایسی بات نہیں کہہ سکتا، اس لئے کہ اس سے ایمان جاتا رہتا ہے(۱)، نکاح ختم ہوجاتا ہے(۲)، اس کی تجہیز وتکفین بھی اسلامی طریقے پر نہیں کی جاتی، اس کی نماز جنازہ بھی نہیں پڑھی جاتی (۳)۔ جب تک پوری طرح یقین کے ساتھ کسی کا ایسا کہنا ثابت نہ ہوجائے کوئی سخت حکم لگانے میں پوری

---

(۱) أما قوله : ''حضرت یوسف علیہ السلام نبی نہیں تھے، و قوله : لگائی باز تھے، شہوت پرست تھے'' '' فقال فی التاتارخانية: '' من لم يقر ببعض الأنبياء عليهم السلام أوعاب نبياً بشيء ، أو لم يرض بسنة من سنن المرسلين عليهم السلام ، فقد كفر''. (كتاب أحكام المرتدين ، فصل فيما يعود إلى الأنبياء عليهم السلام : ۴۷۷/۵، إدارة القرآن)

(وكذا فی البحرالرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين : ۲۰۳/۵، رشيديه)

(و كذا فی الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير ، موجبات الكفر أنواع ،و منها ما يتعلق بالأنبياء عليهم السلام : ۲۶۳/۲، رشيديه)

(وكذا فی فتاویٰ قاضی خان، كتاب السير ، باب ما يكون كفراً من المسلم و ما لا يكون : ۵۷۴/۳،رشيديه)

(وكذا فی المحيط البرهانی ، كتاب السير، فصل فی مسائل المرتدين ، نوع فيما يعود إلى الأنبياء : ۵۵۸/۵، غفاريه كوئٹه)

(۲) '' و منهاأن ردة أحد الزوجين يوجب البينونة بينهما فی الحال بدون قضاء القاضی''. (خلاصة الفتاوی ، كتاب ألفاظ الكفر، الفصل الثانی ، الجنس الأول فی المقدمة : ۳۸۳/۴، رشيديه)

(وكذافی الدر المختار ، كتاب النكاح ، باب نكاح الكافر : ۱۹۳/۳، ۱۹۴،سعيد)

(وكذا فی البحر الرائق ، كتاب النكاح، باب نكاح الكافر : ۳۷۳/۳، رشيديه)

(۳) ''ويغسل المسلم و يكفن و يدفن ..... أما المرتد ، فيلقى فی حفرة كالكلب''. (الدرالمختار)

وفی رد المحتار: ''(قوله: فيلقى فی حفرة): أی و لا يغسل و لا يكفن و لا يدفع إلى من انتقل إلى دينهم''. (كتاب الصلوة، باب صلوة الجنائز: ۲۳۰/۲، سعيد)

(وكذا فی البحر الرائق ، كتاب الجنازة ، فصل: السلطان أحق بصلاته : ۳۳۴/۲، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

احتیاط لازم ہے(۱) مبادا یہ حکم کہیں حکم لگانے والے پر نہ لوٹ جائے (۲)۔

اگر خدانخواستہ کسی مسلمان سے غلبۂ جہالت وضلالت کی بناء پر ایسی بات نکلے تو فوراً اس کو تجدید ایمان اور تجدید نکاح اور توبہ کرادی جائے (۳)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۸/۲/۸۹ھ۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو گالی دینے والے کا حکم

سوال[۶۷۶]: اگر کوئی مسلمان العیاذ باللہ حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نسبت ناجائز

---

(۱) "و فی الفتاوی الصغری: الکفر شیء عظیم، فلا أجعل المؤمن کافراً متی وجدت روایةً أنه لا یکفر ..... و فی الخلاصة وغیرها: إذا کان فی المسئلة وجوه توجب التکفیر، و وجه واحد یمنع التکفیر، فعلی المفتی أن یمیل إلی الوجه الذی یمنع التکفیر تحسیناً للظن بالمسلم". (البحر الرائق، کتاب السیر، باب أحکام المرتدین: ۵/۲۱۰، رشیدیه)

(وکذافی الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، قبیل الباب العاشر فی البغاة: ۲/۲۸۳، رشیدیه)

(وکذا التاتارخانیة، کتاب أحکام المرتدین، فصل فی إجراء کلمة الکفر: ۵/۴۵۸، ادارة القرآن)

(وکذا فی الفتاوی البزازیة، کتاب ألفاظ تکون إسلاماً أو کفراً، الفصل الثانی، النوع الأول فی المقدمة: ۶/۳۲۲، رشیدیه)

(وکذا فی خلاصة الفتاوی، کتاب ألفاظ الکفر، الفصل الثانی، النوع الأول فی المقدمة: ۴/۳۸۲، رشیدیه)

(۲) "عن أبی ذر رضی الله تعالیٰ عنه أنه سمع النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یقول: "لا یرمی رجل رجلا بالفسوق، ولا یرمیه بالکفر، إلا ارتدت علیه إن لم یکن صاحبه کذلک". (صحیح البخاری، کتاب الأدب، باب ما ینهی عن السباب واللعن: ۲/۸۹۳، قدیمی)

(۳) "ما کان فی کونه کفراً اختلاف، فإن قائله یؤمر بتجدید النکاح، و بالتوبة والرجوع عن ذلک بطریق الإحتیاط، ثم إن کانت نیة القائل..... الوجه الذی یوجب التکفیر، لا تنفعه فتوی المفتی و یؤمر بالتوبة والرجوع عن ذلک، و بتجدید النکاح بینه و بین امرأته". (الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، موجبات الکفر أنواع، قبیل الباب العاشر فی البغاة: ۲/۲۸۳، رشیدیه)

دشنام (گالی) دیدے گا، بصورت شرع محمدی صلی اللہ تعالیٰ علی صاحبہا وسلم کے اس شخص کا اب کیا حکم ہے؟ لائق توبہ واستغفار ہے یا کہ لائق قتل ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

جوشخص شان اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں (نعوذ باللہ) گالی بکے وہ مرتد اور خارج از اسلام ہے، اس کو توبہ اور تجدید ایمان وتجدید نکاح لازم ہے، اگر وہ توبہ نہ کرے تو واجب القتل ہے۔ درمختار: ۳/۴۰۱، میں اس پر مفصل بحث مذکور ہے (۱) علامہ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ایک رسالہ مستقل لکھا ہے، دیگر اکابر علماء کے بھی رسائل ہیں، الصارم المسلول فی شاتم الرسول، وغیرہ، لیکن اس حکم پر عمل کے لئے شرائط ہیں ان کا بھی لحاظ چاہئے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۰/۳/۱۹ھ۔

---

(۱) راجح قول کے مطابق سب النبی ﷺ کے مرتکب کی توبہ مقبول ہے لیکن اگر قبل از توبہ قتل کیا گیا تو گناہ نہیں۔

قال العلامة الحصكفيؒ: "و كل مسلم ارتد فتوبته مقبولة إلا الكافر بسب نبى من الأنبياء، فإنه يقتل حداً و لا تقبل توبته مطلقاً ..... و من شک فی عذابه و كفره، كفر ..... و من نقص مقام الرسالة بقوله بأن سبه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، أو بفعله بأن بغضه بقلبه، قتل حداً كما مر من التصريح به، لكن صرّح فی آخر الشفاء بأن حكمه كالمرتد، و مفاده قبول التوبة كما لا يخفى".

(الدرالمختار)

و فی رد المحتار: "وحاصله أنه نقل الإجماع على كفر الساب، ثم نقل عن مالک ..... أنه لا تقبل توبته، فعلم أن المراد من نقل الإجماع على قتله قبل التوبة، ثم قال: و بمثله قال أبو حنيفة وأصحابه الخ: أی قال: إنه يقتل يعنی قبل التوبة لا مطلقاً" ..... إلى إخر ما بحث عنه. (كتاب الجهاد، باب المرتد، مطلب فی حكم ساب الأنبيآء: ۴/۲۳۱، ۲۳۲، سعيد)

(وكذا فی البحرالرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۵/۲۱۱، ۲۱۲، رشيديه)

(وكذا فی الفتاوی البزازية، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً، الفصل الثانی، النوع الأول فی المقدمة: ۶/۳۲۱، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

''اُمّی'' کا معنی جاہل، اَن پڑھ اور جاہلِ مطلق سے کرنے کا حکم

سوال[۶۷۷]: زید نے اپنی تقریر سیرتِ رسولِ مقدّس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دوران ''اُمّی'' کے معنی بیان کئے اور ''اَن پڑھ''، ''جاہل'' اور ''جاہلِ مطلق'' کہا، اور کہا کہ میں یہ دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں کہ ''اُمّی'' کے معنی جاہلِ مطلق کے ہیں۔ کیا ان معنوں سے توہینِ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نہیں ہے؟ اور اگر ہے تو زید کے لئے کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

''اُمّی'' اُس شخص کو کہتے ہیں جس نے کسی سے لکھنا، پڑھنا نہ سیکھا ہو، نہ کسی مدرسہ میں داخل ہو، نہ کسی اتالیق کے پاس پڑھا ہو، حضرت رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے اس دنیا میں کسی سے لکھنا پڑھنا نہیں سیکھا، یہاں کوئی آپ ﷺ کا استاذ نہیں (۱)، لیکن اللہ تبارک وتعالیٰ نے آقائے نامدار صلی اللہ علیہ

---

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿الذين يتبعون الرسول النبى الأمى الذى يجدونه مكتوباً عندهم فى التوراة﴾ الآية (الأعراف: ۱۵۷)

"أى: هؤلاء الذين تنالهم الرحمة هم الذين يتبعون محمداً صلى الله عليه وسلم والنبى العربى الأمى: أى الذى لايقرأ ولا يكتب". (صفوة التفاسير للصابونى: ۱/۴۷۵، دارالقرآن الكريم، بيروت)

"أى الذى لايكتب ولا يقرأ ..... عن ابن عمر رضى الله عنهما قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "إنا أمة أمية، لانكتب ولا نحسب" ..... فهو بالسنة إليه -بأبى وأمى- عليه الصلاة والسلام صفة مدح". (روح المعانى: ۹/۷۹، دارإحياء التراث العربى، بيروت)

"وعن عبدالله بن عمرو رضى الله عنهما، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم مرّ بمجلسين فى مسجده ..... "وإنما بعثت معلماً": أى بتعيلم الله لا بالتعلم من الخلق". (مرقاة المفاتيح، شرح مشكاة المصابيح، كتاب العلم: ۱/۵۱۶، رشيديه)

وقال الله تعالىٰ: ﴿وما كنت تتلوا من قبله﴾: أى وما كنت من قبل إنزالنا إليک الكتاب تقدر على أن تتلو (من كتاب ولا تخطه) ولا تقدر على أن تخطه (بيمينک إذاً لا رتاب المبطلون): أى لو كنت ممن يقدر على التلاوة والخط أو ممن يعتادهما لارتاب مشركومكة، =

وسلم کو اتنا علم عطا فرمایا کہ اولین وآخرین میں سے کسی کو اتنا نہیں ملا، نہ کوئی فرشتہ آپ کے برابر ہوسکتا ہے، نہ کوئی پیغمبر، شانِ نبوت کے لائق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا علمِ مبارک سارے عالَم کے علم سے بڑھا ہوا ہے(۱)۔

''اُمّی'' کی جو تشریح زید کی تقریر سے نقل کی گئی ہے اگر واقعۃً زید نے یہی تشریح کی ہے تو اس کو فوراً توبہ لازم ہے، اپنی غلطی کا اعتراف کرتے ہوئے انتہائی ندامت کے ساتھ توبہ کرے، ظاہر یہ ہے کہ اس نے ناشائستہ الفاظ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ اقدس میں استعمال نہیں کئے ہوں گے کیونکہ اس کی جرأت کوئی مسلمان نہیں کرسکتا، اس لئے صرف لفظ ''اُمّی'' کی یہ تشریح کی ہے جو کہ بے شمار مخلوق پر صادق

= وقالوا: لعله التقطه من كتب الأوائل، وحيث لم تكن كذلك، لم يكن لا تيابهم وجه، وكأن احتمال التعلم ممالم يلتفت إليه لظهور أن مثله من الكتاب المفصل الطويل لا يتلقى ويتعلم إلا فى زمان طويل بمدارسة لا يخفى مثلها". (روح المعانى: ۲۱/۴، دارإحياء التراث العربى)

"وهكذا كان رسول الله صلى الله عليه وسلم دائماً إلى يوم الدين لايحسن الكتابة ويحظ سطراً ولا حرفاً بيده، بل كان له كتاب يكتبون بين يديه الوحى والرسائل إلى الأقاليم". (تفسير ابن كثير: ۵۵۳/۳، دارالسلام)

(۱) وفى الخصائص الكبرى: "باب اختصاصه صلى الله عليه وسلم بالنصر بالرعب مسيرة شهر أمامه وشهر خلفه، وإيتائه جوامع الكلم ومفاتيح خزائن الأرض وعلم كل شئى إلا الخمس، قيل: والخمس أيضاً، ..... "عن أبى هريرة رضى الله عنه أن النبى صلى الله عليه وسلم قال: " فضلت على الأنبياء بست: أعطيت جوامع الكلم، ونصرت بالرعب، وأحِلت لى الغنائم، وجعلت لى الأرض مسجداً وطهوراً، وأرسِلت إلى الخلق كافةً، وختم بى النبيون" ..... "عن أبى موسىٰ رضى الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "أعطيت ثواتح الكلم وجوامعه وخواتمه" ..... "عن ابن عمر رضى الله عنهما عن النبى صلى الله عليه وسلم قال: "أوتيت مفاتيح كل شئى إلا الخمس: إن الله عنده علم الساعة الآية". " ذهب بعضهم إلى أنه صلى الله عليه وسلم أوتى علم الخمس أيضاً، وعلم وقت الساعة والروح، وأنه أمر بكتم ذلك". (الخصائص الكبرى، باب اختصاصه صلى الله عليه وسلم بالنصر بالرعب الخ: ۱۹۳/۲ - ۱۹۵، دارالكتب العلمية)

Made searchable using ScribeTools.com

بھی آتی ہے اور شانِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم میں اس کا وہم بھی نہیں ہوسکتا، اگر کوئی شخص سید الکونین امام المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ایسے الفاظ استعمال کرے تو وہ ایمان سے خارج ہوجائے گا (۱)، اس پر تجدید ایمان وتجدیدِ نکاح لازم ہوگی (۲)، مگر ایسا حکم کرنے میں خود زید سے استفسار کی ضرورت ہوگی، اس لئے اس میں جلدی نہ کی جائے۔

جب تک زید سے دریافت نہ کرلیا جائے کہ اس نے جو تشریح لفظ ''اُمّی'' کی کی ہے، کیا وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو نعوذ باللہ ایسا ہی سمجھتا ہے، اگر وہ کہے نہیں، میں نے لفظ ''اُمّی'' کے اصل معنیٰ بتائے ہیں، یہ نہیں کہا کہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ایسے ہی تھے تو پھر تکفیر نہ کی جائے (۳)، ہاں سیرتِ پاک کے

---

(۱) "وقال أبو يوسف رحمه الله : " وأيمارجل مسلم سبّ رسول الله صلى الله عليه وسلم، أو كذبه أو عابه، أو تنقصه، فقد كفر بالله تعالىٰ، وبانت امرأته، فإن تاب وإلا قتل"، ..... وفي الينابيع : "لوعاب النبي صلى الله عليه وسلم بشئي من العيوب يكفر". (تنبيه الولاة والحكام في ضمن رسائل ابن عابدين: ۱/۳۲۴ – ۳۲۶، سهيل اكيڈمی لاهور)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۵/۲۰۳، رشيديه)

(وكذا في التاتار خانية ،كتاب أحكام المرتدين، فيما يعود إلى الأنبياء عليهم السلام: ۵/۴۷۷، إدارة القرآن)

(۲) " ماكان في كونه كفراً اختلاف، فإن قائله يؤمر بتجديد النكاح وبالتوبة، والرجوع عن ذلك بطريق الاحتياط". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب السير،الباب التاسع في أحكام المرتدين قبيل الباب العاشر: ۲/۲۸۳، رشيديه)

(۳) "يجب أن يعلم أنه إذا كان في المسئلة وجوه توجب التكفير ووجه واحد يمنع التكفير فعلى المفتي أن يميل إلى الوجه الذي يمنع التكفير تحسيناً للظن بالمسلم، ثم إن كانت نية القائل الوجه الذي يمنع التكفير فهو مسلم ، وإن كانت نيته الوجه الذي يوجب التكفير، لاتنفعه فتوىٰ المفتي، ويؤمر بالتوبة والرجوع عن ذلك وتجديد النكاح بينه وبين امرأته". (التاتار خانيه، كتاب أحكام المرتدين، فصل في إجراء كلمة الكفر الخ: ۵/۴۵۸، إدارة القرآن)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب السير، قبيل الباب العاشر في البغاة: ۲/۲۸۳، رشيديه)

بیان میں صرف اس تشریح پر کفایت کرنے سے شبہات پیدا ہوتے ہیں، اس لئے توبہ کی ضرورت ہے (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۴/ ۹۲/۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ،، ۵/ ۹۲/۸ھ۔

حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو برا سمجھنے والے کا حکم

سوال [۶۷۸]: حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو برا سمجھنے والے کیسے ہیں، اہل سنت والجماعت کے علماء میں سے ہو یا عوام میں سے ہو؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ صحابی ہیں ان کا احترام واجب ہے (۲) ان کو برا کہنا ہرگز جائز نہیں، ان کو برا کہنے والا اور برا سمجھنے والا گنہ گار ہے (۳)، اس کو توبہ لازم ہے (۴)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی، عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۷/ ۱۱/ ۵۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔

صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۸/ ذی قعدہ/ ۵۶ھ۔

---

(۱) "وما كان خطأً من الألفاظ لايوجب الكفر، فقائله مؤمن على حاله، ولا يؤمر بتجديد النكاح، ولكن يؤمر بالاستغفار، والرجوع عن ذلك". (مجمع الأنهر، كتاب السير، باب المرتد: ۲/ ۵۰۱، مكتبه غفاريه كوئٹه)

(وكذا في التاتار خانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل في إجراء كلمة الكفر الخ: ۵/ ۴۵۸، إدارة القرآن)

(۲) "وعن خالد بن معدان: كان (أي معاوية) طويلاً، أبيض، أجلح، وصحب النبي صلى الله عليه وسلم وكتب له، الخ". (الإصابة في تمييز الصحابة: ۶/ ۱۲۰، دارالكتب العلمية)

"وقال السعد التفتازاني: يجب تعظيم الصحابة والكف عن مطاعنهم الخ. وقال العلامة المرعشي في "نشر الطوابع": يجب تعظيم جميع أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم والكف عن مطاعنهم وحسن الظن بهم وترك التعصب والبغض ..... وقد أحبهم النبي صلى الله عليي وسلم، =

Made searchable using ScribeTools.com

.....

= وأثنى عليهم ، وأوصى أمته بعدم سبهّم وبغضهم و أذاهم ، الخ". (الإصابة فی تمیز الصحابة ، مقدمة التحقيق: ۱/۲۵، ۲۶، دارالكتب العلمية)

(۳) "عن أبی سعيد عن النبی صلی الله عليه وسلم قال: " لا تسبوا أصحابی، فوالذی نفسی بيده! لوأن أحدكم أنفق مثل أحد ذهباً ماأدرک مد أحد هم ولا نصيفه " ..... وقال عليه الصلاة والسلام : "الله الله فی أصحابی، لا تتخذوهم غرضاً من بعدی ..... ومن آذاهم، فقد آذانی! " الحديث . (الإصابة فی تمیز الصحابة: ۱/۱۹، ۲۰، دارالكتب العلمية)

"قال أبو زرعة الرازی : إذا رأيت الرجل ينتقص أحداً من أصحاب رسول الله صلی الله عليه وسلم ، فاعلم أنه زنديق، وذلک أن الرسول حق، والقرآن حق، وما جاء به حق، وإنما أدی ذلک كله إلينا الصحابة، الخ". (الإصابة فی تمييز الصحابة : ۱/۲۲، دارالكتب العلمية)

"قال القاضی عياض فی آخر فصل من "الشفاء": سبّ آل بيته وأزواجه وأصحابه عليه الصلاة والسلام حرام ، ..... وقال أيضاً: من شتم أحداً من أصحاب النبی صلی الله عليه وسلم أبا بكر أو عمر أو عثمان أومعاوية ..... فإن قال: كانوا فی ضلال، قتل ، وإن شتمهم بغير هذا من شاتمة الناس، نكل نكالاً شديداً". (تنبيه الولاة والحكام فی ضمن رسائل ابن عابدين: ۱/۳۵۷، ۳۵۸، سهيل اكيڈمی)

"وأما من سبّ أحداً من الصحابة، فهو فاسق ومبتدع بالإجماع". (تنبيه الولاة والحكام، المصدر السابق: ۱/۳۶۷)

"عن عبدالرحمٰن بن أبی عميرة رضی الله تعالیٰ عنه، عن النبی صلی الله عليه وسلم ، أنه قال لمعاوية: "أللّٰهم اجعله هادياً مهدياً واهدبه " ..... وهوأحد الذين كتبوا لرسول الله صلی الله عليه وسلم ..... تولیٰ الشام بعد أخيه يزيد فی زمن عمر، ولم يزل بها متولياً وحاكماً إلی أن مات، الخ". (مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح، كتاب المناقب، جامع المناقب، الفصل الثانی: ۱۰/۶۱۲، رشيديه) (وكذا فی الإصابة فی تمیز الصحابة: ۶/۱۲۱، دارالكتب العلمية)

"ولا يجوز اللعن علی معاوية؛ لأنه خال المؤمنين وكاتب الوحی، وذوالسابقة والفتوح الكثيرة، وعامل الفاروق، وذی النورين، لكنه أخطأ فی اجتهاده، فيتجاوز الله عنه ببركة صحبة سيدنا عليه الصلوٰة والسلام، ويكفّ اللسان عنه تعظيماً لمتبوعه وصاحبه عليه السلام". (الفتاویٰ البزازية، كتاب السير، الحادی عشر فيما يكون خطاء: ۶/۳۴۴، رشيديه) ..... =

Made Searchable by ScribeTools.com

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو سخت کلمہ کہنا

سوال[۶۷۹]: ایک جاہل شخص اصحاب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مثلاً: حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر لعن کرتا ہے اور اس امر کو حلال اور ثواب سمجھتا ہے، کیا ایسا اعتقاد والا مسلمان دائرۂ اسلام سے خارج ہوگیا ہے؟ مدلل بحوالہ کتب بمعہ صفحہ تحریر فرمائیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

جو شخص صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم پر لعن کو حلال اعتقاد کرے وہ دائرۂ اسلام سے خارج ہے کیونکہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی تعریف قرآن کریم میں متعدد جگہ وارد ہے(۱) اور ان پر لعن کو حلال ثواب اعتقاد

= (وكذا ردالمحتار، باب المرتد: ۴/۲۳۷، سعيد)

(۴) سبِ صحابہ کا ارتکابِ معیصت ہے اور معاصی سے توبہ واجب ہے۔

قال الله تعالىٰ: ﴿يأيها الذين آمنوا توبوا إلى الله توبة نصوحاً﴾ وفي شرح المقاصد قالوا: إن كانت المعصية في خالص حق الله تعالىٰ ..... وإن تعلقت بحقوق العباد لزم مع الندم والعزم إيصال حق العبد أو بدله إليه إن كان الذنب ظلماً ..... والاعتذار إليه إن كان إيذاءً كما في الغيبة ..... ولم يختلف أهل السنة وغيرهم في وجوب التوبة على أرباب الكبائر ..... وعبارة المازري: اتفقوا على أن التوبة من جميع المعاصي واجبة، وأنها واجبة على الفور، ولا يجوز تأخيرها، سواء كانت المعصية صغيرةً أو كبيرةً". (تفسير روح المعاني للآلوسيؒ: ۲۸/۱۵۷ - ۱۵۹، دارإحياء التراث العربي)

"وقد علم أن المرتد تقبل توبته كما نقله هنا عن النتف وغيره، فإذا كان هذا في سابّ الرسول صلى الله عليه وسلم، ففي سابّ الشخين أو أحدهما بالأولىٰ ..... نعم لاشك في تكفير من قذف السيدة عائشة رضي الله تعالىٰ عنها ..... ولكن لو تاب تقبل توبته ..... الخ". (ردالمحتار، باب المرتد: ۴/۲۳۴-۲۳۷، سعيد)

وتفصيله في: (تنبيه الولاة والحقام في ضمن رسائل ابن عابدين: ۱/۳۶۵، سهيل اكيڈمی لاهور)

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿محمد رسول الله والذين معه أشدآء على الكفار رحمآء بينهم تراهم ركعاً سجداً يبتغون فضلاً من الله و رضواناً سيماهم في وجوههم من أثر السجود﴾. (الآية، الفتح: ۲۹)

وقال الله تعالىٰ: ﴿لقد رضي الله عن المؤمنين إذ يبايعونك تحت الشجرة فعلم ما في قلوبهم فأنزل السكينة عليهم و أثابهم فتحاً قريباً﴾. (الفتح: ۱۸)

Made searchable using ScribeTools.com

کرنا آیات قرآنیہ کا انکار کرنا ہے(۱)۔ ملاعلی قاری نے شرح فقہ اکبر،ص:۸۶ میں لکھا ہے: "نعم لو استحل السب أو اللعن، فهو كافر لا محالة اهـ". (۲)۔ اور بغیر حلال سمجھے جو شخص گالی دے اس پر لعنت وارد ہوئی ہے:

"من سب أصحابی، فعليه لعنة اللّٰه و الملائكة والناس أجمعين". رواه الطبرانی۔ (۳)

"لعن اللّٰه من سبّ أصحابی" رواه الطبرانی اهـ".(٤) نبراس، ص:٥٤٨(٥)۔

صاحب نبراس نے ایک مستقل رسالہ تحریر کیا ہے جس کا نام ہے:"الناهية عن ذم معاوية"۔

"وكان السلف يغضبون من سبه و طعنه، وقيل لابن عباس رضی اللّٰه تعالیٰ عنهما: إن معاوية رضی اللّٰه تعالیٰ عنه صلی الوتر ركعةً واحدةً، قال: دعه فإنه فقيهٌ صحب رسول اللّٰه صلی اللّٰه تعالیٰ عليه وسلم". كما فی صحيح البخاری (٦)۔

"و سبه رجل عند خليفة الراشد عمر بن عبد العزيز، فجلده۔ وقيل للإمام الجليل عبد اللّٰه بن المبارك: أمعاوية أفضل أم عمر بن عبد العزيز؟ قال: غبار فرس معاوية إذا غزا مع

---

(۱) "ويكفر إذا أنكر آيةً من القرآن". (البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۲۱۰/۵، رشيديه)

(وكذا فی شرح الفقه الأكبر للقاری رحمه اللّٰه تعالیٰ، فصل فی القرآءة والصلوة، ص:۱٦۷، قديمی)

(وكذا فی الفتاوی العالمكيرية، كتاب السير، موجبات الكفر أنواع، ومنها ما يتعلق بالقرآن: ۲٦٦/۲، رشيديه)

(وكذا فی الفتاوی البزازية، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً، الفصل الثانی، النوع التاسع فی ما يقال فی القرآن: ۳۴۲/٦، رشيديه)

(۲)(شرح الفقه الأكبر، تحت قوله: "لا نكفر مسلماً بذنب من الذنوب، ص: ۷۲، قديمی)

(۳) (أخرجه الطبرانی فی الكبير: ۱۲۷۰۹/۱۲)

(۴)(أخرجه الطبرانی فی الكبير: ۱۳۵۸۸/۱۲)

(۵) (النبراس، عند ذكر المناقب، ص: ۳۲۹، مكتبه امداديه ملتان)

(٦) (صحيح البخاری، كتاب المناقب، ذكر معاوية رضی اللّٰه تعالیٰ عنه: ۵۳۱/۱، قديمی)

رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم أفضل من عمر۔

قال القاضی عیاض المالکی فی الشفآء: قال مالك: مَن شتم أحداً من أصحاب رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم: أبا بکر أوعمر أو عثمان أو معاویة أو عمرو بن العاص، فإن قال: کانوا علی کفر و ضلال، قُتل، وإن شتمهم بغیرهذا من مشاتمة الناس، نُکِل نکالاً شدیداً اهـ". نبراس، ص: ۵۵۰ (۱)۔

قوله: "بغیر هذا" و لکن قصد به إیذاء النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم فقد کفر، فقتل و إلا نکل نکالاً شدیداً. قال فی الصواعق: و الضابطة: أن کل شتم قصد به أذی النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم کماوقع من عبد اللّٰہ بن أبی طالب کفر، و مالا فلا کما وقع من مسطح فی قصة الإفك اهـ". نبراس، ص: ۵۵۱ (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۲/ ۸/ ۶۴ھ۔

عبد اللطیف مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۵/ شعبان/ ۶۴ھ، صحیح: سعید احمد غفرلہ۔

حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی توہین کے بعد توبہ

سوال [۶۸۰]: ۱..... جو شخص اصحاب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر لعن کرنے والا ہو مثلاً: امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اہانت ان لفظوں کے ساتھ کرے کہ "معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنی ایڑی کے برابر بھی نہیں سمجھتا"۔ تو کیا اہل سنت والجماعت اس کے ساتھ برتاؤ رکھ سکتے ہیں یا نہیں؟

۲..... مندرجہ بالا عقیدہ والے کی کوئی صورت توبہ کی ہے یا نہیں؟ اگر کسی عالم کے سامنے اس عقیدہ سے

---

(۱) (النبراس، عند ذکر المناقب، ص: ۳۳۰، مکتبه امدادیه ملتان)

(۲) "هذه العبارة لیست فی النبراس، بل هی علی حواشیه من النسخة القدیمة التی هی من مطبوعات: ملک محمد عارف پرنٹر پبلشر لاہور، و تلك الحواشی للمولوی محمد الملتانی المعروف بمولوی برخور دار ملتانی، ص: ۵۵۱، رقم الحواشی: ۱)

(وکذا فی المرقاة شرح المشکوة، کتاب المناقب و الفضائل، باب مناقب الصحابة رضی اللّٰہ تعالیٰ عنهم، الفصل الأول: ۱۰/ ۳۵۶، حقانیه)

Made searchable using ScribeTools.com

توبہ کرے تو اس کے ساتھ برتاؤ رکھ سکتے ہیں یا نہیں؟ مدلل بحوالہ کتب تحریر فرماویں۔ بینوا توجروا۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

۱.....مسلمان پر لعن کرنا علی الاطلاق بڑا گناہ ہے: "سباب المسلم فسوق " رواہ مسلم (۱) اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو گالی دینا خود موجب لعنت ہے:

"عن ابن عمر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ: "إذا رأیتم الذین یسبون أصحابی، فقولوا : لعنة اللّٰہ علیٰ شرکم". ترمذی(۲) جمع الفوائد: ۲/ ۲۰۱۔

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو گالی دینا اور ان کی توہین کرنا روافض کا شعار ہے، ایسا شخص دائرۂ اہلِ سنت والجماعت سے خارج ہے (۳)۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فضائل میں علامہ ابن حجر مکی رحمہ اللہ تعالیٰ نے مستقل ایک کتاب تصنیف کی ہے۔

۲.....کافر کا کفر بھی توبہ کے بعد معاف ہوجاتا ہے (۴)، لہٰذا اگر شخص مذکور سچی توبہ کرے اور اپنے

---

(۱) (الصحیح لمسلم ، کتاب الإیمان ، باب بیان قول النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : "سباب المسلم فسوق اھـ" : ۱/ ۵۸، قدیمی)

(وصحیح البخاری ، کتاب الإیمان ، باب خوف المؤمن أن یحبط عمله : ۱/ ۱۲ ، و کتاب الأدب ، باب ما ینهی عن السباب واللعن : ۲/ ۸۹۳، قدیمی)

(۲) (جامع الترمذی ، أبواب المناقب ، باب فی من سب أصحاب النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : ۲/ ۲۲۵ ، سعید)

(۳) "نعم لو استحل السب أو القتل ، فهو کافر لا محالة". (شرح الفقه الأکبر للقاری رحمه اللہ تعالیٰ ص: ۴۷، قدیمی)

(۴) "التوبة عن الکفر ..... یقبل قطعاً، عرفناه بإجماع الصحابة والسلف رضی اللہ تعالیٰ عنهم ، فإنهم یرغبون إلی اللہ تعالیٰ فی قبول توبتهم عن الذنوب والمعاصی کما فی قبول صلاتهم و سائر أعمالهم، و یقطعون بقبول توبة الکافر، کذا ذکره القونوی". (شرح الفقه الأکبر للقاری رحمه اللہ تعالیٰ، بحث التوبة ، ص: ۱۵۵ ، قدیمی)

عقیدہ فاسدہ سے ہمیشہ کے لئے باز آجائے اور اس سے نادم ہوتو حسب وعدہ: ﴿إني لغفار لمن تاب﴾ الآیة (۱) معافی ہوجائے گی (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۴/ ۸/ ۶۴ھ۔

صحیح: عبد اللطیف مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۵/ شعبان/ ۶۴ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۶/ شعبان/ ۶۴ھ۔

یزید بن معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر طعن

سوال[۶۸۱]: دوسرے یہ کہ یزید بن معاویہ کو کافر یا ملعون کہنے والا دائرہ اسلام سے خارج ہوجاتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

یزید کے متعلق امام اعظم ابوحنیفہ فرماتے ہیں کہ سکوت اور توقف کرنا چاہئے، نہ اس کو کافر کہا جائے نہ اس پر لعنت کی جائے، بلکہ اس کے امر کو خداوند تعالیٰ کے حوالہ کردینا چاہئے۔ جن علماء کو تحقیق سے ثابت ہے کہ یزید بن معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں کفریہ افعال موجود ہیں وہ لعنِ یزید اور تکفیر کو جائز قرار دیتے ہیں، پس حنفی کو اس بارے میں توقف کرنا چاہئے اور تکفیر منع ہے۔

تاہم اگر لعنت اور تکفیر کریگا تب بھی دائرۂ اسلام سے خارج نہ ہوگا کیونکہ امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ تعالیٰ اور علامہ کیا ہراسی شافعی سے تکفیر منقول ہے، لیکن امام غزالی رحمہ اللہ تعالیٰ اور دوسرے علماء شافعیہ اور اکثر احناف نے تصریح کی ہے کہ اس کی تکفیر اور اس پر لعنت کرنا منع ہے (۳) پس سکوت چاہئے، واجب کسی نے نہیں کہا۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح عبد اللطیف مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۲/ رجب/ ۵۷ھ۔

---

(۱) (طه : ۸۲)

(۲) "ثم إذا تاب توبةً صحيحةً، صارت مقبولةً غير مردودة قطعاً من غير شک و شبهة بحكم الوعد بالنص : أی قوله تعالیٰ : ﴿و هو الذی يقبل التوبة عن عباده﴾ الآية. (شرح الفقه الأكبر ، بحث التوبة، ص: ۱۶۰، قديمی)

(۳) "و إنما اختلفوا فی يزيد بن معاوية حتی ذكر فی الخلاصة وغيره أنه لا ينبغی اللعن عليه : أی ولا =

Made searchable using ScribeTools.com

اخوان حضرت یوسف علیہ السلام پر طعن

سوال[۶۸۲]: حضرت یوسف علی نبینا وعلیہ الصلاۃ والسلام کے اخوان پر طعن زنی کیسی ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

ان کی توبہ نص قطعی سے ثابت ہے(۱) اور توبہ کے بعد خطائے سابق کی وجہ سے عار دلانا یا طعن کرنا جائز نہیں ہے(۲)، خاص کر جب کہ ایک جماعت ان کی نبوت کی بھی قائل ہے۔ والبسط فی مفاتیح

= علی الحجاج ؛ لأن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم نهی عن لعن المصلین و من کان من أهل القبلة ..... وعلی الجملة ففی لعن الأشخاص خطر، فلیجتنب ،و لا خطر فی السکوت عن لعن ابلیس فضلاً عن غیره انتهی". (شرح الفقه الأکبر ، لملاعلی القاری رحمه اللہ تعالیٰ، ص: ۷۲، قدیمی)

(وکذا فی شرح العقائد ، عند ذکر وجوب الکف عن الطعن فی الصحابة رضی اللہ تعالیٰ عنهم، ص: ۱۱۶، ۱۱۷، المطبع الیوسفی لکنؤ)

وفی النبراس تحته : "(وبعضهم أطلق اللعن علیه) منهم: ابن الجوزی المحدث، و صنف کتاباً سماه "الرد علی المتعصب العنید المانع عن ذم یزید"، و منهم: الإمام أحمد بن حنبل رحمه اللہ تعالیٰ ..... و منهم القاضی أبو یعلی ..... وأنکر ذلک بعض العلمآء ، و منهم الإمام الغزالی ". (ص: ۳۳۱، مکتبه امدادیه ملتان)

(وکذا فی الفتاوی البزازیة، کتاب ألفاظ تکون إسلاماً أو کفراً ، الفصل الثانی، النوع الحادی عشر فیما یکون خطأ : ۳۴۴/۶، رشیدیه)

(۱) قال اللہ تعالیٰ :﴿ قالوا تاللہ لقد آثرک اللہ علینا و إن کنا لخاطئین، قال لا تثریب علیکم الیوم یغفر اللہ لکم وهو أرحم الراحمین﴾. (یوسف : ۹۱، ۹۲)

و قال تعالیٰ: ﴿قالوا یا أبانا استغفر لنا ذنوبنا إنا کنا خاطئین، قال سوف استغفر لکم ربی، إنه هو الغفور الرحیم﴾ (سورة یوسف :۹۷،۹۸)

(۲) "عن عبد اللہ (ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنه) قال: قال رسول صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم :"سباب المسلم فسوق". الحدیث (صحیح البخاری ، کتاب الأدب ، باب ما ینهی عن السباب واللعن : ۸۹۳/۲، قدیمی)

الغیب(للقرطبی رحمہ اللہ تعالیٰ) (۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۹/۱/۵۹ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۹/محرم الحرام/۵۹ھ۔

قرآن پاک کی شان میں گستاخی کرنے والے کا حکم

سوال[۶۸۳]: ایک شخص محمد خان نے امام صاحب کو ایک قرآن شریف کشمیری ترجمہ والا پڑھنے کے لئے دیا تھا، ایک سال گزرنے کے بعد مذکورہ محمد خان کو کسی خاص بات کے لئے قرآن شریف کی ضرورت پڑی، اس نے عبدالستار گنائی کو کہا کہ امام صاحب کے پاس میرا قرآن شریف ہے وہ مجھے لاکر دیدو، عبدالستار کو امام صاحب راستہ میں ملے اس نے امام صاحب سے قرآن شریف مانگا، امام صاحب نے پیر محمد یاسین سے کہا کہ ''محمد خان نے مجھے قرآن شریف بخش دیا ہے اگر وہ مانگتا ہے تو وہ قرآن شریف کو-نعوذ باللہ- اپنے میں بھرلے''، چند دن کے بعد جب امام صاحب سے اس بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے انکار کیا، اس کے چند مہینہ بعد امام صاحب نے اس بات کا اقرار کیا اور کہا کہ ہاں میں نے یہ بات کہی ہے۔حضرت والا! اس بارے میں مدلل تحریر فرمائیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

قرآن کریم کی توہین کرنے سے ایمان سلامت نہیں رہتا، آدمی کافر ہوجاتا ہے، لیکن مسلمان پر کفر کا فتویٰ لگانے میں جلدی نہ کی جائے جب تک اس کا مقصد متعین نہ ہوجائے (۲)۔ یہاں امام صاحب کا مقصود قرآن پاک کی توہین کرنا نہیں بلکہ اس شخص کی توہین کرنا مقصود ہے، اگر زیور، سونا چاندی وغیرہ کوئی چیز ہوتی تو

---

(۱) ''قال العلامة القرطبی تحت قوله تعالیٰ: ﴿قال قائل منهم : لا تقتلوا یوسف﴾ '' الآیة (سورۃ یوسف : ۱۰) : ''فیه ثلاث عشرة مسئلةً : ..... الثالثة : و فی هذا ما یدل أن إخوة یوسف ما کانوا أنبیآء لا أولاً و لا آخراً ..... بل کانوا مسلمین ، فارتکبوا معصیةً، ثم تابوا. و قیل : کانوا أنبیآء ، و لا یستحیل فی العقل زلة نبیّ، فکانت هذه زلة منهم ..... وقیل: ما کانوا فی ذلک الوقت أنبیاء، ثم نبّأهم الله تعالیٰ ، و هذا أشبه. واللہ تعالیٰ اعلم''. (تفسیر القرطبی): ۸۹/۹ ، دار الکتب العلمیة بیروت)

(۲) ''و فی الفتاوی الصغری : الکفر شیء عظیم ، فلا أجعل المؤمن کافراً متی وجدت روایةً أنه لا یکفر'' (البحر الرائق ، باب أحکام المرتدین من السیر : ۲۱۰/۵ ، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

اس کے متعلق بھی یہی کہتا۔ایسے موقع پر یہی مقصود ہوتا ہے کہ تم کوفلاں چیز کی حفاظت کے لئے کوئی جگہ نہیں تو اس کوفلاں جگہ محفوظ کرلوخواہ وہ چیز قابل تعظیم ہو یا نہ ہو،اس کی طرف التفات نہیں ہوتا(۱) مگراس کے کلام میں توہین ضرور موجود ہے،اس لئے امام صاحب کواپنی غلطی کا اعتراف کر کے توبہ کرنا ضروری ہےاوراحتیاطاً تجدید ایمان اورتجدید نکاح بھی کرائے (۲)، ورنہ ایسا شخص امامت کے قابل نہیں۔شرح فقہ اکبر(۳)،البحرالرائق (۴)، عالمگیری(۵) وغیرہ میں مسئلہ توہین کی تفصیل مذکور ہے۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبدمحمودغفرلہ دارالعلوم دیوبند،۳۰/۶/۹۶ھ۔

قرآن کی شان میں گستاخی

سوال[۶۸۴]: ایک شخص قرآن مجید کی تلاوت کرتے وقت ایک شخص سے جھگڑنے لگااورگالیاں دینے لگا،ایک دوسرے شخص نے اس سے کہا کہ دیکھوقرآن شریف کوسامنے رکھ کرفحش باتیں زبان سے نہ نکالو،

---

(۱) بعض زبانوں میں بعض اس قسم کے محاورات روزمرہ کی زندگی میں استعمال کئے جاتے ہیں،لیکن کسی کوان کے ظاہری معانی سے آگاہ کیا جائے تو کہے گا کہ کلاوحاشا میرا مقصود کبھی بھی یہ نہیں اوراس سے برآءت کا اظہار کرلیتا ہے،اسی لئے اسی طرح کے محاورات کواپنے ظاہری معانی پرحمل نہیں کیا جاسکتا۔(ابن القاضی)

(۲) "و ما كان فى كونه كفراً اختلاف ، فإن قائله يؤمر بتجديد النكاح، و بالتوبة والرجوع عن ذلك بطريق الإحتياط ". (التاتارخانية ، كتاب أحكام المرتدين، فصل فى إجرآء كلمة الكفر: ۵/ ۴۶۱، إدارة القرآن)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب ا لسير ، موجبات الكفر أنواع ، قبيل الباب العاشر فى البغاة: ۲/ ۲۸۳، رشيديه)

(۳) "و من استخف بالقرآن أو بالمسجد أو بنحوه مما يعظم فى الشرع، كفر، انتهى". (شرح الفقه الأكبر للقارى، فصل فى القرآءة والصلوة ، ص:۱۶۷ ، قديمى)

(۴)(البحرالرائق ، كتاب السير، باب أحكام المرتدين من السير : ۵/ ۲۰۵، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير ، موجبات الكفر أنواع ، ومنها ما يتعلق بالقرآن: ۲/ ۲۶۶، ۲۶۷ رشيديه)

(۵) (التاتارخانية ، كتاب أحكام المرتدين، فصل فيما يتعلق بالقرآن: ۵/ ۴۹۱، إدارة القرآن)

اس کے اندر قرآن کی بے حرمتی ہے، اس نے غصہ میں آ کر یہ کہہ دیا کہ ''اس کے اندر تمہارا کیا بگڑتا ہے، ہم اس کی بے حرمتی کریں گے، جو چاہو کرلو'' لیکن کہنے والا یہ بالکل نہیں جانتا کہ یہ کلمہ گستاخی کا ہے۔ سوال یہ ہے کہ ایسے شخص کے متعلق شریعت کیا حکم دیتی ہے اور یہ کلمہ کیسا ہے؟

المستفتی محمد مصطفیٰ، متعلم مدرسہ عربیہ ہدایت المسلمین، کرہی ڈاکخانہ دوہارا، ضلع بستی۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

قرآن شریف کے بے حرمتی کرنا کفر ہے (۱) اور ایسا کلمہ کہنا بھی گستاخی ہے (۲)، لہٰذا شخص مذکور کو توبہ لازم ہے اور احتیاطاً تجدید نکاح اور تجدید ایمان بھی کرلے (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۹/۵/۵۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔ صحیح: عبد اللطیف، ۹/ جمادی الأولی/ ۵۶ھ۔

باہمی لڑائی میں قرآن پاک کو پیروں سے روندنا

سوال [۶۸۵]: ہمارے پڑوس میں ایک موضع مونڈھیرہ ہے جہاں پر ایک مکتب چل رہا ہے جو مسلم اکثریت سے بنا پڑوس کے ایک موضع دھورہرہ کے کچھ لوگوں میں مار پیٹ ہوئی جس میں دھورہرہ والوں نے

---

(۱) (تقدم تخریجه تحت عنوان : ''قرآن پاک کی شان میں گستاخی کرنے کا حکم'')

(۲) ''و من تکلم بها اختیاراً جاهلاً بأنها کفر، ففیه اختلاف، والذی تحرر لی أنه لا یفتی بتکفیر مسلم أمکن حمل کلامه علی محمل حسن، أو کان فی کفره إختلاف و لو روایةً ضعیفةً''. (البحر الرائق، کتاب السیر، باب أحکام المرتدین : ۵/۲۱۰، رشیدیه)

(و کذا فی الفتاوی البزازیة، کتاب ألفاظ تکون إسلاما أو کفراً، الفصل الأول، النوع الثانی فی ما یکون کفراً من المسلم و مالا یکون : ۶/۳۲۱، رشیدیه)

(و کذا فی خلاصة الفتاوی، کتاب ألفاظ الکفر، الفصل الثانی، الجنس الأول فی المقدمة : ۴/۳۸۲، رشیدیه)

(۳) ''و ما کان فی کونه کفراً اختلاف، فإن قائله یؤمر بتجدید النکاح، و بالتوبة والرجوع عن ذلک بطریق الإحتیاط''. (الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، موجبات الکفر أنواع، قبیل الباب العاشر فی البغاة: ۲/۲۸۳، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

منڈھیرہ والوں کو مارا اور مار کر چلے گئے۔ گاؤں کے کچھ لوگ اکٹھا ہوکر مدرسہ میں گھس گئے اور مارنا پیٹنا شروع کردیا، ایک کلاس میں درس قرآن پاک چل رہا تھا، وہ ہجوم اس کلاس میں گھس گیا اور مدرس محمد یوسف کو مارنا شروع کردیا، بچے بھاگ گئے، کلام پاک کو پیروں سے روند کر پھاڑ ڈالا گیا اور خون سے بھرے ہوئے نسخوں کو کنویں میں ڈالا گیا۔ تحریر فرمائیں کہ کلام پاک کی توہین کرنے والوں کو مسلمان سمجھا جائے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اولاً تو آپس کی لڑائی ہی نہایت مذموم ہے(۱)، پھر مکتب میں داخل ہوکر قرآن کریم کو پیروں سے روندنا اور پھاڑنا بالکل ہی وحشیانہ اور کافرانہ حرکت ہے(۲)، ایسے لوگوں کو توبہ اور تجدید ایمان، تجدید نکاح کرنا چاہئے(۳) ورنہ وہ لوگ تعلق رکھنے کے قابل نہیں۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۲/۱۰/۹۴ھ۔

---

(۱) "و عنه (أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه) قال :قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : "يفتح أبواب الجنة يوم الإثنين و يوم الخميس، فيغفر لكل عبد لا يشرك بالله شيئاً إلا رجل كانت بينه و بين أخيه شحنآء ، فيقال : أنظروا هذين حتى يصطلحا". رواه مسلم".

"و عن أبی الدرداء رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : "ألا أخبركم بأفضل من درجة الصيام و الصدقة والصلوة" ؟ قال: قلنا : بلیٰ !، قال: "إصلاح ذات البين، وفساد ذات البين هی الحالقة". رواه أبو داؤد و الترمذی". (مشكوة المصابيح، كتاب الأدب ، باب ما ينهى من التهاجر الخ، ص:۴۲۷، ۴۲۸، قديمی)

(۲) "يكفر بوضع الرجل على المصحف مستخفاً، و إلا فلا اهـ. و يظهر لی أن نفس الوضع بلا ضرورة يكون استخفافاً". (رد المحتار، كتاب الأيمان : ۳/۷۱۹، سعيد)

قال العلامة الرافعی رحمه الله تعالیٰ تحت قوله المذكور : "(قوله : و يظهر لی أن نفس الوضع بلا ضرورة الخ) خلاف الظاهر من كلامهم ، والظاهر أنه لا بد فی تحقق الإهانة و الإستخفاف من قصدها". (تقريرات الرافعی ، كتاب الأيمان : ۳/۱۴، سعيد)

(وكذا فی شرح الفقه الأكبر للقاری، فصل القرآءة والصلوة، ص: ۱۶۷ قديمی)

(وكذا فی التاتارخانية ، كتاب أحكام المرتدين، فصل فيما يتعلق بالقرآن: ۵/۴۹۱، إدارة القرآن)

(۳) (تقدم تخريجه فی تحت عنوان "قرآن کی شان میں گستاخی")

Made Searchable by ScribeTools.com

کیا حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے پیر قرآن کریم پر رکھا تھا؟

سوال[۶۸۶]: ہمارے یہاں ایک مولوی صاحب تشریف لائے، دوران تقریر انہوں نے فرمایا کہ ''ایک مرتبہ حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کھیلتے ہوئے قرآن پاک پر پاؤں رکھ دیا، صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو ناگوار گزرا تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اس میں کیا حرج ہے کہ ایک قرآن دوسرے قرآن پر رکھا گیا''۔ یعنی حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاؤں کو قرآن فرمایا۔ اس واقعہ کے کچھ روز بعد ایک اَور مولوی صاحب تشریف لائے انہوں نے پہلے مولوی صاحب کی بات کی تردید کی اور بتلایا کہ یہ صریح کفر ہے اور یہ بھی فرمایا کہ مقرر کا نکاح ٹوٹ گیا اور اسی طرح ان تمام حضرات کا بھی نکاح ٹوٹ گیا جنہوں نے اس بات کو یقین کے ساتھ سنا اور یقین کرلیا، ایسے تمام حضرات کو از سرِ نو نکاح کرنا ضروری ہے، ورنہ ازدواجی تعلقات فعلِ حرام ہوں گے۔ لہٰذا مولانا ثانی کے متبعین میں سے جنہوں نے سنا تھا دوبارہ اپنا نکاح کیا۔

اب دریافت طلب بات یہ ہے کہ پہلے مولانا کی بات کہ ایک قرآن دوسرے قرآن پر رکھا گیا ہے صحیح ہے یا نہیں؟ یہ واقعہ یا اس سے مشابہ کوئی دوسرا واقعہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زندگی میں پیش آیا ہے یا نہیں؟ اور نکاح کا مسئلہ کہ جن لوگوں نے سنا اور یقین کے ساتھ سنا کیا واقعی ان کا نکاح ٹوٹ گیا اور ان کو تجدید نکاح ضروری ہے ورنہ فعلِ حرام شمار ہوگا؟ مفصل تحریر فرمائیں۔ یہاں لوگوں میں ہمہ وقت یہی چرچا رہتا ہے۔

عتیق الرحمٰن قاسمی، گنج ڈونڈوارہ، ضلع ایٹہ۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

یہ روایت کہ: ''حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قرآن کریم پر پیر رکھ دیا جو کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کو ناگوار گزرا، اس پر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ فرمایا کہ اس میں حرج کی کیا بات ہے، ایسا ہوا کہ ایک قرآن دوسرے قرآن پر رکھا گیا'' کسی حدیث کی کتاب میں نہیں دیکھا، درایۃً بھی صحیح نہیں، قرآن کریم لکھا ہوا یکجائی طور پر اس وقت کہیں موجود نہیں تھا، کوئی حصہ کسی کے پاس تھا، کوئی حصہ کسی کے پاس تھا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے دورِ خلافت میں سب کو جگہ جگہ تلاش کرا کے یکجا جمع فرمایا جیسا کہ صحیح

Made searchable using ScribeTools.com

بخاری شریف وغیرہ میں موجود ہے(۱)۔

بلاتحقیق کسی بات کوحضوراکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف منسوب کرنا درست نہیں (۲)۔تاہم جن مولانا صاحب نے یہ روایت بیان کی ان پر کفر کا حکم لگانا اور جن ناواقفوں نے سن کر یقین کرلیا ان کے نکاح ٹوٹنے کا حکم لگادینا بھی صحیح نہیں، یہ بھی حد سے تجاوز ہے، کسی چیز کا غلط اور گناہ ہونا اَور بات ہے اور ہر ایسی بات کی وجہ سے کفر یا فسخ نکاح کا حکم لگادینا اَور بات ہے(۳)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۴/۳/۹۵ھ۔

---

(۱) "عن عبيد بن السباق أن زيد بن ثابت رضى الله تعالىٰ عنه قال: .....فى حديث طويل : قال أبوبكر رضى الله تعالىٰ عنه إنک رجل شاب عاقل لا نتّهمک، و قد كنت تكتب الوحى لرسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ، فَتَتَبَّع القرآن فاجمعه، فوالله لو كلّفونى نقل جبل من الجبال، ما كان أثقل علىّ مما أمرنى به من جمع القرآن ، قلت : كيف تفعلون شيئاً لم يفعله رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ؟ قال: هو والله خير ، فلم يزل أبو بكر يراجعنى حتى شرح الله صدرى للذى شرح له صدر أبى بكر وعمر رضى الله عنهما ، فتتبعت القرآن أجمعه من العسب واللّخافِ وصدور الرجال، حتى وجدت آخر سورة التوبة مع أبى خزيمة الأنصارى لم أجدها مع أحد غيره: ﴿لقد جاء كم رسول من أنفسكم عزيز عليه ما عنتم﴾ حتى خاتمة برآء ة ، فكانت الصحف عند أبى بكر حتى توفاه الله ، ثم عند عمر حياته، ثم عند حفصة بنت عمر". (صحيح البخارى ، كتاب فضائل القرآن ، باب جمع القرآن : ۲/۷۴۵، ۷۴۶، قديمى)

(۲) "عن عبد العزيز ، قال أنس : إنه ليمنعنى أن أحدثكم حديثاً كثيراً، إن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "من تعمّد علىّ كذباً، فليتبوأ مقعده من النار". (صحيح البخارى ، كتاب العلم ، باب إثم من كذب على النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : ۱/۲۱، قديمى)

(۳) یعنی مرتکب معصیت اگر صرف مبتلی ہی ہوتو اس پر اس معصیت کا صرف گناہ ہوتا ہے، کفر کا حکم نہیں، کفر کا حکم اس وقت ہوسکتا ہے جب کہ کسی دلیلِ قطعی سے ثابت شدہ معصیت کو حلال سمجھے۔واللہ تعالیٰ أعلم۔

قال الملا على القارى فى شرح الفقه الأكبر : "إن إستحلال المعصيةصغيرةً كانت أو كبيرةً كفرٌ، إذا ثبت كونها معصيةً بدلالة قطعية". (مطلب : إستحلال المعصية و لو صغيرةً كفر، ص: ۱۵۲، قديمى)

قرآن کریم میں مخلوق کا ذکر ہونے کے باوجود اس کا احترام

سوال[۶۸۷]: زید ایک مسجد کا امام ہے وہ کہتا ہے کہ ”کلام اللہ میں مخلوق کی باتیں ہیں اس لئے وہ قابل احترام نہیں، جس طرح اللہ پاک قابل احترام ہیں اس کا احترام اللہ پاک کا احترام نہیں ہوسکتا“۔ بکر نے جواب دیا کہ قرآن کریم قابل تسلیم اور بزرگ شئ ہے، یہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے اس کا احترام اللہ پاک کا احترام ہے۔ دونوں میں کس کی بات صحیح ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

کلام اللہ شریف میں مخلوق کا تذکرہ بھی ہے بلکہ مخلوق میں بہت زیادہ ذلیل اور نجس العین چیزوں کا بھی ذکر ہے(۱)، اس کے باوجود وہ کلام اللہ ہے(۲)، اس کی تعظیم فرض ہے، اس کی اہانت کرنے سے ایمان سلامت نہیں رہے گا(۳)۔ امام کو ایسی باتوں سے توبہ لازم ہے ورنہ امامت کے قابل نہ ہوگا۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۸/۵/۸۹ھ۔

مسجد کا مذاق اڑانا

سوال[۶۸۸]: ایک مسلمان مسجد کو بُرے الفاظ کہتا ہے اور ہندوؤں میں بیٹھ کر مذاق اڑاتا ہے، پارٹی باز آدمی ہے اور اپنے گھر کے کنبے وغیرہ کو اپنے ساتھ رکھتا ہے اور مسجد میں نماز پڑھنے نہیں آتا اس کے متعلق کیا حکم ہے؟

---

(۱) قد ذُكر لفظ : ” الخنزير “ فى مواضع عديدة من القرآن الكريم ، وهو أنجس الخلائق. منها ما قال الله تعالىٰ: ﴿ إنما حرم عليكم الميتة والدم و لحم الخنزير و ما أهل به لغير الله ﴾. الآية (البقرة : ۱۷۳)

(۲) قال الإمام الأعظم فى الفقه الأكبر: ”والقرآن كلام الله تعالىٰ فى المصاحف مكتوب اهـ“.

(ص: ۲۵، ۲۶، قديمى)

(وكذا فى شرح العقائد النسفية ، ص: ۴۶، سعيد)

(وكذا فى شرح العقيدة الطحاوية ، ص: ۱۰۸)

(۳)” و فى تتمة الفتاوى : من استخف بالقرآن أوبالمسجد أو بنحوه مما يعظم فى الشرع كفر“.

(شرح الفقه الأكبر ، فصل فى القراءة والصلوة ، ص: ۱۶۷، قديمى)

(وكذا فى رد المحتار ، كتاب الجهاد ، باب المرتد : ۴/۲۲۲، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً:

مسجد کی توہین کرنا، اس کو گالی دینا، اس کا مذاق اڑانا بہت خطرناک ہے اس سے ایمان سلامت نہیں رہتا(۱)، ایسے شخص کو توبہ لازم ہے(۲)، آئندہ ہرگز اس قسم کا کوئی لفظ نہ کہے جس سے مسجد کی توہین ہوتی ہو۔ وہ شخص بے علم ہے، اس کو نرمی سے سمجھایا جائے، سختی کا معاملہ کرنے سے ایسا نہ ہو کہ زیادہ بگڑ جائے، سزا دینے کی قوت نہیں اس لئے نرمی سے ہی سمجھایا جائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۸/ ۶/ ۹۱ھ۔

اذان پر ہنسنا

سوال[۶۹۰]: زید اذان کہہ رہا ہے اور ہنس رہا ہے اور عمر سن رہا ہے اور اس کا بھی یہی حال ہے تو کیا شرع میں اس کی جزا ہے یا نہیں؟ مشہور ہے کہ ایسے فعل سے طلاق واقع ہو جاتی ہے، کیا یہ امر فی الواقع صحیح ہے یا نہیں؟

عبدالرزاق جالندھری مقیم حجرہ نالہ۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

اذان کہتے وقت اور سنتے وقت ہنسنا اذان کے آداب واحترام کے خلاف ہے، اذان کہتے وقت سلام کا جواب دینا اور بلاضرورت تمسخ بھی جائز نہیں(۳)، اگر ہنسی سے اذان کا استہزاء مقصود ہو تو فقہاء تکفیر کرتے ہیں

---

(۱) "من استخف بالقرآن أو المسجد أو بنحوه مما يعظم فى الشرع ، كفر". (شرح الفقه الأكبر، فصل فى القراءة والصلوة ص:۱۶۷، قديمى)

(وكذا فى مجمع الأنهر ، كتاب السير، باب المرتد، ثم إن ألفاظ الكفر أنواع: النوع الثالث فى القرآن: ۱/ ۶۹۲، ۶۹۳، دار احياء التراث العربى)

(۲) "ماكان فى كونه كفراً إختلاف ، فإن قائله يؤمر بتجديد النكاح و بالتوبة والرجوع عن ذلك بطريق الإحتياط ..... ثم إن كانت نيّة القائل..... الوجه الذى يوجب التكفير، لا تنفعه فتوى المفتى، ويؤمر بالتوبة والرجوع عن ذلك، و بتجديد النكاح بينه و بين امرأته". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير ، موجبات الكفر أنواع ، قبيل البابّ العاشر فى البغاة: ۲/ ۲۸۳، رشيديه)

(۳) "و لا يتكلم فيهما (أى الأذان والاقامة) أصلاً و لو رد سلام ، فإن تكلم استأنفه". (الدر المختار، كتاب الصلوة ، باب الأذان : ۱/ ۳۸۹، سعيد)..... =

"ویکفر بالاستهزاء بالأذان، لا بالمؤذن" بحر: ۵/۱۲۲(۱) اوراسی حالت میں تجدیدایمان کے ساتھ تجدید نکاح بھی ضروری ہے۔اوراگراذان کااستہزاء مقصودنہیں بلکہ کسی اَورجہ سے ہنستا ہےتواس سے نکاح نہیں ٹوٹتا۔فقط واللہ اعلم۔

نماز وغیرہ کا استہزا

سوال[۶۹۱]: ایک مسلمان شخص جوعلم شریعت سے بالکل ناواقف وبے بہرہ ہے،بھنگی، چرسی،افیمی بھی ہے، وہ اپنی ضداور جہالت کی وجہ سے اپنے آپ کو بزرگ گردانتا ہو،قرآن شریف وحدیث شریف کو مذاق اورمسخرہ کرنے کا عادی ہو، یہاں تک کہہ دیتا ہے کہ لوگ نمازادا کرتے ہیں خواہ مخواہ سرنیچا کرتے ہیں، قرآن میں نمازادا کرنے کا کوئی حکم نہیں۔کیا ایسے شخص سے جواسلام سے اس قدر مذاقیہ پیش آوے تعاون کرنا یا اَورکسی قسم کا برتاؤ کرنا جائز ہے یانہیں اوراسی کاایک دوست جس کا مکان مسجد سے بالکل پیوستہ ہے اپنی اذان ونماز علیحدہ اپنے گھرمیں ادا کرتا ہےاور جماعت اپنی منکوحہ بیوی کے ساتھ کرلیتا ہے۔اس کے متعلق کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

نمازفرض عین ہے،نص قطعی سے ثابت ہے،اس کا منکر کافر ہے۔نماز،قرآن شریف،حدیث شریف کا مذاق اڑانا،استہزاء کرنا کفر ہے،اگرقدرت ہوتوایسے شخص کومناسب تنبیہ کی جاوے ورنہ اس سے ترک تعلق کردیا جاوےاور جماعت سنت مؤکدہ واجب کے قریب ہے۔جوشخص بلاعذرِشرعی دواماً ترک کرے وہ گنہ گار ہے،اگر

=وفی الفتاوی العالمکیریة : "و یکره التنحنح فی الأذان بغیر عذر ..... و یکره رد السلام فی الأذان و الإقامة، ولا یجب الرد بعده علی الأصح". (کتاب الصلوة، الباب الثانی فی الأذان ، قبیل الفصل الثانی : ۱/۵۵، رشیدیه)

(۱) (البحرالرائق، کتاب السیر ، باب أحکام المرتدین: ۵/۲۰۶، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاویٰ التاتارخانیة، کتاب أحکام المرتدین، فصل فیما یتعلق بالأذکار : ۵/۵۰۰، إدارة القرآن)

وفی شرح الفقه الأکبر للقاری رحمه الله تعالیٰ : "والاستهزاء بحکم من أحکام الشرع کفر". (قبیل فصل فی الکفر صریحاً و کنایةً، ص: ۱۷۶، قدیمی)

Made Searchable using ScribeTools.com

اسلامی حکومت ہوتو ایسے شخص کو سخت سزا دی جاوے اور شرعاً اس کی شہادت مردود ہے، اگر کبھی اتفاق سے ترک ہوجائے تو معذوری ہے:

"هی فرض عین علی کل مکلف ، و یکفر جاحدها لثبوتها بدلیل قطعی، و تارکها عمداً مجانةً: أی تکاسلاً فاسق، یحبس حتی یصلی؛ لأنه یحبس لحق العبد، فحق الحق أحق، و قیل: یضرب حتی یسیل منه الدم اهـ". در مختار: ۱/۳۶۳ (۱)۔

"والجماعة سنة مؤکدة للرجال ، وقیل: واجبة، وعلیه العامة: أی عامة مشایخنا، وبه جزم فی التحفة وغیرها، قال فی البحر : و هو الراجح عند أهل المذهب اهـ". درمختار(۲) ۔

"وقال فی شرح المنیة: والأحکام تدل علی الوجوب من أن تارکها بلاعذر یعزر، وترد شهادته، و یأثم الجیران بالسکوت عنه اهـ". شامی: ۱/۵۷۶ (۳)۔

"إذا أنکر آیةً من القرآن أو استخف بالقرآن أو بالمسجد أو نحوه مما یعظم فی

---

(۱) (الدرالمختار، کتاب الصلوة : ۱/۳۵۱، ۳۵۲، سعید)

(وکذا فی العنایة فی شرح الهدایة علی هامش فتح القدیر ، کتاب الصلوة : ۱/۲۱۷، مصطفی البابی الحلبی بمصر)

(وکذا فی مجمع الأنهر، کتاب الصلوة : ۱/۶۸، دار إحیاء التراث العربی)

(۲) (الدرالمختار ، کتاب الصلوة، باب الامامة : ۱/۵۵۲، ۵۵۴، سعید)

(۳) (رد المحتار: المصدر السابق آنفاً من الدر المختار)

(وکذا فی البحرالرائق ، کتاب الصلوة ، باب الإمامة : ۱/۶۰۲، ۶۰۳، رشیدیه)

(وکذا فی بدائع الصنائع ، کتاب الصلوة، فصل فیمن تجب علیه الجماعة : ۱/۶۶۲، دارالکتب العلمیة بیروت)

(وکذا فی فتح القدیر، کتاب الصلوة ، باب الإمامة : ۱/۳۴۴، ۳۴۵، مصطفی البابی الحلبی بمصر)

(وکذا فی حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، باب الإمامة، ص: ۲۸۶، قدیمی)

الشرع، أو عاب شيئاً من القرآن أو خطئ أو سخر بآية منه اهـ". مجمع الأنهر: ۱/ ۷۰۰ (۱)۔

فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۲/ ۶/ ۵۹ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ مفتی مدرسہ۔

الجواب صحیح: عبد اللطیف مدرسہ مظاہر علوم، ۲۴/ ۶/ ۵۹ھ۔

نماز کیلئے تحقیر کا لفظ بولنا

سوال[۶۹۲]: بکر نے خالد سے پوچھا کہ مسجد میں کیوں نہیں جاتے اور نماز نہیں پڑھتے؟ تو خالد جواب دیتا ہے کہ مجھ کو نماز چھک آتی ہے۔ یہ لفظ حقارت ہے۔ حفظ الرحمٰن مدرسہ ہدایت الاسلام نوادہ پھولپور اعظم گڑھ۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

نماز کی تحقیر نہایت خطرناک ہے(۲)، اس سے پورا پرہیز کیا جائے۔ جو لفظ سوال میں لکھا ہے ''نماز چھک آتی ہے'' اس کا مطلب صاف لکھئے کہ کیا مقصد ہے؟ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۴/ ۶/ ۹۳ھ۔

نمازی کو گالی دینا

سوال[۶۹۳]: کوئی شخص یہ کہے کہ ''زیادہ نماز پڑھنے والے ان کی ماؤں کو ایسا کروں، سب سالے بے ایمان ہوتے ہیں'' یہ کلمہ کیسا ہے اور ایمان میں کوئی خرابی آتی ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اس کا مقصود بظاہر یہ ہے کہ بے ایمانی سے ہر مسلمان کو بچنا چاہئے اور جو لوگ نماز پڑھتے ہیں ان کو

---

(۱) (مجمع الأنهر، كتاب السير، باب المرتد، ثم إن ألفاظ الكفر أنواع: النوع الثالث فى القرآن الخ: ۱/ ۶۹۲، ۶۹۳، دار إحياء التراث العربى)

(وكذا فى شرح الفقه الأكبر، فصل فى القرآءة والصلوة، ص: ۱۶۷، قديمى)

(۲) "من قال: لا أصلى جحوداً أو استخفافاً، أو على أنه لم يؤمر أو ليس بواجب انتهى، فلا شك أنه كفر فى الكل". (شرح الفقه الأكبر، فصل فى القراءة والصلوة: ۱۷۰، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

خدا سے اور اس کے دین سے زیادہ تعلق ہے، اس کا تقاضا یہ ہے کہ وہ لوگ زیادہ پرہیز کریں، مگر افسوس کہ ایسا واقعہ نہیں بلکہ نماز پڑھنے والے بھی بے ایمانی کرتے ہیں۔ اس میں نماز کی عظمت کو بتانا چاہتا ہے کہ اس کی تاثیر یہ ہے کہ وہ بے حیائی کے کاموں سے اور گناہوں سے روک دیتی ہے(۱)، لیکن یہاں ان سنگدلوں پر اس کا بھی کوئی اثر نہیں ہوتا۔ بے علمی یا کم علمی کی وجہ سے وہ اس مقصود کو صاف طور پر ادا نہیں کرسکا اور غلبۂ جہالت کی وجہ سے گالی بھی دیدی، اس کو اپنی اصلاح کی فکر بھی لازم ہے۔ اگر خدانخواستہ اس کا مقصود نماز کی توہین کرنا ہے تو یہ نہایت خطرناک ہے، اس سے ایمان محفوظ نہیں رہتا(۲) ایسی حالت میں تجدیدِ ایمان، توبہ، تجدیدِ نکاح لازم ہے(۳)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، یکم/شعبان/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، ۲/۸/۹۰ھ۔

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿إن الصلوة تنهى عن الفحشاء والمنكر﴾ الآية. (العنكبوت : ۴۵)

(۲)" قال أبو حفص : إذا قيل لمريض : صل ، فقال : والله لا أصلى أبداً ، فلم يصل حتى مات لو جآء ونى به، لقلت: أرموه و لا تصلوا عليه؛ لأنه مات كافراً. قال صاحب الجامع الأصغر : وجه ذلك أنه قال ذلك على وجه التهاون والاستخفاف ، و من فعل ذلك، يصير كافراً". (التاتارخانية ، كتاب أحكام المرتدين ، فصل فيما يتعلق بالصلوة والزكوة الخ : ۴۹۳/۵، إدارة القرآن)

وفى البزازية على هامش الفتاوى العالمكيرية: "دلت المسئلة أن تهاون الصلوة والترك مستخفاً كفرٌ، وإن مجانةً و فسقاً، لا ". (كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً ، الفصل الثانى ، النوع التاسع فيمايقال فى القرآن والصلوة الخ : ۳۴۱/۶، رشيديه)

(وكذا فى شرح الفقه الأكبر ، فصل فى القراءة والصلوة : ۱۷۰، قديمى)

(۳) "ماكان فى كونه كفراً إختلاف ، فإن قائله يؤمر بتجديد النكاح و بالتوبة والرجوع عن ذلك بطريق الإحتياط". (التاتارخانية ، كتاب أحكام المرتدين، فصل فى إجرآء كلمة الكفر: ۴۶۱/۵، إدارة القرآن)

" ثم إن كانت نية القائل الوجه الذى يوجب التكفير ، لا تنفعه فتوى المفتى، و يؤمر بالتوبة والرجوع عن ذلك، و بتجديد النكاح بينه و بين امرأته". (التاتارخانية ، كتاب أحكام المرتدين، فصل فى إجرآء كلمة الكفر: ۴۵۸/۵، إدارة القرآن) ..... =

ماں کو گالی دینا اور اس کی قبر پر پیشاب

سوال[۶۹۴] : ۱..... مسمی ایوب نے اپنی ماں اور بہن کو گالیاں دیں اور کہا کہ ''میں نہیں مانتا، وہ تو میرا جوتا ہے'' اور قرآن پاک اٹھا کر پھینک دیا۔ برائے مہربانی شرعاً اس کا کوئی جرمانہ ہو تو مطلع فرمائیں۔

۲..... مسمیٰ ایوب نے اپنی والدہ کی قبر پر جا کر پیشاب کیا، گالیاں دیں اور کہا کہ ''تُو یہاں سے بھی بہت دور چلی جا''۔ ایسے شخص کے لئے کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

۱..... یہ واقعہ اگر اسی طرح ہے تو نہایت افسوس کی بات ہے اس سے ایمان سلامت نہیں رہا (۱)، شخص مذکور کو تجدید ایمان اور علی الاعلان توبہ واستغفار کے ساتھ تجدید نکاح بھی لازم ہے (۲) ورنہ اس کے ساتھ سب لوگ سلام وکلام، بیاہ شادی کا تعلق ختم کر کے اس کی اصلاح کر دیں۔

۲..... یہ نہایت ہی کمینہ حرکت ہے، والدہ کی شان میں کوئی شریف النسب آدمی ایسا نہیں کہہ سکتا، والدہ کے انتقال کے بعد قبر پر جا کر اس طرح کہنے سے تو معلوم ہوتا ہے کہ دماغی توازن بھی صحیح نہیں اور غصہ سے

= (وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب ا لسير ، موجبات الكفر أنواع ، قبيل الباب العاشر فى البغاة: ۲/۲۸۳، رشيديه)

(وكذا فى المحيط البرهانى ،كتاب السير، فصل فى مسائل المرتدين،النوع الأول فى إجراء كلمة الكفر : ۵/۵۵۰، غفاريه كوئٹه)

(۱) "و فى تتمة الفتاوى : من استخف بالقرآن أو بالمسجد أو بنحوه مما يعظّم فى الشرع ، كفر".

(شرح الفقه الأكبر ، فصل فى القراءة والصلوة، ص:۱۶۷ ، قديمى)

(وكذا فى مجمع الأنهر ، كتاب السير، باب المرتد، ثم إن الفاظ الكفر أنواع: النوع الثالث فى القرآن: ۱/۶۹۲، ۶۹۳، دار إحياء التراث العربى)

(وكذا فى رد المحتار ، كتاب الجهاد ، باب المرتد : ۴/۲۲۲، سعيد)

(۲) (تقدم تخريجه فى مواضع عديدة منها تحت عنوان ''نمازی کو گالی دینا'')

Made searchable using ScribeTools.com

عقل مغلوب ہوچکی ہے تاہم اس کے غصہ کے فرو ہونے پر سمجھا یا جائے کہ یہ کبیرہ گناہ ہے(۱)، ایمان والا ایسا نہیں کرتا ہے، اس سے عاقبت برباد ہوتی ہے، دنیا میں بھی تباہی آتی ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۴/ ۱۱/ ۸۹ھ۔

علم دین کا مقام، علمائے دین کی توہین

سوال[۶۹۵]: میرے پاس فتویٰ بوسیدہ حالت میں ہے، ابتدائی حصہ نہیں ہے۔ اس میں تحریر ہے کہ جو شخص کسی عالم کی ادنیٰ توہین یا تحقیر کرے وہ کافر ہے اور حوالہ میں فقہ اکبر کی یہ عبارت نقل کی ہے:

"و من قال للعالم: عویلم: أی بصیغة التصغیر للتحقیر کماقیده بقوله: قاصداً به الإستخفاف، کفر"(۲)۔

اس کو دیکھ کر تعجب میں ہوں اور اس پر مختلف علماء کے دستخط ہیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

اگر کسی عالم دین کی کوئی شخص اہانت کرتا ہے بلا کسی سبب ظاہری اور عداوتِ دنیوی سے تو یہ درحقیقت علم دین کی اہانت ہے، جس کو کفر قرار دیا گیا ہے، اگر اس لئے اہانت کرتا ہے کہ اس کا عمل خلاف شرع ہے یا وہ علم کا

---

(۱) "حدثنا عبد الرحمن بن أبی بکرة عن أبیه رضی الله تعالیٰ عنهما قال: کنا عند رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال: "ألا أنبئکم بأکبر الکبائر"؟ ثلاثاً، "الإشراک بالله، و عقوق الوالدین، و شهادة الزور" أو "قول الزور"، وکان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم متکئاً فجلس، فما زال یکررها حتی قلنا: لیته سکت".

"عن عبد الله بن عمرو بن العاص رضی الله تعالیٰ عنه أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "من الکبائر شتم الرجل والدیه". قالوا: یا رسول الله! و هل یشتم الرجل والدیه؟ قال: "نعم، یسب أبا الرجل فیسب أباه، و یسب أمه فیسب أمه". (الصحیح لمسلم رحمه الله تعالیٰ، کتاب الإیمان، باب الکبائر وأکبرها: ۱/ ۶۴، قدیمی)

"إنها (أی الکبائر) تسعة .....و عقوق الوالدین المسلمین". (شرح العقائد، ص: ۸۲ سعید)

(۲) (شرح الفقه الأکبر للقاری، فصل فی العلم والعلماء، ص: ۱۷۴، قدیمی)

(وکذا فی التاتارخانیة، کتاب أحکام المرتدین، فصل فی العلم والعلمآء الخ: ۵/ ۵۰۸، ادارة القرآن)

Made Searchable by ScribeTools.com

مطلب غلط بتا کر گمراہ کرتا ہے یا اس پر کوئی حق واجب الاداء ہے، جس کو وہ؛ دانہیں کرتا بلکہ ظلم کرتا ہے وہ علم دین کی اہانت نہیں اس لئے کفر نہیں:

"و فی البزازیة الإستخفاف بالعلماء لکونهم علماء إستخفاف بالعلم، و العلم صفة اللّٰه تعالیٰ منحه فضلاً علی خیار عباده لیدلّوا خَلقه علی شریعته نیابةً عن رسله، فإستخفافه بهذا یعلم أنه إلی من یعود. و من أبغض عالماً من غیر سبب ظاهر خیف علیه الکفر اهـ"۔ مجمع الأنهر: ۱/۷۰۳ (۱) بزازیه علی العالمگیریة: ۶/۳۳۶ (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۸/۶/۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند۔

اھانت علماء

سوال[۶۹۶]: کوئی شخص علماء کی شان میں گستاخی کرے اور علماء سے بدعقیدہ ہو تو عندالشرع ایسے شخص کا کیا حکم ہے؟ فقط عبدالرحمٰن، پیش امام، محلّہ بیوپاریان، قصبہ امل ضلع متھرا۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

علم دین کی وجہ سے اگر علماء کی توہین وتذلیل کرتا ہے تو یہ کفر ہے، تجدید ایمان وتجدید نکاح لازم ہے ورنہ فسق ہے، توبہ ضروری ہے۔ فی الشامی: "إهانة أهل العلم کفر علی المختار" فتاویٰ بدیعیة" (۳)۔

---

(۱) (مجمع الأنهر، کتاب السیر، باب المرتد، ثم إن الفاظ الکفر أنواع، النوع الرابع فی الاستخفاف بالعلم: ۱/۶۹۵، دار إحیاء التراث العربی)

(۲) (البزازیه، کتاب ألفاظ تکون إسلاماً أو کفراً، الفصل الثانی، النوع الثامن فی الإستخفاف بالعلم: ۶/۳۳۶، رشیدیه)

(وکذا فی شرح الفقه الأکبر للقاری رحمه اللّٰه تعالیٰ، فصل فی العلم والعلمآء، ص: ۱۷۳، قدیمی)

وفی رد المحتار: "إهانة أهل العلم کفر علی المختار". (کتاب الحدود، باب التعزیر: ۴/۷۲، سعید)

(۳)(رد المحتار، کتاب الحدود، باب التعزیر: ۴/۷۲، سعید)

(وکذا فی البزازیة، کتاب ألفاظ تکون إسلاماً أو کفراً، الفصل الثانی، النوع الثامن فی الإستخفاف بالعلم: ۶/۳۳۶، رشیدیه) .....=

Made searchable using ScribeTools.com

"سباب المسلم فسوق". الحديث(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود حسن گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۶/صفر/۵۳ھ۔

الجواب صحیح: عبد اللطیف مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۶/صفر/۵۳ھ۔

کیا استاذ کی توہین کفر ہے؟

سوال[۶۹۷]: اگر کسی نے امام یا والدین یا استاذ کی توہین کی تو کیا اس پر تجدید نکاح کا حکم عالم یا قاضی کو لگانا چاہئے جیسا کہ ''فصول عمادی'' میں ہے یا کہ نہیں؟ المستفتی: سراج الدین۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

والدین یا استاد کی بلا وجہ شرعی توہین کرنا گناہ ہے مگر کفر نہیں، نہ اس سے ایمان جاتا ہے نہ نکاح ٹوٹتا ہے، لہذا تجدید نکاح بھی واجب نہیں، البتہ اگر کوئی شخص حرام لعینہ کو جس کی حرمت قطعی ہو حلال اعتقاد کرے تو یہ کفر ہے، اس سے ایمان سلب ہو جاتا ہے اور نکاح بھی ٹوٹ جاتا ہے:

"و لا نكفر مسلماً بذنبٍ من الذنوب وإن كانت كبيرةً إذا لم يستحلها، و لا نزيل عنه إسم الإيمان و نسميه مؤمناً حقيقةً، و يجوز أن يكون مؤمناً فاسقاً غير كافر، أما من استحل معصيةً و قد ثبتت بدليل قطعي، فهو كافر بالله تعالىٰ؛ لأن استحلالها تكذيب بالله ورسوله اهـ". شرح فقه اكبر (۲)۔

"يخاف عليه الكفر إذا قال لفقيه: **أى دانشمندک**، أو قال لعلوى: **أى علويک**، لا

= (وكذا فى شرح الفقه الأكبر للقارى رحمه الله تعالىٰ، فصل فى العلم والعلمآء، ص: ۱۷۳، قديمى)

(وكذا فى مجمع الأنهر، كتاب السير، باب المرتد، ثم إن الفاظ الكفر أنواع: النوع الرابع فى الإستخفاف بالعلم: ۱/ ۶۹۵، دار إحياء التراث العربى)

(۱)(صحيح البخارى، كتاب الأدب، باب ماينهى عن السباب واللعن: ۲/۸۹۳، قديمى)

(والصحيح لمسلم، كتاب الإيمان، باب بيان قول النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "سباب المسلم فسوق الخ". ۱/۵۸، قديمى)

(۲) (الفقه الأكبر للإمام الأعظم أبى حنيفة رحمه الله تعالىٰ، ص: ۷۱، ۷۳، ۷۴، قديمى)

یکفر ما لم یکن قصد الاستخفاف بالدین اھـ". عالم گیری: ۲/۲۷۱ (۱)۔

لہذا بلا تفصیل حکم نہیں لگایا جاسکتا۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۸/ ربیع الاول/۶۳ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔

صحیح: عبداللطیف مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۸/ ربیع الاول/۶۳ھ۔

استاذ کی گستاخی اور توہین

سوال[۶۹۸]: اپنے استاذ کو ایک شخص نے کہا کہ استاذ کافر ہے مسلمان نہیں، ان کی قرآن خوانی اور نماز کی ادائیگی کا کوئی اعتبار نہیں، دشنام طرازی کے علاوہ مار پیٹ بھی کی۔ یہ شخص اس کے خاندان کا سات پشتوں سے استاذ رہا ہے، خود یہ شخص تارک صلوۃ ہے، ایسے شخص کے لئے شرعاً کیا حکم ہے؟ اور ایسے شخص کے لئے شرعاً کیا تعزیر ہے؟ فقط۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

استاذ کا بہت بڑا حق ہے، اس کا احترام لازم ہے، اس کے ساتھ گستاخی کرنا منع ہے، بلا وجہ شرعی کسی

---

(۱) (الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، موجبات الکفر أنواع، منها ما یتعلق بالعلم والعلماء: ۲/۲۷۱، رشیدیه)

(وکذا فی البزازیة، کتاب ألفاظ تکون إسلاماً أو کفراً، الفصل الثانی، النوع الثامن فی الإستخفاف بالعلم: ۶/۳۶، رشیدیه)

(وکذا فی خلاصة الفتاوی، کتاب ألفاظ الکفر الفصل الثانی، الجنس الثامن فی استخفاف العلم: ۴/۳۸۸، رشیدیه)

(وکذا فی شرح الفقه الأکبر للقاری رحمه الله تعالیٰ، فصل فی العلم والعلمآء، ص: ۱۷۴، قدیمی)

(وکذا فی التاتارخانیة، کتاب أحکام المرتدین، فصل فی العلم والعلمآء الخ: ۵/۵۰۸، إدارة القرآن)

(وکذا فی المحیط البرهانی، کتاب السیر، فصل فی مسائل المرتدین، نوع فی العلم والعلماء: ۵/۵۶۹، غفاریه کوئٹه)

Made searchable using ScribeTools.com

مسلمان کوکافر کہنے سے اس کہنے والے کا ایمان سلامت نہیں رہتا(۱)۔بغیر عذر کے جان کر فرض نماز کوترک کرنا جب کہ قضا پڑھنے کی بھی نیت نہ ہواوراس پرخوفِ عقاب بھی نہ ہونہایت خطرناک ہے،حدیث وفقہ میں اس کوکفر سے تعبیر کیا گیا ہے(۲)۔ایسے شخص کوتوبہ کرنا لازم اوراستاذ سے معافی مانگنا ضروری ہے،احتیاطاً تجدید ایمان وتجدید نکاح بھی کرلی جائے(۳)۔جہاں اسلامی طریقہ پرحدودوقصاص کی تنفیذ نہ ہوسکتی ہووہاں شرعی سزانہیں

---

(۱) "عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "إذا قال الرجل لأخيه : يا كافر!، فقد باء به أحدهما". (صحيح البخاری، كتاب الأدب ، باب من أكفر أخاه بغير تاويل فهو كما قال: ۹۰۱/۲ ، قديمی)

قال الملا علی القاریؒ : "و قال الطيبی : لأنه إذا قال القائل لصاحبه : يا كافر مثلاً ، فإن صدق رجع إليه كلمة الكفر الصادر منه مقتضاها، و إن كذب واعتقد بطلان دين الإسلام ، رجعت إليه هذه الكلمة. و قال النووی : فی تأويل الحديث أوجه : أحدها أنه محمول علی المستحل لذلک، فعلی هذا معنی: "باء بها": أی بكلمة الكفر : أی رجع عليه الكفر". (مرقاة المفاتيح، كتاب الآداب ، باب حفظ اللسان ، الفصل الأول : ۵۶۲/۸،رقم الحديث: ۴۸۱۵، رشيديه)

(۲) "عن جابر بن عبد الله رضی الله تعالیٰ عنه يقول : سمعت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم يقول: "بين الرجل و بين الشرک و الكفر ترک الصلوة". (الصحيح لمسلم ، كتاب الإيمان. ، باب إطلاق إسم الكفر اهـ : ۶۱/۱ ، قديمی)

"و فی شرح السنة : اختلف فی تكفير تارک الصلوة الفرض عمداً ..... قلت : و نعم الرأی رأی أبی حنيفة، إذ الأقوال باقيها ضعيفة ، ثم من التأويلات أن يكون مستحلاً لتركها ، أو تركها يؤدی إلی الكفر اهـ".(المرقاة، كتاب الصلوة ، قبيل الفصل الثانی : ۲۷۲/۲ ، رقم الحديث: ۵۶۹،رشيديه)

"و يكفر ..... بترک الصلوة متعمداً، غير ناوٍ للقضاء و غير خائفٍ من العقاب".

(البحر الرائق ، كتاب السير، باب أحكام المرتدين : ۲۰۶/۵ ، رشيديه)

(۳) "ما كان فی كونه كفراً اختلاف ، فإن قائله يؤمر بتجديد النكاح، و بالتوبة والرجوع عن ذلک بطريق الإحتياط".(الفتاوی العالمكيرية، كتاب ا لسير ، موجبات الكفر أنواع ، قبيل الباب العاشر فی البغاة: ۲۸۳/۲ ، رشيديه)

(وكذا فی التاتارخانية ، كتاب أحكام المرتدين، فصل فی إجرآء كلمة الكفر: ۴۵۸/۵، إدارة القرآن)

دی جاسکتی، شرعی سزا کے لئے مسلم بادشاہ اور قوتِ قاہرہ شرط ہے(۱)، البتہ اولاً ایسے آدمی کو نرمی سے سمجھایا جائے، اس سے کام نہ چلے اور ترک تعلق مفید ہو تو ترک تعلق کردیا جائے (۲)۔

تنبیہ: بغیر ثبوت شرعی کسی کی طرف کسی جرم کی نسبت کرنا سخت معصیت ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، ۶/۳/۸۸ھ۔

امام اور استاذ کو خنزیر ومنافق کہنا

سوال[۶۹۹]: ایک شخص نے ایک عالم فاضل کو امام مسجد رکھا اور اس کے پیچھے چند سال تک نماز پڑھی ہے، نماز کے علاوہ کچھ اور وظائف کی تعلیم بھی اس سے حاصل کرتا ہے، اس شخص نے اپنے استاذ کو ایک معمولی بات پر خنزیر ومنافق وغیرہ کہہ ڈالا اور امامت سے برطرف کردیا، پس ایسے شخص کے بارے میں جو اپنے استاذ کو ذلیل کرتا ہے شرعاً کیا حکم ہے، اور باقی مسلمانوں کو اس کے ساتھ کیا سلوک کرنا چاہئے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

مسلمان کو گالی دینا فسق ہے(۳) اور منافق وغیرہ کہنا ہرگز جائز نہیں، خاص کر اپنے امام اور استاد کو

---

(۱) "فیشترط الإمام لإستیفاء الحدود". (رد المحتار، کتاب الجنایات، مبحث شریف اهـ: ۵۴۹/۶، سعید)

(وکذا فی فتح القدیر، کتاب الحدود، فصل فی کیفیة الحد و إقامته: ۲۳۵/۵، ۲۳۶، مصطفی البابی الحلبی)

(وکذا فی بدائع الصنائع، کتاب الحدود، فصل فی شرائط جواز إقامتها: ۲۵۰/۹، دار الکتب العلمیة)

(وکذا فی الفتاوی العالمکیریة، کتاب الحدود، الباب الأول فی تفسیره شرعاً و رکنه اهـ: ۱۴۳/۲، رشیدیه)

(وکذا فی النهر الفائق، کتاب الحدود: ۱۳۳/۳، مکتبه امدادیه ملتان)

(۲) "قال الخطابی: رخص للمسلم أن یغضب علی أخیه ثلاث لیال لقلته، و لا یجوز فوقها، إلا إذا کان الهجران فی حق من حقوق الله تعالیٰ، فیجوز فوق ذلک". (مرقاة المفاتیح، کتاب الآداب، باب ما ینهی عنه من التهاجر و التقاطع اهـ، الفصل الأول: ۷۵۸/۸، رشیدیه)

(۳) "عن عبد الله رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "سباب المسلم فسوق". الحدیث. (صحیح البخاری، کتاب الأدب، باب ما ینهی عن السباب واللعن: ۸۹۳/۲، قدیمی)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

ایسے الفاظ کہنا حد درجہ بے غیرتی اور محرومی کی دلیل ہے، اس لئے واجب ہے کہ امام سے ان الفاظ کی معافی طلب کرے اور آئندہ توبہ کرے اور عہد کرے کہ کبھی ایسے الفاظ نہیں کہے گا، خاص کر اپنے استاذ کی شان میں اور سب کو چاہئے کہ اسے سمجھا دیں کہ تم اپنے استاد سے معافی مانگ لو۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ جامع العلوم کانپور۔

استخفافِ علماء

سوال[۷۰۰]: علمائے دین سے استہزاء کرنے اور تحقیر کرنے سے کیا حکم شرعی لازم آتا ہے اور مستہزی حدِ تکفیر تک پہونچ جائے گا یا فاسق ہوگا؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

علمائے دین سے استہزا و تحقیر اگر ان کے علم دین کی وجہ سے ہے تو کفر ہے اور اگر کسی اَور وجہ سے بغیر حقِ شرعی ہے تو سخت گناہ اور فسق ہے اور ایسی صورت میں تعزیر شرعی لازم ہوتی ہے:

"و لو قال للفقيه: دانشمندک، إن لم يكن قصده الإستخفاف بالدين لا يكفر، وإن كان، يكفر". خلاصة الفتاوىٰ: ٤/٣٨٨ (١)۔ "سباب المسلم فسوق" رواه مسلم: ١/٥٨ (٢)۔

"وكل من ارتكب منكراً أو أذى مسلماً بغير حق بقول أو فعل أو إشارة يلزمه التعزير" كذا فى الشامى: ٣/٢٥٥ (٣) ۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

---

(۱) (خلاصة الفتاوى، كتاب ألفاظ الكفر، الفصل الثانى، الجنس الثامن فى استخفاف العلم والعلماء: ۳۸۸/۴، رشيديه)

(تقدم تخريجه تحت عنوان: "کیا استاذ کی توہین کفر ہے")

(۲) (الصحيح لمسلم، كتاب الايمان، باب بيان قول النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "سباب المسلم فسوق الخ": ۵۸/۱، قديمى)

(وصحيح البخارى، كتاب الأدب، باب ما ينهى عن السباب واللعن: ۸۹۳/۲، قديمى)

(۳) (كتاب الحدود، باب التعزير: ۶۶/۴، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الحدود، فصل فى التعزير: ۷۱/۵، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، فصل فى التعزير: ۱۶۸/۲، رشيديه)

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

سعید احمد غفرلہ مدرس مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔ صحیح: بندہ عبد الرحمٰن غفرلہ۔

صحیح: عبد اللطیف ناظم مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۰/ جمادی الثانیہ/۵۲ھ۔

علمائے دین کو گالی دینا

سوال[۷۰۱]: اگر کوئی مسلمان کسی عالم شریعت کو گالی دے یا دشمنی کے طور پر تمام علمائے دین کو گالی دے جیسے کہ کہے ''علماء دین کے اندر بہت شر ہے'' یا یہ کہے کہ ''علماء بہت بدمعاش ہیں''۔ تو ایسے آدمی کو شریعت کیا حکم دیتی ہے، آیا کافر یا فاسق یا منافق؟ کوئی آدمی اگر کسی امام کو ناجائز طور پر گالی دے تو اس کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

گالی دینا معمولی مسلم کو بھی درست نہیں بلکہ فسق ہے: ''سباب المسلم فسوق'' الحدیث (۱)۔ علمائے حق کو اگر کسی ذاتی مخاصمت وغیرہ کی وجہ سے گالی نہیں دیتا، بلکہ علمائے حق ہونے کی وجہ سے گالی دیتا ہے تو ایمان کا سلامت رہنا دشوار ہے (۲)۔ سوء خاتمہ کا قوی خطرہ ہے اس کو توبہ لازم ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۰/۱۰/۹۲ھ۔

عالم سے بغض رکھنا

سوال[۷۰۲]: اگر کسی شخص نے بسبب عداوت دینی یا دنیاوی کسی عالم متدین کو اہانۃً وحقارۃً گالی دی اور خوب نالائق کہا تو گالی دینے والے پر کفر لازم آئے گا یا نہیں؟ اور اس کی زوجہ مطلقہ بائنہ ہوگی یا نہیں؟

چونکہ فتوی نور الہدی، ص: ۱۴۵ میں لکھا ہے:

''من شنع لعلماء الحنفية أو لأهل العلم أو لطلبته أو أطلق فيه كلمة كناية من شنع و الإحتقار صار كافراً۔ و أيضاً فيه: من رفع صوته على صوت العالم أو طالب العلم بوجه

---

(۱) (صحیح البخاری، کتاب الإیمان، باب خوف المؤمن أن یحبط عمله: ۱/۱۲، قدیمی)

(والصحیح لمسلم، کتاب الإیمان، باب بیان قول النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: ''سباب المسلم فسوق الخ'': ۱/۵۸، قدیمی)

(۲) (تقدم تخریجه تحت عنوان: ''کیا استاذ کی توہین کفر ہے؟'')

Made searchable using ScribeTools.com

الإحتقار والإستخفاف طلقت إمرأته بائناً". تو اس کا کیا حکم ہے؟فبينوا بالتفصيل عند علماء الحنفية۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

کسی عالم کو اگر گالی دی ہے تو وہ یا تو کسی ذاتی مخاصمت کی بنا پر دی ہے یا علمِ دین سے عداوت کی بنا پر۔ اول صورت میں گالی دینا فسق ہے، حدیث شریف میں آتا ہے:

"عن عبد الله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : "سباب المسلم فسوق و قتاله كفر". متفق عليه" (۱) مشكوة شريف، ص: ٤١٠١ (٢)۔

یعنی مسلمان کو گالی دینا فسق ہے، جب عام مسلمانوں کو گالی دینا فسق ہے تو علماء کو گالی دینا کچھ اس سے زیادہ ہی ہوگا۔ ایک دوسری حدیث میں گالی دینا نفاق کی علامت بتلایا ہے:

"عن عبد الله بن عمرو رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : "أربع من كن فيه كان منافقاً خالصاً، ومن كانت فيه خصلة منهن كانت فيه خصلة من النفاق حتى يدعها : إذا اؤ تمن خان، و إذاحدث كذب، و إذا عاهد غدر، و إذا خاصم فجر" متفق عليه". (۳) مشكوة شريف، ص: ۱۷ (٤)۔

اگر علم دین سے عداوت کی بنا پر گالی دی ہے تو یہ نہایت خطرناک ہے اس سے ایمان جاتا رہتا ہے، اس

---

(۱) (صحيح البخاری ، كتاب الأدب ، باب ما ينهى عن السباب واللعن : ۸۹۳/۲، قديمی)

(والصحيح لمسلم ، كتاب الإيمان ، باب بيان قول النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم : "سباب المسلم فسوق الخ" : ۵۸/۱، قديمی)

(۲)(مشكوة المصابيح ، كتاب الآداب ، باب حفظ اللسان والغيبة اهـ ، الفصل الأول، ص: ۴۱۱،قديمی)

(۳) (صحيح البخاری ، كتاب الإيمان ، باب علامة المنافق : ۱۰/۱ ، قديمی)

(والصحيح لمسلم ، كتاب الإيمان ، باب خصال المنافق : ۵۶/۱، قديمی)

(۴) (مشكوة المصابيح ، كتاب الإيمان ، باب الكبائر وعلامات النفاق، ص:۱۷ ، قديمی)

لئے کہ علم اللہ تعالیٰ کی ایک عظیم الشان صفت ہے، جب علم سے عداوت ہوئی تو خدا تعالیٰ کی اس صفت سے عداوت ہوئی۔

"و فی البزازیة :۲/۲۷۰(۱): "فالاستخفاف بالعلمآء لکونهم علماء إستخفاف بالعلم، والعلم صفة اللّٰه تعالیٰ منحه فضلاً علی خیار عباده، لیدلوا خَلقه علی شریعته نیابةً عن رسله، فإستخفافه بهذا یعلم أنه إلیٰ من یعود". مجمع الأنهر: ۱/۷۰۳ (۲) ۔

اگر بلا وجہ گالی دیتا ہے اور عالم سے بغض رکھتا ہے تو اس میں خوف کفر ہے:

"من أبغض عالماً من غیر سبب ظاهر خیف علیه الکفر، و یخاف علیه الکفر إذا شتم عالماً أو فقیهاً من غیر سبب اهـ". عالم گیری:۲/۲۷۰ (۳)۔

اگر عالم سے بلا وجہ اذیت پہونچی ہے تو اس عالم کے ذمہ معافی چاہنا واجب ہے اور اگر اس عالم میں کچھ اوصافِ قبیحہ ہیں ان کی وجہ سے بغض ہے تو ایسی حالت میں ان اوصاف سے بغض رکھنا چاہئے اور جو شخص ان اوصاف کے ساتھ متصف ہے اس کو خیر خواہی سے نصیحت کی جائے اور دعاء کی جائے کہ اللہ پاک اس کی اصلاح کرے اور کوئی مسلمان خواہ کتنا ہی گنہگار کیوں نہ ہو اس کو حقارت کی نظر سے دیکھنا اور ذلیل سمجھنا جائز نہیں، البتہ معاصی سے بغض رکھنا اور پرہیز کرنا واجب ہے۔ جب کوئی شخص کسی وجہ سے کافر ہو جائے تو اس کا نکاح ٹوٹ جاتا ہے اور اس کی عورت بائنہ ہو جاتی ہے، (قال الزیلعی رحمه اللّٰه تعالیٰ) : "وارتداد أحدهما (أی الزوجین) فسخ فی

---

(۱) (وکذا فی البزازیة کتاب ألفاظ تکون إسلاماً أو کفراً ، الفصل الثانی، النوع الثامن فی الإستخفاف بالعلم اهـ : ۶/۳۳۶، رشیدیه)

(۲) مجمع الأنهر ، کتاب السیر، باب المرتد، ثم إن الفاظ الکفر أنواع: النوع الرابع فی الإستخفاف بالعلم : ۱ /۶۹۵، دار إحیاء التراث العربی)

(و فی رد المحتار : "إهانة أهل العلم کفر علی المختار". (کتاب الحدود، باب التعزیر : ۴/۷۲،سعید)

(وکذا فی شرح الفقه الأکبر للقاری رحمه اللّٰه تعالیٰ، فصل فی العلم والعلمآء ، ص:۱۷۳ ، قدیمی)

(۳) (الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، الباب التاسع فی أحکام المرتدین ، و منها ما یتعلق بالعلم والعلماء : ۲/۲۷۰، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

الحال اھـ". زیلعی: ۲/۱۷۸ (۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

علماء کو برا کہنا

سوال[۷۰۳]: علماء کرام کو برا بھلا کہنا، ان کی شان میں گستاخیاں کرنا، ان کی تضحیک وتذلیل کرنا از روئے شرع کیسا ہے؟ شریعت اللہ، بہار شریف۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

عالم دین ہونے کی وجہ سے ان کو برا کہنا، گستاخی کرنا نہایت خطرناک ہے، سخت قسم کا جرم ہے(۲)۔ اگر کوئی بدمعاملگی ہوئی یا ذاتی نفسانی دشمنی سے یا کسی عالم دین کو گمراہی اور فسق وفجور میں مبتلا دیکھا اس کی وجہ سے اس کو برا کہتا ہے تو اس کا یہ حکم نہیں اگرچہ برا کہنا کسی کو بھی نہیں چاہئے، سخت سے سخت گنہ گار کو بھی برا کہنے سے کیا فائدہ؟ اس کی اصلاح نصیحت، خیرخواہی سے کی جائے تو فائدہ بھی ہو۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

مقرر عالم کی توہین

سوال[۷۰۴]: ایک مولانا صاحب ایک جلسہ میں تقریر فرمارہے تھے کہ آنحضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نور ہیں، اس جملہ کو زید نے سن کر برجستہ کہا کہ "نور، نور، نور کہتے ہو، نور نہیں موئے زیر ناف ہیں"۔ معلوم ہوا کہ زید کا یہ جملہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جانب نہیں بلکہ طنزاً مقرر کی جانب ہے جب کہ زید عالم دین بھی ہے۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

اگر حضرت رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان اقدس میں ایسا نہیں کہا بلکہ تقریر کرنے والے

---

(۱) (تبیین الحقائق للزیلعی، کتاب النکاح، باب نکاح الکافر: ۲/۶۲۲، دار الکتب العلمیة بیروت)

(وکذا فی الدرالمختار، کتاب النکاح، باب نکاح الکافر: ۳/۱۹۳، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب النکاح، باب نکاح الکافر: ۳/۳۷۳، رشیدیه)

(۲) (تقدم تخریجه تحت عنوان: "کیا استاذ کی توہین کفر ہے")

Made Searchable by ScribeTools.com

مولانا صاحب کو بطور تشبیہ ایسا کہا ہے تب بھی یہ سخت بات ہے(۱)، کسی بھی اشرف المخلوقات کی ایسی چیز سے تشبیہ دینا درست نہیں ہے جو کہ عوام کے نزدیک نہایت حقیر چیز ہو اور خاص کر مجمع عام میں کثرت عوام کی ہوتی ہے اور پھر مولانا صاحب جو کہ مزید واجب الاحترام ہیں اور تشبیہ دینا بھی ایسے موقع پر جب کہ وہ تقریر کر رہے ہیں اور تقریر میں بھی ذات مقدسہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر مبارک ہے جس سے سننے والوں کو شبہ ہوتا ہے کہ شاید تشبیہ کا رخ دوسری طرف ہو اور اس کا ایہام ہر ایک کو ہوتا ہے، اس لئے زید کو معذرت کرنا چاہئے اور اپنی مراد واضح کر کے ایہام وشبہ دور کر دینا چاہئے اور آئندہ پورے طور سے محتاط رہنا چاہئے۔

جب کہ زید کی تشبیہ کا رخ وہ بھی نہیں ہے جس کا ایہام ہوتا ہے تو دوسرے لوگوں کو بھی اس پر اصرار نہیں کرنا چاہئے، زید معذرت کر دے دوسرے لوگ خاموشی اختیار کریں، بات کو زیادہ نہ بڑھایا جائے کہ اس میں فتنہ شدید ہے، خدا جانے کہاں تک نوبت پہونچے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۱/۲/۱۵ھ۔

امام کو برا کہہ کر نکال دینا

سوال[۷۰۵]: یہاں پر ایک چھوٹی سی بستی ہے کل ۲۴ گھر ہیں جس میں سے سات گھر بہت خلاف ہیں، یہاں پر ایک چھوٹی بستی کے حساب سے ایک پرانے وقتوں کی مسجد ہے جس کے پندرہ گھر تو خوب دل و جان سے اس کی حفاظت کرتے ہیں اور جو بھی پیش امام لاکر رکھتے ہیں دوسرے لوگ اس کو برا بھلا کہہ کر نکال دیتے ہیں۔ یہ سات گھر نہ تو امام رہنے دیتے ہیں نہ اس کی تنخواہ دیتے ہیں، اب اس وقت امام کی تنخواہ تین ماہ کی چڑھ رہی ہے اور ملا ان سے کہتا ہے کہ جمعہ کی نماز تو کم از کم پڑھ لیا کرو تو کہتے ہیں کہ کوئی پابندی ہم پر نہیں ایسا لکھا نہیں کہ نماز پڑھو ہماری مرضی ہے پڑھیں یا نہ پڑھیں اور شرک وکفر تو ان کے لئے بہت اچھا لگتا ہے، بھجن گانا، دیوی ماتا کو پوجنا، ہولی پر ڈھب بجانا، میلہ میں جانا، ایسی باتوں کو ملا روکتا ہے تو ملا کی تنخواہ میں رکاوٹ کر کے، آپس میں پھوٹ ڈال کر، آدمیوں کو بہکا کر کے ملا کو پیسے نہیں ملیں گے تو بھاگ جائیگا، اس طرح یہاں سے چار پانچ ملا چلے گئے۔

ہم پندرہ گھر ہی ان کو پیسے دیکر رکھا کرتے ہیں تا کہ رمضان شریف میں تراویح اور عید کی نماز ہو جائے،

---

(۱)(تقدم تخریجه تحت عنوان ''کیا استاد کی توہین کفر ہے؟'')

Made searchable using ScribeTools.com

ہم نے دو چار لوگوں سے ان کے بارے میں بات چیت کی، ایسے لوگوں کا حکم کیا ہے، انہوں نے ہم سے کہا کہ ان لوگوں کا حوالہ اور نام لکھوا کر دیوبند بھیجو ان کے نام فتوی بھیج دیں گے شریعت کے مطابق، ہم ان کو سنا دیں گے تو شاید ان لوگوں کی آنکھیں کھل جائیں اور خدا کو پہچانیں اور ایمان لے آویں تو اچھا ہے ورنہ ان لوگوں کا حقہ پانی بند کر دیں گے۔

نہ ان کے یہاں درود و فاتحہ ہوتی ہے سب کام ہندوؤں کے کرتے ہیں۔ دو آدمی سب سے زیادہ خراب ہیں، ایک فہد، ایک سفیرا، یہ دو آدمی ایسے ہیں کہ انہوں نے ۹ ملا بھگا دیئے، یہ دو آدمی پانچ گھر تیلی کے ہیں، ان کو بہکا کر اپنی طرف مائل کر کے ملا کی تنخواہ رکوا کر پھوٹ کرتے ہیں، مسجد کو ویران کر دیتے ہیں۔ ہم ۱۰ آدمیوں کے بس کی بات تو ہے نہیں جو ملا کو رکھ سکیں، چھوٹی سی بستی ہے، ہمارے لئے ایسے آدمیوں کے لئے موافق شرع فتوی دیدیں آپ کی بڑی مہربانی ہوگی، ہماری مسجد میں چراغ بتی وعید و تراویح رمضان ہو جاوے گی، یہ اسلام کی بات ہے، آپ کی تعریف سن کر آپ کا سہارا لیا ہے۔

ہم جاہلوں کو راستہ بتانا آدھا کام عمل کرنا ہمارا کام ہے۔ یہ سات گھر کے آدمی ہیں فہد، سفیرا، جھوٹیا، مداری، سبحان، بنور پیا، کڑوے آدمی ہیں، ۵ گھر تیلیوں کے ہیں، ایک لوہار کا، ایک شیخ کا، ہم ان پانچوں آدمیوں کے لئے آپ سے فتویٰ چاہتے ہیں، ان کی آنکھیں کھولدیں، آپ کے لئے ہم اللہ سے دعا مانگتے رہیں گے۔ ہماری مسجد آباد رہے گی تو خدا ہم کو بھی آباد رکھے گا، یہاں پر عید کی نماز ہو جاوے گی، یہ سات گھر بہت جاہل ہیں، ایک کتاب دیدیں تو مہربانی ہوگی۔ فقط

الجواب حامداً و مصلیاً :

جو لوگ امام کو برا بھلا کہتے ہیں تا کہ وہ تنگ آ کر چلا جائے اور مسجد ویران ہو جائے وہ بڑے ظالم گناہ گار ہیں (۱)، ان کو توبہ کرنا امام سے معافی مانگنا ضروری ہے اور دیوی ماتا کے پوجنے سے تو ایمان ہی جاتا

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ : ﴿ و من أظلم ممن منع مساجد اللہ أن یذکر فیها اسمه، و سعی فی خرابها، أولئک ماکان لهم أن یدخلوها إلا خائفین، لهم فی الدنیا خزی و لهم فی الآخرة عذاب عظیم﴾ (البقرة: ۱۱۴)

قال العلامة الآلوسی رحمه اللہ تعالیٰ تحتها : " و ظاهر الآیة العموم فی کل مانع و فی کل مسجد، و خصوص السبب (سبب النزول) لا یمنعه ..... (وسعی فی خرابها) بتکدیرها بالتعصبات =

رہتا ہے(۱)، ان کو کلمہ پڑھ کر نئے سرے سے مسلمان کیا جائے اور ان کے نکاح بھی دوبارہ پڑھائے جائیں(۲)، ورنہ یہاں بھی وبال ہے اوران کے لئے آخرت میں بھی جہنم ہے، بہتر یہ ہے کہ کسی عالم دین کے ذریعہ سے ان کو سمجھایا جائے، اگر نہ مانیں اور اپنی ضد پر قائم رہیں تو ان سے ترک تعلق کر دیا جائے، بول چال بند کر دی جائے تا کہ وہ اپنی اصلاح کرلیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۷/۹/۹۰ھ۔

طالب علم کو گالی دینا

سوال[۷۰۶]: اگر کوئی شخص کسی طالب علم کو گالی دے اور بے عزت کرے اس کے لئے از روئے شرع کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اگر کوئی علم دین حاصل کرنے والے طالب علم کو گالی دے اور اہانت کرے بغیر کسی قصور کے محض علم دین

= و غلبة الهوى، و منع أهلها بتهيج الفتن اللازمة لتجاذب قوى النفس، و دوا عى الشيطان والوهم .....(لهم فى الدنيا خزى) و افتضاح و ذلة بظهور بطلان ما هم عليه (ولهم فى الآخرة عذاب عظيم) و احتجابهم عن الحق سبحانه". (روح المعانى : ۱/۳۶۳، ۳۶۵، دار إحياء التراث العربى)

(۱) "و عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال :قا ل رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم :"لو كنت آمر أحداً أن يسجد لأحد، لأمرت المرأة أن تسجد لزوجها". رواه الترمذى". (مشكوة المصابيح، كتاب النكاح، باب عشرة النساء الخ، ص: ۲۸۱، قديمى)

قال العلامة الآلوسى رحمه الله تعالىٰ تحت آية البقرة رقمها : ۳۴: "إن السجود الشرعى عبادة، و عبادة غيره سبحانه وتعالىٰ شرك محرّم فى جميع الأديان والأزمان، و لا أراها حلت فى عصر من الأعصار". (روح المعانى : ۱/۲۲۸، دار إحياء التراث العربى)

و فى شرح الفقه الأكبر للقارى رحمه الله تعالىٰ: "و فى الخلاصة : و من سجد لهم إن أراد به التعظيم كتعظيم الله سبحانه و تعالىٰ، كفر". (أواخر فصل فى الكفر صريحاً و كنايةً، ص:۱۹۳، قديمى)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الكراهية، قبيل فصل فى البيع : ۸/۳۶۴، رشيديه)

(۲) (تقدم تخريجه فى مواضع عديدة منها عنوان "تجدید ایمان اور تجدید نکاح کی کب ضرورت ہوتی ہے")

Made searchable using ScribeTools.com

کا طالب علم ہونے کی بنا پر تو نہایت خطرناک ہے اس سے ایمان سلامت رہنا دشوار ہے، کیونکہ یہ علم دین کی تحقیر وتذلیل ہے۔

اگر اس طالب علم میں کچھ اخلاق واعمال خلاف شرع ہیں اور ان کو ناگواری کی بنا پر گالی دے تو اس کا یہ حکم نہیں (۱) اس سے ایمان برباد نہیں ہوگا لیکن گالی دینا اس وقت بھی درست نہیں، ہاں اصلاح ضروری ہے اور اس کا طریقہ گالی دینا نہیں، بلکہ نرمی وشفقت سے نصیحت کرنا ہے یا اس کے اکابر تک اس کی بداخلاقی اور بداعمالی کو پہونچا دینا ہے تاکہ وہ مناسب طریق پر اصلاح کرے اور طالب علم کو علم دین کے احترام کی خاطر ہر قسم کی بداخلاقی اور بداعمالی سے بچانا نسبۃً زیادہ ضروری ہے کہ اس سے نہ علم دین آتا ہے اور نہ دنیا وآخرت میں عزت حاصل ہوتی ہے، بلکہ طبقہ عُلماء پر بدنامی آتی ہے اور لوگ علم دین سے بدظن ہوتے ہیں اور اپنی اولاد کو علم دین سے محروم رکھتے ہیں جس کا سبب طالب علم کی بداخلاقی اور بداعمالی بنتی ہے، حق تعالیٰ اخلاق فاضلہ واعمال صالحہ سے مزین فرمائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۹/۱۱/۸۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند۔

تعویذ کی توہین

سوال[۷۰۷]: زید نے اپنے بچے کے واسطے ایک چاندی کا تعویذ بنوایا ہے جس پر تسمیہ اور چند دعائیہ

---

(۱) "و من أبغض، وفی الذخيرة: و من شتم عالماً، أو فقيهاً من غير سبب، خيف عليه الكفر". (التاتارخانية، كتاب ألفاظ الكفر، فصل فی العلم والعلمآء: ۵۰۸/۵، إدارة القرآن)

(وكذا فی الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، الباب التاسع فی أحكام المرتدين، مطلب: موجبات الكفر، ومنها ما يتعلق بالعلم والعلمآء: ۲۷۰/۲، رشيديه)

"قال حدثنی عبد الله رضی الله تعالیٰ عنه أن النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم قال: "سباب المسلم فسوق". الحديث (صحيح البخاری، كتاب الإيمان، باب خوف المؤمن اهـ: ۱۲/۱، قديمی)

قال الملا علی القاری رحمه الله تعالیٰ: "فسوق" لأن شتمه بغير حق حرام". (مرقاة المفاتيح، كتاب الآداب، باب حفظ اللسان، الفصل الأول: ۵۲۱/۸، رقم الحديث: ۴۸۱۴، رشيديه)

کلمات تھے، بکر نے زید سے تعویذ کے بارے میں کہا کہ یہ سب فضول ہے، اس پر زید نے برجستہ کہا کہ ''میں تو اس کو موئے زیر ناف کے برابر بھی نہیں سمجھتا ہوں''۔ ان کا جواب قرآن وحدیث کی روشنی میں عنایت فرمائیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

سوال واضح نہیں ہے، زید خود ہی تعویذ بنواتا ہے خود ہی اس کو ایسی چیز سے تشبیہ دیتا ہے، اگر واقعی وہ ایسا ہی سمجھتا ہے تو پھر کس لئے بنواتا ہے، اس تضاد کی تشریح زید سے طلب کی جائے تو کچھ مطلب نکلے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۵/۲/۹۱ھ۔

مسئلہ شرعیہ کی توہین

سوال [۷۰۸] : بعض لوگوں نے کہا ہے کہ تقریباً بارہ برس ہوئے کہ زید ولد بکر امام مسجد نے کہا کہ میرے باپ میرے اوپر اس وجہ سے ناراض ہوگئے کہ میں نے اپنی بیوی کو پردہ شرعی دیا تھا اور یہ کہا کہ ''تیرے شرع پر بول کرتا ہوں'' مگر بکر کہتا ہے کہ یہ محض بہتان ہے، میں نے ہرگز ایسا کلمہ بیہودہ نہیں بکا اور ایسے ہی اس کا لڑکا زید بھی کہتا ہے میں نے ہرگز کسی سے یہ بیان نہیں کیا اور نہ ہی میرے باپ نے یہ کہا ہے، محض بہتان ہے اور ہمارا اب بھی پردہ ہے اور پھر لوگوں کے شور برپا ہونے کی وجہ سے وہ بیچارہ بکر امام مسجد کہتا ہے کہ بھائی میں نے ہر چند یہ بکواس کہا تو نہیں مگر اگر بفرض محال میں نے یہ کہا ہو تو میری توبہ ہے۔

اب عرض ہے کہ ایک مفتی صاحب کہتے ہیں کہ اس کی توبہ قبول نہیں اور اس کے پیچھے ہرگز نماز درست نہیں، جس نے اس کے پیچھے نماز پڑھی وہ بھی کافر ہے، نکاح اس کا ٹوٹ گیا اور بکر کے خاندان میں سے کسی کی توبہ قبول نہیں، سب مجرم ہیں۔ آیا ایسی شہادت معتبر ہے اور بکر واقعی کافر ہوگیا اور اس کی توبہ واقعی قبول نہیں ہوسکتی اور ایسے ہی اس کے خاندان کی بھی اور اس کے پیچھے نماز پڑھنے والے واقعی کافر ہوگئے یا نہیں؟ اور ایسے مفتی صاحب کا کیا حکم ہے؟ ہمارے گاؤں میں بڑا شور ہے، جلدی جواب دیجئے۔ بینوا وتوجروا۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

اگر امام مسجد نے یہ کلمہ نہیں کہا اور نہ اس کے بیٹے نے نقل کیا تو ہر دو پر بہتان ہے جو کہ سخت گناہ ہے،

Made Searchable using ScribeTools.com

بہتان لگانے والوں کے ذمہ لازم ہے کہ اس سے توبہ کریں اور امام اور اس کے بیٹے سے معافی چاہیں۔ اگر واقعۃً یہ کلمہ کہا ہے تو خود امام کے ذمہ توبہ لازم ہے(۱) اور توبہ کے ساتھ تجدید ایمان اور تجدید نکاح بھی کریں، جو شخص یہ کہتا ہے کہ اس کی توبہ قبول نہیں وہ غلط کہتا ہے۔ قرآن کریم میں موجود ہے:

﴿و من یعمل سوءًا أو یظلم نفسه ثم یستغفر اللّٰه یجد اللّٰه غفوراً رحیماً﴾(۲)۔

﴿وهو الذی یقبل التوبة عن عباده و یعفو عن السیئات﴾(۳)۔

اور یہ کہنا کہ اس کے خاندان میں سے کسی کی توبہ قبول نہیں، سخت ترین جہالت اور حماقت ہے، ایسے کلمات سے توبہ ضروری ہے اور آئندہ ایسے مفتی کو مسئلہ نہیں بتانا چاہئے تاوقتیکہ اہل حق علماء سے اس کی پوری تحقیق نہ کرلی ہو۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۵/۲/۶۱ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ مفتی مدرسہ مظاہر علوم، صحیح: عبد اللطیف۔

فتوی کی توہین

سوال[۷۰۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل میں، اگر کوئی کہے کہ میں فتوی پر پیشاب کرتا ہوں اس کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

کہنے والا ناسمجھ بچہ ہے یا مجنون ہے یا بیہوش ومفقود العقل ہے تو ان الفاظ کے کہنے سے وہ ایمان سے

---

(۱) چونکہ مسائلِ شرعیہ ضروریہ کی توہین پر فقہاء کرام رحمہم اللہ تعالیٰ نے کفر کا حکم تجویز کیا ہے اس لئے اس کے مرتکب پر تجدید ایمان اور تجدید نکاح لازم ہے۔

"و فی التتمة: من أهان الشریعة أو المسائل التی لا بد منها، کفر". (شرح الفقه الأکبر، فصل فی العلم والعلمآء، ص: ۱۷۴، قدیمی)

(وکذا فی رد المحتار، کتاب الجهاد، باب المرتد: ۴/۲۲۲، ۲۲۳، سعید)

(۲)(سورة النسآء: ۱۱۰)

(۳)(سورة الشوری: ۲۵)

خارج نہیں ہوا۔فتاوی عالم گیری:۴/۸۷۶میں ہے:

"و شرائط صحتها (أی الردة) العقل فلا يصح ردة المجنون، ولا الصبی الذی لا يعقل، و كذا لا يصح ردة السكران الذاهب العقل"(۱)۔

ایسے ہی اگر فتوی میں خلاف شرع حکم ہے مثلاً: تحریم حلال ہے یا تحلیل حرام ہے تب بھی اس لفظ کے کہنے سے کوئی ایمان سے خارج نہیں ہوا، اگر کہنے والا سمجھدار ہے اور فتویٰ موافق شرع ہے تو اس لفظ کے کہنے والے کو تجدید ایمان وتجدید نکاح کی ضرورت ہے، کیونکہ اس لفظ کا کہنے والا شرعاً کافر ہوجاتا ہے:

"رجل رجع من مجلس العلم، فقال له رجل آخر: "**از كنشت آمدۂ**" يكفر، وكذالو قال: **مرا با مجلس علم چه كار** "أو قال : من يقدر على أداء ما يقولون، أوألقى الفتوىٰ على الأرض و قال :"**چه شرع است اين** "أو "**چه بار نامه فتوى آوردى** "يكفر"۔خلاصة الفتاوىٰ (۲)۔

---

(۱) (الفتاوى العالمكيرية، كتاب ا لسير ،الباب التاسع فى أحكام المرتدين : ۲/۲۵۳، رشيديه)

(وكذا البحر الرائق، كتاب السير، قبيل باب البغاة : ۵/۲۳۳،۲۳۴ رشيديه)

(وكذا فى التاتارخانية ، كتاب أحكام المرتدين، فصل ارتداد الصبى والسكران الخ: ۵/۵۵۵، ۵۵۶، إدارة القرآن)

(وكذا فى تبيين الحقائق ، كتاب السير، باب المرتدين : ۴/۱۹۱ ، دار الكتب العلمية بيروت)

(وكذا فى رد المحتار ، كتاب الجهاد ، باب المرتد : ۴/۲۲۴، سعيد كراچى)

(وكذا فى المحيط البرهانى ،كتاب السير، فصل فى مسائل المرتدين،نوع آخر قبل نوع فى تصرفات المرتد والمرتدة : ۵/۵۹۰، غفاريه كوئٹه)

(۲) (خلاصة الفتاوىٰ، كتاب ألفاظ الكفر ، الفصل الثانى، الجنس الثامن فى استخفاف العلم والعلمآء : ۴/۳۸۸،رشيديه)

(وكذا فى البزازية على هامش الفتاوى العالمكيرية،كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً ، الفصل الثانى، النوع الثامن فى الإستخفاف بالعلم : ۶/۳۳۷، رشيديه)

(والتاتارخانية ، كتاب ألفاظ الكفر، فصل فى العلم والعلمآء : ۵/۵۰۷،۵۰۹، إدارةالقرآن)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية ، كتاب السير ، الباب التاسع فى أحكام المرتدين ، مطلب : موجبات الكفر، و منها ما يتعلق بالعلم والعلمآء : ۲/۲۷۰،۲۷۲ رشيديه) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

"وارتدادأحدهما: أی الزوجین فسخ عاجل"۔ در مختار هامش شامی (۱)۔ واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ۔

صحیح: بندہ عبدالرحمٰن عفی عنہ، عبداللطیف، ۱۷/محرم الحرام/ ۵۱ھ۔

داڑھی کی توہین

سوال[۷۱۰]: داڑھی منڈانا اور داڑھی والوں کی توہین کرنا مثلاً: ''گالوں پر کوڑا ہے، جنگل ہے''، ایسے الفاظ کہنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

داڑھی کا منڈوانا ناجائز اور اس کا مذاق اڑانا سخت خطرناک امر ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنت کا مذاق ہے، اگر اس نیت سے مذاق اڑایا جاتا ہے تو کفر ہے:

"رجل قال لآخر: إحلق رأسك و قلّم أظفارك، فإن هذه سنة، فقال: لا أفعل و إن كان سنةً، فهذا كفر؛ لأنه قال على سبيل الإنكار و الرد، وكذا فی سائر السنن خصوصاً فی سنة هی معروفة و ثبوتها بالتواتر اهـ". مجمع الأنهر: ۱/ ۷۰۰ (۲)۔

= (وكذا فی المحيط البرهانی، كتاب السير، فصل فی مسائل المرتدين، نوع فی العلم والعلمآء: ۵/ ۵۶۹، ۵۷۰، غفاريه كوئٹه)

(۱) (الدر المختار، كتاب النكاح، باب نكاح الكافر: ۳/ ۱۹۳، سعيد)

(وكذا فی تبيين الحقائق للزيلعی، كتاب النكاح، باب نكاح الكافر: ۲/ ۲۶۲، دار الكتب العلمية، بيروت)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب النكاح، باب نكاح الكافر: ۳/ ۳۷۳، رشيديه)

(وكذا فی الفتاوى العالمكيرية، كتاب النكاح، الباب العاشر فی نكاح الكفار: ۱/ ۳۳۹، رشيديه)

(۲) (مجمع الأنهر، كتاب السير، باب المرتد، ثم ان الفاظ الكفر أنواع، الثانی فی الأنبياء عليهم السلام: ۱/ ۶۹۲، دار احياء التراث العربی)

(وكذا فی البزازية على هامش الفتاوى العالمكيرية، كتاب ألفاظ تكون اسلاماً أو كفراً، الفصل الثانی، =

"یحرم علی الرجل قطع لحیته اهـ" در مختار (۱)۔

"و قص اللحیة من صنیع الأعاجم و هو الیوم شعار کثیر من أهل الشرك و عبدة الأوثان کالأفرنج والهنود و من لا خلاق لهم فی الدین من الفرقة المسوّمة بالقلندریة فی زمننا اهـ". مرقاة المفاتیح(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۹/۲/۵۹ھ۔

صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، ۹/صفر/۵۹ھ۔

''داڑھی کے بال اکھاڑ کر پیشاب کروں گی'' کہنے والی عورت کا حکم اور سزا

سوال[۷۱۱]: عبدالغفار کی چچی اہلیہ نظر محمد نے عبدالغفار سے کہا کہ ''تمہاری داڑھی کے بال اکھاڑ کر میں پیشاب کروں گی''۔ ایک مرتبہ اہلیہ عبدالغفار کو کہا کہ خواجہ غریب نواز سے ایسا ویسا کروا کر آ غوش بھروا نے گئی تھی، ایسی عورت کس جرم کی مرتکب ہے اور کیا سزا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

جو الفاظ درج سوال ہیں وہ شرعاً نہایت سخت ہیں (۳)، ان پر سزا دینے کی قوت نہیں، شوہر خود ایسی

= النوع الثالث فی الأنبیاء علیهم السلام: ۳۲۸/۲، رشیدیه)

(وکذا فی التاتارخانیة، کتاب ألفاظ الکفر، فصل فیما یعود إلی الأنبیاء علیهم السلام: ۴۸۲/۵، إدارة القرآن)

(وکذا فی المحیط البرهانی، کتاب السیر، فصل فی مسائل المرتدین، نوع فیما یعود إلی الأنبیاء علیهم السلام: ۱۶۱/۵ غفاریه کوئٹه)

و فی مالابد منه: ''اگر کسے گفت: ناخن تراشیدن سنت است، ودیگرے گفت: اگر سنت باشد، نمی کنم، کافر شود، و اگر گوید: سنت چه کار آید، کافر شود''. (باب کلمات الکفر، ص: ۱۲۶، مکتبه شرکة علمیه ملتان)

(۱)(الدر المختار، کتاب الحظر والإباحة، فصل فی البیع: ۴۰۷/۶، سعید کراچی)

(۲) (مرقاة المفاتیح فی شرح المشکوة، کتاب الطهارة، باب السواک، الفصل الأول: ۹۱/۲، مکتبه رشیدیه)

(۳) "و فی التتمة: من أهان الشریعة أو المسائل التی لا بد منها، کفر". (شرح الفقه الأکبر، فصل فی =

Made searchable using ScribeTools.com

عورت سے تعلق کم کردے، اس کے ہاتھ کا پکا ہوا کھانا نہ کھائے، اس کے ساتھ سلام کلام بند کردے، ساتھ رہنا سہنا ترک کردے یہاں تک کہ جس کو یہ کہا ہے اس سے معافی مانگے، توبہ کرے (۱)۔ پس اتنی ہی سزا اصلاح کے لئے کافی ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۶/۹۶ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند۔

پگڑی کی اہانت

سوال[۷۱۲]: ایک مولوی صاحب سر پر پگڑی باندھنے سے ایک بڑے سور کی طرح لگتے ہیں، اس کے جواب میں، میں بول اٹھا'' پگڑی کی اہانت کرنا بہت بری بات ہے، اس لئے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ایک پسندیدہ چیز ہے، آپ اسے استعمال کرتے تھے، ہر مسلمان کو استعمال کرنا چاہئے، تم اسے استعمال کرنے سے نہیں روک سکتے ہو، لیکن اہانت نہ کرو، اس مولوی صاحب کے ساتھ اگر تمہیں شخصی عداوت ہے تو

= العلم والعلمآء، ص: ۱۷۴، قديمى)

و فيه فى فصل فى القرأة والصلوة: "من استخف بالقرآن أو بالمسجد او بنحوه مما يعظم فى الشرع، كفر". (ص: ۱۶۷)

و فى مجمع الأنهر: "من استخف بسنة أ و حديث من أحاديثه عليه السلام ..... كفر". (كتاب السير، باب المرتد، ثم إن ألفاظ الكفر أنواع، الثانى فى الأنبياء عليهم السلام: ۱/۶۹۲، دار إحياء التراث العربى)

(وكذا فى البزازية على هامش الفتاوى العالمكيرية، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً، الفصل الثانى، النوع الرابع فى الايمان دارالاسلام: ۳۲۸/۶، رشيديه)

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿والتى تخافون نشوزهن فعظوهن واهجروهن فى المضاجع واضربوهن، فإن أطعنكم فلا تبغوا عليهن سبيلاً، إن الله كان علياً كبيراً﴾. (النسآء: ۳۴)

قال العلامة الآلوسى رحمه الله تعالىٰ: "وقيل: المراد: اهجروهن فى الفراش بأن تولوهن ظهوركم فيه، و لا تلتفتوا إليهن، و روى ذلك عن أبى جعفر رضى الله تعالىٰ عنه، ولعله كناية أيضاً عن ترك الجماع". (روح المعانى: ۲۵/۵، دار إحياء التراث العربى بيروت)

Made Searchable by ScribeTools.com

اسے گالی دے سکتے ہو، مار سکتے ہو، پگڑی کی طرف دیکھ کر اہانت مت کرو، گالی مت دو''۔اس کے جواب میں اَور ایک شخص بول اٹھا'' پگڑی استعمال نہ کرنے سے ویسا کچھ نفع ضروری نہیں، یہاں تک کہ تم کیا جانتے ہو، مولانا ابوبکر صاحب کی طرح پیر بزرگ شخص چاہنے سے''۔اس کہنے کے بعد میں نے لا حول و لا قوۃ کہا اور پھر کہا کہ تمہارا کلمہ یعنی نکاح دوہرانا ہوگا۔

واضح رہے کہ یہ شخص بے زوجہ ہیں، عمر ۳۲/ سال سے کم نہیں، انجام کار گفتگو طول کھینچ رہی ہے، دیکھ کر میں نے کہا آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ بغیر عمامہ امامت کرنا بھی مکروہ ہے۔مسجد کے وہ مولوی صاحب اس وقت تک ایک قسم چپ رہے، میرے اس جملہ بولنے کے بعد از حد غصہ ہوگئے، اسلئے کہ وہ مسجد کے امام صاحب ہیں اور مجھ سے فتویٰ طلب کیا، بار بار تاکید کر کے مجھ سے بولا کہ آپ کو اس کا فتوی دینا ہوگا، میں نے کہا دونگا اور کہا طلب کیا ہے۔اب گزارش خدمت میں یہ ہے کہ از روئے بندہ نوازی کہ مخاطبت مذکورہ کے ہر مہتم بالشان یعنی اجزاء مخططہ کا بحیثیتِ شرع شریف کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

اُگر سور کے ساتھ تشبیہ دینے سے مقصود عمامہ مسنونہ کا استخفاف ہے تو یہ موجب کفر ہے:

"قد كفّر الحنفية منْ التقبيح بسنيته كمن استقبح من إنسان آخر جعل بعض العمامة تحت حلقه أو استقبح منه إحفاء شاربه اهـ". شامی :۱/۱٤٦(۱)۔

اور اگر ان مولوی صاحب کی تذلیل مولوی اور عالم دین ہونے کی وجہ سے ہے تو یہ بھی کفر کی بات ہے:

"والاستخفاف بالعلماء لكونهم علماء استخفاف بالعلم ، والعلم صفة اللّٰه تعالىٰ منحه فضلاً على خيار عباده ليدلّوا خلقه على شريعته نيابةً عن رسله، فاستخفافه بهذا يعلم أنه إلى من يعود اهـ". فتاوى بزازيه:۳/۳۳٦ (۲) ۔

---

(۱) (رد المحتار ، كتاب الجهاد ، باب المرتد : ۴/۲۲۲، سعيد)

(و كذا فى البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين :۵/۲۰۲، رشيديه)

(۲) (البزازية على هامش الفتاوى العالمكيرية، كتاب ألفاظ الكفر ، الفصل الثانى، النوع الثامن فى استخفاف العلم والعلمآء : ۶/۳۳۶، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

2 وإذا قال لرجل ملصح :"دیدارِوے نزدِمن چنانست کہ دیدارخوک"(۱) یخاف علیه الکفراھ، کذا فی الخلاصة اھ". عالم گیری: ۲/ ٤٧٠ (۲)۔

اگر نہ سنت کی تذلیل مقصود، نہ ان مولوی صاحب کی مولوی ہونے کی وجہ سے تذلیل مقصود ہے، بلکہ کسی ذاتی عداوت اور دشمنی کی وجہ سے ایسا کہا تو یہ موجب کفر نہیں:"و شتم العالم أو العلوی لأمر غیر صالح فی ذاته و عداوته لخلافه الشرع، لایکون کفراً و خطأً اھ". بزازیة:۳/۳۳۷(۳)۔

یہ تفصیل تو پہلے خط کشیدہ عبارت کے متعلق ہے، تیسری عبارت یعنی بغیر عمامہ کراہت امامت میں کوئی شے کفر کی نہیں، عمامہ باندھ کر نماز پڑھنا اور پڑھانا افضل ومستحب ہے، اور بلا عمامہ بھی مکروہ نہیں بلا کراہت درست ہے، البتہ جس جگہ عمامہ کا رواج اس قدر ہو کہ بغیر عمامہ کسی معزز مجلس میں نہ جاتے ہوں تو وہاں بلا عمامہ نماز پڑھنا بھی مکروہ ہے اور اس میں امام اور مقتدی سب کا ایک حکم ہے۔ کذا فی نفع المفتی والسائل(٤)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: عبد اللطیف مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، یکم/ ذیقعدہ/ ۵۹ھ۔

---

(۱) "خوک" بمعنی خنزیر، کمافی هامش الفتاوی العالمکیریة: ۲/ ۲۷۰، رشیدیه)

(۲)(الفتاوی العالمکیریة ، کتاب السیر، موجبات الکفر : و منها ما یتعلق بالعلم : ۲/ ۲۷۰، رشییدیه)

(و کذا فی الخلاصة، کتاب ألفاظ الکفر، الفصل الثانی، الجنس الثامن فی استخفاف العلم: ۴/۳۸۸، رشیدیه)

(و کذا فی التاتارخانیة ، کتاب ألفاظ الکفر، فصل فی العلم والعلمآء : ۵/ ۵۱۰، إدارةالقرآن)

(و کذا فی المحیط البرهانی ،کتاب السیر، فصل فی مسائل المرتدین،نوع فی العلم: ۵/ ۵۷۰، غفاریه)

(۳) (الفتاوی البزازیة، کتاب ألفاظ تکون إسلاماً أو کفراً ، الفصل الثانی، النوع الثامن: ۶/ ۳۳۷، رشیدیه)

(۴) "وقد سئلت غیر مرة عن الصلاة بغیر عمامة، هل تکره کما هو المشهور بین العوام؟ فتجسسته فی کتب الفقه، فلم أجد سوی قولهم: "المستحب أن یصلی فی ثلاثة أثواب : إزار ، وقمیص، وعمامة، وهو لایدل علی کراهة الصحة بدونها، کما حرره بعض علماء عصرنا، ظاناً أن ترک المستحب مکروه؛ وذلک لأنه قد صرح فی البحر الرائق وغیره: أن ترک المستحب لاتلزم منه الکراهة مالم یقسم دلیل خارجی علیه". (فتاویٰ اللکنوی المسماة بنفع المفتی والسائل، کتاب الصلاة المکروهات المتفرقة، ص: ۲۹۸، دارابن حزم، بیروت)

ما یتعلق بأحکام المرتدین

(مرتد کے اُحکام کا بیان)

مرتد کے احکام

سوال[۷۱۳]: ایک مسلمان اپنے کو کھلم کھلا کافر، مرتد کہتا ہے، اب اس کے ساتھ اسلامی معاملہ کرنا حلال ہے یا حرام؟ کھانا، نکاح کرنا یا سلام کرنا حرام ہے یا حلال؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اگر وہ دینِ اسلام کو ترک کر کے کفر کے اختیار کرنے کا مقر ہے یا اس پر شرعی ثبوت موجود ہے تو وہ منافق نہیں بلکہ مرتد ہے، اس کا نکاح کسی سے بھی جائز نہیں، اس کا ذبیحہ بھی حرام اور مردار ہے:

"و منها ما هو باطل بالاتفاق نحوالنكاح، فلا يجوز له أن يتزوج امرأةً مسلمةً ولا مرتدةً و لا ذميةً و لاحرةً و لا مملوكةً، و تحرم ذبيحته و صيده بالكلب البازى والرمى"۔ كذا فى الفتاوى الهندية: ۲/۲۳۳ (۱) ۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۸/۶/۸۸ھ۔

مرتد کس طرح تجدید ایمان کرے؟

سوال[۷۱۴]: اگر کوئی مسلمان ایسے الفاظ استعمال کرے جس سے کفر عائد ہو جائے تو اسے دوبارہ مسلمان کرنے کے لئے کس طرح کیا جاوے؟

---

(۱) (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب السير، الباب التاسع فى أحكام المرتدين: ۲/۲۵۳، رشيديه)

(وكذافى البحر الرائق، باب أحكام المرتدين من كتاب السير: ۵/۲۲۴، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً:

دوبارہ ازسرنوکلمہ پڑھےاور جملہ عقائد پرایمان لاوے(۱)،تجدیدِ نکاح کرے(۲)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبدمحمودغفرلہ دارالعلوم دیوبند،۲۹/۳/۸۸ھ۔

مرتد سے موالات

سوال[۷۱۵]: جولوگ شرعاً شریعت کے مجرم ہوں،تبدیلیٔ مذہب پر،ان پرحدنافذ ہوگئی ہو بروئے فتوی شرعی،اوران سے ترک موالات کاحکم ہواور جولوگ ان سے ترک موالات کرتے ہوں اور دوسرے لوگ ان کے ساتھ موالات کرتے ہوں اوران کے اس فعل کواچھا سمجھتے ہوں اوراپنی ہوشیاری سے ان کے اس فعل کو غلط یاجائزبتاتے ہوں ایسے لوگوں کے لئے شرعاً کیا(حکم) ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

جوشخص مذہب اسلام چھوڑ کرکوئی دوسرامذہب اختیارکرلے وہ مرتد ہے(۳) اس سے موالات

---

(۱) "و إسلامه أن يتبرّأ عن الأديان كلها أو عما انتقل إليه : أى إسلام المرتد بذلك ، و مراده أن يتبرأ عن الأديان كلها سوى دين الإسلام ..... و صرّح فى العناية بأن التبرأ بعد الإتيان بالشهادتين . و فى شرح الطحاوى : سئل أبويوسف كيف يسلم ؟ فقال: أن يقول : أشهد أن لا إله إلا الله ، و أن محمداً رسول الله ، و يقر بماجآء من عند الله ، و يتبرأ من الذى انتحله، و قال: لم أدخل فى هذا الدين قط، و أنا برىء منه". (البحرالرائق ،كتاب السير، أحكام المرتدين:۵/۲۱۶، رشيديه)

(۲) "إن كانت نية القائل ..... الوجه الذى يوجب التكفير، لا تنفعه فتوى المفتى، و يؤمر بالتوبة والرجوع عن ذلك، و تجديد النكاح بينه و بين امرأته". (التاتارخانية ، كتاب أحكام المرتدين ، فصل فى إجرآء كلمة الكفر اهـ : ۵/۴۵۸، ادارة القرآن)

(وكذافى الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير ، قبيل الباب العاشر فى البغاة : ۲/۲۸۳، رشيديه)

(۳) "(المرتد) هو لغةً الراجع مطلقاً، و شرعاً الراجع عن دين الإسلام ".(الدر المختار ، كتاب الجهاد، باب المرتد : ۴/۲۲۱، سعيد)

حرام ہے(۱) جواس سے موالات کرے وہ گنہگار ہے اس کو اپنے اس فعل سے توبہ لازم ہے۔ فقط واللہ اعلم۔
حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۶/۱۰/۵۹ھ۔
الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ مفتی مدرسہ ہذا

مرتد سے سمجھوتہ

سوال[۷۱۶]: اگر کوئی مسلمان کسی مرزائی یا دوسرے مرتد کی پرورش یا حمایت کرے یا کسی قسم کا سمجھوتہ کرے یا پھر وہ مسلمان شخص مرتد کو کافر نہ کہتا ہو، جب کہ وہ شخص یہ بھی جانتا ہے کہ مرتد کو کافر نہ کہنے والا خود کافر ہو جاتا ہے اور پھر سمجھانے کے باوجود باز نہ آئے اور مرتد کو کافر نہ کہتا ہو اور وہ کسی قسم کا سمجھوتہ کرے خواہ وہ کسی سطح کا ہو یا حمایت کرے اس کو آپ کیا سمجھتے ہیں؟ کیا اس شخص کو دوبارہ کلمہ پڑھ کر مسلمان ہونا پڑے گا اور کیا اس کا سوشل بائیکاٹ بھی کرنا پڑے گا؟ واضح رہے کہ اسلام میں کسی مرتد کو کافر نہ کہنے والا خود کافر ہو جاتا ہے اور نہ اسلام کسی مرتد سے دوستی کی اجازت دیتا ہے۔ اور سمجھوتہ اسی وقت ہوتا ہے جب دوستی پیدا ہو اور دوستی بھی اسی وقت ہوتی ہے جب مرتد کو کافر نہ کہا جائے۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

آپ سوال بھی کر رہے ہیں اور خود جواب بھی بتا رہے ہیں۔ جب آپ کو جواب معلوم ہے تو دریافت کرنے کیا ضرورت ہے؟

تنبیہ: ہر سمجھوتہ کے لئے دوستی کہاں ضروری ہے، صلح حدیبیہ میں اہلِ مکہ سے سمجھوتہ کیا گیا تھا حالانکہ وہ اس وقت بھی دشمن تھے، رسول کے بھی دشمن تھے، اسلام کے بھی دشمن تھے، مسلمانوں کے بھی دشمن تھے، اسی سمجھوتہ کا تذکرہ قرآن کریم میں ہے اور اس کو فتح فرمایا گیا(۲)۔ آپ کے یہاں کس طرح اور کن شرائط پر سمجھوتہ

---

(۱) "إن هجرة أهل الأهواء والبدع واجبة على مرّ الأوقات ما لم يظهر منه التوبة و الرجوع إلى الحق، فإنه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لماخاف على كعب بن مالك و أصحابه النفاق حين تخلفوا عن غزوة تبوك، أمر بهجرانهم خمسين يوماً". (مرقاة المفاتيح ، كتاب الآداب ، باب ما ينهى من التهاجر والتقاطع اهـ ، الفصل الأول : ۸/۷۵۹، رشيديه)

(۲) (أنظر سورة الفتح رقم الآية: ۱، ۲، ۱۰، ۱۸)

Made Se[illegible]ools.com
Made searchable using ScribeTools.com

کیا ہے، مجھے اس کا علم نہیں، بہتر یہ ہے کہ اس کے متعلق وہیں کے باخبر حضرات سے استصوابِ رائے کریں۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۰/ ۹/ ۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند ۲۰/ ۹/ ۹۰ھ

کلمات کفریہ سے نکاح ختم

سوال[۷۱۷]: کفریہ کلمہ بولنے سے نکاح بھی ٹوٹ جائے گا یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جس بات یا کام کی وجہ سے ایک آدمی کا ایمان ختم ہوجاتا ہے اس کی وجہ سے اس کا نکاح بھی ختم ہوجاتا ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/ ۹/ ۹۴ھ۔

کلمات کفریہ سے نکاح کا حکم

سوال[۷۱۸]: مسماۃ ہندہ عرصہ دراز سے بوجہ ناراضگی خاوندش کے اپنے میکہ میں رہتی تھی، مسماۃ مذکورہ جوش میں آکر کسی کو گالی گلوچ دینے لگی۔ تفصیل یہ ہے کہ بکر نے کہا کہ ''نماز، روزہ پر میں پیشاب کرتا ہوں'' (نعوذ باللہ) اور اس کے کہنے کے بعد پشیمان ہوکر خود رَابُرا سمجھتے ہوئے استفتاء کی، وخاوندش مذکورہ مسماۃ ہندہ سے اور دوسری عورت کے ساتھ نکاح کیا تھا جو کہ آباد ہے۔ خاوندش مذکور نے ازسرنو تجدید نکاح کی، مسماۃ ہندہ جو کہ میکہ کے گھر میں رہتی تھی کیا اس کے ساتھ تجدید نکاح نہیں ہوگا؟ مسماۃ ہندہ تفسیخ نکاح کی ڈگری بھی عدالت

---

(۱) "وإن كانت نيته الوجه الذي يوجب التكفير، لاتنفعه فتوى المفتي، ويؤمر بالتوبة والرجوع عن ذالك، وبتجديد النكاح بينه وبين امرأته." (التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل في إجراء كلمة الكفر: ۴۵۸/۵، ادارة القرآن)

(وكذافي الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، قبيل الباب العاشر في البغاة: ۲۸۳/۲، مكتبه رشيديه كوئٹه)

(وكذافي المحيط البرهاني، كتاب السير، فصل في مسائل المرتدين، النوع الأول في إجراء كلمة الكفر: ۵۵۰/۵، المكتبة الغفاريه، كوئٹه)

میں ہندو مجسٹریٹ سے لے چکی ہے، خاوندش سے جو الفاظ مندرجہ بالا نکلے ہیں جس سے اہانتِ شرعی ہو چکی ہے، کیا اب اس سے اس عورت ہندہ مذکورہ کا فسخ نکاح ہو چکا ہے یا کیونکر؟ بینوا توجروا۔

نوٹ: اس بات کو (یعنی جس سے اہانتِ شرعی مسلّمہ طور پر ثابت ہے اور خاوندش مذکورہ قاضی مفتی علاقہ کے آگے تسلیم کر چکا ہے کہ میں نے یہ کلمات کفریہ کہے تھے) عرصہ تین سال کا گذر چکا ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

ان الفاظ کے موجبِ کفر ہونے میں شبہ نہیں، الفاظ کفریہ کہنے سے نکاح فسخ ہو کر عورت بائنہ ہو جاتی ہے لیکن کسی غیر مسلم سے فسخِ نکاح کی ڈگری حاصل کرنا شرعاً معتبر نہیں، نہ اس کی ضرورت (۱)۔

لہٰذا جب خاوند تجدید نکاح اور توبہ کر چکا تو ہندہ کو بھی اگر رکھنا چاہے تو تجدیدِ نکاح کر کے رکھ سکتا ہے، بغیر تجدید نکاح کے نہیں رکھ سکتا۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

کلمۂ کفر کی وجہ سے تجدید نکاح

سوال[۷۱۹]: جس کی زبان سے کلمۂ کفر ادا ہوا ہو، کیا اس کا نکاح ٹوٹ گیا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس کو تجدیدِ ایمان کر کے نکاح بھی دوبارہ پڑھوانا چاہئے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۳/۶/۱۶ھ۔

---

(۱) "(وارتداد أحدهما) : أی الزوجین (فسخ) فلا ینقص عدداً (عاجل) بلا قضاء". قال الشامی: "أی بلا توقف علی قضاء القاضی، وکذا بلا توقف علی مضی عدة فی المدخول بها". (ردالمحتار علی الدر المختار: ۱۹۳/۳، ۱۹۴، کتاب النکاح، باب نکاح الکافر، سعید)

(وکذا فی الهدایه علی صدر فتح القدیر: ۴۲۸/۳، باب نکاح أهل الشرک)

(وکذ افی الفتاویٰ العالمکیریة: ۳۳۹/۱، الباب العاشر فی نکاح الکفار، رشیدیه)

(۲) (تقدم تخریجه تحت عنوان: "کلماتِ کفریہ سے نکاح ختم")

Made searchable using ScribeTools.com

کفریہ کلمات کی ادائیگی کے بعد تجدید ایمان ونکاح کا حکم

سوال[۷۲۰]: زید نے بکر سے ایک چیز مانگی اور قرآن کی قسم کھا کر یقین دلایا کہ وہ چیز تم کو لوٹادوں گا، بکر نے وہ چیز دیدی، کچھ عرصہ بعد مانگنے پر زید نے انکار کردیا، بکر نے حلف یاد دلایا، اس پر زید نے کہا: ''میں قرآن سے منکر ہوں''، اس کے بعد دوسرے کلمات کہے: ''مجھے خدا سے انصاف کی امید نہیں، جو کچھ سزا ملے گی اس دنیا میں ملے گی، آخرت میں کوئی چیز نہیں، میں تو بددین کافر ہوں'' وغیرہ وغیرہ۔ لیکن جب زید کا غصہ ختم ہوگیا تو بکر نے زید سے توبہ کرائی، کلمہ شہادت کلمہ طیبہ پڑھوایا، پھر پوچھا مندرجہ بالا کلمات کی ادائیگی کے وقت آپ کا ارادہ اور نیت کیا تھی، کیا واقعی ایمان سے ہاتھ دھونے کا ارادہ تھا؟ زید نے جواب دیا کہ میری نیت اس وقت اللہ تعالیٰ سے بغاوت اور اسلام سے پھر جانے کی نہیں تھی، بلکہ دل دل میں اللہ تعالیٰ سے توبہ کررہا تھا۔ مندرجہ بالا صورت حال کے متعلق درج ذیل سوالات کے جوابات سے مدلل طور پر نوازیں۔

۱.....مذکورہ بالا صورت میں زید کا نکاح فسخ ہوگیا یا نہیں؟

۲.....اگر فسخ ہوگیا تو زید کے نکاح کی کیا صورت ہے؟ تجدید نکاح میں گواہ اور اعلانِ عام، نئے مہر کا تعین، خطبۂ نکاح، زوجین کی اجازت، جو لوازمات نکاح میں سے ہے، یہ سب کئے جائیں گے یا نہیں؟

۳.....اگر نکاح فسخ ہوگیا تو بیوی پر عدت لازم ہے یا نہیں؟ اگر ہے تو کتنی مدت کی؟ نیز نکاح عدت کے بعد ہوگا یا عدت کی ضرورت نہیں ہے؟

۴.....زید کی بیوی اگر زید سے نکاح نہ کرنا چاہے بلکہ کسی دوسرے شخص سے نکاح کرنا چاہے تو کرسکتی ہے یا نہیں؟ اس کے لئے کیا شرائط ہیں یعنی عدت واجب ہوگی یا نہیں؟ یا زید کا طلاق دینا ضروری ہے؟ مذکورہ بالا کفریہ کلمات کہنے سے تجدید ایمان وتجدید نکاح لازم ہے یا نہیں؟ اور جب تک تجدیدِ ایمان ونکاح نہ کرے دوسرے مسلمان اس سے کیسا تعلق رکھیں؟ نیز زید کا یہ کہنا کہ یہ الفاظ زبان سے کہہ رہا تھا دل سے ان کا انکار کررہا تھا یا غصہ میں نکل گئے، اس کے لئے تجدید ایمان ونکاح کی ضرورت ختم کردے گا یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

۱،۲،۳..... زید کے ذمہ تجدیدِ ایمان توبہ واستغفار کے ساتھ (۱) تجدید نکاح کا بھی حکم ہے (۲)۔

---

(۱) قد كفر هذا القائل بكل واحد من أقواله المذكورة : إما قوله : ''میں قرآن کا منکر ہوں'' فلأنه قال القاریؒ: ''ومن جحد القرآن : أی كله أو سورةً منه أو آيةً ، قلت: و كذا كلمةً أوقرأةً متواترةً ، أوزعم أنها ليست من كلام الله تعالىٰ، كفر يعنى إذا كان كونه من القرآن مجمعاً عليه، مثل البسملة فى سورة النمل''. (شرح الفقه الأكبر ، فصل فى القرآة والصلوة ، ص:۱۶۷ ، قديمى)

(و بمعناه فى التاتارخانية ، كتاب أحكام المرتدين ، فصل فيمايتعلق بالقرآن : ۵/۴۹۰، ادارة القرآن كراچى)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير ، الباب التاسع فى أحكام المرتدين ، مطلب: موجبات الكفر أنواع، و منها ما يتعلق القرآن اهـ : ۲/۲۶۶، رشيديه)

وأما قوله : ''مجھے خدا سے انصاف کی امید.....الخ'' فقد قال فى التاتارخانية: ''رجل قال: از ہر امیدے کہ بخدا دارم، نومیدم، یکفر''. (كتاب أحكام المرتدين ، قبيل فصل فيما يعود إلى الغيب : ۵/۴۷۶، ادارة القرآن)

''و أما قوله : ''آخرت میں کوئی چیز نہیں ہے'' فلِمَا فى التاتارخانية، وهو: ''من أنكر القيامة أو الجنة أو النار أو الميزان أوالحساب أو الصراط أو الصحائف المكتوبة فيها أعمالُ العباد، يكفر. و فى مصباح الدين : أو جحد أحدّ و عداً أو وعيداً ذكره الله تعالىٰ فى القرآن عندالفزع فى القبر،و فى القيامة ، يكفر''. (كتاب أحكام المرتدين ، فصل فيما يتعلق بأمور الآخرة : ۵/۵۰۰، ادارة القرآن)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، الباب التاسع فى أحكام المرتدين ، مطلب: موجبات الكفر أنواع ، و منها ما يتعلق بيوم القيامة اهـ : ۲/۲۷۴، رشيديه)

(وكذا فى البحر الرائق ، كتاب السير، باب أحكام المرتدين : ۵/۲۰۶، رشيديه)

وأما قوله:''میں تو بددین کافر ہوں'' فهو أيضاً كفر لماقاله الفقهاء الكرام ، قال فى شرح الفقه الأكبر : ''من قال: أنا ملحد، كفر: أى لأن الملحد أقبح أنواع الكَفَرة، وفى المحيط والحاوى : لأن الملحد كافر''. (فصل فى الكفر صريحاً وكنايةً ، ص:۱۸۳ ، قديمى)

(۲)'' ثم إن كانت نية القائل ..... الوجه الذى يوجب التكفير ، لا تنفعه فتوى المفتى، و يؤمر بالتوبة =

Made searchable using ScribeTools.com

دوگواہوں کے سامنے مہر جدید سے دوبارہ ایجاب وقبول کرلیا جائے (۱)، خطبۂ نکاح اور اعلان فرض نہیں، سنت ہے (۲)، تجدید نکاح کے لئے عدت لازم نہیں۔

۴.....زید چونکہ کہتا ہے کہ میرے دل میں ایمان موجود ہے، میں نے اسے ترک کا بالکل ارادہ نہیں کیا، بلکہ جو الفاظ زبان سے کہہ رہا تھا دل میں توبہ بھی کر رہا تھا، اس لئے زید کی بیوی کو دوسری جگہ نکاح کا اختیار نہیں بلکہ زید ہی کے ساتھ تجدید نکاح کے بعد رہے، البتہ اگر زید طلاق دیدے تو وہ واقع ہوجائے گی اور بعد عدت نکاح ثانی کا اس کو اختیار ہوگا، بغیر تجدید نکاح زید کو اپنے اوپر قابو نہ دے، تجدید ایمان اور تجدید نکاح بہر حال ضروری ہے، بغیر اس کے بیوی اس کو اپنے پاس نہ آنے دے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱/۶/۹۵ھ۔

کفریہ افعال سے کیا نکاح ختم ہوجاتا ہے؟

سوال[۷۲۱]: زید کا نکاح ایک سال قبل ہندہ سے ہوا مگر زید آٹھ نو ماہ سے غیر مسلم عورتوں کے ہمراہ رہ رہا ہے اور ان سے زنا بھی کرتا ہے انہیں کے ہاتھ کا پکا ہوا کھانا کھاتا ہے، شراب بھی پیتا ہے، جھٹکے (۳) کا گوشت کھاتا ہے، پوشاک بھی غیر مسلموں جیسی پہنتا ہے، ارکان اسلام بھی ادا نہیں کرتا، ہندہ اپنے میکہ میں رہ رہی ہے، زید ہندہ کو نان ونفقہ نہیں دے رہا ہے، زید کے کنبہ والوں نے کوشش کی کہ اس فعل شنیع سے توبہ کرلے، مگر زید نے ایک نہ سنی بلکہ اپنے والد کو مارنے پیٹنے پر آمادہ ہوا۔ ایک مرتبہ تو زید کو دس پندرہ آدمیوں نے مل کر ایک مکان میں بند کردیا اور کہا اس فعل سے توبہ کر اور کلمہ پڑھ، زید نے کہا کہ توبہ وکلمہ ہر دو کام نہ کروں گا۔ ہندہ بالغہ ہے، دوسرا نکاح کرنا چاہتی ہے، کیا زید کو مرتد سمجھتے ہوئے ہندہ دوسری جگہ نکاح کرسکتی ہے؟

= والرجوع عن ذلک، و بتجديد النكاح بينه و بين امرأته". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير ، قبيل الباب العاشر فى البغاة: ۲/۲۸۳، رشيديه)

(وكذافى التاتارخانية ، كتاب أحكام المرتدين ، فصل فى إجراء كلمة الكفر : ۵/۴۵۸، ادارة القرآن)

(۱) (سيأتى تخريجه تحت عنوان : ''غیر مسلم کے ساتھ چلے جانے پر نکاح کا حکم'')

(۲) "و يندب إعلانه (أى النكاح) و تقديم خطبته اهـ". (الدر المختار ، كتاب النكاح : ۳/۸، سعيد)

(۳) ''تلوار مار کر جانور کی گردن کاٹنا جو مسلمانوں کے نزدیک حرام ہے''۔ (فیروز اللغات، ص:۴۹۲، فیروز سنز لاہور)

Made Searchable by ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً:

زید کا یہ طریقہ غیر اسلامی ہے اس کے باوجود ابھی اس کو مرتد قرار نہیں دیا جائے گا، ارتداد کے قریب ضرور پہونچ چکا ہے(۱)۔ اللہ پاک اس کو سیدھے راستہ کی توفیق دے۔ بہتر یہ ہے کہ مہر کے عوض بیوی اس سے طلاق حاصل کرلے (۲)، اس کے بعد عدت تین حیض گزار کر دوسری جگہ نکاح کی اجازت ہوگی (۳)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۵/ ۱۱/ ۸۷ھ۔

تجدید ایمان وتجدید نکاح کی ضرورت کب ہوتی ہے؟

سوال[۷۲۲]: اس بارے میں حکم شرع سے مطلع فرمائیں، جس کا حوالہ نمبر:۹۲۱، مورخہ ۱۷/ ۹/ ۸۸ھ ہے، اس میں مزید یہ پوچھنا ہے کہ جن صاحب اور جماعت نے عمداً یہ نکاح کیا اور کرایا ان کے بارے میں شرعی حکم کیا ہے؟ وہ صرف توبہ واستغفار کے مستحق ہیں یا تجدید نکاح بھی کرنا ہے؟ علانیہ توبہ واستغفار کے علاوہ تجدید نکاح کا بھی حکم دیا جائے، اس کے بارے میں تفصیل سے جواب عنایت فرمائیں۔

---

(۱) ممکن ہے، زید کا قصد ان افعال میں تشبہ بالکفار نہ ہو، اور اس صورت میں کسی کی تکفیر نہیں کی جاسکتی۔

"من تفلنس بقلنسوة المجوس : أی لبسها و تشبه بهم فيها، ..... كفر ..... و إلا، فلا يكفر". (شرح الفقه الأكبر ، فصل فی الكفر صريحاً و كنايةً ، ص:۱۸۵ ، قديمی)

(۲) "إذا تشاق الزوجان و خافا أن لا يقيما حدود الله فلا، بأس بأن تفتدی نفسها منه بمال يخلعها به، فإذا فعلا ذلک، وقعت تطليقة بائنة و لزمها المال". (الفتاوی العالمكيرية، كتاب الطلاق ، الباب الثامن فی الخلع ، الفصل الأول : ۱/ ۴۸۸، رشيديه)

(وكذا فی الهداية ، كتاب الطلاق ، باب الخلع : ۲/ ۴۰۴، مكتبه شركة علمية ملتان))

(۳) قال الله تعالیٰ: ﴿والمطلقات يتربصن بأنفسهن ثلاثة قروء﴾ (البقرة: ۲۲۸)

وقال تعالیٰ :﴿ولا تعزموا عقدة النكاح حتى يبلغ الكتاب أجله﴾. (البقرة: ۲۳۵)

"و تحل للأزواج بمجرد انقطاع العدة؛ لأن انقضاءها بانقضاء الحيضة الثالثة، وقد انقضت بيقين". (البدائع ، كتاب الطلاق ، فصل فی شرائط جواز الرجعة : ۴/ ۳۹۶، دار الكتب العلمية بيروت)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً:

کسی کی عدت میں نکاح ثانی جائزنہیں ہے: "لا یجوز للرجل أن یتزوج زوجة غیره، وکذلك المعتدة، کذا فی السراج الوهاج". (فتاوی عالمگیری) (۱) لہذا جونکاح اس طرح کردیا گیا وہ شرعاً معتبرنہیں ہوا بلکہ گناہ ہوا، مرد وعورت میں علیحدگی کرادی جائے، عدت ختم ہونے پردوبارہ نکاح کیا جائے۔ جن لوگوں نے یہ نکاح کرایا ہے وہ گنہگار ہوئے ان کوتوبہ واستغفار لازم ہے اوراس بات کو پورے طور پرظاہر کردیا جائے کہ یہ نکاح غلط ہوا، اس کے باوجودان لوگوں پراپنے نکاح کی تجدید لازم نہیں۔ گناہ اگرچہ کبیرہ ہواس سے تجدید نکاح لازم نہیں ہوتی، البتہ اگرخدانخوستہ کفر کا صدور ہوجاوے توایمان کے ساتھ نکاح بھی ختم ہوجاتا ہے پھرتجدید ایمان وتجدید نکاح لازم ہوتی ہے (۲)۔

جس مسئلہ میں اختلاف ہو کہ اس سے کفر ہوا یا نہیں ہوا، وہاں احتیاطاً تجدید ایمان وتجدید نکاح کا امر کیا جاتا ہے: "ماکان فی کونه کفراً اختلاف، یؤمر بتجدید الإیمان و تجدید ألنکاح الخ" (۳)۔

کبیرہ گناہ کی وجہ سے اہل سنت والجماعت کے نزدیک نہ کفر ہوتا ہے، نہ ایمان سے خارج ہوتا ہے، کذا فی شرح الفقه الأکبر (۴)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۸/۱۱/۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۹/۱۱/۸۸ھ۔

---

(۱) (کتاب النکاح من الفتاوی العالمکیریة، الباب الثالث فی بیان المحرمات، القسم السادس: المحرمات التی یتعلق بها حق الغیر : ۱/۲۸۰، رشیدیه)

(۲) "وإن کانت نیته (أی نیة القائل بکلمة الکفر) الوجه الذی یوجب التکفیر، لا تنفعه فتوی المفتی، و یؤمر بالتوبة والرجوع عن ذلک، و بتجدید النکاح بینه و بین امرأته، کذا فی المحیط". (الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، قبیل الباب العاشر فی البغاة : ۲/۲۸۳، رشیدیه)

(۳) (الفتاوی العالمکیریة، المصدر السابق آنفاً)

(وکذا فی البحرالرائق، کتاب السیر، باب أحکام المرتدین : ۵/۲۱۰، رشیدیه)

(۴) "و لا نکفر مسلماً بذنب من الذنوب: أی بارتکاب معصیة وإن کانت کبیرةً : أی کما یکفر الخوارج مرتکب الکبیرة، إذا لم یستحلها : أی لکن إذا لم یعتقد حلها؛ لأن من استحل معصیةً قد ثبتت =

ارتداد شوہر سے فسخ نکاح

سوال[۷۲۳]: مسماۃ نگینہ کا بعمر دس سال مسمی ادریس سے بعمر چودہ سال نکاح ہوا جس کو تین سال ہو چکے ہیں، بعد نکاح رخصتی کر دی گئی اور ایک رات شوہر کے گھر رہی، دو چار دن بعد لڑکا فرار ہو گیا اور جا کر مذہب بدل دیا، ہندو ہو گیا، لڑکی والوں کو جب علم ہوا تو وہ اس کے پاس گئے اور کہا کہ عورت گھر پر ہے اور تم نے مذہب بدل دیا، تم گھر چلو مگر چلنے سے انکار کر دیا، متعدد مرتبہ سمجھایا، لیکن سمجھ میں نہیں آیا، مجبوراً واپس ہو گئے۔ اب چند ماہ سے اس کا پتہ نہیں، اس کی والدہ سے کہا گیا کہ ایسی صورت میں لڑکی کو دوسری جگہ بٹھلا دیں، جواب دیا کہ جو سمجھ میں آئے کرو، والد نہ لڑکی کا ہے اور نہ لڑکے کا ہے۔ ان حالات میں بغیر طلاق کے نکاح ہو سکتا ہے کہ نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اگر عقیدہ بدل کر ہندو ہو جانا ثابت ہے تو اس کے ہندو ہونے کی وجہ سے اس کا نکاح بلا طلاق خود ہی فسخ ہو گیا، اس لئے عدت گزارنے کے بعد اس کا نکاح دوسری جگہ جائز ہے، جس وقت سے لڑکا ہندو ہوا ہے اس وقت سے عدت کا شمار ہوگا، مدت تین ماہواری ہے اور بصورت امید وضع حمل ہے:

"و إرتداد واحد منهما فسخ عاجل بلا قضاء". (در مختار). "و أما وجوب العدة سواء ارتد أو ارتدت بالحيض أو بالأشهر لو صغيرةً أو آئسةً أو بوضع الحمل كما فی البحر". شامی: ٤/٥٣٩ (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ۔

ارتداد کے بعد تجدید نکاح

سوال[۷۲۴]: ایک مولوی صاحب نے فتوی دیا ہے کہ: ''جو شخص یہ عقیدہ رکھتا ہو کہ اولیاء کرام کے

= حرمتها بدليل قطعی فهو كافر، و لا نزيل عنه اسم الإيمان الخ". (شرح الفقه الأكبر لملا علی القاری، ص: ۱۷، قديمی)

(۱) (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب النكاح، باب نكاح الكافر: ۳/۱۹۳؛ ۱۹۴، سعيد)

(وكذا فی التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل إذا ارتد أحد الزوجين: ۵/۵۴۶، إدارة القرآن)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب النكاح، باب نكاح الكافر: ۳/۳۷۳، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

وسیلہ سے مدد مانگنا جائز ہے اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو علم ما کان و ما یکون الی یوم القیامۃ کا دیا گیا ہے اور یا رسول اللہ پکارنا جائز ہے اور قبور اولیاء اللہ پر بوسہ دینا جائز ہے اور نذر، نیاز اولیاء کرام کا ماننا جائز ہے، اس کا نکاح درست نہیں اور نہ وہ شخص مسلمان ہے بلکہ مشرک ہے، لہذا اگر وہ اپنی بیوی کو تین طلاق دیدے تو اس پر طلاق واقع نہ ہوگی کیونکہ بموجبِ مندرجہ بالا عقیدہ وہ مسلمان نہیں تھا'' اور مندرجہ بالا عقیدہ سے توبہ کرا کر بلا حلالہ وغیرہ صرف تجدید نکاح کر دیتا ہے، بلکہ کوئی مطلقہ تین طلاق ہو جائے تو وہ مولوی یہ کہہ کر کہ اس کا اول نکاح درست نہ تھا کہ عقیدہ بالا کے ساتھ منعقد کردہ ہے اور ایسے شخصوں کے نکاح پڑھانے سے نکاح بھی ناجائز ہے، یہ صرف تجدید کرا دیتا ہے۔

اسی طرح اس مولوی نے دوکانداری بنالی ہے، اسی طرح روپیہ فیس لیکر اوروں سے یہی الفاظ لکھا کر تجدید نکاح کرا دیتا ہے، لوگ فاسق و فاجر عورتوں کو اغواء کر کے تبدیل مذہب عیسائی کراتے ہیں اور اس طرح نکاح فسخ کراتے ہیں۔ اس مولوی نے یہ آرڈر عجیبہ لوگوں کے ہاتھ دی ہے اور اِدھر اُدھر جو عورتیں سابقہ خاوند سے ناراض ہوتی ہیں اس مولوی کے پاس آ کر یہی آرڈر لیکر سابقہ نکاح فسخ کرا کر حسب منشاء جس سے چاہیں نکاح کر لیتی ہیں، کئی مغلظہ تین طلاق والی وغیرہ اس آرڈر میں آ کر تجدید نکاح کرا رہی ہیں۔ جو حکم صحیح شرعی ہو تحریر فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

یہ شخص ضال اور مضل ہے، اس سے فتوی دریافت کرنا ناجائز ہے، اگر کوئی مرتد ہو جائے تو اس کا نکاح فسخ ہو کر بیوی بائنہ ہو جاتی ہے: ''إرتداد أحدهما فسخ عاجل '' (زیلعی) (۱) اور کسی کو مشرکانہ عقیدہ کی تلقین کرنا کفر ہے (۲)۔

---

(۱) (تبیین الحقائق للزیلعی ، کتاب النکاح، باب نکاح الکافر : ۲/۲۲۲، دار الکتب العلمیة)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب النکاح ، باب نکاح الکافر : ۳/۳۷۳، رشیدیه)

(وکذا فی التاتارخانیة ، کتاب أحکام المرتدین، فصل إذا ارتد أحد الزوجین اهـ: ۵/۵۴۶، ادارة القرآن)

(۲) ''و یکفر بتلقین کلمة الکفر لیتکلم بها ولو علی وجه اللعب''. (البحر الرائق ، کتاب السیر ، باب أحکام المرتدین : ۵/۲۰۸، رشیدیه)

(وکذا فی شرح الفقه الأکبر للقاریؒ ، فصل فی الکفر صریحاً و کنایةً، ص: ۱۸۲، ۱۸۳، قدیمی) =

اگر بلاوجہ شرعی نکاح فسخ کرایا ہے تو وہ معتبر نہیں اور جو شخص ناجائز نکاح پڑھائے اس کو امام بنانا مکروہ تحریمی ہے(۱)۔

جو مسلمان عورت کلمۂ کفر کہہ کر یا مشرکانہ عقیدہ بنا کر مرتد ہوجائے، مفتی بہ قول پر اس کا نکاح فسخ نہیں ہوگا، عورتوں کا یہ طریقہ اختیار کرنا مطلقاً غلط ہے اور ان کو دوسری جگہ نکاح کرنا جائز نہیں، اگر شوہر نے تین طلاق دی ہوں تو بغیر حلالہ کے تجدید نکاح کافی نہیں (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

جو شخص قادیانی ہوجائے اس کا نکاح برقرار نہیں رہتا

سوال[۷۲۵]: زید حنفی، سنی، صحیح العقیدہ آدمی تھا، خدا جانے کن اثرات کے ماتحت وہ قادیانی بن گیا اور اپنا قدیم مسلک ترک کردیا، سوال یہ ہے کہ اس حالت میں اس کی بیوی اس کے نکاح میں باقی رہی؟ اور اس کے ذمہ شوہری حقوق کو ادا کرنا لازم رہا یا نکاح ختم ہوکر تعلق زوجیت ختم ہوگیا، اور بیوی اپنے شوہر پر حرام ہوگئی؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

قادیانی نے ختم نبوت (۳) اور بہت سی بنیادی عقائد اسلام کے خلاف کا ارتکاب کیا اور بار بار متنبہ

= (وكذافي الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير ، الباب التاسع في أحكام المرتدين ، مطلب : موجبات الكفر أنواع ، و منها ما يتعلق بتلقين الكفر اهـ : ۲/۲۷۵، رشيديه)

(۱) یہ شخص اپنے اس فعل کی وجہ سے فاسق ہے اور فاسق کی امامت کو فقہاء نے مکروہ لکھا ہے: "و يكره تنزيهاً إمامة عبد ..... وفاسق و أعمى". (الدرا لمختار). و قال في رد المحتار تحته : " و أما الفاسق، فقد عللوا كراهة تقديمه بأنه لايهتم لأمر دينه، و بأن في تقديمه للإمامة تعظيمه، و قد وجب عليهم إهانته شرعاً، و لا يخفى أنه إذا كان أعلم من غيره لا تزول العلة ..... بل مشى في شرح المنية على أن كراهة تقديمه كراهة تحريم لما ذكرنا ، قال : و لذا لم تجز الصلوة خلفه أصلاً عند مالك و روايةً عن أحمد". (كتاب الصلوة ، باب الإمامة : ۱/۵۶۰، سعيد)

(۲) "لا ينكح مطلقةً من نكاح صحيح نافذ ..... بها : أي بالثلاث لو حرةً، و ثنتين لو أمةً و لو قبل الدخول ..... حتى يطأها غيره و لو الغير مراهقاً يجامع مثله". (الدر المختار ، كتاب الطلاق ، باب الرجعة : ۳/۴۰۹، ۴۱۰، سعيد)

(۳) "و دعوى النبوة بعد نبينا صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كفر بالإجماع". (شرح الفقه الأكبر للقاريؒ . =

Made Searchable using ScribeTools.com

کرنے پر اپنی بات سے رجوع نہیں کیا، اس لئے علمائے اسلام کے فتویٰ کی رو سے وہ اسلام سے خارج اور مرتد ہے، جو شخص اس کے مسلک کو قبول کرتا ہے اور اس کے عقائد کو اختیار کرتا ہے اس کا حکم بھی وہی ہے (۱) کہ شوہر کے مرتد ہوجانے کی وجہ سے مسلمان بیوی نکاح سے خارج ہوگئی (۲) اب اس کے ساتھ رہنا سہنا اور شوہر بیوی جیسا معاملہ کرنا ہرگز جائز نہیں رہا بلکہ پورا پردہ لازم ہے (۳)۔ قادیانی سے متعلق بہت تفصیل سے کتابیں موجود ہیں (۴)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند ۱۰/۴/۹۰ھ

شوہر کے قادیانی ہونے سے فسخ نکاح

سوال[۷۲۶]: زید کہتا ہے کہ میری لڑکی کی عمر پانچ سال کی تھی اور جب اس کی شادی کی تو لڑکے کی عمر بھی پانچ سال کی تھی، چونکہ اب دونوں بالغ ہوگئے ہیں، جن کی عمر تقریباً اٹھارہ سال ہے، میں نے ہر چند

= أواخر بحث التوبة، ص: ۱۶۴، قديمی)

(۱) "لكن صرح فی كتابه المسايرة بالاتفاق على تكفير المخالف فيما كان من أصول الدين و ضروریاته". (رد المحتار، باب المرتد، مطلب لاعبرة بغير الفقهاء، يعنی المجتهدين: ۲۶۳/۴، سعيد)

(۲) "ارتد أحد الزوجين عن الإسلام وقعت الفرقة بغير طلاق فی الحال". (الفتاوی العالمكيرية، الباب العاشر فی نكاح الكفار: ۳۳۹/۱، رشيديه)

"وارتداد أحد الزوجين: أی تبدل اعتقاد الإسلام بالكفر حقيقةً على أحدهما كما إذا تمجس أو تنصر، أو حكماً، كما إذا قال بالاختيار ما هو كفر بالاتفاق فسخ: أی رفع لعقد النكاح فی الحال". (مجمع الأنهر، باب نكاح الكافر: ۳۷۲/۱، دار إحياء التراث العربی بيروت)

(هكذا فی البحر الرائق.، باب نكاح الكافر، : ۳۷۳/۳، رشيديه)

(۳) مرتد ہونے کی وجہ سے نکاح ختم ہوگیا اور شوہر اجنبی بننے کی وجہ سے بیوی کو اس سے پردہ ضروری ہے: قال الله تعالىٰ: ﴿يأيها النبی قل لأزواجك و بناتك و نساء المؤمنين يدنين عليهم من جلابيبهن﴾. (سورة الأحزاب: پ: ۲۲، آيت: ۵۹)

(۴) جیسے (شمس الهداية، سيف چشتيائی پيرمهر على شاه، إكفار الملحدين فی ضروريات الدين مولانا انور شاه كشميریؒ)

لڑکے والے کوکہا کہ لڑکی بالغ ہے، لہٰذا اپنے گھر لے جاؤ مگر وہ ٹال مٹول سے کام لیتے رہے۔ چونکہ میں بالغ لڑکی کو گھر رکھنا نہیں چاہتا، لہذا ہم نے چند لوگوں میں بھی پنچایت کر کے ان کو کہا کہ لڑکی لے جاؤ، مگر وہ انکار کر گئے، لڑکے والوں کا خاندان مع لڑکے کے مرزائی ہو گئے ہیں۔ چونکہ لڑکی بالغہ ہے، لڑکی کہتی ہے کہ میں مرزائی خاوند کے گھر نہیں جاؤنگی، نہ لڑکی نے لڑکا دیکھا اور نہ لڑکے نے لڑکی دیکھی۔ اب لڑکی کہتی ہے کہ شریعت کے حکم کے مطابق میرا کوئی نہ کوئی فیصلہ کیا جائے، دوسری جگہ لڑکی کا رشتہ ہونے پر مرزائی خاوند سے طلاق لینے کی ضرورت ہے یا نہیں، لڑکی کا نکاح دوسری جگہ جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

مرزا غلام احمد قادیانی نصوصِ قطعیہ کے انکار اور خلاف شرع عقائد کی وجہ سے کافر اور مرتد ہے(۱) اور جو شخص اس کے عقائد کو اختیار کرے وہ بھی کافر اور مرتد ہے۔ شوہر کے مرتد ہونے سے نکاح فسخ ہو جاتا ہے، طلاق کی ضرورت نہیں رہتی (۲) اور بغیر خلوتِ صحیحہ کے جب شوہر کا ارتداد وغیرہ کی وجہ سے نکاح فسخ ہو جائے تو عدت واجب نہیں ہوتی اور صورت مسئولہ میں چونکہ مرتد ہوا ہے، لہذا نصف مہر ہی واجب ہوگا:

"ثم إن كان الزوج هو المرتد، فلها كل المهر إن دخل بها، و نصفها إن لم يدخل بها اهـ"۔ فتاوی عالمگیری : ۱/۳۳۹(۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۲/۶/۶۲ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۲/۶/۶۲ھ۔

صحیح: عبد اللطیف مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۲/۶/۶۲ھ۔

---

(۱) "لا خلاف بين المسلمين أن الرجل لو أظهر إنكار الواجبات الظاهرة المتواترة، والمحرمات الظاهرة المتواترة، فإنه يستتاب ، فإن تاب فبها، و إلا قتل كافراً مرتداً". (شرح الفقه الأكبر للقاریؒ بحث التوبة، ص: ۱۶۳، قديمی)

(۲) (تقدم تخريجه تحت عنوان "شوہر مرتد ہو گیا")

(۳) (الفتاوى العالمكيرية، كتاب النكاح، الباب العاشر فی نكاح الكفار: ۱/۳۳۹، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

جومسلمان عیسائی ہوجائے اس کا نکاح

سوال[۷۲۷]: جولوگ مسلمان کہلاتے ہیں اورمرتدین عیسائیوں سے رشتہ مناکحت قائم کرتے ہیں ان کا کیا حکم ہے؟ کیا یہ مرتد لوگ بھی اہل کتاب ہیں اوران مرتدین سے تعلقات رکھنا مسلمانوں کو جائز ہے یا نہیں؟ جوامام مسجد ایسے لوگوں کے ساتھ موالات رکھے،ان کا کھانا کھائے،اس کا کیا حکم ہے؟ جوشخص مسلمان تھا پھر مرتد ہوگیا(العیاذ باللہ) تو کیاان کی لڑکیوں کا رشتہ لینا جائز ہے؟ آیاتِ قرآنیہ سے اس کوواضح فرمایا جائے۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

جوشخص پہلے مسلمان تھا پھر مذہب عیسائی اختیار کرلیا(العیاذ باللہ) تو یہ شخص مرتد ہے،ایسے شخص کا نکاح کسی مسلم،کافرہ،مرتدہ سے جائز نہیں اور جوعورت ارتداد اختیار کرے اس کا بھی نکاح کسی سے درست نہیں۔ مرتد عیسائی کی لڑکی بھی اگر مرتدہ ہوتو اس سے بھی نکاح ناجائز ہے:"و لایجوز للمرتد أن یتزوج مرتدةً و لا مسلمةً و لا کافرةً أصلیةً، و کذالك لا یجوز نکاح المرتدة مع أحد، کذا فی المبسوط اهـ". عالمگیری :۱/۲۸۲ (۱) مرتد سے موالات حرام ہے(۲) اِلّا یہ کہ نرمی سے اس کے اسلام کی توقع ہوتو حسن تدبیر سے اس کوتبلیغ کی جائے اورمحاسن اسلام پرمتوجہ کیا جائے (۳)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور،۱۰/۶/۶۴ھ۔

---

(۱) (الفتاوی العالمکیریة، فصل: القسم السابع المحرمات بالشرک : ۱/۲۸۲،رشدیه)

(وکذا فی رد المحتار مع الدر المختار، باب نکاح الکافر: ۳/۲۰۰، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق ، باب نکاح الکافر : ۳/۳۶۴، رشیدیه)

(وکذافی بدائع الصنائع ، کتاب النکاح ، فصل فی شرط أن یکون للزوجین ملة یقران علیها: ۳/۴۵۸، دار الکتب العلمیة بیروت)

(۲) (تقدم تخریجه تحت عنوان : ''مرتد سے موالات'')

(۳) " یعرض الإسلام علی المرتد .....و تکشف شبهته ، بیان لفائدة العَرض: أی فإن کان له شبهة أبداها ، کشفت عنه ؛ لأنه عساه اعترضت له شبهة ، فتزاح عنه". (البحر الرائق ، کتاب السیر ، باب أحکام المرتدین : ۵/۲۱۰، رشیدیه)

نکاح اور بچہ پیدا ہونے کے بعد شوہر نے کہا ''میں تو عیسائی ہوں''

سوال[۷۲۸]: ایک شخص نے جو اندرونی عیسائی تھا، لیکن ظاہر میں اپنے آپ کو مسلمان بنا کر ایک مسلمان لڑکی سے نکاح کرلیا، عرصہ تقریباً گیارہ بارہ مہینے کے بعد جب کہ اس کا ایک لڑکا بھی پیدا ہو چکا تھا، اب وہ شخص ناکح مندرجہ بالا اپنے آپ کو عیسائی بتاتا ہے اور مذہب اسلام کو جھوٹا کہتا ہے۔

۱.....کیا عندالشرع وہ نکاح فاسد ہو گیا یا نہیں؟

۲.....اب وہ لڑکا کس کو ملنا چاہئے والد کو یا والدہ کو؟

۳.....حق مہر وہ لڑکی لے سکتی ہے یا نہیں؟ جواب ہر سہ نمبرات کا باسندر ہے۔

غلام ربانی قریشی

الجواب حامداً و مصلیاً:

۱.....صورتِ مسئولہ میں نکاح فسخ ہو گیا، عدت گزار کر عورت کو دوسری جگہ نکاح کرنا درست ہے:

"(وارتداد أحدهما) أی الزوجین فسخ، فلا ینقص عدداً (عاجل) بلا قضاء: أی بلا توقف علی قضاء القاضی". در مختار وشامی: ۲/۶۰۶(۱)۔

۲.....وہ بچہ مسلمان ہے اور والدہ کی پرورش میں رہے گا، والد اس کو والدہ سے جدا کر کے اپنے پاس نہیں رکھ سکتا: "أحق الناس بحضانة الصغیر حال قیام النکاح و بعد الفرقة الأم". عالم گیری: ۲/۵۵۶(۲)۔

---

(۱) (الدر المختار مع رد المحتار، کتاب النکاح، باب نکاح الکافر: ۳/۱۹۳، ۱۹۴، سعید)

(و کذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب النکاح، الباب العاشر فی نکاح الکافر: ۱/۳۳۹، رشیدیه)

(و کذا فی التاتارخانیة، کتاب أحکام المرتدین، فصل إذا ارتد أحد الزوجین: ۵/۵۴۶، إدارة القرآن)

(و کذا فی مجمع الأنهر، باب نکاح الکافر: ۱/۳۷۲، دار إحیاء التراث العربی بیروت)

(و کذا فی البحر الرائق، کتاب النکاح، باب نکاح الکافر: ۳/۳۷۳، رشیدیه)

(۲)(الفتاوی العالمکیریة، کتاب الطلاق، الباب السادس عشر فی الحضانة: ۱/۵۴۱، رشیدیه)

(و کذا فی رد المحتار علی الدر المختار، کتاب الطلاق، باب الحضانة: ۳/۵۵۵، ۵۵۶، سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

۳.....پورامہر واجب ہے اور لڑکی کو اس کے لینے کا حق حاصل ہے:" المهر يتأكد بأحد معان ثلثة: الدخول، والخلوة الصحيحة، و موت أحد الزوجين سواء كان مسمى أومهر المثل"۔ هنديه: ۲/ ۳۱٤ (۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۷/۱۲/ ۵۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔صحیح: عبد اللطیف مدرسہ مظاہر علوم، ۱۷/ ذی الحجہ/ ۵۷ھ۔

شوہر شیعہ ہو جائے تو اس کے نکاح کا حکم

سوال[۷۲۹]: ایک سنی عورت کا نکاح ایک سنی مرد سے ہوا اور عرصہ تقریباً آٹھ نو سال آباد رہی، مگر شامتِ اعمال سے وہ مرد سنی مذہب کو ترک کر کے مذہبِ شیعہ تبرائی میں داخل ہو گیا اور حضرات خلفائے ثلاثہ رضی اللہ عنہم اجمعین کے حق میں بیبا کانہ ظالم، غاصب الفاظ تک العیاذ باللہ استعمال کرنے لگا۔ چونکہ عورت اپنے مذہب اہل سنت والجماعت پر قائم تھی اس لئے اس سے متنفر ہو گئی اور دونوں میں باہمی مذہبی اختلاف اور ناچاقی شروع ہو گئی، آخر نوبت بایں جا رسید کہ شیعہ مرد نے تنگ آ کر عورت کو طلاق مغلظہ دیدی اور عورت میکے چلی گئی، لیکن گواہانِ طلاق اہل تشیع ہیں جو مذہبی پاسداری کے سبب سے قاضی کے روبرو گواہی دینے سے انحراف کرتے ہیں اور یہی کہتے ہیں کہ ہمارے شیعہ مذہب میں طلاقِ مغلظہ واقع نہیں ہوتی۔

بعد ازاں مرد شیعہ نے ایک عورت شیعہ سے نکاح کر لیا اور عرصہ تک وہ بھی اس کے ساتھ آباد رہی، آخر اس کو بھی بوجہ کسی نا اتفاقی کے اس مرد نے گھر سے نکال دیا، اب پھر وہ شیعہ مرد اس پہلی عورت سنی کو اپنے گھر آباد کرنے کے لئے لیجانا چاہتا ہے۔ کیا ایسا شخص جس کا مذکورہ بالا حال ہے وہ اس سنی عورت کو آبادی کے واسطے اپنے گھر شرعاً لے جا سکتا ہے اور ایسے تبرائی کا نکاح سنیہ عورت حنفیہ سے رہ سکتا ہے یا باطل ہو جاتا ہے

---

(۱) (الفتاوى العالمكيرية، كتاب النكاح، الباب السابع، الفصل الثانى فيما يتأكد به المهر والمتعة: ۱/ ۳۰۳، رشيديه)

(و كذا فى بدائع الصنائع، كتاب النكاح، فصل فى بيان ما يتأكد به المهر: ۳/ ۵۲۰، دار الكتب العلمية بيروت)

(وكذا فى الدر المختار، كتاب النكاح، باب المهر: ۳/ ۱۰۲، سعيد)

Made Searchable by ScribeTools.com

اور اس میں قضاء قاضی کی بھی شرط ہے یا نہیں؟ مہربانی فرما کر مفصل جواب بحوالہ کتب تحریر فرما کر عنداللہ وعندالرسول مأجور ہوں۔

خاکسار محمد حسین، خطیب جامع مسجد ضلع کٹک، ۲۴/شعبان/۱۳۴۵ھ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسلمان کو کافر کہنا کفر ہے(۱) اور خلفائے ثلاثہ رضی اللہ عنہم کے اسلام وایمان پر اجماع ہے، ان کو کافر کہنا بالیقین کفر ہوگا اور ان حضرات کی خلافت بھی اجماعی ہے، لہٰذا ان حضرات کے حق میں ظالم اور غاصب وغیرہ الفاظ کا استعمال بھی خلافِ اجماع ہے، لہٰذا کفر ہے:

"وفی الفتح عن الخلاصة: إن أنكر خلافة الصديق رضی الله تعالیٰ عنه أوعمر رضی الله تعالیٰ عنه، فهو كافر اهـ. ولعل المراد إنكار استحقاقهماالخلافة، فهو مخالف لإجماع الصحابة، لا(المراد) إنكارُ وجودها لهما ، بحر". رد المحتار، ص: ٥٧٦(٢).

اور شوہر کے مرتد ہونے سے نکاح ٹوٹ جاتا ہے، قضاء قاضی کی شرط نہیں، مدخولہ پر عدت واجب ہوتی ہے اور پورا مہر اس کو دلایا جاتا ہے اور غیر مدخولہ پر عدت واجب نہیں ہوتی اور نصف مہر اس کو دلایا جاتا ہے:

"وارتداد احدهما: أی الزوجين فسخ، فلا ينقص عدداً عاجلٌ بلا قضاء، فللمو طوئة ولو حكماً كل مهرها لتأكده به، ولغيرها نصفه".(درمختار). قال الشامی فی قوله: (بلا قاضاء): أی بلا توقف علیٰ قضاء القاضی، وكذا بلا توقف علیٰ معنی عدة فی المدخول بها، كما فی البحر". شامی:۲/۶۰۶(۳).

---

(۱) "عن أبی ذر رضی الله عنه أنه سمع النبی صلی الله علیه وسلم يقول: "لايرمی رجل رجلاً بالفسوق، ولا يرميه بالكفر، إلا ارتدت عليه إن لم يكن صاحبه كذلک". (صحيح البخاری ، كتاب الأدب، باب ماينهی عن السباب واللعن: ۲/۸۹۳، قديمی)

(۲) (ردالمحتار: ۱/۵۶۱، باب الإمامة، مطلب البدعة خمسة أقسام، سعيد)

(وكذا فی البحر الرائق: ۵/۲۰۴، كتاب السير، باب أحكام المرتدين، رشيديه)

(وكذا فی الفتاویٰ التاتار خانية: ۵/۴۸۵، كتاب أحكام المرتدين، إدارة القرآن)

(۳) (ردالمحتار علی الدر المختار: ۳/۱۹۳، باب نكاح الكافر، سعيد)..... =

Made searchable using ScribeTools.com

لہٰذا عدت گزر چکی ہے تو اس عورت کو دوسرے سے نکاح کرنا درست ہے، اس شیعہ کے یہاں کسی طرح جانا جائز نہیں۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، یکم/ رمضان/ ۱۳۵۴ھ۔

صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، ۲/ رمضان۔

ایضاً

سوال[۷۳۰]: ایک شخص اہل سنت کا نکاح عرصہ ۱۴/ ماہ وسال کا ہوا ہوگا، آج تک لڑکی کے والدین نے شوہر کے پاس نہیں بھیجا، اکثر اوقات یہ کہتا ہے کہ مجھ کو بدلا دو، کچھ رقم دو۔ اب عرصہ دوسال سے یہ ظاہر کیا کہ لڑکا شیعہ ہوگیا ہے جس کی بابت دیوبند کے علماء صاحبان سے دریافت کیا تو یہ بتلایا گیا ہے کہ لڑکا شیعہ ہوگیا ہے تو اس کا نکاح جائز نہیں رہا، حرام ہوگیا۔ یہ تحریر برادری میں پیش کی، جو گواہان کے دستخط ہیں وہ بتلاتے ہیں کہ لڑکے کو ہم نے شیعہ ہوتے نہیں دیکھا، بلکہ ان ہی لوگوں کی زبانی سنا ہے۔ اگر واقعی نکاح حرام ہوگیا تو کس صورت سے اس کے متعلق جو فتویٰ ہو تحریر ہو جائے؟

محمد حنیف رنگ ساز، قصبہ گنگوہ، ضلع سہارنپور۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر لڑکے نے شیعہ کے وہ عقائد اختیار کر لئے ہیں جن سے کفر لازم آتا ہے تو نکاح فسخ ہوگیا(۱)، اگر عقائد کفریہ اختیار نہیں کئے تو نکاح فسخ نہیں ہوا، تاہم بہتر یہ ہے کہ اس شخص کے عقائد سمجھا کر درست کر دیئے

= (وكذافي الفتاوىٰ العالمكيرية: ۱۹۳/۳، باب نكاح الكافر، رشيديه)

(وكذا في الهداية: ۳۴۸/۲، باب نكاح أهل الشرك، شركت علميه)

(۱) "(وارتداد احدهما): أي الزوجين (فسخ) فلا ينقص عدداً (عاجل) بلا قضاء". قال الشامي: "أي بلا توقف على قضاء القاضي، وكذا بلا توقف على مضي عدة في المدخول بها". (ردالمحتار على الدر المختار: ۱۹۳/۳، ۱۹۴، باب نكاح الكافر، سعيد)

(وكذا في الهداية على صدر فتح القدير: ۴۲۸/۳، باب نكاح أهل الشرك)

جائیں کیونکہ رفتہ رفتہ زیادہ خراب ہونے کا اندیشہ ہے، جس کا اثر عورت پر بھی پڑے گا۔

شیعہ کے عقائد کفریہ ہیں، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگانا، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں اللہ تعالیٰ کے حلول کا عقیدہ رکھنا، یا ان کو نبی آخر الزماں ماننا اور حضرت جبرئیل علیہ السلام کے متعلق عقیدہ رکھنا کہ انہوں نے وحی پہنچانے میں غلطی کی، قرآن شریف کو محرف ماننا وغیرہ وغیرہ (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۵/۱۱/۵۳ھ۔

صحیح: عبد اللطیف عفا اللہ عنہ، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۶/ ذی قعدہ/۵۳ھ۔

جس عورت کا شوہر شیعہ ہو جائے اس کا حکم

سوال[۷۳۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید اپنی منکوحہ کے نان ونفقہ سے عرصہ آٹھ سال سے دست بردار ہے، کیا اس کی منکوحہ کو دوسری جگہ نکاح کرنے کی بروئے شریعت اجازت ہے اور زید مذہباً شیعہ ہو گیا ہے، اور مفقود الخبر بھی نہیں ہے۔

بینوا بالبرهان و توجروا من الرب الرحمان.

الجواب حامداً و مصلیاً:

روافض کے فرقے مختلف ہیں جن میں سے اکثر کافر ہیں اور بعض مومن، مگر فاسق ہیں۔ جو فرقے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر زنا کی تہمت لگاتے ہیں، یا حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مصاحب النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہونے کا انکار کرتے ہیں، یا حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے افضل مانتے ہیں، یا اس بات کے قائل ہیں کہ آئندہ کوئی نبی پیدا ہو کر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دین کو منسوخ کرے گا وغیرہ وغیرہ من الكفر الصريح یہ سب فرقے کافر ہیں اور شرعاً مرتد کے حکم میں ہیں:

"نعم لا شك فی تكفير من قذف السيدة عائشة رضی اللّٰه تعالیٰ عنها، أو أنكر صحبة

---

(۱) "وبهذا ظهر أن الرافضی إن كان مما يعتقد الألوهية فی علی أو أن جبريل غلط فی الوحی، أو كان ينكر صحبة الصديق، أو يقذف السيدة الصديقة، فهو كافر لمخالفته القواطع المعلومة من الدين بالضرورة". (ردالمحتار: ۴۶/۳، كتاب النكاح، فصل فی المحرمات، سعيد)

(وكذا فی الفتاوىٰ العالمكيرية: ۲۶۴/۲، الباب التاسع فی أحكام المرتدين، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

الصديق، أواعتقد الألوهية فی عليّ ، أو أن جبريل غلط فی الوحی، أو نحو ذلك من الكفر الصريح المخالف للقرآن". رد المحتار:۳/۴۵۳ (۱)۔

عالم گیری :۲/۸۸۵ میں ہے "أحكامهم أحكام المرتدين، كذا فی الظهيرية"(۲)۔ لہذا اگر کوئی شخص بدکاران فرقوں میں سے کسی فرقے میں شامل ہوجاوے تو مرتد ہے اور ارتداد کی وجہ سے نکاح فسخ ہوجاوے گا۔تنویر:۱/۲۲۰ میں ہے: "وارتداد أحدهما فسخ عاجل" (۳)۔

اور جو فرقے شیعہ کے ضروریاتِ دین کا انکار نہیں کرتے البتہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو شیخین پر فضیلت دیتے ہیں وہ کافر نہیں، بلکہ مومن ہیں لیکن فاسق ہیں، اگر زیدان میں داخل ہوا ہے تو اس سے ان کا نکاح فسخ نہیں ہوا اور نفقہ نہ دینے کی وجہ سے اندریں صورت اس کی عورت کے لئے جائز نہیں کہ دوسری جگہ اپنا نکاح کرے: "و لا يفرق بينهما بعجزه عنها". شامی:۲/۶۵۶ (۴) کیونکہ وہ زید کے نکاح سے خارج نہیں

---

(۱) (رد المحتار، كتاب الجهاد ، باب المرتد ، مطلب مهم فی حكم سب الشيخين : ۴/۲۳۷، سعيد)
(وكذا فی شرح الفقه الأكبر للقاریؒ، ص: ۷۰، ۷۲، و أيضاً فی بحث التوبة منه، ص: ۱۶۲، قديمی)
(وكذا فی التاتارخانية ، كتاب أحكام المرتدين ، أواخر فصل فيما يعود إلى الأنبياء عليهم السلام : ۵/۴۸۵، ادارة القرآن)
(وكذا فی الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، الباب التاسع فی أحكام المرتدين ، مطلب : موجبات الكفر أنواع ، و منها ما يتعلق بالأنبياء عليهم السلام : ۲/۲۶۴، رشيديه)
(۲) (الفتاوى العالمكيرية، المصدر السابق)
(۳) (الدر المختار ، كتاب النكاح، باب نكاح الكافر : ۳/۱۹۳، سعيد)
(وكذا فی خلاصة الفتاوى ، كتاب ألفاظ الكفر، الفصل الثانی ، الجنس الأول فی المقدمة : ۴/۳۸۳، رشيديه)
(وكذا فی التاتارخانية ، كتاب أحكام المرتدين ، فصل إذا ارتد أحد الزوجين : ۵/۵۴۶، ادارة القرآن)
(وكذا فی الفتاوى العالمكيرية: ۱/۳۳۹، و مجمع الأنهر : ۱/۳۷۲، والبحر الرائق : ۳/۳۷۳، و تبيين الحقائق : ۲/۶۲۲، كلهم فی كتاب النكاح، باب نكاح الكافر)
(۴) (رد المحتار ، كتاب الطلاق ، باب النفقة ، مطلب فی الأمر بالاستدانة على الزوج : ۳/۵۹۱،سعيد)

ہوئی، البتہ عورت کو حق ہے کہ شوہر پر نفقہ کے مطالبہ کا دعوی کرے، اگر شوہر کے پاس نفقہ دینے کی گنجائش نہیں بلکہ وہ تنگدست ہے تو حاکم عورت کو اجازت دیدے گا کہ وہ قرض لے کر اپنا نفقہ پورا کرے اور اس قرض کی ادائیگی شوہر پر ہوگی: "و من أعسر بنفقة المرأة، لم يفرق بينهما، و يقال لها: استدينى عليه". ہدایہ: ۲/ ۴۱۹ (۱)۔

اور اگر زوج کے پاس نفقہ دینے کی گنجائش ہے تو حاکم اس کے اوپر جبر کرے گا اور اس کے مال سے نفقہ دے گا: "و لو امتنع عن الإنفاق عليها مع اليسر، لم يفرق، و يبيع الحاكم عليه ماله و يصرفه فى نفقتها، فإن لم يجد ماله يحبسه حتى ينفق عليها و لا يفسخ". فتح القدير: ۳/ ۳۲۹ (۲)۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ۔

صحیح: بندہ عبدالرحمٰن، صحیح: عبداللطیف، ۶/ محرم الحرام/ ۵۲ھ۔

کیا بت کی پوجا سے نکاح ختم ہو جاتا ہے؟

سوال [۷۳۲]: میری شادی ایک دیہات میں ہوئی ہے، میرا شوہر ماتا کو دھوک دیتا ہے اور اس کی پوجا کرتا ہے حالانکہ مسلمان ہے، سوال یہ ہے کہ پوجا کرنے سے مسلمان رہا یا نہیں اور میرا نکاح باقی رہا یا نہیں؟ یہ مجھ کو بھی مجبور کرتا ہے کہ میں بھی اس کے ساتھ پوجا کروں، اب میرے لئے کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اگر شوہر نے بت کی پوجا کی جس طرح کہ ہندو کرتے ہیں تو اس سے نکاح بھی ٹوٹ گیا اور اس کا ایمان بھی جاتا رہا (۳)، جب تک کہ وہ تجدید ایمان اور تجدید نکاح نہ کرے اس سے علیحدہ رہیں اور اس بات میں اس کا

---

(۱) (الهداية، كتاب الطلاق، باب النفقة،: ۲/ ۴۳۹، مكتبه شركة علميه)

(۲) (فتح القدير، كتاب الطلاق، باب النفقة: ۴/ ۳۹۰، مصطفى البابى بمصر)

(۳) "و كما لو سجد لصنم أو وضع مصحفاً فى قاذورة، فإنه يكفر و إن كان مصدقاً". (رد المحتار، كتاب الجهاد باب المرتد: ۴/ ۲۲۲، سعيد)

"وارتداد أحد الزوجين: أى تبدل اعتقاد الإسلام بالكفر حقيقةً على أحدهما كما إذا تمجس أوتنصر، أو حكماً، كماإذا قال بالإختيار ما هو كفر بالإتفاق فسخ: أى رفع لعقد النكاح فى الحال". =

Made Searchable using ScribeTools.com

حکم ہرگز نہ مانیں (۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ مدرسہ دارالعلوم دیوبند، ۶/۱۱/۸۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند۔

مُرتد کا نکاح فسخ ہوگیا

سوال[۷۳۳]: ایک مسلمان لڑکا فرقہ قادیانی میں جاکر مل گیا ہے، اس لڑکے کی پہلی شادی مسلمان لڑکی سے ہوئی تھی اور اب اس نے دوسری شادی قادیانی لڑکی سے کرلی اور لڑکا اکثر گھر سے باہر رہتا ہے، جب کبھی گھر آتا ہے تو گھر والوں سے کہتا ہے کہ میں قادیانی ہوگیا ہوں، اب آپ لوگ میرے ہاتھ کا کھانا نہیں کھاسکتے اور آپ لوگ میرا جنازہ تک نہیں پڑھ سکتے۔اب اس صورت میں اس کا پہلا نکاح فسخ ہوگیا یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مرزا غلام احمد قادیانی حکمِ شرعی کے اعتبار سے کافر ہے اور جو شخص اس کے مذہب کو اختیار کرے وہ بھی مرتد ہے (۲) جس کی وجہ سے اس کا نکاح فسخ ہوگیا (۳)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۳/۱۱/۱۴۰۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۳/۱۱/۱۴۰۰ھ۔

= (مجمع الأنهر ، باب نكاح الكافر : ۱/۶۷۲، دار احياء التراث العربى بيروت)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، الباب العاشر فى نكاح الكافر : ۱/۳۳۹، رشيديه)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب النكاح ، باب نكاح الكافر : ۳/۳۷۳، رشيديه)

(۱) قال النبى صلى الله عليه وسلم :"لا طاعة لمخلوق فى معصية الخالق". (فيض القدير ، رقم الحديث: ۹۹۰۳ : ۱۲/۶۴۸۶، نزار مصطفى الباز مكة المكرمة)

(ومسند الإمام أحمد بن حنبل ، رقم الحديث ، ۲۰۱۳۰، ۶/۵۹، دار إحياء التراث العربى بيروت)

(وكذا فى مشكوة المصابيح ، كتاب الامارة والقضاء ، الفصل الثانى : ۲/۳۲۱، قديمى)

(۲) "لاخلاف فى كفر المخالف فى ضروريات الإسلام وإن كان من أهل القبلة، المواظب طول عمره على الطاعات". (مجموعه رسائل كشميرى، إكفار المحلدين: ۳/۱۷)

(۳) "وارتداد أحد الزوجين: أى تبدل اعتقاد الإسلام بالكفر حقيقةً على أحدهما، كما إذا تمجس أوتنصر، أو حكماً، كماإذا قال بالإختيار ما هو كفر بالإتفاق فسخ: أى رفع لعقد النكاح فى الحال". (مجمع الأنهر ، باب نكاح الكافر : ۱/۶۷۲، دار إحياء التراث العربى بيروت)..... =

نکاح مرتدہ

سوال[۷۳۴۴]: کیافرماتے ہیں علماءدین اس مسئلہ میں، سماۃ غفوراًمرتدہ ہوکرعیسائی ہوگئی اور عرصہ تک عیسائی مشن میں رہی، بدقتِ تمام اس کو وہاں سے نکالا گیا اور پھر مسلمان کر کے مسمی عبداللہ مسماۃ کے سوتیلے باپ کے برادرزادہ سے اس کا نکاح کیا گیا۔عورت مذکور کے متعلق مندرجہ ذیل سوالات ہیں:

۱.....بحالتِ ارتداد مسماۃ غفوراً کا نکاح شوہرسابق سے باقی رہایانہیں؟

۲.....اگرنکاح سابق مرتد ہونے سے فسخ ہوگیا تو عقدثانی جوعبداللہ سے ہوا توصحیح ہوگا،لہذا بصحت عقدثانی شوہرسابق کا شوہرثانی عبداللہ سے مسماۃ کے مہر کا معاوضہ کا مطالبہ کرنا درست ہے یانہیں؟

۳.....اگرسابق نکاح بدستورقائم رہاتو عقدثانی جومسمی عبداللہ سے ہوااس کا کیاحکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

۱.....صورتِ مسئولہ میں مسماۃ مذکور کے لئے جائزنہیں کہ علاوہ شوہرسابق کے کسی اَور سے نکاح کریں، بلکہ اگرشوہراول اپنے نکاح میں رکھنا چاہتا ہےتو شرعاً عورت پر جبرکیا جاوے گا،شوہراول سے نکاحِ اول کی تجدید کرلے۔

"و ليس للمرتدة التزوج بغير زوجها، و به يفتى". در مختار (۱). وقال الطحطاوى: "وقوله: تجبر على تجديد النكاح مع الزوج، فلكل قاض أن يجدد النكاح بمهر يسير و لو بدينار، رضيت أم لا، و تمنع من التزوج بغيره بعد إسلامها، قال فى البحر: ولا يخفى أنه محله إذا طلب الأول ذلك، أما إذا رضى بتزوجها من غيره فهو صحيح؛ لأن الحق له، و كذلك لو لم يطلب تجديد النكاح، واستمر ساكتاً لا يجدده القاضى حيث أخرجها من بيته" (۲) ۔

= (وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، الباب العاشر فى نكاح الكافر : ۱/۳۳۹، رشيديه)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب النكاح ، باب نكاح الكافر : ۳/۳۷۳، رشيديه)

(۱) (الدر المختار، كتاب الجهاد ، باب المرتد : ۳/۲۵۳، سعيد)

(۲) (حاشية الطحطاوى على الدر المختار ، باب نكاح الكافر : ۲/۸۴، ۸۵، دار المعرفة بيروت)

(وكذا فى رد المحتار، باب نكاح الكافر : ۳/۱۹۴، سعيد) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

۲.....شوہر سابق کو شرعاً حق حاصل ہے کہ مسماۃ مذکورہ کا عبداللہ سے مطالبہ کرے، اگر اس کے نکاح سے راضی نہیں ہے، اگر اس کے نکاح سے راضی ہے اور خود تعلق زوجیت کو ختم کر چکا تو مطالبہ کافی نہیں۔

۳.....شوہر سابق اگر راضی نہیں عورت کے اس نکاح ثانی سے تو یہ نکاح صحیح نہیں ہوا، لیکن اگر شوہر سابق عورت کے اس نکاح ثانی سے راضی ہے، تو یہ صحیح ہے(۱)۔ واللہ اعلم۔

العبد محمود عفی عنہ۔

عبداللطیف، ۳۰/ ذی الحجہ/ ۵۱ھ۔

ارتدادِ زوجہ سے فسخ نکاح

سوال[۷۳۵]: ایک عورت عیسائی مذہب اختیار کر لیتی ہے پھر مسلمان ہو جاتی ہے آیا اس کا نکاح باقی ہے سابق خاوند سے یا نہیں؟ بالتفصیل تحریر فرمائیں کہ عیسائی مذہب اختیار کرنے کے بعد خواہ کتنی ہی مدت کے بعد مسلمان ہو اور مسلمان ہونے کے بعد اگر سابق خاوند کے علاوہ سے نکاح کرے تو کیا حکم ہے آیا فسخ ہو جائے گا یا نکاح درست ہو جائے گا؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

صورتِ مسئولہ میں احناف کی کئی روایتیں ہیں، اس زمانہ میں جو مفتی بہ ہے وہ یہ ہے کہ عورت کا نکاح اس حرکت سے فسخ نہیں ہوا بلکہ وہ بدستور شوہر سابق کے نکاح میں باقی ہے، چاہے کتنا ہی زمانہ گزر جائے اس کا دوسری جگہ نکاح کرنا جائز نہیں۔

البتہ شوہر کو اس سے استمتاع ہی منع ہے، جب وہ تجدیدِ اسلام کر لے تو احتیاطاً تجدید نکاح بھی کر لے، اس کے بعد استمتاع جائز ہو جائے گا، اگر سابق شوہر اس کو نہ رکھنا چاہے، بلکہ آزاد کر دے تو اس کو دوسری جگہ نکاح کرنا درست ہوگا اور جب تک سابق شوہر آزاد نہ کر دے تو اگر دوسری جگہ نکاح بھی کر دیا تو درست نہیں،

= (وكذا في البحر الرائق، باب نكاح الكافر: ۳/۳۷۴، رشيديه)

(وكذا في مجمع الأنهر، باب نكاح الكافر: ۱/۳۷۲، دار إحياء التراث العربي بيروت)

(۱) شامی میں بحوالہ البحر الرائق اور النھر الفائق لکھا ہے کہ اگر شوہر اول نے نکاح ثانی کی اجازت دی تو نکاح ثانی صحیح رہے گا کیونکہ شوہر اپنے حق کو خود ساقط کر رہا ہے۔ ملاحظہ فرمائیں، ص: ۵۶۶، حاشیہ نمبر: ۲۔

بلکہ غیر معتبر اور کالعدم ہے(۱)، حیلۂ ناجزہ میں اس کی تفصیل موجود ہے(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم

صحیح: سعید احمد غفرلہ، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: عبد اللطیف، ۱۶/محرم/۱۳۶۰ھ۔

عورت کے مرتد ہونے سے نکاح فسخ نہیں ہوتا

سوال[۷۳۶]: ایک عورت اپنے شوہر کے یہاں رہنے کے لئے تیار نہیں، بلکہ اپنے خاص دوست کے یہاں جانا چاہتی ہے، جو شادی سے پہلے کے دوست بنے ہوئے ہیں، اور شوہر طلاق بھی نہیں دیتا تو ایک آدمی نے خلاصی کا یہ طریقہ بتلا دیا کہ ارتداد کا اعلان کردے تو نکاح خود بخود ٹوٹ جائے گا، پھر دوست سے نکاح کرسکتی ہے، چنانچہ اس عورت نے ارتداد کا اعلان کردیا، لہذا اس طرح دوست سے نکاح ہوسکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اس صورت میں دوست سے نکاح کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی، سابق نکاح بدستور باقی ہے، (مختار قول پر) ارتداد سے فرقت نہیں ہوئی، اول خاوند کے پاس ہی رہنا ہوگا اور جس شخص نے ارتداد کرا کے خلاصی کا طریقہ بتایا ہے، وہ خود اس سے مرتد ہوگیا(۳)، جلد سے جلد تائب ہوکر تجدید ایمان کرنا چاہئے ورنہ "خسر الدنیا والآخرة" کا مصداق ہوگا، کمافی الدر المختار علی هامش رد المحتار۔

"و لا تتزوج بغیره و به یفتیٰ . الملتقط":۳/۲۶۳ (۴)۔ "وأفتیٰ مشایخ بلخ بعدم

---

(۱) (تقدم تخریجه تحت عنوان: "نکاح مرتدہ" رقم الحاشیة ۱، ۲)

(۲) (الحیلة الناجزة، حکم ارتداد زوجہ، ص: ۱۸۱ – ۱۸۵، دار الاشاعت)

(۳) "من أمر امرأةً حتی ترتدّ عن الإسلام لتبین من زوجها، فهو کافر". (الفتاویٰ التاتارخانیة، کتاب أحکام المرتدین، فصل فی تعلیم الکفر و تلقینه اهـ: ۵/۵۲۶، إدارة القرآن کراچی)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب السیر، باب أحکام المرتدین: ۵/۲۰۸، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، الباب التاسع فی أحکام المرتدین، مطلب: موجبات الکفر أنواع، و منها ما یتعلق بتلقین الکفر اهـ: ۲/۲۷۶، رشیدیه)

(۴) (الدر المختار، کتاب الجهاد، باب المرتد: ۴/۲۵۲، سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

الفرقة بردتها زجراً وتيسيراً لا سيماً التى وقع فى المكفر ثم تنكر". و هكذا فى فتاوى عالمگيرى: ۲/۲٤٦ (۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ دارالعلوم دیوبند۔

غیر مسلم کے ساتھ چلے جانے پر نکاح کا حکم

سوال[۷۳۷]: ایک مسلمان عورت ایک خاکروب کے گھر میں تیرہ روز رہی اور اس نے اس خاکروب کے گھر سے کھانا بھی کھایا اور زنا بھی کیا اور اس خاکروب کے گھر میں خنزیر بھی ہیں، یہ بھی سنا جاتا ہے کہ اس عورت کے تعلقات ناشائستہ خاکروب سے پہلے بھی تھے جس کی چشم دید شہادت کوئی نہیں، بعد تیرہ روز معرفت پولیس وہ عورت گرفتار کرائی گئی، اس وقت وہ عورت خاکروب کے رخ پر تھی، بعد میں تھانہ دار کے جبر کرنے پر اس عورت نے اپنے خاوند کا رخ کیا اور پھر اس عورت نے یہ بھی کہا کہ میں تو چوہڑی (۲) ہوگئی۔اب وہ عورت خاوند کے گھر میں ہے کھانا پینا علیحدہ ہے اور اب وہ عورت اسلام ہی میں رہنا چاہتی ہے شرعی حکم کیا ہے؟

چھچرولی ڈاک خانہ ریاست کلہ، ضلع انبالہ، عبدالوہاب عرائض نویس۔

ان الفاظ سے عورت کا یہ منشاء نہ تھا کہ میں نے مذہب اسلام چھوڑ دیا اور چوہڑوں کا مذہب اختیار کرلیا ہے بلکہ یہ منشاء ہے کہ میں خاکروب کے ساتھ مخلوط ہوئی ہوں اس لئے چوہڑی ہوگئی ہوں۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

اگر عورت نے مذہب اسلام چھوڑ کر اس ہندو خاکروب کا مذہب اختیار کرلیا تھا تو اس کا نکاح ٹوٹ گیا

---

(۱) (لم أطلع على العبارة المذكورة فى الفتاوى العالمكيرية، ولكن وجدتها باللفظ المذكور فى الدر المختار، كتاب النكاح، باب نكاح الكافر : ۳/۱۹۴، سعيد)

إلا أن مضمونها موجود فى الفتاوى العالمكيرية : "ولكل قاض أن يجدد النكاح بأدنى شيء و لو بدينار سخطت أو رضيت، و ليس لها أن تتزوج إلا بزوجها، قال الهندوانى : آخذ بهذا، قال أبو الليث: و به نأخذ، وكذا فى التمرتاشى". (الفتاوى العالمكيرية: ۱/۳۳۹، كتاب النكاح، الباب العاشر فى نكاح الكافر ، رشيديه)

(وكذا فى البحر الرائق ، كتاب النكاح باب نكاح الكافر : ۳/۳۷۳، رشيديه)

(۲) "چوہڑی (چُوہ۔ڑی) خاکروبن، بھنگن، بھنگی کی بیوی"۔(فیروزہ اللغات، ص:۵۴۶، فیروز سنز لاہور)

Made Searchable by ScribeTools.com

تھااور وہ مرتد ہوگئی تھی، اب تجدید ایمان اور تجدید نکاح شرعاً ضروری ہے، اگر خاوند اس کو رکھنا چاہتا ہے تو عورت کو کسی دوسرے سے نکاح کرنا جائز نہیں بلکہ اسی خاوند سے تھوڑے سے مہر پر نکاح جبراً دوبارہ کردیا جائے، عورت اس پر راضی ہو یا نہ ہو، اگر خاوند اس کو رکھنا نہیں چاہتا تو پھر دوسرے کسی مسلمان سے نکاح کرنا بھی جائز ہے(۱)۔ لیکن اس ہندو خاکروب سے یا کسی اَور ہندو غیر مسلم سے اس کا نکاح ہرگز جائز نہیں ۔

اور اگر اس عورت نے مذہب اسلام نہیں چھوڑا تھا بلکہ خواہش نفسانی کی وجہ سے اس خاکروب کے گھر بھاگ گئی تو اس کا نکاح نہیں ٹوٹا، بدستور خاوند کے ساتھ قائم ہے(۲)، البتہ اپنی ناشائستہ حرکت سے سچے دل سے توبہ کرنا نہایت ضروری ہے۔ سوال کے بعض الفاظ مبہم ہیں، اس لئے تجدید ایمان ونکاح احتیاطاً کرہی لینا بہتر اور مناسب ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین المفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۸/۱۰/۵۲ھ۔

صحیح: عبداللطیف عفا اللہ عنہ مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۸/شوال/۵۲ھ۔

غیر مسلم کے ساتھ بھاگ جانے سے نکاح پر اثر

سوال[۷۳۸]: ہندہ شادی کے بعد چھ ماہ وہ اپنے شوہر کے پاس رہی، پھر ایک روز رات کو بھاگ

---

(۱) "وارتداد أحدهما فسخ فی الحال ..... و بعض مشایخ بلخ و مشایخ سمرقند أفتوا بعدم الفرقة بردتها حسماً لباب المعصیة والحیلة للخلاص منه . و عامة مشایخ بخاری أفتوا بالفرقة، لکنها تجبر علی الإسلام والنکاح مع زوجها الأول ؛ لأن الحسم یحصل بهذا الجبر ..... قالوا: ولکل قاض أن یجدد النکاح بمهر یسیر و لو بدینارٍ رضیت أو لا ..... وصحّح فی المحیط والخزانة ظاهر الروایة من وقوع الفرقة والجبر علی تجدید النکاح من الأول و عدم تزوجها بغیره بعد إسلامها . وقال الولوالجی : وعلیه الفتوی. ولا یخفی أن محله ما إذا طلب الأول ذلک، أما إذا رضی بتزوجها من غیره، فهو صحیح ؛ لأن الحق له". (البحر الرائق، کتاب النکاح، باب نکاح الکافر : ۳/۳۷۳، ۳۷۴، رشیدیه)

(۲) "و ما کان خطأً من الألفاظ و لا یوجب الکفر ، فقائله مؤمن علی حاله ، و لایؤمر بتجدید النکاح والرجوع عن ذلک ، کذا فی المحیط". (الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر ، قبیل الباب العاشر فی البغاة: ۲/۲۸۳، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

گئی، بہت تلاش کیا مگر ایک ہندو لڑکے کے یہاں سے ملی، پھر اس کو لے کر آ گئے اور اس کے باپ کے حوالے کردی تو اس کا اسلام قائم رہا یا نہیں وہ لڑکی رکھنے کے قابل ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اگر اس نے شرک وکفر نہیں کیا تو وہ اس کمینہ حرکت کے باوجود اسلام سے خارج نہیں ہوئی (۱) شوہر رکھنا چاہے تو رکھ سکتا ہے (۲)۔ آئندہ ایسی حرکت سے پختہ توبہ کرلے۔ فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

کیا تعزیہ بنانے سے نکاح فسخ ہوجاتا ہے؟

سوال[۷۳۹]: شریعتِ مطہرہ کا حکمِ منع سن کر اگر مسلمان نہ مانیں، پھر اسی مسجد میں تعزیہ بناویں یا رکھیں یا مسجد کے پاس نماز وجماعت کے وقت شور وغل مچاویں تو ان کا نکاح باطل ہوجائے گا یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

صرف عمل نہ کرلینے سے نکاح باطل نہ ہوگا اگرچہ گناہ ہوگا، کسی حکمِ شرعی کا استخفاف واستہزاء کفر ہے (۳)

---

(۱) "ثم إن كانت نية القائل الوجه الذى يمنع التكفير فهو مسلم". (التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، الفصل الأول: ۴۵۸/۵، إدارة القرآن كراچى)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، باب احكام المرتدين، منها ما يتعلق بتلقين الكفر: ۲۸۳/۲، رشيديه)

(۲) "له امرأة فاسقة لا تنزجر بالزجر، لا يجب تطليقها، كذا فى القنية". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الثلاثون فى المتفرقات: ۳۷۲/۵، رشيديه)

(وكذا فى حاشية الطحطاوى على الدر المختار، كتاب الحظر والإباحة فصل فى البيع: ۲۱۱/۴، دار المعرفة)

(۳) "من قال: لا أصلى جحوداً أو استخفافاً، أو على أنه لم يؤمر أو ليس بواجب انتهى، فلا شك أنه كفر فى الكل". (شرح الفقه الأكبر، فصل فى القراءة والصلوة: ۱۷۰، قديمى)

"إذا أنكر آيةً من القرآن أو استخف بالقرآن أو بالمسجد أو نحوه مما يعظم فى الشرع، أو عاب شيئاً من القرآن أو خطئ أو سخر بآية منه اهـ". (مجمع الأنهر، كتاب الصلوة: ۶۸/۱، دار إحياء التراث العربى)

اوراس سے نکاح فسخ ہوجاتا ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم، ۵۲/۲/۱۹ھ۔

لاپتہ شوہر کی بیوی مرتد ہوگئی

بخدمت شریف جناب مولانا مفتی صاحب مظاہر العلوم اسلامیہ اسکول سہارن پور۔

جناب عالی!

[۷۴۰] نہایت ادب سے گزارش کرتا ہوں کہ ایک معاملہ آنجناب کی خدمت میں پیش کرتا ہوں، امید کرتا ہوں کہ آنجناب بہت جلدی جوابات سے مشکور فرمائیں گے۔

معاملہ:

مسماۃ جنت بی بی دختر سکنہ ریاست بٹیالہ کی ہے، اس وقت اسی کے بارے میں فتویٰ مطلوب ہے، اس کا واقعہ اس طرح ہے کہ اس کی شادی مسمی فضل الدین سے تھی، وہ کچھ واقعہ کر کے اس کو چھوڑ کر کے کسی جگہ چلا گیا اور لاپتہ ہوگیا، کچھ مدت گزرتی رہی بعد میں عورت نے ۸۴/۴/۱۰ کو مقام فیروز پور شدھی یعنی اہل ہنود مذہب اختیار کرلیا اور سرٹیفکیٹ بھی موجود ہے، بعد میں ۸۴/۴/۲۶ کو مذہبِ اسلام پھر قبول کرلیا بمقام فیروز پور مولوی عبدالعزیز صاحب کی خدمت میں حاضر ہوکر، ان ایام میں آوارہ گردی رہی ہے، مذہب اسلام کے بعد عورت کا دین محمد سے ۸۴/۹/۴، کو نکاح پڑھ لیا گیا۔ان ایام میں جب کہ مسماۃ مذکورہ اہل ہنود ہی اور بعد میں پھر اسلام قبول کرلیا کسی قسم کا اعتراض پیدا نہیں ہوا، اب نکاح پڑھنے پر یہ اعتراض کیا کہ آپ کا خاوند زندہ ہے اور طلاق نامہ نہیں ہوا اور نکاح جائز نہیں ہوا ہے، خواہ مخواہ اعتراض پیدا کر کے حیران کرتے ہیں، ان کا نکاح ہو چکا ہے اور کوئی وارث یا والدین کا کوئی اعتراض نہیں ہے۔اس کے بارے میں فتویٰ طلب کرتا ہوں، آیا یہ مسماۃ کا

---

(۱) "وارتداد أحد الزوجين: أی تبدل اعتقاد الإسلام بالكفر حقيقةً على أحدهما، كما إذا تمجس أوتنصر، أو حكماً، كماإذا قال بالإختيار ما هو كفر بالإتفاق فسخٌ: أی رفع لعقد النكاح فی الحال".

(مجمع الأنهر ، باب نكاح الكافر : ۱/۳۷۲، دار إحياء التراث العربی بيروت)

(وكذا فی الفتاوی العالمكيرية، الباب العاشر فی نكاح الكافر : ۱/۳۳۹، رشيديه)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب النكاح ، باب نكاح الكافر : ۳/۳۷۳، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

2

معاملہ جائز ہے یا ناجائز؟

خادم احقر محمد لقمان، ازکوٹ چھورہ خاص ۱۴/۹/۸۴۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

شدھی ہونے پر یا اَور کوئی مذہب تبدیل کرنے پر مفتی بہ قول کی بناء پر مسلمہ عورت کا نکاح فسخ نہیں ہوتا، خواہ اس عورت نے نکاح فسخ کرنے اور اپنے شوہر سے علیحدہ ہونے کے لئے ہی کیوں نہ مذہب اختیار کیا ہو، تب بھی نکاح فسخ نہیں ہوتا۔ پس صورتِ مسئولہ میں عورت کے شدھی ہونے سے نکاح نہیں ٹوٹا بلکہ مسمی فضل الدین کے نکاح میں بدستور باقی ہے اور دوسرے شخص سے نکاح جائز نہیں ہوا(۱)، عورت کو لازم ہے کہ دوسرے شخص سے بالکل علیحدہ رہے، اس کو صحبت وغیرہ کا ہرگز ہرگز موقع نہ دے، کیونکہ یہ زنا ہے جو کہ حرام ہے۔ ماں باپ یا دوسرے رشتہ داروں کے خاموش رہنے پر بلکہ اگر وہ خوش ہوکر نکاح ثانی کردیں تو اس سے بھی کچھ نہیں ہوتا۔

اگر مسمی فضل الدین کہیں مارا گیا اور اس کا کوئی پتہ معلوم نہیں، نہ اس کی موت وحیات کی خبر ہے اور عورت صبر وضبط نہیں کرسکتی تو اس کو چاہئے کہ حاکم مسلم کی عدالت میں مقدمہ پیش کرے اور بیان دے کہ مسمی فضل الدین سے میرا نکاح ہوا ہے، اس پر گواہ باقاعدہ پیش کرے کہ نہ تو نان ونفقہ دے کر گیا ہے اور نہ کسی کو کفیل بنا کر گیا ہے، اور نہ وہاں سے بھیجتا ہے، مجھے نکاحِ ثانی کی سخت ضرورت ہے، نیز میں عصمت پر قادر نہیں، زنا میں مبتلا ہونے کا قوی اندیشہ ہے اور سب بیان حلفیہ دے۔ حاکم مسلم باقاعدہ واقعات کی تحقیق کرے اور مسمی فضل الدین کو تلاش کرے، جب اس کے ملنے سے مایوس ہوجائے تو عورت کو چار سال تک کے انتظار کا حکم دے، اگر وہ اس مدت میں آ گیا تب تو خیر، ورنہ عورت کے مطالبہ پر مسمی فضل الدین پر موت کا حکم لگادے۔ اس کے بعد عورت عدتِ وفات گزار کر دوسرا نکاح کرسکتی ہے، اگر حاکم مسلم چاہے تو چار سال سے کم بھی مدت متعین کرسکتا ہے۔

اگر کسی جگہ حاکم مسلم نہ ہو یا وہ شریعت کے موافق فیصلہ نہ کرے تو چند مسلمان دینداروں کی ایک جماعت بھی یہ سب کام کرسکتی ہے، اس جماعت میں کم از کم ایک معتبر عالم معاملہ شناس ہونا بھی ضروری ہے

---

(۱)(قد تقدم تخریجه تحت عنوان ''نکاح مرتدہ'')

اور جب تک اس طریقہ سے فسخ کرا کے عدت نہ گزاری جائے تو نکاح ثانی جائز نہ ہوگا، رسالہ ''حیلۂ ناجزہ'' کا دیکھنا بھی ضروری ہے اس میں اس مسئلہ کو خوب تفصیل سے لکھا ہے(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۲/ رجب/ ۵۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔ صحیح: عبداللطیف، ۲۲/ رجب/ ۵۷ھ۔

مرتد کی تجدید نکاح میں مہر جدید وغیرہ ضروری ہے

سوال[۷۴۱]: زید نے بکر سے ایک چیز مانگی اور قرآن کی قسم کھا کر یقین دلایا کہ وہ چیز تم کو لوٹادوں گا، بکر نے وہ چیز دیدی، کچھ عرصہ بعد مانگنے پر زید نے انکار کردیا، بکر نے حلف یاد دلایا، اس پر زید نے کہا میں قرآن سے منکر ہوں، اس کے بعد دوسرے کلمات کہے، مجھے خدا سے انصاف کی امید نہیں، جو کچھ سزا ملے گی اس دنیا میں ملے گی، آخرت میں کوئی چیز نہیں، میں تو بددین کافر ہوں وغیرہ وغیرہ، لیکن جب زید کا غصہ ختم ہوگیا تو بکر نے زید سے توبہ کرائی، کلمۂ شہادت کلمۂ طیبہ پڑھوایا، پھر پوچھا مندرجہ بالا کلمات کی ادائیگی کے وقت آپ کا ارادہ اور نیت کیا تھی؟ کیا واقعی ایمان سے ہاتھ دھونے کا ارادہ تھا؟ زید نے جواب دیا کہ میری نیت اس وقت اللہ تعالیٰ سے بغاوت اور اسلام سے پھر جانے کی نہیں تھی، بلکہ دل دل میں اللہ تعالیٰ سے توبہ کررہا تھا۔ مندرجہ بالا صورت حال کے متعلق درج ذیل سوالات کے جوابات مدلل طور پر نوازیں۔

۱.....مذکورہ بالا صورت میں زید کا نکاح فسخ ہوگیا یا نہیں؟

۲.....اگر فسخ ہوگیا تو زید کے نکاح کی کیا صورت ہے؟ تجدید نکاح میں گواہ اور اعلان عام، نئے مہر کا تعین، خطبۂ نکاح، زوجین کی اجازت، جو لوازمات نکاح میں سے ہے، یہ سب کئے جائیں گے یا نہیں؟

۳.....اگر نکاح فسخ ہوگیا تو بیوی پر عدت لازم ہے یا نہیں؟ اگر ہے تو کتنی مدت کی؟ نیز نکاح عدت کے بعد ہوگا یا عدت کی ضرورت نہیں ہے؟

۴.....زید کی بیوی اگر زید سے نکاح نہ کرنا چاہے بلکہ کسی دوسرے شخص سے نکاح کرنا چاہے تو کرسکتی ہے یا نہیں؟ اس کے لئے کیا شرائط ہیں یعنی عدت واجب ہوگی یا نہیں؟ یا زید کا طلاق دینا ضروری ہے؟ مذکورہ بالا کفریہ کلمات کہنے سے تجدید ایمان وتجدید نکاح لازم ہے یا نہیں؟ اور جب تک تجدید ایمان ونکاح نہ کرے

---

(۱) (الحیلة الناجزه، لحکیم الأمة التهانوی رحمه الله تعالیٰ)

Made searchable using ScribeTools.com

دوسرے مسلمان اس سے کیسا تعلق رکھیں؟ نیز زید کا یہ کہنا کہ یہ الفاظ زبان سے کہہ رہا تھا دل سے ان کا انکار کر رہا تھا یا غصہ میں نکل گئے، اس کے لئے تجدید ایمان ونکاح کی ضرورت ختم کردے گا یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

۱،۲،۳..... زید کے ذمہ تجدیدِ ایمان توبہ واستغفار کے ساتھ (۱) تجدید نکاح کا بھی حکم ہے (۲)۔

---

(۱) قد كفر هذا القائل بكل واحد من أقواله المذكورة : إما لقوله : ''میں قرآن کا منکر ہوں'' لأنه قال القاری: ''و من جحد القرآن : أی كله أو سورةً منه أو آيةً ، قلت: و كذا كلمةً أوقرأةً متواترةً ، أوزعم أنها ليست من كلام الله تعالىٰ، كفر يعنى إذا كان كونه من القرآن مجمعاً عليه، مثل البسملة فى سورة النمل''. (شرح الفقه الاكبر ، فصل فى القرآة والصلوة :ص:۱۶۷ ، قديمى)

(و بمعناه فى التاتارخانية ، كتاب أحكام المرتدين ، فصل فيمايتعلق بالقرآن : ۵/۴۹۰، ادارة القرآن)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير ، الباب التاسع فى أحكام المرتدين ، مطلب موجبات الكفر أنواع ، و منها ما يتعلق القرآن اهـ : ۲/۲۶۶ ، رشيديه)

وأما لقوله : ''مجھے خدا سے انصاف کی امید ہے'' فقد قال فى التاتارخانية: ''رجل قال: از ہرامیدے کہ بخدا دارم،نومیدم، يكفر''. (كتاب أحكام المرتدين ، قبيل فصل فيما يعود إلى الغيب : ۵/۴۷۶، إدارة القرآن)

''و أما لقوله : ''آخرت میں کوئی چیز نہیں ہے'' فلِمَا فى التاتارخانية، وهو: من أنكر القيامة أو الجنة أو النار أو الميزان أوالحساب أو الصراط أو الصحائف المكتوبة فى أعمال العباد، يكفر ،و فى مصباح الدين : أو جحد أحد و عداً أو ويداً ذكر الله تعالىٰ فى القرآن عندالفزع فى القبر،و فى القيامة ، يكفر''. (كتاب أحكام المرتدين ، فصل فيما يتعلق بأمور الآخرة : ۵/۵۰۰، إدارة القرآن)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، الباب التاسع فى أحكام المرتدين ، مطلب موجبات الكفر أنواع ، و منها ما يتعلق بيوم القيامة اهـ : ۲/۲۷۴ ، رشيديه)

(وكذا فى البحر الرائق ، كتاب السير، باب أحكام المرتدين : ۵/۲۰۶ ، رشيديه)

وأما لقوله:''میں تو بددین کافر ہوں'' فهو أيضا كفر لماقاله الفقهاء الكرام ، قال فى شرح الفقه الأكبر : ''من قال: أنا ملحد، كفر : أى لأن الملحد أقبح أنواع الكفرة، وفى المحيط والحاوى : لأن الملحد كافر''.(فصل فى الكفر صريحاً وكناية ،ص:۱۸۳ ، قديمى)

(۲)'' ثم إن كانت نية القائل ..... الوجه الذى يوجب التكفير ، لا تنفعه فتوى المفتى ''و يؤمر بالتوبة =

دو گواہوں کے سامنے مہر جدید سے دوبارہ ایجاب وقبول کرلیا جائے (۱) خطبۂ نکاح اور اعلان فرض نہیں سنت ہے (۲) تجدید نکاح کے لئے عدت لازم نہیں۔

۴.....زید چونکہ کہتا ہے کہ میرے دل میں ایمان موجود ہے میں نے اسے ترک کا بالکل ارادہ نہیں کیا، بلکہ جو الفاظ زبان سے کہہ رہا تھا دل میں توبہ بھی کر رہا تھا، اس لئے زید کی بیوی کو دوسری جگہ نکاح کا اختیار نہیں بلکہ زید ہی کے ساتھ تجدید نکاح کے بعد رہے، البتہ اگر زید طلاق دیدے تو وہ واقع ہوجائے گی، اور بعد عدت نکاح ثانی کا اس کو اختیار ہوگا۔ بغیر تجدید نکاح زید کو اپنے اوپر قابو نہ دے، تجدید ایمان اور تجدید نکاح بہر حال ضروری ہے بغیر اس کے بیوی اس کو اپنے پاس نہ آنے دے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند ۱/۶/۹۵ھ۔

عورت کے مرتد ہونے سے مہر ساقط نہیں ہوتا

سوال[۷۴۲]: ایک عورت شادی کے بہت دن بعد مرتد ہوگئی، اب شوہر سے مہر کا مطالبہ کرتی ہے، کیا اس عورت کو مہر ملے گا یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

ردت اختیار کرنے سے فرقت واقع نہیں ہوئی، سابق نکاح بدستور باقی ہے (مختار قول پر)۔ دوسرے شخص سے نکاح کی ہرگز اجازت نہیں اور عورت کو پورا مہر ملے گا، کیونکہ شادی کے بعد شوہر کے وطی کرنے کی وجہ سے مہر مؤکد ہوچکا، کما فی الدر المختار علی هامش رد المحتار: ۲/۵٤۰: "وأفتى مشايخ بلخ بعدم الفرقة بردتها زجراً و تيسيراً و لا تتزوج لغيره، به يفتى ،ملتقط": ۲٦۳/۳ (۳) "فللموطوءة

= والرجوع عن ذلک، و بتجديد النكاح بينه و بين امرأته". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير ، قبيل الباب العاشر فى البغاة: ۲۸۳/۲، رشيديه)

(وكذافى التاتارخانية ، كتاب أحكام المرتدين ، فصل فى إجراء كلمة الكفر : ۴۵۸/۵، ادارة القرآن)

(۱) (قد تقدم تخريجه تحت عنوان : "غیر مسلم کے ساتھ چلے جانے پر نکاح کا حکم" حاشية رقم : ۱)

(۲) "و يندب إعلانه (أى النكاح) و تقديم خطبته اهـ". (الدر المختار ، كتاب النكاح : ۸/۳، سعيد)

(۳)(الدر المختار، كتاب النكاح ، باب نكاح الكافر : ۱۹۴/۳، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق ، باب نكاح الكافر : ۳۷۳/۳، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

ولو حكماً كل مهرها لتأكده به". قال الشامي : (قوله: كل مهرها) أطلقه فشمل ارتداده و ارتدادها، بحر: ۵۳۹۲ "(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۵/۳/۸۸ھ۔

کیا ارتداد سے اعمال حبط ہوجاتے ہیں؟

سوال[۷۴۳] : ایت نمبر ۱ : ﴿ومن يرتدد منكم عن دينه، فيمت وهو كافر، فأولئك حبطت أعمالهم فى الدنيا والأخره ﴾الخ (۲)۔

ترجمہ: جوتم میں سے پھر جائے گا اور کفر کی حالت میں ہوجائے گا تو ایسے لوگوں کے عمل ضائع ہوجائیں گے۔

ایت نمبر ۲ : ﴿ومن يكفر بالإيمان، فقد حبط عمله﴾(۳)۔

ترجمہ: جوکوئی ایمان سے پھر گیا تو اس کے عمل ضائع ہوگئے۔

امام شافعی رحمہ اللہ کا استدلال: آیت نمبر:۱، سے امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ نے استدلال کیا ہے کہ جو شخص مرتد ہوجائے اور جب تک وہ کفر کی حالت پر نہ مرے اس کے عمل ضائع نہیں ہوتے، کیونکہ مثلاً جیسے ظہر کی نماز پڑھی اور پھر مرتد ہوگیا اور ابھی نماز کا وقت باقی تھا کہ وہ پھر مسلمان ہوگیا تو اب اس کو ظہر کی نماز مکرر پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے، نماز اس کی ضائع نہیں ہوئی۔ اسی طرح کوئی شخص حج کر کے مرتد ہوجائے اور وہ پھر مسلمان ہوجائے تو اس پر دوبارہ حج کرنا واجب نہیں ہے۔

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا استدلال: آیت نمبر:۲، سے امام صاحب نے استدلال کیا ہے کہ جوکوئی ایمان سے پھر جائے اس کے عمل ضائع ہوگئے۔ اس آیت کو دلیل بنا کر وہ فرماتے ہیں کہ جو بھی ایمان سے پھر جائے اس کے عمل ضائع ہوجائیں گے، مثلاً: اگر وہ مسلمان ہوجائے اور نماز کا وقت باقی ہے تو اس کو دوبارہ نماز پڑھنی ہوگی کیونکہ بوجہ ارتداد کے اس کی پہلی نماز ضائع ہوگئی، اسی طرح اگر اس نے حج کیا ہے تو اس کا وہ حج

---

(۱) (رد المحتار على الدر المختار ، كتاب النكاح، باب نكاح الكافر: ۱۹۴/۳، سعيد)

(۲) (البقرة : ۲۱۷)

(۳) (المائده: ۵)

ضائع ہوگیا اس کو دوبارہ حج کرنا پڑے گا۔

گزارش ہے کہ اگر امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ نے آیت نمبر:۱، کو عمل نہ ضائع ہونے کی دلیل بنایا ہے تو آیت نمبر:۲ کا مطلب ان کے پاس کیا ہے۔ اور اگر امام صاحب نے آیت نمبر:۲، سے عمل ضائع ہونے کا مطلب لیا ہے تو آیت نمبر:۱، کا ان کے پاس کیا مطلب ہے؟ وضاحت کے ساتھ ایماء فرمائیں تو باعثِ شکریہ ہے اور یہ بھی ایماء فرمائیں کہ کافر اگر مسلمان ہوجائے تو بزمانۂ کفر جو اس نے نیکیاں کی ہیں جس کو اسلام بھی نیکیاں مانتا ہے بحال رہیں گی یا نہیں، کیونکہ روایت میں آتا ہے کہ اگر بیوی اور خاوند دونوں ایک وقت میں مسلمان ہوجائیں تو زمانۂ کفر کا نکاح بحال رہے گا، ان کو جدید نکاح کی ضرورت نہ رہے گی۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ اختلاف ایک اصولی اختلاف پر مبنی ہے وہ یہ ہے کہ مفہومِ صفت امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک حجت ہے اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک حجت نہیں جیسے کہ: ﴿ومن لم يستطع منكم طولاً أن ينكح المحصنات المؤمنات، فمما ملكت أيمانكم من فتياتكم المؤمنات﴾(۱). اصولیین نے اس کو مثال میں پیش کیا ہے، كما في إرشاد الفحول وحصول المأمول، والتحرير وغيرها(۲).

---

(۱) (النساء : ۲۵)

(۲) "قال الشافعيؒ: إن الحكم متى علق بشرط أو أضعيف إلى مسمى بوصف خاص أوجب نفى الحكم عند عدم الشرط أو الوصف، ولهذا لم يجز نكاح الأمَة عند فوات الشرط أو الوصف المذكورين فى قوله تعالىٰ: (ومن لم يستطع منكم طولاً أن ينكح المحصنٰت المؤمنات، فمن ماملكت أيمانكم من فتياتكم المؤمنت) الخ". (الحسامى : ۱/۵۴، ۵۵، كتب خانه مجيديه، ملتان)

(وكذا فى أصول الشاشى، الأصل الرابع، ص: ۹۵، قديمى)

(وكذا فى المختصر فى أصول الفقه على مذهب الإمام أحمد بن حنبل : ۱۳۳، دارإحياء التراث العربى)

"مفهوم الصفة : هو دلالة اللفظ المقيد لصفة على نفى الحكم عن الموصوف عند انتفاء تلك الصفة كقوله تعالىٰ: ﴿ ومن لم يستطع منكم طولا﴾ الآية ..... وأثبت الجمهور من الشافعية والحنابلة حجية مفهوم الصفة ..... ونفاه أبوحنيفة ومالک، الخ". (أصول الفقه الإسلامى، للزحيلى : ۱/۳۶۲، رشيديه) =

Made searchable using ScribeTools.com

تفسیر مظہری میں ہے:

"(ومن یرتدد منکم عن دینه، فیمت وهو کافر، فأولئك حبطت أعمالهم) استدل الشافعی رحمه الله تعالیٰ بهٰذه الأیة علی أن المرتد لایحبط عمله مالم یمت علی الکفر، فإن صلی الظهر مثلاً، ثم ارتد- نعوذ بالله منها- ثم آمن والوقت باق، لایجب علیه إعادة الصلوٰة، وکذا من حج ثم ارتد ثم أسلم، لا یجب علیه الحج، وهو احتجاج مفهوم الصفة، وهو غیر معتبر عند أبی حنیفه رحمه الله تعالیٰ. قال أبوحنیفه رحمه الله تعالیٰ: یجب علیه إعادة الصلوٰة إن أسلم والوقت باقٍ، وکذا یجب علیه الحج، لنا قوله تعالیٰ: ﴿ومن یکفر بالإیمان، فقد حبط عمله﴾ وهٰذا مطلق والمطلق لایحمل علی المقید عندنا". والله تعالیٰ اعلم(۱).

جن نیکیوں کے لئے ایمان شرط نہیں وہ ایسے نومسلم کی باقی رہیں گی (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۳/۱۰/۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۳/۱۰/۸۸ھ۔

= (وکذا فی کشف الأسرار مع نور الأنوار علی المنار: ۱/۴۰۶، قدیمی)

(وکذا فی إرشاد الفحول، الباب الثامن فی المنطوق والمفهوم، النوع الأول، مفهوم الصفة: ۳۰۶، مصطفیٰ أحمد الباز)

"المفهوم ینقسم، ..... وإلی مفهوم مخالفة ..... وهو أقسام مفهوم الصفة ..... والحنفیة ینفونه". الخ. (التقریر والتحبیر شرح التحریر اللإمام الکمال بن الهمام، مفهوم المخالفة: ۱/۱۱۵، ۱۱۷، دارالکتب العلمیة، بیروت)

(۱) (التفسیر المظهری: ۱/۲۶۳، ۲۶۴، حافظ کتب خانه کوئٹه)

(وکذا فی روح المعانی للآلوسی: ۲/۱۶۷، دارالکفر)

(وکذا فی التفسیر المنیر: ۲/۲۶۶، دارالکفر)

(۲) "عن ابن شهاب قال: أخبرنی عروة بن الزبیر أن حکیم بن حزام أخبره أنه قال لرسول الله صلی الله علیه وسلم: أرأیت أموراً کنت أتحنّث بها فی الجاهلیة، هل لی فیها من شئی؟ فقال له رسول الله صلی الله علیه وسلم: =

Made Searchable by ScribeTools.com

مرتد ہونے سے کفارہ ساقط نہیں ہوتا

سوال[۷۴۴۴]: زید نے کہا کہ میں رات میں قرآن شریف کے ایک صفحہ کو حفظ کروں گا ورنہ جتنی دفعہ جتنا کھانا کھاؤں گا سب میرے لئے حرام ہے، اب زید نے حفظ قرآن شریف پڑھنا چھوڑ دیا اور چند دن کے بعد اس نے یہ خیال کر کے کہ میں نے جو قسم کھائی ہے اس کا شاید کفارہ نہیں ہوسکتا ہے، یہ گمان کر کے العیاذ باللہ مرتد ہوگیا، پھر ایک گھنٹہ کے بعد اسلام لایا۔ اب دریافت طلب یہ امر ہے کہ زید اسلام لانے کے بعد وہ قسم کے کفارہ سے سبکدوش ہوگیا یا نہیں، اگر نہیں ہوا تو کیا کرنا چاہئے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

حالتِ اسلام میں جو کفارہ لازم ہے، ارتداد سے اس کے سقوط میں اختلاف ہے، محققین کے نزدیک ساقط نہیں ہوتا، پس تجدید اسلام کے بعد کفارہ کی ادائیگی لازم ہے۔

"و يقضى ما ترك من عبادة فى الإسلام ؛لأن ترك الصلوة والصيام معصية، والمعصية تبقى بعد الردة"(۱). "قال أبوالسعود نقلاً عن القهستانى: وفيه إشارة إلى أنه لا يسقط بالردة ما هو من حقوق العباد، و كذا حقوقه التى يطالب بها الكفار كالحدود سوى الشرب، كما فى شرح الطحاوى. وكذا مالا يطالبون به مثل الصلوة والصوم و الزكوة والنذر والكفارة، فيقضى إذأسلم على ما قاله شمس الأئمة؛ لأن تركها معصية، والمعصية بالردة لا ترتفع، كمافى قاضى

= "أسلمت على ما أسلفت من خير" والتحنث (التعبد) ..... وذهب ابن بطال وغيره من المحققين إلى أن الحديث على ظاهره، وأنه إذا أسلم الكافر ومات على الإسلام، يثاب على مافعله من الخير فى حال الكفر، واستدلوا بحديث أبى سعيد الخدرى رضى الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "إذ أسلم الكافر فحَسُن إسلامه، كتب الله تعالىٰ له كل حسنة كان زلفها، ومحى عنه كل سئية كان زلفها، وكان عمله بعد الحسنة بعشر أمثالها إلى سبع مائة ضعف، والسيئة بمثلها إلا أن يتجاوزه الله تعالى". (الصحيح لمسلم مع شرحه للنووى، كتاب الإيمان، باب بيان حكم عمل الكافر إذا أسلم بعده: ۱/۷۶، ۷۷،قديمى)

(۱) (الدر المختار على هامش الطحطاوى، كتاب الجهاد، باب المرتد: ۲/۴۸۸، دارالمعرفه)

Made searchable using ScribeTools.com

خان وغیرہ اھـ". طحطاوی: ۲/۴۸۸ (۱) ۔علامہ شامی نے بھی ردالمحتار میں اسی کو اختیار کیا ہے(۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم، ۵۶/۱۲/۲۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، ۱۰/محرم/ ۵۷ھ۔

جنازۂ مرتد پر نماز اور مسلم قبرستان میں دفن

سوال[۷۴۵]: جنازۂ مرتد کی نماز جنازہ پڑھنا پڑھانا اور مسلم قبرستان میں دفن کرنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

مرتد کے جنازہ کی نماز درست نہیں، اس کو مسلمانوں کی طرح غسل وکفن دے کر مسلم قبرستان میں دفن نہ کیا جائے (۳)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۷/۲۴ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۷/۲۵ھ۔

کیا ارتداد سے یمین ساقط ہوجاتی ہے؟

سوال[۷۴۶]: اگر زید نے اسلام کی حالت میں قسم کھالی کلما کے ساتھ یعنی "جب بھی میرا نکاح

---

(۱) (حاشیة الطحطاوی علی الدر المختار، کتاب الجهاد، باب المرتد: ۴۸۸/۲، دار المعرفة بیروت)

(۲) (رد المحتار، کتاب الجهاد، باب المرتد، مطلب: المعصیة تبقی بعد الردة: ۲۵۱/۴، سعید)

(۳) "أما المرتد، فیلقی فی حفرة کالکلب". (الدر المختار) و فی رد المحتار: (قوله: فیلقی فی حفرة): أی و لا یغسل، و لا یکفن، و لا یدفع إلی من انتقل إلی دینهم، بحر عن الفتح". (کتاب الصلوة، باب صلوة الجنازة، قبیل مطلب فی حمل المیت: ۲۳۰/۲، کراچی)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلوته: ۳۳۴/۲، رشیدیه)

(وکذا فی فتح القدیر، باب الجنائز، قبیل فصل فی حمل الجنازة: ۱۳۲/۲، مصطفیٰ البابی الحلبی مصر)

ہوتو طلاق ہو''۔اور پھراس کے بعد میں زید نعوذ باللہ من ذالک مرتد ہوجائے اور پھر اسلام لے آئے تو اس قسم کا اعادہ نہیں ہوگا؟ برائے کرم مکمل ومدلل مع احادیث وفقہ تحریر فرمائیں۔فقط۔

والسلام محمد نفیس خان لکھیم پوری، متعلم دارالعلوم دیوبند،۲/ ذیقعدہ/۱۴۰۰ھ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس نیت سے مرتد ہونا کہ تعلیق باطل ہ جائے نہایت خطرناک ہے،نہیں معلوم کہ ارتداد کے بعد اسلام قبول کرنے کی مہلت ملتی ہے یانہیں، اس سے پہلے ہی وقت موعود آجاتا ہے۔ نیز پھراسلام سے محبت رہے یانفرت پیداہوجائے۔فقہاء نے یہ بھی لکھا ہے کہ جوشخص یہ نیت کرے کہ کل کومرتد ہوجائے گا تووہ ابھی سے کافر ہوجاتا ہے(۱)۔

تصرفات مرتد کے ذیل میں شامی، بحروغیرہ میں تعلیق کے ذیل بطلان وبقاء یمین کے متعلق امام اعظم وصاحبین رحمہم اللہ کا اختلاف نقل کیا ہے۔کوئی شخص مرتد ہوکر دارالحرب میں چلا جائے اور قاضی اسلام اس کے لحاق کا حکم کردے پھروہ مسلمان ہوکر دارالاسلام میں لوٹ آئے تو اس کی تعلیق بھی عود کرآئے گی جیسے کہ اس کی املاک باقیہ عود کرآئے گی، یہ مسلک صاحبین رحمہما اللہ کا۔اورامام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک حکم لحاق بمنزلۂ موت کے ہے جس کی بناء پر تعلیق ساقط ہوچکی ہے،اب اس کے عود الی الاسلام سے تعلیق عود نہیں کرے گی:"وكذا يبطل بلحاقه مرتداً ابدار الحرب خلافاً لهما اه". درمختار۔ (قوله: وكذايبطل): أى التعليق (قوله: خلافالهما): أى للصاحبين، فعند هما لايبطل التعليق؛ لأن زوال الملك لايبطله، وله أن بقاء تعليقه باعتبارقيام أهليته وبالإرتداد ارتفعت العصمة فلم يبق تعليقه لفوات الأهلية، فإذا عاد إلى الإسلام لم يعيد ذالك التعليق الذ ى حكم

---

(۱)" ولوقال: ماأمرنى فلان أى من المشائخ أوالعلماء والأمراء أفعل ولوبكفر، أوقال: ولوكان كلمة كفر، كفر: أى لأنه نوى الكفرفى الاستقبال فيكفرفى الحال". (شرح الفقه الأكبر، ص:۱۸۴، فصل فى الكفرصريحاوكنايه، قديمى)

(وكذا فى مجمع الأنهر: ۲/۵۰۲، كتاب السيروالجحاد باب المرتد، مكتبه غفاريه كوئٹه)

(وكذا فى البزازيه على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية:۶/۳۲۱، كتاب السير، الباب الرابع فى المرتد الثانى فيمايكون كفرامن المسلم ومالايكون، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

بسقوطه". بحر عن شرح المجمع للمصنف". شامی: ۲/۴۹۷(۱)۔فقط واللہ تعالی اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۱۱/۱۴۰۰ھ۔

ردت کے بعد کلما کی قسم کا حال

سوال[۷۴۷]: کسی شخص نے کلما کے لفظ سے قسم کھالی اور یہ گمان وخیال کیا کہ دنیا میں اس کا کفارہ کسی چیز وصورت میں نہیں ہوسکتا، لہٰذا وہ شخص مرتد ہوگیا، (العیاذ باللہ تعالی عنہ) پھر وہ شخص آدھ گھنٹہ کے بعد اسلام لایا۔ دریافت طلب امر یہ ہے کہ اس ارتداد سے اس کے اعمال باطل ہوں گے یا نہیں اور کفارہ ساقط ہوگا یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ غلط ہے کہ کلما کی قسم کھالینے کے بعد کوئی صورت جواز کی ممکن نہیں۔ مرتد ہونے سے تمام اعمال برباد ہوجاتے ہیں حتی کہ اگر حج کرچکا تھا اس کا اعادہ لازم ہوتا ہے، موت کا وقت معلوم نہیں کیا خبر ہے کہ آدھ گھنٹہ گزرنے سے پہلے ہی موت آجائے اور پھر نہ ختم ہونے والی زندگی دردناک عذاب کی حالت میں جہنم میں گذرے۔

مرتد ہوجانے سے صاحبین کے نزدیک تعلیق باطل نہیں ہوتی، پس اگر اسلام لانے کے بعد شرط پائی جاوے گی تو اس پر جزا کا ترتب لازم ہوگا، ہاں امام اعظم کے نزدیک البتہ مرتد ہونے کی وجہ سے بشرطیکہ دارالحرب میں جاکر لاحق ہوجائے تعلیق باطل ہوجاتی ہے اور اس صورت میں جبکہ دارالحراب میں جاکر کوئی لاحق ہوجائے تو اس پر مرتد کے جمیع احکام جاری ہوں گے۔

"ثم اعلم أن مما یبطل التعلیق ارتداد الزوج ولحاقه بدار الحرب عند ه خلافاً لهما ،۱ھ. بحر: ۲/۲۰۔ وقد بقی لها أحکام کثیرة: منها حبط العمل عند نابنفس الردة: أی إبطال العبادات. وفی الخلاصة: من ارتداد ثم أسلم وهو قد حج مرةً، فعلیه أن یحج ثانیاً، ولیس

---

(۱)" رد المحتار علی الد رالمختار: ۳/۳۴۹، باب التعلیق، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق: ۴/۳۵، کتاب الطلاق، باب التعلیق، مکتبه رشید یه)

(وکذا فی فتح القد یر: ۴/۱۲۵، کتاب الطلاق، باب الإیمان فی الطلاق، مصطفی البابی الحلبی)

علیه إعادة الصلوة والزکوٰة والصیامات؛ لأن بالردة کأنه لم یزل کافراً، فإذا أسلم وهو غنی فعلیه الحج، ولیس علیه قضاء لسائر العبادات اهـ. من ارتدّ ومات، فإنه یواخذ بعقوبة الکفر الأول والثانی، الخ". بحر: ۵/ ۱۲۷(۱)۔

کلما کی قسم کھا کر جواز (حانث ہونے سے بچنے) کی صورت یہ ہے: فلو قال: کلماتزوجت امرأةً فهی طالق، تطلق بکل تزوج ولو بعد زوج اٰخر؛ لأن صحة هذا الیمین باعتبار مایحدث من الملك وهو غیر متناه، وعن أبی یوسفؒ أنه لو دخل علی المنکر فهو بمنزلة کل. وتمام فی المطولات۔ والحیلة منه عقد الفضولی أو فسخ القاضی الشافعی ،وکیفیة عقد الفضولی: أن یزوجه فضولی، فأجاز بالفعل بأن ساق المهر ر ونحوه لابالقول، فلاتطلق، بخلاف ماإذاوکل به لانتقال العبارة إلیه. وکیفیة الفسخ أن یزوج الحالف امرأةً فیرفعان الأمر إلی القاضی فیدعی أنه زوجها قد تمردت علیه وزعمت أنها بالحلف صار ت مطلقةً، فیلتمس من القاضی فسخ الیمین، فیقول: فسخت هذه الیمین وأبطلتها وجوزت النکاح، فإن أمضاه قاضی حنفی بعد ذلك کان أجود، وعقد الفضولی أولی فی ز مانا من الفسخ، لکن فی الجواهر أن الفسخ أولی لکونه متفقاً علیه إلافی روایة عن أبی یوسف رحمه اللّٰه تعالیٰ، ثم إن کان الحالف شاباً فإقدامه علیه أفضل من العزوبة، وإن کان شیخاً، فلعزوبة أولی، کما فی القهستانی والفتح وغیره. ۱هـ"۔ مجمع الأنهر: ۱/ ۴۱۹(۲)۔ **فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔**

حررہ العبد محمود غفرلہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہانپور، ۱/۲/۵۹ھ۔

صحیح: عبداللطیف، الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔

---

(۱) (البحرالرائق: ۵/۲۱۳، باب أحکام المرتدین، رشیدیه)

"ومأأدی منها فیه یبطل ولایقضی من العبادات إلاالحج". (الدرالمختار: ۴/۲۵۱،سعید)

(مجمع الأنهر، ۲/۵۰۱،باب المرتد ،مکتبه غفاریه)

"وکذایبطل بلحاقه مرتد أبدارالحرب خلافاً لهما". وفی ردالمحتار: فعند هما لایبطل التعلیق ؛لأن زوال الملک لایبطله". (ردالمحتار: ۳/۳۴۹،سعید)

(۲) (مجمع الأنهر: ۲/۶۰،باب التعلیق ،مکتبه غفاریه)..... =

Made searchable using ScribeTools.com

مرتد کی تجہیز وتکفین

سوال[۷۴۸]: عنایت خان نے دھوری بائی نومسلم سے اسلام قبول کرا کے نکاح کیا جن کے نطفے سے لڑکا غلام محمد نامی ہے، دو بہن ہیں۔ دھوری بائی نے اب ظاہر کیا ہے کہ میں اب ہندو مذہب میں واپس رہوں گی، اسلام سے تعلق نہیں ہے، قاسم خان جو دوسرا شوہر تھا اس کو بھی دھوری بائی نے جلوا دیا۔ اب دھوری بائی سے تعلق رکھیں یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

دھوری بائی نے اسلام چھوڑ کر جو ہندو مذہب اختیار کیا ہے اس سے اس کے زمانۂ اسلام کے سب اعمال برباد ہو گئے، اگر وہ توبہ کر کے دوبارہ اسلام قبول نہ کرے تو ہمیشہ کیلئے جہنم کی مستحق ہے، اس سے کسی قسم کا تعلق ومحبت جائز نہیں (۱) اگر وہ مرجائے تو اس کی نعش کو سنت کے موافق تجہیز وتکفین نہ کی جائے اور اس میں شرکت نہ کی جائے (۲)۔ ہندو لوگ جو چاہیں کریں، غلام محمد بالکل الگ رہے، قاسم خان کو انتقال کے بعد جلوا

= (وكذا فى الاشباه والنظائر ، الفن الخامس: ۳/ ۳۰۱، الفصل السادس فى النكاح)
(وكذا فى فى الدر المختار ،۳/۸۴۶، سعيد)

(۱) قال الله تعالىٰ :﴿ و من يرتدد منكم عن دينه، فيمت وهو كافر، فأولئک حبطت أعمالهم فى الدنيا والآخرة، وأولئک أصحاب النار هم فيها خلدون﴾. (سورة البقرة : ۲۱۷)

وقوله : "(فيمت و هو كافر) ..... فيمت قبل أن يتوب من كفره فهم الذين حبطت أعمالهم ..... بطلت و ذهبت وبُطُولُها ذهاب ثوابها و بطول الأجر عليها أو الجزاء فى دار الدنيا والآخرة. وقوله : (وأولئک أصحاب النار هم فيها خلدون) ..... وإنما جعلهم أهلها؛ لأنهم لا يخرجون منها، فهم سكانها المقيمون فيها الخ". (جامع البيان فى تفسير القرآن لابن جرير: ۲/۲۰۷، دار المعرفة)

قال الله تعالىٰ :﴿و من يكفر بالإيمان، فقد حبط عمله، و هو فى الآخرة من الخاسرين﴾. (سورةالمائدة:۵)

(۲) وفى الدر المختار:"(ويغسل المسلم ويكفن ويدفن قريبه) كخاله (الكافر الأصلى)، أما المرتد فيلقى فى حفرة كالكلب (عند الاحتياج) ..... من غير مراعاة السنة". (كتاب الصلاة، باب صلاة الجنائز : ۲/۲۳۰، سعيد) ..... =

دینا جائز نہیں تھا، یہ سخت گناہ ہوا توبہ لازم ہے (۱) مسلمانوں کو چاہیے کہ کفن دفن کرتے اور نماز جنازہ ادا کرتے، اب اس کے لئے استغفار کریں، قرآن پاک پڑھ کر نوافل پڑھ کر صدقہ دے کر اس کو ثواب پہنچائیں (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

جواب درست ہے: سید مہدی حسن غفرلہ۔

منکر نماز کا جنازہ

سوال[۷۴۹]: ایک شخص نے اپنی تمام زندگی سرنگوں نہیں کیا یعنی لڑکپن سے لے کر حالت پیری تک نماز نہیں پڑھی، اس کی موت آنے کے ایک سال قبل کسی شخص نے اس کو برائے نماز تلقین کی، اس کے جواب میں شخص مذکور نے یہ کہا تھا کہ ''ہمیں نماز کے لئے ہدایت کرنے کی کوئی ضرورت نہیں، کیونکہ ہم نہیں پڑھتے اور نماز

= وفی البحر الرائق: "و یغسل ولی مسلم الکافر ویکفنه و یدفنه ..... و إنما یغسل غسل الثوب النجس من غیر وضوء و لا بداء ة بالمیامن و لا یکون الغسل طهارةً له ..... و یحفر له حفیرةً من غیر مراعاة سنة اللحد". (کتاب الجنائز، فصل السلطان أحق بصلاته: ۳۳۴/۲، رشیدیه)

(وکذا فی الحلبی الکبیر، کتاب الصلاة، فصل فی الجنائز، الثامن فی المتفرقات، ص: ۶۰۳، سهیل اکیڈمی)

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿یا أیها الذین آمنوا توبوا إلی الله توبةً نصوحاً﴾. (سورة التحریم: پ ۲۸)

"عن أبی هریرة –رضی الله تعالیٰ عنه–: قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "أشد فرحاً بتوبة أحدکم من أحدکم بضالته إذا وجدها اهـ".

"واتفقوا علی أن التوبة من جمیع المعاصی واجبة، وأنها واجبة علی الفور لا یجوز تأخیرها، سواء کانت المعصیة صغیرةً او کبیرةً". (الصحیح لمسلم مع شرحه للنووی، کتاب التوبة: ۳۵۴/۲، قدیمی)

(۲) وفی رد المحتار: "صرح علماء نا فی باب الحج عن الغیر بأن للإنسان أن یجعل ثواب عمله لغیره صلاةً أوصوماً أصدقةً أو غیرها الخ". (کتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، مطلب فی القرأة للمیت الخ: ۴۳۲، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الحج، باب الحج عن الغیر: ۱۰۵/۳، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

(عیاذاً باللہ) کوئی چیز نہیں ہے''۔ تو آیا یہ کفر حکمی ہے یا حقیقی؟ اگر اس کی کفریت کی بنا پر کسی نے نماز جنازہ نہیں پڑھائی تو آیا اس کے اوپر شریعت کیا کہتی ہے؟ اگر یہ کفر حکمی ہے تو "من ترك الصلوة متعمداً، فجزاء ہ جهنم"۔ "ومن ترك الصلوة متعمداً، فقد كفر" (۱) ان دونوں حدیثوں کی کیا مراد ہے؟ اور تیسری حدیث "الصلوة عماد الدين الخ "(۲) اس کی کیا مراد ہے؟

وہی شخص ایک سال پورا ہونے پر انتقال کر گیا مگر نہ اس نے توبہ کی اور نہ نماز پڑھی تو اس قسم کے آدمی کو مسلمان کہلوانا کیسا ہے اور اگر کسی نے ضداً اس کی نماز جنازہ پڑھادی تو اس کے لئے کیا حکم ہے؟ مرض وغیرہ کوئی نہیں، صحیح سالم بالکل تندرست تھا، عمر تقریباً سو سال کی ہوئی تھی اور کوئی وجہ نہیں۔

محمد حسین چاٹگامی، امام جامع مسجد موضع بہارا پور، بھونری ڈاکخانہ پیران کلیر، تحصیل روڑکی، ضلع سہارنپور۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

نماز فرض عین ہے، جو شخص اس کی فرضیت کا انکار کرے وہ کافر ہے اور تارک فاسق ہے۔ اگر کوئی مقتدا شخصِ مذکور کی نماز جنازہ نہ پڑھے تا کہ دوسروں کو عبرت ہو تو شرعاً وہ قابل ملامت نہیں، لیکن تکفیر مسلم میں جلدی نہیں کرنا چاہئے جب تک اس کے کلام کے لئے صحیح محمل نکل سکے، جانب کفر کو اختیار نہیں کرنا چاہئے:

"هی فرض عين على كل مكلف، و يكفر جاحدها لثبوتها بدليل قطعی، و تاركها عمداً مجانةً: أی تكاسلاً فاسق اهـ". در مختار (۳)۔ "لو قال لمريض: صل فقال: والله لاأصلی أبداً، ولم يصل حتى مات يكفر۔ و قول الرجل: لا أصلی يحتمل أربعة أوجه: أحدها لاأصلی؛ لأنی صليت. والثانی: لاأصلی بأمرك، فقد أمرنی بها من هو خير منك۔ والثالث: لا أصلی فسقاً مجانةً،

---

(۱) (فيض القدير: ۱۱/۵۷۳۸، رقم الحديث: ۸۵۸۷، نزار مصطفیٰ الباز)

(وتلخيص الحبير: ۲/۷۱۹، باب ترک الصلوٰة، نزار مصطفیٰ الباز)

(۲) (فيض القدير: ۷/۳۸۲۵، رقم الحديث: ۵۱۸۵، نزار مصطفیٰ الباز)

(والموضوعات الكبرى للقاری رحمه الله تعالیٰ، ص: ۱۵۰، رقم الحديث: ۵۷۸، قديمی)

(ومرقاة المفاتيح: ۸/۵۶۱، رشيديه)

(ومجموعة رسائل اللكنوی: ۲/۳۵۲، رساله: ردالإخوان عن محدثات آخر جمعة رمضان، إدارة القرآ

(۳) (الدر المختار، كتاب الصلوة: ۱/۳۵۱، ۳۵۲، سعيد)

فهذه الثلاثة ليست بكفر. والرابع :لا أصلى؛ إذ ليس يجب علىّ الصلوة، و لم أومر بها، يكفر. و لو أطلق وقال: لا أصلى لا يكفر، لإحتمال هذه الوجوه اهـ". عالمگیری(۱)۔

"إذا كان فى المسئلة وجوه توجب الكفر ووجه واحد يمنع، فعلى المفتى أن يميل إلى ذلك الوجه، كذا فى الخلاصة (۲)۔ و فى البزازية: إلا إذا صرح بإرداة توجب الكفر، فلا ينفع التأويل حينئذ كذا فى البحر الرائق (۳)۔ ثم إن كانت نية القائل الوجه الذى يمنع التكفير فهو مسلم، وإن كانت نيته الوجه الذى يوجب التكفير ، لا تنفعه فتوى المفتى، ويؤمر بالتوبة والرجوع عن ذلك، و بتجديد النكاح بينه و بين امرأته، كذا فى المحيط اهـ"۔(٤) هنديه (٥)۔ **فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔**

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۳/ ربیع الثانی/ ۶۷ھ۔

---

(۱) (الفتاوى العالمكيرية، كتاب ا لسير ، الباب التاسع فى أحكام المرتدين ، مطلب: موجبات الكفر أنواع ، منها ما يتعلق بالصلوة والصوم الخ: ۲۶۸/۲ ، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوى البزازية، كتاب ألفاظ تكون إسلاما أو كفراً ، الفصل الثانى ، النوع التاسع فيما يقال فى القرآن الخ: ۳۴۰/۶، ۳۴۱، رشيديه)

(وكذا فى التاتارخانية ، كتاب أحكام المرتدين، فصل فيما يتعلق بالصلوة والزكوة الخ: ۴۹۳/۵، ۴۹۴، ادارة القرآن)

(وكذا فى المحيط البرهانى ،كتاب السير، فصل فى مسائل المرتدين،نوع فيمايتعلق بالصلوة: ۵۶۳/۵، ۵۶۴، غفاريه كوئٹه)

(۲) (خلاصة الفتاوى ، كتاب ألفاظ الكفر ، الفصل الثانى، الجنس الأول فى المقدمة : ۳۸۲/۴،رشيديه)

(۳) (البحر الرائق ، كتاب السير ، باب أحكام المرتدين : ۲۱۰/۵ ، رشيديه)

(۴) (المحيط البرهانى ،كتاب السير، فصل فى مسائل المرتدين،النوع الأول فى إجراء كلمة الكفر : ۵۵۰/۵، ۵۵۱، غفاريه كوئٹه)

(العبارة بأسرها من الفتاوى العالمكيرية، كتاب ا لسير ، موجبات الكفر أنواع ، قبيل الباب العاشر (وكذا ۲۸۳/۲، رشيديه)

(ة ، كتاب أحكام المرتدين، فصل فى إجرآء كلمة الكفر: ۴۵۸/۵، ۴۶۱، ادارة القرآن)

Made searchable using ScribeTools.com

متفرقات الکفر

بے عمل لوگوں کا یہ کہنا کہ ''فلاں فلاں کہیں گے تو عمل کریں گے''

سوال[۷۵۰]: اگر کوئی بستی یا گاؤں ایسا ہو کہ وہاں پر مسلمانوں کے ۴۰، ۵۰/ گھر ہوں اور وہاں پر نہ کوئی مسجد ہو اور نہ کوئی عالم ہو تو کیا وہ بستی والے گنہگار رہوں گے، یا اگر کسی بستی یا گاؤں میں مسجد ہو اور ایسی بستی کے اندر ۱۵۰/ یا ۲۰۰/ مسلمانوں کے گھروں کی آبادی ہو اور وہاں پر سب جانتے ہیں کہ نماز فرض ہے اور روزہ بھی فرض ہے اور زکوۃ، حج بھی فرض ہے اور مثال کے طور پر ۲۰۰/ کی بستی ہے، اس میں ۱۰۰/ مسلمان مرد و عورت کو نمازوں وغیرہ کا درست طریقہ معلوم ہے اور کچھ زیادہ احکام سے بھی واقف ہیں، لیکن اس میں سے ایک بھی نماز نہیں پڑھتا اور مسجد میں اذان بھی نہیں ہوتی تو کیا اس بستی میں بسنے والے اور احکام کے جاننے والے اور نہ جاننے والے سب گناہگار رہوں گے؟ یا اگر اسی مذکورہ مقدار کی بستی یا گاؤں ہو جس میں ایک شخص ہو یا تین چار آدمی ایسے ہوں کہ وہ دین کے مطابق عمل کرنے لگیں، یا اگر دو تین گاؤں کے لوگ کہہ دیں کہ یہ کام ناجائز اور حرام ہے اور شرک ہے اس کو مت کرو یا اسی طرح تم عمل کرو یا ساری بستی کے لوگ اس کے کہنے یا کرنے کی بنا پر ۲۰۰/ یا ۵۰۰/ آدمی شرک و بدعت اور کبیرہ گناہوں سے بچ جاویں اور شریعت کے مطابق زندگی بسر کرتے ہوں اور دین اور شریعت کے کام انہیں دو یا تین پر موقوف ہو اور لوگ شرک و بدعت و کفر میں مبتلا ہوتے ہوں اور وہ دو یا تین آدمی ایسے ناجائز امور سے نہ روکیں اور شریعت کے مطابق عمل نہ کریں اور لوگ یہ کہتے ہوں کہ فلاں فلاں اگر ہمیں کہیں یا عمل کرنے لگ جاویں تو ہم کریں اور ان چیزوں کو چھوڑ دیں تو اگر یہ تین حضرات خود بھی جاننے کے باوجود اور دوسروں کو سمجھانے کے باوجود خود بھی عمل نہ کریں اور دوسروں کو بھی شریعت کے مطابق عمل کرنے کی تاکید نہ کریں تو کیا ان تین پر پوری بستی اور گاؤں کی بدعملی اور بددینی کا بوجھ پڑے گا یا عنداللہ شریعت کی رو سے ان دو یا تین کی بھی پکڑ ہوگی؟

Made Searchable by ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً:

جس بستی میں مسلمان موجود ہوں ان کو چاہئے کہ حیثیت کے مطابق وہاں مسجد کا انتظام کریں (۱) اور نماز باجماعت ادا کرلیا کریں، قدرت کے باوجود ایسا نہ کرنے سے وہ گناہگار ہوں گے۔ ہر بستی میں جہاں مسلمان کافی تعداد میں ہوں عالم کا ہونا بھی ضروری ہے جو شرعی احکام بتایا کرے۔ بچوں کی تعلیم کا انتظام بھی ضروری ہے (۲)۔ اگر کسی بستی میں ۲/۴ عالم بااثر ہیں مگر وہ نہ خود عمل کرتے ہیں نہ عوام کو تاکید کرتے ہیں، حالانکہ عوام ان کے کہنے سے بے عملی چھوڑ کر دین پر عمل کرنے کے لئے تیار ہیں تو ان دو چار کی ذمہ داری بہت بڑھ جاتی ہے، عوام کی بے عملی کی وجہ سے ان کا گناہ المضاعف ہوجاتا ہے، لیکن عوام کا گناہ بھی کم نہیں ہوتا، دین پر عمل کرنے کے لئے عوام اس کے منتظر رہتے ہیں کہ فلاں فلاں کہیں گے تو ہم عمل کریں گے ورنہ نہیں کریں گے

---

(۱) "عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها قالت: أمر رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ببناء المسجد فی الدور". الحدیث، رواه أبو داود والترمذی وابن ماجة". (مشکوة المصابیح، کتاب الصلوة، باب المساجد الخ، ص: ۶۹، قدیمی)

قال القاریؒ: "والمراد المحلات، فإنهم کانوا یسمون المحلة التی اجتمعت فیها قبیلة داراً..... هو المعوّل و علیه العمل، ثم رأیت ابن حجر ذکر أنه المراد به ههنا المحلات و القبائل، و حکمة أمره لأهل کل محلة ببنآء مسجد فیهاأنه قد یتعذر أو یشق علی أهل محلة الذهاب للأخری، فیحرمون أجر المسجد وفضل إقامة المساجد فیه، فأمروا بذلک لیتیسر لأهل کل محلة العبادة فی مسجدهم من غیر مشقة تلحقهم. وقال البغوی: قال عطاء: لما فتح الله تعالیٰ علی عمر رضی الله تعالیٰ عنه الأمصار، أمر المسلمین ببناء المساجد". (المرقاة شرح المشکوة، کتاب الصلوة، باب المساجد الخ: الفصل الثانی: ۲/۴۲۰، مکتبه حقانیه پشاور)

(۲) "من فرائض الإسلام تعلم ما یحتاج إلیه العبد فی إقامة دینه و إخلاص عمله لله تعالیٰ و معاشرة عباده. وفرض علی کل مکلف و مکلفة بعد تعلمه علم الدین والهدایة علم الوضوء والغسل والصلوة والصوم، وعلم الزکوة لمن له نصاب، والحج لمن وجب علیه الخ". (رد المحتار، المقدمة: ۱/۴۲، سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

نہایت غلط ہے خدائے پاک کے یہاں یہ عذر قابل قبول نہیں ہوگا، دین پر عمل کرنا تو خدائے پاک کا حکم ہے(۱) نہ کہ فلاں اور فلاں کا، اس لئے عوام اپنے اس طرز کو چھوڑیں ورنہ خیر نہیں، قیامت کے دن فلاں اور فلاں بچانے کے لئے نہیں آئیں گے وہ خود ہی اسی گرفت میں ہوں گے کہ چھوٹنا مشکل ہوگا۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند۔

اپنی بیوی کو بغیر پردہ کے نچوانا کیا کفر ہے؟

سوال[۷۵۱]: ایک مجلس میں دو عالم نے وعظ کہا، پہلے عالم صاحب پردہ کے متعلق وعظ فرما کر چلے آئے، اس کے پیچھے دو شخصوں نے ان عالم صاحب کو برا بھلا کہا اور یہ بھی کہا کہ وہی پڑھ کر آیا ہے اور کوئی عالم نہیں، ہم اپنی بیوی لوگوں کے سامنے بغیر کپڑے کے نچوائیں گے، اس بات کو دوسرے عالم صاحب نے سن کر قرآن وحدیث پڑھ کر بہت سمجھایا لیکن وہ نہیں مانے، اس پر اس عالم صاحب نے کفر کا حکم فرمایا۔ یہ حکم صحیح ہے یا نہیں؟ اگر صحیح نہ ہو تو کہنے والے پر کیا حکم ہونا چاہئے؟ مدلل فرمائیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

شریعت کا حکم معلوم ہونے پر اس طرح اس کا انکار کرنا یہ شریعت کا مقابلہ کرنا ہے جو کہ مسلمان کا کام نہیں، کافروں جیسا کام ہے، اس لئے اس معنی کر اس کو کفر بھی کہنا درست ہے، کیوں کہ اس کا انجام عامۃً یہ ہوتا ہے کہ آدمی قرآن وحدیث کی بھی بے ادبی اور گستاخی کر بیٹھتا ہے، اس لئے تجدیدِ ایمان اور توبہ کرالی جائے۔ بحر(۲)،

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿وأقیموا الصلوۃ وآتو الزکوۃ وارکعوا مع الراکعین﴾. (البقرۃ: ۴۳)

وقال تعالیٰ: ﴿شرع لکم من الدین ما وصی بہ نوحاً والذی أوحینا إلیک و ما وصینا بہ إبراھیم و موسی وعیسی أن أقیموا الدین و لا تتفرقوا فیہ﴾. الایۃ (الشوری: ۱۳)

(۲) "و یکفر إذا أنکر آیۃً من القرآن أو سخر بآیۃ منہ". (البحرالرائق، کتاب السیر، باب أحکام المرتدین: ۲۰۵/۵، رشیدیہ)

(وکذا فی شرح الفقہ الأکبر للقاری، فصل فی القرآۃ، قدیمی)

عالم گیری (۱) خانیہ (۲) باب المرتد میں ایسا ہی مذکور ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۹/ ۸/ ۹۱ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۲۹/ ۸/ ۹۱ھ۔

بے دین فقیروں کا حال اور دعویٰ

سوال[۷۵۲]: حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب شب معراج میں دیدار خداوند عالم سے مشرف ہوئے تو اس وقت خدائے عزوجل نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کتنے کلام کئے تھے اور ان میں سے کتنے ظاہر میں ہیں اور کتنے باطن میں اور اس کی کوئی مقدار متعین اور ظاہری و باطنی میں تقسیم ہونا کسی

---

(۱) (الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر ،الباب التاسع فی أحکام المرتدین ، مطلب: موجبات الکفر أنواع، منها ما یتعلق بالقرآن : ۲/ ۲۶۶، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاوی البزازیة ، کتاب ألفاظ تکون إسلاما أو کفراً ، الفصل الثانی ، النوع التاسع فی ما یقال فی القرآن الخ: ۶/ ۳۴۲، رشیدیه)

(۲) (کذا فی التاتارخانیة ، کتاب أحکام المرتدین ، فصل فی ما یتعلق بالقرآن : ۵/ ۴۶۰، ادارة القرآن)

(وکذا فی شرح الفقه الأکبر للقاری، فصل فی القرآءة والصلوة ،ص: ۱۶۷، قدیمی)

وفی شرح الفقه الأکبر أیضاً : "و فی تتمة الفتاوی : من استخف بالقرآن أو بالمسجد أو بنحوه مما یعظم فی الشرع ، کفر". (المصدر السابق)

قال فی الفتاوی العالمکیریة : "ما کان فی کونه کفراً اختلاف ، فإن قائله یؤمر بتجدید النکاح، و بالتوبة والرجوع عن ذلک بطریق الاحتیاط ..... ثم إن کانت نیة القائل..... الوجه الذی یوجب التکفیر، لا تنفعه فتوی المفتی، و یؤمر بالتوبة والرجوع عن ذلک، وبتجدید النکاح بینه و بین امرأته". (الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر ، موجبات الکفر أنواع ، قبیل الباب العاشر فی البغاة: ۲/ ۲۸۳، رشیدیه)

(وکذا فی التاتارخانیة ، کتاب أحکام المرتدین، فصل فی إجرآء کلمة الکفر: ۵/ ۴۵۸، ۴۶۱،ادارة القرآن)

(وکذا فی الفتاوی البزازیة، کتاب ألفاظ تکون إسلاماً أو کفراً ، الفصل الثانی ، النوع الأول فی المقدمة: ۶/ ۳۲۲، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

حدیث یا مرشدِ کامل یا کتب تصوف سے ثابت ہے یا نہیں؟

چونکہ ہمارے اس دیار میں بعض لوگ اپنے کو فقیر کہلاتے ہیں اور ان کا دعوی ہے کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے شب معراج میں خداوند عالم سے ملاقات کی اس وقت اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم سے نوے ہزار کلام کئے، منجملہ تیس ہزار ظاہری یعنی شریعت میں اور ساٹھ ہزار باطن میں جس کو معرفت کہتے ہیں، بناء علیہ وہ ظاہری یعنی شریعت کو چھوڑ کر باطنی کی طرف راغب ہیں اور کہتے ہیں کہ ''یہ قرآن شریف کوئی چیز نہیں، دلی قرآن اصل ہے اور ظاہری قرآن محض کاغذ ہے''۔ نیز: ''علمائے دین کو اندھا کہتے ہیں، نماز کوئی چیز نہیں، وہ کچھ ضروری نہیں'' اور حدیث، تفسیر کو نہیں مانتے۔ یہ سب بکواس کرتے پھرتے ہیں اور گانجا افیون، بھنگ، حقہ نوشی اور ایک دوسرے کی بیوی سے خدمت لینا خلوت میں اور عورتوں کو مرید بنا کر رات میں خلوت میں فیض رسانی کرنا وغیرہ وغیرہ بے غیرتی ان کا طریقہ ہے اور چشتیہ کے نام سے شب و روز سماع، قوالی، بھنگ نوشی میں مشغول رہتے ہیں، ایسے لوگوں کے بارے میں کلام اللہ و کلام الرسول میں کیا حکم ہے؟ اور یہ بھی گزارش ہے کہ کسی طریقہ میں یعنی چشتیہ وغیرہ میں اس کا جائز ہونا ثابت ہے یا نہیں؟ فقط۔

کتبہ: ابوسعید محمد دانش علی غفرلہ، ضلع گوالپاڑہ، آسام۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

ایسے فقیروں سے گفتگو اور بحث بے سود بلکہ مضر ہے، دین میں ایسے لوگوں کا کوئی حصہ نہیں، اسلامی حکومت ہو تو ایسے لوگوں کو سخت ترین سزا دی جائے۔ جو قرآن کریم (۱) حدیث شریف (۲) تفسیر کو نہیں مانتا (۳) وہ اسلام سے خارج اور مستحق نار ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۲/ ربیع الثانی/ ۶۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۲/ ربیع الثانی/ ۶۷ھ۔

---

(۱) "و فی جواهر الفقه : من أنكر آيةً من كتاب الله ..... كفر". ..... و فيه : "من جحد القرآن : أی كله أو سورةً منه أو آيةً ، قلت: و كذا كلمةً أو قرآءةً متواترةً ، أو زعم أنها ليست من كلام الله تعالیٰ كفر : أی إذا كان كونه من القرآن مجمعاً عليه ". (شرح الفقه الأكبر للقاری، فصل فی القرآءة والصلوة ص: ۱۶۷، قديمی) ..... =

.....

= (وكذا فى البحرالرائق ، كتاب السير ، باب أحكام المرتدين : ۲۰۵/۵ ، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوى البزازية، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً ، الفصل الثانى ، النوع التاسع فى القرآن.....: ۳۴۲/۶، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية ، كتاب السير ، موجبات الكفر أنواع، منها ما يتعلق بالقرآن : ۲۶۶/۲ ،رشيديه)

(وكذافى التاتارخانية ، كتاب أحكام المرتدين ، فصل فى ما يتعلق بالقرآن : ۴۹۰/۵، ادارة القرآن)

(۲) " من أنكر الأخبار المتواترة فى الشريعة، كفر .....ثم اعلم أنه أراد بالتواتر ها هنا التواتر المعنوى لا اللفظى ..... وفى الخلاصة : من رد حديثاً ، قال بعض مشايخنا : يكفر، وقال المتأخرون: إن كان متواتراً، كفر، أقول: هذا هو الصحيح إلا إذا كان ردّ حديث الآحاد من الأخبار على وجه الاستخفاف والاستحقار والإنكار". (شرح الفقه الأكبر للقارى، فصل فى القرآء ة والصلوة، ص: ۱۶۵، ۱۶۶، قديمى)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية ، كتاب السير ، موجبات الكفر أنواع، منها ما يتعلق بالأنبياء عليهم الصلاة السلام : ۲۶۵/۲ ، رشيديه)

(وكذا فى خلاصة الفتاوى ، كتاب ألفاظ الكفر ، الفصل الثانى، الجنس الثالث فيمايقال فى الأنبياء عليهم الصلاة السلام : ۳۸۶/۴، رشيديه)

(وكذا فى التاتارخانية ، كتاب أحكام المرتدين ، فصل فى ما يعود إلى الأنبياء عليهم السلام : ۴۸۱/۵، ادارة القرآن كراچى)

(۳) "إذا كان الفقيه يذكر شيئاً من العلم أو يروى حديثاً صحيحاً ، فقال آخر: این هیچ نیست ودرده ..... فهذا كفر". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب السير، موجبات الكفر أنواع ، منها ما يتعلق بالعلم والعلمآء : ۲۷۱/۲ ، رشيديه)

(وكذا فى المحيط البرهانى ،كتاب السير، فصل فى أحكام المرتدين،نوع فى العلم والعلماء : ۵۶۹/۵، مكتبه غفاريه كوئٹه)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

باب التقلید

(تقلید کا بیان)

تقلید کی شرعی حیثیت

سوال[۷۵۳]: تقلید کی شرعی حیثیت کیا ہے، نیز اگر تقلید ضروری ہے تو شخصی تقلید کیوں ضروری سمجھی جاتی ہے؟ اگر کسی مسئلہ میں کسی امام کی تقلید کی جائے، کسی میں کسی یعنی غیر معین امام کی تقلید کی جائے تو اس میں کیا حرج ہے، علماء اسے کیوں منع کرتے ہیں کہ چاروں ائمہ کا مسلک درست تسلیم کیا جاتا ہے؟

الجواب: نحمده ونصلی علی رسوله الکریم،

أما بعد! اصالۃً ہدایت کا سرچشمہ قرآن پاک ہے ﴿هدی للناس﴾ (۱) لیکن اس میں عموماً بنیادی اصول اور مسائل بطورِ ضابطہ کلیہ بیان کئے گئے ہیں، تفصیلات اور فروع کا بیان کرنا حضرت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سپرد ہے: ﴿لتبین للناس ما نُزّل إلیهم﴾ (۲) تاکہ جو مضامین لوگوں کے پاس بھیجے گئے ہیں ان کو آپ ان سے ظاہر کردیں (بیان القرآن)۔

مثال نمبر ۱:

قرآن پاک میں ہے: ﴿وأقیموا الصلوة﴾ (۳) نماز قائم کرو۔ اس کی پوری تفصیل کہ کس نماز میں

---

(۱) (البقرة: ۱۸۵)

(۲) (النحل: ۴۴)

"قال الحافظ ابن کثیر تحت الآیة المذکورة: ﴿لتبیین للناس مانزل إلیهم﴾: أی من ربهم لعلمک بمعنی ماأنزل الله، وحرصک علیه واتباعک له، ولعلمنا أنک أفضل الخلائق وسیدوُلد آدم، فتفصّل لهم ماأجمل وتبین لهم ماأشکل." (تفسیر ابن کثیر: ۲/۷۵۴، جمعیة إحیاء التراث الاسلامی)

(وکذا فی روح المعانی: ۱۴/۱۵۰، دار إحیاء التراث العربی)

(۳) (البقرة: ۴۳)

کتنی رکعت ہیں، کس رکعت کے بعد قعدہ ہے، کون سی رکعت میں صرف الحمد پڑھی جاتی ہے، کون سی میں سورت بھی ملائی جاتی ہے، کس نماز میں قرأت آواز سے پڑھی جاتی ہے، کس میں آہستہ؟ وغیرہ وغیرہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بیان فرمائی ہے، قرآن شریف سے براہ راست اس کا سمجھنا دشوار ہے۔

مثال نمبر ۲:

﴿وآتوا الزکوٰۃ﴾ (۱) زکوٰۃ ادا کرو۔ اس کی تفصیل کہ چاندی کی زکوٰۃ کس حساب سے ہے، سونے کی کس حساب سے، بکری، گائے، اونٹ کی کس حساب سے؟ احادیث سے معلوم ہوئی جس کا قرآن شریف میں کوئی ذکر نہیں۔

مثال نمبر ۳:

﴿وللّٰہ علی الناس حج البیت﴾ (۲) لوگوں کے ذمہ اللہ کے گھر کا حج لازم ہے۔ اس کی تفصیل کہ طواف کا کیا طریقہ ہے، کتنے چکر ہیں؟ عرفات، منیٰ، مزدلفہ، رمی جمار وغیرہ کے مسائل کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بیان فرمایا، قرآن پاک کو سمجھنے کے لئے حدیث شریف کی روشنی کو حاصل کرنا ضروری ہے۔ حدیث سے بے نیاز ہو کر قرآن شریف کو سمجھنا ناممکن ہے۔ امت کو حکم ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بیان فرمودہ تفصیلات کے ماتحت قرآن شریف سے ہدایت حاصل کرے، اس سلسلہ میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اطاعت اللہ پاک ہی کی اطاعت ہے: ﴿من یطع الرسول فقد أطاع اللہ﴾ (۳)، اس لئے حدیث میں

---

(۱) (البقرۃ: ۴۳)

(۲) (آل عمران: ۹۷)

(۳) (النساء: ۸۰)

قال الحافظ ابن کثیر رحمہ اللہ تعالیٰ: "یُخبِر تعالیٰ عن عبدہ ورسولہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بأن من أطاعہ فقد أطاع اللہ، ومن عصاہ فقد عصی اللہ، وماذاک إلا لأنہ ﴿ماینطق عن الھوی إن ھو إلا وحی یوحی﴾ قال ابن أبی حاتم: حدثنا أحمد بن سنان .....عن أبی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: "من أطاعنی فقد أطاع اللہ، ومن عصانی فقد عصی اللہ." الحدیث.....قال: "وھذا الحدیث ثابت فی الصحیحین". (ابن کثیر: ۱/۷۰۳، مکتبہ دار السلام ریاض)

Made searchable using ScribeTools.com

ارشاد ہے:''صلوا کمارأیتمونی أصلی''. (بخاری شریف: ۱۰۷۶/۲) (۱) جس طرح تم نے مجھ کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا ہے تم بھی اسی طرح پڑھو، یہ نہیں فرمایا کہ جس طرح قرآن شریف سے تمہاری سمجھ میں آئے اس طرح پڑھو۔

حدیث کی قسمیں:

بعض چیزیں خود زبان مبارک سے ارشاد فرمائی ہیں ان کو حدیث قولی کہتے ہیں، بعض چیزیں عملاً کی ہیں ان کو حدیث فعلی کہتے ہیں، بعض چیزیں ایسی بھی ہیں کہ آپ کے سامنے کی گئی ہیں یا آپ کے علم میں لائی گئی ہیں اور ان پر آپ نے تردیدی انکار نہیں فرمایا بلکہ خاموشی اختیار فرمائی ہے جو کہ تائید وتصدیق کے حکم میں ہے اس کو تقریر کہتے ہیں (۲)، یہ تینوں قسم کی حدیثیں امت کے لئے ذریعۂ ہدایت ہیں۔

قیاس:

بعض چیزیں ایسی بھی ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دریافت کی گئیں اور آپ نے اس کا جواب دیا اور سائل سے خود بھی ایک مسئلہ دریافت فرمالیا جس کا حکم ظاہر اور سائل کو معلوم تھا جب سائل نے بتادیا تو آپ نے فرمایا کہ جو چیز تم نے دریافت کی ہے اس کا حکم بھی اسی کے موافق ہے۔

---

(۱)(کتاب أخبار الآحاد،باب ماجاء فی إجازة خبرالواحد الصدوق: ۱۰۷۶/۲ ،قدیمی)

(۲) قال الشیخ عبدالحق المحدث الدهلوی رحمه الله تعالیٰ: ''اعلم أن الحدیث فی اصطلاح جمهورالمحدثین یطلق علی قول النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم وفعله وتقریره،ومعنی التقریر:أنه فَعَلَ أحدٌأوقال شیئاً فی حضرته صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، ولم ینکره ولم ینهه عن ذلک،بل سکت وقرر،وکذلک یطلق علی قول الصحابی.....فماانتهی إلی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یقال له: المرفوع،وماانتهی إلی الصحابی یقال له: الموقوف .....والرفع قد یکون صریحاً وقد یکون حکماً،أماصریحاً،ففی القولی یقول کذا.....وفی الفعلی کقول الصحابی: رأیت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فعل کذا.....وفی التقریری أن یقول الصحابی أوغیره: فعل فلان أوأحدبحضرة النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کذا،ولایذکر إنکاره.''(لمعات التنقیح شرح المشکوة،مقدمة فی بیان بعض مصطلحات الحدیث: ۲۲/۱، ۲۳، مکتبه المعارف العلمیة لاهور)

(وبمعناه فی نخبة الفکرلابن حجررحمه الله تعالیٰ ص: ۹۳،فاروقی کتب خانه ملتان)

مثال:

کسی نے دریافت کیا کہ ''میری والدہ کے ذمہ حج ہے اس کو اس کی طرف سے ادا کرلوں تو ادا ہوجائے گا؟ آپ نے فرمایا: ''ہاں، ادا ہوجائے گا، اگر اس کے ذمہ قرض ہوا ور تم ادا کردو تو ادا ہوجائے گا''؟ اس نے کہا ہاں ادا ہوجائے گا۔ آپ نے فرمایا: ''اللہ کا قرض بطورِ اولیٰ ادا ہوجائے گا''۔ (بخاری شریف: ۲/ ۱۰۸۸)۔ جیسا کہ بخاری شریف: ۲/ ۱۰۸۸، میں یہ حدیث مذکور ہے:

"عن ابن عباس رضی اللّٰہ تعالیٰ عنهما أن امرأةً جاء ت إلی النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم: إن أمی نذرت أن تحج، فماتت قبل أن تحج، أفأحج عنها؟ قال: "نعم حجی عنها، أرأیت لو کان علیٰ أمك دین أکنت قاضیةً"؟ قالت: نعم، قال: "اقضوا الذی له، فإن اللّٰہ أحق بالوفاء" (۱)۔

ترجمہ: ''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ایک عورت حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوئی (اور عرض کیا) میری اماں نے حج کرنے کی نذر مانی تھی اور حج کرنے سے قبل مرگئی، تو کیا میں اس کی طرف سے حج کردوں؟ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''ہاں اس کی طرف سے حج کردیں، بتا اگر تیری ماں پر قرض ہوتا تو کیا تو ادا کرتی''؟ اس نے کہا، ہاں، ارشاد فرمایا: ''جو اس کے لئے ہے اسے ادا کرو، بے شک اللہ کا حق پورا کرنے کے زیادہ لائق ہے''۔

---

(۱) (صحیح البخاری، کتاب الاعتصام، باب من شبّه أصلاً معلوماً بأصل مبین: ۲/ ۱۰۸۸، قدیمی کتب خانه)

قال الحافظ ابن حجر رحمه اللّٰہ تعالیٰ تحت هذا الحدیث: "وقد احتج المزنی بهذین الحدیثین (أی الحدیث المذکور والذی قبله فی الباب) علی من أنکر القیاس..... فقد قاس الصحابة فمن بعدهم من التابعین وفقهآء الأمصار وباللّٰہ التوفیق..... وقال الکرمانی: عقد هذا الباب، ومافیه یدل علی صحة القیاس، وأنه لیس مذموماً..... وقال ابن العربی وغیره: القرآن هو الأصل، فإن کانت دلالته خفیةً، نظر فی السنة، فإن بینته وإلا فالجلی من السنة، و إن کانت الدلالة منهما خفیةً نظر فی ما اتفق علیه الصحابة، فإن اختلفوا رجح، فإن لم یوجد عُمل بما یشبه نص الکتاب، ثم السنة، ثم الاتفاق، ثم الراجح." (فتح الباری، کتاب الاعتصام، باب من شبه أصلاً معلوماً: ۱۳/ ۳۶۷، ۳۶۸، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

اس کوشریعت میں قیاس، اجتہاد، استنباط، اعتبار کہتے ہیں (۱)، اس کی تعلیم بھی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ثابت ہے، اس کے شرائط اور تفصیلات کتبِ اصول میں مذکور ہیں (۲)، اس کی ضرورت اس وقت ہوتی ہے کہ قرآن وحدیث سے مسئلہ صاف صاف سمجھ میں نہ آتا ہو (۳)۔

---

(۱) "قال الله تعالیٰ: ﴿فاعتبروا یاأولی الأبصار﴾ [الحشر: ۲]، قال العلامة الآلوسی رحمه الله تعالیٰ تحتها: "واشتهر الاستدلال بالآیة علی مشروعیة العمل بالقیاس الشرعی، قالوا: إنه تعالیٰ أمر فیها بالأعتبار، وهو العبور والانتقال من الشئ إلی غیره، وذلک متحقق فی القیاس؛ إذفیه نقل الحکم من الأصل إلی الفرع، ولذاقال ابن عباس فی الأسنان: "أعتبر حکمها بالأصابع فی أن دیتها متساویة". والأصل فی الإطلاق الحقیقة. وإذاثبت الأمر، وهو ظاهر فی الطلب الغیر الخارج عن اقتضاء الوجوب أوالندب. ثبتت مشروعیة العمل بالقیاس..... وقال الخفاجی فی وجه الاستدلال: قالوا: إنا أمرنا فی هذه الآیة بالاعتبار، وهو ردالشئ إلی نظیره بأن یحکم علیه بحکمه، وهذایشمل الاتعاظ والقیاس العقلی والشرعی، وسوق الآیة للا تعاظ، فتدل علیه عبارةً وعلی القیاس إشارةً، وتمام الکلام علی ذلک فی الکتب الأصولیة." (روح المعانی: ۲۸/ ۴۱، ۴۲، دارإحیاء التراث)

وقال الخبازی رحمه الله تعالیٰ: "والفقهآء إذاأخذوا حکم الفرع من الأصل، سمّوا ذلک قیاساً لتقدیرهم الفرع بالأصل فی الحکم والعلة، وهو الاعتبار المأموربه فی قوله تعالیٰ: ﴿فاعتبروا یاأولی الأبصار﴾. (المغنی فی أصول الفقه، باب القیاس، ص: ۲۸۵، جامعة أم القری مکة المکرمة)

(۲) "وأماشرطه (أی القیاس) فأن لایکون أصل مخصوصاً بحکمه بنص آخر، کرسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم خصَّ بحل تسع نسوة إکراماً..... والثانی: أن لایکون الأصل معدولاً به عن القیاس، کجواز التوضی بنبیذالتمر.....والثالث: أن یتعدالحکم الشرعی الثابت بالنص بعینه إلی فرع هونظیره ولانص فیه .....أن یبقی حکم النص بعدالتعلیل علی ماکان قبله، کقولهم فی طعام الکفارة: یشترط التملیک فیه کالکسوة." مختصراً. (المغنی فی أصول الفقه، باب القیاس، ص: ۲۸۹، ۲۹۱، ۲۹۴، ۲۹۶، جامعه أم القری مکة المکرمة)

(وکذافی نورالأنوار، مبحث شرط القیاس، ص: ۲۲۸، ۲۳۱، سعید)

(۳) "قال ابن العربی: القرآن هوالأصل، فإن کانت دلالته خفیةً، نظرفی السنة، فإن بینته وإلافالجلی من السنة، وإن کانت الدلالة منهاخفیةً، نظرفیمااتفق علیه الصحابة، فإن اختلفوا، رجّح". (فتح الباری، کتاب الاعتصام، باب من شبه أصلاًمعلوماًبأصل مبین: ۱۳/ ۳۶۸، قدیمی)

Made Searchable by ScribeTools.com

حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو قاضی بنا کر یمن بھیجا تو بہت سی ہدایتیں دیں اور دور تک رخصت کرنے کے لئے تشریف لے گئے، یہ بھی دریافت فرمایا کہ ''تم کس قانون کے ماتحت فیصلے کروگے''؟ تو انہوں نے عرض کیا: قرآن پاک کے ماتحت، ارشاد فرمایا کہ: ''اگر اس میں تم کو نہ ملے''؟ عرض کیا کہ سنت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مطابق فیصلے کروں گا، فرمایا کہ: ''اگر تمہیں اس میں بھی نہ ملے تو''، عرض کیا کہ: اجتہاد کروں گا، اس پر مسرت کا اظہار کر کے پوری تائید فرمائی اور اس انتخاب پر خداوند تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔ ابوداؤد شریف: ۲/ ۱۴۹ میں یہ واقعہ مذکور ہے۔

''إن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لما أراد أن يبعث معاذاً إلى اليمن قال: ''كيف تقضى إذا عرض لك قضاء''؟ قال: أقضى بكتاب الله، قال: ''فإن لم تجد فى كتاب الله''؟ قال: فبسنة رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، قال: ''فإن لم تجد فى سنة رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، ولا فى كتاب الله؟'' قال: أجتهد برأيى ولا آلو، فضرب رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم صدره، فقال: ''الحمد لله الذى وفق رسول رسول الله لما يرضى رسول الله''(۱)۔

اجتہاد:

جو مسئلہ قرآن وحدیث میں صاف صاف نہ ملتا ہو اس کا حکم نظائر ودلائل میں غور کر کے نکالنا اجتہاد ہے، اس کو قیاس بھی کہتے ہیں جیسا کہ اوپر معلوم ہوا، اگر اس پر اتفاق ہو جائے تو وہ اجماع کہلاتا ہے (۲) اسی لئے

---

(۱) (سنن أبى داؤد، كتاب الأقضية، باب اجتهاد الرأى فى القضآء: ۲/ ۱۴۹، مكتبه امداديه ملتان)

(۲) قال الملاجيون رحمه الله تعالىٰ: ''باب الإجماع: وهو لغةً الاتفاق، وفى الشريعة: اتفاق مجتهدين صالحين من أمة محمد (عليه الصلوة والسلام) فى عصر واحد على أمر قولى أو فعلى''. (نور الأنوار)، وفى قمر الأقمار: ''(قوله: على امر قولى أو فعلى) شرعى أو عقلى أو عرفى غير ثابت بالكتاب والسنة قطعاً.'' (ص: ۲۱۹، ايچ. ايم. سعيد كمپنى)

(وكذا فى بداية المجتهد ونهاية المقتصد لابن رشد القرطبى رحمه الله تعالىٰ، الإجماع وأثره فى الخلاف: ۱/ ۲۲۴، دار الكتب العلمية)

Made searchable using ScribeTools.com

علمائے اصول نے لکھا ہے کہ قیاس حکم کوثابت نہیں کرتا بلکہ ظاہر کرتا ہے (۱)۔ جوحکم قرآن یا حدیث میں موجودتو تھا لیکن مخفی تھا، عامۂ لوگ اس کوسمجھ نہیں سکتے تھے، مجتہد نے اس کواس کے نظائر پر قیاس کرکے یا دلالت، اشارۃ، اقتضاء وغیرہ سے استنباط کرکے ظاہر کردیا۔ امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کے لئے مستقل باب منعقد کیا ہے (۲)۔

تقلید:

جس شخص میں اجتہاد کی قوت نہ ہواس کو مجتہد کا اتباع لازم ہے اس کا نام تقلید ہے، حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کواسی لئے قاضی بنا کر بھیجا تھا کہ ان کے بتائے ہوئے مسائل واحکام پر عمل کیا جائے، جن کے ماخذ تین ہیں: قرآن پاک، حدیث شریف، اجتہاد (۳) اور تینوں کوتسلیم کرنا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی کی اطاعت ہے۔

"عن أبی هريرة رضی اللّٰه تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه تعالیٰ عليه وسلم: "من أطاعنی فقدأطاع اللّٰه، ومن عصانی فقد عصی اللّٰه، ومن يطع الأمير فقدأطاعنی، ومن

---

(۱) "وهو (أی القياس) إبانة مثل حكم أحد المذكورين بمثل علته فی الآخر، فاختير لفظ الإبانة؛ لأن القياس مظهر لامثبت." (نورالأنوار، باب القياس، ص: ۲۲۴، ايچ. ايم. سعيد كمپنی)

(۲) (صحيح البخاری، كتاب الاعتصام، باب ماجاء فی اجتهادالقضاء بماأنزل اللّٰه تعالیٰ، لقوله تعالیٰ: ﴿و من لم يحكم بما أنزل اللّٰه، فأولٰئك هم الظالمون﴾. "ومدح النبی صلی اللّٰه تعالیٰ عليه وسلم صاحب الحكمة حين يقضی بها ويعلّمها، لايتكلف من قِبله، ومشاورة الخلفآء وسؤالهم أهل العلم". (۱۰۸۸/۲، قديمی)

و قال الحافظ ابن حجر رحمه اللّٰه تعالیٰ: "وقدعلم الجميع بأن النصوص لم تحط بجميع الحوادث، فعرفنا أن اللّٰه قدأبان حكمها بغير طريق النص وهو القياس، ويؤيدذلك قوله تعالیٰ: ﴿لعلمه الذين يستنبطونه منه﴾؛ لأن الاستنباط هو الاستخراج وهو بالقياس؛ لأن النص ظاهر." (فتح الباری، كتاب الاعتصام، باب ماجاء فی اجتهادالقضاء: ۳۷۰/۱۳، قديمی)

(۳) (راجع، ص: ۶۰۰، رقم الحاشيه: ۱)

یعص الأمیر فقدعصانی". الحدیث متفق علیه". (مشکوة شریف ص: ۳۱۰)(۱)۔

ترجمہ: ''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جس نے میری اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی، اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے اللہ کی نافرمانی کی، اور جس نے امیر کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی اور جس نے امیر کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی''۔

مسائل کی قسمیں:

مسائل دو قسم کے ہیں: ایک وہ جن کا تذکرہ نص (قرآن یا حدیث) میں موجود ہے، دوسرے وہ جن کا تذکرہ قرآن یا حدیث میں موجود نہیں۔

قسم اول: (جن کا تذکرہ نص میں موجود ہے) کی دو صورتیں ہیں: اول یہ کہ نص ایک ہی طرح کی ہے جس سے ایک ہی طرح کا مثبت یا منفی حکم صاف صاف معلوم ہوتا ہے۔ دوسری صورت یہ ہے کہ نص دو طرح کی ہے: کسی سے مثبت حکم معلوم ہوتا ہے کسی سے منفی، مثلاً: کسی سے آمین بالجہر معلوم ہوتا ہے کسی سے آمین بالسر، کسی سے رفع یدین معلوم ہوتا ہے کسی سے ترک رفع۔ پھر ایسے مسائل میں بھی دو صورتیں ہیں: ایک یہ کہ تاریخی شواہد یا دیگر قرائن سے نص کا مقدم ومؤخر ہونا معلوم ہو کہ فلاں نص مقدم ہے اور فلاں مؤخر۔ دوسری صورت یہ ہے کہ نص کا مقدم ومؤخر ہونا معلوم نہ ہو، یہ پتہ نہ چلے کہ کونسی نص پہلے کی ہے کونسی بعد کی؟ یہ کل چار قسمیں ہوئیں۔

پہلی قسم:

وہ مسائل جن میں نص ایک ہی طرح کی ہے، ایسے مسائل میں قیاس واجتہاد نہیں کیا جاتا، نہ کسی کی تقلید کی جاتی ہے بلکہ نص پر عمل کیا جاتا ہے۔

دوسری قسم:

وہ مسائل جن میں نص دو طرح کی ہے اور مقدم ومؤخر کا بھی علم ہے، ایسے مسائل میں عموماً مقدم کو

---

(۱)(مشکوة المصابیح، کتاب الإمارة والقضاء، الفصل الأول، ص: ۳۱۸، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

منسوخ مان کر مؤخر پر عمل کیا جاتا ہے، ان میں بھی نہ قیاس واجتہاد کی حاجت ہے نہ تقلید کی۔

تیسری قسم:

وہ مسائل جن میں نص دو طرح کی ہے اور مقدم ومؤخر کا علم نہیں۔

چوتھی قسم:

وہ مسائل جن میں نص موجود نہیں۔

ان اخیر کی دونوں قسم کے مسائل دو حال سے خالی نہیں: آدمی کچھ عمل کرتا ہے یا نہیں، اگر عمل نہیں کرتا اور آزاد پھرتا ہے تو اس کی اجازت نہیں: ﴿أيحسب الإنسا ن أن يترك سدىً﴾ (۱) ''کیا انسان سمجھتا ہے کہ آزاد چھوڑ دیا جائے گا''؟ ﴿أفحسبتم أنما خلقنا كم عبثاً﴾ (۲) ''کیا تمہارا گمان ہے کہ ہم نے تم کو بے کار پیدا کیا'' یعنی ایسا نہیں بلکہ تمہیں ہر موقعہ پر ہمارے حکم کی تعمیل کرنی ہے۔ اور اگر کچھ عمل کرنا ہے تو کیا عمل کرے۔

تیسری قسم کے مسائل میں کونسی نص کو اختیار کرے؟ ایک نص کو اختیار کرنے سے دوسری نص چھوٹتی ہے اپنی طرف سے عمل کے لئے کسی نص کی تعیین کر نہیں سکتا، تقدیم وتاخیر کا علم نہیں کہ ایک کو ناسخ دوسری کو منسوخ قرار دے کر ناسخ پر عمل کر لے، اور چوتھی قسم کے مسائل میں نص موجود ہی نہیں تو بلا علم کے عمل کس چیز پر کرے گا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿ولا تقف ماليس لك به علم﴾ (۳) اس کا حاصل یہ ہے کہ بلا تحقیق وعلم کے کسی بات پر عمل مت کرو، تو لامحالہ ان دونوں قسم کے مسائل میں اجتہاد کی ضرورت ہوگی۔ تیسری قسم میں تو اس لئے کہ علم

---

(۱) (القيامة: ۳۶)

(۲) (المؤمنون: ۱۱۵)

(۳) (بنی اسرائیل (الاسراء): ۳۶)

قال العلامة السيد محمود الآلوسی رحمه الله تعالیٰ: "أی لا تتبع ما لا علم لک به من قول أو فعل، وحاصله يرجع إلى النهی عن الحكم بما لا يكون معلوماً..... واختار الإمام العموم، قال: إن اللفظ عام يتناول الكل فلا معنى للتقييد." (روح المعانی: ۱۵/۷۳، دار إحياء التراث العربی)

(وكذا فی تفسير ابن كثير: ۳/۵۷، جمعية إحياء التراث الاسلامی رياض)

کے واسطے نص کو متعین کیا جائے، چوتھی قسم میں اس لئے کہ حکم معلوم کیا جائے اور یہ ظاہر ہے کہ ہر شخص میں اجتہاد واستنباط کی قوت واہلیت نہیں ہوتی، یہ آیت بھی اسی بات کو واضح کررہی ہے: ﴿ولو ردوه إلى الرسول وإلى أولى الأمر منهم، لعلمه الذين يستنبطونه منهم﴾ (۱) یوں تو ہر شخص کوئی نہ کوئی صحیح یا غلط رائے قائم کرنے کا دعوی کرہی سکتا ہے لیکن جس کا استنباط شرعاً معتبر ہو اس کو مستنبط اور مجتہد کہتے ہیں (۲)، جس کا معتبر نہ ہو اس کو مقلد کہتے ہیں۔

پس ان دونوں قسم کے مسائل میں مجتہد کو اجتہاد ضروری ہے اور مقلد کو اس کی تقلید ضروری ہے، اجتہاد میں اگر خطا ہو جائے تب بھی مجتہد اجر سے محروم نہیں، اگر اجتہاد صحیح ہو تو دوہرے اجر کا مستحق ہے جیسا کہ بخاری شریف: ۲/۱۰۹۲ میں ہے (۳)۔

ایک شبہ:

اب یہاں یہ شبہ باقی رہ جاتا ہے کہ مجتہد تو بہت سے ہوئے: صحابہ میں بھی، تابعین میں بھی، تبع تابعین میں بھی، پھر ائمہ اربعہ: امام ابوحنیفہ، امام مالک، امام شافعی، امام احمد رحمہم اللہ تعالیٰ، ہی کی تقلید کیوں کی جاتی ہے؟ کسی اَور کی تقلید میں کیا مضائقہ ہے؟ خاص کر وہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین جن کے فضائل احادیث

---

(۱) (النساء: ۸۳)

(۲) کسی شخص کو اس وقت تک استنباط واجتہاد کی شرعاً اجازت ہی نہیں جب تک اس کے اندر اس کے شرائط موجود نہ ہوں: "وقد ذكر الشافعي شرط من له أن يقيس فقال: يشترط أن يكون عالماً بالأحكام من كتاب الله تعالىٰ، وبناسخه ومنسوخه، وعامه وخاصه، ويستدل على ماا حتمل التاويل بالسنة والإجماع، فإن لم يكن فبالقياس على مافي الكتاب، فإن لم يكن فبالقياس على ما في السنة، فإن لم يكن فبالقياس على ماا تفق عليه السلف وإجماع الناس..... ولايكون لأحد أن يقيس حتى يكون عالماً بمامضى قبله من السنن وأقاويل السلف رحمهم الله تعالىٰ وإجماع الناس اه". (فتح الباري لابن حجرؒ، كتاب الاعتصام، باب من شبه أصلاً معلوماً بأصل مبين: ۱۳/۳۶۷، ۳۶۸، قديمي)

(۳) "عن عمرو بن عاص رضي الله تعالىٰ عنه أنه سمع رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: "إذا حكم الحاكم، فاجتهد فأصاب، فله أجران، وإذا حكم فاجتهد ثم أخطأ، فله أجر". (صحيح البخاري، كتاب الاعتصام، باب أجر الحاكم إذا اجتهد فأصاب أو أخطأ: ۲/۱۰۹۲، قديمي)

Made searchable using ScribeTools.com

میں کثرت سے آئے ہیں ان کی تقلید کیوں نہ کرلی جائے؟

جواب:

اس کا جواب یہ ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم یقیناً ائمہ اربعہ سے بدرجہا افضل ہیں، ائمہ اربعہ کی تقلید کی وجہ یہ نہیں کہ ان کو صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے افضل تصور کیا جاتا ہے بلکہ اس کی وجہ یہ ہے کہ تقلید کے لئے ان مسائل کا معلوم ہونا ضروری ہے جن میں تقلید کی جاتی ہے اور آج جس قدر تفصیل کے ساتھ ہر باب اور ہر فصل کے مسائل ائمہ اربعہ کے مذاہب میں مدون اور مجتمع ہیں، یہاں تک کہ کتاب الطہارت سے لے کر کتاب الفرائض تک عبادات، معاملات، مزاجر غرض ہر شعبہ کے ایک ایک مسئلہ کو جمع کردیا گیا ہے، اس طرح تفصیل کے ساتھ نہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں سے کسی کا مذہب مدون ملتا ہے، نہ تابعین سے، نہ تبع تابعین وغیرہ سے، پھر ائمہ اربعہ کو چھوڑ کر کسی اَور کی تقلید کی جائے تو کس طرح کی جائے؟ اس لئے ائمہ اربعہ ہی کی تقلید کو اختیار کیا گیا ہے۔

اللہ پاک نے ان چاروں کو قرآن وحدیث کا تفصیلی علم اور درایت واستنباط کی مہارت تامہ عطا فرمائی تھی حتی کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جس قدر احادیث صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے ذریعہ عالم میں پھیلی ہیں وہ سب ان چاروں کے پاس موجود ہیں، یہ تو ہوسکتا ہے کہ کوئی ایک روایت ان میں سے ایک کے علم میں ہو اور دوسرے کے علم میں نہ ہو، مگر ایسا نہیں کہ کوئی روایت ان میں سے کسی کے پاس نہ ہو۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے شرح مؤطا، ص:۶ میں احادیث کے نشر واشاعت اور مدینہ طیبہ کی علمی مرکزیت کا حال تحریر فرماتے ہوئے لکھا ہے۔

"بالجملہ این چہار امامانند کہ عالم را ایشاں احاطہ کردہ است امام ابوحنیفہ رحمہ اللّٰہ تعالیٰ، امام مالك رحمہ اللّٰہ تعالیٰ، امام شافعی رحمہ اللّٰہ تعالیٰ و امام احمد رحمہ اللّٰہ تعالیٰ الخ"(۱)۔

یہ چار امام ایسے ہیں کہ ان کا علم سارے عالم کو گھیرے ہوئے ہے اور وہ چار امام امام ابوحنیفہ، امام مالک، امام شافعی اور امام احمد (رحمہم اللہ) ہیں۔

---

(۱) (مقدمة مصفّى شرح المؤطا للامام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ، ص: ۶، کتب خانہ رحیمیہ دھلی)

ایک سوال:

یہ کیوں ضروری ہے کہ ایک ہی امام کی تقلید کی جائے، اس میں کیا حرج ہے کہ کوئی مسئلہ کسی امام کا لے لیا جائے کوئی کسی کا، جیسا کہ دورِ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم وتابعین میں یہی طریق رائج تھا، کسی ایک پر سارے مذہب کا انحصار نہیں تھا؟

جواب:

قرونِ اولیٰ میں خیر کا غلبہ تھا، نفسانی خواہشوں کا عامۂ دین میں دخل نہیں تھا، اس لئے جو شخص بھی اپنے جس بڑے سے مسئلہ دریافت کرتا نیک نیتی سے دریافت کرتا اور اس پر عمل کر لیتا تھا، چاہے نفس کے موافق ہو یا خلاف ہو، مگر بعد کے دور میں یہ بات نہیں رہی بلکہ لوگوں میں ایسا داعیہ پیدا ہونے لگا کہ ایک مسئلہ ایک عالم سے معلوم کیا اس میں نفس کو تنگی محسوس ہوئی تو دوسرے سے اسی پر قناعت نہیں کی گئی جس میں سہولت معلوم ہوئی تو بس اسی کو اختیار کر لیا، پھر اسی پر قناعت نہیں کی گئی بلکہ ہر مسئلہ میں اس کی فکر لگی (کہ) کہاں سے سہولت کا جواب ملتا ہے اور ظاہر ہے کہ یہ طلبِ حق کا داعیہ نہیں۔

اس میں بعض دفعہ بڑی خرابی پیدا ہو جاتی ہے، مثلاً: کسی باوضو آدمی نے بیوی کو ہاتھ لگایا اس سے کسی شافعی المذہب نے کہا کہ وضو دوبارہ کرو کیونکہ یہ ناقض وضو ہے تو یہ شخص جواب میں کہتا ہے کہ میں امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کی تقلید کرتا ہوں، ان کے نزدیک ناقض وضو نہیں، بلکہ اس وضو سے نماز درست ہے، پھر اس نے قے کی اس پر ایک حنفی المذہب نے کہا کہ وضو دوبارہ کرو کیونکہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک قے ناقضِ وضو ہے، اس نے جواب دیا کہ میں امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کے مذہب کی تقلید کرتا ہوں، ان کے نزدیک ناقض وضو نہیں ہے، بلکہ اس وضو سے نماز درست ہے(۱)۔ اب یہ شخص اگر اسی وضو سے نماز پڑھے گا تو اس کی نماز نہ

---

(۱) "قال فی شرح المهذب: إن العامی هل یلزمه أن یتمذهب بمذهب معین یأخذعزائمه ؟فیه وجهان حکاهماابن برهان: أحدهما: لایلزمه کمالم یلزم فی العصر الأول أن یخص بتلقیده عالماًبعینه،والثانی: یلزمه.....وهوجارفی کل من لم یبلغ رتبه الاجتهادمن الفقهاء وأصحاب سائرالعلوم،ووجهه أنه لوجازاتباع أیّ مذهب شاء،لأفضی إلی أن یلتقط رخص المذاهب متبعاًهواه، =

Made searchable using ScribeTools.com

امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک درست ہوگی، نہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک درست ہوگی، اسی کا نام تلفیق ہے جو کہ بالاجماع باطل اور ناجائز ہے۔

درحقیقت یہ طریقہ اختیار کرنا امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کی تقلید ہے نہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کی تقلید ہے، بلکہ یہ تو خواہش نفسانی کا اتباع ہے جو کہ شرعاً ممنوع ہے (۱) اس کا نتیجہ خدا کے راستہ سے ہٹنا اور بھٹکنا ہے: ﴿ولا تتبع الهوى فيضلك عن سبيل الله﴾ (۲) اس لئے ضروری ہوا کہ ایک ہی امام کی تقلید کی جائے۔ چونکہ قرآن پاک نے اتباع کو انابت کے ساتھ مربوط کیا ہے: ﴿واتبع سبيل من أناب إلى﴾ (۳) اس بناء پر مجموعی حالات سے کسی کو امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے متعلق ظن غالب حاصل ہوا کہ منیب ومصیب ہیں یعنی ان کا اجتہاد قرآن وحدیث کے زیادہ موافق ہے، اس لئے ان کی تقلید اختیار کی۔ کسی کو امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ، امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ، امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ میں سے کسی کے متعلق یہ ظن حاصل ہوا

= ويتخير بين التحليل والتحريم، والوجوب والجواز، وذلك يؤدى إلى الخلال ربقة التكليف، بخلاف العصر الأول، فإنه لم تكن المذاهب الوافية بأحكام الحوادث مهذّبةً. فعلى هذا يلزمه أن يجتهد فى اختيار مذهب يقلده على التعيين .....وليس له أن يتمذهب بمذهب أحد من أئمة الصحابة رضى الله تعالىٰ عنهم وغيرهم من الأولين وإن كانوا أعلم وأعلى درجةً ممن بعد هم؛ لأنهم لم يتفرغوا للتدوين وضبط أصوله وفروعه، فليس لأحد منهم مذهب مهذب محرر مقرر، وإنما قام بذلك من جآء بعد هم من الأئمة الناحلين لمذاهب الصحابة رضى الله تعالىٰ عنهم والتابعين، القائمين بتمهيد الأحكام والوقائع قبل وقوعها". (مقدمة إعلاء السنن، الفائدة الحادية عشر، تحقيق فى الالتزام بمذهب اهـ: ۲/۲۲۳، ادارة القرآن)

(۱) "ولو شاعت المذاهب كلها فى بلد من البلاد واشتهرت، وفيه من العلماء بكل مذهب عدد كثير، جاز للعامى تقليد أىّ مذهب من المذاهب شاء، وكلها فى حقه سواء، وله أن لا يتمذهب بمذهب معين، ويستفتى من شاء من علماء المذاهب هذا مرةً وذلك أخرى، كما كان عليه السلف الصالح رضى الله تعالىٰ عنهم بشرط أن لا يُلفّق بين مذهبين فى عمل واحد، ولا يتتبع الرخص متبعاً هواه؛ لأن ذلك من التلهى، وهو حرام بالنصوص والإجماع". (مقدمة إعلاء السنن الفائدة الحادية عشر فى مسائل شتى: ۲/۲۲۴)

(۲) (صٓ: ۲۶)

(۳) (لقمان: ۱۵)

اس نے ان کی تقلید کی۔ اب یہ درست نہیں کہ اپنے امام کو چھوڑ کر جب دل چاہا کسی دوسرے کے مذہب پر عمل کرلیا کیونکہ بغیر اجازتِ شرعیہ کے اس میں تلفیق بھی ہوجاتی ہے اور خواہش نفسانی کا اتباع ہے جس کا نتیجہ حق سے بُعد اور گمراہی ہے۔

چنانچہ مولانا محمد حسین صاحب نے زمانہ دراز تک تقلید کی مخالفت کرتے رہنے کے بعد تقلید نہ کرنے کے تلخ تجربات سے متأثر ہوکر اپنے رسالہ (اشاعۃ السنۃ جلد:۱۱، عدد:۲، ص:۵۳) میں لکھا ہے:

''پچیس برس کے تجربہ سے ہم کو یہ بات معلوم ہوئی کہ جو لوگ بے علمی کے ساتھ مجتہدِ مطلق اور مطلقِ تقلید کے تارک بن جاتے ہیں وہ آخر اسلام کو سلام کر بیٹھتے ہیں، ان میں بعض عیسائی ہوجاتے ہیں اور بعض لامذہب جو کسی دین ومذہب کے پابند نہیں رہتے اور احکام شریعت سے فسق وخروج تو اس آزادی کا ادنی نتیجہ ہے اھ''۔

(سبیل الرشاد ص:۱۲)(۱)۔

اسی وجہ سے صدیوں سے بڑے بڑے بے شمار متبحر علماء جن کو قرآن پاک میں گہری بصیرت ہے اور علم حدیث وآثار صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا بے شمار خزانہ جن کی نظروں کے سامنے اور خشیت وتقوی سے جن کے قلوب مالا مال ہیں اور جو اپنی زندگی کا ہر گوشہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنت کے چراغ سے روشن کرتے ہیں وہ ان سب فضائل وکمالات کے باوجود تقلید ہی کو اختیار کرتے آئے ہیں، بلکہ اگر یہ کہا جائے کہ اللہ تعالیٰ نے ان حضرات کو یہ کمالات اپنے رسول پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اتباع اور اپنے دین کے خدام، اولیائے کرام، مجتہدینِ عظام کی تقلید واحترام کے طفیل میں عطا فرمائے تو غالباً مبالغہ نہ ہوگا۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

تقلید کا ثبوت حدیث سے

سوال[۷۵۴]: رسالہ ''اہل حدیث'' دہلی سے شائع ہوتا ہے، اس رسالہ میں ۲۱/ جون ۱۹۷۳ء کو مولانا آزاد رحمانی نے تقلید کے بارے میں دو حدیث اور ایک آیتِ قرآنی درج کی ہے اور مذہبِ احناف پر طعن کیا ہے۔ آیت یہ ہے: ﴿أن هذا صراطي مستقيماً﴾ (۲) اور آیت کا ترجمہ یہ کیا ہے کہ بلاشبہ دین میں

---

(۱) (سبیل الرشاد، از تالیفات رشیدیہ، ص:۵۰۷، ادارۂ اسلامیات لاہور)

(۲) (الأنعام: ۱۵۳)

Made searchable using ScribeTools.com

سیدھاراستہ ہےتواسی کااتباع کرواوردوسرے راستوں پرمت چلوکیونکہ وہ تم کواللہ کی راہ سے جدا کردیں گے۔

احمد،نسائی،دارمی سے مشکوۃ نے بحوالہ اس آیت کے متعلق ایک حدیث نقل کی ہے:

"عن عبدالله بن مسعودرضی اللّٰہ تعالیٰ عنه قال: خطّ لنا رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم خطاً، قال:"هذا سبیل اللّٰہ" ثم خطّ خطوطاً عن یمینه وعن شماله، قال: "هذه السبل، وعلی کل منهاشیطان یدعوا إلیه وقرأ:﴿أن هذاصراطی مستقیماً فاتبعوه﴾ (۱)۔

ترجمہ یہ کیاہے کہ"عبداللہ ابن مسعودرضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کیاہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک لکیر کھینچی پھرفرمایا کہ"یہ اللہ کاراستہ ہے" پھراس کے دائیں اور بائیں لکیر کھینچی پھرفرمایا:"یہ وہ راستہ ہے جن میں سے ہرراستہ پرشیطان ہے جولوگوں کوانہیں راستوں کی طرف بلاتاہے، پھرآپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مذکورہ بالاآیت تلاوت فرمائی:﴿أن هذاصراطی مستقیماً فاتبعوه﴾ (۲)۔غورفرمائیں کہ حضورصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے راستہ کوصراط مستقیم فرمایاہےاوراس کے دائیں اور بائیں راستوں یعنی بلند پایہ فقہائے احناف وغیرہ کے راستوں کومردودشیطان کاراستہ قراردیاہے اورکہہ دیاکہ یہ شیطان سیدھے راستہ سے لوگوں کومنحرف کرنے کی کوشش کرتاہے"۔اس سے بہترتمثیل باطل کی نشاندہی کے لئے اَورکیا ہوسکتی ہے، اگرکسی کو یہ شک ہوکہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی یہ تمثیل چاروں تقلیدی مذاہب پرکس طرح فٹ ہوسکتی ہے جبکہ اس حدیث میں صرف خطوط کاذکرہے اورچارکاذکرنہیں ہےتواس شخص کو"درمنثور" کی یہ روایت ملاحظہ کرنی چاہئے:

"عن جابربن عبداللّٰہ قال: کناجلوساًعندالنبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم، فخطّ خطاًهکذاأمامه، فقال: "هذاسبیل اللّٰہ "وخطین عن یمینه وخطین عن شماله، وقال: "هذاسبیل

---

(۱)(مسندأحمدبن حنبل رحمه اللّٰہ تعالیٰ:مسندابن مسعودرضی اللّٰہ تعالیٰ عنه: ۵/۲، رقم الحدیث: ۴۱۳۱،داراحیاء التراث العربی بیروت)

(ومشکوۃ المصابیح، کتاب الإیمان،باب الاعتصام بالکتاب والسنة،الفصل الثانی، ص: ۳۰،قدیمی)

(۲)(الأنعام:۱۵۳)

Made Searchable by ScribeTools.com

الشیطٰن"، ثم وضع یدہ فی الخط الأوسط وتلا: ﴿أن ھذاصراطی مستقیماًفاتبعوہ﴾: ۳/ ۵۱(۱)

(أیضاًابوداؤدشریف)

ترجمہ: "حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مجلس میں بیٹھے ہوئے تھے، آپ نے اس طرح ایک خط اپنے سامنے کھینچا اور فرمایا: "یہ اللہ کا راستہ ہے" اور دو خط اس کے داہنے اور خط اس کے بائیں کھینچے یعنی چار خط، اور فرمایا: "یہ شیطان کا راستہ ہے" اور پھر اپنا دست مبارک بیچ کے خط پر رکھا اور یہ آیت تلاوت فرمائی کہ "بلاشبہ میرا راستہ سیدھا ہے، پس اس کی اتباع کرو"۔

اوپر کی حدیث اور آیت کے بارے میں علمائے کرام کیا فرماتے ہیں؟ اور یہ ترجمہ ومطلب درست ہے یانہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

چاروں امام بھی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی کے صراط مستقیم پر ہیں، کوئی غلط راستہ پر نہیں، گمراہ نہیں، جیسے آمین بالجہر کہنا بھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا راستہ ہے (۲) اور آمین بالسر کہنا بھی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا راستہ ہے (۳)۔ محدثین نے دونوں قسم کی حدیثیں اپنی کتابوں میں سند کے ساتھ لکھی ہیں۔

---

(۱)(الدر المنثور للسیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ: ۳/۵۶، طبع مؤسسۃ الرسالۃ)

(۲)"عن أبی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ أن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال: "إذاقال الإمام: ﴿غیرالمغضوب علیھم ولاالضالین﴾ فقولوا: آمین، فإنہ من وافق قولہ قول الملائکۃ، غُفرلہ ماتقدم من ذنبہ. "(صحیح البخاری، کتاب الأذان، باب جھرالمأموم بالتامین: ۱/۱۰۸، قدیمی)

(۳)"عن علقمۃ بن وائل عن أبیہ رضی اللہ عنہ :أنہ صلی مع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، فلما بلغ "غیرالمغضوب علیھم ولاالضالین"، قال: "آمین" وأخفی بھاصوتہ. "رواہ أحمد، وأبوداؤدالطیالسی، وأبویعلی الموصلی فی "مسانیدھم" والدارقطنی فی: "سننہ" والحاکم فی "المستدرک"..... وقال: حدیث صحیح الإسنادولم یخرجاہ". (إعلاء السنن، کتاب الصلاۃ، باب ماجاء فی سنیۃ التأمین والاخفاء بھا: ۲/۲۱۶، ادارۃ القرآن)

(ومسندأحمدبن حنبل رحمہ اللہ تعالیٰ: ۵/۴۱۳، رقم الحدیث: ۱۸۳۷۵، دارإحیاء التراث العربی)

Made searchable using ScribeTools.com

اسی طرح رفع یدین (۱) اور ترک رفع یدین کا حال ہے (۲)۔

صحیح بخاری شریف میں ہے کہ ''حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک صحابی کو نماز میں قرآن پڑھتے ہوئے سنا اس طریقہ پر جس طریقہ پر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے نہیں سنا تھا تو غصہ آیا، لیکن ان کی نماز کے ختم ہونے کا انتظار کیا، پھر ان کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں لے گئے اور شکایت کی، جس پر ارشاد فرمایا کہ ''ان کو چھوڑ دو اور ان سے سنا کہ کس طرح پڑھتے ہو''، جب انہوں نے اس طرح سنایا جس طرح وہ پڑھتے تھے تو ارشاد فرمایا کہ ''اسی طرح نازل ہوا ہے'' پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنا انہوں نے اس طرح پڑھا جس طرح پڑھتے تھے تو ارشاد فرمایا کہ ''اسی طرح نازل ہوا ہے'' (۳)، حالانکہ دونوں کے پڑھنے میں

---

(۱) ''عن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما قال: رأیت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم إذاقام فی الصلوۃ، رفع یدیہ حتی تکونا حذو منکبیہ، وکان یفعل ذلک حین یکبر للرکوع، ویفعل ذلک إذارفع رأسہ من الرکوع.'' الحدیث. (صحیح البخاری، کتاب الأذان، باب رفع الیدین إذ اکبروإذارکع: ۱۰۲/۱، قدیمی)

(۲) ''عن جابر بن سمرۃ –رضی اللہ تعالیٰ عنہ– قال: خرج علینارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال: ''مالی أراکم رافعی أیدیکم کأنہاأذناب خیل شمس، اسکنوافی الصلوۃ.'' (الصحیح لمسلم رحمہ اللہ تعالیٰ، کتاب الصلوۃ، باب الأمربالسکون فی الصلوۃ: ۱۸۱/۱، قدیمی)

(۳) ''عروۃ بن الزبیر أن المسوربن مخرمۃ وعبدالرحمٰن بن عبدالقاری حدثاہ أنہماسمعا عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ یقول: سمعت ہشام بن حکیم یقرأسورۃ القرآن فی حیاۃ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، فاستمعت لقرآءتہ، فإذاہویقرأعلی حروف کثیرۃ لم یقرئنیہارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، فکدت أساورہ فی الصلوۃ، فتصبرت حتی سلّم، فلببتہ بردائہ فقلت: من أقرأک ہذہ السورۃ التی سمعتک تقرأ؟ قال: أقرأنیہارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم. فقلت: کذبت، فإن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قد أقرأنیہا علی غیرماقرأت، فانطلقت بہ أقودہ إلی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقلت: إنی سمعت ہذایقرأبسورۃ الفرقان علی حروف لم تقرئنیہا، فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: '' أرسلہ، اقرأیاہشام!'' فقرأعلیہ القرآءۃ التی سمعتہ یقرأ، فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ''کذلک أنزلت''، ثم قال: ''اقرأیاعمر!'' فقرأت القرآءۃ التی أقرأنی، فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: ''کذلک أنزلت''.'' الحدیث. (صحیح البخاری، کتاب فضائل القرآن، باب أنزل القرآن علی سبعۃ أحرف: ۷۴۷/۲، قدیمی)

اختلاف تھا، مگر اس اختلاف کے باوجود کسی کو غلط اور گمراہ قرار نہیں دیا۔

جو حدیث خط کھینچنے کی آپ نے نقل کی ہے وہ صحیح ہے معتبر ہے، داہنے اور بائیں کے خطوط یقیناً گمراہی ہیں اور وہ وہ ہیں جو قرآن وحدیث کے خلاف ہیں، چاروں امام قرآن وحدیث کے خلاف نہیں بلکہ عینِ موافق ہیں۔ جو شخص ان چار کا مصداق چاروں اماموں کو قرار دیتا ہے وہ شیطان کی تقلید میں ایسا کہتا ہے کہ اس کو ایسی تقلید سے توبہ لازم ہے۔ امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ کے استاد ہیں، امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ کے استاد ہیں، امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کے استاد ہیں (۱)، امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے شاگرد مکی بن ابراہیم ہیں جن سے ''بخاری شریف'' میں ثلاثیات مروی ہیں (۲)، امام ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ جگہ جگہ امام مالک وامام شافعی وامام احمد کا نام لے کر ان کے مذہب بڑے احترام کے ساتھ نقل کرتے ہیں، کیا معاذ اللہ وہ شیطان کے راستہ کی تائید واحترام کرتے ہیں۔

اہلِ حدیث کے اس کلام نے تو محدثین کو ہی گمراہ قرار دیا ہے اور یہ جرأت بجز شیطان کی تقلید کے اَور کون کرسکتا ہے۔ مسئلۂ تقلید پر بہت سے رسالے موجود ہیں: ''الاقتصاد، سبیل الرشاد، عقدالجید، التقلید، ان میں تفصیل سے تقلید کا ثبوت دیا گیا ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) ''وأبی عبداللہ بن محمدبن حنبل الشیبانی رحمہ اللہ تعالیٰ''. (المشکوۃ). قال القاری رحمہ اللہ تعالیٰ تحتہ: ''کان إماماً فی الفقہ والحدیث والزھدوالورع والعبادۃ .....نشأببغداد.....ثم رحل إلی مکۃ والکوفۃ والبصرۃ والمدینۃ .....وسمع من یزیدبن ھارون.....ومحمدبن إدریس الشافعی رحمہ اللہ تعالیٰ.''(مقدمۃ المرقاۃ، ترجمۃ الإمام أحمدبن حنبل رحمہ اللہ تعالیٰ: ۱/۲۶، رشیدیہ)

(۲) ''وحکی الموفق عن مکی ابن إبراھیم البلخی إمام بلخ وشیخ البخاری أنہ دخل الکوفۃ، ولزم أباحنیفۃ رحمہ اللہ تعالیٰ، وسمع منہ الحدیث والفقہ، وأکثرعنہ الروایۃ، ویحبہ حباًشدیداًحتی قال إسماعیل بن بشیر: کنافی مجلس المکی، فقال: حدّثناأبوحنیفۃ، فصاح رجل غریب: حدّثنا عن ابن جریج، و لا تحدّثنا عن أبی حنیفۃ، فقال المکی: إنالانحدث السفھاء، حرجت علیک أن تکتب عنی، قم من مجلسی، فلم یحدث حتی أقیم الرجل من مجلس، ثم قال: حدثناأبوحنیفۃ رحمہ اللہ تعالیٰ، ومرّبہ.''(مقدمۃ أوجزالمسالک، الباب الرابع، الفائدۃ الرابعۃ: ۱/۵۹، ۶۰، المکتبۃ الیحیویۃ سھارنپور)

Made searchable using ScribeTools.com

باسمہ تعالیٰ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ان مسئلوں میں:

تقلید شخصی کا ثبوت:

[۷۵۵] ۱.....تقلید شخصی واجب ہے یا فرض؟ نیز تقلید کرنے کے لئے اقوال نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں یا نہیں؟

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ مجتہد تھے؟

[۷۵۶] ۲.....امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ مجتہد تھے یا مقلد؟

۳.....امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کسی کی تقلید کرتے تھے یا نہیں؟

جوابات مع اقوال نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سند، نص، عبارات پوری معہ ز بروزیر علمی عنایت فرمادیں، بینوا وتوجروا۔

المستفتی: بندہ ابوذر گوریہاری، مظفر پوری، بہاری۔

الجواب حامداومصلیاً:

۱.....تقلیدِ شخصی واجب ہے، کیونکہ احکامِ شرعیہ دوقسم پر ہیں: اول منصوص، دوم غیر منصوص۔ پھر منصوص دونوع پر ہیں: اول متعارض، دوم غیر متعارض۔ پھر غیر متعارض کی دوصورتیں ہیں: اول معلوم التقدیم والتاخیر، دوم غیر معلوم التقدیم والتاخیر۔

پس احکام منصوصہ غیر متعارضہ اور متعارضہ معلوم التقدیم والتاخیر میں تو کوئی اشکال نہیں اور نہ ہی ان میں تقلید کی ضرورت، لیکن احکام غیر منصوصہ اور منصوصہ متعارضہ غیر معلوم التقدیم والتاخیر میں تقلید کی ضرورت ہے اور بجز تقلید کوئی چارہ کار نہیں، کیونکہ یہ دوحال سے خالی نہیں: یا ان پر کچھ عمل نہ کرے گا یا کچھ کرے گا۔ اگر کچھ نہ کیا تو نص: ﴿أيحسب الإنسان أن يترك سدىً﴾(۱) اور: ﴿أفحسبتم أنما خلقناكم عبثاً﴾(۲) کی

---

(۱)(القيامة: ۳۶)

(۲)(المؤمنون: ۱۱۵)

مخالفت لازم آئے گی۔ اگر کچھ عمل کیا تو احکام غیر منصوصہ میں بلاعلم اور منصوصہ متعارضہ غیر معلوم التقدیم والتاخیر میں بلاتعیین کسی جانب کے ممکن نہیں، پس علم تعیین حکم نص تو ہو نہیں سکتا، کیونکہ غیر منصوصہ میں نص موجود نہیں اور منصوصہ متعارضہ غیر معلوم التقدیم والتاخیر میں تعارض ہوا، اور تقدیم وتاخیر کا علم نہیں، تعیین ہو تو کیسے ہو؟ لہذا ان دونوں میں قیاس کی ضرورت پیش آئی۔ اول: یعنی غیر منصوص میں نفس علم کے لئے۔ اور ثانی: یعنی منصوصہ متعارضہ غیر معلوم التقدیم والتاخیر میں تعیّن کے لئے۔

پس قیاس یا ہر شخص کا شرعاً معتبر ہو کہ جو کچھ کسی کی سمجھ میں آئے، یا بعض کا معتبر ہو بعض کا نہیں، کل کا تو معتبر ہو نہیں سکتا لقولہ تعالیٰ: ﴿ولو ردوه إلى الرسول وإلى أولى الأمر منهم لعلمه الذين يستنبطونه منهم﴾(۱) لہذا بعض کا معتبر ہوگا۔ جس کا قیاس شرعاً معتبر ہے اس کو مجتہد ومستنبط کہتے ہیں اور جس کا قیاس شرعاً معتبر نہیں اس کو مقلد کہتے ہیں اور مقلد پر مجتہد کی تقلید واجب ہے، لقولہ تعالیٰ: ﴿واتبع سبيل من أناب إلىّ﴾(۲) اب جاننا چاہئیے، ائمہ اربعہ کے تاریخی حالات سے بالیقین معلوم ہوا کہ وہ "من أناب إلى" کے عموم میں داخل ہیں پس ان کا اتباع بھی ضروری ہوا۔

رہی یہ بات کہ مجتہد تو بہت سے گذرے ہیں کسی دوسرے کی تقلید کیوں نہ کی جائے، اس کی وجہ یہ ہے کہ اتباع کے لئے علم سبیل ضروری ہے اور یہ ظاہر ہے کہ ائمہ اربعہ کے سوا کہ کسی مجتہد کا سبیل بہ تفصیل جزئیات وفروع معلوم نہیں کیونکہ کسی کا مذہب اس طرح مدون موجود نہیں (۳) کسی کا اتباع کیونکر ممکن ہے؟ لہذا ائمہ اربعہ میں سے ہی اتباع کرنا ہوگا۔

ایک بات اَور باقی رہی وہ یہ کہ ائمہ اربعہ میں سے ایک ہی کی تقلید کیوں ضروری ہے یعنی تقلید شخصی کیوں واجب ہے، بلاتعیین ائمہ اربعہ کے مذہب کا اتباع کیوں کافی نہیں؟ اس کی وجہ یہ ہے کہ مسائل دو قسم کے ہیں: اول مختلف فیہا دوم متفق علیہا، متفق علیہا میں تو سب کا اتباع ہوگا اور مختلف فیہا میں تو سب کا اتباع نہیں ہوسکتا، بعض کا ہوگا، بعض کا نہ ہوگا۔ لہٰذا ضروری ہے کہ کوئی وجہ ترجیح ہو، سو اللہ نے اتباع کو انابت الی اللہ پر معلق

---

(۱) (النسآء: ۸۳)

(۲) (اللقمان: ۱۵)

(۳) (سیأتی تحت عنوان: ''قول امام کے خلاف اگر حدیث ہو تو مقلد کیا کرے؟'')

Made searchable using ScribeTools.com

فرمایا، جس امام کی انابت الی اللہ زائد معلوم ہوگی اس کا اتباع کیا جائے گا۔ اب تحقیق زیادہ انابت کی بالتفصیل کی جائے گی یا اجمالاً: تفصیلاً یہ کہ ہر فرع وجزئی مختلف فیہ میں دیکھا جائے کہ حق کس کی جانب ہے، اجمالاً یہ کہ ہر امام کے مجموعۂ حالات وکیفیات پر نظر کی جاوے کہ غالبًا کوئی حق پر ہوگا اور کس کی انابت زائد ہے۔ صورتِ اولیٰ میں حرج اور تکلیف مالایطاق کے باوجود مقلد مقلد نہ ہوا بلکہ اپنی تحقیق کا متبع ہوا نہ دوسرے کے سبیل کا، وہو خلاف المفروض، پس صورتِ ثانیہ متعین ہوگئی۔ کسی کو امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ پر ان کے مجموعہ حالات سے یہ ظن غالب واعتقاد راجح ہوا کہ یہ منیب ومصیب ہیں، کسی کو امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ پر، کسی امام مالک پر، کسی کو امام احمد ابن حنبل رحمہ اللہ تعالیٰ پر، اس لئے ہر ایک نے اسی کا اتباع اختیار کیا اور جب ایک کے اتباع بوجہ علم بالانابۃ اجمالاً کے التزام کیا گیا تو اب بعض جزئیات کا بلا کسی وجہ قوی یا ضرورتِ شدیدہ کے اس کی مخالفت سے شقِ اول عود کرے گی وقد ثبت بطلانہ۔ پس اس تقریر سے چند مسائل ثابت ہوئے:

۱- وجوبِ تقلید مطلقاً۔ ۲- تقلیدِ ائمۂ اربعہ، خصوصاً انحصار فی المذاہب الاربعہ۔ ۳- وجوب تقلید شخصی۔ ۴- مقلد اپنے امام کے اقوال کی تقلید کرے گا۔ ۵- اور ان مسائل پر عمل کرے گا جو اس کے امام نے قرآن کریم اور احادیث سے استنباط کئے ہیں۔ ۶- اور مقلد کو یہ حق نہیں کہ اقوالِ نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے خود مسائل کا استنباط کرے کیونکہ اس میں استنباط کی قوت نہیں، جیسا کہ مقلد کی تعریف سے معلوم ہو چکا، البتہ مسائلِ منصوصہ ظاہر الدلالہ، غیر متعارضہ، معلومۃ التقدیم والتاخیر میں نص کے موافق عمل کرے گا کما مر سابقاً۔

۲.....حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ بہت بڑے درجہ کے مجتہد تھے اور بہت بڑے محدث بھی تھے۔ مجتہد کے لئے قرآن، حدیث، آثار،، تاریخ، لغت، قیاس میں ماہر ہونا ضروری ہے۔

"الإمام (أبوحنيفه رحمه الله تعالىٰ) مجتهدٌ إجماعاً، بل من أكابر المجتهدين، لم ينكر أحد سلفاً ولا خلفاً، والرجل لايكون مجتهداً إلا بعد أن يكون ماهراً بالقرآن والحديث والآثار والتاريخ والقياس كما صرح به أئمة الأصول". مقدمه أوجز، ص: ٦٠(١)۔

---

(۱) (مقدمة أوجز المسالک لشيخ الحديث زكريا رحمه الله تعالىٰ، الباب الرابع فی ذكر الإمام الأعظم أبی حنيفة رضی الله تعالىٰ عنه، الفائدة الرابعة فی علو مرتبته فی الحديث: ۱/۵۸، المكتبة اليحيوية بسهارنپور)

ابن حجر نے لکھا کہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے چار ہزار مشائخ وتابعین وغیرہم سے علم حاصل کیا ہے، علامہ ذہبی رحمہ اللہ تعالیٰ نے امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کو محدثین کے طبقاتِ حفاظ میں شمار کیا ہے(۱)۔

۳.....خود مجتہد مطلق تھے، قرآن وحدیث کو سامنے رکھ کر خود ان سے مسائل استنباط کرتے تھے، کسی کے مقلد نہ تھے، (کذافی النافع الکبیر ص: ۹۷) (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی معین المفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۴/۱۲/۵۴ھ۔

صحیح: عبداللطیف عفی عنہ مدرسہ مظاہر علوم، ۱۵/ ذی الحجہ/۵۴ھ۔

بعض مسائل میں دوسرے امام کے مذہب پر عمل کرنا، شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ کیا مقلد تھے؟

سوال[۷۵۷]: جو شخص حنفی کہلا کر بعض مسائلِ اختلافیہ میں مسائل شافعیہ وحنابلہ پر اپنی تحقیق کی بناء پر عمل کرے تو وہ حنفیت سے نکل جائے گا یا نہیں؟ حالانکہ امام ولی اللہ صاحب انفاس العارفین، ص: ۷۰ میں لکھتے ہیں:

''مخفی نماند که حضرتِ ایشاں: ای عبدالرحیم صاحب دهلوی در اکثر امور موافق مذهب حنفی عمل می کردند إلّا بعض چیز ها که بحسب حدیث یا وجدان بمذهبِ دیگر ترجیح می یافتند، ازاں جمله آنست که در اقتداء سورۂ فاتحه می خوانند، ودر جنازه نیز''(۳).

(دیکھو کتاب ''حزبِ امام ولی اللہ صاحب دہلوی کی اجمالی تاریخ کا مقدمہ''، ص: ۱۶۰) (۴)

---

(۱) ''قال ابن حجر رحمه الله تعالیٰ: مرّ أنه أخذ عن أربعة آلاف شیخ من أئمة التابعین وغیرهم، ومن ثمة ذکره الذهبی وغیره فی طبقات الحفاظ من المحدثین.'' (مقدمة الأوجز، المصدر السابق، الفائدة الخامسة: ۱/ ۶۰)

(وکذافی مقدمة إعلاء السنن، أبوحنیفة وأصحابه المحدثون، الفصل الثالث فی درجة الإمام فی علم الحدیث: ۳/ ۱۱، ۱۵، إدارة القرآن)

(۲) (النافع الکبیر مع الجامع الصغیر، الفصل الأول، ص: ۱۰، إدارة القرآن کراچی)

(۳) (أنفاس العارفین لشاه ولی الله محدث دهلوی، ص: ۱۵۷، المعارف گنج بخش روڈ لاہور)

(۴) (حزب ولی اللہ دہلوی کی اجمالی تاریخ کا مقدمہ، ص: ۹۲، سندھ ساگر اکادمی لاہور)

Made searchable using ScribeTools.com

مؤلفہ مولانا مولوی عبیداللہ صاحب سندھی حنفی دیوبندی۔

نیز مکتوبات شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی کے ص: ۵ میں لکھا ہے:

''گفتم: بقدرِ امکان جمع می کنم درمذهبِ مشهوره، مثلاً صوم و صلوٰة ووضو وغسل وحج بوضعے که واقعے می شود که هم اهلِ مذاهب صحیح دانند وعند تعذرِ الجمع باقویٰ مذاهب ازروئے دلیل وموافقتِ صریح حدیث عمل می نمایم''(۱).

اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ شاہ عبدالرحیم صاحب دہلوی وحضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی اپنے مسلک مذکورہ کی بناء پر مقلد تھے یا غیر مقلد؟ اوران کو باوجودِ حنفی مذہب کے ایسا کرنا درست تھا یانہیں؟ غور فرما کر اس مسئلہ پر لکھیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر کوئی حنفی اپنی وسعتِ نظر، جودتِ فہم، صفائی باطن یا کسی اَور داعیۂ قویہ کی بناء پر کسی دوسرے امام کی دلیل کو قوی سمجھ کر اس پر عمل کرے تو وہ شخص حنفیت سے خارج نہیں ہوگا (۲) اور قوتِ داعیہ کے موافق

---

(۱) (لم أظفر عليه)

(۲) ''والحاصل أن ماخالف فيه الأصحاب إما مهم الأعظم لايخرج عن مذهبه إذا رجّحه المشايخ المعتبرون، وكذا مابناه المشايخ على العرف الحادث لتغير الزمان أوللضرورة، ونحو ذلک لايخرج عن مذهبه أيضاً؛ لأن مارجحوه لترجح دليله عندهم مأذون به من جهة الإمام الخ''. (شرح عقود رسم المفتى ،ص: ۲۸، مير محمد كتب خانه)

''ونظير هذا ما نقله العلامة بيرى فى أول شرحه على الأشباه عن شرح الهداية لابن الشحنة ، ونصه : إذا صح الحديث وكان على خلاف المذهب عمل بالحديث، ويكون ذلک مذهبه، ولايخرج مقلده عن كونه حنفياً بالعمل به، ..... ولا يخفى أن ذلک لمن كان أهلاً للنظر فى النصوص ومعرفة محكمها من منسوخها، ..... ولذا ردّالمحقق ابن الهمام على بعض المشايخ حيث أفتوا بقول الإمامين بأنه لايعدل عن قول الإمام إلا لضعف دليله''. (ردالمحتار، المقدمه، مطلب: صح عن الإمام أنه قال: إذا صح الحديث فهو مذهبى : ۱/۶۷، ۶۸، سعيد) =

وہ شخص معذور ہوگا اور دوسروں کو اس کا اتباع جائز نہیں ہوگا (۱) اور اس کی نظیریں مذاہبِ اربعہ میں موجود ہیں۔ شیخ ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ کی ابحاث کو ان کے تلمیذِ خاص قاسم بن قطلو بغا نے نا قابلِ اعتناء قرار دیا ہے، کذا فی رسم المفتی (۲)، ابن حجر مکی شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ نے فتاویٰ کبریٰ میں لکھا ہے کہ فقہ شافعی میں زکوٰۃ کے متعلق تین مسائل ایسے ہیں جن میں فقہ حنفی کے موافق فتویٰ دیا جاتا ہے: نقل الزکوٰۃ، ودفع الزکوٰۃ إلی واحد، ودفعها إلی أحد الأصناف اه (۳)۔

امام غزالیؒ نے احیاء العلوم میں امام مالک رحمہ اللہ کے مذہب کو طہارتِ ماء کے متعلق پسند کیا ہے (۴)،

= "ولو أنّ رجلاً بریٔ من مذهبه باجتهادٍ وضح له كان محموداً مأجوراً، أما انتقال غيره من غير دليل ..... فهو المذموم الآثم". الخ. (ردالمحتار، باب التعزير: ۴/۸۰، سعيد)

(۱) "ان المفتی المجتهد ليس له العدول عما اتفق عليه أبو حنيفة وأصحابه، فليس له الإفتاء به وإن كان مجتهدا متقناً ..... قلت: ذلک فی حق من يفتی غيره ..... وأما فی حق العمل به لنفسه فالظاهر جوازه له، يدل عليه قول خزانة الروايات: يجوزله أن يعمل عليها وإن كان مخالفاً لمذهبه: أی لأن المجتهد يلزمه اتباع ماأدى إليه اجتهاده". (شرح عقود رسم الفمتی: ۱۰۲، ۱۰۳، مير محمد كتب خانه كراچی)

(۲) "قال العلامة قاسم فی حق شيخه خاتمة المحققين الكمال ابن الهمام: "لايعمل بأبحاث شيخنا التی تخالف المذهب". (شرح عقود رسم المفتی، ص: ۶۸، مير محمد كتب خانه كراچی)

(وكذا فی، ص: ۷۶، من شرح عقودرسم المفتی، مير محمد كتب خانه كراچی)

(۳) "جازله أن ينقل ماكان أخذه إلی بلده ..... فله إعطاء بعض آحاد الصنف أقل متمول، فإن أعطی اثنين من صنف دون الثالث ..... أو واحد فقط ..... أما إذا لم يوجد الثالث فيعطی الكل للإثنين إن احتاجاه، ولا ينقل باقی أسهم إلی غيرهما، فإن لم يحتاجوه ردعلی الباقين إن احتاجوه وإلا نقل إلی غيرهم؛ إذ حصة من فقد من الأصناف أو من أحاد الصنف بمحل الزكاة ..... الخ". (الفتاویٰ الكبری لابن حجر المكی، كتاب الزكاة: ۱/۳۲، ۳۸، المكتبة الإسلامية)

(۴) "هذا هو مذهب الشافعی رضی الله عنه، وكنت أودّ أن يكون مذهبه كمذهب مالک رضی الله عنه فی أن الماء وإن قلّ لا ينجس إلا بالتغير؛ إذ الحاجة ماسة إليه". (إحياء العلوم للغزالی، كتاب أسرار الطهارة: ۱/۱۸۴، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

فقہائے احناف نے مسئلہ مفقود میں امام مالکؒ کا مسلک اختیار کیا ہے(۱) وغیرہ وغیرہ۔

شاہ عبدالرحیم صاحبؒ حنفی تھے(۲)، چنانچہ فتاویٰ عالمگیری کی تدوین میں وہ بھی شریک تھے اور جگہ جگہ اصلاحات بھی فرمائی ہیں۔ شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ بھی مقلد اور حنفی تھے(۳)، بعض حضرات کو ان کی مختلف عبارات سے اس کے خلاف کا ایہام ہوتا ہے مگر اسی کتاب، ص: ۴۸، ۶۲، ۱۰۵ میں حنفی مذہب کو ترجیح دی ہے، اصل یہ ہے کہ وہ کسی کی تقلید نہیں کرنا چاہتے تھے اور یہ طبعی چیز تھی، لیکن حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے کسی مشاہدہ میں ان کو اس پر مجبور کیا گیا جیسا کہ اَور بھی بعض اشیاء پر

---

(۱) (راجع إلى ''حیلۂ ناجزۃ'' لحکیم الأمت أشرف علی التھانویؒ، ص: ۶۲، دار الإشاعت، کراچی)

(۲) دیکھئے مولانا حافظ عبدالحق خان بشیر نقشبندی کی مؤلف'' مولانا عبیداللہ سندھی رحمہ اللہ تعالیٰ اور تنظیم فکر ولی اللّٰھی''، ص: ۵۴، مطبع حق چار یار اکیڈمی گجرات)

''شاہ صاحب انفاس العارفین میں اپنے والد ماجد شاہ عبدالرحیم دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ کے متعلق فرماتے ہیں: ''یہ بات مخفی نہ رہے کہ حضرت اکثر امور میں حنفی مذہب کے مطابق عمل فرماتے تھے سوائے چند ایک چیزوں کے''۔

(کتاب: ''مولانا عبیداللہ سندھی اور تنظیم فکر ولی اللہی، المصدر السابق)

(وکذا فی أنفاس العارفین، مترجم سید محمد فاورق قادری، ص: ۱۵۷، المعارف گنج بخش لاھور)

(۳) اس سلسلہ میں حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کے الفاظ ملاحظہ ہوں: '' کتبہ بیدہ الفیقر إلی رحمۃ اللہ الکریم الودود، ولی اللہ بن عبدالرحیم ..... الصوفی طریقۃً، والحنفی عملاً، والحنفی والشافعی درساً'' یہ الفاظ حضرتؒ نے اس صحیح بخاری پر تحریر فرمائے ہیں جو شاہ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کے درس میں استعمال ہوا ہے۔ (مولانا عبیداللہ سندھیؒ اور تنظیم فکر ولی اللّٰھی، ص: ۵۳، حق چار بار اکیڈمی گجرات)

وفی حزب امام ولی اللہ محدث دھلوی ھکذا: ''شاہ ولی اللہ حنفی تھے:..... ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حنفی مذہب کا ایک ایسا عمدہ طریقہ بتایا جو ان حدیثوں سے جن کو بخاری اور ان کے ساتھیوں نے جمع کیا اور ان کی جانچ پڑتال کی، زیادہ قریب اور موافق ہے اور یہ ہے کہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ، امام یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ، امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ، ان تینوں کے اقوال میں سے وہ قول قبول کیا جائے جو حدیث سے زیادہ قریب ہو.....الخ''۔

(حزب ولی اللہ دہلوی کی اجمالی تاریخ کا مقدمہ، ص: ۹۲، سندھ ساگر اکادمی، لاہور)

Made Searchable by ScribeTools.com

خلافِ طبع مجبور کیا گیا، چنانچہ فرماتے ہیں:

"وجبلتی تأبی التقلید وتأنف منه رأساً، ولٰکن شئی طلب منی التعبدبه بخلاف نفسی اھ "۔ فیوض الحرمین ،ص: ٦٤(١)۔

اس میں مذاہبِ اربعہ میں سے کسی کی تخصیص نہیں کی گئی بلکہ دائر رکھا گیا ہے، لیکن، ص: ۴۸، ۶۲، ۱۰۵ میں ترجیح موجود ہے۔

جن مسائل میں دیگر مذاہب کی رعایت موجود ہو اس میں خروج عن الخلاف کو فقہاء نے مستحب لکھا ہے (۲)، شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کا عام طریقہ یہی ہے، إلّا فی بعض المسائل، فإنه عمل بتحقیقه.

ایک کتاب پر اپنے دستخط کے ساتھ انہوں نے حنفی خود بھی تحریر فرمایا ہے (۳) جس پر بادشاہِ وقت کے بھی دستخط ہیں اور وہ کتاب الٰہی بخش لائبریری پٹنہ بہار میں محفوظ ہے۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۰/ ۱۱/ ۶۴ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، مظاہر علوم سہارنپور، ۲۵/ ذی قعدہ/ ۶۴ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۳/ ذی قعدہ/ ۶۴ھ۔

کیا حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ بھی مقلد تھے؟

سوال[۷۵۸]: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل میں کہ حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ مقلد تھے یا غیر مقلد، اگر مقلد تھے تو ان کا مسلک کیا تھا؟ یہاں بعض حضرات کہتے ہیں کہ وہ غیر مقلد

---

(۱) تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو: (مولانا عبید اللہ سندھی رحمہ اللہ تعالیٰ اور تنظیم فکر ولی اللّٰہی، ص: ۵۵، (بحوالہ فیوض الحرمین: ۱۶۵) حق چار یار اکیڈمی گجرات)

(فیوض الحرمین، مشاهد أخری بالإجمال، ص: ۶۵، کتب خانه رحیمیه دیوبند)

(۲) "الإحتیاط فی الدین مطلوب، ومراعاة الخلاف أمر محبوب سواء کان قولاً ضعیفاً فی المذهب، أو کان مذهب الغیر کیف، الخ". (الفوائد المخصصة بأحکام کیّ الحمصة، فی ضمن رسائل ابن عابدین: ۱/ ۶۱، سهیل اکیڈمی لاهور)

(۳) (راجع، ص: ۶۱۹، رقم الحاشیة: ۳)

Made searchable using ScribeTools.com

2

تھے۔حوالہ کتب معتبرہ سے مدلل بیان فرمائیں۔

الجواب حامداً او مصلیاً:

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ علوم واسعہ ، افکار عمیقہ، اخلاق فاضلہ، اعمال صالحہ، تزکیۂ نفس، طہارت باطن، نسبت قویہ، مکاشفہ صحیحہ کی دولت سے مالا مال تھے۔ جہاں کسی چیز میں کوئی اشکال ہوا فوراً روحانیتِ نبویہ سے حل کرلیا، آثار صحابہ گویا سب کے سب نظروں کے سامنے تھے، ان کے مذاہب سے واقفیت حاصل تھی، ائمہ مجتہدین کے اصولِ استنباط اور ماخذِ مسائل پر پورا عبور تھا، تطبیق بین الروایات میں ملکۂ تامہ تھا، ناسخ ومنسوخ کے حافظ تھے، وغیرہ وغیرہ ان اسباب کی بناء پر آپ تقلید کی ضرورت محسوس نہیں فرماتے تھے، طبیعت کو اس سے انکار تھا لیکن حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تقلید پر مجبور فرمایا، تقلید کے علاوہ اَور بھی بعض چیزیں ایسی ہیں کہ تقاضائے طبعی کے خلاف ان پر مامور کئے گئے چنانچہ لکھتے ہیں:

"و ثانيهما: الوصاة بالتقليد بهذه المذاهب الأربعة، لا أخرج منها، والتوفيق ما استطعت، و جبلتي تأبى، و تأنف منه رأساً، و لكن شئ طلب مني التعبد منه بخلاف نفسي اهـ". (فيوض الحرمين ص:٦٥)(١)۔ اس سے مطلق تقلید کے ساتھ مقید ہونا معلوم ہوا، نیز وہ تقلید مذاہب اربعہ میں محصور ہے۔

مذہب حنفی کی ترجیح کے سلسلہ میں فرماتے ہیں:

"عرّفني رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أن في المذهب الحنفي طريقة أنيقة، وهي أوفق الطرق بالسنة المعروفة التي جمعت و نقحت في زمان البخاري و أصحابه،و ذلك أن يؤخذ من أقوال الثلاثة قول أقربهم بهافي المسئلة، ثم بعد ذلك يتبع اختيار الفقهاء الحنفيين الذين من علماء الحديث، فربّ شيء سكت عنه الثلاثة(أبو حنيفة وصاحباه) في الأصول، و ما تعرضوا لنفيه، ودلت الأحاديث عليه، فليس بدّ من أصحابه، والكل مذهب حنفي اهـ". (فيوض الحرمين ص:٤٨)(٢) -

۱۱۷۶ھ میں وفات ہے، اسی ۱۱۷۶ھ میں اخیر مرتبہ "بخاری شریف" پڑھائی ہے اور مولوی چراغ

---

(۱) (فیوض الحرمین (مترجم) تینتیسواں مشاہدہ، ص: ۲۲۷، دارالاشاعت)

(۲) (فیوض الحرمین (مترجم) انتیسواں مشاہدہ، ص: ۱۷۵، دارالاشاعت)

صاحب کے لئے سند اپنے قلم سے لکھی ہے جو کہ بخاری شریف کے ساتھ خدا بخش لائبریری پٹنہ میں موجود ہے، اس میں اپنے نام کے ساتھ حنفی لکھا ہے اور حضرت شاہ رفیع الدین صاحب کی تصدیق ہے کہ یہ میرے والد کی تحریر فرمودہ ہے، نیز شاہ عالم کی مہر بھی اس تصدیق پر موجود ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اخیر تک حنفی رہے، کسی کو یہ کہنے کی مجال نہیں کہ بعد میں غیر مقلد ہو گئے تھے -نعوذ باللہ منہ-، البتہ حسبِ وسعت جمع فرماتے تھے، ادلہ کی قوت وضعف سے بھی بحث فرمایا کرتے تھے جس سے بعض کو شبہ ہو جایا کرتا تھا۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

امام کے قول کے خلاف اگر حدیث موجود ہو تو مقلد کیا کرے؟

سوال[۷۵۹]: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک مثلاً اپنی رائے اور قول کی موافقت ناجائز ہو یعنی کوئی بھی مسئلہ ہو یعنی امام صاحب کے قول کے مقابل میں حدیث صحیح ہو، راوی حدیث بیان کرنے والے تقریباً چار سے زائد ہوں اور راوی ثقہ ہیں، راویوں کی بالکل ایک ہی دلیل رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے صحیح حدیث بیان کرتے ہیں اور صحیح حدیث بخاری کی موجود ہے تو ایک شخص امام کا قول ترک کر کے احادیث پر عمل کرتا ہے۔ اب آپ سے فتویٰ چاہتا ہے برائے مہربانی فتویٰ ارسال فرماویں۔

۲۷/ جون ۱۹۷۱ء، ڈاکخانہ ہون، علاقہ نوبجوہ، تحصیل کشتواڑ، ضلع ڈوڈھ، ریاست جموں وکشمیر، مولوی احمد اللہ۔

الجواب حامداً او مصلیاً:

یہ بات تو ممکن ہے کہ امام عظم رحمہ اللہ تعالیٰ نے جو مسئلہ بیان فرمایا ہے ''بخاری شریف'' کی کوئی حدیث اس کے خلاف ہو لیکن یہ نہیں ہوسکتا کہ امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کا مسئلہ بلا دلیل ہو۔ اتنا تو غور کیجئے کہ صحیح حدیث جب کسی مسئلہ میں موجود ہو تو امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک رائے (قیاس) جائز نہیں (۱) پھر یہ

---

(۱) "و قد روى الشيخ محى الدين فى: "الفتوحات المكية" بسنده إلى الإمام أبى حنيفة أنه كان يقول: "إياكم والقول فى دين الله تعالىٰ بالرأى، وعليكم بإتباع السنة، فمن خرج عنها ضل" ..... و كان يقول: "عليكم بآثار مَنْ سَلَفَ، و إياكم و آراء الرجال اهـ". ..... و كان يقول: "لم تزل الناس فى صلاح مادام فيهم من يطلب الحديث، فإذا طلبوا العلم بلا حديث فسدوا". ..... و قال أيضاً (أى فى =

Made searchable using ScribeTools.com

کہنا کہ ان کا قول (رائے) یعنی قیاس محض رائے اور قیاس ہے جو کہ حدیث کے خلاف ہے غلط اور امام صاحب کے اصول کے خلاف ہے جو کہ تہمت ہے۔

رائے کا حاصل تو یہ ہے کہ جو مسئلہ نص (آیت یا حدیث) میں موجود ہو امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ اس کے لئے علّت تلاش کرتے ہیں تا کہ جن مسائل سے نص ساکت ہے اور ان میں وہ علت موجود ہے تو حکم نص کو وہاں متعدی کر دیا جائے، اس کا فائدہ یہ ہے کہ حکم نص زیادہ سے زیادہ عام ہو جائے امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی اس کو اپنی صحیح میں ثابت کیا ہے (۱) لہٰذا جس مسئلہ میں خود نص موجود ہوگی وہاں امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ رائے اور قیاس کو دخل ہی نہیں دیں گے بلکہ نص پر عمل کریں گے۔

بعض کوتاہ نظر کسی ایک حدیث کو دیکھ کر کہنے لگتے ہیں کہ امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کا فلاں قول مطلقاً حدیث کے خلاف اور محض رائے پر مبنی ہے یہ ان کی کوتاہ نظری ہے یا عناد ہے۔ صحیح بخاری شریف مجموعی حیثیت سے اعلیٰ کتاب ہے لیکن یہ ضروری نہیں کہ ان کی ہر ہر حدیث دیگر کتب کی ہر ہر حدیث سے اعلیٰ ہو، بلکہ ہوسکتا ہے کہ دوسری کتاب کی حدیث مثلاً جس پر امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کا قول مبنی ہے وہ بخاری شریف کی حدیث سے اعلیٰ ہو، شیخ ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ نے فتح القدیر میں اس پر بحث کی ہے (۲)، نیز عمدۃ

= الفتوحات): وقد تتبعت بحمد الله أقواله و أقوال أصحابه لما ألفت كتاب: "أدلة المذاهب" فلم أجد قولاً من أقواله و أقوال أتباع إلا وهو مستند إلى آية، أو حديث، أو أثر، أو إلى مفهوم ذلك، أو حديث ضعيف كثرت طرقه، أو إلى قياس صحيح على أصل صحيح". (ص: ۵۲)". (إعلاء السنن، المقدمة، أبو حنيفة و أصحابه المحدثون: ۳/ ۴۹، ادارة القرآن كراچی)

(۱) (تقدم تخريجه تحت عنوان: "تقلید کی شرعی حیثیت")

(۲) قال ابن الهمام: "وكون معارضه في البخاری لا يستلزم تقديمه بعد اشتراكهما في الصحة، بل يطلب الترجيح من خارج. و قول من قال: أصح الأحاديث ما في الصحيحين، ثم ما انفرد به البخاری، ثم ما انفرد به مسلم، ثم ما اشتمل على شرطهما من غيرهما، ثم ما اشتمل على شرط أحدهما تحكّمٌ لا يجوز التقليد فيه؛ إذ الأصحيّة ليس إلا لإشتمال رواتهما على الشروط التي اعتبراها، فإذا فرض وجود تلك الشروط في رواة حديث في غير الكتابين أفلا يكون الحكم بأصحية ما في الكتابين عين التحكّم؟ و قد أخرج مسلم عن كثير في كتابه ممن لم يسلم من غوائل الجرح، و كذا في البخاری جماعة تكلم =

القاری شرح بخاری: ۸/ ۵۱، میں ہے: "و دعوى الحكم بتصحيح جميع ما أورده البخاري في كتابه غير موجهة؛ لأن دعوى الكلية تحتاج إلى دليل قاطع اهـ"(۱)۔

لہٰذا یہ دعویٰ کرنا کہ امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کا قول حدیث کے خلاف اور محض رائے پر مبنی ہے، یہ خود دعویٰ بلا دلیل ہے بلکہ خلاف دلیل ہے جو اپنے علم ناقص یا عناد سے ناشی ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹/ ۵/ ۹۱ھ۔

عالم محقق کیلئے تقلید اور ایک مذہب سے دوسرے مذہب کی طرف انتقال

سوال [۷۶۰]: ۱..... فقہاء کی اصطلاح میں تقلید کے کیا معنی ہیں؟

۲..... کیا حقیقۃً یہ امر علماء کے یہاں مسلم ہے کہ جو شخص بجائے خود مجتہد ہو اس کے لئے جائز نہیں کہ وہ دوسرے کی تقلید کرے، بایں معنیٰ کہ التقليد العمل بقول من لا يعرف دليله۔

۳..... کوئی شخص اگر خود اجتہاد کے مرتبہ پر فائز نہ ہو، مگر عالم بالکتاب والسنۃ ہو اور نہ صرف عالم ہو بلکہ سنن نبویہ میں نظر بالغ رکھتا ہو، اس کے ساتھ وہ مختلف مذاہب فقہیہ کے فروعی مسائل میں تحقیق اور ترجیح کی بھی قابلیت رکھتا ہو ایسے عالم کے لئے ائمہ مذاہب کی تقلید کی کیا صورت ہوگی؟ آیا وہ لازمی طور پر ہر حالت میں کسی معین مذہب کے ساتھ وابستہ رہے گا اور کسی حالت میں بھی اس کے لئے دوسرے مذہب کی پیروی جائز نہ ہوگی اگرچہ وہ ایک ہی مسئلہ میں ہو، یا اس کے لئے یہ بھی جائز ہے کہ مختلف مذاہب کے فروعیات پر تحقیقی نظر ڈال کر سب کا علمی جائزہ لے، پھر ان مختلف فروعیات میں بھی جو مسئلہ اس کو اوفق بالکتاب والسنۃ معلوم ہو اس پر عمل کرے؟

۴..... بالفرض اگر وہ پہلے سے کسی معین مذہب کا التزام کر چکا ہو تو آیا وہ التزام کے بعد دوسرے

= فيهم، فدار الأمر في الرواة على اجتهاد العلماء فيهم الخ". (فتح القدير، كتاب الصلاة، باب النوافل: ۱/ ۴۴۵، مصطفى البابي الحلبي بمصر)

(كذا في مقدمة فتح الملهم، أحاديث الصحيحين هل تفيد القطع ؟: ۱/ ۳۰۰، مكتبه دار العلوم، كراچی)

(۱) (عمدة القاري، كتاب مناقب الأنصار، باب القسامة في الجاهلية، تحت حديث عمرو بن ميمون قال: رأيت في الجاهلية قردةً الخ: ۱۶/ ۴۱۲، رقم الحديث: ۳۸۴۹، دار الكتب العلمية)

Made Searchable by ScribeTools.com
Made searchable using ScribeTools.com

مذہب فقہی میں کلی یا جزوی طور پر انتقال کرسکتا ہے یا نہیں یا ہمیشہ کے لئے اس مذہب سے وابستہ رہے گا جس کا اس نے پہلے التزام کیا ہے؟

۸.....پھر جو شخص عالم بالکتاب والسنۃ نہ ہو بلکہ عامی ہو، ایسے عامی شخص کیلئے تقلید اور ایک مذہب فقہی سے دوسرے مذہب فقہی میں انتقال کرنے کا کیا حکم ہے؟ عبدالرؤف قاسمی بستوی۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

۱.....جس شخص پر اعتماد ہو کہ دلیل کے موافق حکم بتائے گا اس کے قول کو تسلیم کر لینا اور اس سے دلیل کا مطالبہ نہ کرنا تقلید ہے، کذافی عقد الجید (۱)۔

۲.....راجح قول یہی ہے کہ مجتہد کو دوسرے مجتہد کی تقلید کا حق حاصل ہے، اس لئے کہ اجتہاد متجزیٰ ہے کما صرح به الشامی (۲)۔

۳.....جب اس کا دامن اجتہاد سے خالی ہے تو اس کو وسعت نظر وعلم کے باوجود تقلید شخصی لازم ہے، محض اپنی ذاتی تحقیق کی بناء پر دوسرے مذہب کی پیروی کا حق نہیں، تلفیق بالاجماع باطل ہے کذافی الدر المختار (۳)۔ اس کا اجتہاد سے محروم ہونے کے باوجود کسی مسئلہ کو اوفق بالکتاب والسنۃ قرار دینا اپنے منصب سے بڑھ کر بات ہے۔

۴.....جس اعتماد کی بناء پر ایک امام کی تقلید کی تھی اگر وہ اعتماد وسعت نظر وعلم کی بناء پر وہاں سے ختم ہو کر دوسرے امام کے ساتھ قائم ہوگیا ہے تو کلیتہً انتقال مذہب کی اجازت ہے، جزوی انتقال میں تلفیق کا مفسدہ

---

(۱) "وأمارة هذا التقليد أن يكون عمله بقول المجتهد كالمشروط بكونه موافقاً للسنة". (عقد الجيد، فصل سوم، مسئله پنجم، ص: ۱۲۱، ۱۲۲، قرآن محل مقابل مولوی مسافر خانه کراچی)

(۲) "قال في التحرير: مسئلة: غير المجتهد المطلق يلزمه التقليد وإن كان مجتهداً في بعض مسائل الفقه، أو بعض العلوم كالفرائض، على القول بتجزى الإجتهاد، وهو الحق، فيقلد غيره فيما لا يقدر عليه". (شرح عقود رسم المفتي، مطلب في معنى قول الأئمة: لا يحل لأحد أن يفتي بقولنا حتى يعلم من أين قلنا؟ ص: ۷۴، مير محمد كتب خانه)

(۳) "و أن الحكم الملفّق باطل بالإجماع". (الدر المختار، المقدمة: ۱/۷۵، سعيد)

ہے کذافی الحموی (۱)۔

۵..... اس کی اجازت نہیں۔ یہ اتباع ھوا اور تلعّب ہے، عقدالجید (۲)،انصاف (۳) سبیل الرشاد (۴) الاقتصاد (۵) انتصارالحق (۶) تیسیر (۷) التقریروالتحبیر (۸) میں تفصیلی دلائل مذکور ہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حنفی کوکسی اَور کے قول پرعمل کرنا کیا تقلید کے خلاف ہے؟

سوال[۷۶۱]: تقلید کی تعریف کیا ہے؟ اگر امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ وزفر رحمہ اللہ تعالیٰ کے قول پرعمل کرے تو کیا اس صورت میں بھی حنفی رہیگا؟ بوقتِ ضرورت شوافع ومالکیہ کے قول پر (مثلاً مسئلہ مفقود) عمل کرنے سے حنفی رہے گا یا نہیں جب کہ وہ دوسرے امام کے قول پرعمل کررہا ہے؟ سائل محمد بشیر رنگونی ۵/صفر ۵۳ھ

---

(۱) لم أجده فی الحموی علی الأشباه: و قال فی مقدمة إعلاء السنن: "قال صاحب جامع الفتاوی من الحنفية: يجوز للحنفی أن ينتقل إلى مذهب الشافعی و بالعكس لكن بالكلية، أما فی مسئلة واحدة فلا يمكن". (ذكر الشروط الثلاثة لجواز الإنتقال: ۲/۲۲۷، إدارة القرآن كراچی)

و فی رد المحتار: "ولو أن رجلاً برئ من مذهبه بإجتهاد وضح له، كان محموداً مأجوراً". (كتاب الشهادات، باب التعزير، مطلب فيما إذا إرتحل إلى غير مذهبه: ۴/۸۰، سعيد)

(۲) (عقد الجيد (مترجم اردو) تاكيد الأخذ بهذه المذاهب الأربعة: ۵۳، ۷۳، ۱۳۳، ۱۱۴، قرآن محل كراچی)

(۳) (الإنصاف فی بيان أسباب الاختلاف، التقليد فی المذاهب الأربعة، ص: ۹۷، ۱۱۱، دار النفائس)

(۴) (سبيل الرشاد، قول ششم ص: ۵۱۷، ۵۳۲، اداره اسلاميات لاهور)

(۵) (الاقتصاد فی التقليد والاجتهاد، مقصد چهارم ص: ۳۰-۵۵، اداره اسلاميات لاهور)

(۶) (انتصار الحق، إثبات تقليد امام معين كے دلائل، ص: ۱۴۰، ۱۹۲، مطبع صديقی، بريلی)

(۷) (تيسير التحرير، مسئله: لا يرجع المقلد فيما قلد فيه، الجزء الرابع، ص: ۲۵۳، ۲۵۵، مصطفی البابی)

(۸) (التقرير والتحبير، مسئله: غير المجتهد المطلق يلزمه التقليد: ۳/۳۴۴، ۳۴۵، و مسئله: لا يرجع المقلد فيما قلد فيه: ۳/۳۵۰، ۳۵۵، عباس احمد الباز مكة المكرمة)

Made searchable using ScribeTools.com

الجوب حامداً ومصلیاً:

غیر مجتہد کا قول مجتہد کو اختیار کرنا اس اعتماد پر کہ اس کے پاس اس کی دلیل ہے اور اس سے دلیل طلب نہ کرنا یہی تقلید ہے (۱)۔ امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کے اصول جن کو ان کے تلامذہ نے مفصلاً بیان کیا اور ان پر مسائل متفرع ہوئے، خواہ وہ مسائل امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ سے بالتصریح منقول ہوں یا نہ ہوں ان کو ماننے والا اور ان پر عمل کرنے والا حنفی ہے۔ امام صاحب کے تلامذہ کے اقوال بھی امام صاحب ہی کے اقوال ہیں، خواہ وہ صراحۃً ہوں خواہ التزاماً، لہٰذا مواقع مخصوصہ میں ان پر عمل کرنے سے حنفیّت سے خروج نہ ہوگا۔

بعض دفعہ واقعات اور حوادث کے تغیر سے حکم بدل جاتا ہے جیسے متاخرین نے دیکھا کہ اگر آج امام صاحب ہوتے تو فلاں مسئلہ میں یہ حکم دیتے لہٰذا متاخرین نے وہی حکم دیا، خواہ وہ امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کا قول ہو یا کسی دوسرے کا۔ اس قسم کا تغیر حج نفل وصدقہ کی افضلیت وغیرہ کا خود امام صاحب کے زمانہ میں بھی ہوا ہے، لہٰذا اس سے حنفیت میں فرق نہیں آتا۔ والبسط فی عقود رسم المفتی لابن عابدین (۲)۔

حررہ العبد محمود گنگوہی، ۵۳/۲/۸ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد۔ صحیح: عبداللطیف عفا اللہ عنہ، ۵/صفر/۵۳ھ۔

---

(۱) (تحفۃ العلماء، باب چہارم، تقلید کا بیان: ۲/۲۸۴، ادارہ تألیفات اشرفیہ)

(۲) "و فی الولوالجیة من کتاب الجنایات: قال أبو یوسف: ما قلت قولاً خالفت فیه أباحنیفة إلا قولاً قد کان قاله، و روی أنه قال: ما خالفت أبا حنیفة فی شیء إلا قد قاله ثم رجع عنه، فهذا إشارة إلی أنهم ما سلکوا طریق الخلاف، بل قالوا ما قالوا عن اجتهاد و رأی إتباعاً لما قاله استادهم أبو حنیفة، انتهی ..... قالوا: ما قلنا فی مسئلة قولاً إلا وهو روایتنا عن أبی حنیفة، و أقسموا علیه أیماناً غلاظاً، فلم یتحقق إذن فی الفقه جواب و لا مذهب إلا له کیف ما کان، و ما نسب إلی غیره إلا بطریق المجاز للموافقة ..... (و قال بعد صفحتین): والحاصل: أن ما خالف فیه الأصحاب إمامهم الأعظم لا یخرج عن مذهبه إذا رجحه المشایخ المعتبرون، و کذا ما بناه المشایخ علی العرف لتغیر الزمان أو للضرورة و نحو ذلک لا یخرج عن مذهبه أیضاً ..... بإعتبار أنه لو کان حیاً لقال بما قالوه، إنما هو مبنی علی قواعده أیضاً". (شرح عقود رسم المفتی، مطلب: أقوال أصحاب الإمام فی الحقیقة أقواله، ص: ۶۵-۶۸، میر محمد کتب خانه)

مذاہبِ اربعہ کا ماخذ

سوال[۷۶۲۲]: کیا اہل سنت والجماعت میں شامل ہونے کے لئے حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی ان چار مذہبوں میں سے کسی ایک مذہب کی اتباع ضروری ہے یا نہیں؟ اگر ضروری ہے تو کتاب وسنت سے ثابت کیا جائے کہ ائمہ مجتہدین میں سے کس کا اتباع کرے؟ اسلام میں ان چاروں مذاہب کے لئے کیا دلیل ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے "ما أنا عليه وأصحابی" (۱) کے طریق کو صحیح وثواب فرمایا ہے، یہ تو حکم اجمالی ہے، پھر جو مذاہب تفصیل سے مدوّن ہوئے ان میں ائمہ اربعہ کے مذاہب "ما أنا عليه وأصحابی" کے ساتھ اوفق (۲)۔ یہ استقراء مسائل اور تتبع دلائل سے ثابت ہے، ان چاروں میں سے جس محقق عالم نے تفتیش کر کے جس کے مذہب کو اقرب واوفق پایا اس کا اتباع کرلیا (۳)۔ اس مسئلہ پر مستقل رسائل عربی، فارسی، اردو میں موجود ہیں جن میں تفصیل سے بحث کی گئی ہے، الاقتصاد (۴)، سبیل

---

(۱) (مشكوٰة المصابيح، كتاب الإيمان، باب الاعتصام بالكتاب والسنة، الفصل الثانی: ۳۰/۱، قديمی)

(۲) "فعليكم معاشرَ المؤمنين باتباع الفرقة الناجية المسماة بأهل السنة والجماعة، فإن نصرة الله وحفظه وتوفيقه فی موافقتهم، وخذلانه وسخطه ومقته فی مخالفتهم، وهذه الطائفة الناجية قد اجتمعت اليوم فی المذاهب الأربعة وهم: الحنفيون والمالكيون والشافعيون والحنبليون رحمهم اللهتعالیٰ، ومن كان خارجاً عن هذه الأربعة فی هذا الزمان فهو من أهل البدعة والنار". (حاشية الطحطاوی على الدر المختار، كتاب الذبائح: ۱۵۳/۴، دارالمعرفة، بيروت)

(وكذا فی مرقاة المفاتيح، كتاب الإيمان، باب الاعتصام بالكتاب والسنة، الفصل الثانی: ۴۱۹/۱، رشيديه)

(۳) "وأخرج الخطيب ..... قال: ياأمير المومنين! إن اختلاف العلماء رحمة الله من الله تعالیٰ على هذه الأمة، كل يتبع ماصح عنده، وكلهم على هدى، وكل يريد الله تعالیٰ". (ردالمحتار على الدر المختار، مطلب فی حديث "اختلاف أمتی رحمة": ۶۸/۱، سعيد)

(۴) (الاقتصاد فی التقليد والاجتهاد (اردو) للعلامة اشرف على التهانویؒ، إداره اسلاميات لاهور)

Made searchable using ScribeTools.com

الرشاد(۱)،عقدالمجید(۲)،خیرالتنقید (۳)وغیرہ۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبدمحمودغفرلہ،دارالعلوم دیوبند،۲۸/۱/۹۲ھ۔

عامل بالحدیث کاحکم

سوال[۷۶۳]: ۱.....عامل بالحدیث حق پر ہیں یانہیں؟

اہل حدیث کاحکم

سوال[۷۶۴]: ۲.....اہل حدیث کی جماعت کب سے نکلی؟ انجمن اشاعت تبلیغ الاسلام امرتسر۔

الجواب حامداًومصلیاً:

۱.....جوشخص اہلیت اجتہادکی رکھتاہے اس کوتمام احادیث سامنے رکھ کران سے مسائل استنباط کرنے کا حق حاصل ہے(۴)مگراس زمانہ میں اتنی اہلیت تمام عالم سے مفقود ہے جیسا کہ صدیوں سے تجربہ ہورہاہے،لہٰذا

---

(۱) (سبیل الرشاد (اردو) للعلامة رشید احمد الکنکوهی، رحمٰن برادرس، شارع لیاقت پاکستان چوک کراچی)

(۲)''عقدالجید''میں حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں:'' اعلم أن فی الأخذ بهذه المذاهب الأربعة مصلحة عظیمه، وفی الإعراض عنها کلها مفسدة کبیرة ، ونحن نبیّن ذلک لوجوه : أحدها أن الأمة أجمعت علی أن یعتمدوا علی السلف فی معرفة الشریعة، فالتابعون اعتمدوا فی ذلک علی الصحابة، وتبع التابعین اعتمدوا علی التابعین، وهکذا فی کل طبقة اعتمدالعلماء علی من قبلهم ..... وثانیاً : قال رسول الله صلی الله علیه وسلم : ''اتبعوا السواد الأعظم''، ولما اندرست المذاهب الحقة إلا هذه الأربعة ، کان اتباعها اتباعاً للسواد الأعظم ، والخروج عنها خروجاً عن السواد الأعظم''. (عقد الجید، باب تاکید الأخذ بهذه المذاهب الأربعة والتشدید فی ترکها والخروج عنها ،ص: ۵۳، ۵۶، سعید)

(۳) (خیر التنقید فی سیر التقلید (اردو) مولانا خیر محمد جالندهری رحمه الله تعالیٰ ، کتب خانه انصاریه جالندهر شهر بازار شیخان)

(۴) ''وإن وظیفة المجتهد العمل باجتهاده دون اجتهاد غیره''. (مقدمة عمدة الرعایة، الدراسة الثانیة، ص:۸، سعید)

Made Searchable by ScribeTools.com

بجز تقلید چارہ نہیں، جو شخص تقلید چھوڑ کر اجتہاد کا دعویٰ کرتا ہے اور مسائل استنباط کرنے کا مدعی ہے وہ جھوٹا ہے، معمولی مسائل کے دلائل سے اس کی تکذیب کی جاسکتی ہے، نیز اگر ائمۂ دین مجتہدین کو سب وشتم بھی کوئی شخص کرے تو وہ فاسق بالیقین اور فقہاء کی بڑی جماعت ایسے شخص کی تکفیر بھی کرتی ہے (۱) اور یہ مرض عام غیر مقلدین میں پھیلا ہوا ہے الا ماشاء اللہ، پھر ایسی جماعت کو کیسے کہا جاسکتا ہے کہ وہ حق پر ہے؟ رہا نفسِ عمل بالحدیث یہ کوئی مذموم چیز نہیں بلکہ عینِ مطلوب ہے، لقولہ تبارك وتعالیٰ: ﴿ما آتاكم الرسول فخذوه وما نهاكم عنه فانتهوا﴾ الآية (۲)۔

ہر شخص کو اتنی اہلیت نہیں کہ مقدم وموخر، ناسخ ومنسوخ وغیرہ کو معلوم کرسکے اس لئے تقلید کا حکم دیا جاتا ہے۔

۲..... عمل بالحدیث تمام عمر سے تھا، جب سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بعثت ہوئی تمام ائمہ کا عمل حدیث پر رہا ہے اور ائمۂ مجتہدین کے مسائل قرآن وحدیث ہی سے ماخوذ ہیں (۳)، لیکن وہ حضرات مجتہد ہونے کی وجہ سے ناسخ ومنسوخ سے واقف تھے۔ اور چند صدیوں سے ایک فرقہ پیدا ہوا ہے جو کہ خود علم نہیں رکھتا کہ مسائل کا استنباط کرسکے اور تقلید کو شرک کہتا ہے، درحقیقت یہ فرقہ گمراہ ہے جو اپنے کو عامل بالحدیث بتاتا ہے۔

---

(۱) "من شتم عالماً أو فقيهاً من غير سبب، خيف عليه الكفر". (التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل فى العلم والعلماء: ۵۰۸/۵، ادارة القرآن كراچى)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، الباب التاسع فى أحكام المرتدين من السير، مطلب: موجبات الكفر أنواع: ومنها: ما يتعلق بالعلم والعلمآء: ۲۷۰/۲، رشيديه)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۲۰۷/۵، رشيديه)

(۲) (الحشر: ۷)

قال العلامة الآلوسى رحمه الله تعالىٰ تحتها: "و فى الكشاف: الأجود أن تكون (أى الآية) عامةً فى كل ما أمر به صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و نهى عنه". (روح المعانى: ۵۰/۲۸، دار إحياء التراث العربى بيروت)

(۳) (تقدم تخريجه من مقدمة إعلاء السنن العلامه العثمانیؒ، تحت عنوان: "قول امام کے خلاف اگر حدیث موجود ہو، تو مقلد کیا کرے")

Made searchable using ScribeTools.com

وجوب تقلید کے متعلق بہت سی کتابیں لکھی گئیں۔ ''الاقتصاد، سبیل الرشاد'' وغیرہ رسائل بھی اسی مضمون کی تفصیل میں ہیں۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۷/ ۱۱/ ۵۳ھ۔

صحیح: عبد اللطیف عفا اللہ عنہ، ۱۶/ ذیقعدہ/ ۵۳ھ۔

مسائلِ اختلافیہ پر غور وفکر کرنے کے لئے چند اصولِ موضوعہ

[۷۶۵] ایک صاحب نے حضرت مفتی صاحب دامت برکاتہم کی خدمت میں چند سوالات ارسال کئے تھے اور لکھا تھا کہ ثبوتِ مدعا کے لئے صرف صحاحِ ستہ ہی کی حدیث پیش کی جائیں۔ حضرت مفتی صاحب مدظلہ نے ان کے سوالات کے تفصیلی جوابات تو دیئے نہیں اس لئے کہ وہ مسائل ایسے معرکۃ الاراء اور مختلف فیہ تھے کہ دونوں طرف کے علماء نے اس مضمون پر مستقل کتابیں تصنیف کی تھیں، اس پر مزید کچھ لکھنا وقت کی بربادی کے سوا اَور کوئی خاص افادیت نہیں رکھتا۔ ایسے اصول تحریر فرمادیئے کہ جو کسی بھی مسئلہ کے سمجھنے کے لئے کلید کی حیثیت رکھتے ہیں۔ امید کہ علماء کرام اس مضمون سے خاص طور پر محظوظ ہوں گے۔ (ادارہ)

مکرم ومحترم، زادکم اللہ علماً نافعاً! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کا خط ملا، چند اصولِ موضوعہ تحریر ہیں، ان کو بغور دیکھیں اور مستحضر رکھیں پھر اپنے سوال پر غور کریں:

۱- اصول فقہ چار ہیں (۱)۔

۲- سائل کو حق نہیں ہے کہ کسی فرع کی دلیل کو کسی ایک اصل میں منحصر مان کر اس کا مطالبہ کرے۔

۳- مجیب ذمہ دار نہیں کہ سائل کے حصر کردہ اصل کا پابند رہے۔

۴- حدیثِ صحیح کتب صحاح میں منحصر نہیں، لہٰذا غیرِ صحاح ستہ کی ہر حدیث کو غیر صحیح نہیں کہا جاسکتا (۲)۔

---

(۱) قال العلامه النسفی: ''اعلم أن أصول الشرع ثلاثة: الكتاب والسنة و إجماع الأمة، والأصل الرابع: القياس''. (المنار مع شرحه نور الأنوار، ص: ۵، تقسيم أصول الشرع، سعيد)

(وكذا فی مجموعة الفتاوی لشيخ الإسلام ابن تيميه: ۱۰/ ۲۲۰، الجزء العشرون، مكتبة العُبَيكان)

(والمغني فی أصول الفقه، ص: ۱۸۳، باب الحجج الشرعية، جامعة أم القرىٰ، مكة المكرمة)

(۲) ''وقول من قال: أصح الأحاديث ما فی الصحيحين، ثم ما انفرد به البخاری، ثم ما انفرد به مسلم، ثم =

۵-صحاح ستہ کی ہر حدیث اصطلاحِ محدثین میں صحیح نہیں، بلکہ ان میں حسن غریب وغیرہ بھی ہیں(۱)۔

۶-صحاح ستہ کی ہر حدیث کو غیر صحاحِ ستہ کی ہر حدیث پر ترجیح نہیں(۲)۔

= مـااشتـمـل على شرطهما من غيرهما، ثم ما اشتمل على شرط أحدهما تحكّمٌ لا يجوز التقليد فيه ؛ إذِ الأصـحية ليـس إلا اشتـمـال رواتهـما على الشروط التى اعتبراها، فإذا فرض وجود تلك الشروط فى روا ة حـديـث فى غير الكتابين، أفلا يكون الحكم بأصحية ما فى الكتابين عين التحكّم؟ ثم حكمهما أو أحدهما بأن الراوى المعين مجتمع تلك الشروط ليس مما يقطع فيه مطابقة الواقع، فيجوز كون الواقع خلافه". (فتح القدير: ۱/۴۴۵، باب النوافل ، مصطفى البابى الحلبى)

(وكـذا فـى السـعـايـه شرح شرح الوقاية : ۲/۳۰، مطلب فى أن الأصحيّة منوطة بوجود شرائط الصحة الخ، باب الأذان ، سهيل اكيڈمى لاهور)

(وكذا فى تيسير مصطلح الحديث ، ص: ۳۹، مكتبة دار التراث الكويت)

(۱) "فـصـل : الكتب الستة المشهورة المقررة فى الإسلام التى يقال لها: الصحاح الست : هى صحيح البـخـارى، وصـحـيـح مسلم، والجامع للترمذى، والسنن لأبى داؤد، والنسائى، و سنن ابن ماجه، و عند البـعـض الـمؤطا بدل ابن ماجة، و صاحب جامع الأصول اختار المؤطأ. و فى هذه الكتب الأربعة أقسام من الأحاديث من الصحاح والحسان والضعاف، و تسميتها بالصحاح الست بطريق التغليب ". (مقدمة مشكوةالمصابيح، للشيخ عبد الحق الدهلوى ،ص:۷، قديمى)

(۲) "وكـون مـعارضه فى البخارى لا يستلزم تقديمه بعد اشتراكهما فى الصحة، بل يطلب الترجيح من خـارج ". (السـعـاية فى كشف ما فى شرح الوقاية : ۲/۳۰، باب الأذان ، مطلب فى أن الأصحية منوطة بوجود شرائط الصحة الخ ، سهيل اكيڈمى لاهور)

"عـلـى أن دعـوى أصـحية مـا فـى الـكـتـابين أو أصحية البخارى على صحيح مسلم وغيره إنماباعتبار الإجـمـال، و مـن حيـث المجموع دون التفصيل باعتبار حديث و حديث، صرح به فى التدريب حيث قال : قد يـعـرض لـلمفوّق ما يجعله فائقاً، كأن يتفقا على إخراج حديث غريب، و يخرج مسلم أو غيره حديثاً مشهوراً، أو مـمـا وصـفـت تـرجـمتـه بـكـونها أصح الأسانيد،و لا يقدح ذلك فيما تقدم؛ لأن ذلك باعتبار الإجمال ، قال الزركشى : و من هنا يعلم أن ترجيح كتاب البخارى على مسلم وغيره إنما المراد به ترجيح الجملة على الجملة لا كل فرد من أحاديثه على كل فرد من أحاديث الآخر". (مقدمه إعلاء السنن : ۱/۴۲، قواعد فى علوم الحديث، الفصل الثانى فى بيان ما يتعلق بالتصحيح والتحسين من قواعد مهمة و أصول ، إدارة القرآن كراچى)

Made searchable using ScribeTools.com

۷-استدلال کے لئے حدیث کا صحیح ہونا لازم نہیں بلکہ حسن وغیرہ سے بھی استدلال درست ہے(۱)۔

۸-تعارضِ حدیث کے وقت لازماً نسخ ہی متعین نہیں بلکہ ترجیح، تطبیق، رجوع الی الآثار، اجتہاد متعدد طرق ہیں(۲)۔

۹- سنتِ خلفائے راشدین کی حیثیت مستقل دلیل کی ہے(۳)۔

---

(۱) "الحسن كالصحيح فى الاحتجاج به و إن كان دونه فى القوة، و لهذا أدرجته طائفة فى نوع الصحيح، كالحاكم وابن حبان و ابن خزيمة مع قولهم بأنه دون الصحيح المبين أولاً ،و قال الحافظ فى شرح النخبة : و هذا القسم من الحسن مشارك للصحيح فى الاحتجاج به و إن كان دونه". (مقدمه إعلاء السنن : ۱/ ۴۹، قواعد فى علوم الحديث ، الفصل الثانى ، إدارة القرآن كراچى)

(۲) قال العلامة البنورى : "و إذا تعارض الخبران فى باب واحد فعند الشافعية يقدم التطبيق، ثم الترجيح، ثم النسخ، ثم التساقط والعمل بالأصول. و عند الحنفية: يعمل أولاً بالترجيح، ثم بالتطبيق، ثم بالنسخ، ثم بالتساقط، والمراد بالنسخ الاجتهادى أما المعلوم زمانه فهو المقدم على الكل عند الكل، و قيل: التطبيق مقدم على الترجيح عند الحنفية أيضاً، و ذلك أن فى الترجيح عملاً بالعلم، و فى التطبيق عملاً بعدمه ، والأول مقدم على ما يقتضيه العقل والذوق". (معارف السنن : ۱/ ۱۰۲، ۱۰۳، فائدة فى تعامل أهل المذاهب عند تعارض النصوص ، سعيد)

(وكذا فى إعلاء السنن : ۱/ ۱۷۶، الفصل الثامن فى أصول التعارض الخ ، قواعد فى علوم الحديث ، إدارة القرآن)

(۳) "و عنه (أى عن العرباض بن سارية رضى الله تعالىٰ عنه) قال: صلى بنا رسول الله ﷺ ذات يوم، ثم أقبل علينا بوجهه، فوعظنا موعظةً بليغةً ..... فقال : "أوصيكم بتقوى الله والسمع والطاعة و إن كان عبداً حبشياً، فإنه من يعش منكم بعدى، فسيرىٰ اختلافاً كثيراً، فعليكم بسنتى و سنة الخلفاء الراشدين المهديين، تمسكوا بها، و عضوا عليها بالنواجذ". الحديث . (مشكوة المصابيح: ۱/ ۲۹، ۳۰، باب الاعتصام بالكتاب والسنة ، الفصل الثانى ، قديمى)

(وسنن أبى داود : ۲/ ۲۸۷، كتاب السنة ، قبيل باب من دعا إلى السنة ، مكتبه امداديه ملتان)

(وسنن الترمذى : ۲/ ۹۶، أبواب العلم ، باب الأخذ بالسنة والاجتناب عن البدعة ، سعيد كراچى)

(ومسند أحمد بن حنبل : ۴/ ۱۲۶، ۱۲۷، رقم الحديث : ۱۶۶۹۴، ۱۶۶۹۵، دار إحياء التراث العربى)

۱۰- اجرائے مصالحِ مرسلہ کا مقام تحت التشریع فوق الاجتہاد ہے(۱)۔

۱۱- مقلد کو مسئلہ معلوم ہونے کے بعد عمل کو ماخذ معلوم ہونے پر موقوف کرنا منصبِ تقلید کے خلاف ہے۔

۱۲- مجیب کے ذمہ ماخذ بیان کرنا ضروری نہیں، اگر بیان کردے تو اس کا تبرع ہے، البتہ تصحیحِ نقل ضروری ہے۔

۱۳- ہٹ دھرم کی ہٹ دھرمی کو دور کرنے کے لئے مسائل یا دلائل دریافت کرنا بے سود ہے۔

۱۴- جو مسائل مستقلاً معرکۃ الافکار اور مطرح الانظار رہ چکے ہوں، ان پر مناظرے ہوئے ہوں، رسائل لکھے گئے ہوں، ان کے لئے براہِ راست رسائل کا مطالعہ کیا جائے، فتوی کے ذریعہ ان کے مباحثِ طویلہ عریضہ کو حل کرنا بے محل ہے، کوئی خاص پہلو مخفی ہو اس کو دریافت کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ جامع العلوم کانپور۔

اختلافی مسائل میں کیا مقلد کو ترجیح کا حق ہے؟

سوال[۷۶۶]: مسائلِ فقہیہ پر ادلۂ اربعہ کی بناء پر متاخرین علماء کو تنقید و ترجیح کا حق ہے یا نہیں؟ حالانکہ مولانا مولوی معین الدین صاحب حنفی اجمیری صدر مدرس معینیہ عثمانیہ اپنی کتاب "القول الأظهر فيما يتعلق بالأذان عند المنبر" کے ص: ۱۵ پر لکھتے ہیں کہ "حدیث سے استنباط کرنا مجتہد کا کام ہے، مقلد کی یہ شان نہیں کہ کسی حدیث سے تمسک کر کے کوئی حکم مستنبط کرے"۔ پھر آپ اسی کتاب کے ص: ۲۱ پر لکھتے ہیں: "اگر کوئی مقلد استنباط کے درپے ہو جائے تو پھر فرمایئے کہ اس میں اور غیر مقلد میں کیا فرق ہے"؟ اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ مولانا موصوف کا یہ فرمانا صحیح ہے یا نہیں؟

---

(۱) "إن الخلفاء الراشدين مجازون فی إجراء المصالح المرسلة، و هي مرتبة فوق مراتب الاجتهاد و دون مرتبة التشريع". (معارف السنن: ۳۹۹/۴، باب ماجاء فی آذان الجمعة، بيان منصب الخلفاء الراشدين فی إجراء المصالح المرسلة، سعيد)

Made Se[illegible] Made searchable using ScribeTools.com [illegible]ools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسائلِ فقہیہ کی بہت کافی تنقیح ہوچکی، ادلہ قائم کردی گئیں، راجح مرجوح کو بیان کردیا گیا، اب براہِ راست استدلال واستنباط کی ضرورت نہیں رہی، صرف تتبع کرکے راجح اور مفتی بہ کو نقل کرنا مقلد کا منصب ہے، خواہ وہ راجح قولِ امام ہو خواہ قولِ صاحبین وغیرہ:

"إن المشائخ اطلعوا علیٰ دلیل الإمام، وعرفوا من أین قال، واطلعوا علی دلیل أصحابه، فیرجحون دلیل أصحابه علی دلیله، فیفتون به ولا یظن بهم أنهم عدلواعن قوله لجهلهم بدلیله، فإنا نراهم قد شحنوا کتبهم بنصب الأدلة، ثم یقولون: الفتویٰ علیٰ قول أبی یوسفؒ مثلاً، وحیث لم نکن أهلاً للنظر فی الدلیل، ولم نَصِل إلیٰ رتبتهم فی حصول شرائط التفریع والتأصیل، فعلینا حکایة مایقولونه؛ لأنهم هم أتباع المذهب الذین نصبوا أنفسهم لتقریره وتحریره باجتهادهم، وانظر إلی ماقد مناه من قول العلامة قاسم: إن المجتهدین لم یفقدوا حتی نظروا فی المختلف، ورجّحوا وصحّحوا (إلی أن قال) فعلینا اتباع الراجح والعمل به، کما لو أفتوا فی حیاتهم اھ". رسم المفتی، ص: ۲۹(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ۔

اختلافِ ائمہ

[۷۶۷] ا.....جب چاروں امام صحیح ہیں تو اختلاف کیوں ہے؟

---

(۱) (شرح عقود المفتی، ص: ۷۳، میر محمد کتب خانه، کراچی)

"لیس له (المفتی المجتهد) العدول عما اتفق علیه أبو حنیفة وأصحابه، فلیس له الإفتاء به وإن کان مجتهداً متقناً؛ لأنهم عرفوا الأدلة وميّزوابین ماصح وثبت وبین غیره، ولا یبلغ اجتهاده اجتهادهم". (شرح عقود رسم المفتی، ص: ۱۵۲، میر محمد کتب خانه کراچی)

"قال العلامة ابن نجیم فی الفوائد الزینیة: لایحل الإفتاء من القواعد والضوابط، وإنما علی المفتی حکایة النقل الصریح کما صرحوابه، انتهی". (شرح عقود رسم المفتی، ص: ۷۹، میر محمد کتب خانه کراچی)

تقلید شخصی سے ہٹ کر مختلف ائمہ کی تقلید

[۷۶۸]: ۲.....ایک امام پر قائم نہ رہ کر سبھی اماموں کی پیروی یکے بعد دیگرے درست ہے یا نہیں؟

باسمہ تعالیٰ

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....یہ اختلاف استنباط کے اعتبار سے ہے جو کہ امت کے لئے رحمت ہے(۱)۔

۲.....یہ طریقہ غلط ہے اس میں بڑے مفاسد ہیں(۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

دیوبندی کس امام کے پیرو ہیں؟

سوال[۷۶۹]:۱.....ایک شخص امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کا پیرو ہے وہ سنی ہے یا نہیں؟

---

(۱) قال العلامة العثمانی ناقلاً عن حجة الله رئیس المحدثین الشاه الدهلوی رحمه الله تعالیٰ:''اعلم أن الله تعالیٰ أنشأ بعد عصر التابعین نشأً (جماعة)من حَمَلة العلم إنجازاً لماوعده رسول الله حیث قال:''یحمل هذاالعلم من کل خلف عدوله''. فأخذواعمن اجتمعوامعه منهم صفة الوضوء،والغسل، والصلوة، والحج، والنکاح، والبیوع، وسائرمایکثروقوعه .....وحاصل صنیعهم أن یتمسک بالمسندمن حدیث رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم والمرسل جمیعاً،ویستدل بأقوال الصحابة والتابعین علماً منهم أنهاإماأحادیث منقولة عن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، فجعلوهاموقوفةً، أویکون استنباطاً منهم من المنصوص، أواجتهاداً منهم بآرائهم، وهم أحسن صنیعاً فی کل ذلک ممن یجیئ بعدهم .....وإذااختلفت مذاهب الصحابة والتابعین فی مسئلة، فالمختارعندکل عالم مذهب أهل بلده وشیوخه اهـ.''(مقدمة إعلاء السنن للعلامة العثمانی، فائدة فی أسباب الاختلاف بین المجتهدین:۳/۵۹،ادارة القرآن)

(والتفصیل فی حجة الله البالغة، باب أسباب اختلاف مذاهب الفقهآء: ۱/۱۴۴، ۱۴۵، میرمحمدکتب خانه)

(۲)(تقدم تخریجه تحت عنوان.''تقلید کی شرعی حیثیت'')

Made searchable using ScribeTools.com

۲.....سنی ہونے کے لئے چار اماموں میں سے کسی امام کا پیرو ہوسکتا ہے یا نہیں؟ یا ان میں سے کسی خاص امام کی پیروی کرنا لازم ہے؟

۳.....علمائے دیوبند ان چاروں ائمہ میں سے کس کی پیروی کرتے ہیں، یا کسی کی بھی نہیں کرتے، یا کس کے مسلک پر چلتے ہیں؟ کتاب کا نام، مصنف کا نام مع پتہ کے اور کہاں سے مل سکتی ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....وہ بھی سنی ہے۔

۲.....چاروں اماموں کے پیرو سنی ہیں۔ كذا في الدر المختار للعلامة محمد بن عابدين شامي (۱)۔

۳.....علمائے دیوبند حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے پیرو ہیں اور ان کی نصرت کے سلسلہ میں ان کی کتابیں موجود ہیں: اوثق العری (۲)، سبیل الرشاد (۳)، الرای الصحیح (۴)، القطوف الدانیہ (۵)، ہدایۃ المعتدی (۶)،

---

(۱) "فإن اختلاف أئمة الهدى توسعةً للناس، كما في أول التاتار خانية، وهذا يشير إلى الحديث المشهور على ألسنة الناس وهو: "اختلاف أمتي رحمة" ..... وأخرج الخطيب أن هارون الرشيد قال لمالك بن أنس: يا أباعبدالله! نكتب هذه الكتب يعني مؤلفات الإمام مالك ونفرّقها في آفاق الإسلام لنحمل عليها الأمة، قال: يا أمير المؤمنين! إن اختلاف العلماء رحمة من الله تعالىٰ على هذه الأمة، كلٌّ يتبع ماصح عنده، وكلهم على هدى، وكل يريد الله تعالىٰ". (ردالمحتار على الدر المختار، مطلب في حديث: "اختلاف أمتي رحمة": ۱/۶۸، سعيد)

وفي غنية الطالبين: "فعلى المؤمن اتباع السنة والجماعة، فالسنة ماسنه رسول الله صلى الله عليه وسلم، والجماعة ما اتفق عليه أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم في خلافة الأئمة الأربعة: الخلفاء الراشدين المهدين اهـ". (غنية الطالبين، ص: ۱۹۵، لاهور)

(۲) (أوثق العرى في تحقيق الجمعة في القرىٰ (اردو) حضرت مولانا رشيد احمد گنگوهي، اداره اسلاميات، لاهور)

(۳) (سبيل الرشاد (اردو) مولانا رشيد احمد گنگوهي، رحمٰن برادرس، كراچي)

(۴) (لم أطلع على هذه الرسالة) ..... =

مصنفہ حضرت مولانا رشید احمد صاحب، محدث گنگوہی، نیز حضرت مولانا محمد قاسم صاحب، وحضرت مولانا محمود الحسن صاحب دیوبندی، حضرت علامہ انور شاہ کشمیری اور حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہم اللہ کی بہت سی کتابیں عربی، فارسی اور اردو میں شائع شدہ ہیں جن میں حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے مسلک کی تائید وتقویت کی گئی ہے ۔دیوبند کے کسی کتب خانہ سے فہرست طلب کریں تو اس میں کتابیں تفصیل سے ملیں گی۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

دیوبند اور جلال آباد کے علماء کا مسلک

سوال[۷۷۰]: دیوبند وجلال آباد میں مسلک کے اعتبار سے کیا فرق ہے؟ یہ دونوں ایک ہی ہیں یا جداگانہ، جیسے بریلوی وغیرہ؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

علمائے جلال آباد اور علمائے دیوبند کے عقائد ومسلک میں کوئی فرق نہیں ہے، یہ سب امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے مقلد ہیں، ایک دوسرے کا احترام کرتے ہیں اور ایک دوسرے کے پیچھے نماز پڑھتے ہیں، ایک دوسرے کے مدرسہ کی اعانت کرتے ہیں، یہاں کے طلبہ وہاں، اور وہاں کے طلبہ یہاں بکثرت پڑھنے کے لئے آتے جاتے رہتے ہیں۔ بریلوی علماء کا معاملہ اس سے جداگانہ ہے۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳/۱/۹۳ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

غیر مقلد کی کیا حیثیت ہے؟ اور اس کے ساتھ شادی بیاہ

سوال[۷۷۱]: ہمارا ایک بھائی اہلِ حدیث کہلاتا ہے، سورہ فاتحہ خلف الامام پڑھتا ہے، آمین بالجہر کہتا ہے، رفع یدین کرتا ہے۔ کیا وہ مسلمان ہے؟ اہل سنت والجماعت میں داخل ہے اور حق پر ہے اور ان کے ساتھ بیاہ شادی جائز ہے، یہ لوگ اہلِ حدیث گمراہ ہیں یا نہیں؟ میرا بھائی کسی کی توہین نہیں کرتا۔

= (۵) (القطوف الدانية فی تحقيق الجماعة الثانية، اصل کتاب فارسی زبان میں ہے، مولانا محمد رضی عثمانی صاحب نے اس کا اردو ترجمہ کیا ہے، طباعت دارالاشاعت، کراچی)

(۶) (هداية المعتدی فی قراءة المقتدی (اردو)، بلالے ساڈھواں)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

اہلِ حدیث کے بعض مسائل میں حنفیہ کا اختلاف معمولی ہے(۱) اور بعض میں شدید (حلت و حرمت کا) اور بعض مسائل میں ائمہ اربعہ کا اختلاف اور وہ بہت شدید ہے(۲)، ایسے مسائل میں یہ لوگ قرآنِ کریم کے بھی خلاف کرتے ہیں، ان سب کے خلاف کرنے کی وجہ سے وہ لوگ حق پر نہیں ہیں۔ رہا نفس عمل بالحدیث تو یہ کوئی مذموم چیز نہیں بلکہ عینِ مطلوب ہے، مگر ہر شخص میں یہ اہلیت نہیں ہوتی کہ مقدم ومؤخر، ناسخ ومنسوخ وغیرہ کو معلوم کرسکے، اس لئے تقلید کا حکم دیا جاتا ہے(۳)۔

---

(۱) جیسا کہ رفع یدین میں اختلاف ہے

"وإنما بقي الكلام في الأفضلية، وصرح أبو بكر الجصاص في أحكام القرآن من مسائل رؤية الهلال بذلك، وإنه من الاختلاف المباح". (معارف السنن للعلامة البنوريؒ، كتاب الصلوٰة، الاختلاف في الرفع وعدمه في الاختلاف المباح: ۲/۴۵۹، سعيد)

(۲) جیسا دفعۃً تین طلاقیں دینے سے تین طلاقوں کے وقوع اور عدمِ وقوع میں اختلاف ہے۔ اس مسئلہ میں غیر مقلدین کا ائمہ اربعہ کے ساتھ اختلاف کی شدت اور قرآن وسنت سے صریح عدول کے متعلق علامہ عینیؒ رقم طراز ہے "ومذهب جماهير العلماء من التابعين ومن بعدهم، منهم: الأوزاعي والنخعي والثوري وأبو حنيفة وأصحابه ومالك وأصحابه وأحمد وأصحابه، وشافعي وأصحابه، واسحاق وأبو عبيد وآخرون كثيرون على أن من طلّق امرأته ثلاثاً، وقعن، ولكنه يأثم، وقالوا: من خالف فيه فهو شاذ مخالف لأهل السنة، وإنما تعلق به أهل البدع ومن لا يُلتفت إليه لشذوذه عن الجماعة التي لايجوز عليهم التواطؤ على تحريف الكتاب والسنة". (عمدة القاري، كتاب الطلاق، باب من أجاز طلاق الثلاث الخ: ۲۰/۳۳۱، دارالكتب العلمية)

وقال الحافظ ابن حجر: "فالراجح في الموضعين تحريم المتعة وإيقاع الثلاث للإجماع الذي انعقد في عهد عمر على ذلك، ولا يحفظ أن أحداً في عهد عمر خالفه في واحدة منهما، وقد دلّ إجماعهم على وجود ناسخ، وإن كان خفي عن بعضهم، حتى ظهر لجميعهم في عهد عمر، فالمخالف بعد هذا الإجماع مُنابذٌ له، والجمهور على عدم اعتبار من أحدث الاختلاف بعد الاتفاق". (فتح الباري، كتاب الطلاق، باب من أجاز الطلاق الثلاث: ۹/۳۶۵، دارالمعرفة)

(۳) "قال ابن القيم أيضاً في كتابه (إعلام الموقعين): قال الشافعي فيما رواه عنه الخطيب في كتاب =

Made Searchable by ScribeTools.com

ان سے شادی بیاہ کرنے میں ایسے مسائل سے بھی واسطہ پڑنے کا امکان ہے، مثلاً اگر شوہر اپنی بیوی کو ایک مجلس میں تین طلاق دے دے تو قرآنِ کریم اور احادیثِ مشہورہ، ائمہ مجتہدین، سلفِ صالحین کی تصریحات کے پیشِ نظر بیوی پر حرمتِ مغلظہ ثابت ہوجاتی ہے(۱) اور پھر بغیر حلالہ کے دوبارہ نکاح بھی جائز نہیں ہوتا(۲)،

= "الفقيه والمتفقه" له : لا يحل لأحد أن يفتى فى دين الله إلا رجلاً عارفاً بكتاب الله بنا سخه ومنسوخه ومحكمه ومتشابهه وتأويله وتنزيله ومكيه ومدنيه وما أريدبه، ويكون بعد ذلك بصيراً بحديث الرسول الله صلى الله عليه وسلم ..... وهذا يرد على هولاء الذين تسمّوا بأهل الحديث أبلغ رد، ويكذبهم فيها أقبح تكذيب ..... وأما غير أهل الاجتهاد، فليس له إلا تقليد أهل العلم". (مقدمة إعلاء السنن، الدين القيم، رسالة فى الاجتهاد والتقليد: ۴/۲، إدارة القرآن ، كراچى)

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿ الطلاق مرتان فإمساك بمعروف أو تسريح بإحسان ..... فإن طلقها فلا تحل له من بعد حتى تنكح زوجاً غيره﴾ (سورة البقرة : ۲۲۹، ۲۳۰)

قال ابن كثير: " أى أنه إذا طلق الرجل امرأته طلقةً ثالثةً بعد ما أرسل عليها الطلاق مرتين، فإنها تحرم عليه (حتى تنكح زوجاً غيره): أى حتى يطأها زوج آخر فى نكاح صحيح، فلو وطئها واطئى فى غير نكاح ولو فى ملك اليمين، لم تحل للأول". (تفسير ابن كثير، (سورة البقرة): ۳۷۳/۱، دارالفيحاء)

(وكذا فى روح المعانى: ۱۴۱/۲، (سورة البقرة : ۲۳۰)، دارإحياء التراث العربى)

"وعن ابن شهاب قال: أخبرنى عروة بن الزبير أن عائشة رضى الله عنها أخبرته "أن امرأة رفاعة القرظىّ جاء ت إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالت : يارسول الله ! إن رفاعة طلقنى ، فبتّ طلاقى، وإنى نكحت بعده عبدالرحمٰن الزبير القرظىّ، وإنما معه مثل الهدبة، قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : "لعلك تريدين أن ترجعى إلى رفاعة، لا حتى يذوق عسيلتك وتذوقى عسيلته".

"وعن عائشة رضى الله عنها أن رجلاً طلق امرأته ثلاثاً، فتزوجت، فطلق، فسئل النبى صلى الله عليه وسلم أتحل للأول؟ قال: "لا، حتى يذوق عسيلتها كما ذاق الأول". (صحيح البخارى، كتاب الطلاق، باب من أجاز طلاق الثلاث : ۷۹۱/۲، قديمى)

"وذهب جمهور الصحابة والتابعين ومن بعدهم من أئمة المسلمين إلى أنه يقع ثلاث".

(ردالمحتار على الدر المختار، كتاب الطلاق: ۲۳۳/۳، سعيد)

(۲) (راجع الحاشية رقم : ۱)

Made searchable using ScribeTools.com

مگر یہ لوگ ایسی تین طلاق کو ایک ہی طلاق اور وہ بھی رجعی طلاق قرار دے کر حقِ رجعت دیتے ہیں (۱)، یا بہت سے بہت دوبارہ نکاح کر لینے کے لئے کہہ دیتے ہیں، حالانکہ یہ نکاح شرعی نکاح نہیں ہوتا، بلکہ نکاح کے نام پر بہت غلط اور فحش کام ہوتا ہے، اسی طرح یہ رجعت شرعی رجعت نہیں ہوتی بلکہ ناجائز چیز ہوتی ہے۔ ایسے مسائل پر مستقل کتابیں اور رسائل موجود ہیں جن میں پورے دلائل پیش کئے گئے ہیں۔ ان سے بیاہ شادی کرنے میں مفسدۂ عظیمہ ہے اس سے پورا پرہیز لازم ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۲/ ۵/ ۹۰ھ۔

---

(۱) حالانکہ تین طلاق دینے کے بعد زوج اول کو رجوع کا کوئی حق نہیں، ص: ۶۱۹، حاشیہ: ۱، میں ذکر کردہ آیات اور احادیث اس پر دال ہیں۔ حافظ ابن کثیر اپنی تفسیر میں فرماتے ہیں: " هذه الآية الكريمة رافعة لما كان عليه الأمر فى ابتداء الإسلام من أن الرجل كان أحق برجعة امرأته، وإن طلقها مائة مرة ما دامت فى العدة ، فلما كان هذا فيه ضرر على الزوجات، قصرهم الله إلى ثلاث طلقاتٍ، وأباح الرجعة فى المرة والثنتين، وأبانها بالكلية فى الثالثه، فقال: ﴿الطلاق مرتان فإمساك بمعروف أوتسريح بإحسان﴾. (تفسير ابن كثير: ۱/ ۳۶۶، (سورة البقرة : ۲۲۹)، دارالفيحاء)

"وذهب بعضهم إلى أن مثل ذلك مالو طلق فى مجلس واحدٍ ثلاث مرات، فإنه لا يقع إلا واحد ة، أيضاً لِما أخرج البيهقى عن ابن عباس رضى الله عنهما، قال : " طلق ركانة امرأته ثلاثاً فى مجلس واحدٍ، فسأله رسول الله صلى الله عليه وسلم ..... قال: "فإنما تلك واحدة، فارجعها إن شئت، فراجَعَها". والذى عليه أهل الحق اليوم خلاف ذلك كله ..... ثم قال: والأحسن عندى أن يجاب بأن عمر رضى الله عنه لمّا استشار الناس، علم فيه ناسخاً لما وقع قبل ، فعمل بقضيته ، وذلك الناسخ إما خبر بلغه أو إجماع ، وهو لا يكون إلا عن نص، ومن ثم أطبَقَ علماء الأمة عليه اهـ". (روح المعانى: ۲/ ۱۳۷ ، (سورة البقرة: ۲۲۹، ۲۳۰)، دارإحياء التراث العربى)

"وعن ابن عباس رضى الله عنهما: ﴿والمطلقات يتربصن بالنفسهن ثلثة قروء ، ولا يحل لهن أن يكتمن ماخلق الله فى أرحامهن﴾ (الآية) وذلك أن الرجل كان إذا طلق امرأته فهو أحق برجعتها وإن طلق ثلاثاً، فنسخ ذلك ، فقال : ﴿ الطلاق مرتان ﴾ الآية . (سنن أبى داود، كتاب الطلاق، باب فى نسخ المراجعة بعد التطليقات الثلث: ۱/ ۳۰۴، امداديه ملتان)

کیا کسی دیوبندی کو حق ہے کہ وہ اپنی اہلِ حدیث بیوی کو تبدیل عقیدہ پر مجبور کرے؟

سوال[۷۷۲۲]: اگر کسی اہل حدیث لڑکی کا نکاح کسی حنفی دیوبندی لڑکے سے کر دیا جائے تو لڑکی کو اپنے عقیدہ ومذہب پر قائم اور اس کے مطابق عمل کرنے کا حق باقی رہتا ہے کہ نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱،۲.....حنفی دیوبندی اور اہل حدیث کے درمیان رفع یدین، آمین بالجہر، تورک، قنوت، تعداد وتر، تعداد تراویح، جمعہ فی القری، قرأۃ خلف الامام وغیرہ فروعی مسائل میں اختلاف ہے۔ دونوں کے پاس دلائل ہیں۔ بحث دلائل کی قوت وضعف میں ہے، ترجیح ونسخ میں ہے۔ ان میں سے بعض میں تو اَولی اور غیر اَولی کا اختلاف ہے، بعض میں واجب وغیر واجب کا اختلاف ہے، بایں ہمہ عقیدہ ایمانیہ جو کہ حدیثِ جبرائیل میں مفصل مذکور ہے اس پر سب ہی متفق ہیں، پھر عقیدہ تبدیل کرنے کا کیا سوال ہے؟ اگر اختلافِ عقیدہ کی کوئی چیز ہے، مثلاً لڑکی کا عقیدہ یہ ہے کہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کی تقلید شرک ہے اور حنفی دیوبندی مشرک ہیں، تو پہلے اس کی تحقیق کی جائے کہ ایسی اہل حدیث لڑکی کا حنفی دیوبندی سے نکاح بھی صحیح ہوا یا نہیں، تبدیلِ عقیدہ کا سوال بعد کا ہے۔ جیٹھ دیور وغیرہ نامحرم ہیں، ان سے شرعی پردہ لازم ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۴/ ۷/ ۱۳۹۹ھ۔

---

(۱) "عن عقبة بن عامر قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "إياكم والدخول على النساء"، فقال رجل: يا رسول الله! أرأيت الحمو؟ قال: "الحمو الموت". (مشكوة المصابيح، كتاب النكاح، باب النظر الى المخطوبة و بيان العورات الفصل الأول: ۲/ ۲۶۸، قديمى)

قال الله تعالىٰ: ﴿ولا يبدين زينتهن إلالبعولتهن أو آبائهن أو آباء بعولتهن ..... أو إخونهن أو بنى إخوانهن أو بنى إخوانهن أو بنى أخواتهن﴾. (النور: ۳۱)

Made searchable using ScribeTools.com